امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

# کنزُ الایمان


المُسمّٰی

# ریاضُ الایمان



ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی


بسم الله الرحمن الرحيم
الله
الرحمن
الرحيم
الملك
القدوس
السلام
المؤمن
المهيمن
العزيز
الجبار
المتكبر
الخالق
البارئ
المصور
الغفار
القهار
الوهاب
الرزاق
الفتاح
العليم
القابض
الباسط
الخافض
الرافع
الله جل جلاله
المعز
المذل
السميع
البصير
الحكم
العدل
اللطيف
الخبير
الحليم
العظيم
الغفور
الشكور
العلى
الكبير
الحفيظ
المقيت
الحسيب
الجليل
الكريم
الرقيب
المجيب
الواسع
الحكيم
الودود


المجيد
الباعث
الشهيد
الحق
الوكيل
القوي
المتين
الولي
الحميد
المحصي
المبدئ
المعيد
المحيي
المميت
الحي
القيوم
الواجد
الماجد
الواحد
الصمد
القادر
المقتدر
المقدم
المؤخر
الأول
الآخر
الظاهر
الباطن
الوالي
الله جل جلاله
المتعالي
البر
التواب
المنتقم
العفو
الرؤوف
مالك الملك
ذو الجلال والإكرام
المقسط
الجامع
الغني
المغني
المانع
الضار
النافع
النور
الهادي
البديع
الباقي
الوارث
الرشيد
الصبور

# ضروری اطلاع



---



| | | |
|---|---|---|
| نام ترجمہ | : | کنز الایمان |
| مترجم | : | امام اہل سنت احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ |
| نام ترجمہ | : | ریاض الایمان |
| مترجم | : | ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی |
| سن اشاعت | : | ۲۷ رمضان ۱۴۳۲ھ/۲۰۱۲ عیسوی |
| ایڈیشن | : | اوّل |
| ناشر | : | مشتاق احمد |
| مطبع | : | آر۔ آر پرنٹنگ پریس، بندر روڈ لاہور |


**استدعا**

انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے اس کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ادارہ نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہذا میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہ جائے پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے اگر دوران طباعت کوئی زیر۔ زبر۔ نقطہ۔ شد یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے۔ کثیر تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود بہ امکانی کوشش کے ایسی خفیف نادانستہ لغزش قابل گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابل معافی ہوتی ہے۔ کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ دانستہ تو طباعت میں ذرا سی غفلت بھی نہیں کر سکتا۔ پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر قرآن پاک پڑھنے کے دوران اس قسم کی کسی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمائیے۔ ان شاء اللہ آئندہ طباعت میں درست کر دی جائے گی۔ ادارہ

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ

کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

# کنز الایمان

المسمّٰی

# ریاض الایمان



ابوحمزہ مفتی ظفر جبّار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

# عرضِ مترجم

قرآن انوار و تجلیات الٰہی کا بیکراں سمندر جو حضورِ رحمت عالم معلم انسانیت کے سینۂ اطہر میں سما کر ان کے نوری ہونٹوں سے موجزن ہوا...... قرآن! کلام الٰہی، قرآن منزل من اللہ، قرآن ذکریٰ للعالمین، قرآن ھدی لـلمتقین، قرآن شفاء رحمۃ للمومنین اور قرآن جس ذاتِ اقدس پر نازل ہوا وہ رحمۃ للعالمین ہے۔

قرآن کریم ربِ رحمٰن و رحیم کی طرف سے دُکھوں میں گری انسانیت کے لیے پیغامِ رحمت و رأفت ہے، قرآن مجید کائنات کے الٰہ و معبودِ مطلق کی طرف سے گم کردہ راہ روؤں کے لیے پیغام امن و سعادت ہے۔ قرآن حکیم طبیب ازلی کی طرف سے بیمار انسانوں کے لیے نسخۂ شفا ہے، قرآن جلیل ربِ ذوالجلال کی طرف سے سرکش مخلوق کے لیے آوازہ ہیبت و جلالت ہے۔ قرآن شریف ربِ ذوالمنن کی طرف سے فرمانبرداروں کے لیے نوید عنایت ہے، قرآن کریم معبودِ جلیل و جمیل کی طرف سے شکستہ دلوں، بے چین روحوں اور مضطرب کانوں کے لیے نغمہ پیار و محبت ہے۔

جہاں تک قرآن حکیم کے ترجمہ کا تعلق ہے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ دورِ حاضر میں جتنے ہی اُردو میں تراجم ہوتے ہیں، ان سب کا ماخذ کنز الایمان ہے، پوری دنیا میں جو پذیرائی کنز الایمان کو حاصل ہوئی ہے کسی اور ترجمہ کو نہیں مل سکی، یہ ایک حقیقت ہے کہ امام اہل سنت مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ایک عظیم شاہکار ہے اور اپنے نہج میں وہ ایک ہی ترجمہ ہے لیکن اس میں ایسے مشکل الفاظ موجود ہیں اور کچھ الفاظ فارسی و عربی اور پرانی اُردو ترکیبوں پر مشتمل ہیں جو عام قاری قرآن کی سمجھ میں نہیں آتے تھے، اس لیے ہم نے اس ترجمہ کے الفاظ کو آسان اُردو میں تبدیل کیا اور ساتھ ہی لفظی ترجمہ میں بھی تبدیل کر دیا۔

لہٰذا یہ اعلیٰ حضرت کے با محاورہ ترجمہ کنز الایمان کا لفظ بہ لفظ پہلا ترجمہ ہے، کوشش کے باوجود قرآنی بلاغت کی عظمتوں کو چھونا بہت مشکل معاملہ ہے، فہم میں غلطی کھانا اور آرائے فہم میں کمزوری کا رہ جانا بشر کی بشریت کا تقاضا ہے اور قرآن کے اعجاز کی دلیل ہے، قرآن کے الفاظ و معانی کے بحرِ بیکراں کی حقیقت تک رسائی ممکن نہیں۔

اس ترجمہ میں ہم نے الفاظِ قرآن کی ترتیب کو حتی الامکان ملاحظہ رکھا ہے اور مفہوم قرآن کو عام کرنے کے لیے سلیس اور سادہ زبان اختیار کی ہے۔

جہاں جملہ مکمل کرنے کے لیے کوئی لفظ شامل کرنے کی ناگزیر ضرورت تھی، ایسے مقامات کو بریکٹ کے استعمال سے واضح کر دیا گیا ہے تاکہ قرآن کی زندہ عبارت کی تاثیر متاثر نہ ہو اور پڑھنے والا اس کا لفظ لفظ اس اعتماد سے پڑھے کہ میرے رب کا کلام ہے۔

اپنی کمیوں اور کوتاہیوں کے اعتراف کے ساتھ اربابِ علم ودانش سے بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ترجمہ میں کہیں کوئی ایسی جگہ پائیں جہاں اصلاح کی ضرورت محسوس کریں تو نشاندہی فرماتے ہوئے راقم کو مطلع فرمائیں، اسے شکریہ کے ساتھ قبول کیا جائے گا اور ان شاءاللہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کر دی جائے گی۔

خصوصاً ادارہ مشتاق بک کارنر کے ایم ڈی جناب محمد مشتاق بٹ صاحب اور محمد خالد منیر بٹ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس عظیم ترین کام کی اشاعت کا ذمہ لیا اور پورے طباعتی حسن کے ساتھ اس کو شائع کیا، اللہ تعالیٰ ادارہ کے تمام افراد و معاونین کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور ہم سب کی غلطیوں کو قرآن اور صاحبِ قرآن کے صدقے معاف فرمائے۔ اور اس ترجمہ قرآن کو عوام الناس کے لیے نفع بخش فرمائے۔ آمین!

غلطیوں پر معافی کا طلب گار
کوتاہیوں پر شرمسار
ابوحمزہ (مفتی) ظفر جبار چشتی

# قرآن مجید کی تلاوت کے احکام، آداب

کسی پاک اور صاف جگہ پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہیے۔ مسجد میں تلاوت کرنا بہت عمدہ ہے سر ڈھانک کر سکون، خضوع خشوع، وقار اور ادب کے ساتھ بیٹھ کر تلاوت کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے جو شخص قرآن مجید کی تلاوت کا ارادہ کرے اسے چاہیے کہ وہ اپنے منہ کو ہر قسم کی بد بو سے اچھی طرح صاف کر لے، یعنی وضو کرتے وقت مسواک اچھی طرح سے کرے، کیونکہ تلاوت قرآن مجید کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں بد بو سے اُن کو تکلیف ہوتی ہے اور خوشبو سے راحت ہوتی ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم اور بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھے، اور قرآن مجید کی آیات کے معانی میں غور وفکر اور تدبر تفکر کرے۔

قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ آہستہ آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جلدی جلدی پورا قرآن پڑھنے کی نسبت میرے نزدیک یہ بہتر ہے کہ صرف ایک سورۃ ترتیل کے ساتھ پڑھ لی جائے۔

جب قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت پڑھے جس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کا ذکر ہو تو اللہ تعالیٰ سے اس کی رحمت اور مغفرت کا سوال کرے اور جب عذاب کی آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے پناہ طلب کرے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے گھر والوں کو جمع کرتے اور دُعا مانگتے احادیث صحیحہ میں ہے کہ ختم قرآن کے وقت اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور دُعا قبول ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ القرآن والحدیث وتفسیر

## حضرت ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری بخاری دامت برکاتہم العالیہ

جامعہ رضویہ وخانقاہ قادریہ نوریہ' ماڈل ٹاؤن لاہور

حمد ہے اس اللہ جل شانہ کو جس نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا۔ پھر ان کو عظیم کتاب عطا فرمائی۔ جس کا نام ہے قرآن کریم۔

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا　　　اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

نسخہ کیا ہے کیمیا ہے' بیماروں کی شفاء' تندرستوں کا ذریعہ بقا' گمراہوں کا رہنما' مسجدوں میں اس کی تلاوت ہوتی ہے' میدانوں میں اس سے جہاد' عدالتوں میں اس سے فیصلے' بیماروں کے گلوں میں تعویذ بن کر پڑے' جان کنی میں مشکل حل کرے۔ بعد موت قبر اور حشر میں کام آئے۔ غرض کہ انسان کی دینی اور دنیوی زندگی کا دستور العمل ہے۔ ہر مسلمان کے دل میں جذبہ ہے کہ اسے سمجھے ہر مومن کے قلب میں تڑپ ہے کہ اس فرمان تک اس کی رسائی ہو۔ علماء تو محنت کر کے اس کے مضامین تک پہنچتے ہیں مگر عوام چاہتے ہیں کہ اس کے مضامین ہماری زبان میں ہم تک پہنچیں۔ اس لئے تقریباً ہر زبان میں بے شمار ترجمے تفسیریں لکھی گئیں۔ اُردو زبان میں بھی بہت کام ہوا۔ ترجمۂ قرآن کے حوالے سے جو کام امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمے کو لفظ بہ لفظ لباس پہنایا ہے۔ عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی زیدہ مجدہٗ نے اور ساتھ ہی ساتھ مشکل الفاظ کو بھی آسان کر دیا گیا ہے یہ کام خاصا مشکل تھا لیکن عزیزم مفتی ظفر جبار چشتی کو اللہ کریم نے ہمت عطا فرمائی۔ یہ سعادت ان کے حصے میں رکھی۔

مولانا موصوف میرے خاص تلامذہ میں سے ہیں میں نے ان کی شخصیت میں مستقل مزاجی' عظیم ہمت اور گہرا اخلاص پایا جس کا ثبوت ان کی اس کاوش کے بارے میں لگاتار شب بیداری اور اَن تھک محنت سے ملتا ہے۔

اس عظیم کام کے درمیان جب بھی میرے پاس تشریف لائے میں نے ان کی ہر جگہ رہنمائی کی۔ اب یقیناً مولانا صاحب کی اس عظیم کاوش سے اہل علم' اہل محبت' علماء' طلباء' وکلاء' دانشور اور عامۃ الناس اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ خالق کائنات علامہ مفتی ظفر جبار چشتی زید مجدہٗ کی اس عظیم اور جذبۂ ایمانی سے بھرپور کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

۲ر فروری ۲۰۱۰ء

۱۷ صفر المظفر ۱۴۳۱ھ بروز منگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محقق عصر شیخ القرآن والحدیث

## حضرت علامہ مفتی محمد خان قادری دامت برکاتہم العالیہ

پرنسپل جامعہ اسلامیہ لاہور

بندہ ان دنوں تفسیر کبیر کے ترجمہ (فضل قدیر) میں اس قدر مصروف ہے کہ کسی اور کام کی فرصت ہی نہیں' ممتاز مذہبی سکالر علامہ مفتی ظفر جبار چشتی ترجمہ قرآن کا مسودہ لے کر آئے کہ وہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ "کنزالایمان" کی زبان کو آسان کر رہے ہیں' دیکھ کر دلی خوشی ہوئی کہ وہ یہ کام کر کے اُردو خواں حضرات پر احسان کر رہے ہیں کیونکہ اس میں بہت سے ایسے اُردو کے الفاظ و اصطلاحات ہیں کہ عام آدمی اسے سمجھ ہی نہیں پاتا' بندہ کو اس کا تجربہ یوں ہوا کہ دو جلد ترجمہ تفسیر کبیر' کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن' کے مطالعہ کا موقعہ ملا تو محسوس ہوا کہ اس کی زبان کو آسان کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ ہر کوئی فہم قرآن سے مالا مال ہو سکے۔

عربی تفاسیر میں سب سے بڑا کام امام فخر الدین رازی (متوفی ۶۰۶ھ) نے تفسیر کبیر کی صورت میں کیا' اُردو میں بھی قرآن مجید کے متعدد تراجم ہیں مگر ان میں امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۰ھ) کا ترجمہ کنزالایمان وہی درجہ رکھتا ہے جو دیگر تفاسیر میں امام رازی کی تفسیر کا ہے' کیونکہ امام احمد رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ متکلم' محدث' مفسر' متصوف اور فقیہ ہیں' انہوں نے اپنی رائے کی بجائے تفسیر نبوی' تفسیر صحابہ' متقدمین' ائمہ مجتہدین' اولیاء' صوفیاء کی محنتوں اور کاوشوں سے خوب فائدہ اٹھایا کہ اس ترجمہ کے ذریعے اُمت مسلمہ کا رشتہ ان کے ساتھ جوڑنے کی بھرپور کامیاب کوشش کی' یہی وجہ ہے کہ جب کوئی تفاسیر اور شمائل کے موضوع پر مواد کا مطالعہ کرنے کے بعد ترجمہ کنزالایمان کا مطالعہ کرے گا تو وہ محسوس کرے گا کہ امام احمد رضا قادری نے ان تمام کا خلاصہ اس مبارک ترجمہ میں سمو دیا ہے۔

میرے مطالعہ کے مطابق اس مذکورہ ترجمہ کی خصوصیات پر پہلے کام ہوا ہے' اس پر انوار کنزالایمان کی فہرست عنوانات شاہد ہیں جو تقریباً ہزار صفحات پر پھیلا ہوا ہے' مگر اس ترجمہ کو آسان کرنے کی طرف توجہ کسی کی نہیں گئی' خوش قسمت ہیں علامہ مفتی ظفر جبار چشتی حفظہ اللہ تعالیٰ کہ ان کے حصے میں اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت رکھی کہ انہوں نے یہ نہایت اہم کام کر دیا جس پر وہ شکریہ کے مستحق ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کی خدمت جلیلہ کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے ہم سب کے لیے مفید اور نافع بنائے۔

(آمین!)

۱۴ ستمبر ۲۰۱۰ء بروز بدھ — جامعہ اسلامیہ لاہور

کنز العلماء جانشینِ محدث قصوری شیخ الحدیث

## حضرت علامہ مفتی محمد سعادت علی قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم مرکزی دار العلوم جامعہ حنفیہ، قصور

قرآنِ مجید برہانِ رشید رب کائنات کی لاریب کتاب ہے جو منبع رشد و ہدایت ہے۔ نزولِ قرآن سے لے کر آج تک اس کے تراجم علماء نے اپنی اپنی استعداد کے مطابق کیے۔ لیکن اُن تراجم میں جو مقام و مرتبہ اور شہرتِ دوام کنز الایمان کو حاصل ہوئی وہ کسی اور کا خاصہ نہیں بنی۔

ترجمہ کنز الایمان، حامیٔ سنت، ماحیٔ بدعت، واقفِ اسرارِ علومِ عقلیہ و نقلیہ، وارثِ علومِ اسلاف، امام عاشقاں، فنا فی الرسول، مجدد دین و ملت علامہ مفتی الحافظ القاری الشاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کا وہ عظیم شاہکار ہے، جس کے لفظ لفظ سے خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ کی جھلک نظر آتی ہے۔

جس حُسنِ تحریر سے یہ ترجمہ متصف ہے، وہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے علم و فضل کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ تمام علمی و ادبی جہات کے ساتھ ساتھ کہیں بھی ذرہ بھر لغزش نظر نہیں آتی۔

یوں سمجھئے جو فوقیت چاند کو تاروں پر اور سورج کو چاند پر حاصل ہے وہی فوقیت بلاشبہ کنز الایمان کو تمام تراجم پر حاصل ہے۔ کنز الایمان تمام تراجم پر فائق ہے۔

عزیزم مولانا مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح ترجمہ قرآن کنز الایمان کے ساتھ لفظی ترجمہ کو شامل کیا ہے، ان کے اس کام نے جہانِ علم میں ایک نیا باب کھولا ہے۔ اس لفظی ترجمہ سے جہاں علماء بالخصوص درسِ نظامی کے طلباء مستفید ہوں گے، وہاں عوام بھی اس سے اپنی علمی تشنگی بجھا سکتے ہیں۔

یوں مولانا کا یہ کام کئی پہلوؤں سے ہر خاص و عام کے لیے ایک انمول علمی گلدستہ ہے۔ ربِ قدیر مولانا موصوف کے قلم کو مزید برکتیں عطاء فرمائے۔ ان کی کاوش کو قبول فرما کر ذریعۂ نجات بنائے۔

ربِ ذوالجلال ان کے علم اور عمل میں اپنی رحمتِ خاصہ داخل فرمائے۔ آمین!

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبِّ یَسِّرۡ وَلَا تُعَسِّرۡ وَتَمِّمۡ بِالۡخَیۡرِ

ادیب اہلسنت استاذ العلماء حضرت علامہ الحاج **محمد منشا تابش قصوری** دامت برکاتہم العالیہ

مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

# تراجم کا سلطان ترجمہ کنز الایمان

رب العزت جل وعلاء نے اپنے حبیب کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کو ختم نبوت کا تاج پہنا کر خاتم الکتب قرآن کریم فرقانِ حمید کی نعمت عظمیٰ سے عطا فرما کر معلمِ کتاب وحکمت کے وصف سے بھی سرفراز کیا' پھر آپ کی ذات والا برکات نے قرآن کریم کی تعلیم سے اس طرح نوازا کہ ہر زمانہ آپ کی تعلیم وحکمت اور اس کتابِ مبین پر ناز کرتا آ رہا ہے' آج روئے زمین پر کوئی ایسا ملک نہیں جو قرآنِ مجید فرقانِ حمید کے انوار وتجلیات سے مستنیر نہ ہو' ہر زبان قرآن کریم سے تر ہے' چہار دانگ عالم میں ایسا کوئی علاقہ' خطہ نہیں جس کی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ نہ ہوا ہو اور پھر تراجم کے انداز مختلف ہیں' کوئی ادبی انداز لیے ہوئے ہے تو کوئی فصاحت و بلاغت کا مرقع ہے۔ ہر خوش نصیب مترجم نے اپنی علمی استعداد کے مطابق آسان اور سہل طریقہ کو اپنانے کی کوشش کی۔

برصغیر پاک وہند میں بھی بکثرت زبانیں بولی جاتی ہیں' علاقائی سطح پر قرآن کریم کے ان زبانوں میں ترجمے پائے جاتے ہیں' مگر برصغیر پاک وہند میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان اُردو ہے۔ اس لیے علمائے پاک وہند نے اُردو زبان کو قرآن مجید کے تراجم سے خوب مستفیض فرمایا۔ اُردو میں بیشتر تراجم وتفاسیر بھی معرضِ وجود میں آئیں۔ نظم ونثر میں ترجمے اور تفسیر پائی جاتی ہیں' وقت کے تقاضے کے مطابق کئی اہلِ محبت نے مسلمان بچے' بچیوں اور عام کم علم لوگوں کی آسانی کے لیے لفظی ترجمے کی طرف رجوع کیا اور اس مقصد میں وہ کامیاب بھی رہے' جیسے جیسے اُردو زبان میں نکھار آتا گیا' تراجم کی طرف بھی اتنی کیفیت و جاذبیت ترقی کرتی گئی۔ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت' مجدد دین وملت' مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ کنز الایمان کو رائج الوقت تراجم کا سلطان تسلیم کیا گیا ہے' اور اس کثرت سے ناشرین قرآن ادارے اسے شائع کر رہے ہیں کہ طلب میں اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ اسی عظیم الشان' عدیم المثال ترجمہ کنز الایمان کو لفظاً لفظاً لباس پہنانے کی طرح ڈالی ہے۔ محترم المقام حضرت علامہ مولانا مفتی ظفر جبار چشتی' صاحب نے۔

مفتی ظفر جبار چشتی ایک سلجھے ہوئے اہل علم ہیں۔ مذکور قبل ازیں ریاض الایمان کے نام سے قرآن کریم کا ترجمہ کر چکے ہیں جو بحمدہٖ تعالیٰ شائع ہو چکا ہے' نیز متعدد کتب کے مصنف ہیں جنہیں لاہور کے کئی ادارے زیورِ طبع سے آراستہ کر رہے ہیں۔

اب کنز الایمان کو بعینہٖ الفاظ کا جامہ پہنا رہے ہیں تاکہ سکول' کالج' دینی مدارس اور دیگر اداروں کے طلباء آسانی سے استفادہ کر سکیں۔ امید ہے مولانا مذکور کی یہ دینی وملی کاوش قبولیت کا شرف پائے گی۔ انشاء اللہ العزیز الحمید!

استاذ العلماء حضرت علامہ

# صاحبزادہ مفتی محمد لطف اللہ نوری

صدر شعبہ افتاء، مدرس جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف اوکاڑہ

قرآن کے معانی اور مفاہیم سمجھنا اور بساط بھر عوام الناس کو سمجھانا علماء امتِ مسلمہ کی ذمہ داری ہے اور علاقائی زبان میں ترجمہ کرنا اور ایک ایک کلمہ قرآن کا ترجمہ اور مفہوم واضح کرنا قرآن سکھانے کی بہترین صورت ہے۔ حدیث مبارکہ ہے کہ نبی رحمتؐ نے فرمایا ہے: خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ۔ تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے

برادر محترم گرامی قدر حضرت العلامہ ابوحمزہ مفتی ظفر جبار صاحب سلمہ ربہ الکریم نے جو کاوش کی ہے، ہمارے حلقوں میں اس طرح کے ترجمہ کی اشد ضرورت تھی، اللہ کریم ان کے علم، عمل، عمر اور وقار میں اضافہ فرمائے اور اس ترجمہ کو قبولیتِ عامہ تامہ سے ہمکنار کرے۔

میں نے اس ترجمہ پر نظر ثانی کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات پر نشان دہی کر دی ہے، مولا کریم اس کو بہتر سے بہترین بنانے میں توفیق خیر عطاء فرمائے! آمین۔

دوسرے لفظوں میں امام اہل السنت کے انوار سے مستنیر ہو کر یہ ترجمہ اب ضیاپاشیاں کرنے کے لائق ہے۔ علماء، طلباء، خطباء اور وکلاء اور ججز حضرات کے لیے یہ تحفۂ گراں بہا ہے، قبولیت کے لیے دعا گو ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء شیخ الحدیث

# حضرت علامہ محمد صدیق ہزاروی سعیدی دامت برکاتہم العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ'

ممبر اسلامی نظریاتی کونسل' پاکستان

قرآن پاک کتابِ ہدایت ہے نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم بھی اس کتاب کے احکام و ہدایات سے بہرہ ور ہو کر اپنی دنیوی اور (اگر وہ مؤمن بھی ہے تو) اُخروی زندگی کو ایک کامیاب زندگی بنا سکتا ہے۔

اس کتاب لاریب کو پڑھنا بھی ثواب اور دیکھنا بھی ثواب ہے' لیکن اس کی تعلیمات سے آگاہی کے لیے عربی زبان سے واقف ہونا یا قاری کی زبان میں اس کا ترجمہ لازمی ہے۔

اُردو خواں طبقہ کے لیے اُردو زبان میں متعدد تراجم معرضِ وجود میں آئے ہیں۔

ان تراجم میں حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' متعدد حوالوں بالخصوص تقدیس خداوندی اور ناموسِ رسالت کے تحفظ کے اعتبار سے نہایت وقیع ترجمہ ہے' جس سے ایک دُنیا استفادہ کر رہی ہے۔

قرآن مجید کی آیاتِ بینات کا بامحاورہ ترجمہ مضمونِ آیت کو واضح کرتا ہے' اس لیے قرآن مجید سے استفادہ کے لیے یہ کافی ہوتا ہے لیکن جب قاری بالخصوص طلباء کو عربی زبان کے مختلف الفاظ کا ترجمہ الگ الگ سمجھنے کا ذوق بلکہ کسی حد تک ضرورت بھی ہو تو لفظی ترجمہ بہت اہم ہوتا ہے۔

فاضل نوجوان حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی مدظلہ متحرک' فعال اور مستند عالمِ دین ہیں۔ انہوں نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بڑی کاوش سے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' کو بامحاورہ انداز میں برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ لفظی ترجمہ ہدیۂ قارئین کیا ہے۔

ایک ہی نسخہ میں دونوں تراجم کی موجودگی یقیناً متعدد وجوہ سے قاری کے لیے بے حد مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت علامہ کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطاء فرما کر انہیں اس کا اجرِ عظیم عطاء فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء فخر السادات شیخ الحدیث

## صاحبزادہ سیّد ہدایت رسول قادری دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم دار العلوم نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد

قرآن مجید کسی مخصوص تعلیم یافتہ طبقے کے لئے نازل نہیں کیا گیا بلکہ یہ ہر شخص کے لئے پیغامِ ہدایت ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ کہ ہم نے نصیحت حاصل کرنے کے لئے قرآن مجید کو آسان کر دیا ہے۔ اسی طرح صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا کہ دین کے معاملات میں آسانی کو ملحوظ رکھو مشکلات کا باعث نہ بنو۔ ان فرامین کی روشنی میں اہل دین پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قرآن مجید کی تعلیمات کو ایسے انداز میں پیش کریں کہ معمولی پڑھا لکھا انسان بھی قرآن مجید کی تعلیمات سے مستفیض ہو سکے۔

قرآن مجید محض کتاب ثواب نہیں بلکہ کتاب انقلاب ہے۔ آج کا مسلمان حصولِ ثواب کے لئے اس کی تلاوت تو کرتا ہے مگر اپنی زندگی اور معاشرے کو مصطفوی انقلاب سے ہمکنار کرنے کے لئے اس کی تعلیمات سے آشنا نہیں ہوتا۔ آج ضروری ہے کہ مسلمانوں کو قرآنِ مجید کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کا ترجمہ پڑھنے کی ترغیب دی جائے۔ تاکہ وہ اپنے خالق و مالک کے پیغام کو سمجھ سکیں۔ آج فرقہ واریت کے فروغ کا سبب بھی تعلیمات قرآن سے عدم آگہی ہے۔

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں کہ جب میرا جی چاہے کہ میں رب سے باتیں کروں تو میں نماز پڑھتا ہوں اور جب میرا جی چاہتا ہے کہ رب مجھ سے باتیں کرے تو میں قرآن پڑھتا ہوں۔ چنانچہ عوام میں ترجمۂ قرآن پڑھنے کا شوق بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ ترجمہ بھی سلیس اور عام فہم ہو آج کے اسلوب بیان اور محاورات پر مشتمل ہو۔

ممتاز مذہبی سکالر حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے اسی ذمہ داری کو نبھانے کی بڑی خوبصورت کوشش کی ہے۔

برصغیر میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمۂ قرآن پاک جہاں دیگر علمی تحقیقی اور فنی کمالات کا حامل ہے وہاں اس کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ اس کا ایک ایک لفظ عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوبا ہوا ہے۔ یہ ترجمہ جہاں رب قدوس کی بندگی کا جذبہ عطا کرتا ہے وہاں تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جذبے کو مسلمان کے رگ و ریشے میں اتارتا ہے۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ وہ واحد ہستی ہیں کہ جنہوں نے برصغیر میں مسلمانوں کے ایمان و عقائد کے خلاف اُٹھنے والے ہر طوفان کا مقابلہ کیا۔ جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا کہ اگر ہندوستان میں نجدی تحریک کامیاب ہو جاتی تو پاکستان کبھی وجود میں نہ آتا۔ اس نجدی تحریک کا مقابلہ برصغیر میں صرف امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے کیا۔ آج ارضِ ہند و پاک میں درود و سلام کو جو ترانے اور نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جو نغمے سنائی دے رہے ہیں یہ اسی ہستی کا فیض ہے۔

وقت کے ساتھ ساتھ ہر زبان میں تبدیلی آتی ہے۔ کچھ الفاظ متروک ہو جاتے ہیں کچھ نئے شامل ہو جاتے ہیں۔ اسلوب بھی بدل جاتا ہے۔ چنانچہ ضرورت تھی کہ اعلیٰ حضرت کے ترجمے کو آج کی زبان میں ڈھال کر پیش کیا جائے۔ حقیقی عالم دین وہی ہوتا ہے جو وقت کے تقاضوں کے مطابق دین کی تعلیمات کو پیش کرے اسی کا نام حکمت ہے۔ وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا۔ صوفیائے کرام نے ہر دور میں حکمت کو اپنا کر ہی دین کو زندہ کیا ہے۔ محترم مفتی صاحب کی یہ کاوش خالصتاً اعلیٰ حکمت پر مبنی ہے۔ اللہ کی مخلوق کو علم و آگہی کے ایک عظیم خزانے تک رسائی دے دی جائے تو اس سے بڑھ کر اور کارنامہ کیا ہوگا۔ بلاشبہ یہ بہت بڑا کام ہے اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب کی علمی تحقیقی اور تبلیغی مساعی میں مزید برکتیں عطا فرمائے اور ہمیں دیگر دینی مواد کو بھی آج کی زبان اور محاورے میں لوگوں کی سماعت و مطالعہ کی نذر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء جانشینِ شہیدِ پاکستان حضرت علامہ

# صاحبزادہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

پرنسپل جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور (پاکستان)

قرآن کریم اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کا کلام ہے۔

کسی بھی علم یا کسی بھی فن پر کوئی کتاب حرفِ آخر نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ علم و تحقیق کا سفر جاری رہتا ہے اور ہر مصنف کے بعد کوئی بڑا مصنف اس سے مختلف اور نئی بات کہہ دیتا ہے۔ (ولا تنقضی عجائبہٗ)

یقیناً قرآن ہی وہ کتاب ہے کہ جس سے زیادہ جامع، کامل، اکمل اور مستند کوئی کتاب نہیں اس لئے کہ یہ جس کا کلام ہے اس سے بڑا کوئی عالم و حکیم نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم اپنے آغاز ہی میں واضح کر دیتا ہے "ذٰلک الکتٰب لاریب فیہ" یہ بلند رتبہ کتاب جس میں شک کی کوئی جگہ نہیں۔ صاحب کلام کے علم میں کوئی شک ہو تو کتاب میں شک ہو وہ ذات تو علیم بذات الصدور ہے۔ قرآن نے لاریب ہونے کا اعلان کر کے دراصل ہر قاریٔ قرآن کو خبردار کر دیا کہ اس کے ضابطے اس کے اصول اور اس کے قانون اب تا قیامت نافذ العمل رہیں گے ہر دور کے انسان اسی سے رشد و ہدایت پائیں گے۔ قوموں کو اسی پر عمل کے نتیجے میں عروج ملے گا اور اس کو چھوڑ کر وہ شکارِ زوال بنا دی جائیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ نزولِ قرآن کے بعد سے آج تک پوری دنیا میں علماء حق قرآن مجید کے فہم و تفہیم کے لیے ترجمہ اور تفسیر پر کام کرتے رہے ہیں۔

دنیا میں کوئی ایسی زبان نہیں جس میں کتاب اللہ کا ترجمہ نہ ہوا ہو۔ بالخصوص اُردو میں قرآن مجید کے بہت ترجمے ہوئے۔

حقیقت یہ ہے کہ جس طرح انسان اللہ تعالیٰ کے حضور خود کو عاجز و درماندہ پاتا ہے اسی طرح اسے کلام الٰہی کے سامنے اپنی کم علمی کا شدید احساس ہوتا ہے۔

قرآن کے الفاظ و آیات اتنے جامع وسیع المعنی اور زورِ بیان سے اس قدر بھرپور ہیں کہ ان کے ترجمہ یا ترجمانی کا حق ادا نہیں کیا جا سکتا۔

یہی وجہ ہے کہ مختصر الفاظ میں قرآنی آیات کا جامع، تمام پہلوؤں پر حاوی اور قرآن ہی کے انداز سے ایسا مؤثر اور مکمل

ترجمہ کرنا کہ اس میں قرآن کا زورِ بیان بھی مستقل ہو یہ بہت مشکل سا معاملہ ہے اس کے باوجود صاحبانِ عزم وہمت اور وارثانِ انبیاء نے عظیم فریضہ سرانجام دینے کی عظیم کوشش کی ہے لیکن ان تراجم میں جو مقام ومرتبہ کنزالایمان کو حاصل ہوا ہے وہ کسی اور کے حصہ میں نہیں آیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت مولانا الشاہ احمد رضا خاں قادری بریلوی علیہ الرحمہ کا ترجمۂ قرآن کنزالایمان رائج الوقت تراجم کا مآخذ ہے۔ برادرِ مکرم علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے جس طرح کنزالایمان کے الفاظ کو نئے پیرائے میں بیان کیا ہے اور الفاظ کی گنجلک کو ختم کیا ہے' مبارکباد کے مستحق ہیں۔

مفتی صاحب ایک مستند اور سلجھے ہوئے محنتی عالمِ دین ہیں۔ فاضل موصوف اِس سے پہلے کافی کتابیں تحریر کر چکے ہیں۔ مولانا موصوف نے یہ بہت بڑا کام سرانجام دیا ہے۔ اس کی اشد ضرورت محسوس کی جارہی تھی۔ ان کی اس کاوش سے یقیناً علماء وطلباء' عامۃ الناس آسانی سے استفادہ کرسکیں گے۔

اللہ تعالیٰ مولانا مذکور کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اس دینی خدمت کو عوام الناس کے لیے نفع بخش بنائے۔ آمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## فخر العلماء حضرت علامہ احمد علی قصوری دامت برکاتہم العالیہ

### چیئرمین قرآن بورڈ، حکومت پنجاب، صدر مرکز اہلسنت پاکستان

اللہ جل مجدہ العظیم کی صفات بے شمار ولا محدود ہیں، تاہم اس کی اوّلین اور اعلیٰ ترین صفت یہ ہے کہ وہ خالق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اس قادر و قدیر اور علیم و حکیم ذات نے اپنے اختیار و قدرت، اپنے علم و حکمت اور اپنی رضا و مشیت سے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اپنی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ بالغہ کا ایسا عظیم ترین شاہکار بنایا کہ ان جیسا نہ کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہوگا اور نہ ہو سکتا ہے۔ ربّ کریم نے اپنے حبیب کریم کو جو اَن گنت معجزات اور لا جواب کمالات عطا فرمائے، ان میں سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے، جو کہ قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لئے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ صحیفۂ انقلاب اپنے پڑھنے سمجھنے اور عمل پیرا ہونے والے تمام انسانوں کے لئے دنیوی فلاح اور اُخروی نجات کا ضامن ہے۔

قَدْ جَآءَ كُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ يَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ (پ ۶ المائدہ ۱۶،۱۵)

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس (اے انسانو!) اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب، جو اللہ کی مرضی پر چلا اللہ اسے سلامتی کے ساتھ ہدایت عطا فرماتا ہے، اور انہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے سیدھا راستہ دکھا دیتا ہے۔

اللہ کریم کے سب سے اعلیٰ و اکمل کلام قرآن مجید کے حوالے سے ہر مومن اور مومنہ پر لازم ہے کہ وہ اس بابرکت اور پاک کلام کے الفاظ کی صحت کے ساتھ تلاوت کو اپنا مستقل معمول بنائے، اس کے معنی کو سمجھے، اس کے احکام اور حکمتوں کے مطابق اپنی فکری، اعتقادی اور عملی زندگی گزارے۔ نبی اکرم نورِ مجسم فخر آدم و بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد مبارک ہے "خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ" "تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس نے خود قرآن سیکھا اور دوسروں کو سکھایا۔ لہٰذا بڑے ہی خوش نصیب ہیں وہ افراد جنہیں قرآن حکیم کی کسی نہ کسی رنگ میں کوئی نہ کوئی خدمت سرانجام دینے کی سعادت مل جاتی ہے۔ یقیناً ایسے ہی خوش نصیبوں میں ہمارے مخدوم فاضل جلیل جناب مفتی ظفر جبار چشتی (اطال اللہ عمرہٗ واعلی اللہ عملہٗ) بھی شامل ہیں کہ جنہوں نے معلمانہ اور مبلغانہ کردار ادا کرتے ہوئے عوام الناس بلکہ علماء اور محققین کے لئے اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت الشاہ احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ کے بامحاورہ ترجمۂ قرآن کے ساتھ بڑی محنت و خوبی سے لفظی ترجمۂ قرآن کی سہولت مہیا کر دی ہے۔ بندۂ عاجز نے متعدد مقامات سے یہ ترجمہ دیکھا ہے جو خاصہ خوب ہے، دعا ہے کہ اللہ کریم مترجم عزیز کی محنت کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت اور عوام و خواص میں مقبولیت عطا فرمائے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

# کنز الایمان

المسمّٰی

# ریاض الایمان

## جلد اوّل

## پارہ ۱ تا پارہ ۱۰

ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

ایاتها ۷ | ۱ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ۵ | رکوعها ۱

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ○ منزل ۱

| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|
| سب خوبیاں | اللہ کو | مالک (پرورش فرمانے والا) | سارے جہان والوں کا | بہت مہربان | رحمت والا |

سب تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

## مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ○

| مٰلِكِ | يَوْمِ | الدِّيْنِ | اِيَّاكَ | نَعْبُدُ | وَ | اِيَّاكَ | نَسْتَعِيْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مالک | روز | جزا کا | صرف تیری | ہم عبادت کرتے ہیں | اور | تجھی سے | ہم مدد چاہیں |

بدلے کے دن (یعنی قیامت) کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد چاہتے ہیں۔

## اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

| اِهْدِنَا | الصِّرَاطَ | الْمُسْتَقِيْمَ | صِرَاطَ | الَّذِيْنَ | اَنْعَمْتَ |
|---|---|---|---|---|---|
| چلا ہم کو | راستہ | سیدھا | راستہ | ان لوگوں کا (کہ) | تو نے احسان کیا |

ہم کو سیدھا راستہ چلا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا۔

## عَلَيْهِمْ ۙ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ○ع ع

| عَلَيْهِمْ | غَيْرِ | الْمَغْضُوْبِ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | الضَّآلِّيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جن پر | نہ ان کا (کہ) | غضب ہوا | جن پر | اور | نہ | بہکے ہوؤں کا |

ان کا نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا۔

الجزء ١

| اٰیاتها ٢٨٦ | ٢ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ ٨٧ | رکوعاتها ٤٠ |
|---|---|---|

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ ﴿١﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿٢﴾

| الٓمّٓ | ذٰلِكَ | الْكِتٰبُ | لَا | رَيْبَ | فِيْهِ | هُدًى | لِّلْمُتَّقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ال م | وہ بلند رتبہ | کتاب | نہیں ہے | شک | اس میں | ہدایت ہے | ڈر والوں کو |

ا ل م وہ بلند رتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں اس میں ہدایت ہے ڈر والوں کو۔

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

| الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْغَيْبِ | وَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائیں | بے دیکھے | اور | قائم رکھیں | نماز | اور | ہماری دی ہوئی | روزی میں سے |

جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری

يُنْفِقُوْنَ ۙ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

| يُنْفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کریں | اور | وہ جو | ایمان لائیں | اس پر جو | اترا | آپ کی طرف | اور | جو | اترا |

راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں

مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۗ ﴿٤﴾

| مِنْ قَبْلِكَ | وَ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | يُوْقِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| آپ سے پہلے | اور | آخرت پر | وہ | یقین رکھیں |

اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیں۔

أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أُولٰٓئِكَ | عَلٰى هُدًى | مِّنْ رَّبِّهِمْ | وَ | أُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | اِنَّ |
| وہی لوگ | ہدایت پر ہیں | اپنے رب کی طرف سے | اور | وہی لوگ | وہ | مراد کو پہنچنے والے | بیشک |

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | سَوَآءٌ | عَلَيْهِمْ | ءَاَنْذَرْتَهُمْ | اَمْ | لَمْ تُنْذِرْهُمْ |
| وہ (جن کی قسمت میں) | کفر ہے | برابر ہے | ان پر | چاہے تم انہیں ڈراؤ | یا | نہ ڈراؤ |

وہ جن کی قسمت میں کفر ہے انہیں برابر ہے کہ آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُؤْمِنُوْنَ | خَتَمَ | اللّٰهُ | عَلٰى قُلُوْبِهِمْ | وَعَلٰى سَمْعِهِمْ | وَ |
| نہیں | وہ ایمان لائیں گے | مہر لگادی | اللہ نے | ان کے دلوں پر | اور ان کے کانوں پر | اور |

وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی اور

عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝٧ ع وَمِنَ النَّاسِ مَنْ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ | غِشَاوَةٌ | وَّ | لَهُمْ | عَذَابٌ | عَظِيْمٌ | وَمِنَ | النَّاسِ | مَنْ |
| ان کی آنکھوں پر | گھٹاٹوپ ہے | اور | ان کے لئے | عذاب ہے | بڑا | اور کچھ | لوگ | جو |

ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کیلئے بڑا عذاب ہے ۔ اور لوگوں میں سے

يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝٨ يُخٰدِعُوْنَ وقف لازم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّقُوْلُ | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَ | بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ | وَ | مَا | هُمْ | بِمُؤْمِنِيْنَ | يُخٰدِعُوْنَ |
| کہتے ہیں | کہ ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور | پچھلے دن پر | اور | نہیں | وہ | ایمان والے | فریب دیا چاہتے ہیں |

کچھ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور روز آخرت پر ایمان لائے اور وہ ایمان والے نہیں ۔ وہ

اللّٰهَ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَ مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | وَ | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | وَ | مَا يَخْدَعُوْنَ | اِلَّآ | اَنْفُسَهُمْ | وَ |
| اللہ | اور | ایمان والوں کو | اور | فریب نہیں دیتے | مگر | اپنی جانوں کو | اور |

اللہ اور ایمان والوں کو دھوکہ دیا چاہتے ہیں مگر وہ اپنے آپ کو ہی دھوکہ دے رہے ہیں اور انہیں اسکا

مَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا يَشْعُرُوْنَ | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | فَزَادَهُمُ | اللّٰهُ | مَرَضًا | وَ | لَهُمْ |
| انہیں شعور نہیں | ان کے دلوں میں | بیماری ہے | تو اور بڑھائی ان کی | اللہ نے | بیماری | اور | ان کیلئے |

شعور نہیں ہے۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے پس اللہ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا اور ان کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝١٠ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | بِمَا | كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | لَا تُفْسِدُوْا |
| عذاب ہے | دردناک | بدلہ اس کا کہ | جھوٹ بولتے تھے | اور | جب | کہا جائے | ان سے | فساد نہ کرو |

درد ناک عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔ اور جب انہیں کہا جائے

فِي الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝١١ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْاَرْضِ | قَالُوْٓا | اِنَّمَا نَحْنُ | مُصْلِحُوْنَ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ |
| زمین میں | تو کہتے ہیں | ہم تو | سنوارنے والے ہیں | سنتا ہے! | بے شک وہ | وہی |

کہ زمین میں فساد نہ کرو تو وہ کہتے ہیں ہم تو صرف اصلاح کر رہے ہیں۔ سن لو یقیناً وہی

الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝١٢ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُفْسِدُوْنَ | وَلٰكِنْ | لَا يَشْعُرُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اٰمِنُوْا | كَمَآ | اٰمَنَ |
| فسادی ہیں | مگر | انہیں شعور نہیں | اور | جب | کہا جائے | ان سے | ایمان لاؤ | جیسے | ایمان لائے |

فساد کرنے والے ہیں مگر وہ سمجھتے نہیں۔ اور جب ان سے کہا جائے ایمان لے آؤ

النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

| النَّاسُ | قَالُوْٓا | اَنُؤْمِنُ | كَمَآ | اٰمَنَ | السُّفَهَآءُ | اَلَآ | اِنَّهُمْ هُمُ | السُّفَهَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور لوگ | تو کہیں | کیا ہم ایمان لائیں | جیسے | ایمان لائے | احمق | سنتا ہے! | وہی ہیں | احمق |

کہ جس طرح دوسرے لوگ ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم احمقوں کی طرح ایمان لے

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا

| وَلٰكِنْ | لَّا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | لَقُوا | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | نہیں | جانتے | اور | جب | ملیں | ایمان والوں سے | تو کہیں | ہم ایمان لائے | اور | جب |

آئیں سن لو وہی احمق ہیں مگر وہ جانتے نہیں۔ اور جب (وہ منافق) اہل ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم (بھی)

خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ

| خَلَوْا | اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ | قَالُوْٓا | اِنَّا | مَعَكُمْ | اِنَّمَا | نَحْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکیلے ہوں | اپنے شیطانوں کے پاس | تو کہیں | ہم | تمہارے ساتھ ہیں | حقیقت میں | ہم تو |

ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں سے تنہائی میں ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم یقیناً تمہارے ساتھ ہیں ہم (مسلمانوں کا تو)

مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

| مُسْتَهْزِءُوْنَ | اَللّٰهُ | يَسْتَهْزِئُ | بِهِمْ | وَ | يَمُدُّهُمْ | فِيْ طُغْيَانِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یونہی ہنسی کرتے ہیں | اللہ | استہزا فرماتا ہے | ان سے | اور | انہیں ڈھیل دیتا ہے | کہ اپنی سرکشی میں |

محض مذاق اڑاتے ہیں ۔ اللہ انہیں ان کے مذاق کی سزا دیتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے سو وہ اپنی سرکشی میں

يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠

| يَعْمَهُوْنَ | اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ | اشْتَرَوُا | الضَّلٰلَةَ | بِالْهُدٰى |
|---|---|---|---|---|
| بھٹکتے رہیں | یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے | خریدی | گمراہی | ہدایت کے بدلے |

بھٹک رہے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی

فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا رَبِحَتْ | تِّجَارَتُهُمْ | وَ | مَا | كَانُوْا | مُهْتَدِيْنَ | مَثَلُهُمْ | كَمَثَلِ | الَّذِي |
| تو کچھ نفع نہ لایا | ان کا سودا | اور | نہ | تھے | راہ جانتے | ان کی کہاوت | اسکی طرح ہے کہ | جس نے |

لیکن ان کی تجارت فائدہ مند نہ ہوئی اور وہ (فائدہ منداور نفع بخش تجارت کی) راہ جانتے ہی نہ تھے۔ان کی مثال اس شخص کی طرح ہے

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَوْقَدَ | نَارًا | فَلَمَّآ | اَضَآءَتْ | مَا حَوْلَهٗ | ذَهَبَ | اللّٰهُ | بِنُوْرِهِمْ |
| روشن کی | آگ | تو جب | جگمگا اٹھا | آس پاس | لے گیا | اللہ | ان کا نور |

جس نے آگ روشن کی پھر جب اس آگ نے اس کا آس پاس روشن کر دیا تو اللہ ان کے نور کو لے گیا

وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَرَكَهُمْ | فِيْ | ظُلُمٰتٍ | لَا يُبْصِرُوْنَ | صُمٌّ | بُكْمٌ | عُمْيٌ | فَهُمْ |
| اور | چھوڑ دیا انہیں | میں | اندھیریوں | کہ کچھ نہیں سوجھتا | بہرے | گونگے | اندھے | تو وہ |

اور انہیں تاریکیوں میں چھوڑ دیا کہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتے۔ بہرے گونگے اور اندھے ہیں پس وہ (ہدایت کی طرف)

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَرْجِعُوْنَ | اَوْ | كَصَيِّبٍ | مِّنَ السَّمَآءِ | فِيْهِ | ظُلُمٰتٌ | وَّ | رَعْدٌ |
| پھر آنے والے نہیں | یا | جیسے اترتا پانی | آسمان سے | کہ اس میں | اندھیریاں ہیں | اور | گرج |

نہیں لوٹیں گے۔ یا جیسے آسمان سے اترتا پانی کہ اس میں اندھیریاں ہیں اور گرج

وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | بَرْقٌ | يَجْعَلُوْنَ | اَصَابِعَهُمْ | فِيْٓ اٰذَانِهِمْ | مِّنَ الصَّوَاعِقِ |
| اور | چمک | ٹھونس رہے ہیں | اپنی انگلیاں | اپنے کانوں میں | کڑک کے سبب |

اور چمک اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس رہے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے

حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَذَرَ الْمَوْتِ | وَ | اللّٰهُ | مُحِيْطٌ | بِالْكٰفِرِيْنَ | يَكَادُ | الْبَرْقُ | يَخْطَفُ |
| موت کے ڈر سے | اور | اللہ | گھیرے ہوئے ہے | کافروں کو | یوں معلوم ہوتی ہے | بجلی | کہ اچک لے جائیگی |

اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی

اَبْصَارَهُمْ ۭ كُلَّمَآ اَضَاۗءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ڎ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْصَارَهُمْ | كُلَّمَآ | اَضَاۗءَ | لَهُمْ | مَّشَوْا | فِيْهِ | وَ | اِذَآ | اَظْلَمَ | عَلَيْهِمْ |
| ان کی نگاہیں | جب کچھ | چمک ہوئی | ان کے لئے | چلنے لگے | اس میں | اور | جب | اندھیرا ہوا | ان پر |

ان کی نگاہوں کو چھین کر لے جائے جب کچھ ان پر روشنی ہوتی ہے اس میں وہ چل پڑتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے

قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَذَھَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَامُوْا | وَ | لَوْ | شَاۗءَ | اللّٰهُ | لَذَهَبَ | بِسَمْعِهِمْ | وَ | اَبْصَارِهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| کھڑے رہ گئے | اور | اگر | چاہتا | اللہ | تو لے جاتا | ان کے کان | اور | آنکھیں | بیشک | اللہ |

تو وہ کھڑے ہو جاتے ہیں اور اللہ چاہتا تو ان کی سماعت اور بصارت کو زائل کر دیتا بیشک اللہ

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ ع ۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اعْبُدُوْا | رَبَّكُمُ | الَّذِيْ |
| اوپر | ہر ایک | چیز کے | قادر ہے | اے | لوگو | عبادت کرو | اپنے رب | جس نے |

ہر اپنی چاہت پر قادر ہے۔ اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے

خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾ الَّذِيْ جَعَلَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَكُمْ | وَ | الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَتَّقُوْنَ | الَّذِيْ | جَعَلَ |
| تمہیں پیدا کیا | اور | تم سے پہلوں کو | یہ امید کرتے ہوئے کہ تمہیں | پرہیزگاری ملے | جس نے | بنایا |

تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو (بھی) جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔ جس نے

لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمُ | الْاَرْضَ | فِرَاشًا | وَّ | السَّمَآءَ | بِنَآءً | وَّ | اَنْزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً |
| تمہارے لئے | زمین کو | بچھونا | اور | آسمان کو | عمارت | اور | اتارا | آسمان سے | پانی |

تمہارے فائدے کے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی برسایا

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَخْرَجَ | بِهٖ | مِنَ الثَّمَرٰتِ | رِزْقًا لَّكُمْ | فَلَا | تَجْعَلُوْا | لِلّٰهِ | اَنْدَادًا | وَّ |
| تو نکالے | اس سے | کچھ پھل | تمہارے کھانے کو | تو نہ | ٹھہراؤ | اللہ کے لئے | برابر والے | اور |

پھر اس کے ذریعے تمہارے رزق کیلئے پھل پیدا کئے پس تم اللہ کیلئے شریک نہ ٹھہراؤ حالانکہ تم

اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ | وَ | اِنْ | كُنْتُمْ | فِيْ رَيْبٍ | مِّمَّا | نَزَّلْنَا | عَلٰى | عَبْدِنَا | فَاْتُوْا |
| تم جان بوجھ کر | اور | اگر | ہو تم | شک میں | اس سے | جو ہم نے اتارا | اوپر | اپنے بندے | تو لاؤ |

جانتے ہو۔ اور اگر تم شک میں ہو اس کے بارے میں جسکو ہم نے اپنے خاص بندے (حضرت محمد ﷺ) پر نازل کیا تو لے آؤ

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِسُوْرَةٍ | مِّنْ مِّثْلِهٖ | وَ | ادْعُوْا | شُهَدَآءَكُمْ | مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ | اِنْ |
| ایک سورت | اس جیسی | اور | بلاؤ | اپنے حمائتیوں کو | اللہ کے سوا | اگر |

اس جیسی کوئی سورت اور اللہ کے سوا اپنے حمائتیوں کو بھی بلاؤ اگر تم (اپنے دعوے میں)

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ | فَاِنْ | لَّمْ تَفْعَلُوْا | وَ | لَنْ تَفْعَلُوْا | فَاتَّقُوْا | النَّارَ الَّتِيْ | وَقُوْدُهَا |
| تم سچے ہو ۔ | پھر اگر | نہ لاسکو | اور | ہرگز نہ لاسکو گے | تو ڈرو | اس آگ جس کا | ایندھن |

سچے ہو۔ پھر اگر تم نہ کر سکے اور ہرگز نہ کر سکو گے تو بچو اس آگ سے جس کا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | وَ | الْحِجَارَةُ | اُعِدَّتْ | لِلْكٰفِرِيْنَ | وَ | بَشِّرِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| آدمی | اور | پتھر ہیں | تیار رکھی ہے | کافروں کے لئے | اور | خوشخبری دیجئے | انہیں جو | ایمان لائے |

آدمی اور پتھر ہیں جو کافروں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ اور اے محبوب ﷺ! بشارت دے دیجئے انہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
| اور | کام کئے | اچھے | کہ | ان کے لئے | باغ ہیں | رواں | ان کے نیچے | نہریں |

جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے کہ ان کیلئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلَّمَا | رُزِقُوْا | مِنْهَا | مِنْ ثَمَرَةٍ | رِّزْقًا | قَالُوْا | هٰذَا | الَّذِيْ | رُزِقْنَا |
| جب | انہیں کھانے کو دیا جائیگا | ان باغوں سے | کوئی پھل | کھانے کو | تو کہیں گے | یہ تو | وہی رزق ہے جو | ہمیں ملا تھا |

جب انہیں ان باغوں میں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا صورت دیکھ کر کہیں گے یہ تو وہی رزق ہے

مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلُ | وَ | اُتُوْا بِهٖ | مُتَشَابِهًا | وَ | لَهُمْ | فِيْهَآ | اَزْوَاجٌ | مُّطَهَّرَةٌ | وَّ | هُمْ |
| پہلے | اور | دیا گیا انہیں | وہ ملتا جلتا | اور | ان کیلئے | اس میں | بیبیاں ہیں | پاکیزہ | اور | وہ |

جو ہمیں پہلے ملا تھا اور وہ صورت میں ملتا جلتا انہیں دیا گیا اور ان کیلئے ان باغوں میں پاکیزہ بیویاں ہیں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَسْتَحْيٖٓ | اَنْ | يَّضْرِبَ | مَثَلًا | مَّا |
| ان میں | ہمیشہ رہیں گے | بیشک | اللہ | نہیں | حیا کرتا | اس سے کہ | ذکر کرے | کوئی مثال | کیسی ہی چیز کا |

اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیز کا ذکر فرمائے

بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ

| بَعُوْضَةً | فَمَا | فَوْقَهَا | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فَيَعْلَمُوْنَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مچھر ہو | یا اس سے | بڑھ کر | تو وہ | جو | ایمان لائے | وہ تو جانتے ہیں | کہ بیشک یہ | حق ہے |

مچھر ہو یا اس سے بڑھ کر تو وہ جو ایمان لائے وہ تو جانتے ہیں کہ یہ

رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا

| مِنْ رَّبِّهِمْ | وَ | اَمَّا الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَيَقُوْلُوْنَ | مَاذَآ | اَرَادَ | اللّٰهُ | بِهٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے رب کی طرف سے | اور | وہ جو | رہے کافر | وہ کہتے ہیں | کیا ہے | مقصود | اللہ کا | ایسی |

ان کے رب کی طرف سے حق ہے رہے کافر تو کہتے ہیں ایسی مثال میں خدا کا کیا مقصود ہے (اللہ) بہت سے

مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ

وقف لازم

| مَثَلًا | يُضِلُّ | بِهٖ | كَثِيْرًا | وَّيَهْدِيْ | بِهٖ | كَثِيْرًا | وَ | مَا | يُضِلُّ | بِهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاوت میں | گمراہ کرتا ہے | اس سے | بہتیروں کو | اور ہدایت فرماتا ہے | اس سے | بہتیروں کو | اور | نہیں | گمراہ کرتا | اس سے |

لوگوں کو اس سے گمراہ کرتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت فرماتا ہے اور اس سے انہیں گمراہ کرتا ہے

اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠

| اِلَّا | الْفٰسِقِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَنْقُضُوْنَ | عَهْدَ اللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|
| مگر | جو بے حکم ہیں | وہ جو | توڑ دیتے ہیں | اللہ کے عہد کو | اسکے پکا ہونے کے بعد |

جو نافرمان ہیں۔ (یہ نافرمان وہ لوگ ہیں) جو اللہ کے عہد کو اس سے پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ

| وَ | يَقْطَعُوْنَ | مَآ | اَمَرَ | اللّٰهُ | بِهٖٓ | اَنْ | يُّوْصَلَ | وَ | يُفْسِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کاٹتے ہیں | اس چیز کو | کہ حکم دیا | اللہ نے | جس کے | یہ کہ | جوڑنے کا | اور | فساد پھیلاتے ہیں |

اور اس (تعلق) کو کاٹتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد بپا کرتے ہیں

فِی الْاَرْضِؕ اُولٰٓئِکَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٢٧﴾ کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ

| فِی الْاَرْضِ | اُولٰٓئِکَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | کَیْفَ | تَکْفُرُوْنَ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں | وہی ہیں | وہ | نقصان میں ہیں | کیونکر | تم منکر ہوگے | خدا کے |

یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ تم کس طرح اللہ کا

وَ کُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْیَاکُمْۚ ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ ثُمَّ یُحْیِیْکُمْ ثُمَّ اِلَیْهِ

| وَ | کُنْتُمْ اَمْوَاتًا | فَاَحْیَاکُمْ | ثُمَّ | یُمِیْتُکُمْ | ثُمَّ | یُحْیِیْکُمْ | ثُمَّ | اِلَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حالانکہ | تم مردہ تھے | اس نے تمہیں جلایا | پھر | تمہیں مارے گا | پھر | تمہیں جلائے گا | پھر | اسی کی طرف |

انکار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٨﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًاۗ ثُمَّ

| تُرْجَعُوْنَ | هُوَ | الَّذِیْ | خَلَقَ | لَکُمْ | مَّا | فِی الْاَرْضِ | جَمِیْعًا | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پلٹ کر جاؤ گے | وہی ہے | جس نے | بنایا | تمہارے لئے | جو کچھ | زمین میں ہے | سب | پھر |

لوٹائے جاؤ گے۔ (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہارے لئے زمین کی سب چیزوں کو پھر

اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍؕ وَ هُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ

| اسْتَوٰٓی | اِلَی السَّمَآءِ | فَسَوّٰىهُنَّ | سَبْعَ | سَمٰوٰتٍ | وَ | هُوَ | بِکُلِّ | شَیْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| استوا فرمایا | آسمان کی طرف | تو ٹھیک بنائے | سات | آسمان | اور | وہ | سب | کچھ |

متوجہ ہوا آسمان کی طرف تو ٹھیک سات آسمان بنائے اور وہ ہر چیز کو

عَلِیْمٌ ﴿٢٩﴾ وَ اِذْ قَالَ رَبُّکَ لِلْمَلٰٓئِکَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ ٣ ع ٩ ٣

| عَلِیْمٌ | وَ | اِذْ | قَالَ | رَبُّکَ | لِلْمَلٰٓئِکَةِ | اِنِّیْ | جَاعِلٌ | فِی الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے | اور | جب | فرمایا | آپ کے رب نے | فرشتوں سے | میں | بنانے والا ہوں | زمین میں |

خوب جانتا ہے۔ اور (اے حبیب ﷺ) یاد کرو جب آپکے رب نے فرشتوں سے فرمایا بیشک میں بنانے والا ہوں زمین میں

خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلِيْفَةً ؕ | قَالُوْٓا | اَتَجْعَلُ | فِيْهَا | مَنْ | يُّفْسِدُ | فِيْهَا | وَ |
| نائب | بولے | کیا بنائے گا | اس میں | جو | فساد پھیلائے گا | اس میں | اور |

اپنا نائب انہوں نے عرض کیا کیا تو اس میں اسے نائب بنائے گا جو وہاں فساد کرے اور خون بہائے؟

يَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْفِكُ الدِّمَآءَ | وَ | نَحْنُ | نُسَبِّحُ | بِحَمْدِكَ | وَ | نُقَدِّسُ لَكَ | قَالَ | اِنِّيْٓ |
| خون بہائے گا | اور | ہم | تجھے سراہتے ہوئے | تیری تسبیح کرتے ہیں | اور | تیری پاکی بولتے ہیں | فرمایا | میں |

اور ہم تیری حمد کے ساتھ تیری تسبیح کرتے ہیں اور (ہر عیب و نقص سے) تیرا پاک ہونا بیان کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا بیشک میں

اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْلَمُ | مَا | لَا تَعْلَمُوْنَ | وَ | عَلَّمَ | اٰدَمَ | الْاَسْمَآءَ | كُلَّهَا | ثُمَّ | عَرَضَهُمْ |
| جانتا ہوں | وہ جو | تم نہیں جانتے | اور | سکھائے اللہ نے | آدم کو | نام | تمام | پھر | پیش کیا سب کو |

وہ سب جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام اشیاء کے نام

عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | الْمَلٰٓئِكَةِ | فَقَالَ | اَنْۢبِـُٔوْنِيْ | بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| اوپر | ملائکہ کے | فرمایا | بتاؤ مجھے | نام ان چیزوں کے | اگر | ہو تم |

سکھائے پھر سب اشیاء ملائکہ پر پیش کر کے فرمایا اگر تم سچے ہو تو

صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | فَاِنْ | لَّمْ | تَفْعَلُوْا | فَاْذَنُوْا | بِحَرْبٍ | مِّنَ اللّٰهِ | وَرَسُوْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان | پھر اگر | نہ | کرو تم | تو تیار ہو جاؤ | لڑائی کے لئے | اللہ | اور اس کے رسول سے |

ایمان رکھتے ہو۔ پس اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلانِ جنگ پر خبردار ہو جاؤ

وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٩﴾

| وَاِنْ | تُبْتُمْ | فَلَكُمْ | رُءُوْسُ | اَمْوَالِكُمْ | لَا | تَظْلِمُوْنَ | وَلَا | تُظْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اگر | تم توبہ کرو | تو تمہارے لئے ہے | راس | مال تمہارا | نہ | تم ظلم کرو | اور نہ | ظلم کیے جاؤ |

اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لئے تمہارے اصل مال (جائز) ہیں نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔

وَاِنْ كَانَ ذُوْعُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ط وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ

| وَاِنْ | كَانَ | ذُوْعُسْرَةٍ | فَنَظِرَةٌ | اِلٰى مَيْسَرَةٍ | وَاَنْ | تَصَدَّقُوْا | خَيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اگر | ہو | تنگی والے | تو مہلت دینا ہے | آسانی تک | اور یہ کہ | صدقہ کردو تم | بہتر ہے |

اور اگر قرض دار تنگدست ہو تو خوشحالی تک مہلت دی جانی چاہئے اور تمہارا قرض معاف کر دینا تمہارے

لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ق

| لَكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | وَاتَّقُوْا | يَوْمًا | تُرْجَعُوْنَ | فِيْهِ | اِلَى اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لئے | اگر | ہوتم | جانتے | اور ڈرو | اس دن سے | کہ پھروگے | اس میں | اللہ کی طرف |

لئے بہتر ہے اگر تمہیں معلوم ہو۔ اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ ع يٰاَيُّهَا ع ۳۸ ۸ ۲

| ثُمَّ | تُوَفّٰى | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّا | كَسَبَتْ | وَهُمْ | لَا | يُظْلَمُوْنَ | يٰاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | پورا دیا جائے گا | ہر | جان | جو | اس نے کمایا | اور وہ | نہ | ظلم کئے جائیں گے | اے |

پھر ہر شخص کو پورا بدلہ دیا جائے گا جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ط

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِذَا | تَدَايَنْتُمْ | بِدَيْنٍ | اِلٰٓى اَجَلٍ | مُّسَمًّى | فَاكْتُبُوْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | تم قرض کا لین دین کرو | کسی قرض کا | مدت تک | مقرر کے | تو اسے لکھ لو |

ایمان والو! جب تم ایک مقررہ مدت تک قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لو

وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ص وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا

| وَلْيَكْتُبْ | بَّيْنَكُمْ | كَاتِبٌ | بِالْعَدْلِ | وَلَا | يَاْبَ | كَاتِبٌ | اَنْ | يَّكْتُبَ | كَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور چاہئے کہ لکھے | تمہارے درمیان | لکھنے والا | انصاف سے | اور نہ | انکار کرے | لکھنے والا | یہ کہ | لکھے | جیسے |

اور چاہیے کہ تمہارے درمیان کوئی لکھنے والا انصاف کے ساتھ لکھے اور لکھنے والا لکھنے سے

عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَّمَهُ | اللّٰهُ | فَلْيَكْتُبْ | وَلْيُمْلِلِ | الَّذِي | عَلَيْهِ | الْحَقُّ | وَلْيَتَّقِ | اللّٰهَ |
| سکھایا اسے | اللہ نے | تو چاہئے کہ وہ لکھے | اور لکھاتا جائے | وہ کہ | جس کے ذمہ | حق ہے | اور چاہئے کہ ڈرے | اللہ سے |

انکار نہ کرے جیسا کہ اللہ نے اسے سکھایا تو اسے چاہئے کہ وہ لکھ دے اور لکھوائے وہ شخص جس پر قرض ہے اور وہ اللہ سے

وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ۭ فَاِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّهٗ | وَ | لَا | يَبْخَسْ | مِنْهُ | شَيْـًٔا | فَاِنْ | كَانَ | الَّذِي | عَلَيْهِ | الْحَقُّ | سَفِيْهًا |
| جو اس کا رب ہے | اور | نہ | کم کرے | اس سے | کوئی چیز | پھر اگر | ہو | وہ | جس پر | حق ہے | بے عقل |

ڈرے جو اس کا رب ہے اور اس سے کچھ کم نہ کرے پس اگر وہ شخص جس پر قرض ہے بیوقوف

اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | ضَعِيْفًا | اَوْ | لَا | يَسْتَطِيْعُ | اَنْ | يُّمِلَّ | هُوَ | فَلْيُمْلِلْ | وَلِيُّهٗ | بِالْعَدْلِ |
| یا | ناتوان ہو | یا | نہ | طاقت رکھتا ہو | یہ کہ | لکھائے | وہ | تو لکھائے | اس کا ولی | انصاف سے |

یا ضعیف البدن ہو یا وہ طاقت نہ رکھتا ہو لکھوانے کی تو اس کا ولی انصاف سے لکھوا دے

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اسْتَشْهِدُوْا | شَهِيْدَيْنِ | مِنْ رِّجَالِكُمْ | فَاِنْ | لَّمْ | يَكُوْنَا |
| اور | گواہ کرلو | دو گواہ | اپنے مردوں میں سے | پھر اگر | نہ | ہوں |

اور دو گواہ بنا لو اپنے مردوں میں سے پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ان گواہوں

رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاۗءِ اَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلَيْنِ | فَرَجُلٌ | وَّامْرَاَتٰنِ | مِمَّنْ | تَرْضَوْنَ | مِنَ | الشُّهَدَاۗءِ | اَنْ |
| دو مرد | تو ایک مرد | اور دو عورتیں | جن کو | تم پسند کرو | ان کو | گواہوں سے | یہ کہ اگر |

میں سے جنہیں تم پسند کرتے ہو کہ ان دو میں سے کوئی ایک (عورت) بھول جائے تو اس

تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ

| تَضِلَّ | اِحْدٰىهُمَا | فَتُذَكِّرَ | اِحْدٰىهُمَا | الْاُخْرٰى | وَلَا | يَاْبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بھول جائے گی | ایک ان دونوں میں سے | تو یاد کرادے گی | ایک ان دونوں میں سے | دوسری کو | اور نہ | انکار کریں |

ایک کو دوسری یاد دلا دے اور گواہ نہ انکار کریں جب وہ (گواہی کیلئے بلائے جائیں) اور (دشوار سمجھ کر) اس

الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْئَمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا

| الشُّهَدَآءُ | اِذَا | مَا دُعُوْا | وَلَا | تَسْئَمُوْٓا | اَنْ | تَكْتُبُوْهُ | صَغِيْرًا | اَوْ | كَبِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہ | جب | بھی بلائے جائیں | اور نہ | جانو اسے بھاری | یہ کہ | اسے لکھو | چھوٹا ہو | یا | بڑا |

کے لکھنے میں سستی نہ کرو قرض چھوٹا ہو یا بڑا اس کی معیاد تک (لکھ لو)، تمہارے لئے اس

اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى

| اِلٰٓى | اَجَلِهٖ | ذٰلِكُمْ | اَقْسَطُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَاَقْوَمُ | لِلشَّهَادَةِ | وَاَدْنٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | اس کی مدت کے | یہ | زیادہ انصاف | نزدیک | اللہ کے | اور بہت قائم رکھنے والا | گواہی کو | اور قریب ہے کہ |

میں اللہ کے نزدیک پورا انصاف ہے اور (یہ کام) گواہی کوزیادہ درست رکھنے والا ہے اور زیادہ

اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ

| اَلَّا | تَرْتَابُوْٓا | اِلَّآ | اَنْ | تَكُوْنَ | تِجَارَةً | حَاضِرَةً | تُدِيْرُوْنَهَا | بَيْنَكُمْ | فَلَيْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | شک کرو | مگر | یہ کہ | ہو | بیع | نقد بہ نقد | کہ لے دے لو اس کو | آپس میں | تو نہیں |

قریب ہے اس بات کے کہ تم شک میں نہ پڑو، مگر یہ کہ کوئی سودا ہاتھوں ہاتھ ہو جسے تم آپس میں لیتے دیتے ہو

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠ وَلَا يُضَآرَّ

| عَلَيْكُمْ | جُنَاحٌ | اَلَّا | تَكْتُبُوْهَا | وَاَشْهِدُوْٓا | اِذَا | تَبَايَعْتُمْ | وَلَا | يُضَآرَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | کوئی گناہ | یہ کہ نہ | لکھو اس کو | اور گواہ رکھ لو | جب | آپس میں سودا کرو | اور نہ | نقصان کرے |

تو (ایسی صورت میں) تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم اس کو نہ لکھو اور گواہ بنا لو جب تم خرید و فروخت کرو اور ضرر نہ دیا

كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۚ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَاتِبٌ | وَّ | لَا | شَهِيْدٌ | وَاِنْ | تَفْعَلُوْا | فَاِنَّهٗ | فُسُوْقٌ | بِكُمْ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ |
| لکھنے والا | اور | نہ | گواہ | اور اگر | تم کرو | تو وہ | گناہ ہوگا | تم سے | اور ڈرو | اللہ سے |

جائے کسی لکھنے والے کو اور نہ کسی گواہ کو اور اگر تم ایسا کرو تو بے شک وہ تمہارا گناہ ہو گا اور تم اللہ سے ڈرتے رہو

وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيُعَلِّمُكُمُ | اللّٰهُ | وَاللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | وَاِنْ | كُنْتُمْ | عَلٰى | سَفَرٍ |
| اور سکھاتا ہے تمہیں | اللہ | اور اللہ | ہر | چیز کو | جاننے والا ہے | اور اگر | ہو تم | اوپر | سفر کے |

اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ اور اگر تم سفر میں ہو

وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَمْ | تَجِدُوْا | كَاتِبًا | فَرِهٰنٌ | مَّقْبُوْضَةٌ | فَاِنْ | اَمِنَ | بَعْضُكُمْ | بَعْضًا |
| اور نہ | پاؤ تم | لکھنے والا | تو گروی رکھنا | قبضہ میں | پھر اگر | اطمینان ہو جائے | تمہارے بعض کو | بعض پر |

اور کوئی لکھنے والا نہ پاؤ تو رہن قبضے میں دیا جائے۔ پھر اگر تم میں سے کوئی دوسرے پر اعتبار کرتا ہو تو چاہئے کہ جس کے

فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ وَلَا تَكْتُمُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلْيُؤَدِّ | الَّذِي | اؤْتُمِنَ | اَمَانَتَهٗ | وَلْيَتَّقِ | اللّٰهَ | رَبَّهٗ | وَلَا | تَكْتُمُوا |
| تو ادا کرے | وہ جسے | امین سمجھا گیا | اپنی امانت | اور چاہئے کہ ڈرے | اللہ سے | جو اس کا رب ہے | اور نہ | چھپاؤ |

پاس امانت رکھوائی گئی ہو وہ اس کو ادا کر دے۔ اور چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے جو اس کا رب ہے۔ اور تم گواہی کو

الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّهَادَةَ | وَمَنْ | يَّكْتُمْهَا | فَاِنَّهٗ | اٰثِمٌ | قَلْبُهٗ | وَاللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
| گواہی | اور جو | چھپائے اسے | تو بیشک وہ | گنہگار ہے | اس کا دل | اور اللہ | اسے جو | تم کرتے ہو |

نہ چھپاؤ اور جو شخص اس کو چھپائے گا تو یقیناً اس کا دل گناہ گار ہوگا۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو

عَلِيْمٌ ﴿٢٨٣﴾ ع لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط وَاِنْ تُبْدُوْا مَا ٣٩ ع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي | الْاَرْضِ | وَاِنْ | تُبْدُوْا | مَا |
| جانتا ہے | اللہ کا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | اور اگر | ظاہر کرو تم | جو |

جاننے والا ہے۔ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے اور اگر تم ظاہر کرو اس

فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ط فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْٓ | اَنْفُسِكُمْ | اَوْ | تُخْفُوْهُ | يُحَاسِبْكُمْ | بِهِ | اللّٰهُ | فَيَغْفِرُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ |
| میں | تمہارے دل ہے | یا | اسے چھپاؤ | حساب لے گا تم سے | اس کا | اللہ | پھر بخشے گا | جسے | چاہے |

چیز کو جو تمہارے دلوں میں ہے یا اسے چھپاؤ اللہ تم سے اس کا حساب لے گا تو جسے چاہے گا بخش دے گا

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٨٤﴾ اٰمَنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيُعَذِّبُ | مَنْ | يَّشَآءُ ط | وَاللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | اٰمَنَ |
| اور سزا دے گا | جسے | چاہے | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | ایمان لائے |

اور جسے چاہے گا عذاب دے گا اور اللہ اپنی ہر چاہت پر قادر ہے۔ رسول

الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلُ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْهِ | مِنْ رَّبِّهٖ | وَالْمُؤْمِنُوْنَ | كُلٌّ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ |
| رسول | ساتھ اللہ کے جو | اتارا گیا | اس کی طرف | اس کے رب سے | اور ایمان والے بھی | ہر ایک | ایمان لایا | ساتھ اللہ کے |

محتشم اور اہل ایمان نے جو کچھ ان پر ان کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اس کی تصدیق کی سب اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَلٰٓئِكَتِهٖ | وَكُتُبِهٖ | وَرُسُلِهٖ | لَا | نُفَرِّقُ | بَيْنَ | اَحَدٍ | مِّنْ رُّسُلِهٖ |
| اور اسکے فرشتوں کے | اور اس کی کتابوں کے | اور اس کے رسولوں کے | نہیں | فرق کرتے ہم | درمیان | کسی ایک کے | اسکے رسولوں میں سے |

اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی کے درمیان بھی ایمان لانے میں فرق نہیں کرتے

وَقَالُوا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾

| وَقَالُوْا | سَمِعْنَا | وَ | اَطَعْنَا | غُفْرَانَكَ | رَبَّنَا | وَاِلَيْكَ | الْمَصِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور عرض کی | ہم نے مانا | اور | ہم نے مانا | تیری معافی ہو | اے ہمارے رب | اور تیری ہی طرف | پھرنا ہے |

اور انہوں نے عرض کی ہم نے تیرا حکم سنا اور اطاعت کی ہمارے رب! ہم تیری بخشش کے طلب گار ہیں اور (ہم سب کو) تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا

| لَا | يُكَلِّفُ | اللّٰهُ | نَفْسًا | اِلَّا | وُسْعَهَا | لَهَا | مَا | كَسَبَتْ | وَعَلَيْهَا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | بوجھ ڈالتا | اللہ | کسی جان پر | مگر | اسکی طاقت بھر | اس کیلئے ہے | جو | کام کرے | اور اس پہ ہے | جو |

اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر بوجھ نہیں ڈالتا، اس نے جو نیکی کمائی اس کیلئے اس کا اجر ہے اور اس نے جو گناہ کمایا

اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا

| اكْتَسَبَتْ | رَبَّنَا | لَا | تُؤَاخِذْنَا | اِنْ | نَّسِيْنَا | اَوْ | اَخْطَاْنَا | رَبَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائی کررے | اے ہمارے رب | نہ | پکڑ ہمیں | اگر | ہم بھولیں | یا | چوکیں | اے ہمارے رب |

اسی پر اس کا عذاب ہے، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر بیٹھیں تو ہماری گرفت نہ فرما، اے ہمارے پروردگار!

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ

| وَلَا | تَحْمِلْ | عَلَيْنَآ | اِصْرًا | كَمَا | حَمَلْتَهٗ | عَلَى | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | ڈال | ہم پر | بوجھ | جیسا کہ | بوجھ ڈالا تونے | اوپر | ان کے | جو ہم سے پہلے تھے |

اور ہم پر اتنا بوجھ بھی نہ ڈال جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں جس طرح تونے ان لوگوں پر ڈالا تھا جو ہم سے پہلے تھے

رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟

| رَبَّنَا | وَلَا | تُحَمِّلْنَا | مَا | لَا | طَاقَةَ | لَنَا | بِهٖ | وَاعْفُ | عَنَّا | وَاغْفِرْلَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے ہمارے رب | اور نہ | ڈال ہم پر | ایسا کہ | نہ | طاقت ہو | ہم میں | اس کی | اور معاف فرما | ہمیں | اور بخش دے ہم کو |

اے ہمارے پروردگار ہم پر ان اعمال کا بوجھ نہ ڈالنا جس ہم میں طاقت نہ ہوا در ہمارے گناہوں سے

وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ع

| وَارْحَمْنَا | اَنْتَ | مَوْلٰىنَا | فَانْصُرْنَا | عَلَى | الْقَوْمِ | الْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رحم کر ہم پر | تو ہی | ہمارا مولیٰ ہے | پس مدد دے ہمیں | اوپر | قوم | کافروں کے |

درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا کار ساز ہے پس ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما۔

اٰیاتها ۲۰۰ — ۳ سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ ۸۹ — رکوعاتها ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿۲﴾ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

| الٓمّٓ | اللّٰهُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | الْحَيُّ | الْقَيُّوْمُ | نَزَّلَ | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الم | اللہ ہے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | جو آپ زندہ ہے | اور روں کا قائم رکھنے والا ہے | اس نے نازل کی | آپ پر | کتاب |

الف لام میم۔ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا اور سب کو قائم رکھنے والا ہے (اے حبیب) اسی نے (یہ) کتاب آپ پر حق

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۳﴾

| بِالْحَقِّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيْهِ | وَاَنْزَلَ | التَّوْرٰىةَ | وَالْاِنْجِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سچی | تصدیق کرنے والی | اس کی جو | اس سے پہلی ہے | اور نازل کی | توریت | اور انجیل |

کے ساتھ نازل فرمائی ہے ان کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے اتری ہیں اور اسی نے توراۃ اور انجیل نازل فرمائی ہے۔

مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۬ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| مِنْ قَبْلُ | هُدًى | لِّلنَّاسِ | وَاَنْزَلَ | الْفُرْقَانَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے پہلے | ہدایت | لوگوں کے لئے | اور اتارا | فیصلہ کرنے والا | بیشک | وہ جو | منکر ہوئے |

(جیسے) اس سے قبل لوگوں کی (رہنمائی) کیلئے کتابیں اُتاری گئیں اور اس نے (حق اور باطل) میں فرق کرنے والا قرآن نازل فرمایا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُوانْتِقَامٍ ﴿۴﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | لَهُمْ | عَذَابٌ | شَدِيْدٌ | وَاللّٰهُ | عَزِيْزٌ | ذُوانْتِقَامٍ | اِنَّ |
| آیتوں سے | اللہ کی | ان کیلئے | عذاب ہے | سخت | اور اللہ | غالب | بدلا لینے والا ہے | بیشک |

ہے، بے شک جو لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں ان کیلئے سخت عذاب ہے اور اللہ بڑا غالب انتقام لینے والا ہے۔ بے شک

اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ؕ ﴿۵﴾ هُوَ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | لَا | يَخْفٰى | عَلَيْهِ | شَيْءٌ | فِي | الْاَرْضِ | وَلَا | فِي | السَّمَآءِ | هُوَ | الَّذِيْ |
| اللہ | نہیں | چھپی رہتی | اس پر | کوئی چیز | میں | زمین | اور نہ | میں | آسمان | وہ اللہ | وہ ہے جو |

اللہ پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں، زمین میں اور نہ آسمان میں۔ وہی ہے

يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُصَوِّرُكُمْ | فِي | الْاَرْحَامِ | كَيْفَ | يَشَآءُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | الْعَزِيْزُ |
| تصویر بناتا ہے تمہاری | میں | پیٹوں | جس طرح | چاہے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | عزت والا |

جو تمہیں (ماؤں کے) رحموں میں جس طرح چاہے صورت عطا فرماتا ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، بڑی عزت والا

الْحَكِيْمُ ﴿۶﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | مِنْهُ | اٰيٰتٌ | مُّحْكَمٰتٌ |
| حکمت والا | وہ اللہ | وہ ہے جس نے | اتاری | آپ پر | کتاب | اس کی کچھ | آیتیں | صاف معنی رکھتی ہیں |

بہت حکمت والا۔ وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اتاری اس کی کچھ آیتیں محکم ہیں وہ

هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُنَّ | اُمُّ | الْكِتٰبِ | وَاُخَرُ | مُتَشٰبِهٰتٌ | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | زَيْغٌ |
| وہی | اصل ہیں | کتاب کی | اور دوسری | مشتبہ معنی والی ہیں | تو جو | ایسے ہیں کہ | میں | ان کے دلوں | کجی ہے |

کتاب کی اصل ہیں اور دوسری وہ ہیں جو متشابہات میں سے ہے وہ جن کے دلوں میں

وقف النبی

فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ج وَمَا

| فَيَتَّبِعُوْنَ | مَا | تَشَابَهَ | مِنْهُ | ابْتِغَآءَ | الْفِتْنَةِ | وَابْتِغَآءَ | تَاْوِيْلِهٖ | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سو وہ پیچھے پڑتے ہیں | اس کے جو | مشتبہ ہیں | ان میں سے | چاہتے ہیں | گمراہی | اور چاہتے ہیں | اس کا مطلب | اور نہیں |

ٹیڑھا پن ہے وہ تشابہات والی آیات کے پیچھے پڑتے ہیں گمراہی چاہنے اور اس کا

وقف منزل
وقف لازم

يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ م وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا

| يَعْلَمُ | تَاْوِيْلَهٗٓ | اِلَّا | اللّٰهُ | وَالرّٰسِخُوْنَ | فِي الْعِلْمِ | يَقُوْلُوْنَ | اٰمَنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا | اس کا مطلب | مگر | اللہ | اور جو پختہ ہیں | علم میں | وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لائے |

پہلو ڈھونڈھنے کو اور اس کا ٹھیک پہلو اللہ ہی کو معلوم ہے اور پختہ علم والے کہتے ہیں ہم اس پر ایمان

بِهٖ لا كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ج وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٧﴾ رَبَّنَا

| بِهٖ | كُلٌّ | مِّنْ | عِنْدِ رَبِّنَا | وَمَا | يَذَّكَّرُ | اِلَّآ | اُولُوا الْاَلْبَابِ | رَبَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے ساتھ | سب ہے | طرف سے | ہمارے رب کی | اور نہیں | نصیحت پکڑتے | مگر | صاحب عقل | اے ہمارے رب |

لائے یہ سب ہمارے رب کے پاس سے ہے اور عقل والے ہی نصیحت مانتے ہیں۔ اے ہمارے رب!

لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج

| لَا | تُزِغْ | قُلُوْبَنَا | بَعْدَ | اِذْ | هَدَيْتَنَا | وَهَبْ | لَنَا | مِنْ لَّدُنْكَ | رَحْمَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | ٹیڑھا کر | ہمارے دلوں کو | بعد | اس کے کہ | تو نے ہم کو ہدایت دی | اور دے | ہم کو | اپنے پاس سے | رحمت |

ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

| اِنَّكَ | اَنْتَ | الْوَهَّابُ | رَبَّنَآ | اِنَّكَ | جَامِعُ | النَّاسِ | لِيَوْمٍ | لَا | رَيْبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک تو | تو ہی ہے | بڑا دینے والا | اے ہمارے رب | بیشک تو | جمع کرنے والا ہے | لوگوں کو | اس دن کیلئے کہ | نہیں | شک |

بیشک تو ہی بڑا عطا فرمانے والا ہے۔ اے ہمارے رب! بے شک تو اس دن کہ جس میں کوئی شک نہیں سب لوگوں

فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝۹ ؏ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ ع ۶

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُخْلِفُ | الْمِيْعَادَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَنْ تُغْنِيَ |
| اس میں | بیشک | اللہ کا | نہیں | بدلتا | وعدہ | بے شک | وہ جو | کافر ہوئے | ہرگز نہ بچاسکے گا |

کو جمع فرمانے والا ہے یقیناً اللہ (اپنے) وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ بے شک جنہوں نے کفر کیا نہ ان کے مال انہیں اللہ (کے عذاب)

عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمْ | اَمْوَالُهُمْ | وَلَآ | اَوْلَادُهُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | شَيْـًٔا | وَاُولٰۗىِٕكَ | هُمْ |
| ان کو | ان کا مال | اور نہ | ان کی اولاد | اللہ سے | کچھ | اور یہی لوگ | وہی ہیں |

سے بچا سکیں گے اور نہ ہی ان کی اولاد اور یہی لوگ دوزخ

وَقُوْدُ النَّارِ ۝۱۰ لا كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقُوْدُ | النَّارِ | كَدَاْبِ | اٰلِ | فِرْعَوْنَ | وَالَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ |
| ایندھن | دوزخ کے | مثل | آل | فرعون کے | اور جو | ان سے پہلے تھے |

کا ایندھن ہیں۔ ان کا طریقہ فرعون کی قوم اور ان سے پہلے کافروں کے طریقے کی مثل ہے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | فَاَخَذَهُمُ | اللّٰهُ | بِذُنُوْبِهِمْ | وَاللّٰهُ | شَدِيْدُ |
| جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | تو پکڑا ان کو | اللہ نے | ان کے گناہوں پر | اور اللہ | سخت |

انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو اللہ نے ان کے گناہوں کے سبب انہیں پکڑا اور اللہ سخت عذاب

الْعِقَابِ ۝۱۱ قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعِقَابِ | قُلْ | لِّلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | سَتُغْلَبُوْنَ | وَتُحْشَرُوْنَ | اِلٰى |
| عذاب والا ہے | فرمادو | ان کو جو | کافر ہوئے | تم جلدی مغلوب ہو جاؤ گے | اور تم ہانکے جاؤ گے | طرف |

دینے والا ہے۔ (اے محبوب ﷺ!) کافروں سے فرما دیجئے عنقریب تم مغلوب ہو گے اور دوزخ کی طرف جمع

جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۭ

| جَهَنَّمَ | وَبِئْسَ | الْمِهَادُ | قَدْ | كَانَ | لَكُمْ | اٰيَةٌ | فِيْ | فِئَتَيْنِ | الْتَقَتَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ کے | اور بہت ہی برا ہے | بچھونا | بے شک | تھی | تمہارے لئے | نشانی | میں | دو گروہوں | جو بھڑ گئے آپس میں |

کئے جاؤ گے اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ یقیناً تمہارے لیے ان دو گروہوں میں بڑی نشانی تھی جو آپس میں

فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ

| فِئَةٌ | تُقَاتِلُ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَاُخْرٰى | كَافِرَةٌ | يَّرَوْنَهُمْ | مِّثْلَيْهِمْ | رَاْيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک جماعت | لڑتی تھی | میں | راہ | اللہ کی | اور دوسری | کافر تھی | وہ دیکھتے تھے ان کو | اپنے سے دگنا | دیکھنا |

ٹکرائے تھے۔ایک گروہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑ رہا تھا اور دوسرا کافر تھا۔انکار کرنے والے کھلی آنکھوں سے ان کو

الْعَيْنِ ۭ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً

| الْعَيْنِ | وَاللّٰهُ | يُؤَيِّدُ | بِنَصْرِهٖ | مَنْ | يَّشَآءُ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَعِبْرَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر آنکھ کا | اور اللہ | زور دیتا ہے | اپنی مدد سے | جس کو | چاہے | بیشک | اس میں | عبرت |

اپنے سے دوگنا دیکھتے تھے اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنی مدد سے قوت پہنچاتا ہے۔ یقیناً اس میں آنکھوں والوں

لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ

| لِّاُولِي الْاَبْصَارِ | زُيِّنَ | لِلنَّاسِ | حُبُّ | الشَّهَوٰتِ | مِنَ النِّسَآءِ | وَالْبَنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آنکھ والوں کے لئے | آراستہ کی گئی | لوگوں کیلئے | محبت | ان کے خواہشات کی | عورتیں | اور بیٹے دیں |

کے لیے عبرت ہے۔ لوگوں کے لیے خواہشات کی محبت خوش نما بنا دی گئی۔

وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

| وَالْقَنَاطِيْرِ | الْمُقَنْطَرَةِ | مِنَ الذَّهَبِ | وَالْفِضَّةِ | وَالْخَيْلِ | الْمُسَوَّمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور خزانے | جمع کیے گئے | سونے سے | اور چاندی کے | اور گھوڑے | نشان کیے ہوئے |

عورتیں، بیٹے، سونا چاندی کے ڈھیر، نشان لگے ہوئے گھوڑے،

وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ

| وَالْاَنْعَامِ | وَالْحَرْثِ | ذٰلِكَ | مَتَاعُ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَاللّٰهُ | عِنْدَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور چوپائے | اور کھیتی | یہ | سامان | زندگی ہے | دنیا کا | اور اللہ | اس کے پاس ہے |

مویشی اور کھیتی۔ یہ سب کچھ دنیا کی زندگی کا سامان ہے اور اللہ تعالیٰ کے

حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا

| حُسْنُ | الْمَاٰبِ | قُلْ | اَؤُنَبِّئُكُمْ | بِخَيْرٍ | مِّنْ ذٰلِكُمْ | لِلَّذِيْنَ | اتَّقَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھا | ٹھکانہ | فرمادیجئے | کیا میں تمہیں بتلاؤں | بہتر | اس سے | ان کیلئے | جو پرہیزگار ہیں |

پاس اچھا ٹھکانہ ہے۔ (اے حبیب) آپ فرمادیں کہ کیا میں تمہیں ان سب سے بہترین چیز کی خبر دوں؟ پرہیزگاروں

عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

| عِنْدَ | رَبِّهِمْ | جَنّٰتٌ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاس | ان کے رب کے | جنتیں | رواں ہیں | ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہیں گے | ان میں |

کیلئے ان کے رب کے پاس (ایسی) جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے (ان کیلئے)

وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾ ۚ

| وَاَزْوَاجٌ | مُّطَهَّرَةٌ | وَّرِضْوَانٌ | مِّنَ اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | بَصِيْرٌ | بِالْعِبَادِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بیویاں | ستھری | اور خوشنودی | اللہ کی | اور اللہ | دیکھنے والا ہے | بندوں کو |

پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور اللہ کی طرف سے خوشنودی نصیب ہو گی اور اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ

| اَلَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَآ | اِنَّنَآ | اٰمَنَّا | فَاغْفِرْ لَنَا | ذُنُوْبَنَا | وَقِنَا | عَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | کہتے ہیں | اے ہمارے رب | بیشک ہم | ایمان لائے | سو بخش دے ہم کو | ہمارے گناہ | اور بچا ہم کو | عذاب سے |

(یہ وہ لوگ ہیں) جو کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم یقیناً ایمان لے آئے ہیں سو ہمارے گناہ معاف فرمادے اور ہمیں دوزخ کے عذاب

النَّارِ ﴿۱۶﴾ج اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | اَلصّٰبِرِيْنَ | وَالصّٰدِقِيْنَ | وَالْقٰنِتِيْنَ | وَالْمُنْفِقِيْنَ |
| دوزخ کے | صبر کرنے والے | اور سچے | اور ادب والے | اور خرچ کرنے والے |

سے بچا لے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو صبر کرنے والے اور سچ بولنے والے اور فرمانبردار اور (اللہ کی راہ میں) خرچ کرنے

وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ | بِالْاَسْحَارِ | شَهِدَ | اللّٰهُ | اَنَّهٗ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا هُوَ |
| اور معافی مانگنے والے | پچھلے پہر | گواہی دیتا ہے | اللہ | اس کی کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر وہی |

والے اور رات کے آخری حصوں میں بخشش مانگنے والے ہیں۔ اللہ نے گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتوں نے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمَلٰٓئِكَةُ | وَاُولُوا الْعِلْمِ | قَآئِمًا | بِالْقِسْطِ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | الْعَزِيْزُ |
| اور فرشتے | اور علم والے | قائم ہو کر | انصاف سے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | عزت والا |

اور علم والوں نے جو عدل و انصاف پر قائم ہیں کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں بہت عزت والا بڑی

الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ط اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ قف وَمَا اخْتَلَفَ النصف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | اِنَّ | الدِّيْنَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | الْاِسْلَامُ | وَمَا | اخْتَلَفَ |
| حکمت والا | بے شک | دین | نزدیک | اللہ کے | اسلام ہی ہے | اور نہیں | اختلاف کیا |

حکمت والا۔ یقیناً دین اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف اسلام ہے۔ اور اہل کتاب نے علم

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | اِلَّا | مِنْ بَعْدِ | مَا | جَآءَهُمُ | الْعِلْمُ | بَغْيًا | بَيْنَهُمْ |
| ان لوگوں نے | جو دیے گئے | کتاب | مگر | بعد اس کے | جو | آیا ان کے پاس | علم | سرکشی سے | آپس میں |

آجانے کے بعد محض آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی کرنے کے لیے اختلاف کیا۔

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾ فَاِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | يَّكْفُرْ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | سَرِيْعُ | الْحِسَابِ | فَاِنْ |
| اور جو | منکر ہوئے | آیتوں سے | اللہ کی | تو بے شک | اللہ | جلدی | حساب لینے والا ہے | پھر اگر |

اور جو اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار کرے گا تو یقیناً اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔ پھر اگر

حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَآجُّوْكَ | فَقُلْ | اَسْلَمْتُ | وَجْهِيَ | لِلّٰهِ | وَمَنِ | اتَّبَعَنِ | وَقُلْ |
| جھگڑا کریں تم سے | تو فرما دو | میں نے جھکایا | اپنا چہرہ | اللہ کے لئے | اور جو | میرے پیروکار ہیں | اور فرما دو |

وہ لوگ آپ سے جھگڑا کریں تو فرما دو کہ میں نے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا فرماں بردار بنالیا ہے اور میری پیروی کرنے والوں نے بھی اور آپ ان لوگوں سے جنہیں

لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | وَ | الْاُمِّيّٖنَ | ءَاَسْلَمْتُمْ | فَاِنْ | اَسْلَمُوْا | فَقَدِ |
| ان کو جو | دیئے گئے | کتاب | اور | ان پڑھوں کو | کیا تم گردن جھکاتے ہو | پھر اگر | گردن جھکا دیں | تو بیشک |

کتاب دی گئی تھی اور ان پڑھوں سے فرمادیں: "کیا تم بھی اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا فرماں بردار بناتے ہو"؟ اگر وہ فرماں بردار بن جائیں تو انہوں نے ہدایت

ع ۲ ۱۰ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اهْتَدَوْا | وَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاِنَّمَا | عَلَيْكَ | الْبَلٰغُ | وَاللّٰهُ | بَصِيْرٌ | بِالْعِبَادِ |
| ہدایت پا گئے | اور اگر | منہ پھیریں | تو صرف | آپ کے ذمہ | پہنچانا ہے | اور اللہ | دیکھنے والا ہے | بندوں کو |

پالی۔ اور اگر وہ منہ پھیریں تو آپ کا کام صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَيَقْتُلُوْنَ | النَّبِيّٖنَ | بِغَيْرِ حَقٍّ |
| بے شک | وہ جو | منکر ہوئے ہیں | آیتوں سے | اللہ کی | اور قتل کرتے ہیں | پیغمبروں کو | ناحق |

بیشک جو لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں

وَيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَأْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَقْتُلُوْنَ | الَّذِيْنَ | يَأْمُرُوْنَ | بِالْقِسْطِ | مِنَ النَّاسِ | فَبَشِّرْهُمْ |
| اور | شہید کرتے ہیں | ان کو | جو حکم کرتے ہیں | انصاف کا | لوگوں کو | تو خوشخبری دو ان کو |

اور لوگوں میں سے انہیں بھی قتل کرتے ہیں جو عدل و انصاف کا حکم دیتے ہیں سو آپ انہیں دردناک

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِعَذَابٍ | اَلِيْمٍ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | فِي | الدُّنْيَا |
| عذاب | دردناک کی | یہ ہیں وہ | جن کے | اکارت ہوئے | اعمال | میں | دنیا |

عذاب کی خبر سنا دیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت (دونوں) میں غارت

وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاٰخِرَةِ | وَمَا | لَهُمْ | مِّنْ | نّٰصِرِيْنَ | اَلَمْ تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | اُوْتُوْا |
| اور آخرت | اور نہیں | ان کے لئے | کوئی | مددگار | کیا نہیں دیکھا آپ نے | طرف | ان کی | جو دیئے گئے |

ہو گئے اور ان کا کوئی مددگار نہیں ہو گا۔ کیا آپ نے ان کو نہ دیکھا جنہیں

نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَصِيْبًا | مِّنَ الْكِتٰبِ | يُدْعَوْنَ | اِلٰى | كِتٰبِ | اللّٰهِ | لِيَحْكُمَ | بَيْنَهُمْ | ثُمَّ |
| کچھ حصہ | کتاب سے | وہ بلائے جاتے ہیں | طرف | کتاب | اللہ کی کے | تا کہ فیصلہ کرے | ان کے درمیان | پھر |

کتاب کا حصہ ملا، وہ اللہ کی کتاب کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ فیصلہ کرے (کتاب) ان کے درمیان پھر

يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَوَلّٰى | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ | وَهُمْ | مُّعْرِضُوْنَ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَالُوْا | لَنْ |
| پھر جاتا ہے | ایک گروہ | ان میں سے | اور وہ | روگرداں ہو کر | یہ | اس لئے کہ | وہ کہتے تھے | ہرگز نہ |

ان میں سے ایک گروہ روگردانی کرتے ہوئے پھر جاتا ہے۔ یہ (سرکشی ان میں) اس لئے (پیدا ہوئی)

تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّآ أَيَّامًا مَّعْدُودٰتٍ ۖ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَمَسَّنَا | النَّارُ | إِلَّآ | أَيَّامًا | مَّعْدُودٰتٍ | وَغَرَّهُمْ | فِي | دِينِهِم | مَّا |
| چھوئے گی ہمیں | آگ | مگر | دن | گنتی کے | اور فریب دیا ان کو | میں | ان کے دین | جو |

کہ انہوں نے کہا ہمیں آگ ہرگز نہ چھوئے گی مگر چند روز گنتی کے اور ان کے دین نے انہیں دھوکہ میں ڈال دیا اس چیز

كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾ فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ قف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوا | يَفْتَرُونَ | فَكَيْفَ | إِذَا | جَمَعْنٰهُمْ | لِيَوْمٍ | لَّا | رَيْبَ | فِيهِ |
| تھے | افتراء کرتے | تو کیسا ہوگا | جب | اکٹھا کریں گے ہم ان کو | اس دن کہ | نہیں | شک | اس میں |

نے جو وہ بہتان باندھتے تھے۔ کیا حال ہوگا جب ہم انہیں اکٹھا کریں گے اس دن جس میں شک نہیں

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَوُفِّيَتْ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّا | كَسَبَتْ | وَهُمْ | لَا | يُظْلَمُونَ | قُلِ | اللّٰهُمَّ |
| اور پورا پورا دیا جائے گا | ہر | جان کو | جو | اس نے کمایا ہوگا | اور وہ | نہ | ظلم کیے جائیں گے | یوں عرض کر | اے اللہ |

اور ہر نفس کو اس کی کمائی پوری دی جائے گی اور ان پر ظلم نہ ہو گا۔ یوں عرض کیجئے

مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٰلِكَ | الْمُلْكِ | تُؤْتِي | الْمُلْكَ | مَنْ | تَشَآءُ | وَتَنْزِعُ | الْمُلْكَ | مِمَّنْ | تَشَآءُ |
| مالک | ملکوں کے | دیتا ہے تو | سلطنت | جسے | چاہے | اور چھین لیتا ہے | سلطنت | جس سے | چاہے |

اے اللہ ملک کے مالک تو جسے چاہے سلطنت دے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے اور

وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتُعِزُّ | مَنْ | تَشَآءُ | وَتُذِلُّ | مَنْ | تَشَآءُ | بِيَدِكَ | الْخَيْرُ | اِنَّكَ | عَلٰى |
| اور عزت دیتا ہے | جسے | چاہے | اور ذلیل کرتا ہے | جسے | چاہے | تیرے ہی ہاتھ میں ہے | بھلائی | بیشک تو | اوپر |

جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٦﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز

| كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | تُوْلِجُ | الَّيْلَ | فِي | النَّهَارِ | وَتُوْلِجُ | النَّهَارَ | فِي | الَّيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | چیز کے | قادر ہے | ڈالتا ہے | رات کو | میں | دن | اور ڈالتا ہے | دن کو | میں | رات |

بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ

| وَتُخْرِجُ | الْحَيَّ | مِنَ الْمَيِّتِ | وَتُخْرِجُ | الْمَيِّتَ | مِنَ الْحَيِّ | وَتَرْزُقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نکالتا ہے | زندہ کو | مردہ سے | اور نکالتا ہے | مردہ کو | زندہ سے | اور تو رزق دیتا ہے |

اور تو ہی زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور جسے چاہتا ہے

مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ

| مَنْ | تَشَآءُ | بِغَيْرِ حِسَابٍ | لَا | يَتَّخِذِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | الْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جسے | چاہے | بغیر حساب کے | نہ | پکڑیں | مسلمان | کافروں کو |

بغیر حساب کے عطا کرتا ہے۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ اہل ایمان کو چھوڑ کر کافروں

اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ج وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ

| اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَمَنْ | يَّفْعَلْ | ذٰلِكَ | فَلَيْسَ | مِنَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوست | سوائے | مسلمانوں کے | اور جو | کرے گا | ایسا | تو نہیں ہے | اللہ کی طرف |

کو دوست نہ بنائیں اور جو کوئی ایسا کرے گا اس کیلئے اللہ (کی دوستی میں) سے کچھ نہیں ہو گا

فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ط وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ

| فِيْ | شَيْءٍ | اِلَّآ | اَنْ | تَتَّقُوْا | مِنْهُمْ | تُقٰىةً | وَيُحَذِّرُكُمُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | کسی چیز کے | مگر | یہ کہ | ڈرو تم | ان سے | کچھ ڈرنا | اور ڈراتا ہے تم کو | اللہ |

سوائے اس کے کہ تم ان (کے شر) سے بچنا چاہو اور اللہ تمہیں اپنی ذات (کے غضب) سے

نَفْسَهٗ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفْسَهٗ | وَاِلَى | اللّٰهِ | الْمَصِيْرُ | قُلْ | اِنْ | تُخْفُوْا | مَا | فِيْ صُدُوْرِكُمْ |
| اپنے عذاب سے | اور طرف | اللہ کی ہے | پھرنا | فرمادو | اگر | چھپاؤ تم | جو | تمہارے جی میں ہے |

ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ فرما دیجئے اگر تم چھپاؤ اس چیز کو جو تمہارے سینوں میں ہے

اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | تُبْدُوْهُ | يَعْلَمْهُ | اللّٰهُ | وَيَعْلَمُ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي | الْاَرْضِ |
| یا | ظاہر کرو اسے | جانتا ہے اس کو | اللہ | اور جانتا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور جو | میں | زمین ہے |

یا اسے ظاہر کرو تو اللہ اسے جانتا ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | يَوْمَ | تَجِدُ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّا | عَمِلَتْ |
| اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | جس دن | پائے گی | ہر | جان | جو | عمل کیا ہوگا |

اور اللہ جو چاہے اس پر قادر ہے۔ جس دن ہر شخص اپنے سامنے موجود پائے گا

مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚۛ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚۛ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ خَيْرٍ | مُّحْضَرًا | وَّ | مَا | عَمِلَتْ | مِنْ سُوْٓءٍ | تَوَدُّ | لَوْ | اَنَّ | بَيْنَهَا |
| بھلا | حاضر | اور | جو | عمل کیے ہوں گے | برے | امید کرے گی | کاش | یہ کہ | اس برائی میں |

اپنے ہر نیک کام کو اور اپنے ہر برے کام کو وہ (برے عمل کرنے والا) چاہے گا کاش میرے اور اس (دن) کے

وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًا ۢ بَعِيْدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَبَيْنَهٗ | اَمَدًا | بَعِيْدًا | وَيُحَذِّرُكُمُ | اللّٰهُ | نَفْسَهٗ | وَاللّٰهُ | رَءُوْفٌ |
| اور اسکے درمیان ہو | فاصلہ | دور کا | اور ڈراتا ہے تم کو | اللہ | اپنے عذاب سے | اور اللہ | مہربان ہے |

درمیان دور کا فاصلہ ہوتا اور اللہ تمہیں اپنے (عذاب) سے ڈراتا ہے اور اللہ بندوں پر نہایت

معانقۃ ۲

بِالۡعِبَادِ ۳۰ قُلۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تُحِبُّوۡنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوۡنِىۡ يُحۡبِبۡكُمُ اللّٰهُ ع ۲

| بِالۡعِبَادِ | قُلۡ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ | تُحِبُّوۡنَ | اللّٰهَ | فَاتَّبِعُوۡنِىۡ | يُحۡبِبۡكُمُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بندوں پر | فرمادو | اگر | ہوتم | محبت رکھتے | اللہ سے | توتم میری پیروی کرو | محبت رکھے گا تم سے | اللہ |

مہربان ہے۔ اے محبوب فرما دیجئے اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو تب اللہ تمہیں اپنا محبوب بنائے گا

وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡ ذُنُوۡبَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۳۱ قُلۡ اَطِيۡعُوا اللّٰهَ

| وَيَغۡفِرۡلَكُمۡ | ذُنُوۡبَكُمۡ | وَاللّٰهُ | غَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ | قُلۡ | اَطِيۡعُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بخشے گا تم کو | تمہارے گناہ | اور اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | فرمادو | حکم مانو | اللہ کا |

اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ فرما دو اطاعت کرو اللہ

وَالرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الۡكٰفِرِيۡنَ ۳۲ اِنَّ اللّٰهَ

| وَالرَّسُوۡلَ | فَاِنۡ | تَوَلَّوۡا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الۡكٰفِرِيۡنَ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رسول کا | پھر اگر | منہ پھیریں | تو بیشک | اللہ | نہیں | محبت رکھتا | کافروں سے | بیشک | اللہ نے |

اور اس کے رسول کی کہ اگر وہ نہ مانیں تو اللہ کو پسند نہیں ہیں انکار کرنے والے۔ بے شک اللہ

اصۡطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوۡحًا وَّاٰلَ اِبۡرٰهِيۡمَ وَاٰلَ عِمۡرٰنَ عَلَى

| اصۡطَفٰٓى | اٰدَمَ | وَنُوۡحًا | وَّ | اٰلَ | اِبۡرٰهِيۡمَ | وَاٰلَ | عِمۡرٰنَ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چن لیا | آدم کو | اور نوح کو | اور | آل | ابراہیم کو | اور آل | عمران کو | اوپر |

نے آدم کو اور نوح کو اور آلِ ابراہیم کو اور آلِ عمران کو سب جہان والوں پر (بزرگی کے لیے)

الۡعٰلَمِيۡنَ ۳۳ ۙ ذُرِّيَّةًۢ بَعۡضُهَا مِنۡۢ بَعۡضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ۚ ۳۴ اِذۡ

| الۡعٰلَمِيۡنَ | ذُرِّيَّةً | بَعۡضُهَا | مِنۡ بَعۡضٍ | وَاللّٰهُ | سَمِيۡعٌ | عَلِيۡمٌ | اِذۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہان والوں کے | یہ ایک نسل ہے | بعض ان کی | بعض سے | اور اللہ | سنتا | جانتا ہے | جب |

منتخب فرما لیا۔ یہ ایک ہی نسل ہے ان میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ جب

قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَتِ | امْرَاَتُ | عِمْرٰنَ | رَبِّ | اِنِّیْ | نَذَرْتُ | لَكَ | مَا | فِیْ | بَطْنِیْ |
| کہا | بیوی نے | عمران کی | اے رب | میں نے | منت مانی ہے | تیرے لئے | جو | میں | میرے پیٹ ہے |

عرض کی عمران کی بیوی نے اے میرے رب! بے شک میں نے تیرے لئے منت مانی (اس کی) جو میرے پیٹ میں ہے آزاد کیا

مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحَرَّرًا | فَتَقَبَّلْ | مِنِّیْ | اِنَّكَ | اَنْتَ | السَّمِیْعُ | الْعَلِیْمُ | فَلَمَّا |
| آزاد۔ | تو قبول کر | مجھ سے | بے شک تو | تو ہی ہے | سنتا | جانتا | پھر جب |

ہوا (خالص تیرے لئے) تو (اے رب!) قبول کر لے مجھ سے، بے شک تو ہی بہت سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ پھر جب

وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَاۤ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَضَعَتْهَا | قَالَتْ | رَبِّ | اِنِّیْ | وَضَعْتُهَاۤ | اُنْثٰى | وَاللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا |
| جنا اس کو | تو کہا | اے میرے رب | بیشک میں نے | جنا اس کو | لڑکی | اور اللہ | خوب جانتا ہے | جو |

اسے جنم دیا تو کہا اے میرے رب! میں نے یہ لڑکی جنی اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ اس (عمران کی بیوی) نے جنا

وَضَعَتْ ؕ وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّیْ سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ وَاِنِّیْۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَضَعَتْ | وَلَیْسَ | الذَّكَرُ | كَالْاُنْثٰى | وَاِنِّیْ | سَمَّیْتُهَا | مَرْیَمَ | وَاِنِّیْۤ |
| اس نے جنا | اور نہیں | مرد | مثل عورت کے | اور بیشک میں نے | نام رکھا اس کا | مریم | اور میں |

اور لڑکا نہیں (ہو سکتا ان) لڑکی جیسا (جو اللہ نے عطا کی) اور بے شک میں نے اس کا نام مریم رکھا

اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ﴿۳۶﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُعِیْذُهَا بِكَ | وَذُرِّیَّتَهَا | مِنَ الشَّیْطٰنِ | الرَّجِیْمِ | فَتَقَبَّلَهَا | رَبُّهَا |
| پناہ میں دیتی ہوں اس کو تیری | اور اس کی اولاد کو | شیطان سے | راندے ہوئے | تو قبول کیا اس کو | اس کے رب نے |

اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتی ہوں مردود شیطان سے۔ تو اسے اس کے رب نے

بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ

| بِقَبُوْلٍ | حَسَنٍ | وَّاَنْۢبَتَهَا | نَبَاتًا | حَسَنًا | وَّ | كَفَّلَهَا | زَكَرِيَّا | كُلَّمَا | دَخَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قبول کرنا | اچھا | اور پروان چڑھایا اسے | بڑھانا | اچھا | اور | نگرانی میں دیا اسے | زکریا کی | جب بھی | داخل ہوئے |

اچھی طرح قبول کیا اور اسے اچھا پروان چڑھایا اور اسے زکریا کی کفالت میں دیا جب زکریا اس کے

عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى

| عَلَيْهَا | زَكَرِيَّا | الْمِحْرَابَ | وَجَدَ | عِنْدَهَا | رِزْقًا | قَالَ | يٰمَرْيَمُ | اَنّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر | زکریا | نماز پڑھنے کی جگہ | پایا | اس کے پاس | رزق | کہا | اے مریم | کہاں سے ہے |

پاس اس کی نماز پڑھنے کی جگہ جاتے اس کے پاس نیا رزق پاتے کہا اے مریم یہ تیرے پاس

لَكِ هٰذَا ۭ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ

| لَكِ | هٰذَا | قَالَتْ | هُوَ | مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَرْزُقُ | مَنْ | يَّشَاۗءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تیرے لئے | یہ | بولی | وہ | اللہ کی طرف سے ہے | بے شک | اللہ | رزق دیتا ہے | جسے | چاہے |

کہاں سے آیا بولیں وہ اللہ کے پاس سے ہے بے شک اللہ جسے چاہتا ہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ

| بِغَيْرِ حِسَابٍ | هُنَالِكَ | دَعَا | زَكَرِيَّا | رَبَّهٗ | قَالَ | رَبِّ | هَبْ | لِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بغیر حساب کے | یہاں | دعا کی | زکریا نے | اپنے رب سے | کہا | اے رب | عطا کر | مجھے |

بے حساب دیتا ہے۔ یہاں پکارا زکریا نے اپنے رب کو عرض کیا اے رب میرے مجھے

لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ﴿۳۸﴾ فَنَادَتْهُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ

| مِنْ لَّدُنْكَ | ذُرِّيَّةً | طَيِّبَةً | اِنَّكَ | سَمِيْعُ | الدُّعَاۗءِ | فَنَادَتْهُ | الْمَلٰۗىِٕكَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے پاس سے | اولاد | پاک | بے شک تو | سننے والا ہے | دعا کا | تو پکارا اسے | فرشتوں نے |

اپنے پاس سے دے ستھری اولاد بے شک تو ہی ہے دعا سننے والا۔ ابھی وہ حجرے میں کھڑے نماز ہی

وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى

| وَهُوَ | قَآئِمٌ | يُّصَلِّيْ | فِي | الْمِحْرَابِ | اَنَّ | اللّٰهَ | يُبَشِّرُكَ | بِيَحْيٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ | کھڑا تھا | نماز پڑھتا | میں | محراب | بیشک | اللہ | بشارت دیتا ہے تجھے | یحیٰی کی |

پڑھ رہے تھے (یا دعا ہی کر رہے تھے) کہ انہیں فرشتوں نے آواز دی، بے شک اللہ آپ کو (فرزند) یحیٰی کی بشارت دیتا ہے جو کلمۃ اللہ

مُصَدِّقًۢا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾

| مُصَدِّقًا | بِكَلِمَةٍ | مِّنَ اللّٰهِ | وَسَيِّدًا | وَّحَصُوْرًا | وَّ | نَبِيًّا | مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تصدیق کرنے والا | ایک کلمہ کی | اللہ سے | اور سردار | اور عورتوں سے بچنے والا | اور | نبی | نیک لوگوں سے |

(یعنی عیسیٰ) کی تصدیق کرنے والا ہوگا اور سردار ہوگا اور عورتوں (کی رغبت) سے بہت محفوظ ہوگا اور (ہمارے) خاص نیک بندوں میں سے نبی ہوگا۔

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ

| قَالَ | رَبِّ | اَنّٰى | يَكُوْنُ | لِيْ | غُلٰمٌ | وَّ | قَدْ | بَلَغَنِيَ | الْكِبَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | اے رب | کہاں سے | ہوگا | میرے لئے | لڑکا | اور | تحقیق | پہنچا مجھے | بڑھاپا |

(زکریا نے) عرض کیا اے میرے رب! میرے ہاں لڑکا کیسے ہو گا حالانکہ مجھے بڑھاپا پہنچ چکا ہے

وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ﴿۴۰﴾ قَالَ رَبِّ

| وَامْرَاَتِيْ | عَاقِرٌ | قَالَ | كَذٰلِكَ | اللّٰهُ | يَفْعَلُ | مَا | يَشَاۗءُ | قَالَ | رَبِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور میری عورت | بانجھ ہے | فرمایا | اسی طرح | اللہ | کرتا ہے | جو | چاہے | عرض کی | اے میرے رب |

اور میری بیوی (بھی) بانجھ ہے، فرمایا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ (زکریا نے) عرض

اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ

| اجْعَلْ | لِّيْٓ | اٰيَةً | قَالَ | اٰيَتُكَ | اَلَّا | تُكَلِّمَ | النَّاسَ | ثَلٰثَةَ | اَيَّامٍ | اِلَّا | رَمْزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنا | میرے لئے | نشانی | فرمایا | تیری نشانی | یہ ہے کہ نہ | کلام کرسکے گا تو | لوگوں سے | تین | دن | مگر | اشارے سے |

کی اے میرے رب! مقرر فرما میرے لئے کوئی نشانی (رب نے) فرمایا آپ کی نشانی یہ ہے کہ آپ تین دن تک لوگوں سے بات نہ کر

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿٤١﴾ وَاِذْ قَالَتِ ع

| وَاذْكُرْ | رَّبَّكَ | كَثِيْرًا | وَّسَبِّحْ | بِالْعَشِيِّ | وَالْاِبْكَارِ | وَاِذْ | قَالَتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور یاد کرو | اپنے رب کو | بہت | اور تسبیح بیان کرو | پچھلے پہر | اور صبح کے تڑکے | اور جب | کہا |

سکیں گے مگر اشارے سے اور کثرت سے کیجئے اپنے رب کا ذکر اور (اس کی) تسبیح صبح وشام بیان کیجئے۔ اور جب فرشتوں

الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ

| الْمَلٰٓئِكَةُ | يٰمَرْيَمُ | اِنَّ | اللّٰهَ | اصْطَفٰىكِ | وَطَهَّرَكِ | وَاصْطَفٰىكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فرشتوں نے | اے مریم | بے شک | اللہ نے | چن لیا تجھے | اور پاک کیا تجھ کو | اور پسند کیا تجھ کو |

نے کہا اے مریم بے شک اللہ نے تجھے چن لیا اور تجھے خوب پاک کیا اور تجھے

عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٢﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ

| عَلٰى نِسَآءِ | الْعٰلَمِيْنَ | يٰمَرْيَمُ | اقْنُتِيْ | لِرَبِّكِ | وَاسْجُدِيْ |
|---|---|---|---|---|---|
| عورتوں پر | جہان کی | اے مریم | ادب سے کھڑی ہو | اپنے رب کے حضور | اور سجدہ کر |

برگزیدہ کیا کل جہان کی عورتوں پر۔ اے مریم اپنے رب کے حضور ادب سے کھڑی ہو اور

وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ

| وَارْكَعِيْ | مَعَ | الرّٰكِعِيْنَ | ذٰلِكَ | مِنْ اَنْۢبَآءِ | الْغَيْبِ | نُوْحِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
دن جو تکلیف تمہیں پہنچی جب دونوں لشکر باہم مقابل ہوگئے تھے، سو وہ اللہ کے حکم سے (ہی) تھی اور یہ اس لئے کہ اللہ ایمان والوں کو پہچان کرادے۔

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚۖ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِيَعْلَمَ | الَّذِيْنَ | نَافَقُوْا | وَقِيْلَ | لَهُمْ | تَعَالَوْا | قَاتِلُوْا | فِیْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
| اور تاکہ ظاہر کرے | ان کو جو | منافق ہیں | اور کہا گیا | ان کو | آؤ | لڑائی کرو | میں | راہ | اللہ کی |

اور تاکہ جدا کر دے ان لوگوں کو جو منافق ہوئے اور ان سے کہا گیا آؤ اللہ کی راہ میں لڑو یا

اَوِ ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوِ | ادْفَعُوْا | قَالُوْا | لَوْ | نَعْلَمُ | قِتَالًا | لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ | هُمْ | لِلْكُفْرِ | يَوْمَئِذٍ |
| یا | مدافعت کرو | کہتے ہیں | اگر | ہم جانتے | لڑائی کرنا | تو ضرور ہم تمہاری پیروی کرتے | وہ | کفر کے | اس دن |

(دشمن کو) دفع کرو وہ بولے اگر ہم جانتے کہ لڑائی ہو گی تو ضرور تمہارے ساتھ جاتے وہ اس دن ایمان کی

اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِیْمَانِ ۚ یَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَیْسَ

| اَقْرَبُ | مِنْهُمْ | لِلْاِیْمَانِ | یَقُوْلُوْنَ | بِاَفْوَاهِهِمْ | مَا | لَیْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زیادہ قریب تھے | ان کے | ایمان سے | کہتے ہیں | اپنے مونہوں سے | جو | نہیں |

بہ نسبت کفر سے زیادہ قریب تھے اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں

فِیْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا یَكْتُمُوْنَ ۚ ﴿۱۶۷﴾ اَلَّذِیْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ

| فِیْ قُلُوْبِهِمْ | وَ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا | یَكْتُمُوْنَ | اَلَّذِیْنَ | قَالُوْا | لِاِخْوَانِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے دلوں میں | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ | وہ چھپاتے ہیں | وہ جنہوں نے | کہا | اپنے بھائیوں کو |

اور اللہ خوب جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں۔ وہ (منافق) جنہوں نے اپنے (شہید)

وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ

| وَ | قَعَدُوْا | لَوْ | اَطَاعُوْنَا | مَا | قُتِلُوْا | قُلْ | فَادْرَءُوْا | عَنْ اَنْفُسِكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیٹھ رہے | اگر | کہا مانتے ہمارا | تو نہ | مارے جاتے | فرما دو | ہٹا لو | اپنی جانوں سے |

بھائیوں کے حق میں کہا جب کہ خود بیٹھے رہے اگر وہ ہماری بات مانتے تو قتل نہ ہوتے، فرما دیجئے تم اپنی جانوں ہی سے

الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ

| الْمَوْتَ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِیْنَ | وَ | لَا | تَحْسَبَنَّ | الَّذِیْنَ | قُتِلُوْا | فِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موت | اگر | ہو تم | سچے | اور | نہ | تم خیال کرو | ان لوگوں کو جو | مارے گئے ہیں | میں |

موت کو ٹال دو اگر تم سچے ہو۔ اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہرگز انہیں

سَبِیْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ لا

| سَبِیْلِ | اللّٰهِ | اَمْوَاتًا | بَلْ | اَحْیَآءٌ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | یُرْزَقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ | خدا کی | مردہ | بلکہ | زندہ ہیں | پاس | اپنے رب کے | کھاتے ہیں |

مردہ نہ خیال کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں ذوق پا رہے ہیں۔

فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ

| فَرِحِيْنَ | بِمَآ | اٰتٰهُمُ | اللّٰهُ | مِنْ فَضْلِهٖ | وَ | يَسْتَبْشِرُوْنَ | بِالَّذِيْنَ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خوش ہیں | اس پر جو | دیا ان کو | اللہ نے | اپنے فضل سے | اور | خوشیاں مناتے ہیں | ان پر | جو نہیں |

اللہ نے اپنے فضل سے جو کچھ دیا ہے اس پر وہ بہت خوش ہیں اور جو لوگ ان کے پیچھے ہیں

يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وقف لازم

| يَلْحَقُوْا | بِهِمْ | مِّنْ خَلْفِهِمْ | اَلَّا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ملے | انہیں | پیچھے سے کہ | یہ کہ نہیں | اندیشہ | ان پر | اور | نہ | وہ | غم کھاتے ہیں |

اور ابھی ان سے ملے نہیں ان پر مطمئن ہیں کہ ان کیلئے بھی نہ خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

| يَسْتَبْشِرُوْنَ | بِنِعْمَةٍ | مِّنَ اللّٰهِ | وَ | فَضْلٍ | وَّاَنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُضِيْعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خوشیاں مناتے ہیں | نعمتوں کے | اللہ سے | اور | فضل کے | اور بیشک | اللہ | نہیں | ضائع کرتا |

وہ اللہ کی نعمت اور فضل پر خوشیاں منا رہے ہیں اور اس پر (بھی) کہ اللہ ایمان والوں کا

اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ج ع اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ ع ۱۷ ۸

| اَجْرَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَلَّذِيْنَ | اسْتَجَابُوْا | لِلّٰهِ | وَ | الرَّسُوْلِ | مِنْ بَعْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجر | مسلمانوں کا | وہ جو | بلانے پر آئے | اللہ | اور | رسول کے | بعد اس کے |

اجر ضائع نہیں فرماتا۔ جن لوگوں نے زخم کھا چکنے کے بعد بھی اللہ اور رسول کا حکم مانا، ان میں

مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ مع

| مَآ | اَصَابَهُمُ | الْقَرْحُ | لِلَّذِيْنَ | اَحْسَنُوْا | مِنْهُمْ | وَ | اتَّقَوْا | اَجْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | پہنچا انہیں | زخم | ان کے لئے جو | اچھے ہوئے | ان سے | اور | پرہیزگار ہوئے | اجر |

جو نیکی کرنے والے ہیں اور پرہیزگار ہیں ان کیلئے بڑا

عَظِیۡمٌ ﴿۱۷۲﴾ اَلَّذِیۡنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدۡ جَمَعُوۡا لَكُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِیۡمٌ | اَلَّذِیۡنَ | قَالَ | لَهُمُ | النَّاسُ | اِنَّ | النَّاسَ | قَدۡ جَمَعُوۡا | لَكُمۡ |
| بڑا | وہ جن کو | کہا | ان کو | لوگوں نے | بے شک | لوگ | یقیناً اکٹھے ہوچکے | تمہارے لیے |

اجر ہے۔ جن سے لوگوں نے کہا کہ بے شک لوگوں نے تمہارے (مقابلے کے) لئے (بڑے لشکر) جمع کئے ہیں

فَاخۡشَوۡهُمۡ فَزَادَهُمۡ اِیۡمَانًا ۖ وَّقَالُوۡا حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاخۡشَوۡهُمۡ | فَزَادَهُمۡ | اِیۡمَانًا | وَ | قَالُوۡا | حَسۡبُنَا | اللّٰهُ | وَنِعۡمَ |
| تو ڈرو ان سے | تو زیادہ ہوا ان کا | ایمان | اور | بولے | کافی ہے ہم کو | اللہ | اور اچھا ہے |

تو ان سے ڈرو تو ان کا ایمان اور زیادہ ہو گیا اور وہ بولے ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ کیا ہی اچھا

الۡوَكِیۡلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانۡقَلَبُوۡا بِنِعۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضۡلٍ لَّمۡ یَمۡسَسۡهُمۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡوَكِیۡلُ | فَانۡقَلَبُوۡا | بِنِعۡمَةٍ | مِّنَ اللّٰهِ | وَ | فَضۡلٍ | لَمۡ | یَمۡسَسۡهُمۡ |
| کارساز | تو پلٹے وہ | احسان | اللہ سے | اور | فضل سے | نہ | پہنچی ان کو |

کارساز ہے۔ تو (مسلمان) واپس لوٹے اللہ کی نعمت اور اس کے فضل کے ساتھ اس حال میں کہ انہیں

سُوۡٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوۡا رِضۡوَانَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوۡ فَضۡلٍ عَظِیۡمٍ ﴿۱۷۴﴾ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُوۡٓءٌ | وَ | اتَّبَعُوۡا | رِضۡوَانَ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | ذُوۡ | فَضۡلٍ | عَظِیۡمٍ | اِنَّمَا |
| کوئی برائی | اور | پیروی کی | رضامندی | اللہ کی | اور | اللہ | صاحب | فضل | بڑا ہے | اسکے سوا نہیں کہ |

کوئی ضرر نہ پہنچا اور وہ اللہ کی رضا پر چلے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ وہ تو

ذٰلِكُمُ الشَّیۡطٰنُ یُخَوِّفُ اَوۡلِیَآءَهٗ ۖ فَلَا تَخَافُوۡهُمۡ وَخَافُوۡنِ اِنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكُمُ | الشَّیۡطٰنُ | یُخَوِّفُ | اَوۡلِیَآءَهٗ | فَلَا | تَخَافُوۡهُمۡ | وَ | خَافُوۡنِ | اِنۡ |
| یہ | شیطان ہے | دھمکاتا ہے | اپنے دوستوں سے | تو نہ | خوف کرو تم ان سے | اور | مجھ سے ڈرو | اگر |

شیطان ہی ہے کہ اپنے دوستوں سے دھمکاتا ہے تو ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو

كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٥﴾ وَلَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ ۚ

| كُنتُم | مُّؤْمِنِينَ | وَ | لَا | يَحْزُنكَ | الَّذِينَ | يُسَارِعُونَ | فِي | الْكُفْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو تم | ایمان والے | اور | نہ | غمگین کریں آپ کو | وہ جو | دوڑے | میں | کفر کے |

اگر ایمان رکھتے ہو۔ اور اے محبوب ﷺ ان کا کچھ غم نہ کرو جو کفر پر دوڑتے ہیں

إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۗ يُرِيدُ اللَّهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي

| إِنَّهُمْ | لَن | يَضُرُّوا | اللَّهَ | شَيْئًا | يُرِيدُ | اللَّهُ | أَلَّا | يَجْعَلَ | لَهُمْ | حَظًّا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | ہرگز نہ | نقصان پہنچا سکیں گے | اللہ کو | کچھ | چاہتا ہے | اللہ | یہ کہ نہ | بنائے | ان کا | حصہ | میں |

وہ اللہ کا کچھ نہ بگاڑیں گے اور اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہ رکھے

الْآخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٧٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ

| الْآخِرَةِ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | عَظِيمٌ | إِنَّ | الَّذِينَ | اشْتَرَوُا | الْكُفْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت | اور | ان کے لئے | عذاب ہے | بڑا | بے شک | وہ جو | خریدیں | کفر کو |

اور ان کیلئے بڑا عذاب ہے۔ بے شک جنہوں نے ایمان کے بدلے

بِالْإِيمَانِ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٧﴾

| بِالْإِيمَانِ | لَن | يَضُرُّوا | اللَّهَ | شَيْئًا | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | أَلِيمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان کے بدلے | ہرگز نہ | بگاڑیں گے | اللہ کا | کچھ بھی | اور | ان کیلئے | عذاب ہے | دردناک |

کفر خرید لیا ہے وہ اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکتے اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ ۚ إِنَّمَا

| وَ | لَا | يَحْسَبَنَّ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | أَنَّمَا | نُمْلِي | لَهُمْ | خَيْرٌ | لِّأَنفُسِهِمْ | إِنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | خیال کریں | وہ جو | کافر ہیں | کہ جو | مہلت دی ہے ہم نے | ان کو | بہتر ہے | ان کے لئے | اس لئے کہ انہیں |

اور کافر یہ گمان ہرگز نہ کریں کہ ہم جو انہیں مہلت دے رہے ہیں (یہ) ان کی جانوں کیلئے بہتر ہے، ہم تو (یہ) مہلت انہیں صرف اس

نُمۡلِىۡ لَهُمۡ لِيَزۡدَادُوۡۤا اِثۡمًا ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ﴿١٧٨﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُمۡلِىۡ | لَهُمۡ | لِيَزۡدَادُوۡۤا | اِثۡمًا | وَلَهُمۡ | عَذَابٌ | مُّهِيۡنٌ | مَا | كَانَ | اللّٰهُ |
| ہم مہلت دیتے ہیں | ان کو | تاکہ بڑھ جائیں | گناہ | اور ان کیلئے | عذاب ہے | رسوا کرنے والا | نہیں | ہے | اللہ |

لئے دے رہے ہیں کہ وہ گناہ میں اور بڑھ جائیں اور ان کے لئے (بالآخر) ذلت انگیز عذاب ہے۔ (اے لوگو!) اللہ

لِيَذَرَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ عَلٰى مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ حَتّٰى يَمِيۡزَ الۡخَبِيۡثَ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيَذَرَ | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | عَلٰى | مَاۤ | اَنۡتُمۡ | عَلَيۡهِ | حَتّٰى | يَمِيۡزَ | الۡخَبِيۡثَ | مِنَ الطَّيِّبِ |
| کہ چھوڑ دے | مومنوں کو | اوپر | اس کے جو | تم ہو | اس پر | یہاں تک کہ | جدا کردے | گندے کو | ستھرے سے |

ایمان والوں کو اس حال پر نہ چھوڑے گا جس پر تم ہو یہاں تک کہ جدا کر دے ناپاک کو

الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطۡلِعَكُمۡ عَلَى الۡغَيۡبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجۡتَبِىۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيُطۡلِعَكُمۡ | عَلَى | الۡغَيۡبِ | وَلٰكِنَّ | اللّٰهَ | يَجۡتَبِىۡ |
| اور نہیں | ہے | اللہ | کہ خبردار کرے تم کو | اوپر | غیب کے | اور لیکن | اللہ | چن لیتا ہے |

پاک سے اور اللہ کی شان نہیں کہ وہ تمہیں غیب پر مطلع کر دے ہاں اللہ چن لیتا ہے جسے چاہے

مِنۡ رُّسُلِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ ۖ فَاٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنۡ تُؤۡمِنُوۡا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ رُّسُلِهٖ | مَنۡ | يَّشَآءُ | فَاٰمِنُوۡا | بِاللّٰهِ | وَرُسُلِهٖ | وَاِنۡ | تُؤۡمِنُوۡا |
| اپنے رسولوں میں سے | جسے | چاہے | تو ایمان لاؤ | اللہ پر | اور اس کے رسولوں پر | اور اگر | تم ایمان لاؤ |

اور وہ اللہ کے رسول ہیں تو ایمان لاؤ اللہ اور اسکے رسولوں پر اور اگر تم ایمان لاؤ

وَتَتَّقُوۡا فَلَكُمۡ اَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿١٧٩﴾ وَلَا يَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ يَبۡخَلُوۡنَ بِمَاۤ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَتَّقُوۡا | فَلَكُمۡ | اَجۡرٌ | عَظِيۡمٌ | وَ | لَا | يَحۡسَبَنَّ | الَّذِيۡنَ | يَبۡخَلُوۡنَ | بِمَاۤ |
| اور | پرہیزگاری کرو | تو تمہارے لئے | ثواب ہے | بڑا | اور | نہ | خیال کریں | وہ لوگ جو | بخل کرتے ہیں | اس سے جو |

اور پرہیزگاری اختیار کرو تو تمہارے لئے بڑا ثواب ہے۔ اور ہرگز نہ گمان کریں وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اس چیز میں

اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ

| اٰتٰهُمُ | اللّٰهُ | مِنْ فَضْلِهٖ | هُوَ | خَيْرًا | لَّهُمْ | بَلْ | هُوَ | شَرٌّ | لَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیا ان کو | اللہ نے | اپنے فضل سے | وہ | بہتر ہے | ان کے لئے | بلکہ | وہ | برا ہے | ان کے لئے |

جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی کہ وہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے بلکہ وہ ان کے حق میں بہت برا ہے، عنقریب قیامت کے دن ان کے

سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ

| سَيُطَوَّقُوْنَ | مَا | بَخِلُوْا | بِهٖ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَلِلّٰهِ | مِيْرَاثُ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طوق ڈالے جائینگے | جو | بخل کیا | اس کے ساتھ | دن | قیامت کے | اور اللہ ہی کی | ملکیت ہے | آسمانوں |

گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا اس چیز کا جس میں انہوں نے بخل کیا اور (آخر کار) اللہ ہی وارث ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ ع لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ ع ۱۸

| وَ | الْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | لَقَدْ | سَمِعَ | اللّٰهُ | قَوْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین | اور | اللہ | اس سے جو | تم کرتے ہو | خبردار ہے | بیشک | سنی | اللہ نے | بات |

اور زمین کا اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب خبردار ہے۔ بیشک اللہ نے سنا

الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وقف لازم

| الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | فَقِيْرٌ | وَ | نَحْنُ | اَغْنِيَآءُ | سَنَكْتُبُ | مَا | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی جو | بولے | بیشک | اللہ | محتاج ہے | اور | ہم | غنی ہیں | جلدی لکھیں گے ہم | جو | انہوں نے کہا |

جنہوں نے کہا کہ اللہ محتاج ہے اور ہم غنی اور ہم لکھ رکھیں گے ان کا کہا

وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

| وَقَتْلَهُمُ | الْاَنْۢبِيَآءَ | بِغَيْرِ حَقٍّ | وَ | نَقُوْلُ | ذُوْقُوْا | عَذَابَ | الْحَرِيْقِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور قتل کرنا ان کا | نبیوں کو | بغیر حق کے | اور | ہم کہیں گے | چکھو | عذاب | آگ کا |

اور انبیاء کو ان کا ناحق شہید کرنا اور فرمائیں گے کہ چکھو اب آگ کا عذاب۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ ج

| ذٰلِكَ | بِمَا | قَدَّمَتْ | اَيْدِيْكُمْ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَيْسَ | بِظَلَّامٍ | لِّلْعَبِيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | بدلہ اس کا جو | آگے بھیجا | تمہارے ہاتھوں نے | اور | بیشک | اللہ | نہیں ہے | ظلم کرنے والا | بندوں پر |

یہ بدلا ہے اس کا جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى

| اَلَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | عَهِدَ | اِلَيْنَآ | اَلَّا | نُؤْمِنَ | لِرَسُوْلٍ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | بولے | بیشک | اللہ نے | عہد لیا | ہم سے | یہ کہ نہ | ایمان لائیں ہم | کسی رسول پر | یہاں تک کہ |

جولوگ (یعنی یہود) یہ کہتے ہیں کہ اللہ نے ہمیں یہ حکم بھیجا تھا کہ ہم کسی پیغمبر پر ایمان نہ لائیں جب تک وہ (اپنی رسالت کے ثبوت میں)

يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ

| يَاْتِيَنَا | بِقُرْبَانٍ | تَاْكُلُهُ | النَّارُ | قُلْ | قَدْ | جَآءَكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْ قَبْلِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لائے ہمارے پاس | قربانی | کہ کھائے اس کو | آگ | فرمادیجئے | بیشک | آئے تمہارے پاس | رسول | اس سے پہلے |

اسکی قربانی نہ لائے جسے آگ (آکر) کھا جائے، آپ (ان سے) فرمادیں، بے شک مجھ سے پہلے بہت سے رسول

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

| بِالْبَيِّنٰتِ | وَ | بِالَّذِيْ | قُلْتُمْ | فَلِمَ | قَتَلْتُمُوْهُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھلی نشانیوں کے ساتھ | اور | وہ جو | تم نے کہا | پھر کیوں | شہید کیا تم نے ان کو | اگر | ہو تم | سچے |

واضح نشانیاں لے کر آئے اور اس نشانی کے ساتھ بھی (آئے) جو تم کہہ رہے ہو تو تم نے انہیں شہید کیوں کیا اگر تم سچے ہو۔

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ

| فَاِنْ | كَذَّبُوْكَ | فَقَدْ | كُذِّبَ | رُسُلٌ | مِّنْ قَبْلِكَ | جَآءُوْ | بِالْبَيِّنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر اگر | جھٹلائیں تجھ کو | تو بیشک | جھٹلائے گئے | رسول | آپ سے پہلے | لائے وہ | نشانیاں |

پھر بھی اگر آپ کو جھٹلائیں تو (محبوب آپ غمگین نہ ہوں) آپ سے پہلے بھی بہت سے رسولوں کو جھٹلایا گیا جو واضح نشانیاں (یعنی

وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ اِنَّمَا

| وَالزُّبُرِ | وَالْكِتٰبِ | الْمُنِيْرِ | كُلُّ | نَفْسٍ | ذَآئِقَةُ | الْمَوْتِ | وَ | اِنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور صحیفے | اور کتاب | روشن | ہر | جان | چکھنے والی ہے | موت | اور | اسکے سوا نہیں |

معجزات) اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے تھے۔ ہر شخص موت کا ذائقہ چکھنے والا ہے اور تمہارے کاموں کے

تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ

| تُوَفَّوْنَ | اُجُوْرَكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | فَمَنْ | زُحْزِحَ | عَنِ النَّارِ | وَاُدْخِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پورا دیئے جاؤ گے تم | اپنا بدلہ | دن | قیامت کے | پھر جو | بچایا گیا | آگ سے | اور داخل کیا گیا |

بدلے (تو) قیامت ہی کے دن پورے دیئے جائیں گے تو جو آگ سے بچایا گیا

الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾

| الْجَنَّةَ | فَقَدْ | فَازَ | وَ | مَا | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَآ | اِلَّا | مَتَاعُ | الْغُرُوْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنت میں | تو بیشک | وہ کامیاب ہوا | اور | نہیں | زندگی | دنیا کی | مگر | سامان | دھوکے کا |

اور جنت میں داخل کیا گیا تو وہ کامیاب ہوا اور دنیا کی زندگی (تو) صرف دھوکے کا سامان ہے۔

لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۗ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

| لَتُبْلَوُنَّ | فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ | وَ | اَنْفُسِكُمْ | وَلَتَسْمَعُنَّ | مِنَ الَّذِيْنَ | اُوْتُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضرور آزمائے جاؤ گے | اپنے مالوں میں | اور | اپنی جانوں میں | اور ضرور سنو گے تم | ان سے جو | دیئے گئے |

بے شک ضرور تمہاری آزمائش ہو گی تمہارے مال و جان میں اور تم ضرور سنو گے ان لوگوں سے جنہیں

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ؕ وَاِنْ

| الْكِتٰبَ | مِنْ قَبْلِكُمْ | وَ | مِنَ الَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْٓا | اَذًى | كَثِيْرًا | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب | تم سے پہلے | اور | ان سے جو | مشرک ہیں | برا | بہت | اور | اگر |

تم سے پہلے کتاب دی گئی اور مشرکوں سے بہت سی تکلیف کی باتیں اور اگر تم صبر کرو اور

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَصْبِرُوْا | وَ | تَتَّقُوْا | فَاِنَّ | ذٰلِكَ | مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ | وَ | اِذْ | اَخَذَ | اللّٰهُ |
| تم صبر کرو | اور | پرہیزگاری کرو | تو بیشک | یہ | ہمت کے کاموں سے ہے | اور | جب | لیا | اللہ نے |

تقویٰ اختیار کرو تو بے شک یہ بڑے حوصلے کا کام ہے۔ اور یاد کرو جب اللہ نے

مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِيْثَاقَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | لَتُبَيِّنُنَّهٗ | لِلنَّاسِ | وَ | لَا | تَكْتُمُوْنَهٗ |
| وعدہ | ان سے جو | دیئے گئے | کتاب | ضرور بیان کرنا اس کو | لوگوں کے لئے | اور | نہ | چھپانا اس کو |

عہد لیا ان سے جنہیں کتاب عطا ہوئی کہ تم ضرور اسے لوگوں سے بیان کر دینا اور نہ چھپانا تو انہوں

فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ فَبِئْسَ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَنَبَذُوْهُ | وَرَآءَ | ظُهُوْرِهِمْ | وَ | اشْتَرَوْا | بِهٖ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا | فَبِئْسَ | مَا |
| پھینک دیا اس کو | پیچھے | پیٹھوں اپنی کے | اور | خریدی انہوں نے | اس کے ساتھ | قیمت | تھوڑی | تو برا ہے | جو |

نے اسے اپنی پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا اور اس کے بدلے ذلیل دام حاصل کئے تو کتنی بری

يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَشْتَرُوْنَ | لَا | تَحْسَبَنَّ | الَّذِيْنَ | يَفْرَحُوْنَ | بِمَآ | اَتَوْا | وَّ | يُحِبُّوْنَ |
| وہ خریدتے ہیں | نہ | سمجھنا | ان کو جو | خوش ہوتے ہیں | اس سے جو | وہ لائے | اور | پسند کرتے ہیں |

خریداری ہے۔ ہرگز نہ سمجھنا انہیں جو خوش ہوتے ہیں اپنے کئے پر

اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّحْمَدُوْا | بِمَا | لَمْ | يَفْعَلُوْا | فَلَا | تَحْسَبَنَّهُمْ | بِمَفَازَةٍ | مِّنَ الْعَذَابِ |
| یہ کہ | تعریف کیے جائیں | اس سے جو | نہ | کیا انہوں نے | تو نہ | جاننا ان کو | بچنے والے | عذاب سے |

اور چاہتے ہیں ایسے کاموں پر ان کی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کیے پھر ہرگز عذاب سے

الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

| وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِیْمٌ | وَ | لِلّٰهِ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ان کے لئے | عذاب ہے | دردناک | اور | اللہ کے لئے ہے | بادشاہی | آسمانوں |

دور نہ جاننا اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ اور سب آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ ع ۱۹

| وَ | الْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | قَدِیْرٌ | اِنَّ | فِیْ خَلْقِ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین کی | اور | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | بیشک | پیدائش میں | آسمانوں |

اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کیلئے ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾

| وَ | الْاَرْضِ | وَاخْتِلَافِ | الَّیْلِ | وَ | النَّهَارِ | لَاٰیٰتٍ | لِّاُولِی الْاَلْبَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین کے | اور اختلاف | رات | اور | دن میں | یقیناً نشانیاں ہیں | صاحب عقل کیلئے |

تخلیق میں اور شب و روز کی گردش میں عقل سلیم والوں کیلئے (اللہ کی قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ

| الَّذِیْنَ | یَذْكُرُوْنَ | اللّٰهَ | قِیٰمًا | وَّقُعُوْدًا | وَّ | عَلٰى | جُنُوْبِهِمْ | وَیَتَفَكَّرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | یاد کرتے ہیں | اللہ کو | کھڑے | اور بیٹھے | اور | اوپر | اپنی کروٹوں کے | اور غور کرتے ہیں |

جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور پہلو پر لیٹے ہوئے اور آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش میں وہ غور کرتے ہیں

فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

| فِیْ خَلْقِ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | رَبَّنَا | مَا | خَلَقْتَ | هٰذَا | بَاطِلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدائش میں | آسمانوں | اور زمین کے | اے ہمارے رب | نہیں | پیدا کیا تو نے | یہ | بیکار |

(کہتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ (سب کچھ) بیکار پیدا نہیں کیا تو پاک ہے،

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

| سُبْحٰنَكَ | فَقِنَا | عَذَابَ | النَّارِ | رَبَّنَآ | اِنَّكَ | مَنْ | تُدْخِلِ | النَّارَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پاک ہے | تو بچا ہم کو | عذاب | آگ سے | اے ہمارے رب | بیشک تو نے | جسے | داخل کیا | آگ میں |

پس ہمیں نار جہنم
کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے رب! تو جسے دوزخ میں ڈال دے

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا

| فَقَدْ | اَخْزَيْتَهٗ | وَ | مَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ اَنْصَارٍ | رَبَّنَآ | اِنَّنَا | سَمِعْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بیشک | تو نے اسے رسوا کیا | اور | نہیں | ظالموں کے لئے | کوئی مدد کرنے والا | اے ہمارے رب | بیشک ہم نے | سنا |

تو ضرور تو نے اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مدد گار نہیں۔
اے ہمارے رب ہم نے

مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

| مُنَادِيًا | يُّنَادِيْ | لِلْاِيْمَانِ | اَنْ | اٰمِنُوْا | بِرَبِّكُمْ | فَاٰمَنَّا | رَبَّنَا | فَاغْفِرْ لَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک آواز دینے والا | جو ندا فرماتا ہے | ایمان کی | یہ کہ | ایمان لاؤ | اپنے رب پر | تو ہم ایمان لائے | اے ہمارے رب | بخش دے |

ایک منادی کو سنا کہ ایمان کیلئے ندا فرماتا ہے کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لائے اے رب ہمارے تو ہمارے

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ ج رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

| ذُنُوْبَنَا | وَ | كَفِّرْ عَنَّا | سَيِّاٰتِنَا | وَ | تَوَفَّنَا | مَعَ | الْاَبْرَارِ | رَبَّنَا | وَاٰتِنَا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے گناہ | اور | محو کر ہم سے | ہماری برائیاں | اور | موت دے ہم کو | ساتھ | نیکوں کے | اے ہمارے رب | اور دے ہم کو | جو |

گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں ہم سے دور کر دے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کر۔
اے ہمارے رب! ہمیں دے

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

| وَعَدْتَّنَا | عَلٰى | رُسُلِكَ | وَ | لَا | تُخْزِنَا | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اِنَّكَ | لَا | تُخْلِفُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ کیا تو نے ہم سے | بواسطہ | اپنے رسولوں کے | اور | نہ | رسوا کر ہم کو | دن | قیامت کے | بیشک تو | نہیں | خلاف کرتا |

جس کا تو نے اپنے رسولوں (کی زبان) پر وعدہ فرمایا اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا، بے شک تو وعدہ خلافی

الْمِيْعَادَ ﴿١٩٤﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ

| الْمِيْعَادَ | فَاسْتَجَابَ | لَهُمْ | رَبُّهُمْ | اَنِّيْ | لَآ | اُضِيْعُ | عَمَلَ | عَامِلٍ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| وعدہ | تو سن لی | ان کی | ان کے رب نے | کہ بیشک میں | نہیں | ضائع کرتا | عمل | کسی عمل کرنے والے کا |

نہیں کرتا۔ پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرما لی (اور فرمایا) یقیناً میں تم میں سے کسی محنت والے

مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ

| مِّنْكُمْ | مِّنْ ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | بَعْضُكُمْ | مِّنْۢ بَعْضٍ | فَالَّذِيْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| تم میں سے | مرد ہو | یا | عورت | بعض تمہارا | بعض سے ہے | تو وہ جنہوں نے |

کی مزدوری ضائع نہیں کرتا خواہ مرد ہو یا عورت تم سب ایک دوسرے میں سے (ہی) ہو پس جن

هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا

| هَاجَرُوْا | وَاُخْرِجُوْا | مِنْ دِيَارِهِمْ | وَاُوْذُوْا | فِيْ سَبِيْلِيْ | وَ | قٰتَلُوْا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ہجرت کی | اور نکالے گئے | اپنے گھروں سے | اور ستائے گئے | میری راہ میں | اور | لڑے |

لوگوں نے (اللہ کیلئے) وطن چھوڑ دیئے اور اپنے گھروں سے نکال دیئے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے

وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

| وَقُتِلُوْا | لَاُكَفِّرَنَّ | عَنْهُمْ | سَيِّاٰتِهِمْ | وَ | لَاُدْخِلَنَّهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور مارے گئے | تو دور کروں گا میں | ان سے | ان کی برائیاں | اور | ضرور داخل کروں گا میں انکو | باغوں میں | رواں ہیں |

اور لڑے اور مارے گئے تو میں ضرور ان کے گناہ ان سے مٹا دوں گا اور انہیں یقیناً

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ

| مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | ثَوَابًا | مِّنْ عِنْدِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | عِنْدَهٗ | حُسْنُ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ان کے نیچے | نہریں | بدلہ ہے | نزدیک | اللہ کے | اور | اللہ | اس کے پاس ہے | اچھا |

ان جنتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہ اللہ کے حضور سے اجر ہے اور اللہ ہی کے پاس بہتر

الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا یَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِی الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ

| الثَّوَابِ | لَا | یَغُرَّنَّكَ | تَقَلُّبُ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | فِی الْبِلَادِ | مَتَاعٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثواب ہے | نہ | دھوکہ دے تجھے | پھرنا | ان کا جو | کافر ہوئے | شہروں میں | برتنا ہے |

اجر ہے۔ (اے اللہ کے بندے) کافروں کا شہروں میں (عیش و عشرت کے کے ساتھ) گھومنا پھرنا تجھے کسی دھوکہ میں نہ ڈال دے۔ یہ تھوڑا

قَلِیْلٌ ۫ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِیْنَ

| قَلِیْلٌ | ثُمَّ | مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | وَ | بِئْسَ | الْمِهَادُ | لٰكِنِ | الَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھوڑا سا | پھر | ان کا ٹھکانا | دوزخ ہے | اور | برا ہے | بچھونا | لیکن | وہ جو |

سا فائدہ ہے پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ کیا ہی بری جگہ ہے۔ لیکن جو لوگ اپنے رب

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ

| اتَّقَوْا | رَبَّهُمْ | لَهُمْ | جَنّٰتٌ | تَجْرِیْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرے | اپنے رب سے | ان کے لئے | باغ ہیں | رواں ہیں | ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہیں |

سے ڈرتے رہے ان کیلئے باغ ہیں ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے

فِیْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَاِنَّ

| فِیْهَا | نُزُلًا | مِّنْ عِنْدِ | اللّٰهِ | وَمَا | عِنْدَ | اللّٰهِ | خَیْرٌ | لِّلْاَبْرَارِ | وَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | مہمانی ہے | پاس | اللہ کے | اور جو | پاس ہے | اللہ کے | بھلا ہے | نیکوں کیلئے | اور بیشک |

(یہ) اللہ کی طرف سے مہمانی (ہے) اور جو اللہ کے پاس ہے وہ نیکوں کیلئے سب سے بہتر ہے۔ اور بے شک

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَمَاۤ

| مِنْ اَهْلِ | الْكِتٰبِ | لَمَنْ | یُّؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَمَاۤ | اُنْزِلَ | اِلَیْكُمْ | وَمَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعض اہل | کتاب | ایسے ہیں جو | ایمان لاتے ہے | اللہ پر | اور جو | اتارا گیا | تمہاری طرف | اور جو |

کچھ اہل کتاب ایسے ہیں کہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور اس پر جو تمہاری طرف اترا اور جو

اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا

| اُنْزِلَ | اِلَيْهِمْ | خٰشِعِيْنَ | لِلّٰهِ | لَا | يَشْتَرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | ثَمَنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تارا گیا | ان کی طرف | جھکنے والے | اللہ کے لئے | نہیں | خریدتے | آیات | الٰہی پر | قیمت |

ان کی طرف اترا ان کے دل اللہ کے حضور جھکے ہوئے اللہ کی آیتوں کے بدلے

قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

| قَلِيْلًا | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَرِيْعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھوڑی | یہ لوگ | ان کے لئے | ان کا اجر ہے | نزدیک | ان کے رب کے | بیشک | اللہ | جلدی |

ذلیل دام نہیں لیتے یہ وہ ہیں جن کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور اللہ جلد

الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا

| الْحِسَابِ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اصْبِرُوْا | وَصَابِرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| حساب لینے والا ہے | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | صبر کرو | اور صبر کی تلقین کرو |

حساب کرنے والا ہے۔ اے ایمان والوں صبر کرو اور صبر میں دشمنوں سے آگے رہو اور ایک دوسرے سے رابطہ قائم رکھو

وَرَابِطُوْا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ ع ۲۰

| وَرَابِطُوْا | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| اور نگرانی کرو | اور ڈرو | اللہ سے | تاکہ تم | کامیاب ہو |

اور اللہ سے ڈرتے رہو اس امید پر کہ کامیاب ہو جاؤ گے۔

آیاتها ۱۷۶ ۴ سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ ۹۲ رکوعاتها ۲۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

| يَاَيُّهَا | النَّاسُ | اتَّقُوْا | رَبَّكُمُ | الَّذِىْ | خَلَقَكُمْ | مِّنْ نَّفْسٍ | وَّاحِدَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | لوگو | ڈرو | اپنے رب سے | جس نے | پیدا کیا تم کو | جان سے | ایک |

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا

وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا

| وَّ | خَلَقَ | مِنْهَا | زَوْجَهَا | وَ | بَثَّ | مِنْهُمَا | رِجَالًا | كَثِيْرًا | وَّ | نِسَآءً | وَ | اتَّقُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پیدا کی | اس سے | اس کی بیوی | اور | پھیلائے | ان سے | مرد | بہت | اور | عورتیں | اور | ڈرو |

اور اسی میں سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت مرد و عورت پھیلا دیئے اور اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ

| اللّٰهَ | الَّذِىْ | تَسَآءَلُوْنَ | بِهٖ | وَ | الْاَرْحَامَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | وہ کہ | سوال کرتے ہو | اس کے نام سے | اور | رشتوں کا لحاظ رکھو | بیشک | اللہ | ہے | تم پر |

جس کے نام پر مانگتے ہو اور رشتوں کا لحاظ رکھو، بے شک اللہ ہر وقت تمہیں

رَقِيْبًا ﴿۱﴾ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۖ

| رَقِيْبًا | وَ | اٰتُوا | الْيَتٰمٰٓى | اَمْوَالَهُمْ | وَ | لَا | تَتَبَدَّلُوا | الْخَبِيْثَ | بِالطَّيِّبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نگہبان | اور | دو | یتیموں کو | ان کے مال | اور | نہ | بدلو | گندے کو | ستھرے سے |

دیکھ رہا ہے۔ یتیموں کو ان کے مال دو اور ستھرے کے بدلے گندا نہ لو اور

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۗ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ﴿۲﴾ وَاِنْ

| وَ | لَا | تَاْكُلُوْٓا | اَمْوَالَهُمْ | اِلٰٓى | اَمْوَالِكُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ | حُوْبًا | كَبِيْرًا | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | کھاؤ | ان کے مال | طرف | اپنے مالوں کے ملا کر | بیشک وہ | ہے | گناہ | بڑا | اور | اگر |

ان کے مال اپنے مالوں میں ملا کر نہ کھاؤ بے شک یہ بڑا گناہ ہے اور اگر

خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خِفْتُمْ | اَلَّا | تُقْسِطُوْا | فِي | الْيَتٰمٰى | فَانْكِحُوْا | مَا | طَابَ | لَكُمْ | مِّنَ النِّسَآءِ |
| تمہیں اندیشہ ہو | یہ کہ نہ | انصاف کرسکو گے | میں | یتیموں | تو نکاح کرو | جو | پسند ہو | تم کو | عورتوں سے |

تمہیں خوف ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کرسکو گے تو ان عورتوں سے نکاح کرو جو تمہارے لئے پسندیدہ اور حلال ہوں، دو دو اور تین

النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَثْنٰى | وَ | ثُلٰثَ | وَ | رُبٰعَ | فَاِنْ | خِفْتُمْ | اَلَّا | تَعْدِلُوْا | فَوَاحِدَةً |
| دو دو | اور | تین تین | اور | چار چار | تو اگر | تم ڈرو | یہ کہ نہ | انصاف کرسکو گے | تو ایک ہی |

تین اور چار چار (مگر یہ اجازت بشرطِ عدل ہے) پھر اگر تمہیں خوف ہو کہ تم (زائد بیویوں میں) عدل نہیں کرسکو گے تو صرف ایک ہی عورت سے

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۗ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۗ ﴿۳﴾ وَاٰتُوا النِّسَآءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | مَا | مَلَكَتْ | اَيْمَانُكُمْ | ذٰلِكَ | اَدْنٰٓى | اَلَّا | تَعُوْلُوْا | وَاٰتُوا | النِّسَآءَ |
| یا | جو | مالک ہوئے | تمہارے دائیں ہاتھ | یہ | بہت قریب ہے | یہ کہ نہ | ظلم کرو | اور دو | عورتوں کو |

(نکاح کرو) یا وہ کنیزیں جو (شرعاً) تمہاری ملکیت میں آئی ہوں، یہ بات اس سے قریب تر ہے کہ تم سے ظلم نہ ہو۔ اور عورتوں کو

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۗ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدُقٰتِهِنَّ | نِحْلَةً | فَاِنْ | طِبْنَ | لَكُمْ | عَنْ شَيْءٍ | مِّنْهُ | نَفْسًا | فَكُلُوْهُ |
| ان کے مہر | خوشی سے | پھر اگر | خوشی سے دیں | تم کو | کچھ | اس میں سے | اپنے آپ | تو کھاؤ اسے |

ان کے مہر خوش دلی سے ادا کیا کرو پھر اگر وہ اس (مہر) میں سے کچھ تمہارے لئے اپنی خوشی سے چھوڑ دیں تو تب اسے (اپنے لئے)

هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ﴿۴﴾ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَنِيْٓـًٔا | مَّرِيْٓـًٔا | وَ | لَا | تُؤْتُوا | السُّفَهَآءَ | اَمْوَالَكُمُ | الَّتِيْ | جَعَلَ | اللّٰهُ |
| رچتا | پچتا | اور | نہ | دو تم | نادانوں کو | اپنے مال | کہ | بنایا | اللہ نے |

ساز گار اور خوشگوار سمجھ کر کھاؤ۔ اور نہ دو بیوقوفوں کو ان کے مال (جو تمہاری تحویل میں ہیں) جنہیں بنایا اللہ

لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا

| لَكُمْ | قِيٰمًا | وَّارْزُقُوْهُمْ | فِيْهَا | وَ | اكْسُوْهُمْ | وَقُوْلُوْا | لَهُمْ | قَوْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کو | نگران | اور کھلاؤ ان کو | اس میں سے | اور | پہناؤ ان کو | اور کہو | ان کیلئے | بات |

نے (اے لوگو!) تمہاری بسر اوقات کا ذریعہ اور اس (مال) میں سے تم ان کو کھلاؤ اور پہناؤ اور ان سے

مَّعْرُوْفًا ۝۵ وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ

| مَّعْرُوْفًا | وَ | ابْتَلُوا | الْيَتٰمٰى | حَتّٰٓى | اِذَا | بَلَغُوا | النِّكَاحَ | فَاِنْ | اٰنَسْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھی | اور | آزماؤ | یتیموں کو | یہاں تک کہ | جب | پہنچ جائیں | نکاح کو | تو اگر | معلوم کرو تم |

پسندیدہ بات کہو۔ اور یتیموں کی آزمائش کرتے رہو یہاں تک کہ جب وہ نکاح (کی عمر) کو پہنچ جائیں پس

مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا

| مِّنْهُمْ | رُشْدًا | فَادْفَعُوْٓا | اِلَيْهِمْ | اَمْوَالَهُمْ | وَ | لَا | تَاْكُلُوْهَآ | اِسْرَافًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | دانائی | تو دے دو | ان کو | ان کے مال | اور | نہ | کھاؤ اس کو | حد سے زیادہ |

اگر تم ان میں عقل مندی (کے آثار) دیکھو تو ان کے مال ان کے حوالے کر دو

وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ

| وَّ | بِدَارًا | اَنْ | يَّكْبَرُوْا | وَمَنْ | كَانَ | غَنِيًّا | فَلْيَسْتَعْفِفْ | وَ | مَنْ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جلدی سے | یہ کہ | بڑے ہو جائینگے | اور جو | ہو | غنی | تو وہ بچے | اور | جو | ہو |

اور انہیں فضول خرچی اور جلد بازی سے نہ کھاؤ کہ وہ بڑے ہو جائیں (اور تم سے اپنا حق طلب کریں)

فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ

| فَقِيْرًا | فَلْيَاْكُلْ | بِالْمَعْرُوْفِ | فَاِذَا | دَفَعْتُمْ | اِلَيْهِمْ | اَمْوَالَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فقیر | تو وہ کھائے | مناسب دستور کے | تو جب | دو تم | ان کو | ان کے مال |

اور (یتیم کا وہ ولی) جسے حاجت نہ ہو بچتا رہے اور جو حاجت مند ہو وہ کھائے دستور کے مطابق پھر جب تم ان کے مال ان کے

فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۶ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

| فَاَشْهِدُوْا | عَلَيْهِمْ | وَكَفٰى | بِاللّٰهِ | حَسِيْبًا | لِلرِّجَالِ | نَصِيْبٌ | مِّمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو گواہ کرلو | ان پر | اور کافی ہے | اللہ | حساب لینے والا | مردوں کے لئے | حصہ ہے | اس سے جو |

سپرد کرنے لگو تو ان پر گواہ بنا لو اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا۔ مردوں کیلئے حصہ ہے اس میں

تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ

| تَرَكَ | الْوَالِدٰنِ | وَ | الْاَقْرَبُوْنَ | وَ | لِلنِّسَآءِ | نَصِيْبٌ | مِّمَّا | تَرَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھوڑ جائیں | ماں باپ | اور | قرابت والے | اور | عورتوں کے لئے | حصہ ہے | اس سے | جو چھوڑ جائیں |

سے جو چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابت والے اور عورتوں کیلئے حصہ ہے اس میں سے جو

الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝۷

| الْوَالِدٰنِ | وَ | الْاَقْرَبُوْنَ | مِمَّا | قَلَّ | مِنْهُ | اَوْ كَثُرَ | نَصِيْبًا | مَّفْرُوْضًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ماں باپ | اور | قرابت والے | اس سے جو | کم ہو | اس سے | یا زیادہ | حصہ ہے | مقرر |

چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابت والے ترکہ تھوڑا ہو یا بہت حصہ ہے فرض کیا ہوا۔

وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ

| وَ | اِذَا | حَضَرَ | الْقِسْمَةَ | اُولُوا الْقُرْبٰى | وَالْيَتٰمٰى | وَ | الْمَسٰكِيْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | حاضر ہوں | تقسیم کو | رشتہ دار | اور یتیم | اور | مسکین |

پھر بانٹتے وقت اگر رشتہ دار اور یتیم اور مسکین آ جائیں تو اس

فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۸ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ

| فَارْزُقُوْهُمْ | مِّنْهُ | وَ | قُوْلُوْا | لَهُمْ | قَوْلًا | مَّعْرُوْفًا | وَ | لْيَخْشَ | الَّذِيْنَ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو دو ان کو | اس میں سے | اور | کہو | ان سے | بات | اچھی | اور | ڈریں | وہ لوگ کہ | اگر |

میں سے انہیں بھی کچھ دو اور ان کو اچھی بات کہو اور (یتیموں سے معاملہ کرنے والے) لوگوں کو ڈرنا چاہئے

تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ

| تَرَكُوْا | مِنْ خَلْفِهِمْ | ذُرِّيَّةً | ضِعٰفًا | خَافُوْا | عَلَيْهِمْ | فَلْيَتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھوڑ جائیں | اپنے پیچھے | اولاد | ناتواں | ڈریں | ان پر | تو ڈرو | اللہ سے |

کہ اگر وہ اپنے پیچھے ناتواں بچے چھوڑ جاتے تو (مرتے وقت) ان بچوں کے حال پر (کتنے) خوفزدہ (اور فکرمند) ہوتے سو انہیں (یتیموں کے بارے

وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى

| وَلْيَقُوْلُوْا | قَوْلًا | سَدِيْدًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَاْكُلُوْنَ | اَمْوَالَ | الْيَتٰمٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کہو | بات | سیدھی | بے شک | وہ لوگ جو | کھاتے ہیں | مال | یتیموں کا |

میں) اللہ سے ڈرتے رہنا چاہئے اور (ان سے) سیدھی بات کہنی چاہئے۔ بے شک جو لوگ یتیموں کے مال ناحق طریقے سے کھاتے ہیں،

ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۝۱۰ ع

| ظُلْمًا | اِنَّمَا | يَاْكُلُوْنَ | فِيْ بُطُوْنِهِمْ | نَارًا | وَسَيَصْلَوْنَ | سَعِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم سے | سوا اسکے نہیں کہ | وہ کھاتے ہیں | اپنے پیٹوں میں | آگ | اور جلدی داخل ہونگے | دھکتی آگ میں |

یقیناً وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھرتے ہیں اور وہ جلد ہی دہکتی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے۔

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۤ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ

| يُوْصِيْكُمُ | اللّٰهُ | فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ | لِلذَّكَرِ | مِثْلُ | حَظِّ | الْاُنْثَيَيْنِ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم دیتا ہے تم کو | اللہ | میں اولاد تمہاری | بیٹے | برابر | حصہ | دو بیٹیوں کے | تو اگر |

اللہ تمہیں تمہاری اولاد (کی وراثت) کے بارے میں حکم دیتا ہے کہ لڑکے کیلئے دو لڑکیوں کے برابر حصہ ہے۔

كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً

| كُنَّ | نِسَآءً | فَوْقَ | اثْنَتَيْنِ | فَلَهُنَّ | ثُلُثَا | مَا | تَرَكَ | وَ | اِنْ | كَانَتْ | وَاحِدَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوں | لڑکیاں | زیادہ | دو سے | تو ان کے لئے | دو تہائی ہے | جو | چھوڑ گیا | اور | اگر | ہو | ایک |

پھر اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زائد ہوں تو ان کیلئے اس ترکہ کا دو تہائی حصہ ہے۔ اور اگر وہ اکیلی ہو تو اس کیلئے آدھا ہے، اور

وَ اِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّ لَهٗۤ اَخٌ اَوْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | كَانَ | رَجُلٌ | يُّوْرَثُ | كَلٰلَةً | اَوِ | امْرَاَةٌ | وَّ | لَهٗۤ | اَخٌ | اَوْ |
| اور | اگر | ہو | ایسا آدمی | جس کا ترکہ بٹتا ہو | وہ جس کے نہ ماں باپ ہوں | یا | عورت | اور | اس کے | بھائی | یا |

جس کے نہ ماں باپ ہوں نہ کوئی اولاد اور اس کا (ماں کی طرف سے) ایک بھائی یا ایک بہن ہو

اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْۤا اَكْثَرَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْتٌ | فَلِكُلِّ | وَاحِدٍ | مِّنْهُمَا | السُّدُسُ | فَاِنْ | كَانُوْۤا | اَكْثَرَ |
| بہن ہے | تو واسطے ہر | ایک کے | ان میں سے | چھٹا حصہ ہے | پھر اگر | ہوں | زیادہ |

(یعنی اخیافی بھائی یا بہن) تو ان دونوں میں سے ہر ایک کیلئے چھٹا حصہ ہے، پھر اگر وہ بھائی بہن ایک سے زیادہ ہوں

مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ ذٰلِكَ | فَهُمْ | شُرَكَآءُ | فِي الثُّلُثِ | مِنْۢ بَعْدِ | وَصِيَّةٍ |
| اس سے | تو وہ | شریک ہیں | تیسرے حصہ میں | بعد | وصیت کے |

تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ تقسیم بھی) اس وصیت کے بعد (ہو گی) جو (وارثوں کو)

يُّوْصٰى بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّوْصٰى | بِهَاۤ | اَوْ دَيْنٍ | غَيْرَ | مُضَآرٍّ | وَصِيَّةً | مِّنَ اللّٰهِ |
| جو وصیت کر گیا ہو | اس کی | یا قرضہ | بغیر | نقصان کے | حکم ہے | اللہ کی طرف سے |

نقصان پہنچائے بغیر کی گئی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد، یہ اللہ کی طرف سے حکم ہے،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يُّطِعِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَلِيْمٌ | تِلْكَ | حُدُوْدُ | اللّٰهِ | وَ | مَنْ | يُّطِعِ |
| اور اللہ | علم والا | حلم والا ہے | یہ | حدیں ہیں | اللہ کی | اور | جو | اطاعت کرے گا |

اور اللہ خوب علم و حلم والا ہے۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو حکم مانے اللہ اور

# اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | وَرَسُوْلَهٗ | يُدْخِلْهُ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
| اللہ کی | اور اس کے رسول کی | داخل کرے گا اسے | باغوں میں | رواں ہیں | اس کے نیچے | نہریں |

اللہ کے رسول کا اللہ اسے باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے

# خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَ | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | وَ | مَنْ | يَّعْصِ |
| ہمیشہ رہیں | اس میں | اور | یہ ہے | کامیابی | بڑی | اور | جو | نافرمانی کرے |

نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہی ہے بڑی کامیابی۔ اور جو اللہ اور اس کے

# اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | يَتَعَدَّ | حُدُوْدَهٗ | يُدْخِلْهُ | نَارًا | خَالِدًا |
| اللہ کی | اور | اس کے رسول کی | اور | گزر جائے | اس کی حدوں سے | داخل کرے گا اسے | آگ میں | ہمیشہ رہے |

رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی کل حدوں سے بڑھ جائے اللہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں ہمیشہ رہے گا

ع
# فِيْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | وَلَهٗ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | وَ | الّٰتِيْ | يَاْتِيْنَ | الْفَاحِشَةَ |
| اس میں | اور اس کے لئے | عذاب ہے | ذلیل کرنے والا | اور | وہ جو | ارتکاب کرے | بے حیائی کا |

اور یہ اس کیلئے خواری کا عذاب ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو بدکاری

# مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ نِّسَآئِكُمْ | فَاسْتَشْهِدُوْا | عَلَيْهِنَّ | اَرْبَعَةً | مِّنْكُمْ | فَاِنْ |
| تمہاری عورتوں سے | تو گواہ کرلو تم | ان پر | چار آدمی | اپنے میں سے | تو اگر |

کا ارتکاب کر بیٹھیں تو ان پر اپنے لوگوں میں سے چار مردوں کی گواہی طلب کرو پھر اگر وہ گواہی دے دیں

شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِى الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ

| شَهِدُوْا | فَاَمْسِكُوْهُنَّ | فِى الْبُيُوْتِ | حَتّٰى | يَتَوَفّٰهُنَّ |
|---|---|---|---|---|
| وہ گواہی دیں | تو روکو ان کو | گھروں میں | یہاں تک کہ | اٹھالے ان کو |

تو ان عورتوں کو گھروں میں بند کر دو یہاں تک کہ موت ان کے عرصۂ حیات کو پورا کر دے

اَلْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا

| اَلْمَوْتُ | اَوْ | يَجْعَلَ | اللّٰهُ | لَهُنَّ | سَبِيْلًا | وَ | الَّذٰنِ | يَاْتِيٰنِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موت | یا | بنائے | اللہ | ان کے لئے | کوئی راہ | اور | وہ دو | جو ارتکاب کرے اس کا |

یا اللہ ان کیلئے کوئی راہ (یعنی نیا حکم) مقرر فرما دے۔ اور تم میں سے جو بھی کوئی

مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا

| مِنْكُمْ | فَاٰذُوْهُمَا | فَاِنْ | تَابَا | وَ | اَصْلَحَا | فَاَعْرِضُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | تو سزا دو ان کو | تو اگر | وہ توبہ کریں | اور | نیک ہو جائیں | تو درگزر کرو |

دو بدکاری کا ارتکاب کریں تو ان دونوں کو ایذاء پہنچاؤ پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں تو انہیں سزا دینے

عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ

| عَنْهُمَا | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | تَوَّابًا | رَّحِيْمًا | اِنَّمَا | التَّوْبَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | بے شک | اللہ | ہے | توبہ قبول کرنے والا | مہربان | اس کے سوا نہیں کہ | توبہ |

سے گریز کرو، بیشک اللہ بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے۔ وہ توبہ جس کا

عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ

| عَلَى اللّٰهِ | لِلَّذِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ | السُّوْٓءَ | بِجَهَالَةٍ | ثُمَّ | يَتُوْبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے ذمہ ہے | ان کیلئے جو | کام کرتے ہیں | برے | نادانی سے | پھر | توبہ کرتے ہیں |

اللہ نے وعدہ کیا صرف ان لوگوں کیلئے ہے جو نادانی کی وجہ سے گناہ کر بیٹھیں پھر جلدی سے توبہ کر لیں

مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ

| مِنْ قَرِيْبٍ | فَاُولٰٓئِكَ | يَتُوْبُ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی سے | تو یہی لوگ ہیں کہ | توبہ قبول کرتا ہے | اللہ | ان کی | اور | ہے | اللہ |

تو وہ ایسے لوگ ہیں جن پر اللہ اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرماتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَ لَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

| عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | وَ | لَيْسَتِ | التَّوْبَةُ | لِلَّذِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا | حکمت والا | اور | نہیں | توبہ | ان کی جو | کام کریں |

بہت حکمت والا ہے۔ اور (یہ) توبہ ان لوگوں کیلئے نہیں جو (مسلسل) گناہ کرتے رہتے ہیں

السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ

| السَّيِّاٰتِ | حَتّٰٓى | اِذَا | حَضَرَ | اَحَدَهُمُ | الْمَوْتُ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| برے | یہاں تک کہ | جب | حاضر ہو | ایک ان کے کو | موت | کہے |

یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آئے تو کہے میں نے اب توبہ کی

اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَ لَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَ هُمْ كُفَّارٌ ؕ

| اِنِّيْ | تُبْتُ | الْـٰٔنَ | وَ | لَا | الَّذِيْنَ | يَمُوْتُوْنَ | وَ | هُمْ | كُفَّارٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک میں | توبہ کرتا ہوں | اب | اور | نہ | ان کی جو | مریں | اور | وہ | کافر ہوں |

اور نہ (یہ توبہ) ان لوگوں کیلئے ہے جو مر جاتے ہیں اس حال میں کہ وہ کافر ہیں،

اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| اُولٰٓئِكَ | اَعْتَدْنَا | لَهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ لوگ ہیں کہ | ہم نے تیار کر رکھا ہے | ان کے لئے | عذاب | دردناک | اے | وہ لوگو جو |

ان کیلئے ہم نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ

| اٰمَنُوْا | لَا | يَحِلُّ | لَكُمْ | اَنْ | تَرِثُوْا | النِّسَآءَ | كَرْهًا | وَ | لَا | تَعْضُلُوْهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | نہیں | حلال | تم کو | یہ کہ | وارث بنو | عورتوں کے | زبردستی | اور | نہ | روکو ان کو |

تمہیں حلال نہیں کہ عورتوں کے وارث بن جاؤ زبردستی اور عورتوں کو روکو نہیں

لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ

| لِتَذْهَبُوْا | بِبَعْضِ | مَآ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ | اِلَّآ | اَنْ | يَّاْتِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ لے لو تم | بعض حصہ | اس کا جو | دیا ہے ان کو | مگر | یہ کہ | وہ ارتکاب کریں |

اس نیت سے کہ جو مہر اُن کو دیا تھا اس میں سے کچھ لے لو مگر اس

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ

| بِفَاحِشَةٍ | مُّبَيِّنَةٍ | وَعَاشِرُوْهُنَّ | بِالْمَعْرُوْفِ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|
| بے حیائی کا | کھلم کھلا | اور برتاؤ کرو ان سے | اچھا | پھر اگر |

وارث میں کہ کھلی بے حیائی کا کام کریں اور ان سے اچھا برتاؤ کرو پھر اگر

كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ

| كَرِهْتُمُوْهُنَّ | فَعَسٰٓى | اَنْ | تَكْرَهُوْا | شَيْـًٔا | وَّ | يَجْعَلَ | اللّٰهُ | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناپسند کرو تم ان کو | تو قریب ہے | یہ کہ | ناپسند کرو تم | کسی چیز کو | اور | کرے | اللہ | اس میں |

اور جو ایسا کرے اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے تو عنقریب ہم اسے بڑا

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْرًا | عَظِيْمًا | وَ | مَنْ | يُّشَاقِقِ | الرَّسُوْلَ | مِنْ بَعْدِ | مَا تَبَيَّنَ | لَهُ |
| اجر | زبردست | اور | جو | خلاف کرے | رسول کا | اس کے بعد | جو ظاہر ہوا | اس کے لیے |

ثواب دیں گے۔ اور جو شخص ہدایت کے خوب واضح ہو جانے کے بعد رسول کی مخالفت کرے

الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْهُدٰى | وَ | يَتَّبِعْ | غَيْرَ | سَبِيْلِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | نُوَلِّهٖ | مَا تَوَلّٰى | وَنُصْلِهٖ |
| ہدایت | اور | پیچھے لگے | غیر | راستے | مسلمانوں کے | تو چھوڑ دیں گے ہم | اس پر جس پر وہ گیا | اور پہنچائیں گے |

اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اسے دوزخ میں

جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | وَ | سَآءَتْ | مَصِيْرًا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَغْفِرُ | اَنْ | يُّشْرَكَ | بِهٖ |
| دوزخ میں | اور | بری ہے | پلٹنے کی جگہ | بیشک | اللہ | نہیں | بخشے گا | یہ کہ | شرک کیا جائے | اس کے ساتھ |

داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔ اللہ اسے نہیں بخشتا کہ اس کا کوئی شریک ٹھہرایا جائے اور اس سے

وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَغْفِرُ | مَا دُوْنَ | ذٰلِكَ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَ | مَنْ | يُّشْرِكْ | بِاللّٰهِ | فَقَدْ | ضَلَّ |
| اور | بخشے گا | جو سوا | اس کے ہیں | جسے | چاہے | اور | جو | شریک بنائے | اللہ کا | تو بیشک | وہ گمراہ ہوا |

کم جو کچھ ہے جسے چاہے معاف فرما دیتا ہے اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے وہ دور کی

ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَلٰلًا | بَعِيْدًا | اِنْ يَّدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖٓ | اِلَّآ | اِنٰثًا | وَ | اِنْ يَّدْعُوْنَ |
| گمراہی | دور کی | نہیں پوجتے | اس کے سوا | مگر | عورتوں کو | اور | نہیں پوجتے وہ |

گمراہی میں پڑا ہے۔ یہ (مشرکین) اللہ کے سوا دیویوں کی ہی پرستش کرتے ہیں اور یہ فقط سرکش

وقف لازم

إِلَّا شَيْطَٰنًا مَّرِيدًا ﴿١١٧﴾ لَّعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ

| إِلَّا | شَيْطَٰنًا | مَّرِيدًا | لَّعَنَهُ | اللَّهُ | وَ | قَالَ | لَأَتَّخِذَنَّ | مِنْ عِبَادِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | شیطان | سرکش کو | لعنت کی اس پر | اللہ نے | اور | بولا | ضرور لوں گا میں | تیرے بندوں سے |

شیطان ہی کی پوجا کرتے ہیں۔ جس پر اللہ نے لعنت کی ہے اور جس نے کہا تھا کہ میں تیرے بندوں میں سے ایک

نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ﴿١١٨﴾ وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَءَامُرَنَّهُمْ

| نَصِيبًا | مَّفْرُوضًا | وَلَأُضِلَّنَّهُمْ | وَ | لَأُمَنِّيَنَّهُمْ | وَ | لَءَامُرَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حصہ | مقرر | اور میں ضرور گمراہ کروں گا ان کو | اور | آرزوئیں دلاؤں گا ان کو | اور | ضرور حکم دوں گا ان کو |

معین حصہ (اپنے لئے) ضرور لے لوں گا۔ اور مجھے قسم ہے میں انہیں ضرور بہکاؤں گا اور ضرور دلاؤں گا انہیں جھوٹی آرزوئیں

فَلَيُبَتِّكُنَّ ءَاذَانَ الْأَنْعَٰمِ وَلَءَامُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ ۚ وَمَن

| فَلَيُبَتِّكُنَّ | ءَاذَانَ | الْأَنْعَٰمِ | وَ | لَءَامُرَنَّهُمْ | فَلَيُغَيِّرُنَّ | خَلْقَ | اللَّهِ | وَ | مَن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو وہ ضرور چیریں گے | کان | چوپایوں کے | اور | ضرور حکم دوں گا انکو | تو وہ ضرور بدلیں گے | پیدا کی ہوئی | اللہ کی | اور | جو |

اور میں انہیں ضرور حکم دوں گا تو یقیناً ضرور وہ مویشیوں کے کان چیریں گے اور میں انہیں ضرور اَمر کروں گا تو وہ ضرور بدل دیں

يَتَّخِذِ الشَّيْطَٰنَ وَلِيًّا مِّن دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِينًا ﴿١١٩﴾

| يَتَّخِذِ | الشَّيْطَٰنَ | وَلِيًّا | مِّن دُونِ | اللَّهِ | فَقَدْ | خَسِرَ | خُسْرَانًا | مُّبِينًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑے | شیطان کو | دوست | سوا | اللہ کے | تو بیشک | خسارہ اٹھایا | خسارہ | صریح |

گے اللہ کی بنائی ہوئی صورتیں اور جس نے اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنایا تو وہ پڑ گیا کھلے نقصان میں۔

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَٰنُ إِلَّا غُرُورًا ﴿١٢٠﴾ أُولَٰٓئِكَ

| يَعِدُهُمْ | وَ | يُمَنِّيهِمْ | وَ | مَا | يَعِدُهُمُ | الشَّيْطَٰنُ | إِلَّا | غُرُورًا | أُولَٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ دیتا ہے ان کو | اور | آرزوئیں دلاتا ہے | اور | نہیں | وعدہ دیتا ان کو | شیطان | مگر | فریب کا | یہ لوگ |

شیطان ان سے وعدے کرتا ہے اور انہیں آرزوئیں دلاتا ہے اور شیطان ان سے وعدے نہیں کرتا مگر فریب کے۔ ان کا

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿۱۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | وَ | لَا | يَجِدُوْنَ | عَنْهَا | مَحِيْصًا | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا ٹھکانا | دوزخ ہے | اور | نہیں | پائیں گے | اس سے | کوئی بچنے کی جگہ | اور | وہ جو | ایمان لائے |

ٹھکانا دوزخ ہے اس سے بچنے کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | سَنُدْخِلُهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | عمل کیے | نیک | عنقریب داخل کریں گے ہم ان کو | باغوں میں | رواں ہیں | ان کے نیچے |

اور اچھے کام کیے تو قریب ہے کہ ہم انہیں ایسے باغوں میں لے جائیں گے جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ

| الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا | وَعْدَ | اللّٰهِ | حَقًّا | وَ | مَنْ | اَصْدَقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | ہمیشہ رہیں | اس میں | ہمیشہ | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اور | کون | زیادہ سچا ہے |

نہریں رواں ہیں ہمیشہ ان میں رہیں گے اللہ کا سچا وعدہ اور اللہ سے زیادہ

مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ۭ مَنْ

| مِنَ اللّٰهِ | قِيْلًا | لَيْسَ | بِاَمَانِيِّكُمْ | وَ | لَآ | اَمَانِيِّ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | بات میں | نہیں | تمہاری خواہشوں پر | اور | نہ | ہوس پر | اہل | کتاب کی | جو |

کس کی بات سچی۔ (اللہ کا وعدۂ مغفرت) نہ تمہاری خواہشات پر موقوف ہے اور نہ اہل کتاب کی

يَّعْمَلْ سُوْۗءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

| يَّعْمَلْ | سُوْۗءًا | يُّجْزَ | بِهٖ | وَ | لَا | يَجِدْ لَهٗ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلِيًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمل کرے گا | برے | بدلہ پائے گا | اس کا | اور | نہ | پائے گا اپنے لیے | سوا | اللہ کے | کوئی حمایتی |

خواہشات پر جو کوئی برا عمل کرے گا اسے اس کی سزا دی جائے گی اور نہ وہ اللہ کے سوا اپنا کوئی حمایتی پائے گا

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | نَصِيْرًا | وَ | مَنْ | يَّعْمَلْ | مِنَ الصّٰلِحٰتِ | مِنْ ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | وَ | هُوَ |
| اور | نہ | مددگار | اور | جو | عمل کرے | بھلے سے | مرد ہو | یا | عورت | اور | وہ |

اور نہ مددگار۔ اور جو کوئی نیک اعمال کرے گا (خواہ) مرد ہو یا عورت ہو

مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنٌ | فَاُولٰٓئِكَ | يَدْخُلُوْنَ | الْجَنَّةَ | وَ | لَا | يُظْلَمُوْنَ | نَقِيْرًا | وَ | مَنْ |
| مسلمان ہو | تو یہ | داخل ہوں گے | جنت میں | اور | نہ | ظلم کیے جائیں گے | تل برابر | اور | کون |

وہ ایمان والا پس وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان کی تل برابر (بھی) حق تلفی نہیں کی جائے گی۔ اور اس

اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْسَنُ | دِيْنًا | مِّمَّنْ | اَسْلَمَ | وَجْهَهٗ | لِلّٰهِ | وَ | هُوَ | مُحْسِنٌ | وَّ | اتَّبَعَ | مِلَّةَ |
| بہتر ہے | دین میں | اس سے | جو جھکائے | اپنا چہرہ | اللہ کے لئے | اور | وہ | نیک ہو | اور | پیروی کرے | مذہب |

سے اچھا کس کا دین ہے جس نے جھکا دیا اپنا چہرہ اللہ کیلئے اور وہ نیکی کرنے والا ہو اور اس نے پیروی کی

اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾ وَلِلّٰهِ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمَ | حَنِيْفًا | وَاتَّخَذَ | اللّٰهُ | اِبْرٰهِيْمَ | خَلِيْلًا | وَ | لِلّٰهِ | مَا |
| ابراہیم کی | جو ہر باطل سے جدا ہے | اور بنایا | اللہ نے | ابراہیم کو | دوست | اور | اللہ ہی کا ہے | جو کچھ |

دینِ ابراہیم کی جو ہر باطل سے جدا ہو کر حق کی طرف مائل تھے اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا مخلص دوست بنالیا۔ اور اللہ ہی کا

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع ۱۸ / ۱۱ / ۱۵

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي الْاَرْضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | مُّحِيْطًا |
| آسمانوں میں | اور جو | زمین میں | اور | ہے | اللہ | ہر ایک | چیز کو | گھیرنے والا |

ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَسْتَفْتُوْنَكَ | فِي النِّسَآءِ | قُلِ | اللّٰهُ | يُفْتِيْكُمْ | فِيْهِنَّ | وَمَا | يُتْلٰى |
| اور سوال کرتے ہیں آپ سے | عورتوں کے بارے میں | فرمادو | اللہ | فتوے دیتا ہے تم کو | ان کے متعلق | اور جو | پڑھا جاتا ہے |

اور آپ سے عورتوں کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ اللہ تمہیں ان کا فتویٰ دیتا ہے

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | فِي | الْكِتٰبِ | فِيْ يَتٰمَى النِّسَآءِ | الّٰتِيْ | لَا | تُؤْتُوْنَهُنَّ | مَا | كُتِبَ | لَهُنَّ |
| تم پر | میں | کتاب | یتیم لڑکیوں کے متعلق | وہ کہ | نہیں | دیتے ہو ان کو | جو | مقرر | ان کیلئے |

اور وہ جو تم پر قرآن میں پڑھا جاتا ہے ان یتیم لڑکیوں کے بارے میں کہ تم انہیں نہیں دیتے

وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَرْغَبُوْنَ | اَنْ | تَنْكِحُوْهُنَّ | وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ | مِنَ الْوِلْدَانِ | وَ | اَنْ |
| اور | پسند نہیں کرتے ہو تم | یہ کہ | نکاح کرو ان سے | اور کمزور | بچوں کے متعلق | اور | یہ کہ |

جو ان کا مقرر ہے اور انہیں نکاح میں لانے سے منہ پھیرتے ہو اور کمزور بچوں کے بارے میں اور یہ کہ

تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقُوْمُوْا | لِلْيَتٰمٰى | بِالْقِسْطِ | وَ | مَا | تَفْعَلُوْا | مِنْ خَيْرٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِهٖ |
| قائم ہو تم | یتیموں کیلئے | انصاف سے | اور | جو کچھ | کرتے ہو | بھلائی سے | تو بیشک | اللہ | ہے | اس کو |

یتیموں کے حق میں انصاف پر قائم رہو اور تم جو بھلائی کرو تو اللہ کو اس کی

عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيْمًا | وَ | اِنِ | امْرَاَةٌ | خَافَتْ | مِنْ بَعْلِهَا | نُشُوْزًا | اَوْ | اِعْرَاضًا | فَلَا |
| جاننے والا | اور | اگر | کوئی عورت | ڈرے | اپنے شوہر کی | بے رغبتی سے | یا | نفرت سے | تو نہیں |

خبر ہے۔ اور اگر عورت اپنے شوہر کی زیادتی یا بے رغبتی کا خوف کرے

جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۭ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۭ

| جُنَاحَ | عَلَيْهِمَآ | اَنْ | يُّصْلِحَا | بَيْنَهُمَا | صُلْحًا | وَالصُّلْحُ | خَيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ | ان پر | یہ کہ | صلح کرلیں | آپس میں | صلح کرنا | اور صلح ہی | بہتر ہے |

تو ان پر گناہ نہیں کہ آپس میں صلح کر لیں اور صلح خوب ہے کیونکہ بخل

وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ۭ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

| وَ | اُحْضِرَتِ | الْاَنْفُسُ | الشُّحَّ | وَ | اِنْ | تُحْسِنُوْا | وَ | تَتَّقُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جھکتے ہیں | دل | بخل کے ساتھ | اور | اگر | نیکی کرو | اور | پرہیزگاری | تو بیشک | اللہ |

تو نفسوں میں موجود رہتا ہے اور اگر تم نیکی اور پرہیزگاری کرو تو اللہ کو

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ

| كَانَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرًا | وَلَنْ | تَسْتَطِيْعُوْٓا | اَنْ | تَعْدِلُوْا | بَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | اس سے جو | کرتے ہو تم | خبردار | اور ہرگز نہیں | طاقت رکھتے تم | یہ کہ | انصاف کرو | درمیان |

تمہارے کاموں کی خبر ہے۔ اور تم ہرگز اس بات کی طاقت نہیں رکھتے کہ (ایک سے زائد) بیویوں کے درمیان (پورا

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ۭ

| النِّسَآءِ | وَ | لَوْ | حَرَصْتُمْ | فَلَا | تَمِيْلُوْا | كُلَّ | الْمَيْلِ | فَتَذَرُوْهَا | كَالْمُعَلَّقَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عورتوں کے | اور | اگرچہ | حرص کرو تم | تو نہ | جھکو تم | پورا | جھک جانا | کہ چھوڑو اس دوسری کو | لٹکی ہوئی |

پورا) عدل کرسکو اگرچہ تم کتنا بھی چاہو پس (ایک کی طرف) اس طرح مائل نہ ہو جاؤ کہ دوسری کو (درمیان میں) لٹکتی ہوئی چیز کی طرح

وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ

| وَ | اِنْ | تُصْلِحُوْا | وَ | تَتَّقُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | وَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگر | مصالحت کرو | اور | پرہیزگاری | تو بیشک | اللہ | ہے | بخشنے والا | مہربان | اور اگر |

چھوڑ دو اور اگر تم اصلاح کر لو اور (حق تلفی و زیادتی سے) بچتے رہو تو اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور اگر

يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾

| يَّتَفَرَّقَا | يُغْنِ | اللّٰهُ | كُلًّا | مِّنْ سَعَتِهٖ | وَكَانَ | اللّٰهُ | وَاسِعًا | حَكِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دونوں جدا ہوں | تو بے نیاز کرے گا | اللہ | ہر ایک کو | اپنی کشادگی سے | اور ہے | اللہ | کشائش والا | حکمت والا |

دونوں (میاں بیوی) جدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو اپنی کشائش سے (ایک دوسرے سے) بے نیاز کر دے گا اور اللہ بڑی وسعت والا بڑی حکمت والا ہے۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا

| وَ | لِلّٰهِ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي الْاَرْضِ | وَ | لَقَدْ | وَصَّيْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ ہی کا ہے | جو کچھ | آسمانوں میں ہے | اور | جو کچھ | زمین میں ہے | اور | بیشک | تاکید فرمائی ہم نے |

اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے اور بیشک ہم نے حکم دیا

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا

| الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | مِنْ قَبْلِكُمْ | وَ | اِيَّاكُمْ | اَنِ | اتَّقُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو جو | دیئے گئے | کتاب | تم سے پہلے | اور | خاص تم کو بھی | یہ کہ | ڈرو |

ان لوگوں کو جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور تم کو (بھی) کہ اللہ سے ڈرتے رہو

اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

| اللّٰهَ | وَ | اِنْ | تَكْفُرُوْا | فَاِنَّ | لِلّٰهِ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | اور | اگر | تم کفر کرو | تو بیشک | اللہ ہی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے | اور | جو |

اور اگر تم نہ مانو تو بیشک اللہ ہی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ

فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

| فِي الْاَرْضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | غَنِيًّا | حَمِيْدًا | وَ | لِلّٰهِ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں ہے | اور | ہے | اللہ | بے نیاز | سراہا گیا | اور | اللہ ہی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے |

زمین میں ہے اور اللہ بے نیاز ہے بہت تعریف کیا ہوا۔ اور اللہ ہی کیلئے ہے جو کچھ

وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ

| وَ | مَا | فِی الْاَرْضِ | وَکَفٰی | بِاللّٰہِ | وَکِیْلًا | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | زمین میں ہے | اور کافی ہے | اللہ | کارساز | اگر |

آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ کارساز کافی ہے۔ اے لوگو!

یَّشَاْ یُذْهِبْکُمْ اَیُّهَا النَّاسُ وَیَاْتِ بِاٰخَرِیْنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ

| یَّشَاْ | یُذْهِبْکُمْ | اَیُّهَا | النَّاسُ | وَیَاْتِ | بِاٰخَرِیْنَ | وَ | کَانَ | اللّٰہُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ چاہے | تو لے جائے تم کو | اے | لوگو | اور لے آئے | دوسروں کو | اور | ہے | اللہ |

وہ چاہے تو تمہیں لے جائے اور تمہاری جگہ دوسروں کو لے آئے

عَلٰی ذٰلِکَ قَدِیْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ کَانَ یُرِیْدُ ثَوَابَ الدُّنْیَا

| عَلٰی | ذٰلِکَ | قَدِیْرًا | مَنْ | کَانَ | یُرِیْدُ | ثَوَابَ | الدُّنْیَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اس کے | قادر | جو | ہے | چاہتا | انعام | دنیا کا |

اور اللہ کو اس کی قدرت ہے۔ جو دنیا کا انعام چاہے تو اللہ ہی کے پاس دنیا

فَعِنْدَ اللّٰہِ ثَوَابُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ سَمِیْعًا

| فَعِنْدَ | اللّٰہِ | ثَوَابُ | الدُّنْیَا | وَالْاٰخِرَةِ | وَ | کَانَ | اللّٰہُ | سَمِیْعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پاس | اللہ کے ہے | انعام | دنیا کا | اور آخرت کا | اور | ہے | اللہ | سنتا |

و آخرت دونوں کا انعام ہے اور اللہ خوب سننے والا اور

بَصِیْرًا ﴿۱۳۴﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ ع ۱۹ ۸ ۱۶

| بَصِیْرًا | یٰۤاَیُّهَا | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | کُوْنُوْا | قَوّٰمِیْنَ | بِالْقِسْطِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھتا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | ہو جاؤ | قائم | انصاف |

دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو! تم انصاف پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے والے (حق) اللہ کے

شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ

| شُهَدَآءَ | لِلّٰهِ | وَلَوْ | عَلٰٓى | اَنْفُسِكُمْ | اَوِ | الْوَالِدَيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہی دینے | اللہ کے لئے | اور اگرچہ | اوپر | جانوں تمہاری کے | یا | ماں باپ |

گواہی دینے والے ہو جاؤ خواہ (گواہی) خود تمہارے اپنے یا (تمہارے) والدین یا

وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫

| وَالْاَقْرَبِيْنَ | اِنْ | يَّكُنْ | غَنِيًّا | اَوْ | فَقِيْرًا | فَاللّٰهُ | اَوْلٰى | بِهِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رشتہ داروں کے | اگر | وہ ہو | غنی | یا | فقیر | تو اللہ | خیر خواہ ہے | دونوں کا |

(تمہارے) رشتہ داروں کے خلاف ہی ہو اگرچہ مالدار ہے یا محتاج اللہ ان دونوں کا (تم سے) زیادہ خیر خواہ ہے

فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا

| فَلَا | تَتَّبِعُوا | الْهَوٰٓى | اَنْ تَعْدِلُوْا | وَ | اِنْ | تَلْوٗٓا | اَوْ | تُعْرِضُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نہ | پیروی کرو | خواہش کی | اس میں کہ نافرمانی کرو | اور | اگر | تم پرہیز کرو | یا | منہ موڑو |

سو تم خواہش نفس کی پیروی نہ کیا کرو وہ عدل سے ہٹ جاؤ (گے) اور اگر تم نے (گواہی میں) بات بدلی

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بیشک | اللہ | ہے | اس سے جو | تم کرتے ہو | خبردار | اے | وہ جو |

یا چشم پوشی کی تو بیشک اللہ ان (سب کاموں) سے خبردار ہے جو تم کر رہے ہو۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى

| اٰمَنُوْٓا | اٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَرَسُوْلِهٖ | وَ | الْكِتٰبِ | الَّذِيْ | نَزَّلَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے ہو | ایمان رکھو | اللہ پر | اور اس کے رسول پر | اور | کتاب پر | جو | اس نے اتاری | اوپر |

اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول ﷺ پر نازل فرمائی ہے اور اس کتاب پر جو اس نے

رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلِهٖ | وَ | الْكِتٰبِ | الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ | مِنْ قَبْلُ | وَ | مَنْ | يَّكْفُرْ |
| اپنے رسول کے | اور | اس کتاب پر | جو | اتاری | اس سے پہلے | اور | جو | نہ مانے |

(اس سے) پہلے اتاری تھی ایمان لاؤ اور جو کوئی اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا

بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | وَ | مَلٰٓئِكَتِهٖ | وَكُتُبِهٖ | وَ | رُسُلِهٖ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | فَقَدْ |
| اللہ | اور | فرشتوں | اور کتابوں | اور | اس کے رسولوں کو | اور | دن | قیامت کو | تو بیشک |

اور اس کے رسولوں کا اور آخرت کے دن کا انکار کرے تو بیشک

ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَلَّ | ضَلٰلًا | بَعِيْدًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | ثُمَّ | كَفَرُوْا | ثُمَّ |
| گمراہ ہوا | گمراہی | دور کی | بیشک | وہ لوگ جو | ایمان لائے | پھر | کفر کیا | پھر |

وہ دور کی گمراہی میں بھٹک گیا۔ بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے پھر کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | ثُمَّ | كَفَرُوْا | ثُمَّ | ازْدَادُوْا | كُفْرًا | لَّمْ | يَكُنِ | اللّٰهُ | لِيَغْفِرَ |
| ایمان لائے | پھر | کفر کیا | پھر | وہ بڑھتے گئے | کفر میں | نہیں | ہے | اللہ | کہ بخشے |

کافر ہوئے پھر وہ کفر میں اور بڑھ گئے اللہ انہیں ہرگز نہ بخشے

لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | وَ | لَا لِيَهْدِيَهُمْ | سَبِيْلًا | بَشِّرِ | الْمُنٰفِقِيْنَ | بِاَنَّ | لَهُمْ |
| ان کو | اور | نہ انہیں ہدایت کرے | راہ کی | خوشخبری دو | منافقوں کو | کہ بیشک | ان کے |

اور نہ انہیں (نجات کی) راہ دکھائے گا۔ اے حبیب ﷺ خوشخبری سنا دیجئے منافقوں کو کہ ان

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳۸﴾ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ

| عَذَابًا | اَلِيْمًا | الَّذِيْنَ | يَتَّخِذُوْنَ | الْكٰفِرِيْنَ | اَوْلِيَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|
| عذاب ہے | دردناک | وہ جو | بناتے ہیں | کافروں کو | دوست |

دردناک عذاب ہے۔ وہ جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو

مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ

| مِنْ دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَيَبْتَغُوْنَ | عِنْدَهُمُ | الْعِزَّةَ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|
| سوائے | مسلمانوں کے | کیا چاہتے ہیں | نزدیک ان کے | عزت | تو بیشک |

دوست بناتے ہیں کیا ان کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں تو عزت تو

الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا

| الْعِزَّةَ | لِلّٰهِ | جَمِيْعًا | وَ | قَدْ | نَزَّلَ | عَلَيْكُمْ | فِي | الْكِتٰبِ | اَنْ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عزت | اللہ کیلئے ہے | ساری | اور | بیشک | اتارا اس نے | تم پر | میں | کتاب | یہ کہ | جب |

ساری اللہ کیلئے ہے۔ اور بے شک اللہ نے تم پر کتاب میں حکم نازل کر دیا ہے کہ جب

سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا

| سَمِعْتُمْ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | يُكْفَرُ | بِهَا | وَ | يُسْتَهْزَاُ | بِهَا | فَلَا | تَقْعُدُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنو تم | آیات | الٰہی کو کہ | انکار کیا جاتا ہے | ان کا | اور | ہنسی بنائی جاتی ہے | ان کی | تو نہ | بیٹھو |

تم اللہ کی آیتوں کو سنو کہ ان کا انکار کیا جاتا ہے اور ان کی ہنسی بنائی جاتی ہے

مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا

| مَعَهُمْ | حَتّٰى | يَخُوْضُوْا | فِيْ | حَدِيْثٍ | غَيْرِهٖ | اِنَّكُمْ | اِذًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے ساتھ | یہاں تک کہ | مشغول ہوں | میں | بات | دوسری | ورنہ تم بھی | اس وقت |

ان لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو جب تک وہ اور بات میں مشغول نہ ہوں

مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ

| فِيْ جَهَنَّمَ | وَالْكٰفِرِيْنَ | الْمُنٰفِقِيْنَ | جَامِعُ | اللّٰهَ | اِنَّ | مِّثْلُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنم میں | اور کافروں کو | منافقوں | جمع کرنے والا ہے | اللہ | بیشک | ان جیسے ہوگے |

ورنہ تم بھی انہیں جیسے ہو جاؤ گے بے شک اللہ منافقوں اور کافروں سب کو

جَمِيْعًا ۙ﴿۱۴۰﴾ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ

| كَانَ | فَاِنْ | بِكُمْ | يَتَرَبَّصُوْنَ | الَّذِيْنَ | جَمِيْعًا |
|---|---|---|---|---|---|
| ہو | تو اگر | تمہارا | انتظار کرتے ہیں | وہ جو | سب کو |

جہنم میں اکٹھا کرے گا۔ وہ (منافق) جو تمہاری (فتح و شکست کی) تاک میں رہتے ہیں پھر اگر تمہیں

لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ

| كَانَ | اِنْ | وَ | مَّعَكُمْ | نَكُنْ | اَلَمْ | قَالُوْٓا | مِّنَ اللّٰهِ | فَتْحٌ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو | اگر | اور | تمہارے ساتھ | تھے ہم | کیا نہیں | تو کہیں گے | اللہ کی طرف سے | فتح | تم کو |

اللہ کی طرف سے فتح نصیب ہو جائے تو کہتے ہیں کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر کافروں کو (ظاہری فتح میں سے)

لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ

| نَمْنَعْكُمْ | وَ | عَلَيْكُمْ | نَسْتَحْوِذْ | اَلَمْ | قَالُوْٓا | نَصِيْبٌ | لِلْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچالیا تم کو | اور | تم پر | قابو تھا ہمارا | کیا نہیں | تو کہتے | حصہ | کافروں کا |

کچھ حصہ مل گیا تو (ان سے) کہتے ہیں کیا ہم تم پر غالب نہیں ہو گئے تھے اور (اس کے باوجود کیا)

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

| الْقِيٰمَةِ | يَوْمَ | بَيْنَكُمْ | يَحْكُمُ | فَاللّٰهُ | مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | دن | درمیان تمہارے | فیصلہ کردے گا | تو اللہ | مسلمانوں سے |

ہم نے تمہیں مسلمانوں (کے ہاتھوں نقصان) سے نہیں بچایا؟ پس اللہ تمہارے درمیان قیامت کے دن فیصلہ فرمائے گا

وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿١٤١﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَنْ | يَّجْعَلَ | اللّٰهُ | لِلْكٰفِرِيْنَ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | سَبِيْلًا |
| اور | ہرگز نہ | دے گا | اللہ | کافروں کو | اوپر | مسلمانوں کے | کوئی راہ |

اور اللہ کافروں کو مسلمانوں پر (غلبہ پانے کی) ہرگز کوئی راہ نہ دے گا۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ هُوَ خَادِعُهُمْ ج

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الْمُنٰفِقِيْنَ | يُخٰدِعُوْنَ | اللّٰهَ | وَ | هُوَ | خَادِعُهُمْ |
| بیشک | منافق | فریب دینا چاہتے ہیں | اللہ کو | اور حال تو یہ کہ | وہ | انکے فریب کا بدلہ دے گا |

بیشک منافق اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں حالانکہ وہ انہیں (اپنے ہی) دھوکے کی سزا دینے والا ہے

وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى لا يُرَآءُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | قَامُوْٓا | اِلَى | الصَّلٰوةِ | قَامُوْا | كُسَالٰى | يُرَآءُوْنَ |
| اور | جب | کھڑے ہوتے ہیں | طرف | نماز کی تو | کھڑے ہوتے ہیں | سستی سے | دکھلاوا کرتے ہیں |

اور جب وہ نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی کے ساتھ (محض) لوگوں کو

النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿١٤٢﴾ لا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسَ | وَ | لَا | يَذْكُرُوْنَ | اللّٰهَ | اِلَّا | قَلِيْلًا |
| لوگوں کو | اور | نہیں | یاد کرتے | اللہ کو | مگر | تھوڑا |

دکھانے کیلئے کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ کو یاد (بھی) نہیں کرتے مگر تھوڑا۔

مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ق لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّذَبْذَبِيْنَ | بَيْنَ | ذٰلِكَ | لَآ | اِلٰى | هٰٓؤُلَآءِ | وَ | لَآ | اِلٰى |
| ڈگمگا رہے ہیں | درمیان | اس کے | نہ | طرف | ان کی | اور | نہ | طرف |

تردد کرنے والے ہیں اس (کفر اور ایمان) کے درمیان نہ ان (کافروں) کی طرف ہیں نہ ان

هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿١٤٣﴾

| هٰٓؤُلَآءِ | وَمَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَلَنْ | تَجِدَ لَهٗ | سَبِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی | اور جسے | گمراہ کرے | اللہ | تو ہرگز نہ | پائے گا تو اس کے لئے | کوئی راہ |

(مومنوں) کی طرف اور جسے گمراہ کرے اللہ تو (اے محبوب ﷺ) آپ اس کیلئے کوئی راہ نہ پائیں گے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ

| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَتَّخِذُوا | الْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | نہ | پکڑو | کافروں کو |

اے ایمان والو نہ بناؤ کافروں کو اپنا

اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ

| اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَتُرِيْدُوْنَ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|
| دوست | سوا | مسلمانوں کے | کیا چاہتے ہو | یہ کہ |

دوست مسلمانوں کے سوا کیا تم چاہتے ہو کہ بنا

تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿١٤٤﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

| تَجْعَلُوْا | لِلّٰهِ | عَلَيْكُمْ | سُلْطٰنًا | مُّبِيْنًا | اِنَّ | الْمُنٰفِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بناؤ | اللہ کے لئے | اپنے اوپر | حجت | صریح | بیشک | منافق |

دو اللہ کیلئے اپنے خلاف کھلی حجت۔ بے شک منافق

فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ

| فِي | الدَّرْكِ | الْاَسْفَلِ | مِنَ النَّارِ | وَ | لَنْ | تَجِدَ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | طبقے | نچلے ہوں گے | دوزخ کے | اور | ہرگز نہ | پاؤ گے تم | ان کیلئے |

دوزخ کے سب سے نیچے طبقہ میں ہیں اور تم ہرگز ان کا کوئی

نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَصِيْرًا | اِلَّا | الَّذِيْنَ | تَابُوْا | وَاَصْلَحُوْا | وَ | اعْتَصَمُوْا |
| کوئی مددگار | مگر | وہ جنہوں نے | توبہ کی | اور درست ہو گئے | اور | تھام لیا |

مددگار نہ پاؤ گے۔ مگر وہ جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح کر لی اور

بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | وَ | اَخْلَصُوْا | دِيْنَهُمْ | لِلّٰهِ | فَاُولٰٓئِكَ | مَعَ |
| اللہ کی رسی کو | اور | خالص کیا | اپنا دین | اللہ کے لئے | تو یہ لوگ | ساتھ |

اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لیا اور اپنا دین خالص اللہ کیلئے کر لیا

الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | سَوْفَ | يُؤْتِ | اللّٰهُ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| مسلمانوں کے ہیں | اور | عنقریب | دے گا | اللہ | مسلمانوں کو |

تو یہ مسلمانوں کے ساتھ ہیں اور عنقریب اللہ مسلمانوں کو بڑا

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْرًا | عَظِيْمًا | مَا | يَفْعَلُ | اللّٰهُ | بِعَذَابِكُمْ | اِنْ |
| اجر | بڑا | کیا | کرے گا | اللہ | تمہیں عذاب دے کر | اگر |

ثواب دے گا۔ اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر گزار بن جاؤ اور

شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَكَرْتُمْ | وَ | اٰمَنْتُمْ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | شَاكِرًا | عَلِيْمًا |
| تم حق مانو | اور | ایمان لاؤ | اور | ہے | اللہ | صلہ دینے والا | جاننے والا |

ایمان لے آؤ اور اللہ (ہر حق کا) قدر شناس ہے (ہر عمل کا) خوب جاننے والا ہے۔

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُحِبُّ | اللّٰهُ | الْجَهْرَ | بِالسُّوْٓءِ | مِنَ الْقَوْلِ | اِلَّا | مَنْ | ظُلِمَ | وَكَانَ | اللّٰهُ |
| نہیں | پسند کرتا | اللہ | اعلان کرنا | برائی کا | بات سے | مگر | جو | مظلوم ہو | اور ہے | اللہ |

اللہ کسی بری بات کا آوازِ بلند کہنا پسند نہیں فرماتا سوائے اس کے جس پر ظلم ہوا ہو اور وہ

سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿١٤٨﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِيْعًا | عَلِيْمًا | اِنْ | تُبْدُوْا | خَيْرًا | اَوْ | تُخْفُوْهُ | اَوْ | تَعْفُوْا | عَنْ | سُوْٓءٍ |
| سننے والا | جاننے والا | اگر | اعلانیہ کرو | بھلائی | یا | چھپاؤ اس کو | یا | درگزر کرو | کوئی | برائی |

خوب سننے والا جاننے والا ہے اگر تم ظاہر کرو کوئی نیکی یا اسے پوشیدہ رکھو یا کسی برائی کو معاف کر دو

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿١٤٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَفُوًّا | قَدِيْرًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَكْفُرُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | رُسُلِهٖ |
| تو بیشک | اللہ | ہے | معاف کرنے والا | قدرت والا | بیشک | وہ جو | نہیں مانتے | اللہ | اور | اس کے رسولوں کو |

تو بے شک اللہ معاف کرنے والا قدرت والا ہے۔ بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں کے ساتھ کفر کا

وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُرِيْدُوْنَ | اَنْ | يُّفَرِّقُوْا | بَيْنَ | اللّٰهِ | وَ | رُسُلِهٖ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | نُؤْمِنُ |
| اور | چاہتے ہیں | یہ کہ | فرق کریں | درمیان | اللہ | اور | اس کے رسولوں کے | اور | کہتے ہیں | ہم ایمان لاتے ہیں |

ارادہ کرتے ہیں کہ فرق کریں اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان اور کہتے ہیں کہ ہم بعض کو مانتے ہیں

بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِبَعْضٍ | وَّ | نَكْفُرُ | بِبَعْضٍ | وَّيُرِيْدُوْنَ | اَنْ | يَّتَّخِذُوْا | بَيْنَ | ذٰلِكَ |
| ساتھ بعض کے | اور | ہم انکار کرتے ہیں | ساتھ بعض کے | اور چاہتے ہیں | یہ کہ | پکڑیں | درمیان | اس |

اور بعض کو نہیں مانتے درحقیقت چاہتے ہیں کہ ایمان اور کفر کے درمیان کو

سَبِيۡلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡكٰفِرُوۡنَ حَقًّا ۚ وَاَعۡتَدۡنَا لِلۡكٰفِرِيۡنَ

| سبیلا | اولٰئک | ھم | الکٰفرون | حقا | و | اعتدنا | للکٰفرین |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راستہ | یہی لوگ | وہ ہیں | کافر | پکے | اور | تیار کیا ہم نے | کافروں کیلئے |

راستہ بنا لیں۔ یہی پکے کافر ہیں اور ہم نے کافروں کیلئے ذلت کا

عَذَابًا مُّهِيۡنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمۡ يُفَرِّقُوۡا بَيۡنَ

| عذابا | مھینا | والذین | اٰمنوا | باللہ | و | رسلہ | و | لم | یفرقوا | بین |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | ذلیل کرنے والا | اور وہ جو | ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور | اسکے رسولوں کے | اور | نہ | فرق کیا | درمیان |

عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جو اللہ اور اس کے سب رسولوں پر ایمان لائے اور ان میں سے کسی پر ایمان

اَحَدٍ مِّنۡهُمۡ اُولٰٓئِكَ سَوۡفَ يُؤۡتِيۡهِمۡ اُجُوۡرَهُمۡ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

| احد | منھم | اولٰئک | سوف | یؤتیھم | اجورھم | و | کان | اللہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی ایک کے | ان میں سے | یہ لوگ ہیں کہ | عنقریب | دے گا ان کو | ان کے اجر | اور | ہے | اللہ |

لانے میں فرق نہیں کیا ہے تو انہیں عنقریب اللہ ان کا ثواب دے گا اور اللہ

ع ٢٠

غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿۱۵۲﴾ يَسۡـَٔلُكَ اَهۡلُ الۡكِتٰبِ اَنۡ تُنَزِّلَ عَلَيۡهِمۡ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ

| غفورا | رحیما | یسئلک | اھل الکتٰب | ان | تنزل | علیھم | کتٰبا | من السمآء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | مہربان | آپ سے سوال کرتے ہیں | اہل کتاب | یہ کہ | اتارے | ان پر | کتاب | آسمان سے |

بخشنے والا مہربان ہے۔ (اے محبوب ﷺ!) آپ ﷺ سے اہل کتاب سوال کرتے ہیں کہ آپ ان پر آسمان سے کوئی

فَقَدۡ سَاَلُوۡا مُوۡسٰٓى اَكۡبَرَ مِنۡ ذٰلِكَ فَقَالُوۡۤا اَرِنَا اللّٰهَ

| فقد | سالوا | موسٰی | اکبر | من ذٰلک | فقالوا | ارنا | اللہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| [illegible] | سوال کر چکے ہیں | موسیٰ سے | بڑا | اس سے | تو بولے | دکھا دو ہم کو | اللہ |

کتاب اتار لائیں تو وہ موسیٰ علیہ السلام سے اس سے بھی بڑا سوال کر چکے ہیں وہ یہ کہ انہوں نے کہا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کو اعلانیہ دکھا دو

جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ

| جَهْرَةً | فَاَخَذَتْهُمُ | الصّٰعِقَةُ | بِظُلْمِهِمْ | ثُمَّ | اتَّخَذُوا | الْعِجْلَ | مِنْ بَعْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| علانیہ | تو آلیا ان کو | کڑک نے | انکے ظلم کے سبب | پھر | لے بیٹھے | بچھڑا | اسکے بعد |

پس ان کے ظلم کی وجہ سے انہیں آسمانی بجلی نے آ پکڑا پھر انہوں نے بچھڑے (کو معبود) بنالیا اس کے بعد کہ ان کے پاس

مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى

| مَا | جَآءَتْهُمُ | الْبَيِّنٰتُ | فَعَفَوْنَا | عَنْ ذٰلِكَ | وَاٰتَيْنَا | مُوْسٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ | آئیں انکے پاس | روشن آیتیں | تو معاف کیا ہم نے | اس سے | اور دیا ہم نے | موسیٰ کو |

حق کی نشاندہی کرنے والی واضح نشانیاں آچکیں پھر ہم نے اس قوم سے درگزر کیا اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو

سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ

| سُلْطٰنًا | مُّبِيْنًا | وَ | رَفَعْنَا | فَوْقَهُمُ | الطُّوْرَ | بِمِيْثَاقِهِمْ | وَ | قُلْنَا | لَهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غلبہ | روشن | اور | اٹھایا ہم نے | ان پر | طور کو | ان سے عہد لینے کو | اور | فرمایا ہم نے | انہیں |

کو واضح غلبہ عطا فرمایا۔ اور ہم نے ان سے پختہ عہد لینے کیلئے (کوہ) طور کو ان کے اوپر اٹھا کر (معلق) کردیا اور ہم نے ان سے فرمایا کہ تم (اس

ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا

| ادْخُلُوا | الْبَابَ | سُجَّدًا | وَّ | قُلْنَا | لَهُمْ | لَا | تَعْدُوْا | فِي السَّبْتِ | وَ | اَخَذْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہو | دروازے سے | سجدہ کرتے | اور | فرمایا ہم نے | انہیں | نہ | حد سے بڑھو | ہفتہ کے دن میں | اور | لیا ہم نے |

شہر کے) دروازے (یعنی باب ایلیاء) میں سجدہ (شکر) کرتے ہوئے داخل ہونا اور ہم نے ان سے (مزید) فرمایا کہ ہفتہ کے دن (مچھلی کے شکار کی ممانعت

مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

| مِنْهُمْ | مِّيْثَاقًا | غَلِيْظًا | فَبِمَا | نَقْضِهِمْ | مِّيْثَاقَهُمْ | وَ | كُفْرِهِمْ | بِاٰيٰتِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | عہد | پختہ | تو بسبب | توڑنے ان کے | اپنے وعدے کو | اور | انکار کرنا ان کا | اللہ کی آیتوں کا |

کے حکم) میں بھی حد سے تجاوز نہ کرنا اور ہم نے ان سے بڑا تاکیدی عہد لیا۔ پھر ان کی عہد شکنی کے باعث اور اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ

وَقَتْلِهِمُ الْأَنْبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَلْ طَبَعَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَتْلِهِمُ | الْأَنْبِيَاءَ | بِغَيْرِ حَقٍّ | وَ | قَوْلِهِمْ | قُلُوبُنَا | غُلْفٌ | بَلْ | طَبَعَ |
| اور | قتل کرنا ان کا | انبیاء کو | بغیر حق کے | اور | انکے اس کہنے پر | ہمارے دل | غلافوں میں ہیں | بلکہ | مہر لگادی |

آیتوں کا انکار کیا اور انبیاء کو ناحق قتل کیا اور انہوں نے کہا کہ ہمارے دلوں پر غلاف ہیں (غلاف نہیں) بلکہ اللہ نے ان کے کفر کی

اللَّهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿۱۵۵﴾ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللَّهُ | عَلَيْهَا | بِكُفْرِهِمْ | فَلَا | يُؤْمِنُونَ | إِلَّا | قَلِيلًا | وَبِكُفْرِهِمْ | وَ | قَوْلِهِمْ |
| اللہ نے | اس پر | ان کے کفر کے سبب | تو نہ | ایمان لائیں گے | مگر | تھوڑے | ان کے کفر کے سبب | اور | ان کا یہ کہنا |

وجہ سے ان کے دلوں پر مہر لگا دی تو وہ ایمان نہیں لائیں گے مگر تھوڑے۔ اور ان کے اس کفر اور قول

عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا ﴿۱۵۶﴾ وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَىٰ مَرْيَمَ | بُهْتَانًا | عَظِيمًا | وَقَوْلِهِمْ | إِنَّا | قَتَلْنَا | الْمَسِيحَ | عِيسَى |
| مریم پر | بہتان | بڑا | اور ان کے اس کہنے پر | ہم نے | شہید کر دیا | مسیح | عیسیٰ |

کی وجہ سے (بھی) کہ انہوں نے مریم پر بہت بڑا بہتان باندھا۔ اور اُن کے یہ کہنے کی وجہ سے کہ یقیناً ہم نے اللہ کے رسول مسیح

ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللَّهِ ج وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِنْ شُبِّهَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابْنَ | مَرْيَمَ | رَسُولَ | اللَّهِ | وَ | مَا | قَتَلُوهُ | وَ | مَا | صَلَبُوهُ | وَ | لَٰكِنْ | شُبِّهَ |
| ابن | مریم کو | جو رسول ہے | اللہ کا | اور | نہ | قتل کیا اس کو | اور | نہ | سولی چڑھایا اسکو | اور | لیکن | شبیہ بنایا گیا |

ابن مریم علیہا السلام کو قتل کر دیا ہے حالانکہ انہوں نے نہ اُس کو قتل کیا اور نہ اُسے سولی دی بلکہ

لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِنْهُ ۚ مَا لَهُمْ بِهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | وَ | إِنَّ | الَّذِينَ | اخْتَلَفُوا | فِيهِ | لَفِي | شَكٍّ | مِنْهُ | مَا | لَهُمْ | بِهِ |
| ان کے لیے | اور | بیشک | وہ جنہوں نے | اختلاف کیا | اس میں | یقیناً | شک میں ہیں | اس سے | نہیں | ان کو | اس کی |

ان کے لیے مشتبہ کر دیا گیا اور یقیناً جن لوگوں نے اس میں اختلاف کیا وہ اس کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں گمان کی

مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿١٥٧﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | عِلْمٍ | اِلَّا | اتِّبَاعَ | الظَّنِّ | وَ | مَا | قَتَلُوْهُ | يَقِيْنًا | بَلْ | رَّفَعَهُ | اللّٰهُ |
| کوئی | خبر | مگر | پیروی کرتے ہیں | گمان کی | اور | نہیں | قتل کیا انہوں نے اسکو | یقینًا | بلکہ | اٹھالیا اس کو | اللہ نے |

پیروی کے سوا ان کو اس کا کوئی علم نہیں اور یقینًا انہوں نے اس کو قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ نے اسے اپنی

اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٥٨﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | وَ | اِنْ | مِّنْ | اَهْلِ الْكِتٰبِ | اِلَّا |
| اپنی طرف | اور | ہے | اللہ | غالب | حکمت والا | اور | نہیں | کوئی | کتابی | مگر |

طرف اٹھا لیا اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور اہلِ کتاب میں سے کوئی نہ رہے گا

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿١٥٩﴾ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيُؤْمِنَنَّ | بِهٖ | قَبْلَ | مَوْتِهٖ | وَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | يَكُوْنُ | عَلَيْهِمْ | شَهِيْدًا |
| ایمان لائے گا | اس پر | پہلے | ان کی موت کے | اور | دن | قیامت کے | ہوگا | ان پر | گواہ |

مگر وہ عیسیٰ پر ان کی موت سے پہلے ضرور ایمان لے آئے گا اور قیامت کے دن عیسیٰ ان پر گواہ ہوں گے۔

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَبِظُلْمٍ | مِّنَ الَّذِيْنَ | هَادُوْا | حَرَّمْنَا | عَلَيْهِمْ | طَيِّبٰتٍ | اُحِلَّتْ | لَهُمْ |
| تو بسبب ظلم کے | ان سے | جو یہود ہیں | حرام کیں ہم نے | ان پر | پاکیزہ چیزیں | جو حلال تھیں | ان کیلئے |

پھر یہودیوں کے ظلم ہی کی وجہ سے ہم نے ان پر (کئی) پاکیزہ چیزیں حرام کردیں جو (پہلے) ان کیلئے حلال تھیں اور اس وجہ سے

وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿١٦٠﴾ ۙ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بِصَدِّهِمْ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | كَثِيْرًا | وَّ | اَخْذِهِمُ | الرِّبٰوا | وَ | قَدْ | نُهُوْا |
| اور | بسبب ان کے روکنے کے | اللہ کی راہ سے | بہت لوگوں کو | اور | لینے ان کے | سود | اور | بیشک | روکے گئے |

(بھی) کہ وہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے بکثرت روکتے تھے۔ اور ان کے سود لینے کی وجہ سے حالانکہ وہ اس سے

عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

| عَنْهُ | وَ | اَكْلِهِمْ | اَمْوَالَ | النَّاسِ | بِالْبَاطِلِ | وَ | اَعْتَدْنَا | لِلْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | اور | کھا جاتے | مال | لوگوں کا | ناحق | اور | ہم نے تیار کر رکھا ہے | کافروں کیلئے |

روکے گئے تھے اور اس بنا پر کہ وہ لوگوں کے مال ناحق کھاتے تھے اور ان میں سے کافروں کیلئے ہم نے

مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٦١﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ

| مِنْهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | لٰكِنِ | الرّٰسِخُوْنَ | فِي الْعِلْمِ | مِنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کیلئے | عذاب | دردناک | لیکن | پکے | علم والے | ان سے |

دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ لیکن ان میں پختہ علم والے اور مؤمن ایمان لاتے ہیں

وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

| وَالْمُؤْمِنُوْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ | مِنْ قَبْلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مومن | ایمان لاتے ہیں | اس پر جو | اتارا گیا | تمہاری طرف | اور | جو | اتارا گیا | تم سے پہلے |

اس پر جو آپ کی طرف نازل ہوا اور جو آپ سے پہلے نازل ہوا

وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| وَ | الْمُقِيْمِيْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | الْمُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ | وَالْمُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قائم کرنے والے | نماز | اور | دینے والے | زکوٰۃ | اور ایمان لانے والے | اللہ پر | اور | دن |

اور نماز قائم رکھنے والے اور زکوٰۃ دینے والے اور اللہ اور قیامت پر یقین رکھنے والے

ع الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١٦٢﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

| الْاٰخِرِ | اُولٰٓئِكَ | سَنُؤْتِيْهِمْ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | اِنَّآ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت پر | یہ لوگ | عنقریب دیں گے ہم انکو | اجر | بڑا | بیشک ہم نے | وحی کی | آپ کی طرف |

یہی وہ لوگ ہیں کہ ہم عنقریب انہیں اجرِ عظیم عطا فرمائیں گے۔ بے شک اے محبوب ﷺ! ہم نے تمہاری طرف

كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَمَآ | اَوْحَيْنَآ | اِلٰى | نُوْحٍ | وَّ | النَّبِيّٖنَ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | وَ | اَوْحَيْنَآ | اِلٰٓى |
| جیسے | وحی کی ہم نے | طرف | نوح کی | اور | نبیوں کی | اس کے بعد | اور | وحی کی ہم نے | طرف |

وحی بھیجی جیسے وحی نوح اور ان کے بعدکہ پیغمبروں کو بھیجی اور ہم نے

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمَ | وَاِسْمٰعِيْلَ | وَ | اِسْحٰقَ | وَ | يَعْقُوْبَ | وَ | الْاَسْبَاطِ | وَ | عِيْسٰى |
| ابراہیم | اور اسماعیل | اور | اسحاق | اور | یعقوب | اور | ان کے بیٹوں | اور | عیسیٰ |

ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام اور اسحٰق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام اور ان کی اولاد اور عیسیٰ علیہ السلام

وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿١٦٣﴾ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَيُّوْبَ | وَ | يُوْنُسَ | وَ | هٰرُوْنَ | وَ | سُلَيْمٰنَ | وَ | اٰتَيْنَا | دَاوٗدَ | زَبُوْرًا |
| اور ایوب | اور | یونس | اور | ہارون | اور | سلیمان کی | اور | عطافرمائی ہم نے | داؤد کو | زبور |

اور ایوب علیہ السلام اور یونس علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو وحی کی اور ہم نے داؤد علیہ السلام کو زبور عطا فرمائی۔

وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رُسُلًا | قَدْ | قَصَصْنٰهُمْ | عَلَيْكَ | مِنْ قَبْلُ | وَرُسُلًا | لَّمْ | نَقْصُصْهُمْ |
| اور | رسولوں کو | کہ بیشک | بیان کیا ہم نے ان کو | آپ پر | پہلے | اور کئی رسول ہیں کہ | نہیں | بیان کیا ہم نے ان کو |

اور رسولوں کو جن کا ذکر آگے ہم آپ سے فرما چکے اور ان رسولوں کو جن کا ذکر

عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿١٦٤﴾ ۚ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكَ | وَ | كَلَّمَ | اللّٰهُ | مُوْسٰى | تَكْلِيْمًا | رُسُلًا | مُّبَشِّرِيْنَ |
| آپ پر | اور | کلام کیا | اللہ نے | موسیٰ سے | حقیقتاً کلام فرمانا | رسول | خوشخبری دیتے |

تم سے نہ فرمایا اور اللہ نے موسیٰ علیہ السلام سے حقیقتاً کلام فرمایا۔ رسول جو خوشخبری دینے والے

وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مُنْذِرِيْنَ | لِئَلَّا | يَكُوْنَ | لِلنَّاسِ | عَلَى | اللّٰهِ | حُجَّةٌ | بَعْدَ | الرُّسُلِ |
| اور | ڈراتے ہیں | تاکہ نہ | ہو | لوگوں کے لئے | اوپر | اللہ کے | کوئی عذر | بعد | رسولوں کے |

اور ڈر سنانے والے تھے (اس لئے بھیجے گئے) تاکہ (ان) رسولوں کے بعد لوگوں کیلئے اللہ پر کوئی عذر باقی نہ رہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۶۵﴾ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | لٰكِنِ | اللّٰهُ | يَشْهَدُ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اِلَيْكَ |
| اور | ہے | اللہ | غالب | حکمت والا | لیکن | اللہ | گواہ ہے | اس کا جو | اتارا | آپ کی طرف |

اور اللہ بڑا غالب حکمت والا ہے۔ (اے حبیب ﷺ! کوئی آپ ﷺ کی نبوت پر ایمان لائے یا نہ لائے) مگر اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ

اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ج وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۱۶۶﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَهٗ | بِعِلْمِهٖ | وَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | يَشْهَدُوْنَ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | شَهِيْدًا |
| اتارا اس کو | اپنے علم سے | اور | فرشتے بھی | گواہ ہیں | اور | کافی ہے | اللہ | گواہ |

جو کچھ اس نے آپ کی طرف نازل فرمایا ہے اسے اپنے علم سے نازل فرمایا ہے اور فرشتے گواہی دیتے ہیں اور اللہ کا گواہ ہونا (ہی) کافی ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | صَدُّوْا | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | قَدْ | ضَلُّوْا | ضَلٰلًا |
| بیشک | جنہوں نے | کفر کیا | اور | روکا | اللہ کی راہ سے | بیشک | گمراہ ہوئے | گمراہی |

بے شک جنہوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا یقیناً وہ گمراہ ہو کر (حق سے) بہت

بَعِيْدًا ﴿۱۶۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعِيْدًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | ظَلَمُوْا | لَمْ | يَكُنِ | اللّٰهُ | لِيَغْفِرَ | لَهُمْ |
| دور کی | بیشک | جنہوں نے | کفر کیا | اور | ظلم کیا | نہیں | ہے | اللہ | کہ بخشے | ان کو |

اور جا پڑے ہیں۔ بے شک جنہوں نے کفر کیا اور ظلم کیا اللہ ان کو نہ بخشے گا اور نہ (آخرت میں)

وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | لِيَهْدِيَهُمْ | طَرِيْقًا | اِلَّا | طَرِيْقَ | جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا |
| اور | نہ | یہ کہ ہدایت کرے ان کو | راہ کی | مگر | راستہ | جہنم کا | رہنے والے ہیں | اس میں | ہمیشہ |

انہیں کوئی راہ دکھائے گا۔ مگر جہنم کا راستہ کہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيْرًا | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | قَدْ | جَآءَكُمُ |
| اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | اے | لوگو | بیشک | آئے تمہارے پاس |

اور یہ کرنا اللہ کو آسان ہے۔ اے لوگو! تمہارے پاس یہ رسول حق کے ساتھ

الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلُ | بِالْحَقِّ | مِنْ رَّبِّكُمْ | فَاٰمِنُوْا | خَيْرًا | لَّكُمْ | وَ | اِنْ | تَكْفُرُوْا | فَاِنَّ |
| رسول | حق کے ساتھ | تمہارے رب سے | سو ایمان لاؤ | بہتر ہے | تمہارے لئے | اور | اگر | کفر کرو | تو بیشک |

تمہارے رب کی طرف سے تشریف لائے ہیں پس تم ان پر ایمان لے آؤ تمہارے لیے بہتر ہوگا اور اگر تم نہ مانو گے۔

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧٠﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلِيْمًا | حَكِيْمًا |
| اللہ کا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور | زمین میں ہے | اور | ہے | اللہ | جاننے والا | حکمت والا |

بے شک اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ علم و حکمت والا ہے۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لَا | تَغْلُوْا | فِيْ دِيْنِكُمْ | وَ | لَا | تَقُوْلُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | اِلَّا | الْحَقَّ |
| اے | کتاب والو | نہ | زیادتی کرو | اپنے دین میں | اور | نہ | کہو | اوپر | اللہ کے | مگر | حق بات |

اے اہل کتاب! تم اپنے دین میں حد سے زائد نہ بڑھو اور اللہ کی شان میں سچ کے سوا کچھ نہ کہو

إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهُ ۚ أَلْقَاهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّمَا | الْمَسِيحُ | عِيسَى | ابْنُ | مَرْيَمَ | رَسُولُ | اللّٰهِ | وَكَلِمَتُهُ | أَلْقَاهَا |
| اس کے سوا نہیں کہ | مسیح | عیسیٰ | بیٹا | مریم کا ہے | رسول ہے | اللہ کا | اور اس کا کلمہ ہے | بھیجا ہے اس و |

حقیقت صرف یہ ہے کہ مسیح عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں جسے اس نے

إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ ۖ فَآمِنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ ۖ قف وَلَا تَقُولُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلَىٰ مَرْيَمَ | وَ | رُوحٌ | مِّنْهُ | فَآمِنُوا | بِاللّٰهِ | وَ | رُسُلِهِ | وَ | لَا | تَقُولُوا |
| مریم کی طرف | اور | روح | اس سے | سو ایمان لاؤ | اللہ پر | اور | اس کے رسولوں پر | اور | نہ | کہو |

مریم کی طرف القاء کیا اور اس (اللہ کی طرف) سے ایک روح ہیں پس تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور مت کہو کہ

ثَلَاثَةٌ ۚ انتَهُوا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ إِنَّمَا اللّٰهُ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ سُبْحَانَهُ أَن

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَلَاثَةٌ | انتَهُوا | خَيْرًا | لَّكُمْ | إِنَّمَا | اللّٰهُ | إِلَٰهٌ وَاحِدٌ | سُبْحَانَهُ | أَن |
| تین ہیں | باز آجاؤ | بہتر ہے | تمہارے لئے | بیشک | اللہ | معبود ہے ایک | پاک ہے وہ | یہ کہ |

(معبود) تین ہیں باز آجاؤ تمہارے لئے بہتر ہے بے شک اللہ ہی یکتا معبود ہے وہ اس سے پاک ہے کہ

وقف لازم

يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ ۘ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَكَفَىٰ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكُونَ | لَهُ | وَلَدٌ | لَّهُ | مَا | فِي السَّمَاوَاتِ | وَ | مَا | فِي الْأَرْضِ | وَكَفَىٰ |
| ہو | اس کی | اولاد | اسی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے | اور | جو | زمین میں ہے | اور کافی ہے |

اس کیلئے کوئی اولاد ہو (سب کچھ) اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

ع ۲۳

بِاللّٰهِ وَكِيلًا ﴿١٧١﴾ ع لَّن يَسْتَنكِفَ الْمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبْدًا لِّلّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | وَكِيلًا | لَّن | يَسْتَنكِفَ | الْمَسِيحُ | أَن | يَكُونَ | عَبْدًا | لِّلّٰهِ |
| اللہ | کارساز | ہرگز نہیں | نفرت نہیں کرتا | مسیح | یہ کہ | ہو | بندہ | اللہ کا |

اور اللہ کا کارساز ہونا کافی ہے۔ مسیح علیہ السلام اللہ کا بندہ ہونے سے ہرگز عار محسوس نہ کریں گے اور نہ (اللہ کے) مقرب

وَلَا لِيَهۡدِيَهُمۡ طَرِيۡقًا ﴿۱۶۸﴾ اِلَّا طَرِيۡقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَآ اَبَدًا ؕ

| وَ | لَا | لِيَهۡدِيَهُمۡ | طَرِيۡقًا | اِلَّا | طَرِيۡقَ | جَهَنَّمَ | خٰلِدِيۡنَ | فِيۡهَآ | اَبَدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | یہ کہ ہدایت کرے ان کو | راہ کی | مگر | راستہ | جہنم کا | رہنے والے ہیں | اس میں | ہمیشہ |

انہیں کوئی راہ دکھائے گا۔ مگر جہنم کا راستہ کہ اس میں ہمیشہ رہیں گے

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرًا ﴿۱۶۹﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمُ

| وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيۡرًا | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | قَدۡ | جَآءَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | اے | لوگو | بیشک | آئے تمہارے پاس |

اور یہ کرنا اللہ کو آسان ہے۔ اے لوگو! تمہارے پاس یہ رسول حق کے ساتھ

الرَّسُوۡلُ بِالۡحَقِّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ فَاٰمِنُوۡا خَيۡرًا لَّكُمۡ ؕ وَاِنۡ تَكۡفُرُوۡا فَاِنَّ

| الرَّسُوۡلُ | بِالۡحَقِّ | مِنۡ رَّبِّكُمۡ | فَاٰمِنُوۡا | خَيۡرًا | لَّكُمۡ | وَ | اِنۡ | تَكۡفُرُوۡا | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول | حق کے ساتھ | تمہارے رب سے | سو ایمان لاؤ | بہتر ہے | تمہارے لئے | اور | اگر | کفر کرو | تو بیشک |

تمہارے رب کی طرف سے تشریف لائے ہیں پس تم ان پر ایمان لے آؤ تمہارے لیے بہتر ہوگا اور اگر تم نہ مانو گے۔

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ﴿۱۷۰﴾

| لِلّٰهِ | مَا | فِى | السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلِيۡمًا | حَكِيۡمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور | زمین میں ہے | اور | ہے | اللہ | جاننے والا | حکمت والا |

بے شک اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ علم و حکمت والا ہے۔

يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لَا تَغۡلُوۡا فِىۡ دِيۡنِكُمۡ وَلَا تَقُوۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الۡحَقَّ ؕ

| يٰۤاَهۡلَ | الۡكِتٰبِ | لَا | تَغۡلُوۡا | فِىۡ دِيۡنِكُمۡ | وَ | لَا | تَقُوۡلُوۡا | عَلَى | اللّٰهِ | اِلَّا | الۡحَقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | کتاب والو | نہ | زیادتی کرو | اپنے دین میں | اور | نہ | کہو | اوپر | اللہ کے | مگر | حق بات |

اے اہلِ کتاب! تم اپنے دین میں حد سے زائد نہ بڑھو اور اللہ کی شان میں سچ کے سوا کچھ نہ کہو

إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ ۚ أَلْقَاهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّمَا | الْمَسِيحُ | عِيسَى | ابْنُ | مَرْيَمَ | رَسُولُ | اللَّهِ | وَكَلِمَتُهُ | أَلْقَاهَا |
| اس کے سوانہیں کہ | مسیح | عیسیٰ | بیٹا | مریم کا ہے | رسول ہے | اللہ کا | اور اس کا کلمہ ہے | بھیجا ہے اس و |

حقیقت صرف یہ ہے کہ مسیح عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں جسے اس نے

إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۖ وَلَا تَقُولُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلَىٰ مَرْيَمَ | وَ | رُوحٌ | مِّنْهُ | فَآمِنُوا | بِاللَّهِ | وَ | رُسُلِهِ | وَ | لَا | تَقُولُوا |
| مریم کی طرف | اور | روح | اس سے | سو ایمان لاؤ | اللہ پر | اور | اس کے رسولوں پر | اور | نہ | کہو |

مریم کی طرف القاء کیا اور اس (اللہ کی طرف) سے ایک روح ہیں پس تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور مت کہو کہ

ثَلَاثَةٌ ۚ انتَهُوا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ إِنَّمَا اللَّهُ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ سُبْحَانَهُ أَن

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَلَاثَةٌ | انتَهُوا | خَيْرًا | لَّكُمْ | إِنَّمَا | اللَّهُ | إِلَٰهٌ وَاحِدٌ | سُبْحَانَهُ | أَن |
| تین ہیں | باز آ جاؤ | بہتر ہے | تمہارے لئے | بیشک | اللہ | معبود ہے ایک | پاک ہے وہ | یہ کہ |

(معبود) تین ہیں باز آ جاؤ تمہارے لئے بہتر ہے بے شک اللہ ہی یکتا معبود ہے وہ اس سے پاک ہے کہ

وقف لازم

يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ ۘ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَكَفَىٰ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكُونَ | لَهُ | وَلَدٌ | لَّهُ | مَا | فِي السَّمَاوَاتِ | وَ | مَا | فِي الْأَرْضِ | وَكَفَىٰ |
| ہو | اس کی | اولاد | اسی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے | اور | جو | زمین میں ہے | اور کافی ہے |

اس کیلئے کوئی اولاد ہو (سب کچھ) اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

ع ۲۴

بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿١٧١﴾ لَّن يَسْتَنكِفَ الْمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبْدًا لِّلَّهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللَّهِ | وَكِيلًا | لَّن | يَسْتَنكِفَ | الْمَسِيحُ | أَن | يَكُونَ | عَبْدًا | لِّلَّهِ |
| اللہ | کارساز | ہرگز نہیں | نفرت نہیں کرتا | مسیح | یہ کہ | ہو | بندہ | اللہ کا |

اور اللہ کا کارساز ہونا کافی ہے۔ مسیح علیہ السلام اللہ کا بندہ ہونے سے ہرگز عار محسوس نہ کریں گے اور نہ (اللہ کے) مقرب

وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | الْمَلٰٓئِكَةُ | الْمُقَرَّبُوْنَ | وَ | مَنْ | يَّسْتَنْكِفْ | عَنْ عِبَادَتِهٖ | وَ | يَسْتَكْبِرْ |
| اور | نہ | فرشتے | مقرب | اور | جو | نفرت کرے | اس کی بندگی سے | اور | تکبر کرے |

فرشتے اور جو اللہ کی بندگی سے عار محسوس کرے اور تکبر کرے تو عنقریب اللہ ایسے لوگوں کو

فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَسَيَحْشُرُهُمْ | اِلَيْهِ | جَمِيْعًا | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| تو جلد ہی ہانکے گا ان کو | اپنے طرف | سب کو | پھر وہ | جو | ایمان لائے | اور | عمل کئے |

اکٹھا کرکے اپنے حضور حاضر کرے گا۔ تو وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | فَيُوَفِّيْهِمْ | اُجُوْرَهُمْ | وَ | يَزِيْدُهُمْ | مِّنْ فَضْلِهٖ | وَ | اَمَّا |
| نیک | تو پورے دے گا ان کو | اجران کے | اور | زیادہ دے گا ان کو | اپنے فضل سے | اور | وہ |

تو اللہ اپنے فضل سے ان کا پورا ثواب دے گا اور زیادہ (بھی) دے گا انہیں اپنے فضل سے اور وہ لوگ جنہوں نے (بندگی کو) عار

الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اسْتَنْكَفُوْا | وَ | اسْتَكْبَرُوْا | فَيُعَذِّبُهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا |
| جنہوں نے | نفرت کی | اور | تکبر کیا | تو عذاب دے گا ان کو | عذاب | دردناک |

سمجھا اور تکبر کیا تو اللہ انہیں دردناک عذاب دے گا

وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿١٧٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَجِدُوْنَ | لَهُمْ | مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ | وَلِيًّا | وَ | لَا | نَصِيْرًا | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | قَدْ |
| اور | نہ | پائیں گے | اپنے لئے | اللہ کے سوا | کوئی حمایتی | اور | نہ | کوئی مددگار | اے | لوگو | بیشک |

اور وہ اللہ کے سوا اپنے لئے کوئی دوست اور کوئی مددگار نہ پائیں گے اے لوگو! بے شک

جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾ فَاَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَكُمْ | بُرْهَانٌ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | وَ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكُمْ | نُوْرًا | مُّبِيْنًا | فَاَمَّا |
| آئی تمہارے پاس | دلیل | تمہارے رب کی طرف سے | اور | اتارا ہم نے | تمہاری طرف | نور | روشن | پھر وہ |

تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے محکم دلیل آ گئی اور ہم نے تمہاری طرف چمکتا ہوا نور اتارا۔ تو وہ جو

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | اعْتَصَمُوْا | بِهٖ | فَسَيُدْخِلُهُمْ | فِيْ رَحْمَةٍ | مِّنْهُ |
| جو لوگ | ایمان لائے | اللہ پر | اور | تھام لیا | اس کو | جلدی داخل کرے گا انکو | رحمت میں | اپنی طرف سے |

اللہ پر ایمان لائے اور اس کی رسی کو مضبوطی سے تھام لیا تو عنقریب اللہ انہیں اپنی رحمت

وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۱۷۵﴾ يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَفَضْلٍ | وَّ | يَهْدِيْهِمْ | اِلَيْهِ | صِرَاطًا | مُّسْتَقِيْمًا | يَسْتَفْتُوْنَكَ |
| اور فضل | اور | دکھائے گا ان کو | اپنی طرف | رستہ | سیدھا | آپ سے سوال کرتے ہیں |

اور فضل میں داخل کرے گا اور انہیں اپنی طرف سیدھی راہ دکھائے گا۔ اے محبوب ﷺ!

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلِ | اللّٰهُ | يُفْتِيْكُمْ | فِي | الْكَلٰلَةِ | اِنِ | امْرُؤٌا | هَلَكَ | لَيْسَ | لَهٗ | وَلَدٌ | وَّلَهٗٓ |
| فرمادو | اللہ | فتویٰ دیتا ہے تم کو | میں | کلالہ | اگر | کوئی آدمی | مرجائے | نہ ہو | اس کی | اولاد | اور اسکی |

آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں آپ فرمادیجئے کہ اللہ تمہیں کلالہ میں فتویٰ دیتا ہے اگر کسی مرد کا انتقال ہو جائے جو بے اولاد ہے اس

اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْتٌ | فَلَهَا | نِصْفُ | مَا | تَرَكَ | وَ | هُوَ | يَرِثُهَآ | اِنْ | لَّمْ | يَكُنْ | لَّهَا | وَلَدٌ |
| بہن ہو۔ | تو اسکے لیے | آدھا ہے | اس کا جو | چھوڑ جائے | اور | وہ | اس کا وارث ہوگا | اگر | نہ | ہو | اس کی | اولاد |

کی ایک بہن ہو تو ترکہ میں سے اس کی بہن کا آدھا ہے اور مرد اپنی بہن کا وارث ہو گا اگر بہن کی اولاد نہ ہو

فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً

| فَاِنْ | كَانَتَا | اثْنَتَيْنِ | فَلَهُمَا | الثُّلُثٰنِ | مِمَّا | تَرَكَ | وَ | اِنْ | كَانُوْٓا | اِخْوَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر اگر | ہوں | دو بہنیں | تو ان کے لیے | دو تہائی ہے | اس سے جو | چھوڑ جائے | اور | اگر | ہوں | بہن بھائی |

پھر اگر دو بہنیں ہوں ترکہ میں ان کا دو تہائی اور اگر بھائی بہن ہوں

رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

| رِّجَالًا | وَّ | نِسَآءً | فَلِلذَّكَرِ | مِثْلُ | حَظِّ | الْاُنْثَيَيْنِ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرد | اور | عورتیں | تو مرد کے لئے | مثل | حصے | دو عورتوں کے ہے | بیان کرتا ہے | اللہ |

مرد بھی اور عورتیں بھی تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے اللہ تمہارے لئے صاف بیان فرماتا ہے

لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ ع

| لَكُمْ | اَنْ | تَضِلُّوْا | وَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَیْءٍ | عَلِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لئے | یہ کہ | تم گمراہ نہ ہو | اور | اللہ | ہر | چیز کو | جاننے والا ہے |

کہ کہیں بہک نہ جاؤ اور اللہ ہر چیز جانتا ہے

## اٰیاتہا ۱۲۰ — ۵ سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۲ — رکوعاتہا ۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ

| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اَوْفُوْا | بِالْعُقُوْدِ | اُحِلَّتْ | لَكُمْ | بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | پورے کرو | اپنے قول | حلال ہوئے | تمہارے لئے | بے زبان مویشی |

اے ایمان والو! اپنے معاہدے پورے کرو تمہارے لئے حلال ہوئے مویشی

إِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ ۗ إِنَّ اللّٰهَ

| إِلَّا | مَا | يُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | غَيْرَ | مُحِلِّي | الصَّيْدِ | وَأَنْتُمْ | حُرُمٌ | إِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | جو | پڑھے جائیں گے | تم پر | نہ | حلال سمجھو | شکار کو | جبکہ تم | احرام میں ہو | بیشک | اللہ |

مگر جن کا حکم آگے سنایا جائے گا تم کو لیکن جب تم احرام میں ہو شکار کو حلال نہ سمجھو بیشک اللہ تعالیٰ

يَحْكُمُ مَا يُرِيدُ ① يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ اللّٰهِ

| يَحْكُمُ | مَا | يُرِيدُ | يَا أَيُّهَا | الَّذِينَ | آمَنُوا | لَا | تُحِلُّوا | شَعَائِرَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم دیتا ہے | جو | چاہے | اے | لوگو | ایمان والو | نہ | حلال ٹھہراؤ | نشان | اللہ کے |

جو چاہے حکم فرماتا ہے۔ اے ایمان والو! حلال نہ ٹھہراؤ اللہ کے نشان اور نہ ادب والے مہینے

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ وَلَا آمِّينَ الْبَيْتَ

| وَلَا | الشَّهْرَ | الْحَرَامَ | وَلَا | الْهَدْيَ | وَلَا الْقَلَائِدَ | وَلَا آمِّينَ | الْبَيْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | مہینے | ادب والے | اور نہ | قربانی کو | اور نہ پٹے والے کو | اور نہ قصد کرنے والوں کو | بیت |

اور نہ حرم کو بھیجی ہوئی قربانیاں اور نہ جن کے گلے میں علامتیں آویزاں اور نہ ان کے مال و آبرو جو

الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۚ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا ۚ

| الْحَرَامَ | يَبْتَغُونَ | فَضْلًا | مِّنْ رَّبِّهِمْ | وَ | رِضْوَانًا | وَ | إِذَا | حَلَلْتُمْ | فَاصْطَادُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الحرام کا | جو چاہتے ہیں | فضل | اپنے رب کا | اور | رضامندی | اور | جب | تم احرام اتارو | تو شکار کر سکتے ہو |

عزت والے گھر کا قصد کر کے آئیں اپنے رب کا فضل اور اس کی رضا چاہتے ہیں اور جب تم احرام سے

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَنْ صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

| وَ | لَا | يَجْرِمَنَّكُمْ | شَنَآنُ | قَوْمٍ | أَنْ | صَدُّوكُمْ | عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | ابھارے تم کو | عداوت | کسی قوم کی | یہ کہ | روکا تم کو | مسجد حرام سے |

نکلو تو شکار کر سکتے ہو اور تمہیں کسی قوم کی عداوت کہ انہوں نے تم کو مسجد حرام سے روکا تھا

الربع

أَنْ تَعْتَدُوا ۘ وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ ۖ وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى

| أَنْ | تَعْتَدُوا | وَتَعَاوَنُوا | عَلَى | الْبِرِّ | وَ | التَّقْوَىٰ | وَلَا | تَعَاوَنُوا | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | تم زیادتی کرو | اور مدد کرو | اوپر | نیکی کے | اور | پرہیزگاری کے | اور نہ | مدد کرو | اوپر |

زیادتی کرنے پر نہ ابھارے اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی پر باہم

الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٢﴾

وقف لازم

| الْإِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَ | اتَّقُوا | اللَّهَ | إِنَّ | اللَّهَ | شَدِيدُ | الْعِقَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ | اور | زیادتی کے | اور | ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | سخت | عذاب والا ہے |

مدد نہ دو اور تم اللہ سے ڈرو بے شک اللہ کا عذاب سخت ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ

| حُرِّمَتْ | عَلَيْكُمُ | الْمَيْتَةُ | وَالدَّمُ | وَ | لَحْمُ | الْخِنْزِيرِ | وَ | مَا | أُهِلَّ | لِغَيْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام کیا گیا | تم پر | مردار | اور خون | اور | گوشت | خنزیر کا | اور | جو | پکارا جائے | واسطے غیر |

تم پر مردار حرام کر دیا گیا ہے اور (بہایا ہوا) خون اور سؤر کا گوشت اور وہ (جانور) جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو

اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ

| اللَّهِ | بِهِ | وَالْمُنْخَنِقَةُ | وَالْمَوْقُوذَةُ | وَ | الْمُتَرَدِّيَةُ | وَ | النَّطِيحَةُ | وَ | مَا | أَكَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | اس کو | اور گلا گھونٹا ہوا | اور چوٹ سے مرا ہوا | اور | گر کر مرا ہوا | اور | سینگ سے مرا ہوا | اور | جسے | کھا جائے |

اور گلا گھٹ کر مرا ہوا (جانور) اور ضرب سے مرا ہوا اور اوپر سے گر کر مرا ہوا اور کسی جانور نے سینگ مارا ہوا اور وہ (جانور) جسے

السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۛ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَنْ تَسْتَقْسِمُوا

| السَّبُعُ | إِلَّا | مَا | ذَكَّيْتُمْ | وَ | مَا | ذُبِحَ | عَلَى | النُّصُبِ | وَأَنْ | تَسْتَقْسِمُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درندہ | مگر | جو | ذبح کر لو تم | اور | جو | ذبح کیا جائے | اوپر | تھان کے | اور یہ کہ | بانٹا کرنا |

درندے نے پھاڑ کھایا ہو سوائے اس کے جسے تم نے ذبح کر لیا اور (وہ جانور بھی حرام ہے) جو باطل معبودوں کے مقاموں پر ذبح

بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْاَزْلَامِ | ذٰلِكُمْ | فِسْقٌ | اَلْيَوْمَ | يَىِٕسَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ دِيْنِكُمْ |
| پانسے ڈال کر | یہ | گناہ ہیں | آج | مایوس ہوگئے | وہ جو | کافر ہیں | تمہارے دین سے |

کیا گیا ہو اور یہ (بھی حرام ہے) کہ تم تیروں کے ذریعے سے قسمت کا حال معلوم کرو یہ سب کام گناہ ہیں آج کافر لوگ تمہارے

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا | تَخْشَوْهُمْ | وَ | اخْشَوْنِ | اَلْيَوْمَ | اَكْمَلْتُ | لَكُمْ | دِيْنَكُمْ | وَ | اَتْمَمْتُ |
| تو نہ | ڈرو ان سے | اور | ڈرو مجھ سے | آج | میں نے کامل کردیا | تمہارے لئے | تمہارا دین | اور | پوری کردی |

دین سے مایوس ہوگئے سو (اے مسلمانو!) تم ان سے مت ڈرو اور مجھ ہی سے ڈرو آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کردیا

عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | نِعْمَتِيْ | وَ | رَضِيْتُ | لَكُمُ | الْاِسْلَامَ | دِيْنًا | فَمَنِ | اضْطُرَّ |
| تم پر | اپنی نعمت | اور | پسند کیا میں نے | تمہارے لئے | اسلام کو | دین | پھر جو | مجبور ہو جائے |

اور تم پر اپنی نعمت پوری کردی اور تمہارے لئے اسلام کو (بطور) دین پسند کرلیا پھر اگر کوئی شخص بھوک کی شدت کی وجہ سے

فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ③

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ مَخْمَصَةٍ | غَيْرَ | مُتَجَانِفٍ | لِّاِثْمٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
| بھوک میں | نہ | مائل ہو | گناہ کی طرف | تو بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

مجبور ہو جائے کہ گناہ کی طرف مائل ہونے والا نہ ہو تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْـَٔلُوْنَكَ | مَاذَآ | اُحِلَّ | لَهُمْ | قُلْ | اُحِلَّ | لَكُمُ | الطَّيِّبٰتُ | وَ | مَا | عَلَّمْتُمْ |
| آپ سے پوچھتے ہیں | کیا | حلال کیا گیا ہے | ان کیلئے | آپ فرمادیں | حلال ہوئیں | تمہارے لئے | پاکیزہ چیزیں | اور | جو | سکھاؤ تم |

لوگ آپ ﷺ سے سوال کرتے ہیں کہ ان کیلئے کیا چیزیں حلال کی گئی ہیں آپ (ان سے) فرمادیں کہ تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کردی گئی

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ

| مِّنَ الْجَوَارِحِ | مُكَلِّبِيْنَ | تُعَلِّمُوْنَهُنَّ | مِمَّا | عَلَّمَكُمُ | اللّٰهُ | فَكُلُوْا | مِمَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شکاری | جانوروں کو | سکھاؤ تم ان کو | اس سے جو | سکھایا تم کو | اللہ نے | تو کھاؤ | اس سے جو |

ہیں اور وہ شکاری جانور جنہیں تم نے شکار پر دوڑاتے ہوئے یوں سدھالیا ہے کہ تم انہیں (شکار کے وہ طریقے) سکھاتے ہو جو تمہیں اللہ نے سکھائے

اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| اَمْسَكْنَ | عَلَيْكُمْ | وَ | اذْكُرُوا | اسْمَ | اللّٰهِ | عَلَيْهِ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روک لیں | تمہارے لئے | اور | یاد کرو | نام | اللہ کا | اس پر | اور | ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ |

ہیں سو تم اس (شکار) میں سے (بھی) کھاؤ جو وہ (شکاری جانور) تمہارے لئے روک رکھیں اور اس پر اللہ کا نام لیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٤﴾ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۭ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ

| سَرِيْعُ | الْحِسَابِ | اَلْيَوْمَ | اُحِلَّ | لَكُمُ | الطَّيِّبٰتُ | وَطَعَامُ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی | حساب لینے والا ہے | آج | حلال ہوئیں | تمہارے لئے | پاک چیزیں | اور کھانا | ان کا جو |

شک اللہ حساب میں جلدی فرمانے والا ہے۔ آج تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کی گئیں اور ذبیحہ ان لوگوں کا جنہیں کتاب دی

اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۠ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۡ وَالْمُحْصَنٰتُ

| اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | حِلٌّ | لَّكُمْ | وَ | طَعَامُكُمْ | حِلٌّ | لَّهُمْ | وَ | الْمُحْصَنٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیئے گئے | کتاب | حلال ہے | تمہارے لئے | اور | تمہارا کھانا | حلال ہے | ان کیلئے | اور | پارسا عورتیں |

گئی تمہارے لئے حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کیلئے حلال ہے اور آزاد پاک دامن مسلمان عورتیں اور (اسی طرح)

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ

| مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ | وَ | الْمُحْصَنٰتُ | مِنَ الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | مِنْ قَبْلِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان | اور | پارسا عورتیں | ان سے جو | دیئے گئے | کتاب | تم سے پہلے |

آزاد پاک دامن عورتیں ان لوگوں کی جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی جب تم ان کے مہر انہیں دے دو

# اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ

| اِذَآ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ | اُجُوْرَهُنَّ | مُحْصِنِيْنَ | غَيْرَ | مُسٰفِحِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| جب | دے دو تم ان کو | مہران کے | نکاح کرنیوالے | نہ | بدکاری کرنیوالے |

نکاح کی قید میں لاتے ہوئے نہ بدکاری کرتے اور نہ چھپے دوست بنانے والے

# وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ

| وَ | لَا | مُتَّخِذِيْٓ | اَخْدَانٍ | وَ | مَنْ | يَّكْفُرْ | بِالْاِيْمَانِ | فَقَدْ | حَبِطَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | پکڑنے والے | پوشیدہ دوستی | اور | جو | کفر کرے | ایمان کے بدلے | تو بیشک | اکارت گئے |

اور جس نے ایمان (لانے) سے انکار کیا تو بے شک اس کا عمل ضائع گیا

# عَمَلُهٗ ؗ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۟ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

| عَمَلُهٗ | وَهُوَ | فِي | الْاٰخِرَةِ | مِنَ الْخٰسِرِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے عمل | اور وہ ہوگا | میں | آخرت | خسارہ اٹھانے والا | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو |

اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہے۔ اے ایمان والو! جب تم نماز کیلئے

# اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ

| اِذَا | قُمْتُمْ | اِلَى | الصَّلٰوةِ | فَاغْسِلُوْا | وُجُوْهَكُمْ | وَ | اَيْدِيَكُمْ | اِلَى الْمَرَافِقِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | کھڑے ہو | طرف | نماز کی | تو دھوؤ | اپنے منہ | اور | اپنے ہاتھ | کہنیوں تک |

کھڑے ہو تم اپنے چہرے اور اپنے ہاتھ کہنیوں سمیت دھو لو اور اپنے سروں کا مسح کرو اور ٹخنوں

# وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ

| وَ | امْسَحُوْا | بِرُءُوْسِكُمْ | وَ | اَرْجُلَكُمْ | اِلَى الْكَعْبَيْنِ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مسح کرو | اپنے سروں کا | اور | دھوؤ اپنے پاؤں | ٹخنوں تک | اور | اگر |

سمیت اپنے پاؤں (دھو لو) اور اگر تم جنابت کی حالت میں ہو تو غسل کر کے پاک ہو جاؤ

كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | جُنُبًا | فَاطَّهَّرُوْا | وَ | اِنْ | كُنْتُمْ | مَّرْضٰٓى | اَوْ | عَلٰى | سَفَرٍ |
| ہوتم | جنبی | تو پاک ہوجاؤ | اور | اگر | ہوتم | بیمار | یا | اوپر | سفر کے |

اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا کوئی تم میں سے قضائے حاجت کر کے آئے یا

اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | جَآءَ | اَحَدٌ | مِّنْكُمْ | مِّنَ الْغَآئِطِ | اَوْ لٰمَسْتُمُ | النِّسَآءَ | فَلَمْ | تَجِدُوْا | مَآءً |
| یا | آئے | کوئی | تم میں سے | حاجت سے | یا ہم بستری کی ہو تم نے | عورتوں سے | تو نہ | پایا تم نے | پانی |

تم نے عورتوں سے قربت کی ہو (یعنی جماع کیا ہو) پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی سے تیمم کرو

فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ۭ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَيَمَّمُوْا | صَعِيْدًا | طَيِّبًا | فَامْسَحُوْا | بِوُجُوْهِكُمْ | وَ | اَيْدِيْكُمْ | مِّنْهُ | مَا |
| تو تیمم کرو | مٹی سے | پاک | تو مسح کرو | اپنے منہ کا | اور | اپنے ہاتھوں کا | اس سے | نہیں |

پس اپنے چہروں اور اپنے (پورے) ہاتھوں کا مسح کرو اس (پاک مٹی) سے اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرِيْدُ | اللّٰهُ | لِيَجْعَلَ | عَلَيْكُمْ | مِّنْ حَرَجٍ | وَ | لٰكِنْ | يُّرِيْدُ | لِيُطَهِّرَكُمْ |
| چاہتا | اللہ | کر رکھے | تم پر | کوئی تنگی | اور | لیکن | چاہتا ہے | کہ پاک کرے تم کو |

کوئی تنگی کرے لیکن اللہ چاہتا ہے کہ تمہیں خوب پاک کر دے اور تم پر

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑥ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِيُتِمَّ | نِعْمَتَهٗ | عَلَيْكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | وَ | اذْكُرُوْا | نِعْمَةَ | اللّٰهِ |
| اور | پورا کرے | اپنی نعمت کو | تم پر | تاکہ تم | احسان مانو | اور | یاد کرو | احسان | اللہ |

اپنی نعمت کو پورا کر دے تاکہ تم شکر کرو۔ اور یاد کرو تم اللہ کا احسان

عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ز

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | وَ | مِيْثَاقَهُ | الَّذِيْ | وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ | اِذْ | قُلْتُمْ | سَمِعْنَا | وَ | اَطَعْنَا |
| اپنے اوپر | اور | وہ عہد | جو | تم سے پختہ لیا | جب | تم نے کہا | ہم نے سنا | اور | ہم نے مانا |

اپنے اوپر اور وہ عہد جو اس نے تم سے لیا جب کہ تم نے کہا ہم نے سنا اور مانا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| اور | ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | جانتا ہے | دل کی باتیں | اے وہ | جو | ایمان لائے ہو |

اور تم اللہ سے ڈرو بے شک اللہ دلوں کی بات جانتا ہے۔ اے ایمان والو اللہ کے

كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ز وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُوْنُوْا | قَوّٰمِيْنَ | لِلّٰهِ | شُهَدَآءَ | بِالْقِسْطِ | وَ | لَا | يَجْرِمَنَّكُمْ | شَنَاٰنُ |
| ہو جاؤ | خوب قائم | اللہ کیلئے | گواہ | انصاف کے ساتھ | اور | نہ | ابھارے تم کو | دشمنی |

حکم پر خوب قائم ہو جاؤ انصاف کے ساتھ گواہی دیتے اور تم کو کسی قوم کی عداوت

قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا قف هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ز وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمٍ | عَلٰى | اَلَّا | تَعْدِلُوْا | اِعْدِلُوْا | هُوَ | اَقْرَبُ | لِلتَّقْوٰى | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
| کسی قوم کی | اوپر | اس کے کہ نہ | انصاف کرو | انصاف کرو | وہ | بہت قریب ہے | پرہیزگاری کے | اور | ڈرو | اللہ سے |

اس پر نہ ابھارے کہ انصاف نہ کرو انصاف کرو وہ پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہے اللہ سے ڈرو

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | خَبِيْرٌ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | وَعَدَ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| بیشک | اللہ | خبردار ہے | اس سے جو | تم کرتے ہو | وعدہ کیا | اللہ نے | ان لوگوں سے جو | ایمان لائے | اور | عمل کئے |

بے شک اللہ تعالیٰ باخبر ہے اس سے جو تم کرتے ہو۔ اللہ نے ایسے لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑨ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| اچھے | ان کے لئے | بخشش ہے | اور | ثواب | بہت بڑا | اور | وہ جنہوں نے | کفر کیا |

وعدہ فرمایا ہے (کہ) ان کیلئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑩ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَآ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| اور جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | یہ ہیں | دوزخ والے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخ (میں جلنے) والے ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ کا احسان

اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اذْكُرُوْا | نِعْمَتَ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | اِذْ | هَمَّ | قَوْمٌ | اَنْ | يَّبْسُطُوْٓا | اِلَيْكُمْ |
| یاد کرو | احسان | اللہ کا | تم پر | جب | قصد کیا | ایک قوم نے | یہ کہ | پھیلائیں | تمہاری طرف |

یاد کرو جو تم پر ہوا جب قصد کیا ایک قوم نے کہ (لڑنے کیلئے) وہ تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے

اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيَهُمْ | فَكَفَّ | اَيْدِيَهُمْ | عَنْكُمْ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | عَلَى |
| اپنے ہاتھ | تو روکے اس نے | ان کے ہاتھ | تم سے | اور ڈرو | اللہ سے | اور | اوپر |

ان کے ہاتھوں کو تم سے روک دیا اور اللہ سے ڈرو اور ایمان والوں کو

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪ ع وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَلَقَدْ | اَخَذَ | اللّٰهُ | مِيْثَاقَ |
| اللہ کے | چاہئے بھروسہ کریں | مسلمان | اور بیشک | لیا | اللہ نے | عہد |

اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ اور بیشک اللہ نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا

بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ۚ وَ بَعَثۡنَا مِنۡہُمُ اثۡنَیۡ عَشَرَ نَقِیۡبًا ؕ وَ قَالَ اللّٰہُ اِنِّیۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ | وَ | بَعَثۡنَا | مِنۡہُمُ | اثۡنَیۡ عَشَرَ | نَقِیۡبًا | وَ | قَالَ | اللّٰہُ | اِنِّیۡ |
| بنی اسرائیل سے | اور | مقرر کیے ہم نے | ان میں سے | بارہ | سردار | اور | کہا | اللہ نے | بیشک میں |

اور ہم نے ان میں بارہ سردار مقرر کیے اور اللہ نے (بنی اسرائیل سے) فرمایا کہ میں

مَعَکُمۡ ؕ لَئِنۡ اَقَمۡتُمُ الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَیۡتُمُ الزَّکٰوۃَ وَ اٰمَنۡتُمۡ بِرُسُلِیۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَکُمۡ | لَئِنۡ | اَقَمۡتُمُ | الصَّلٰوۃَ | وَ | اٰتَیۡتُمُ | الزَّکٰوۃَ | وَ | اٰمَنۡتُمۡ | بِرُسُلِیۡ |
| تمہارے ساتھ ہوں | اگر | قائم کی تم نے | نماز | اور | دی تم نے | زکوۃ | اور | ایمان لائے تم | میرے رسولوں پر |

تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نے نماز قائم رکھی اور تم زکوۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر (ہمیشہ)

وَ عَزَّرۡتُمُوۡہُمۡ وَ اَقۡرَضۡتُمُ اللّٰہَ قَرۡضًا حَسَنًا لَّاُکَفِّرَنَّ عَنۡکُمۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَزَّرۡتُمُوۡہُمۡ | وَ | اَقۡرَضۡتُمُ | اللّٰہَ | قَرۡضًا | حَسَنًا | لَّاُکَفِّرَنَّ | عَنۡکُمۡ |
| اور تعظیم کی تم نے ان کی | اور | قرضہ دیا تم نے | اللہ کو | قرضہ | اچھا | تو دور کروں گا میں | تم سے |

ایمان لاتے رہے اور ان (کے پیغمبرانہ مشن) کی مدد کرتے رہے اور اللہ کو قرضِ حسنہ دیتے رہے تو میں تم سے تمہارے گناہوں

سَیِّاٰتِکُمۡ وَ لَاُدۡخِلَنَّکُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ ۚ فَمَنۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَیِّاٰتِکُمۡ | وَ | لَاُدۡخِلَنَّکُمۡ | جَنّٰتٍ | تَجۡرِیۡ | مِنۡ تَحۡتِہَا | الۡاَنۡہٰرُ | فَمَنۡ |
| تمہاری برائیاں | اور | ضرور داخل کروں تم کو | باغوں میں | رواں ہیں | ان کے نیچے | نہریں | پھر جو |

کو ضرور مٹا دوں گا اور تمہیں یقیناً ایسی جنتوں میں داخل کر دوں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں پھر اس کے بعد

کَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِکَ مِنۡکُمۡ فَقَدۡ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیۡلِ ﴿۱۲﴾ فَبِمَا نَقۡضِہِمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کَفَرَ | بَعۡدَ | ذٰلِکَ | مِنۡکُمۡ | فَقَدۡ | ضَلَّ | سَوَآءَ | السَّبِیۡلِ | فَبِمَا | نَقۡضِہِمۡ |
| کفر کرے | بعد | اس کے | تم میں سے | تو بیشک | گمراہ ہوا | سیدھے | راستہ سے | تو بسبب | توڑنے ان کے |

تم میں سے جس نے (بھی) کفر کیا تو بیشک وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا۔ پھر ان کے اپنے معاہدے کو

مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ

| مِّيْثَاقَهُمْ | لَعَنّٰهُمْ | وَ | جَعَلْنَا | قُلُوْبَهُمْ | قٰسِيَةً | يُحَرِّفُوْنَ | الْكَلِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے عہد کو | لعنت کی ہم نے ان پر | اور | کردیے ہم نے | ان کے دل | سخت | بدلتے ہیں | کلمات کو |

توڑ دینے کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کر دی اور ہم نے ان کے دلوں کو سخت بنا دیا وہ کلام کو اس کی جگہ سے بدل دیتے ہیں

عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى

| عَنْ مَّوَاضِعِهٖ | وَ | نَسُوْا | حَظًّا | مِّمَّا | ذُكِّرُوْا | بِهٖ | وَلَا تَزَالُ | تَطَّلِعُ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی جگہ سے | اور | بھول گئے | حصہ | اس چیز کا جو | نصیحت کیے گئے | اس کی | اور تم ہمیشہ | مطلع ہوتے رہو گے | اوپر |

اور جو نصیحت انہیں کی گئی تھی اس کے ایک بڑے حصے کو وہ بھلا بیٹھے اور تم ان کی کسی نہ کسی خیانت سے آگاہ ہوتے رہو گے ان میں

خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۗ اِنَّ

| خَآئِنَةٍ | مِّنْهُمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّنْهُمْ | فَاعْفُ | عَنْهُمْ | وَ | اصْفَحْ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خیانت | ان کی کے | مگر | تھوڑے | ان میں سے | پس معاف کرو | ان کو | اور | درگزر کرو | بیشک |

سے تھوڑے لوگوں کے سوا پھر ان کو معاف کر دو اور ان سے درگزر کرو یقیناً

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۳ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى

| اللّٰهَ | يُحِبُّ | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | مِنَ الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّا | نَصٰرٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | پسند کرتا ہے | احسان والوں کو | اور | ان سے جنہوں نے | کہا | ہم | نصاریٰ ہیں |

اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اور وہ جنہوں نے دعویٰ کیا کہ ہم نصاریٰ ہیں ہم نے

اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ

| اَخَذْنَا | مِيْثَاقَهُمْ | فَنَسُوْا | حَظًّا | مِّمَّا | ذُكِّرُوْا | بِهٖ | فَاَغْرَيْنَا | بَيْنَهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لیا ہم نے | ان سے عہد | تو بھول گئے | حصہ | اس کا جو | نصیحت کیے گئے | اس کی | تو ڈال دی ہم نے | ان کے درمیان |

ان سے عہد لیا تو وہ بھلا بیٹھے بڑا حصہ ان نصیحتوں کا جو انہیں دی گئیں تو ہم نے ان کے

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَدَاوَةَ | وَ | الْبَغْضَآءَ | إِلٰى يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | وَ | سَوْفَ | يُنَبِّئُهُمُ | اللّٰهُ | بِمَا |
| عداوت | اور | بغض | دن تک | قیامت کے | اور | عنقریب | بتادے گا ان کو | اللہ | اس کا جو |

آپس میں قیامت کے دن تک عداوت اور بغض ڈال دیا اور عنقریب اللہ انہیں بتا دے گا

كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١٤﴾ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَصْنَعُوْنَ | يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ | قَدْ | جَآءَكُمْ | رَسُوْلُنَا | يُبَيِّنُ | لَكُمْ |
| وہ | کرتے تھے | اے کتاب والو | بیشک | تشریف لائے تمہارے پاس | ہمارے رسول | ظاہر فرماتے ہیں | تمہارے لئے |

جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ اے اہل کتاب! بیشک تمہارے پاس ہمارے رسول تشریف لائے ہیں وہ تمہارے لئے بہت سی ایسی

كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ۗ قَدْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرًا | مِّمَّا كُنْتُمْ | تُخْفُوْنَ | مِنَ الْكِتٰبِ | وَ | يَعْفُوْا | عَنْ كَثِيْرٍ | قَدْ |
| بہت سی | وہ چیزیں جو تم | چھپاتے ہو | کتاب سے | اور | معاف فرماتے ہیں | بہت سی | بیشک |

باتیں ظاہر فرماتے ہیں جو تم کتاب میں چھپائے رکھتے ہو اور (تمہاری) بہت سی باتوں سے درگزر (بھی) فرماتے ہیں بے شک تمہارے

جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَكُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | نُوْرٌ | وَّ | كِتٰبٌ | مُّبِيْنٌ | يَّهْدِيْ | بِهِ | اللّٰهُ | مَنِ |
| آیا تمہارے پاس | اللہ سے | نور | اور | کتاب | روشن | ہدایت دیتا ہے | اس سے | اللہ | اس کو جو |

پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (یعنی حضرت محمد ﷺ) آگئے ہیں اور ایک روشن کتاب (یعنی قرآن مجید)۔ اللہ اس کے ذریعے ان

اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّبَعَ | رِضْوَانَهٗ | سُبُلَ السَّلٰمِ | وَيُخْرِجُهُمْ | مِّنَ الظُّلُمٰتِ | إِلَى | النُّوْرِ |
| پیروی کرے | اسکی رضامندی کی | سلامتی کے راستوں کی | اور نکالتا ہے ان کو | اندھیروں سے | طرف | روشنی کے |

لوگوں کو جو اس کی رضا کے طلب گار ہیں سلامتی کی راہوں کی ہدایت فرماتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے (کفر و جہالت کی) تاریکیوں

بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ

| بِاِذْنِهٖ | وَ | يَهْدِيْهِمْ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | لَقَدْ | كَفَرَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے حکم سے | اور | راہنمائی کرتا ہے ان کی | طرف | راہ | سیدھی کے | بیشک | کافر ہو گئے | وہ جنہوں نے |

سے نکال کر (ایمان وہدایت کی) روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرماتا ہے۔ بیشک کفر کیا ان

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ

| قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْمَسِيْحُ | ابْنُ | مَرْيَمَ | قُلْ | فَمَنْ | يَّمْلِكُ | مِنَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | بیشک | اللہ | وہی ہے | مسیح | بیٹا | مریم کا | فرمادو | پھر کون | اختیار رکھتا ہے | اللہ سے |

لوگوں نے جنہوں نے کہا کہ یقیناً مسیح ابن مریم علیہ السلام ہی اللہ ہے فرما دیجئے تو کون مالک ہے اللہ سے

شَيْئًا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ

| شَيْئًا | اِنْ | اَرَادَ | اَنْ | يُّهْلِكَ | الْمَسِيْحَ | ابْنَ مَرْيَمَ | وَ | اُمَّهٗ | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ بھی | اگر | ارادہ کرے | یہ کہ | ہلاک کردے | مسیح | مریم کے بیٹے کو | اور | اسکی ماں کو | اور | جو |

کسی چیز کا اگر وہ ارادہ کرے ہلاک کرنے کا مسیح ابن مریم کو اور اس کی ماں کو اور سب

فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ

| فِى الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | وَ | لِلّٰهِ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو زمین میں ہے | سب کو | اور | اللہ ہی کی | سلطنت ہے | آسمانوں | اور | زمین میں | اور | جو | انکے درمیان ہے |

زمین والوں کو اور اللہ ہی کا ہے ملک آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

| يَخْلُقُ | مَا | يَشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَىْءٍ | قَدِيْرٌ | وَ | قَالَتِ | الْيَهُوْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کرتا ہے | جو | چاہتا ہے | اور | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور | کہا | یہودیوں نے |

جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر چاہت پر قادر ہے۔ اور یہود اور نصاریٰ نے کہا

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | النَّصٰرٰى | نَحْنُ | اَبْنٰٓؤُا | اللّٰهِ | وَاَحِبَّآؤُهٗ | قُلْ | فَلِمَ | يُعَذِّبُكُمْ | بِذُنُوْبِكُمْ |
| اور | عیسائیوں نے | ہم | بیٹے ہیں | اللہ کے | اور پیارے ہیں اسکے | فرمادو | پھر کیوں | سزا دیتا ہے تم کو | تمہارے گناہوں کی |

کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں فرما دیجئے (اگر تم سچ کہتے ہو) تو اللہ تمہیں تمہارے گناہوں پر کیوں عذاب دیتا ہے بلکہ تم بشر

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | اَنْتُمْ | بَشَرٌ | مِّمَّنْ | خَلَقَ | يَغْفِرُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَ | يُعَذِّبُ | مَنْ | يَّشَآءُ |
| بلکہ | تم | آدمی ہو | اس سے جو | پیدا کیا | بخشتا ہے | جسے | چاہے | اور | عذاب دیتا ہے | جسے | چاہے |

ہو ان میں سے جنہیں اللہ نے پیدا کیا اللہ بخشے گا جسے چاہے اور عذاب دے گا جسے چاہے

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؗ وَاِلَيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِلّٰهِ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | وَ | اِلَيْهِ |
| اور | اللہ ہی کی | سلطنت ہے | آسمانوں | اور | زمین میں | اور | جو | انکے درمیان ہے | اور | اسی کی طرف |

اور اللہ ہی کیلئے ہے حکومت آسمانوں کی اور زمین کی اور ان سب کو جو ان کے درمیان ہیں اور اسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَصِيْرُ | يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ | قَدْ | جَآءَكُمْ | رَسُوْلُنَا | يُبَيِّنُ | لَكُمْ | عَلٰى |
| پھرنا ہے | اے کتاب والو | بیشک | تشریف لائے تمہارے پاس | ہمارے رسول | کھول کر بیان کرتے ہیں | تمہارے لئے | اوپر |

(سب کو) لوٹ کر جانا ہے۔ اے کتاب والو! بے شک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے کہ تم پر ہمارے احکام

فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ؗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتْرَةٍ | مِّنَ الرُّسُلِ | اَنْ | تَقُوْلُوْا | مَا | جَآءَنَا | مِنْۢ بَشِيْرٍ | وَ | لَا | نَذِيْرٍ |
| مدتوں بند رہے | رسولوں سے | یہ کہ | تم کہو کہ | نہیں | آیا ہمارے پاس | کوئی خوشخبری سنانیوالا | اور | نہ | ڈرانے والا |

ظاہر فرماتے ہیں بعد اس کے کہ رسولوں کا آنا مدتوں بند رہا تھا کہ تم کہیں یہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوشخبری اور ڈر سنانے والا نہ آیا تو

فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٩﴾ وَاِذْ ع

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ | جَآءَكُمْ | بَشِيْرٌ | وَّ | نَذِيْرٌ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَىْءٍ | قَدِيْرٌ | وَ | اِذْ |
| تو یقیناً | آیا تمہارے پاس | خوشخبری سنانے والا | اور | ڈر سنانے والا | اور | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور | جب |

یہ خوشخبری اور ڈر سنانے والے تمہارے پاس تشریف لے آئے ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور جب

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ | يٰقَوْمِ | اذْكُرُوْا | نِعْمَةَ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | اِذْ | جَعَلَ |
| کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم سے | اے میری قوم | یاد کرو | احسان | اللہ کا | تم پر | جبکہ | بنائے |

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا اے میری قوم اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو کہ تم میں سے

فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٠﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْكُمْ | اَنْۢبِيَآءَ | وَجَعَلَكُمْ | مُّلُوْكًا | وَّ | اٰتٰىكُمْ | مَّا لَمْ | يُؤْتِ | اَحَدًا | مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ |
| تم میں | نبی | اور بنایا تم کو | بادشاہ | اور | دیا تم کو | جو نہ | دیا | کسی کو | جہان سے |

انبیاء کئے اور تمہیں بادشاہ کیا اور تمہیں وہ دیا جو آج سارے جہاں میں کسی کو نہ دیا۔

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰقَوْمِ | ادْخُلُوا | الْاَرْضَ | الْمُقَدَّسَةَ | الَّتِيْ | كَتَبَ | اللّٰهُ |
| اے میری قوم | داخل ہو | زمین | پاک میں | جو | لکھی | اللہ نے |

اے میری قوم! اس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے

لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾ قَالُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | وَ | لَا | تَرْتَدُّوْا | عَلٰٓى | اَدْبَارِكُمْ | فَتَنْقَلِبُوْا | خٰسِرِيْنَ | قَالُوْا |
| تمہارے لئے | اور | نہ | پلٹو | اوپر | ایڑیوں اپنی کے | تو پھرو گے | نقصان پر | بولے |

اور اپنی پشت پر (پیچھے) نہ پلٹنا ورنہ تم نقصان اٹھانے والے بن کر پلٹو گے۔ انہوں نے (جواباً) کہا

يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰمُوْسٰٓى | اِنَّ | فِيْهَا | قَوْمًا | جَبَّارِيْنَ | وَاِنَّا | لَنْ | نَّدْخُلَهَا | حَتّٰى |
| اے موسیٰ | بیشک | اس میں | قوم ہے | طاقتور | اور ہم | ہرگز نہ | داخل ہوں گے | یہاں تک |

اے موسیٰ علیہ السلام! اس میں تو زبردست (ظالم) لوگ (رہتے) ہیں اور ہم اس میں ہرگز داخل نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ اس

يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلٰنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْرُجُوْا | مِنْهَا | فَاِنْ | يَّخْرُجُوْا | مِنْهَا | فَاِنَّا | دٰخِلُوْنَ | قَالَ | رَجُلٰنِ |
| نکل جائیں وہ | اس سے | پھر اگر | نکل جائیں | اس سے | تو ہم | داخل ہوں گے | کہا | دو آدمیوں نے |

(زمین) سے نکل جائیں پس اگر وہ یہاں سے نکل جائیں تو ہم ضرور داخل ہو جائیں گے۔ اللہ سے ڈرنے والوں میں

مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الَّذِيْنَ | يَخَافُوْنَ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمَا | ادْخُلُوْا | عَلَيْهِمُ | الْبَابَ |
| ان سے جو | ڈرتے تھے | انعام کیا | اللہ نے | ان پر | داخل ہو | ان پر | دروازے سے |

سے دو آدمیوں نے کہا جن پر اللہ نے انعام فرمایا کہ تم (بے خوف ہو کر) ان پر دروازہ سے داخل ہو جاؤ

فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِذَا | دَخَلْتُمُوْهُ | فَاِنَّكُمْ | غٰلِبُوْنَ | وَ | عَلَى | اللّٰهِ | فَتَوَكَّلُوْٓا | اِنْ | كُنْتُمْ |
| پھر جب | داخل ہو تم | تو تم ہی | غالب ہو | اور | اوپر | اللہ ہی کے | بھروسہ کرو | اگر | ہو تم |

جب تم دروازہ میں داخل ہو جاؤ گے تو بے شک تم ہی غالب رہو گے اور اگر تم مومن ہو تو صرف

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | قَالُوْا | يٰمُوْسٰٓى | اِنَّا | لَنْ | نَّدْخُلَهَآ | اَبَدًا | مَّا دَامُوْا | فِيْهَا |
| مومن | بولے | اے موسیٰ | ہم | ہرگز نہ | داخل ہوں گے اس میں | کبھی بھی | جب تک رہیں وہ | اس میں |

اللہ پر بھروسہ کرو۔ انہوں نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام! یقیناً ہم تو اس میں ہرگز کبھی داخل نہ ہوں گے جب تک وہ وہاں ہیں

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ

| فَاذْهَبْ | اَنْتَ | وَ | رَبُّكَ | فَقَاتِلَآ | اِنَّا | هٰهُنَا | قٰعِدُوْنَ | قَالَ | رَبِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو جایئے | آپ | اور | آپکا رب | جا کر لڑو | ہم بیشک ہم | یہاں | بیٹھے ہیں | کہا موسیٰ نے | اے میرے اللہ |

پس تم جاؤ اور تمہارا رب تم دونوں (ہی) ان سے لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے

اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ

| اِنِّيْ | لَآ | اَمْلِكُ | اِلَّا | نَفْسِيْ | وَ | اَخِيْ | فَافْرُقْ | بَيْنَنَا | وَ | بَيْنَ | الْقَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | نہیں | اختیار رکھتا | مگر | اپنی جان کا | اور | اپنے بھائی کا | تو علیحدگی کردے | ہمارے درمیان | اور | درمیان | قوم |

عرض کی کہ اے میرے رب میرے مجھے اختیار نہیں مگر اپنا اور اپنے بھائی کا تو تو ہم کو نافرمان

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ج

| الْفٰسِقِيْنَ | قَالَ | فَاِنَّهَا | مُحَرَّمَةٌ | عَلَيْهِمْ | اَرْبَعِيْنَ | سَنَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بے حکم کے | فرمایا | بیشک وہ | حرام ہے | ان پر | چالیس | سال تک |

قوم سے جدا رکھ۔ فرمایا تو وہ زمین ان پر حرام ہے چالیس برس تک بھٹکتے پھریں

يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ط فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ ع وَاتْلُ ع ٨

| يَتِيْهُوْنَ | فِي الْاَرْضِ | فَلَا | تَاْسَ | عَلَى | الْقَوْمِ | الْفٰسِقِيْنَ | وَاتْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھریں گے پریشان | زمین میں | تو نہ | غم کھائیں | اوپر | قوم | نافرمان کے | اور پڑھو |

زمین میں تو پھر تم نافرمان قوم پر غم نہ کرو۔ (اے حبیب ﷺ) آپ

عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ م اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ وقف لازم

| عَلَيْهِمْ | نَبَاَ ابْنَيْ | اٰدَمَ | بِالْحَقِّ | اِذْ | قَرَّبَا | قُرْبَانًا | فَتُقُبِّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | خبر دو بیٹوں | آدم کی | سچی | جب | منت | پیش کی | قبول ہوئی |

ان لوگوں کو آدم کے دو بیٹوں کی خبر سنائیں جو بالکل سچی ہے جب دونوں نے قربانی پیش کی سو

مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ اَحَدِهِمَا | وَ | لَمْ | يُتَقَبَّلْ | مِنَ الْاٰخَرِ | قَالَ | لَاَقْتُلَنَّكَ | قَالَ | اِنَّمَا |
| ان میں سے ایک کی | اور | نہ | قبول ہوئی | دوسرے کی | بولا | میں تجھے قتل کردوں گا | بولا | اسکے سوا نہیں کہ |

ان میں سے ایک کی قبول کر لی گئی اور دوسرے سے قبول نہ کی گئی تو اس نے کہا میں تجھے ضرور بضرور قتل کروں گا اس نے کہا

يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَقَبَّلُ | اللّٰهُ | مِنَ الْمُتَّقِيْنَ | لَئِنْ | بَسَطْتَّ | اِلَيَّ | يَدَكَ | لِتَقْتُلَنِيْ | مَآ |
| قبول کرتا ہے | اللہ | پرہیزگاروں سے | اگر | تو بڑھائے گا | میری طرف | اپنا ہاتھ | تاکہ مجھے قتل کرے | نہیں |

بے شک اللہ پرہیزگاروں سے ہی قبول فرماتا ہے۔ اگر تو اپنا ہاتھ مجھے قتل کرنے کیلئے میری طرف بڑھائے گا (تو پھر بھی)

اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَا | بِبَاسِطٍ | يَدِيَ | اِلَيْكَ | لِاَقْتُلَكَ | اِنِّيْ | اَخَافُ | اللّٰهَ | رَبَّ |
| میں | بڑھانے والا | اپنا ہاتھ | تیری طرف | تاکہ میں تجھے قتل کروں | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اللہ سے جو | پروردگار ہے |

میں اپنا ہاتھ تجھے قتل کرنے کیلئے تیری طرف نہیں بڑھاؤں گا کیونکہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلَمِيْنَ | اِنِّيْ | اُرِيْدُ | اَنْ | تَبُوْٓاَ | بِاِثْمِيْ | وَ | اِثْمِكَ | فَتَكُوْنَ |
| سب جہانوں کا | بیشک میں | چاہتا ہوں | یہ کہ | لے پڑے تمہارے | میرے گناہ | اور | تمہارے گناہ | تو ہو جائے تو |

| وَ | لَا | تَاْكُلُوْا | مِمَّا | لَمْ | يُذْكَرِ اسْمُ | اللّٰهِ | عَلَيْهِ | وَ اِنَّهٗ | لَفِسْقٌ | وَ | اِنَّ | الشَّيٰطِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | کھاؤ | اس سے کہ | نہ | ذکر کیا جائے نام | اللہ کا | اس پر | اور بیشک وہ | نافرمانی ہے | اور | بیشک | شیطان |

اور اس میں نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا اور وہ بے شک حکم عدولی ہے اور بے شک شیطان

لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـِٕهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيُوْحُوْنَ | اِلٰٓى | اَوْلِيٰٓـِٕهِمْ | لِيُجَادِلُوْكُمْ | وَ | اِنْ | اَطَعْتُمُوْهُمْ | اِنَّكُمْ |
| ڈالتے ہیں | طرف | دوستوں اپنے کی | تاکہ جھگڑیں تم سے | اور | اگر | پیروی کرو تم ان کی | تو تم بھی |

اپنے ساتھیوں کی طرف القاء کرتے ہیں کہ تم سے جھگڑیں اور اگر تم ان کا کہنا مانو تو اس وقت تم

لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ ع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمُشْرِكُوْنَ | اَوَ | مَنْ | كَانَ | مَيْتًا | فَاَحْيَيْنٰهُ | وَ | جَعَلْنَا | لَهٗ | نُوْرًا | يَّمْشِيْ |
| مشرک ہو جاؤ گے | کیا | جو | تھا | مردہ | تو زندہ کیا ہم نے اس کو | اور | بنایا ہم نے | اس کیلئے | نور | چلتا ہے |

مشرک ہو جاؤ گے۔ اور کیا بھلا وہ شخص جو مردہ تھا تو ہم نے اسے زندہ کیا اور اس کیلئے ایک نور کر دیا جس سے

بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | فِى | النَّاسِ | كَمَنْ | مَّثَلُهٗ | فِى الظُّلُمٰتِ | لَيْسَ | بِخَارِجٍ | مِّنْهَا |
| اسکے ساتھ | میں | لوگوں | کیا اس | جیسا ہے جو | اندھیریوں میں ہے | نہیں | نکلنے والے | اس سے |

لوگوں میں چلتا ہے وہ اس جیسا ہو جائے گا جو اندھیریوں میں ہے ان سے نکلنے والا نہیں

كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِىْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | زُيِّنَ | لِلْكٰفِرِيْنَ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | كَذٰلِكَ | جَعَلْنَا | فِىْ |
| اسی طرح | خوشنما بنائے گئے | کافروں کیلئے | جو | تھے | عمل کرتے | اور | اسی طرح | بنائے ہم نے | میں |

یونہی کافروں کی آنکھ میں ان کے اعمال بھلے کر دیئے گئے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں

كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | قَرْيَةٍ | اَكٰبِرَ | مُجْرِمِيْهَا | لِيَمْكُرُوْا | فِيْهَا | وَمَا | يَمْكُرُوْنَ |
| ہر | بستی | بڑے لوگ | مجرم | تاکہ مکر کریں | اس میں | اور نہیں | مکر کرتے |

بڑے بڑوں کو وہاں کے جرائم کا سرغنہ بنایا تاکہ وہ اس (بستی) میں مکاریاں کریں اور وہ (حقیقت میں) اپنی جانوں کے سوا کسی (اور)

إِلَّا بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿١٢٣﴾ وَإِذَا جَآءَتْهُمْ ءَايَةٌ قَالُوا۟ لَن نُّؤْمِنَ

| إِلَّا | بِأَنفُسِهِمْ | وَ | مَا | يَشْعُرُونَ | وَ | إِذَا | جَآءَتْهُمْ | ءَايَةٌ | قَالُوا۟ | لَن | نُّؤْمِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | اپنی جانوں سے | اور | نہیں | انہیں شعور | اور | جب | آئے انکے پاس | کوئی نشانی | کہتے ہیں | ہرگز | ایمان لائینگے ہم |

سے فریب نہیں کر رہے لیکن وہ شعور نہیں رکھتے۔ اور جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے (تو) کہتے ہیں

حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَآ أُوتِىَ رُسُلُ ٱللَّهِ ۘ ٱللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ

| حَتَّىٰ | نُؤْتَىٰ | مِثْلَ | مَآ | أُوتِىَ | رُسُلُ | ٱللَّهِ | ٱللَّهُ | أَعْلَمُ | حَيْثُ | يَجْعَلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | دیئے جائیں ہم | مثل | اسکے جو | دیئے گئے | رسول | اللہ کے | اللہ | خوب جانتا ہے | جہاں | رکھے |

ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ ہمیں بھی ویسی ہی (نشانی) دی جائے جیسی اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے

رِسَالَتَهُۥ ۗ سَيُصِيبُ ٱلَّذِينَ أَجْرَمُوا۟ صَغَارٌ عِندَ ٱللَّهِ وَعَذَابٌ

| رِسَالَتَهُۥ | سَيُصِيبُ | ٱلَّذِينَ | أَجْرَمُوا۟ | صَغَارٌ | عِندَ | ٱللَّهِ | وَ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی رسالت | عنقریب پہنچے گی | ان کو جو | مجرم ہیں | ذلت | پاس | اللہ کے | اور | عذاب |

اللہ خوب جانتا ہے کہ وہ اپنی رسالت کس کو عطا کرے عنقریب مجرموں کو اللہ کے حضور سے ذلت نصیب ہوگی اور سخت عذاب بھی

شَدِيدٌۢ بِمَا كَانُوا۟ يَمْكُرُونَ ﴿١٢٤﴾ فَمَن يُرِدِ ٱللَّهُ أَن يَهْدِيَهُۥ يَشْرَحْ

| شَدِيدٌۢ | بِمَا | كَانُوا۟ | يَمْكُرُونَ | فَمَن | يُرِدِ | ٱللَّهُ | أَن | يَهْدِيَهُۥ | يَشْرَحْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سخت | بدلہ اس کا جو | تھے | مکر کرتے | پھر جسے | چاہے | اللہ | یہ کہ | ہدایت دے اس کو | کھول دیتا ہے |

(ملے گا) اس وجہ سے کہ وہ مکر کرتے تھے۔ تو جسے اللہ ہدایت دینا چاہے اس کا سینہ اسلام

صَدْرَهُۥ لِلْإِسْلَٰمِ ۖ وَمَن يُرِدْ أَن يُضِلَّهُۥ يَجْعَلْ صَدْرَهُۥ ضَيِّقًا

| صَدْرَهُۥ | لِلْإِسْلَٰمِ | وَ | مَن | يُرِدْ | أَن | يُضِلَّهُۥ | يَجْعَلْ | صَدْرَهُۥ | ضَيِّقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سینہ اس کا | اسلام کے لئے | اور | جسے | چاہے | یہ کہ | گمراہ کرے اس کو | کر دیتا ہے | سینہ اس کا | تنگ |

کیلئے کھول دیتا ہے اور جسے گمراہ کرنا چاہے اس کا سینہ خوب رکا ہوا تنگ کر دیتا ہے

حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ۭ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرَجًا | كَاَنَّمَا | يَصَّعَّدُ | فِي | السَّمَآءِ | كَذٰلِكَ | يَجْعَلُ | اللّٰهُ | الرِّجْسَ |
| رکا ہوا | گویا کہ | چڑھتا ہے | میں | آسمان | اسی طرح | ڈال دیتا ہے | اللہ | عذاب |

گویا وہ آسمان پر چڑھ رہا ہے اسی طرح ڈالتا ہے اللہ عذاب

عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢٥﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ۭ قَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | هٰذَا | صِرَاطُ | رَبِّكَ | مُسْتَقِيْمًا | قَدْ |
| اوپر | ان لوگوں کے جو | نہیں | ایمان لاتے | اور | یہ ہے | رستہ | آپکے رب کا | سیدھا | بیشک |

ان لوگوں پر جو ایمان نہیں لاتے۔ اور یہ (اسلام) آپ کے رب کا (پسندیدہ) سیدھا راستہ ہے ہم نے آیتیں

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَصَّلْنَا | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يَّذَّكَّرُوْنَ | لَهُمْ | دَارُ السَّلٰمِ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | وَهُوَ |
| ہم نے مفصل بیان کردیں | آیتیں | ان لوگوں کیلئے | جو نصیحت قبول کرتے ہیں | ان کیلئے | گھر ہے سلامتی کا | پاس | ان کے رب کے | اور وہ |

تفصیل سے بیان کردی ہیں نصیحت قبول کرنے والوں کیلئے۔ ان کیلئے سلامتی کا گھر ہے اپنے رب کے ہاں اور وہ ان کا

وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٧﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِيُّهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | يَوْمَ | يَحْشُرُهُمْ | جَمِيْعًا | يٰمَعْشَرَ |
| ان کا مولیٰ ہے | بدلہ اس کا کہ | تھے | عمل کرتے | اور | جس دن | اکٹھا کرے گا ان کو | سب کو | اے گروہ |

مدد گار ہے یہ ہے ان کے کاموں کا پھل۔ اور جس دن ان سب کو اٹھائے گا اور فرمائے گا اے

الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِنِّ | قَدِ | اسْتَكْثَرْتُمْ | مِّنَ الْاِنْسِ | وَ | قَالَ | اَوْلِيٰٓؤُهُمْ | مِّنَ الْاِنْسِ |
| جن | بیشک | بہت گھیر لئے تم نے | انسانوں سے (کو) | اور | کہیں گے | ان کے دوست | انسانوں سے |

جن کے گروہ تم نے بہت آدمی گھیر لئے اور ان کے دوست آدمی عرض کرینگے اے ہمارے رب ہم میں

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِیْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَا | اسْتَمْتَعَ | بَعْضُنَا | بِبَعْضٍ | وَّبَلَغْنَآ | اَجَلَنَا | الَّذِیْٓ | اَجَّلْتَ | لَنَا |
| اے ہمارے رب | فائدہ لیا | ہمارے بعض نے | بعض سے | اور پہنچے ہم | اپنی مدت کو | جو | مقرر کی تو نے | ہمارے لیے |

ایک نے دوسرے سے فائدہ اٹھایا اور ہم اپنی اس میعاد کو پہنچ گئے جو تو نے ہمارے لئے مقرر فرمائی تھی

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | النَّارُ | مَثْوٰىكُمْ | خٰلِدِیْنَ | فِیْهَآ | اِلَّا | مَا | شَآءَ | اللّٰهُ | اِنَّ | رَبَّكَ |
| فرمائے گا | آگ ہے | ٹھکانا تمہارا | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | مگر | جو | چاہا | اللہ نے | بیشک | تمہارا رب |

اللہ فرمائے گا آگ تمہارا ٹھکانا ہے ہمیشہ اس میں رہو مگر جسے اللہ چاہے اے محبوب بیشک تمہارا رب

حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّیْ بَعْضَ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَكِیْمٌ | عَلِیْمٌ | وَ | كَذٰلِكَ | نُوَلِّیْ | بَعْضَ | الظّٰلِمِیْنَ | بَعْضًا | بِمَا | كَانُوْا |
| حکمت والا | جاننے والا ہے | اور | اسی طرح | مسلط کرتے ہیں ہم | بعض | ظالموں کو | بعض پر | بدلہ اس کا جو | تھے |

حکمت والا علم والا ہے۔ اسی طرح ہم ظالموں میں سے بعض کو بعض پر مسلط کرتے رہتے ہیں ان (اعمال بد)

ع ١٥ يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْسِبُوْنَ | یٰمَعْشَرَ | الْجِنِّ | وَ | الْاِنْسِ | اَلَمْ | یَاْتِكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْكُمْ |
| کماتے | اے گروہ | جن | اور | انسان | کیا نہ | آئے تمہارے پاس | رسول | تم میں سے جو |

کے باعث جو وہ کمایا کرتے ہیں۔ اے گروہ جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تم پر میری

یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ وَیُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَقُصُّوْنَ | عَلَیْكُمْ | اٰیٰتِیْ | وَیُنْذِرُوْنَكُمْ | لِقَآءَ | یَوْمِكُمْ | هٰذَا | قَالُوْا |
| پڑھتے | تم پر | میری آیتیں | اور ڈراتے تم کو | ملاقات | دن تمہارے | اس سے | کہیں گے |

آیتیں بیان کرتے تھے اور تمہیں تمہارے اس دن کی ملاقات سے ڈراتے؟ (تو) وہ کہیں گے

شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَهِدْنَا | عَلٰٓى | اَنْفُسِنَا | وَ | غَرَّتْهُمُ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | وَ | شَهِدُوْا | عَلٰٓى |
| گواہی دی ہم نے | اوپر | اپنی جانوں کے | اور | فریب دیا ان کو | زندگی نے | دنیا کی | اور | گواہی دیں گے | اوپر |

ہم اپنی جانوں کے خلاف گواہی دیتے ہیں اور انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا اور وہ اپنی جانوں کے خلاف اس

اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿١٣٠﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسِهِمْ | اَنَّهُمْ | كَانُوْا | كٰفِرِيْنَ | ذٰلِكَ | اَنْ | لَّمْ | يَكُنْ | رَّبُّكَ | مُهْلِكَ |
| اپنی جانوں کے | کہ وہ | تھے | کافر | یہ | اس لئے کہ | نہیں | ہے | آپ کا رب | ہلاک کرنیوالا |

(بات) کی گواہی دیں گے کہ وہ (دنیا میں) کافر تھے۔ یہ اس لئے کہ آپ کا رب بستیوں کو ظلم کے ساتھ ہلاک کرنے والا

الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرٰى | بِظُلْمٍ | وَّ | اَهْلُهَا | غٰفِلُوْنَ | وَ | لِكُلٍّ | دَرَجٰتٌ | مِّمَّا | عَمِلُوْا |
| کسی بستی کو | ظلم سے | اور | اس کے رہنے والے | بے خبر ہوں | اور | ہر ایک کے لئے | درجے ہیں | اس سے جو | عمل کیا انہوں نے |

نہیں اس حال میں کہ ان کے رہنے والے بے خبر ہوں۔ اور ہر ایک کیلئے درجے ہیں ان کے عملوں کے سبب

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٢﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ط اِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | رَبُّكَ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | رَبُّكَ | الْغَنِيُّ | ذُو الرَّحْمَةِ | اِنْ |
| اور | نہیں | آپکا رب | بے خبر | اس سے جو | عمل کرتے ہیں | اور | آپکا رب | بے پرواہ ہے | رحمت والا | اگر |

اور آپ کا رب ان کے کاموں سے بے خبر نہیں۔ اور اے محبوب ﷺ آپکا رب بے نیاز ہے رحمت والا اے لوگو

يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّشَاْ | يُذْهِبْكُمْ | وَ | يَسْتَخْلِفْ | مِنْۢ بَعْدِكُمْ | مَا | يَشَآءُ | كَمَآ | اَنْشَاَكُمْ | مِّنْ ذُرِّيَّةِ |
| چاہے | لے جائے تم کو | اور | لے آئے | تمہارے بعد | جسے | چاہے | جیسا | پیدا کیا تم کو | اولاد سے |

وہ چاہے تو تمہیں لے جائے اور تمہارے بعد جسے چاہے تمہاری جگہ لے آئے جیسے تمہیں اوروں

قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ

| قَوْمٍ | اٰخَرِيْنَ | اِنَّ | مَا | تُوْعَدُوْنَ | لَاٰتٍ | وَ | مَآ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم | دوسری | بیشک | جو | وعدہ دیئے جاتے ہو تم | ضرور آنے والی ہے | اور | نہیں | تم |

کی نسل سے پیدا کیا۔ بے شک جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے ضرور آنے والی ہے اور تم

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿١٣٤﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

| بِمُعْجِزِيْنَ | قُلْ | يٰقَوْمِ | اعْمَلُوْا | عَلٰى | مَكَانَتِكُمْ | اِنِّيْ | عَامِلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عاجز کرنے والے | فرمادیں | اے میری قوم | کام کرو | اوپر | اپنی جگہ کے | بیشک میں | عمل کرنے والا ہوں |

عاجز کردینے والے نہیں ہو۔ اے محبوب ﷺ! فرما دیجئے اے (میری) قوم! تم اپنی جگہ پر عمل کرتے رہو

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۗ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

| فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | مَنْ | تَكُوْنُ | لَهٗ | عَاقِبَةُ | الدَّارِ | اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو عنقریب | جانو گے تم | کہ کس کیلئے | ہوتا ہے | اس کیلئے | آخرت کا | گھر | بیشک | نہیں | فلاح پاتے |

بے شک میں (اپنی جگہ) عمل کئے جارہا ہوں پھر تم عنقریب جان لوگے کہ آخرت کا انجام کس کیلئے (بہتر ہے) بے شک ظالم لوگ نجات

الظّٰلِمُوْنَ ﴿١٣٥﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا

| الظّٰلِمُوْنَ | وَ | جَعَلُوْا | لِلّٰهِ | مِمَّا | ذَرَاَ | مِنَ | الْحَرْثِ | وَ | الْاَنْعَامِ | نَصِيْبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالم | اور | ٹھہرائے انہوں نے | اللہ کے لیے | اس سے جو | پیدا کیا | بعض | کھیتی | اور | مویشی | حصے |

نہیں پائیں گے۔ انہوں نے اللہ کیلئے انکی (چیزوں) میں سے ایک حصہ مقرر کرلیا ہے جنہیں اس نے کھیتی اور مویشیوں میں

فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا

| فَقَالُوْا | هٰذَا | لِلّٰهِ | بِزَعْمِهِمْ | وَهٰذَا | لِشُرَكَآئِنَا | فَمَا | كَانَ | لِشُرَكَآئِهِمْ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بولے | یہ | اللہ کا حصہ ہے | ان کے خیال میں | اور یہ | ہمارے شریکوں کا ہے | پھر جو | ہوتا | ان کے شریکوں کا | تو نہ |

سے پیدا فرمایا ہے پھر اپنے گمان (باطل) سے کہتے ہیں کہ یہ (حصہ) اللہ کیلئے ہے اور یہ ہمارے (خودساختہ) شریکوں کیلئے ہے

يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا

| مَا | سَآءَ | شُرَكَآئِهِمْ | اِلٰى | يَصِلُ | فَهُوَ | لِلّٰهِ | كَانَ | مَا | وَ | اللّٰهِ | اِلَى | يَصِلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | برا ہے | ان کے شریکوں کے | طرف | پہنچتا | تو وہ | اللہ کا | ہوتا | جو | اور | اللہ کی | طرف | پہنچتا |

پھر جو (حصہ) ان کے شریکوں کیلئے ہے سو وہ تو اللہ تک نہیں پہنچتا اور جو (حصہ) اللہ کیلئے ہے تو وہ ان کے شریکوں تک پہنچ جاتا ہے

يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ

| قَتْلَ | مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ | لِكَثِيْرٍ | زَيَّنَ | كَذٰلِكَ | وَ | يَحْكُمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قتل کرنا | مشرکوں کے لئے | بہت | بھلا کر دکھایا | اسی طرح | اور | فیصلہ کرتے ہیں |

(وہ) کیا ہی برا فیصلہ کر رہے ہیں۔ اور اسی طرح اچھا بنا دیا بہت سے مشرکوں کیلئے ان کی اولاد کا قتل ان کے شریکوں

اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ

| لَوْ | وَ | دِيْنَهُمْ | عَلَيْهِمْ | لِيَلْبِسُوْا | وَ | لِيُرْدُوْهُمْ | شُرَكَآؤُهُمْ | اَوْلَادِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | اور | ان کا دین | ان پر | تاکہ مشتبہ کریں | اور | تاکہ ہلاک کریں ان کو | شریکوں ان کے نے | اپنی اولاد کو |

نے تاکہ انہیں ہلاک کر دیں اور ان کے دین کو ان پر مشتبہ کر دیں اور اگر اللہ چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے تو

شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ

| اَنْعَامٌ | هٰذِهٖٓ | قَالُوْا | وَ | يَفْتَرُوْنَ | وَمَا | فَذَرْهُمْ | فَعَلُوْهُ | مَا | اللّٰهُ | شَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مویشی | یہ | بولے | اور | جھوٹ بناتے ہیں | اور جو | تو چھوڑ دو ان کو | کرتے ایسا | تو نہ | اللہ | چاہتا |

آپ چھوڑ دیجئے انہیں اور ان کے بہتان کو۔ اور انہوں نے کہا یہ مویشی

وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ

| اَنْعَامٌ | وَ | بِزَعْمِهِمْ | نَّشَآءُ | مَنْ | اِلَّا | يَطْعَمُهَآ | لَا | حِجْرٌ | حَرْثٌ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ مویشی ہیں | اور | ان کے خیال میں | ہم چاہیں | جسے | مگر | کھائے گا ان کو | نہیں | ممنوع ہے | کھیتی | اور |

اور کھیتی ممنوع ہے اسے کوئی نہ کھائے مگر وہی جسے ہم چاہیں اپنے گمان کے مطابق اور کچھ مویشی ایسے ہیں

حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً

| حُرِّمَتْ | ظُهُوْرُهَا | وَ | اَنْعَامٌ | لَا | يَذْكُرُوْنَ | اسْمَ | اللّٰهِ | عَلَيْهَا | افْتِرَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام کی گئی | ان پر سواری | اور | کچھ جانور ہیں کہ | نہیں | ذکر کرتے | نام | اللہ کا | اس پر | جھوٹ باندھ کر |

کہ حرام کیا گیا ان کی پشتوں کو اور بعض مویشی ایسے ہیں کہ وہ (ان کو ذبح کرتے وقت) ان پر اللہ کا نام نہیں لیتے اللہ پر بہتان

عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ

| عَلَيْهِ | سَيَجْزِيْهِمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ | وَقَالُوْا | مَا | فِيْ بُطُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر | عنقریب بدلہ دے گا انکو | جو | تھے وہ | جھوٹ بناتے | اور کہا انہوں نے | جو | پیٹوں میں ہے |

باندھنے کیلئے عنقریب اللہ ان کو بدلہ دے گا اس وجہ سے کہ وہ (اللہ پر) بہتان باندھتے تھے۔ اور بولے جو ان مویشیوں کے

هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ

| هٰذِهِ | الْاَنْعَامِ | خَالِصَةٌ | لِذُكُوْرِنَا | وَمُحَرَّمٌ | عَلٰى | اَزْوَاجِنَا | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان | مویشیوں کے | خالص | ہمارے مردوں کیلئے ہے | اور حرام ہے | اوپر | ہماری عورتوں کے | اور | اگر |

پیٹوں میں ہے وہ ہمارے مردوں کیلئے مخصوص ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے اور

يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ

| يَكُنْ | مَيْتَةً | فَهُمْ | فِيْهِ | شُرَكَآءُ | سَيَجْزِيْهِمْ | وَصْفَهُمْ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو | مردہ | تو وہ | اس میں | شریک ہیں | عنقریب بدلہ دے گا ان کو | ان کی باتوں کا | بیشک وہ |

مردار ہوا نکلے تو وہ سب اس میں شریک ہیں قریب ہے اللہ انہیں ان کی باتوں کا بدلا دے گا بے شک وہ

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْۤا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

| حَكِيْمٌ | عَلِيْمٌ | قَدْ | خَسِرَ | الَّذِيْنَ | قَتَلُوْا | اَوْلَادَهُمْ | سَفَهًا | بِغَيْرِ | عِلْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا | جاننے والا ہے | بیشک | تباہ ہوئے | وہ لوگ جنہوں نے | قتل کیا | اپنی اولاد کو | بے وقوفی سے | بغیر | علم کے |

حکمت وعلم والا ہے۔ بے شک تباہ ہوئے وہ جو اپنی اولاد کو قتل کرتے ہیں احمقانہ جہالت سے

وَحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ۭ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا

| وَحَرَّمُوْا | مَا | رَزَقَهُمُ | اللّٰهُ | افْتِرَآءً | عَلَى | اللّٰهِ | قَدْ | ضَلُّوْا | وَمَا | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور حرام کیا | جو | رزق دیا ان کو | اللہ نے | جھوٹ بنا کر | اوپر | اللہ کے | بیشک | گمراہ ہوئے | اور نہ | تھے |

اور حرام ٹھہراتے ہیں وہ جو انہیں اللہ نے روزی دی اللہ پر جھوٹ باندھنے کو بے شک وہ گمراہ ہوگئے اور ہدایت پانے

مُهْتَدِيْنَ ۝۱۴۰ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ ع

| مُهْتَدِيْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَنْشَاَ | جَنّٰتٍ | مَّعْرُوْشٰتٍ | وَّ | غَيْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت پانے والے | اور | وہ | جس نے | پیدا کیے | باغ | چھتے ہوئے | اور | بغیر |

والے نہ تھے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے باغات پیدا کیے جو ٹٹیوں پر چڑھائے جاتے ہیں اور جو نہیں

مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ

| مَعْرُوْشٰتٍ | وَّ | النَّخْلَ | وَ | الزَّرْعَ | مُخْتَلِفًا | اُكُلُهٗ | وَ | الزَّيْتُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھت کے | اور | کھجور | اور | کھیتی | مختلف ہیں | اس کے مزے | اور | زیتون |

چڑھائے جاتے اور کھجوریں اور کھیت کہ اس کے کھانے کی چیزیں مختلف ہوتی ہیں اور زیتون

وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا

| وَ | الرُّمَّانَ | مُتَشَابِهًا | وَّ | غَيْرَ | مُتَشَابِهٍ | كُلُوْا | مِنْ | ثَمَرِهٖٓ | اِذَآ | اَثْمَرَ | وَ | اٰتُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | انار | ملتے جلتے | اور | نہ | ملتے جلتے | کھاؤ | ان کے | پھل | جب | پھل دیں | اور | دو |

اور انار باہم ملتے جلتے اور ایک دوسرے سے مختلف بھی۔ کھاؤ ان کے پھلوں میں سے جب وہ پھل دیں

حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ڮ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝۱۴۱ لا

| حَقَّهٗ | يَوْمَ | حَصَادِهٖ | وَ | لَا | تُسْرِفُوْا | اِنَّهٗ | لَا | يُحِبُّ | الْمُسْرِفِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کا حق | دن | اس کی کٹائی کے | اور | نہ | بے جا خرچ کرو | بیشک وہ | نہیں | پسند کرتا | بے جا خرچ کرنے والوں |

اور اس کے کاٹنے کے دن اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرو۔ اور اسراف نہ کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمِنَ الْاَنْعَامِ | حَمُوْلَةً | وَّ | فَرْشًا | كُلُوْا | مِمَّا | رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | وَلَا | تَتَّبِعُوْا |
| اور کچھ مویشی | بار برداری کو | اور کچھ | زمین پر بچھے | کھاؤ | اس سے جو | روزی دی تمہیں | اللہ نے | اور نہ | پیروی کرو |

اور باربرداری کے لیے (بلند قامت) چوپائے ہیں اور بعض زمین پر بچھنے والے ہیں تم اس (رزق) میں سے (بھی بطریقِ ذبح) کھایا کرو

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٢﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خُطُوٰتِ | الشَّيْطٰنِ | اِنَّهٗ | لَكُمْ | عَدُوٌّ | مُّبِيْنٌ | ثَمٰنِيَةَ | اَزْوَاجٍ |
| قدموں | شیطان کی | بیشک وہ | تمہارا | دشمن ہے | صریح | آٹھ | جوڑے ہیں |

جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے اور شیطان کے نقوشِ قدم پر نہ چلا کرو بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اللہ نے پیدا کئے آٹھ جوڑے

مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الضَّاْنِ | اثْنَيْنِ | وَ | مِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ | قُلْ | ءٰٓالذَّكَرَيْنِ | حَرَّمَ | اَمِ |
| بھیڑوں سے | دو | اور | بکریوں سے دو | فرمادو | کیا دونوں نر | حرام کئے | یا |

بھیڑ سے دو (نر و مادہ) اور بکری سے دو (آپ ان سے) فرمایئے کیا اس نے دونوں نر حرام کئے یا

الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّئُوْنِيْ بِعِلْمٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُنْثَيَيْنِ | اَمَّا | اشْتَمَلَتْ | عَلَيْهِ | اَرْحَامُ | الْاُنْثَيَيْنِ | نَبِّئُوْنِيْ | بِعِلْمٍ |
| دونوں مادائیں | یا جو | شامل ہیں | اس پر | پیٹ میں | دونوں مادہ کے | بتاؤ مجھ کو | علم سے |

دونوں مادائیں یا وہ جسے دونوں مادائیں اپنے پیٹ میں لئے ہوئے ہیں کسی علمی دلیل سے

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَ | مِنَ الْاِبِلِ | اثْنَيْنِ | وَ | مِنَ الْبَقَرِ | اثْنَيْنِ | قُلْ |
| اگر | ہو تم | سچے | اور | اونٹوں سے | دو | اور | گائے سے | دو | فرمادو |

مجھے بتاؤ اگر تم سچے ہو۔ اور (پیدا کئے) اونٹ سے دو اور گائے سے دو فرمایئے کیا اللہ نے

آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آٰلذَّكَرَيْنِ | حَرَّمَ | اَمِ | الْاُنْثَيَيْنِ | اَمَّا | اشْتَمَلَتْ | عَلَيْهِ | اَرْحَامُ |
| کیادونوں نر | حرام کئے | یا | دونوں مادہ | یاجس پر | شامل | ہیں | پیٹ میں |

دونوں نر حرام کئے یا دونوں مادائیں یا وہ جسے دونوں مادائیں پیٹ میں لئے ہوئے ہیں

الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُنْثَيَيْنِ | اَمْ | كُنْتُمْ | شُهَدَآءَ | اِذْ | وَصّٰىكُمُ | اللّٰهُ | بِهٰذَا | فَمَنْ | اَظْلَمُ |
| دونوں مادہ کے | کیا | تم | موجود تھے | جب | حکم دیا تھا تم کو | اللہ نے | اس کا | تو کون | زیادہ ظالم ہے |

کیا تم حاضر تھے جب اللہ نے تمہیں یہ حکم دیا تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِمَّنِ | افْتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | لِّيُضِلَّ | النَّاسَ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اس سے جو | باندھے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | تاکہ گمراہ کرے | لوگوں کو | بغیر | علم کے | بیشک | اللہ |

جو اللہ پر جھوٹ بول کر بہتان باندھے تاکہ گمراہ کرے لوگوں کو بغیر علم کے بے شک اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝١٤٤ ع قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ ع ١٧ ٧

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | قُلْ | لَّآ | اَجِدُ | فِيْ | مَآ | اُوْحِيَ | اِلَيَّ |
| نہیں | ہدایت کرتا | قوم | ظالم کو | فرمایئے | نہیں | پاتا میں | میں | اس جو | وحی کی گئی | میری طرف |

ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔ آپ فرما دیجئے میں نہیں پاتا اس میں جو

مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحَرَّمًا | عَلٰى | طَاعِمٍ | يَّطْعَمُهٗٓ | اِلَّآ | اَنْ | يَّكُوْنَ | مَيْتَةً | اَوْ دَمًا |
| کوئی حرام | اوپر | کھانے والے کے | کہ کھائے اس کو | مگر | یہ کہ | ہو | مردار | یاخون |

میری طرف وحی ہوئی کسی کھانے والے پر کھانا حرام مگر یہ کہ مردار ہو یا رگوں کا بہتا خون

مَسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ

| مَسْفُوْحًا | اَوْ | لَحْمَ | خِنْزِيْرٍ | فَاِنَّهٗ | رِجْسٌ | اَوْ | فِسْقًا | اُهِلَّ | لِغَيْرِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتا ہوا | یا | گوشت | خنزیر کا | یقیناً وہ | نجاست ہے | یا | گناہ کی بات | جو پکارا جائے | واسطے غیر | اللہ کے |

یا خنزیر کا گوشت کہ وہ نجاست ہے یا فسق ہو یعنی جس کے ذبح میں غیر اللہ کا نام پکارا گیا

بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾

| بِهٖ | فَمَنِ | اضْطُرَّ | غَيْرَ | بَاغٍ | وَّلَا | عَادٍ | فَاِنَّ | رَبَّكَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اس کے | تو جو | ناچار ہوا | نہ | خواہش کرنیوالا | اور نہ | حد سے بڑھنے والا | تو بیشک | آپکا رب | بخشنے والا | مہربان ہے |

ہو تو جو ناچار ہوا نہ یوں کہ آپ خواہش کرے اور نہ یوں کہ ضرورت سے بڑھے تو بیشک آپکا رب بخشنے والا مہربان ہے۔

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ

| وَ | عَلَى | الَّذِيْنَ | هَادُوْا | حَرَّمْنَا | كُلَّ | ذِيْ ظُفُرٍ | وَ | مِنَ الْبَقَرِ | وَ | الْغَنَمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اوپر | ان کے جو | یہودی ہوئے | حرام کیا ہم نے | ہر | ناخن والا | اور | گائے سے | اور | بکری سے |

اور یہودیوں پر ہم نے حرام کیا ہر ناخن والا جانور اور گائے اور بکری کی چربی

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ

| حَرَّمْنَا | عَلَيْهِمْ | شُحُوْمَهُمَآ | اِلَّا | مَا | حَمَلَتْ | ظُهُوْرُهُمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام کی ہم نے | ان پر | چربی ان کی | مگر | جو | لگی ہو | ان کی پیٹھوں سے |

ان پر حرام کی مگر جو ان کی پیٹھ میں لگی ہو

اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۭ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۡۖ وَاِنَّا

| اَوِ | الْحَوَايَآ | اَوْ | مَا | اخْتَلَطَ | بِعَظْمٍ | ذٰلِكَ | جَزَيْنٰهُمْ | بِبَغْيِهِمْ | وَ | اِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | انتڑیوں سے | یا | جو | ملی ہوئی | ہڈی سے | یہ | بدلہ دیا ہم نے ان کو | ان کی سرکشی کا | اور | یقیناً ہم |

یا آنت یا ہڈی سے ملی ہو ہم نے یہ ان کی سرکشی کا بدلا دیا اور بے شک ہم ضرور

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَصٰدِقُوْنَ | فَاِنْ | كَذَّبُوْكَ | فَقُلْ | رَّبُّكُمْ | ذُوْ | رَحْمَةٍ | وَّاسِعَةٍ |
| ضرور سچے ہیں | پھر اگر | جھٹلائیں آپکو کو | تو فرمادیں | تمہارا رب | صاحب | رحمت ہے | وسیع |

سچے ہیں۔ پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو فرما دیجئے کہ تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے فراخ

وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يُرَدُّ | بَاْسُهٗ | عَنِ الْقَوْمِ | الْمُجْرِمِيْنَ | سَيَقُوْلُ | الَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْا |
| اور | نہیں | ٹالا جاتا | اس کا عذاب | قوم | مجرم سے | اب کہیں گے | وہ جو | مشرک ہیں |

اور اس کا عذاب مجرم قوم سے نہیں ٹالا جائے گا۔ جلد ہی مشرک لوگ کہیں گے

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مَآ | اَشْرَكْنَا | وَ | لَآ | اٰبَآؤُنَا | وَ | لَا | حَرَّمْنَا | مِنْ شَيْءٍ |
| اگر | چاہتا | اللہ تو | نہ | شرک کرتے ہم | اور | نہ | ہمارے باپ دادا | اور | نہ | حرام کرتے ہم | کوئی چیز |

کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ (ہی) ہم شرک کرتے اور نہ کسی چیز کو حرام قرار دیتے

كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ۭ قُلْ هَلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | حَتّٰى | ذَاقُوْا | بَاْسَنَا | قُلْ | هَلْ |
| اسی طرح | جھٹلایا | ان لوگوں نے جو | ان سے پہلے تھے | یہاں تک کہ | انہوں نے چکھا | عذاب ہمارا | فرمادو | کیا |

اسی طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو اُن سے پہلے تھے حتیٰ کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھ لیا، فرما دیجئے

عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ۭ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَكُمْ | مِّنْ | عِلْمٍ | فَتُخْرِجُوْهُ | لَنَا | اِنْ | تَتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | الظَّنَّ | وَ | اِنْ |
| تمہارے پاس ہے | کوئی | علم | تو لاؤ اس کو | ہمارے پاس | نہیں | پیروی کرتے تم | مگر | گمان کی | اور | [illegible] |

تمہارے پاس کوئی علم ہے کہ تم اسے ہمارے لئے نکال لاؤ تم صرف گمان ہی کی پیروی کرتے ہو

أَنْتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ ﴿١٤٨﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ

| أَنْتُمْ | إِلَّا | تَخْرُصُونَ | قُلْ | فَلِلّٰهِ | الْحُجَّةُ | الْبَالِغَةُ | فَلَوْ | شَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم | مگر | اندازہ کرتے ہو | فرمادیں | تو اللہ کے لیے ہے | حجت | پوری | تو اگر | چاہتا |

تم محض قیاس آرائیاں کرتے ہو۔ آپ ﷺ فرما دیں تو اللہ ہی کیلئے ہے پکی دلیل تو اگر اللہ چاہتا تو

لَهَدٰىكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿١٤٩﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ

| لَهَدٰىكُمْ | أَجْمَعِينَ | قُلْ | هَلُمَّ | شُهَدَآءَكُمُ | الَّذِينَ | يَشْهَدُونَ | أَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہدایت دیتا تم | سب کو | فرمادو | لے آؤ | گواہ اپنے | جو | گواہی دیں کہ | بیشک |

ضرور تم سب کو ہدایت فرماتا۔ آپ ﷺ فرما دیجئے تم اپنے وہ گواہ لاؤ جو گواہی دیں کہ

اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَإِنْ شَهِدُوا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَ

| اللّٰهَ | حَرَّمَ | هٰذَا | فَإِنْ | شَهِدُوا | فَلَا | تَشْهَدْ | مَعَهُمْ | وَ | لَا | تَتَّبِعْ | أَهْوَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | حرام کیا | اس کو | پھر اگر | وہ گواہی دیں | تو نہ | آپ گواہی دیں | ان کے ساتھ | اور | نہ | پیروی کریں | خواہشات |

اللہ نے اسے حرام کیا پھر اگر وہ (یہ جھوٹی) گواہی دیں تو ان کے ساتھ دیں گواہی نہ دینا اور ان کی نفسانی خواہشوں

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ

| الَّذِينَ | كَذَّبُوا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | الَّذِينَ | لَا | يُؤْمِنُونَ | بِالْاٰخِرَةِ | وَ | هُمْ | بِرَبِّهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کی کہ | جنہوں نے جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | اور | وہ جو | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر | اور | وہ | اپنے رب کا |

کے پیچھے نہ چلنا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ (دوسروں کو) اپنے رب

يَعْدِلُونَ ﴿١٥٠﴾ قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ أَلَّا تُشْرِكُوا بِهٖ

| يَعْدِلُونَ | قُلْ | تَعَالَوْا | أَتْلُ | مَا | حَرَّمَ | رَبُّكُمْ | عَلَيْكُمْ | أَلَّا | تُشْرِكُوا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برابر ٹھہراتے ہیں | فرمادو | آؤ | پڑھوں میں | جو | حرام کیا | تمہارے رب نے | تم پر | یہ کہ نہ | شریک بناؤ | اس کے ساتھ |

کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ آپ ﷺ فرمادیجئے آؤ میں تمہیں پڑھ کر سنادوں جو تم پر تمہارے رب نے حرام کیا کہ اس کا کوئی شریک

شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | وَّ | بِالْوَالِدَيْنِ | اِحْسَانًا | وَ | لَا | تَقْتُلُوْٓا | اَوْلَادَكُمْ | مِّنْ | اِمْلَاقٍ |
| کسی کو | اور | ماں باپ کے ساتھ | احسان کرنا | اور | نہ | قتل کرو | اولاد اپنی کو | سے | مفلسی کے خوف |

نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو اور اپنی اولاد قتل نہ کرو مفلسی کے باعث

نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَحْنُ | نَرْزُقُكُمْ | وَاِيَّاهُمْ | وَ | لَا | تَقْرَبُوا | الْفَوَاحِشَ | مَا | ظَهَرَ | مِنْهَا |
| ہم | رزق دیتے ہیں تم کو | اور ان کو بھی | اور | نہ | قریب جاؤ | بے حیائیوں کے | جو | کھلی ہو | اس سے |

ہم تمہیں اور انہیں سب کو رزق دیں گے اور بے حیائیوں کے پاس نہ جاؤ جو ان میں ظاہر ہوں

وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | بَطَنَ | وَ | لَا | تَقْتُلُوا | النَّفْسَ | الَّتِيْ | حَرَّمَ | اللّٰهُ | اِلَّا | بِالْحَقِّ | ذٰلِكُمْ |
| اور | جو | چھپی ہو | اور | نہ | قتل کرو | کسی جان کو | کہ | حرام کیا | اللہ نے | مگر | حق کے ساتھ | یہ سے |

اور جو چھپی ہیں اور جس جان کی اللہ نے حرمت رکھی اسے ناحق قتل نہ کرو یہ تمہیں

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَصّٰىكُمْ | بِهٖ | لَعَلَّكُمْ | تَعْقِلُوْنَ | وَ | لَا | تَقْرَبُوْا | مَالَ | الْيَتِيْمِ | اِلَّا | بِالَّتِيْ |
| حکم فرمایا تم کو | اس کا | تاکہ تمہیں | عقل ہو | اور | نہ | قریب جاؤ | مال | یتیم کے | مگر | اس طرح کہ |

حکم فرمایا تاکہ تم عقل سے کام لو۔ اور یتیموں کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر جو

هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هِيَ | اَحْسَنُ | حَتّٰى | يَبْلُغَ | اَشُدَّهٗ | وَ | اَوْفُوا | الْكَيْلَ | وَ | الْمِيْزَانَ |
| وہ | بہتر ہو | یہاں تک کہ | پہنچے | جوانی اپنی کو | اور | پورا کرو | ماپ | اور | تول |

جائز طریقہ ہے ان کی جوانی پہنچنے تک اور ناپ تول کو

بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْقِسْطِ | لَا | نُكَلِّفُ | نَفْسًا | اِلَّا | وُسْعَهَا | وَ | اِذَا | قُلْتُمْ | فَاعْدِلُوْا | وَ | لَوْ | كَانَ |
| انصاف سے | نہیں | تکلیف دیتے ہم | کسی کو | مگر | اس کی طاقت تک | اور | جب | کہو | تو انصاف کرو | اور | اگرچہ | ہو |

انصاف کے ساتھ پورا کرو ہم کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اس کی وسعت کے مطابق اور جب بات کہو تو انصاف

ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَا | قُرْبٰى | وَبِعَهْدِ | اللّٰهِ | اَوْفُوْا | ذٰلِكُمْ | وَصّٰىكُمْ | بِهٖ | لَعَلَّكُمْ |
| صاحب | قرابت | اور عہد | اللہ کا | پورا کرو | یہ | نصیحت کرتا ہے | اس کی | تاکہ تم |

کی کہو اگرچہ تمہارے رشتہ دار کا معاملہ ہو اور اللہ ہی کا عہد پورا کرو یہ تمہیں تاکید فرمائی تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَذَكَّرُوْنَ | وَ | اَنَّ | هٰذَا | صِرَاطِيْ | مُسْتَقِيْمًا | فَاتَّبِعُوْهُ | وَلَا | تَتَّبِعُوا |
| نصیحت مانو | اور | بیشک | یہ | میرا راستہ | سیدھا ہے | پیروی کرو اس کی | اور نہ | پیروی کرو |

نصیحت مانو۔ اور یہ کہ یہی میرا سیدھا راستہ ہے سو تم اس کی پیروی کرو اور دوسرے

السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السُّبُلَ | فَتَفَرَّقَ | بِكُمْ | عَنْ سَبِيْلِهٖ | ذٰلِكُمْ | وَصّٰىكُمْ | بِهٖ | لَعَلَّكُمْ |
| اور راہوں کی | جدا کر دیں گے | تم کو | اس کی راہ سے | یہ | نصیحت کرتا ہے | تم کو اس کی | تاکہ تم |

راستوں پر نہ چلو پھر وہ (راستے) تمہیں اللہ کی راہ سے جدا کر دیں گے یہی وہ بات ہے جس کا اس نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّقُوْنَ | ثُمَّ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | تَمَامًا | عَلَى | الَّذِيْٓ | اَحْسَنَ |
| ڈرو | پھر | عطا کی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | پورا کرنے کو | اوپر | اس کے جو | نیک ہے |

پرہیزگار بن جاؤ۔ پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا کی اس شخص پر (نعمت) پوری کرنے کے کیلئے جو نیکی کا راستہ

وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ

| وَ | تَفْصِيْلًا | لِّكُلِّ | شَيْءٍ | وَّ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً | لَّعَلَّهُمْ | بِلِقَآءِ | رَبِّهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تفصیل | ہر | چیز کی | اور | ہدایت | اور | رحمت | تاکہ وہ | ملاقات کو | اپنے رب کی |

اور (اسے) ہر چیز کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت بنا کر (اتارا) تاکہ وہ اپنے رب سے ملاقات پر

يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٥٤﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ ع ۱۹

| يُؤْمِنُوْنَ | وَهٰذَا | كِتٰبٌ | اَنْزَلْنٰهُ | مُبٰرَكٌ | فَاتَّبِعُوْهُ | وَ | اتَّقُوْا | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مانیں | اور یہ | کتاب ہے | ہم نے اس کو اتارا | برکت والی | تو اس کی پیروی کرو | اور | ڈرو | تاکہ تم |

ایمان لائیں۔ اور یہ (قرآن) برکت والی کتاب ہے ہم نے اسے نازل کیا ہے اس کی اتباع کرو اور ڈرتے رہو تا

تُرْحَمُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا

| تُرْحَمُوْنَ | اَنْ | تَقُوْلُوْٓا | اِنَّمَآ | اُنْزِلَ | الْكِتٰبُ | عَلٰى | طَآئِفَتَيْنِ | مِنْ قَبْلِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحم کیے جاؤ | یہ کہ | تم کہو | اس کے سوا نہیں کہ | اتاری گئی | کتاب | اوپر | دو گروہوں کے | ہم سے پہلے |

کہ تم پر رحم کیا جائے۔ (قرآن اس لئے نازل کیا) کہ تم کہیں یہ (نہ) کہو کہ کتاب تو ہم سے پہلے صرف دو گروہوں پر

وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿١٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ

| وَ | اِنْ | كُنَّا | عَنْ دِرَاسَتِهِمْ | لَغٰفِلِيْنَ | اَوْ | تَقُوْلُوْا | لَوْ | اَنَّآ اُنْزِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک | ہم تھے | ان کے پڑھنے سے | یقیناً بے خبر | یا | تم کہو | اگر | بیشک اتاری جاتی |

اُتاری گئی تھی اور بے شک ہم ان (لوگوں) کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے۔ یا کہو اگر ہم پر کتاب اتاری جاتی تو ہم

عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

| عَلَيْنَا | الْكِتٰبُ | لَكُنَّآ | اَهْدٰى | مِنْهُمْ | فَقَدْ | جَآءَكُمْ | بَيِّنَةٌ | مِّنْ رَّبِّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم پر | کتاب | تو ہوتے ہم | زیادہ ہدایت والے | ان سے | تو بیشک | آئی تمہارے پاس | دلیل | تمہارے رب کی طرف سے |

ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے تو تمہارے پاس تمہارے رب کی روشن دلیل

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُدًى | وَّ | رَحْمَةٌ | فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | كَذَّبَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَصَدَفَ |
| اور ہدایت | اور | رحمت | تو کون | زیادہ ظالم ہے | اس سے جو | جھٹلائے | آیات | الٰہی کو | اور منہ پھیرے |

اور ہدایت اور رحمت آئی تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے اور ان سے منہ پھیرے

عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْۗءَ الْعَذَابِ بِمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهَا | سَنَجْزِي | الَّذِيْنَ | يَصْدِفُوْنَ | عَنْ اٰيٰتِنَا | سُوْۗءَ | الْعَذَابِ | بِمَا |
| اس سے | عنقریب بدلہ دیں گے ہم | ان کو جو | منہ پھیرتے ہیں | ہماری آیتوں سے | برے | عذاب کا | بدلہ اس کا کہ |

عنقریب وہ جو ہماری آیتوں سے منہ پھیرتے ہیں ہم انہیں برے عذاب کی سزا دیں گے یہ بدلا ہے

كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿١٥٧﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَصْدِفُوْنَ | هَلْ | يَنْظُرُوْنَ | اِلَّآ | اَنْ | تَاْتِيَهُمُ | الْمَلٰۗىِٕكَةُ |
| تھے وہ | منہ پھیرتے | نہیں | انتظار کرتے | مگر | یہ کہ | آئیں ان کے پاس | فرشتے |

ان کے منہ پھیرنے کا۔ کیا وہ شخص اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ آئیں ان کے پاس فرشتے

اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | يَاْتِيَ | رَبُّكَ | اَوْ | يَاْتِيَ | بَعْضُ | اٰيٰتِ | رَبِّكَ | يَوْمَ | يَاْتِيْ | بَعْضُ | اٰيٰتِ |
| یا | آئے | آپکا رب | یا | آئیں | بعض | نشانیاں | آپکے رب کی تو | دن | آئے | بعض | نشانیاں |

یا آپکے رب کا عذاب یا آپکے رب کی ایک نشانی آئے جس دن تمہارے رب کی وہ ایک نشانی آئے گی

رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | لَا | يَنْفَعُ | نَفْسًا | اِيْمَانُهَا | لَمْ | تَكُنْ | اٰمَنَتْ | مِنْ قَبْلُ | اَوْ | كَسَبَتْ |
| آپکے رب کی تو | نہ | نفع دے گا | کسی آدمی کو | اس کا ایمان | نہ | تھا | ایمان لایا | پہلے | یا | کمائے |

کسی جان کو ایمان لانا کام نہ دے گا جو پہلے ایمان نہ لائی تھی یا اپنے ایمان میں کوئی بھلائی نہ کمائی تھی

فِیْٓ اِیْمَانِهَا خَیْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

| فِیْٓ | اِیْمَانِهَا | خَیْرًا | قُلِ | انْتَظِرُوْٓا | اِنَّا | مُنْتَظِرُوْنَ | اِنَّ | الَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | اپنے ایمان | بھلائی | فرمادیں | انتظار کرو | بیشک ہم بھی ہیں | انتظار کرنے والے | بیشک | وہ جو |

آپ فرما دیجئے انتظار کرو میں بھی انتظار کرتا ہوں۔ بے شک جن

فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِیَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِیْ شَیْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ

| فَرَّقُوْا | دِیْنَهُمْ | وَ | كَانُوْا | شِیَعًا | لَسْتَ | مِنْهُمْ | فِیْ | شَیْءٍ | اِنَّمَآ | اَمْرُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جداجدا کر دیا | اپنا دین | اور | ہو گئے | کئی گروہ | نہیں آپ | ان سے | میں | کسی چیز | نہیں سوائے اسکے کہ | ان کا معاملہ |

لوگوں نے اپنے دین کو پارہ پارہ کر دیا اور وہ (مختلف) فرقوں میں بٹ گئے آپ کسی چیز میں ان کے (تعلق دار اور ذمہ دار) نہیں

اِلَی اللّٰهِ ثُمَّ یُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ

| اِلَی | اللّٰهِ | ثُمَّ | یُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | یَفْعَلُوْنَ | مَنْ | جَآءَ | بِالْحَسَنَةِ | فَلَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | اللہ کی ہے | پھر | بتائے گا ان کو | اسکی کہ | تھے وہ | کرتے | جو | لائے گا | ایک نیکی | تو اس کیلئے ہے |

ہیں بس ان کا معاملہ اللہ ہی کے حوالہ ہے پھر وہ انہیں آگاہ فرمادے گا جو وہ کیا کرتے تھے۔ جو کوئی ایک نیکی لائے گا تو اس

عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ فَلَا یُجْزٰٓی اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ

| عَشْرُ | اَمْثَالِهَا | وَ | مَنْ | جَآءَ | بِالسَّیِّئَةِ | فَلَا | یُجْزٰٓی | اِلَّا | مِثْلَهَا | وَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دس | مثل اس کی | اور | جو | لائے گا | برائی | تو نہ | بدلہ دیا جائے گا | مگر | برابر اس کے | اور | وہ |

کیلئے (بطور اجر) اس جیسی دس نیکیاں ہیں اور جو کوئی ایک گناہ لائے گا تو اس کو اس جیسے ایک (گناہ کے سوا سزا انہیں دی جائے گی

لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ قُلْ اِنَّنِیْ هَدٰىنِیْ رَبِّیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۚ

| لَا | یُظْلَمُوْنَ | قُلْ | اِنَّنِیْ | هَدٰىنِیْ | رَبِّیْٓ | اِلٰی | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِیْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | ظلم کئے جائیں گے | فرمادو | بیشک میں | ہدایت کی مجھ کو | میرے رب نے | طرف | راستے | سیدھے کی |

اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے۔ (اے محبوب ﷺ!) فرمادیجئے بے شک میرے رب نے مجھے سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرمائی

دِیۡنًا قِیَمًا مِّلَّةَ اِبۡرٰهِیۡمَ حَنِیۡفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِیۡنَ ﴿١٦١﴾ قُلۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دِیۡنًا | قِیَمًا | مِّلَّةَ | اِبۡرٰهِیۡمَ | حَنِیۡفًا | وَ | مَا | كَانَ | مِنَ الۡمُشۡرِكِیۡنَ | قُلۡ |
| دین | قائم | ملت | ابراہیم | ایک رخ کی | اور | نہ | تھا | مشرکوں سے | فرمادیں |

آپ ﷺ فرمادیں) محکم دین ملتِ ابراہیم کی طرف جو ہر باطل سے جدا محض حق کے ساتھ تھے اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔

اِنَّ صَلَاتِیۡ وَنُسُكِیۡ وَمَحۡیَایَ وَمَمَاتِیۡ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿١٦٢﴾ لا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | صَلَاتِیۡ | وَ | نُسُكِیۡ | وَ | مَحۡیَایَ | وَ | مَمَاتِیۡ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الۡعٰلَمِیۡنَ |
| بیشک | میری نماز | اور | میری قربانی | اور | میری زندگی | اور | میری موت | اللہ | رب | العالمین کیلئے ہے |

فرمادیجئے بے شک میری نماز اور میرا حج وقربانی (سب عبادات) اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ ہی کیلئے ہے جو رب ہے سارے جہانوں کا۔

لَا شَرِیۡكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرۡتُ وَاَنَا اَوَّلُ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ﴿١٦٣﴾ قُلۡ اَغَیۡرَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | شَرِیۡكَ | لَهٗ | وَ | بِذٰلِكَ | اُمِرۡتُ | وَ | اَنَا | اَوَّلُ | الۡمُسۡلِمِیۡنَ | قُلۡ | اَغَیۡرَ |
| نہیں | کوئی شریک | اس کا | اور | اسی کا | میں حکم دیا گیا ہوں | اور | میں | پہلا | مسلمان ہوں | فرمادیں | کیا سوا |

اس کا کوئی شریک نہیں مجھے یہی حکم ہوا ہے اور (کائنات میں) میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔ آپ ﷺ فرمادیجئے۔

اللّٰهِ اَبۡغِیۡ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَیۡءٍ ؕ وَلَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اَبۡغِیۡ | رَبًّا | وَ | هُوَ | رَبُّ | كُلِّ | شَیۡءٍ | وَ | لَا | تَكۡسِبُ | كُلُّ | نَفۡسٍ |
| اللہ کے | میں تلاش کرو | کوئی رب | اور | وہ | رب ہے | ہر | چیز کا | اور | نہیں | کمائی | ہر | جان |

کیا اللہ کے سوا اور رب تلاش کروں حالانکہ وہ ہی ہر چیز کا رب ہے اور ہر شخص جو کچھ کماتا ہے

اِلَّا عَلَیۡهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰی ۚ ثُمَّ اِلٰی رَبِّكُمۡ مَّرۡجِعُكُمۡ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | عَلَیۡهَا | وَ | لَا | تَزِرُ | وَازِرَةٌ | وِّزۡرَ | اُخۡرٰی | ثُمَّ | اِلٰی | رَبِّكُمۡ | مَّرۡجِعُكُمۡ |
| مگر | اسی پر ہے | اور | نہیں | اٹھائے گا | کوئی بھی بوجھ اٹھانے والا | بوجھ | دوسرے کا | پھر | طرف | رب تمہارے کے | لوٹنا تمہارا |

اس کا بوجھ اسی پر ہے کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گی پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے

فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿۱۶۴﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ

| فَيُنَبِّئُكُم | بِمَا | كُنتُمْ | فِيهِ | تَخْتَلِفُونَ | وَ | هُوَ | الَّذِي | جَعَلَكُمْ | خَلَائِفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر بتائے گا تم کو | کہ جو | تھے تم | اس میں | اختلاف کرتے | اور | وہ | وہ ہے جس نے | کیا تم کو | نائب |

وہ تمہیں بتادے گا اس چیز کے بارے میں جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور وہی ہے جس نے تم کو زمین میں نائب بنایا

الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا

| الْأَرْضِ | وَ | رَفَعَ | بَعْضَكُمْ | فَوْقَ | بَعْضٍ | دَرَجَاتٍ | لِّيَبْلُوَكُمْ | فِي | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں | اور | بلند کیا | بعض تمہارے کو | اوپر | بعض کے | درجوں میں | تاکہ آزمائے تم کو | میں | اس جو |

اور تم میں سے بعض کو بعض پر درجات میں بلند کیا تاکہ وہ ان (چیزوں) میں تمہیں آزمائے جو اس نے تمہیں

آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع

| آتَاكُمْ | إِنَّ | رَبَّكَ | سَرِيعُ | الْعِقَابِ | وَ | إِنَّهُ | لَغَفُورٌ | رَّحِيمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عطا کی تم کو | بیشک | آپکا رب | جلدی | سزا دینے والا ہے | اور | بیشک وہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

عطا کر رکھی ہیں بے شک آپ کا رب جلد سزا دینے والا ہے اور بے شک وہ بڑا بخشنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

آیاتها ۲۰۶ — ۷ سُورَةُ الْأَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ ۳۹ — رکوعاتها ۲۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمٓصٓ ﴿۱﴾ كِتَابٌ أُنزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُن فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ

| الٓمٓصٓ | كِتَابٌ | أُنزِلَ | إِلَيْكَ | فَلَا | يَكُن | فِي | صَدْرِكَ | حَرَجٌ | مِّنْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓ مٓ صٓ | کتاب | اتاری گئی | آپ کی طرف | تو نہ | ہو | میں | آپکے سینہ | تنگی | اس سے |

المٓصٓ یہ ایک کتاب آپ کی طرف اس لیے نازل کی گئی ہے آپ اس کے ذریعے سے لوگوں کو ڈر سنائیں سو آپ اس سے تنگدل

لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتُنْذِرَ | بِهٖ | وَ | ذِكْرٰى | لِلْمُؤْمِنِيْنَ | اِتَّبِعُوْا | مَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكُمْ | مِّنْ رَّبِّكُمْ |
| تاکہ ڈرائیں | اس سے | اور | نصیحت | مسلمانوں کیلئے | پیروی کرو | اس کی جو | اتاری گئی | تمہاری طرف | تمہارے رب سے |

نہ ہوں اور یہ نصیحت ہے ایمان والوں کے لیے۔ (اے لوگو) تم اس (قرآن) کی پیروی کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری

وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝۳ وَكَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَتَّبِعُوْا | مِنْ دُوْنِهٖٓ | اَوْلِيَآءَ | قَلِيْلًا | مَّا | تَذَكَّرُوْنَ | وَ | كَمْ |
| اور | نہ | پیروی کرو | اس کے سوا | دوستوں کی | تھوڑی ہے | جو | نصیحت لیتے ہو | اور | کتنی ہی |

طرف نازل کیا گیا ہے اور اس کے غیروں میں سے دوستوں کے پیچھے مت چلو تم بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہو۔ اور کتنی ہی

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآىِٕلُوْنَ ۝۴ فَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَا | فَجَآءَهَا | بَاْسُنَا | بَيَاتًا | اَوْ | هُمْ | قَآىِٕلُوْنَ | فَمَا |
| بستیاں | ہلاک کیں ہم نے | آیا انکے اوپر | ہمارا عذاب | رات کو | یا | وہ | دوپہر کو سوئے ہوئے تھے | تو نہیں |

بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا سو ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آیا یا (جبکہ) وہ دوپہر کو سو رہے تھے۔ تو نہ

كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | دَعْوٰىهُمْ | اِذْ | جَآءَهُمْ | بَاْسُنَآ | اِلَّآ | اَنْ | قَالُوْٓا | اِنَّا | كُنَّا |
| تھی | پکاران کی | جبکہ | آیاان پر | ہمارا عذاب | مگر | یہ کہ | کہاانہوں نے | بیشک ہم | ہی تھے |

تھی ان کی پکار جب ان پر ہمارا عذاب آیا مگر یہ کہ انہوں نے کہا کہ بے شک

ظٰلِمِيْنَ ۝۵ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظٰلِمِيْنَ | فَلَنَسْـَٔلَنَّ | الَّذِيْنَ | اُرْسِلَ | اِلَيْهِمْ | وَ | لَنَسْـَٔلَنَّ |
| ظالم | تو ضرور پوچھیں گے ہم | ان کو جو | بھیجا گیا | ان کی طرف | اور | ضرور پوچھیں گے ہم |

ظالم تھے۔ تو بے شک ہم ان لوگوں سے بھی ضرور پوچھیں گے جن کی طرف رسول بھیجے گئے اور بے شک ہم رسولوں سے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦﴾ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿٧﴾

| الْمُرْسَلِيْنَ | فَلَنَقُصَّنَّ | عَلَيْهِمْ | بِعِلْمٍ | وَ | مَا | كُنَّا | غَآئِبِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسولوں سے | ہم ضرور بیان کریں گے | ان پر | اپنے علم سے | اور | نہیں | ہم | غائب |

ضرور پوچھیں گے۔ تو ضرور ہم ان کو بتا دیں گے اپنے علم سے اور ہم کہیں غائب نہ تھے۔

| انکار کرنیوالے ہیں | تو کونچیں کاٹیں انہوں نے | ناقہ کی | اور | سرکشی کی | حکم سے | اپنے رب کے | اور بولے |

انکار کرنے والے ہیں۔ پھر انہوں نے اونٹنی کو مار ڈالا اور اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے

یٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۷۷﴾

| یٰصٰلِحُ | ائْتِنَا | بِمَا | تَعِدُنَاۤ | اِنْ | كُنْتَ | مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اے صالح | لے آؤ | جو | وعدہ دیتے ہو ہم کو | اگر | ہو تم | رسولوں سے |

اے صالح علیہ السلام! لے آؤ ہم پر وہ (عذاب) جس سے تم ہمیں ڈراتے تھے اگر تم رسولوں میں سے ہو۔

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۷۸﴾

| فَاَخَذَتْهُمُ | الرَّجْفَةُ | فَاَصْبَحُوْا | فِیْ | دَارِهِمْ | جٰثِمِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو پکڑا ان کو | زلزلے نے | تو ہو گئے | میں | گھروں اپنے | اوندھے منہ |

اور انہیں زلزلہ (کے عذاب) نے پکڑ لیا پس وہ صبح کو (ہلاک ہو کر) اپنے گھروں میں اوندھے منہ پڑے رہ گئے۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ یٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّیْ

| فَتَوَلّٰى | عَنْهُمْ | وَ | قَالَ | یٰقَوْمِ | لَقَدْ | اَبْلَغْتُكُمْ | رِسَالَةَ | رَبِّیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو منہ پھیرا | ان سے | اور | کہا | اے قوم میری | بیشک | پہنچادی میں نے تم کو | رسالت | اپنے رب کی |

تو صالح علیہ السلام نے ان سے منہ پھیرا اور فرمایا اے میری قوم ! بے شک میں نے تمہیں اپنے رب کا

وَ نَصَحۡتُ لَكُمۡ وَ لٰكِنۡ لَّا تُحِبُّوۡنَ النّٰصِحِيۡنَ ﴿۷۹﴾ وَ لُوۡطًا

| وَ | نَصَحۡتُ | لَكُمۡ | وَ | لٰكِنۡ | لَّا | تُحِبُّوۡنَ | النّٰصِحِيۡنَ | وَ | لُوۡطًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | خیرخواہی کی | تمہاری | اور | لیکن | نہیں | پسند کرتے تم | خیرخواہوں کو | اور | لوط کو |

پیغام پہنچا دیا اور تمہارا بھلا چاہا مگر تم خیر خواہوں کو پسند ہی نہیں کرتے۔ اور لوط علیہ السلام

اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهٖۤ اَتَاۡتُوۡنَ الۡفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمۡ بِهَا

| اِذۡ | قَالَ | لِقَوۡمِهٖۤ | اَتَاۡتُوۡنَ | الۡفَاحِشَةَ | مَا | سَبَقَكُمۡ | بِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | کہا اس نے | اپنی قوم سے | کیا آتے ہو تم | بے حیائی کو | نہیں | پہلے گزرا تم سے | ایسا |

کو بھیجا جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کیا تم لوگ بے حیائی کرتے ہو

مِنۡ اَحَدٍ مِّنَ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ الرِّجَالَ

| مِنۡ اَحَدٍ | مِّنَ الۡعٰلَمِيۡنَ | اِنَّكُمۡ | لَتَاۡتُوۡنَ | الرِّجَالَ |
|---|---|---|---|---|
| کوئی بھی | جہان والوں میں سے | بیشک تم | آتے ہو | مردوں کے پاس |

جو تم سے پہلے جہاں میں کسی نے نہیں کی۔ بے شک تم جنسی خواہش پوری کرنے کیلئے

شَهۡوَةً مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ‌ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ مُّسۡرِفُوۡنَ ﴿۸۱﴾

| شَهۡوَةً | مِّنۡ دُوۡنِ | النِّسَآءِ | بَلۡ | اَنۡتُمۡ | قَوۡمٌ | مُّسۡرِفُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شہوت کے لئے | سوائے | عورتوں کے | بلکہ | تم | قوم ہو | حد سے گزرنے والے |

عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس آتے ہو بلکہ تم حد سے گزر جانے والے ہو۔

وَ مَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡۤا اَخۡرِجُوۡهُمۡ

| وَ | مَا | كَانَ | جَوَابَ | قَوۡمِهٖۤ | اِلَّاۤ | اَنۡ | قَالُوۡۤا | اَخۡرِجُوۡهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | تھا | جواب | اس کی قوم کا | مگر | یہ کہ | کہا انہوں نے | نکالو ان کو |

اور ان کی قوم کا سوائے اس کے کوئی جواب نہ تھا کہ وہ کہنے لگے ان

مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْ قَرْيَتِكُمْ | اِنَّهُمْ | اُنَاسٌ | يَّتَطَهَّرُوْنَ | فَاَنْجَيْنٰهُ |
| اپنی بستی سے | بیشک وہ | لوگ ہیں | کہ پاکیزگی چاہتے ہیں | تو نجات دی ہم نے اس کو |

کو بستی سے نکال دو بے شک یہ لوگ بڑے پاکیزگی پسند ہیں۔ تو ہم نے لوط علیہ السلام

وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَهْلَهٗ | اِلَّا | امْرَاَتَهٗ | كَانَتْ | مِنَ الْغٰبِرِيْنَ |
| اور | اسکے گھر والوں کو | مگر | اس کی عورت | تھی وہ | پیچھے رہ جانے والوں میں سے |

اور ان کے گھر والوں کو نجات دی سوائے ان کی عورت کے وہ عذاب میں باقی رہنے والوں میں سے ہوگی۔

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَمْطَرْنَا | عَلَيْهِمْ | مَّطَرًا | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| اور بارش | برسائی ہم نے | ان پر ایک بارش | تو دیکھ | کیسا ہوا | ہوا | انجام |

اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) برسات کر دی تو دیکھو کیسا انجام ہوا

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ ع وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۖ قَالَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمِيْنَ | وَ | اِلٰى | مَدْيَنَ | اَخَاهُمْ | شُعَيْبًا | قَالَ |
| مجرموں کا | اور | طرف | مدین کے | ان کے بھائی | شعیب کو | کہا |

مجرموں کا۔ اور مدین کی طرف ان کے قبیلے سے شعیب علیہ السلام کو بھیجا انہوں نے کہا اے میری قوم!

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۖ قَدْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰقَوْمِ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | قَدْ |
| اے میری قوم | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | معبود | سوا اس کے | بیشک |

اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں بے شک تمہارے پاس

جَآءَتۡكُمۡ بَيِّنَةٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ فَاَوۡفُوا الۡكَيۡلَ وَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَتۡكُمۡ | بَيِّنَةٌ | مِّنۡ رَّبِّكُمۡ | فَاَوۡفُوا | الۡكَيۡلَ | وَ |
| آئی تمہارے پاس | دلیل | تمہارے کی طرف رب سے | تو پورا کرو | ماپ | اور |

تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل آئی تو ناپ

الۡمِيۡزَانَ وَ لَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡيَآءَهُمۡ وَ لَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمِيۡزَانَ | وَ | لَا | تَبۡخَسُوا | النَّاسَ | اَشۡيَآءَهُمۡ | وَ | لَا |
| تول | اور | نہ | کم دو | لوگوں کو | چیزیں ان کی | اور | نہ |

اور تول پوری کرو اور لوگوں کی چیزیں انہیں گھٹا کر نہ دو

تُفۡسِدُوۡا فِي الۡاَرۡضِ بَعۡدَ اِصۡلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تُفۡسِدُوۡا | فِي | الۡاَرۡضِ | بَعۡدَ | اِصۡلَاحِهَا | ذٰلِكُمۡ | خَيۡرٌ |
| فساد کرو | میں | زمین | بعد | اس کی درستگی کے | یہ | بہتر ہے |

اور زمین میں اصلاح کے بعد فساد نہ پھیلاؤ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے

لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ۚ﴿۸۵﴾ وَ لَا تَقۡعُدُوۡا بِكُلِّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّكُمۡ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ | مُّؤۡمِنِيۡنَ | وَ | لَا | تَقۡعُدُوۡا | بِكُلِّ |
| تمہارے لیے | اگر | ہو تم | مومن | اور | نہ | بیٹھو | ہر |

اگر تم اس کو ماننے والے ہو۔ اور ہر راستہ پر یوں

صِرَاطٍ تُوۡعِدُوۡنَ وَ تَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ مَنۡ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صِرَاطٍ | تُوۡعِدُوۡنَ | وَ | تَصُدُّوۡنَ | عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ | مَنۡ |
| راستے پر | ڈراتے ہو | اور | روکتے ہو | اللہ کی راہ سے | اس کو جو |

نہ بیٹھو کہ راہ گیروں کو ڈراؤ اور اللہ کی راہ سے انہیں روکو

اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنَ | بِهٖ | وَ | تَبْغُوْنَهَا | عِوَجًا | وَ | اذْكُرُوْٓا | اِذْ | كُنْتُمْ | قَلِيْلًا |
| ایمان لایا | اس پر | اور | چاہتے ہو تم اس میں | کجی | اور | یاد کرو | جب | تھے تم | تھوڑے |

جو اس میں ایمان لائے اور اس راہ راست میں کجی چاہو

فَكَثَّرَكُمْ ۪ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَكَثَّرَكُمْ | وَ | انْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| پھر زیادہ کیا تم کو | اور | دیکھو | کیوں کر | ہوا | انجام |

اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے اس نے تمہیں بڑھا دیا اور دیکھو

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُفْسِدِيْنَ | وَ | اِنْ | كَانَ | طَآئِفَةٌ | مِّنْكُمْ | اٰمَنُوْا |
| فسادیوں کا | اور | اگر | ہے | ایک گروہ | تم میں سے | ایمان لایا |

فسادیوں کا کیسا انجام ہوا۔ اور اگر تم میں سے کوئی ایک گروہ اس (دین) پر جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں

بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالَّذِيْٓ | اُرْسِلْتُ | بِهٖ | وَ | طَآئِفَةٌ | لَمْ | يُؤْمِنُوْا |
| اس پر جو | میں بھیجا گیا ہوں | ساتھ اس کے | اور | ایک گروہ | نہیں | ایمان لایا |

ایمان لے آیا ہے اور دوسرا گروہ ایمان نہیں لایا تو (اے ایمان والو!)

فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاصْبِرُوْا | حَتّٰى | يَحْكُمَ | اللّٰهُ | بَيْنَنَا | وَ | هُوَ | خَيْرُ | الْحٰكِمِيْنَ |
| تو صبر کرو | یہاں تک کہ | فیصلہ کرے | اللہ | ہمارے درمیان | اور | وہ | بہتر ہے | فیصلہ کرنیوالا ہے |

صبر کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ فرما دے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے۔

الجزء ۹

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | الْمَلَاُ | الَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْا | مِنْ قَوْمِهٖ | لَنُخْرِجَنَّكَ | يٰشُعَيْبُ |
| کہا | سرداروں نے | جو | متکبر تھے | اس کی قوم کے | ضرور نکال دیں گے ہم تجھ کو | اے شعیب |

ان کی قوم کے سرداروں نے جو سرکش و متکبر تھے کہا اے شعیب علیہ السلام! ہم تمہیں اور ان لوگوں کو جو تمہاری معیت میں ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَكَ | مِنْ قَرْيَتِنَآ | اَوْ | لَتَعُوْدُنَّ | فِيْ | مِلَّتِنَا | قَالَ | اَوَلَوْ |
| اور | ان کو جو | ایمان لائے | تیرے ساتھ | اپنی بستی سے | یا | لوٹ آؤ | میں | ہمارے دین | کہا | کیا اگرچہ |

ہیں اپنی بستی سے ہرصورت نکال دیں گے یا تمہیں ضرور ہمارے مذہب میں پلٹ آنا ہوگا انہوں نے (جواباً) کہا اگرچہ ہم اس کو

كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنَّا | كٰرِهِيْنَ | قَدِ | افْتَرَيْنَا | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | اِنْ | عُدْنَا | فِيْ | مِلَّتِكُمْ | بَعْدَ |
| ہوں ہم | بیزار | بیشک | بنایا ہم نے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اگر | لوٹیں ہم | میں | تمہارے دین | بعد اس کے |

ناپسند کرنے والے ہوں؟ بیشک ہم نے جھوٹ بول کر اللہ پر بہتان باندھا اگر ہم تمہارے دین میں آئیں اس کے بعد کہ اللہ

اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | نَجّٰىنَا | اللّٰهُ | مِنْهَا | وَمَا يَكُوْنُ | لَنَآ | اَنْ | نَّعُوْدَ | فِيْهَآ | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ |
| جبکہ | نجات دی ہم کو | اللہ نے | اس سے | اور نہیں ہے | ہمارے لئے | یہ کہ | لوٹیں ہم | اس میں | مگر | یہ کہ | چاہے |

نے ہمیں اس سے بچائے رکھا اور ہمیں لائق نہیں کہ ہم تمہارے دین میں آئیں مگر یہ کہ اللہ چاہے جو ہمارا پروردگار ہے ہمارا رب

اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | رَبُّنَا | وَسِعَ | رَبُّنَا | كُلَّ | شَيْءٍ | عِلْمًا | عَلَى | اللّٰهِ | تَوَكَّلْنَا | رَبَّنَا |
| اللہ | ہمارا رب | سمالیا | ہمارے رب نے | ہر | چیز کو | علم سے | اوپر | اللہ کے | بھروسہ کیا ہم نے | اے ہمارے رب |

ہر شے پر (اپنے) علم (وقدرت) سے محیط ہے اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا اے ہمارے رب! فیصلہ کر دے ہمارے

افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افْتَحْ | بَيْنَنَا | وَ | بَيْنَ | قَوْمِنَا | بِالْحَقِّ | وَ | أَنْتَ | خَيْرُ | الْفٰتِحِيْنَ | وَ | قَالَ |
| فیصلہ کردے | ہم میں | اور | درمیان | ہماری قوم کے | حق کے ساتھ | اور | تو | بہتر | فیصلہ کرنیوالا ہے | اور | کہا |

اور ہمارے (مخالف) لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ اور شعیب علیہ السلام

الْمَلَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلَأُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ قَوْمِهٖ | لَئِنِ | اتَّبَعْتُمْ | شُعَيْبًا | إِنَّكُمْ | إِذًا |
| سرداروں نے | انہوں نے جو | کافر تھے | اس کی قوم سے | اگر | تم پیروی کروگے | شعیب کی | تو بیشک تم | اس وقت |

کی قوم میں سے کافر سرداروں نے کہا کہ (اے لوگو!) اگر تم نے شعیب علیہ السلام کی پیروی کی تو یقیناً تم

لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَّخٰسِرُوْنَ | فَأَخَذَتْهُمُ | الرَّجْفَةُ | فَأَصْبَحُوْا | فِيْ | دَارِهِمْ |
| نقصان والے ہوگے | تو پکڑا ان کو | زلزلہ نے | تو صبح کے وقت رہ گئے | میں | اپنے گھروں |

نقصان میں رہو گے۔ تو انہیں زلزلہ نے آ لیا وہ صبح اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَأَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ الَّذِيْنَ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جٰثِمِيْنَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | شُعَيْبًا | كَأَنْ | لَّمْ | يَغْنَوْا | فِيْهَا | الَّذِيْنَ |
| اوندھے منہ | وہ جنہوں نے | جھٹلایا | شعیب کو | گویا کہ | نہ | بسے تھے | اس میں | وہ جنہوں نے |

شعیب علیہ السلام کو جھٹلانے والے گویا ان گھروں میں کبھی رہے ہی نہ تھے شعیب علیہ السلام

كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | شُعَيْبًا | كَانُوْا | هُمُ | الْخٰسِرِيْنَ | فَتَوَلّٰى | عَنْهُمْ | وَ | قَالَ | يٰقَوْمِ |
| جھٹلایا | شعیب کو | ہوئے | وہی | خسارہ والے | تو منہ پھیرا اس نے | ان سے | اور | کہا | اے میری قوم |

کو جھٹلانے والے ہی نقصان اٹھانے والے تھے۔ تب (شعیب علیہ السلام) ان سے کنارہ کش ہوگئے اور کہنے لگے اے میری قوم!

لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدْ | اَبْلَغْتُكُمْ | رِسٰلٰتِ | رَبِّيْ | وَ | نَصَحْتُ | لَكُمْ | فَكَيْفَ | اٰسٰى | عَلٰى |
| بیشک | میں نے پہنچادی تم کو | رسالت | اپنے رب کی | اور | خیرخواہی کی میں نے | تمہاری | تو کیسے | غم کھاؤں میں | اوپر |

بے شک میں نے تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچادیئے تھے اور میں نے تمہیں نصیحت (بھی) کردی تھی پھر میں کافرقوم (کے تباہ

قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٩٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ ع ١٢

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمٍ | كٰفِرِيْنَ | وَ | مَآ | اَرْسَلْنَا | فِيْ | قَرْيَةٍ | مِّنْ | نَّبِيٍّ | اِلَّآ | اَخَذْنَآ |
| قوم | کافروں کے | اور | نہیں | بھیجا ہم نے | میں | کسی بستی | کوئی | نبی | مگر | پکڑا ہم نے |

ہونے) پر افسوس کیوں کر کروں۔ اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا مگر ہم نے اس کے باشندوں کو مزاحمت سختی و تنگی

اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿٩٤﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلَهَا | بِالْبَاْسَآءِ | وَ | الضَّرَّآءِ | لَعَلَّهُمْ | يَضَّرَّعُوْنَ | ثُمَّ | بَدَّلْنَا | مَكَانَ |
| بستی کے رہنے والوں کو | سختی سے | اور | تکلیف سے | تاکہ وہ | زاری کریں | پھر | بدل دیا ہم نے | جگہ |

تکلیف و مصیبت میں مبتلا کر دیا تاکہ وہ آہ و زاری کریں۔ پھر ہم نے بدحالی کو خوش

السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّيِّئَةِ | الْحَسَنَةَ | حَتّٰى | عَفَوْا | وَّ | قَالُوْا | قَدْ | مَسَّ | اٰبَآءَنَا | الضَّرَّآءُ |
| برائی کی | بھلائی | یہاں تک کہ | وہ بڑھے | اور | کہا | بیشک | پہنچی | باپ دادا ہمارے کو | رنج |

حالی میں بدل دیا یہاں تک کہ (ان کے مال اور اولاد) کثیر ہو گئے اور کہنے لگے بے شک ہمارے باپ دادا کو بھی تکلیف اور

وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالسَّرَّآءُ | فَاَخَذْنٰهُمْ | بَغْتَةً | وَّ | هُمْ | لَا | يَشْعُرُوْنَ | وَ | لَوْ اَنَّ | اَهْلَ |
| اور راحت | تو پکڑا ہم نے ان کو | اچانک | اور | وہ | نہیں | سمجھتے تھے | اور | اگر بیشک | رہنے والے |

راحت پہنچتی رہی ہے تو ہم نے انہیں اچانک پکڑ لیا اس حال میں کہ وہ بے خبر تھے۔ اور اگر بستیوں والے

الْقُرٰٓی اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرٰٓی | اٰمَنُوْا | وَ | اتَّقَوْا | لَفَتَحْنَا | عَلَیْهِمْ | بَرَكٰتٍ | مِّنَ السَّمَآءِ |
| بستیوں کے | ایمان لاتے | اور | ڈرتے | تو یقیناً ہم کھول دیتے | ان پر | برکتیں | آسمان سے |

ایمان لے آتے اور ڈرتے تو ضرور ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکتیں کھول دیتے مگر انہوں

وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿٩٦﴾ اَفَاَمِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | وَ | لٰكِنْ | كَذَّبُوْا | فَاَخَذْنٰهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | یَكْسِبُوْنَ | اَفَاَمِنَ |
| اور | زمین سے | اور | لیکن | جھٹلایا انہوں نے | تو پکڑا ہم نے ان کو | بدلے میں اسکے جو | تھے | کماتے | کیا بے خوف ہیں |

نے (اللہ کی آیتوں کو) جھٹلایا تو ہم نے انہیں پکڑ لیا ان کاموں کی وجہ سے جو وہ کرتے تھے۔ کیا بستیوں کے

اَهْلُ الْقُرٰٓی اَنْ یَّاْتِیَهُمْ بَاْسُنَا بَیَاتًا وَّهُمْ نَآىِٕمُوْنَ ﴿٩٧﴾ؕ اَوَاَمِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلُ | الْقُرٰٓی | اَنْ | یَّاْتِیَهُمْ | بَاْسُنَا | بَیَاتًا | وَ | هُمْ | نَآىِٕمُوْنَ | اَوَ | اَمِنَ |
| رہنے والے | بستیوں کے | یہ کہ | آئے انکے پاس | ہمارا عذاب | رات کو | اور | وہ | سوتے ہوں | کیا | بے خوف ہیں |

باشندے نہیں ڈرتے کہ ان پر ہمارا عذاب رات کو آئے جب وہ سوتے ہوں۔ یا بستیوں والے نہیں

اَهْلُ الْقُرٰٓی اَنْ یَّاْتِیَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًی وَّهُمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿٩٨﴾ اَفَاَمِنُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلُ | الْقُرٰٓی | اَنْ | یَّاْتِیَهُمْ | بَاْسُنَا | ضُحًی | وَ | هُمْ | یَلْعَبُوْنَ | اَفَاَمِنُوْا |
| رہنے والے | بستیوں کے | یہ کہ | آئے انکے پاس | ہمارا عذاب | دن چڑھے | اور | وہ | کھیلتے ہوں | کیا وہ امن میں ہیں |

ڈرتے کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آئے جب وہ کھیل رہے ہوں۔ کیا وہ لوگ اللہ کی خفی

مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا یَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩٩﴾ع اَوَلَمْ یَهْدِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكْرَ | اللّٰهِ | فَلَا | یَاْمَنُ | مَكْرَ | اللّٰهِ | اِلَّا | الْقَوْمُ | الْخٰسِرُوْنَ | اَوَ | لَمْ | یَهْدِ |
| تدبیر | الٰہی سے | تو نہیں | بے خوف ہوتی | تدبیر | الٰہی سے | مگر | قوم | تباہی والے | کیا | نہ | ہدایت ملی |

تدبیر سے بے خوف ہیں پس اللہ کی خفی تدبیر سے کوئی بے خوف نہیں ہوا کرتا سوائے نقصان اٹھانے والی قوم کے۔ کیا (یہ بات بھی)

لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | يَرِثُوْنَ | الْاَرْضَ | مِنْۢ بَعْدِ | اَهْلِهَآ | اَنْ | لَّوْ | نَشَآءُ | اَصَبْنٰهُمْ |
| ان لوگوں کو | وارث ہوئے | زمین کے | سے بعد | اسکے مالکوں کے | یہ کہ | اگر | ہم چاہیں تو | پہنچائیں ان کو |

ان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتی جو زمین پر رہنے والوں (کی ہلاکت) کے بعد (خود) زمین کے وارث بن رہے ہیں کہ اگر ہم چاہیں

بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِذُنُوْبِهِمْ | وَ | نَطْبَعُ | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | فَهُمْ | لَا | يَسْمَعُوْنَ | تِلْكَ |
| ان کے گناہوں کے بدلے | اور | مہر کریں ہم | اوپر | ان کے دلوں کے | تو وہ | نہ | سنیں | یہ |

تو ان کے گناہوں کے باعث انہیں (بھی) سزا دیں اور ہم ان کے دلوں پر مہر کر دیں گے پس وہ نہیں سنیں گے۔ یہ

الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرٰى | نَقُصُّ | عَلَيْكَ | مِنْ اَنْۢبَآئِهَا | وَ | لَقَدْ | جَآءَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ |
| بستیاں ہیں | بیان کرتے ہیں ہم | آپ پر | ان کے احوال | اور | بیشک | آئے ان کے پاس | ان کے رسول |

بستیاں ہیں جن کی خبریں ہم آپ پر بیان کرتے ہیں اور بے شک ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں لے کر آئے

بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَيِّنٰتِ | فَمَا | كَانُوْا | لِيُؤْمِنُوْا | بِمَا | كَذَّبُوْا | مِنْ قَبْلُ | كَذٰلِكَ | يَطْبَعُ |
| روشن دلیلیں لے کر | تو نہ | تھے کہ | ایمان لاتے | جس کو | جھٹلایا تھا | پہلے | اسی طرح | مہر کرتا ہے |

تو وہ ایمان لانے پر ہرگز آمادہ نہ ہوئے اس وجہ سے کہ وہ پہلے سے جھٹلا چکے تھے اللہ اسی طرح

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَلٰى | قُلُوْبِ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ | مَا | وَجَدْنَا | لِاَكْثَرِهِمْ | مِّنْ | عَهْدٍ |
| اللہ | اوپر | دلوں | کافروں کے | اور | نہ | پایا ہم نے | ان میں کے اکثر کو | کوئی | قول کا نبھا |

مہر لگا دیتا ہے کافروں کے دلوں پر۔ اور ہم نے ان کے اکثر (لوگوں) کو عہد پر قائم نہیں پایا

وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ

| وَ | اِنْ | وَّجَدْنَآ | اَكْثَرَهُمْ | لَفٰسِقِيْنَ | ثُمَّ | بَعَثْنَا | مِنْۢ بَعْدِ | هِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک | پایا ہم نے | ان میں کے اکثر کو | بے حکم | پھر | بھیجا ہم نے | بعد | ان کے |

اور بیشک ہم نے ان کے اکثر کو نافرمان ہی پایا۔ پھر ان کے بعد ہم نے

مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىٕهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ

| مُّوْسٰى | بِاٰيٰتِنَآ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ | مَلَا۟ىٕهٖ | فَظَلَمُوْا | بِهَا | فَانْظُرْ | كَيْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ کو | اپنی نشانیاں دے کر | طرف | فرعون کی | اور | اسکے درباریوں کے | تو ظلم کیا انہوں نے | انکا سے | تو دیکھ | کیسا |

موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے حمایتوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے ان نشانیوں کا انکار کردیا ۔ دیکھو فساد

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّىْ رَسُوْلٌ

| كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُفْسِدِيْنَ | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | يٰفِرْعَوْنُ | اِنِّىْ | رَسُوْلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوا | انجام | مفسدوں کا | اور | کہا | موسیٰ نے | اے فرعون | بیشک میں | رسول ہوں |

پھیلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے فرعون میں تمام جہانوں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ

| مِنْ رَّبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | حَقِيْقٌ | عَلٰٓى | اَنْ | لَّآ | اَقُوْلَ | عَلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پروردگار | جہان کی طرف سے | حقدار ہوں | اوپر | اس کے کہ | نہ | کہوں | اوپر | اللہ کے |

کے پالنے والے کی طرف سے رسول بن کر آیا ہوں۔ مجھے یہی زیب دیتا ہے کہ اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا (کچھ)

اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِىَ

| اِلَّا | الْحَقَّ | قَدْ | جِئْتُكُمْ | بِبَيِّنَةٍ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | فَاَرْسِلْ | مَعِىَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | حق | بیشک | میں لایا تمہارے پاس | روشن دلیل | تمہارے رب کی طرف سے | تو بھیج دے | میرے ساتھ |

نہ کہوں بے شک میں تمہارے رب (کی جانب) سے تمہارے پاس واضح نشانی لایا ہوں سو تو

بَنِيۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ﴿١٠٥﴾ قَالَ اِنۡ كُنۡتَ جِئۡتَ بِاٰيَةٍ فَاۡتِ بِهَاۤ اِنۡ كُنۡتَ

| بَنِيۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ | قَالَ | اِنۡ | كُنۡتَ | جِئۡتَ | بِاٰيَةٍ | فَاۡتِ | بِهَاۤ | اِنۡ | كُنۡتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنی اسرائیل کو | بولا | اگر | ہے تو | لایا | کوئی نشانی | تو لے آؤ | اس کو | اگر | ہے تو |

بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے۔ اس (فرعون) نے کہا اگر تم کوئی نشانی لائے ہو تو اسے (سامنے) لاؤ

مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿١٠٦﴾ فَاَلۡقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ ثُعۡبَانٌ مُّبِيۡنٌ ﴿١٠٧﴾

| مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ | فَاَلۡقٰى | عَصَاهُ | فَاِذَا | هِىَ | ثُعۡبَانٌ | مُّبِيۡنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سچوں میں سے | تو ڈالا اس نے | عصا اپنا | تو اچانک | وہ | اژدہا تھا | ظاہر |

اگر تم سچے ہو۔ تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا ڈال دیا تو اسی وقت وہ صاف واضح اژدہا ہو گیا۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِىَ بَيۡضَآءُ لِلنّٰظِرِيۡنَ ﴿١٠٨﴾ قَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِ

| وَّ | نَزَعَ | يَدَهٗ | فَاِذَا | هِىَ | بَيۡضَآءُ | لِلنّٰظِرِيۡنَ | قَالَ | الۡمَلَاُ | مِنۡ قَوۡمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کھینچ لیا | ہاتھ اپنا | تو اچانک | وہ | سفید تھا | واسطے دیکھنے والوں کے | کہا | سرداروں نے | قوم |

اور اپنا ہاتھ نکالا تو یکایک وہ دیکھنے والوں کیلئے چمکنے لگا۔ قوم فرعون کے سردار

فِرۡعَوۡنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيۡمٌ ﴿١٠٩﴾ يُّرِيۡدُ اَنۡ يُّخۡرِجَكُمۡ مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ

| فِرۡعَوۡنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَسٰحِرٌ | عَلِيۡمٌ | يُّرِيۡدُ | اَنۡ | يُّخۡرِجَكُمۡ | مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون سے | بیشک | یہ | جادوگر ہے | علم والا | چاہتا ہے | یہ کہ | نکالے تم کو | تمہارے ملک سے |

بولے یہ تو ایک ماہر جادوگر ہے۔ لوگو! یہ تمہیں تمہارے ملک سے نکالنا چاہتا ہے

فَمَاذَا تَاۡمُرُوۡنَ ﴿١١٠﴾ قَالُوۡۤا اَرۡجِهۡ وَاَخَاهُ وَاَرۡسِلۡ فِى

| فَمَاذَا | تَاۡمُرُوۡنَ | قَالُوۡۤا | اَرۡجِهۡ | وَ | اَخَاهُ | وَ | اَرۡسِلۡ | فِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کیا | حکم کرتے ہو | بولے | مہلت دے اس کو | اور | اس کے بھائی کو | اور | بھیج دے | میں |

اب تم کیا حکم دیتے ہو۔ انہوں نے کہا: (ابھی) اس کے اور اس کے بھائی (کے معاملہ) کو مؤخر کر دو اور (مختلف)

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِیْنَ ﴿۱۱۱﴾ یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِیْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَدَآئِنِ | حٰشِرِیْنَ | یَاْتُوْكَ | بِكُلِّ | سٰحِرٍ | عَلِیْمٍ | وَ | جَآءَ |
| شہروں | اکٹھے کرنے والے | لے آئیں تیرے پاس | ہر ایک | جادوگر | علم والے کو | اور | آئے |

شہروں میں (جادوگروں کو) جمع کرنے والے افراد بھیج دو۔ لے آئیں وہ تمہارے پاس ہر ماہر جادوگر کو۔ اور جادوگر

السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿۱۱۳﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّحَرَةُ | فِرْعَوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | لَنَا | لَاَجْرًا | اِنْ | كُنَّا | نَحْنُ | الْغٰلِبِیْنَ |
| جادوگر | فرعون کے پاس | کہا | بیشک | ہمارے لیے | البتہ انعام ہوگا | اگر | ہوں ہم | ہم | غالب |

فرعون کے پاس آئے تو انہوں نے کہا یقیناً ہمارے لئے کچھ اُجرت ہونی چاہئے اگر ہم غالب آجائیں۔

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا یٰمُوْسٰۤى اِمَّآ اَنْ تُلْقِیَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | نَعَمْ | وَ | اِنَّكُمْ | لَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ | قَالُوْا | یٰمُوْسٰۤى | اِمَّآ | اَنْ تُلْقِیَ |
| کہا | ہاں | اور | تم | مقربوں میں سے ہوگے | بولے | اے موسیٰ | یا | یہ ہے کہ تو ڈالے |

فرعون بولا ہاں اور بے شک تم (اس وقت) ضرور مقربین سے ہو جاؤ گے۔ جادوگر بولے کہ اے موسیٰ علیہ السلام! تم اپنا عصا پہلے

وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِیْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِمَّآ | اَنْ نَّكُوْنَ | نَحْنُ | الْمُلْقِیْنَ | قَالَ اَلْقُوْا | فَلَمَّآ | اَلْقَوْا | سَحَرُوْٓا |
| اور | یا | یہ کہ ہوں | ہم | ڈالنے والے | کہا تم ہی ڈالو | پھر جب | انہوں نے ڈالا | تو جادو کیا |

ڈالتے ہو یا ہم ہی ڈالنے والے ہو جائیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تم ڈالو جب انہوں نے

اَعْیُنَ النَّاسِ وَ اسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۱۶﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْیُنَ | النَّاسِ | وَ | اسْتَرْهَبُوْهُمْ | وَجَآءُوْ | بِسِحْرٍ | عَظِیْمٍ |
| آنکھوں پر | لوگوں کی | اور | ڈرایا ان کو | اور لائے | جادو | بہت بڑا |

ڈالا لوگوں کی نگاہوں پر جادو کر دیا اور انہیں ڈرایا اور بڑا جادو لائے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا

| وَاَوْحَيْنَآ | اِلٰى | مُوْسٰٓى | اَنْ | اَلْقِ | عَصَاكَ | فَاِذَا | هِىَ | تَلْقَفُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وحی کی ہم نے | طرف | موسیٰ کے | یہ کہ | ڈال دے | لاٹھی اپنی | تو اچانک | وہ | نگلنے لگا | جو کچھ |

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ (اب) آپ اپنا عصا (زمین پر) ڈال دیں تو وہ فوراً ان چیزوں کو نگلنے لگا جو انہوں نے

يَاْفِكُوْنَ ۝١١٧ۚ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١١٨ۚ فَغُلِبُوْا

| يَاْفِكُوْنَ | فَوَقَعَ | الْحَقُّ | وَ | بَطَلَ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | فَغُلِبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بناوٹیں تھیں | تو واقع ہوگیا | حق | اور | باطل ہوگیا | جو | وہ تھے | بناتے | تو مغلوب ہوئے |

فریب کاری سے وضع کر رکھی تھیں۔ پس حق ثابت ہوگیا اور جو کچھ وہ کر رہے تھے (سب) باطل ہوگیا۔ تو فرعون اور اس

هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝١١٩ۚ وَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝١٢٠ۚ

| هُنَالِكَ | وَانْقَلَبُوْا | صٰغِرِيْنَ | وَ | اُلْقِىَ | السَّحَرَةُ | سٰجِدِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس جگہ | اور پلٹے | ذلیل ہوکر | اور | گرادیے گئے | جادوگر | سجدے میں |

کے ساتھی یہاں مغلوب ہو گئے اور ذلیل و خوار ہو کر واپس لوٹے۔ اور جادوگر فوراً سجدے میں گر پڑے۔

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٢١ۙ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝١٢٢ قَالَ

| قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | رَبِّ | مُوْسٰى | وَ | هٰرُوْنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولے | ہم ایمان لائے | رب | جہانوں پر | جو رب ہے | موسیٰ | اور | ہارون کا | کہا |

پھر پکار اُٹھے کہ ہم تمام جہانوں کے رب پر ایمان لے آئے۔ جو رب ہے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کا۔ فرعون کہنے لگا

فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِى

| فِرْعَوْنُ | اٰمَنْتُمْ | بِهٖ | قَبْلَ | اَنْ | اٰذَنَ | لَكُمْ اِنَّ | هٰذَا | لَمَكْرٌ | مَّكَرْتُمُوْهُ | فِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون نے | تم ایمان لائے | اس پر | پہلے | اس سے کہ | میں اجازت دوں | تم کو بیشک | یہ ایک | فریب تھا | جو تم نے مکر کیا | میں |

(کیا) تم اس پر ایمان لے آئے ہو قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دیتا بیشک یہ ایک فریب ہے جو تم (سب) نے مل کر (مجھ

الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿١٢٣﴾ لَاُقَطِّعَنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَدِيْنَةِ | لِتُخْرِجُوْا | مِنْهَآ | اَهْلَهَا | فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | لَاُقَطِّعَنَّ |
| شہر | تاکہ نکالو | اس سے | اسکے رہنے والوں کو | تو جلدی | جانو گے تم | ضرور کاٹوں گا میں |

سے) اس شہر میں کیا ہے تاکہ تم اس (ملک) سے اس کے باشندوں کو نکال دو تم عنقریب (اس کا انجام) جان لو گے۔ میں یقیناً تمہارے

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٢٤﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيَكُمْ | وَاَرْجُلَكُمْ | مِّنْ خِلَافٍ | ثُمَّ | لَاُصَلِّبَنَّكُمْ | اَجْمَعِيْنَ |
| تمہارے ہاتھ | اور تمہارے پاؤں | برخلاف | پھر | تم کو سولی دونگا | سب کو |

ہاتھوں کو اور تمہارے پاؤں کو ایک دوسرے کی الٹی سمت سے کاٹ ڈالوں گا پھر ضرور بالضرور تم سب کو صلیب پر چڑھا دوں گا۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿١٢٥﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اِنَّآ | اِلٰى | رَبِّنَا | مُنْقَلِبُوْنَ | وَ | مَا | تَنْقِمُ | مِنَّآ | اِلَّآ | اَنْ | اٰمَنَّا |
| بولے | بیشک ہم | طرف | اپنے رب کی | پھرنے والے ہیں | اور | نہیں | برا لگا تجھ کو | ہم سے | مگر | یہ کہ | ہم ایمان لائے |

انہوں نے کہا (کچھ پرواہ نہیں) بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اور (اے فرعون) تو ہم سے کس چیز

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِ | رَبِّنَا | لَمَّا | جَآءَتْنَا | رَبَّنَآ | اَفْرِغْ | عَلَيْنَا | صَبْرًا | وَّتَوَفَّنَا |
| نشانیوں پر | اپنے رب کی | جبکہ | آئیں ہمارے پاس | اے ہمارے رب | انڈیل دے | ہم پر | صبر | اور موت دے ہم کو |

کا انتقام لیتا ہے سوائے اس کے کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لے آئے جب وہ ہمارے پاس آئیں اے ہمارے رب! ہم پر صبر

ع مُسْلِمِيْنَ ﴿١٢٦﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْلِمِيْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلَاُ | مِنْ قَوْمِ | فِرْعَوْنَ | اَتَذَرُ | مُوْسٰى |
| مسلمان کی | اور | بولے | سردار | سے قوم | فرعون سے | کیا چھوڑتا ہے تو | موسیٰ کو |

کے دروازے کھول دے اور ہمیں (دنیا سے) ایمان پر اٹھا۔ اور قوم فرعون کے سردار بولے کیا تو موسیٰ علیہ السلام اور اس کی قوم کو چھوڑ

وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَوْمَهٗ | لِيُفْسِدُوْا | فِي الْاَرْضِ | وَ | يَذَرَكَ | وَاٰلِهَتَكَ | قَالَ | سَنُقَتِّلُ |
| اور | اس کی قوم کو | تاکہ فساد کریں | زمین میں | اور | چھوڑ دے تجھ کو | اور تیرے معبودوں کو | بولا | ہم جلدی قتل کرینگے |

دیتا ہے تاکہ وہ زمین میں فساد پھیلائیں اور موسیٰ علیہ السلام تجھے اور تیرے ٹھہرائے ہوئے معبودوں کو چھوڑ دے بولا اب ہم ان کے

اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْنَآءَهُمْ | وَ | نَسْتَحْيٖ | نِسَآءَهُمْ | وَ | اِنَّا | فَوْقَهُمْ | قٰهِرُوْنَ | قَالَ |
| بیٹے ان کے | اور | زندہ رکھیں گے | عورتیں ان کی | اور | بیشک ہم | ان پر | غالب ہیں | فرمایا |

بیٹوں کو قتل کریں گے اور ان کی بیٹیاں زندہ رکھیں گے اور ہم بے شک ان پر غالب ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ قف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | لِقَوْمِهِ | اسْتَعِيْنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | اصْبِرُوْا | اِنَّ | الْاَرْضَ | لِلّٰهِ |
| موسیٰ نے | اپنی قوم سے | مدد مانگو | اللہ سے | اور | صبر کرو | بیشک | زمین | اللہ کی ہے |

اپنی قوم سے فرمایا اللہ کی مدد چاہو اور صبر کرو بے شک زمین کا مالک اللہ ہے اپنے بندوں میں جسے چاہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوْرِثُهَا | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖ | وَ | الْعَاقِبَةُ | لِلْمُتَّقِيْنَ | قَالُوْٓا |
| وارث بنا دے اس کا | جسے | چاہے | اپنے بندوں سے | اور | انجام | پرہیزگاروں کیلئے ہے | بولے |

وارث بنائے اور آخری کامیابی اللہ تعالیٰ سے ڈر جانے والوں کے لیے ہے۔ لوگ کہنے لگے

اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْذِيْنَا | مِنْ قَبْلِ | اَنْ | تَاْتِيَنَا | وَ | مِنْ بَعْدِ | مَا | جِئْتَنَا | قَالَ | عَسٰى |
| ہم ستائے گئے | پہلے | اس سے کہ | آئے آپ ہمارے پاس | اور | بعد اسکے | کہ | آئے آپ ہمارے پاس | کہا | قریب ہے کہ |

(اے موسیٰ علیہ السلام!) ہمیں تو آپ کے ہمارے پاس آنے سے پہلے بھی اذیتیں پہنچائی گئیں اور آپ کے ہمارے پاس آنے کے بعد

رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكُمْ | اَنْ | يُّهْلِكَ | عَدُوَّكُمْ | وَ | يَسْتَخْلِفَكُمْ | فِي | الْاَرْضِ | فَيَنْظُرَ |
| رب تمہارا | یہ کہ | ہلاک کرے | دشمن تمہارے | اور | مالک بنائے تم کو | میں | زمین | پھر دیکھے |

بھی موسیٰ علیہ السلام نے (اپنی قوم سے) فرمایا قریب ہے کہ تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے اور زمین میں تمہیں جانشین بنا دے

كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٩﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْفَ | تَعْمَلُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَخَذْنَآ | اٰلَ | فِرْعَوْنَ | بِالسِّنِيْنَ | وَ | نَقْصٍ |
| کیسے | کام کرتے ہو | اور | بیشک | پکڑا ہم نے | قوم | فرعون کو | قحط سالی | اور | کمی |

پھر وہ دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔ پھر ہم نے اہل فرعون کو (قحط کے) چند سالوں اور پھلوں کے نقصان سے (عذاب کی)

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣٠﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ الثَّمَرٰتِ | لَعَلَّهُمْ | يَذَّكَّرُوْنَ | فَاِذَا | جَآءَتْهُمُ | الْحَسَنَةُ | قَالُوْا | لَنَا |
| پھلوں سے | تاکہ وہ | نصیحت پکڑیں | تو جب | آئی ان کے پاس | بھلائی | کہتے | ہمارے لیے ہے |

گرفت میں لے لیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ تو جب انہیں خوشحالی پہنچتی تو کہتے یہ ہماری وجہ سے ہے

هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ۗ اَلَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ | وَاِنْ | تُصِبْهُمْ | سَيِّئَةٌ | يَّطَّيَّرُوْا | بِمُوْسٰى | وَ | مَنْ | مَّعَهٗ | اَلَآ |
| یہ | اور اگر | پہنچتی ان کو | برائی | بدشگونی لیتے | موسیٰ سے | اور | جو | انکے ساتھی تھے | خبردار |

اور اگر انہیں کوئی بدحالی پہنچتی تو (اسے) موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی نحوست قرار دیتے سن لو!

اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | طٰٓئِرُهُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | قَالُوْا |
| یقیناً | بدنصیبی ان کی | پاس | اللہ کے ہے | اور | لیکن | اکثر ان کے | نہیں | جانتے | اور | بولے |

اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان (کافروں) کی نحوست اللہ کے پاس ہے لیکن ان کے اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور بولے کہ

مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ

| مَهْمَا | تَاْتِنَا | بِهٖ | مِنْ | اٰيَةٍ | لِّتَسْحَرَنَا | بِهَا | فَمَا | نَحْنُ | لَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب بھی | لائے تو | ہمارے پاس | کوئی | نشانی | کہ جادو کرے تو ہم پر | اس سے | تو نہیں | ہم | تجھ پر |

(اے موسیٰ علیہ السلام) تم کیسی ہی نشانی ہمارے پاس لے آؤ جس کے ذریعے ہم پر جادو کرو پھر بھی ہم تم پر

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ

| بِمُؤْمِنِيْنَ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمُ | الطُّوْفَانَ | وَالْجَرَادَ | وَ | الْقُمَّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لانے والے | تو بھیجا ہم نے | ان پر | طوفان | اور ٹڈی | اور | گھن |

ایمان لانے والے نہیں۔ تو بھیجا ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈی اور جوئیں اور مینڈک

وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۟ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

| وَ | الضَّفَادِعَ | وَ | الدَّمَ | اٰيٰتٍ | مُّفَصَّلٰتٍ | فَاسْتَكْبَرُوْا | وَ | كَانُوْا | قَوْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مینڈک | اور | خون | نشانیاں | جدا جدا | تو تکبر کیا | اور | تھے وہ | لوگ |

اور خون جدا جدا نشانیاں تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ نہایت

مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

| مُّجْرِمِيْنَ | وَ | لَمَّا | وَقَعَ | عَلَيْهِمُ | الرِّجْزُ | قَالُوْا | يٰمُوْسَى | ادْعُ | لَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجرم | اور | جب | آتا | ان پر | عذاب | کہتے | اے موسیٰ | دعا کر | ہمارے لیے |

مجرم قوم تھی۔ اور جب ان پر عذاب پڑتا کہتے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کرو

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ

| رَبَّكَ | بِمَا | عَهِدَ | عِنْدَكَ | لَئِنْ | كَشَفْتَ | عَنَّا | الرِّجْزَ | لَنُؤْمِنَنَّ | لَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے رب سے | ساتھ اس کے جو | عہد کیا | نزدیک تیرے | اگر | کھول دے تو | ہم سے | عذاب | تو ضرور ایمان لائیں گے ہم | تم پر |

اس عہد کے سبب جو اس کا تمہارے پاس ہے بے شک اگر تم ہم پر سے عذاب اٹھا دو گے تو ہم ضرور تم پر

وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَنُرْسِلَنَّ | مَعَكَ | بَنِيٓ | اِسْرَآءِيْلَ | فَلَمَّا | كَشَفْنَا | عَنْهُمُ | الرِّجْزَ |
| اور ضرور بھیجیں گے ہم | تیرے ساتھ | بنی | اسرائیل کو | تو جب | ہم اٹھا لیتے | ان سے | عذاب |

ایمان لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ کر دیں گے۔ پھر جب ہم ان سے اس مدت تک کیلئے جس کو وہ پہنچنے

اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى اَجَلٍ | هُمْ | بٰلِغُوْهُ | اِذَا هُمْ | يَنْكُثُوْنَ | فَانْتَقَمْنَا | مِنْهُمْ |
| ایک مدت تک | وہ | پہنچنے والے تھے اس کو | تو اچانک وہ | عہد توڑ دیتے | تو ہم نے بدلہ لیا | ان سے |

والے ہوتے وہ عذاب ٹال دیتے تو وہ فوراً ہی عہد توڑ دیتے۔ پھر ہم نے ان سے (بالآخر تمام نافرمانیوں اور بدعہدیوں کا) بدلہ

فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَغْرَقْنٰهُمْ | فِي | الْيَمِّ | بِاَنَّهُمْ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | كَانُوْا | عَنْهَا | غٰفِلِيْنَ |
| تو ہم نے ڈبو دیا ان کو | میں | دریا | بسبب اسکے کہ انہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | اور | تھے | ان سے | بے خبر |

لے لیا اور ہم نے انہیں دریا میں غرق کر دیا اسلئے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کی (پے در پے) تکذیب کی تھی اور وہ ان سے (بالکل) غافل تھے

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَوْرَثْنَا | الْقَوْمَ | الَّذِيْنَ | كَانُوْا | يُسْتَضْعَفُوْنَ | مَشَارِقَ | الْاَرْضِ |
| اور | وارث بنایا ہم نے | اس قوم کو | جو | تھے | کمزور سمجھے جاتے | مشرق کا | زمین کی |

اور ہم نے وارث بنا دیا ان لوگوں کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے اس زمین کی مشرق و مغرب کا

وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَغَارِبَهَا | الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا | وَ | تَمَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | الْحُسْنٰى | عَلٰى |
| اور | اس کے مغرب کا | وہ جو | برکت رکھی ہم نے | اس میں | اور | پورے ہوگئے | کلمے | آپکے رب کے | اچھے | اوپر |

جس میں ہم نے برکت فرمائی اور آپ کے رب کا اچھا وعدہ بنی اسرائیل پر پورا ہو گیا اس وجہ سے کہ انہوں

بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ یَصْنَعُ فِرْعَوْنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِیْٓ | اِسْرَآءِیْلَ | بِمَا | صَبَرُوْا | وَ | دَمَّرْنَا | مَا | كَانَ | یَصْنَعُ | فِرْعَوْنُ |
| بنی | اسرائیل کے | بدلے اسکے | جوانہوں نے صبر کیا | اور | برباد کردیا ہم نے | جو | تھا | بناتا | فرعون |

نے صبر کیا اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم کی مصنوعات اور ان کی اونچی عمارتوں کو برباد کر دیا۔

وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا یَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَوْمُهٗ | وَ | مَا | كَانُوْا | یَعْرِشُوْنَ | وَ | جٰوَزْنَا | بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ | الْبَحْرَ |
| اور | اس کی قوم | اور | جو | تھے | وہ مکان بناتے | اور | گزار دیا ہم نے | بنی اسرائیل کو | دریا سے |

اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے گزار دیا۔ تو وہ ایسی قوم پر گزرے جو اپنے

فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ یَّعْكُفُوْنَ عَلٰۤى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا یٰمُوْسَى اجْعَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَتَوْا | عَلٰى | قَوْمٍ | یَّعْكُفُوْنَ | عَلٰى | اَصْنَامٍ | لَّهُمْ | قَالُوْا | یٰمُوْسٰى | اجْعَلْ |
| تو آئے وہ | اوپر | ایک قوم کے | جو دھرنا مارے بیٹھی تھی | اوپر | بتوں کے | اپنے | کہنے لگے | اے موسیٰ | بناؤ |

بتوں کی عبادت میں مشغول تھے بولے اے موسیٰ علیہ السلام ہمارے لئے بھی کوئی ایسا ہی معبود بنا دیجئے جیسے ان کے

لَّنَاۤ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّنَاۤ | اِلٰهًا | كَمَا | لَهُمْ | اٰلِهَةٌ | قَالَ | اِنَّكُمْ | قَوْمٌ | تَجْهَلُوْنَ | اِنَّ | هٰۤؤُلَآءِ |
| ہمارے لئے | ایک خدا | جیسے کہ | ان کے | خدا ہیں | کہا | بیشک تم | لوگ ہو | جاہل | بیشک | یہ |

معبود ہیں موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے شک تم لوگ بڑی جہالت کی باتیں کرتے ہو۔ یہ حال تو بربادی

مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ قَالَ اَغَیْرَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُتَبَّرٌ | مَّا هُمْ فِیْهِ | وَ | بٰطِلٌ | مَّا | كَانُوْا | یَعْمَلُوْنَ | قَالَ | اَغَیْرَ | اللّٰهِ |
| برباد کرنیوالا ہے | جو وہ اس میں ہیں | اور | باطل ہے | جو | تھے وہ | عمل کرتے | فرمایا | کیا سوا | اللہ کے |

کا ہے جس میں یہ لوگ ہیں اور جو کچھ کر رہے ہیں بالکل باطل ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کیا اللہ کے

أَبْغِيكُمْ إِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِينَ ﴿١٤٠﴾ وَإِذْ أَنْجَيْنٰكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَبْغِيكُمْ | إِلٰهًا | وَ | هُوَ | فَضَّلَكُمْ | عَلَى الْعٰلَمِينَ | وَ | إِذْ | أَنْجَيْنٰكُمْ |
| تلاش کروں تمہارے لئے | خدا | حالانکہ | اس نے | فضیلت دی تم کو | اوپر جہان والوں کے | اور | یاد کرو جب | نجات دی ہم نے تم کو |

سوا تمہارا اور خدا تلاش کروں حالانکہ اس نے تمہیں زمانے بھر پر فضیلت دی ہے۔ اور (وہ وقت) یاد کرو

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُونَ أَبْنَآءَكُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ | يَسُومُونَكُمْ | سُوٓءَ | الْعَذَابِ | يُقَتِّلُونَ | أَبْنَآءَكُمْ |
| قوم فرعون سے | پہنچاتے تھے تم کو | برا | عذاب | وہ قتل کرتے تھے | تمہارے بیٹے |

جب ہم نے تم کو اہل فرعون سے نجات بخشی جو تمہیں بہت ہی سخت عذاب دیتے تھے وہ تمہارے لڑکوں کو قتل کر دیتے

وَيَسْتَحْيُونَ نِسَآءَكُمْ ۚ وَفِي ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ ﴿١٤١﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَسْتَحْيُونَ | نِسَآءَكُمْ | وَفِي | ذٰلِكُمْ | بَلَآءٌ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | عَظِيمٌ |
| اور | زندہ رکھتے تھے | تمہاری عورتیں | اور میں | اس | امتحان تھا | تمہارے رب کی طرف سے | بہت بڑا |

اور تمہاری لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے زبردست آزمائش تھی۔

وَوٰعَدْنَا مُوسٰى ثَلٰثِينَ لَيْلَةً وَّأَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقَاتُ رَبِّهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | وٰعَدْنَا | مُوسٰى | ثَلٰثِينَ | لَيْلَةً | وَ | أَتْمَمْنٰهَا | بِعَشْرٍ | فَتَمَّ | مِيقَاتُ | رَبِّهِ |
| اور | وعدہ کیا ہم نے | موسیٰ سے | تیس | راتوں کا | اور | پورا کیا ہم نے اس کو | ساتھ دس کے | تو پورا ہوئی | میعاد | اسکے رب کی |

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس راتوں کا وعدہ فرمایا اور ہم نے اسے (مزید) دس (راتیں) ملا کر پورا کیا سو ان کے رب کی میعاد

أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوسٰى لِأَخِيهِ هٰرُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَرْبَعِينَ | لَيْلَةً | وَ | قَالَ | مُوسٰى | لِأَخِيهِ | هٰرُونَ | اخْلُفْنِي | فِي | قَوْمِي |
| چالیس | راتیں | اور | کہا | موسیٰ نے | اپنے بھائی | ہارون کو | نائب رہنا میرا | میں | میری قوم |

چالیس راتوں میں پوری ہوئی اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون سے فرمایا تم میری قوم میں میرے جانشین رہنا

وَ اَصۡلِحۡ وَ لَا تَتَّبِعۡ سَبِیۡلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ ﴿۱۴۲﴾ وَ لَمَّا جَآءَ مُوۡسٰی

| وَ | اَصۡلِحۡ | وَ | لَا | تَتَّبِعۡ | سَبِیۡلَ | الۡمُفۡسِدِیۡنَ | وَ لَمَّا | جَآءَ | مُوۡسٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اصلاح کرنا | اور | نہ | پیروی کرنا | راہ | فسادیوں کی | اور جب | آیا | موسیٰ |

اور (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور فساد کرنے والوں کی راہ پر نہ چلنا ۔ اور جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے مقرر کئے

لِمِیۡقَاتِنَا وَ کَلَّمَہٗ رَبُّہٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِیۡۤ اَنۡظُرۡ اِلَیۡکَ ؕ قَالَ لَنۡ تَرٰىنِیۡ

| لِمِیۡقَاتِنَا | وَ | کَلَّمَہٗ | رَبُّہٗ | قَالَ | رَبِّ | اَرِنِیۡ | اَنۡظُرۡ | اِلَیۡکَ | قَالَ | لَنۡ تَرٰىنِیۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے وعدے پر | اور | کلام کیا اس سے | اسکے رب نے | کہا | اے میرے رب | دکھا مجھ کو | میں دیکھوں | تیری طرف | فرمایا | ہرگز نہیں دیکھ سکے گا تو مجھ کو |

ہوئے وقت پر آئے اور انکے رب نے ان سے کلام فرمایا عرض کی اے میرے رب! مجھے اپنا دیدار عطا کر، تاکہ میں تجھے دیکھ لوں

وَ لٰکِنِ انۡظُرۡ اِلَی الۡجَبَلِ فَاِنِ اسۡتَقَرَّ مَکَانَہٗ فَسَوۡفَ تَرٰىنِیۡ ۚ فَلَمَّا

| وَ | لٰکِنِ | انۡظُرۡ | اِلَی | الۡجَبَلِ | فَاِنِ | اسۡتَقَرَّ | مَکَانَہٗ | فَسَوۡفَ | تَرٰىنِیۡ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | دیکھ | طرف | پہاڑ کی | پھر اگر | ٹھہرا رہا | اپنی جگہ پر | تو عنقریب | دیکھے گا تو مجھ کو | پھر جب |

فرمایا تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے ہاں اس پہاڑ کی طرف دیکھو اگر یہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو تم مجھے دیکھ لو گے پھر جب

تَجَلّٰی رَبُّہٗ لِلۡجَبَلِ جَعَلَہٗ دَکًّا وَّ خَرَّ مُوۡسٰی صَعِقًا ۚ فَلَمَّاۤ

| تَجَلّٰی | رَبُّہٗ | لِلۡجَبَلِ | جَعَلَہٗ | دَکًّا | وَّ | خَرَّ | مُوۡسٰی | صَعِقًا | فَلَمَّاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نور چمکایا | اسکے رب نے | پہاڑ پر | تو کر دیا اس کو | پاش پاش | اور | گر پڑے | موسیٰ | بے ہوش ہو کر | پھر جب |

انکے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اسے ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ علیہ السلام بے خود ہو کر زمین پر تشریف لے آئے پھر جب

اَفَاقَ قَالَ سُبۡحٰنَکَ تُبۡتُ اِلَیۡکَ وَ اَنَا اَوَّلُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ

| اَفَاقَ | قَالَ | سُبۡحٰنَکَ | تُبۡتُ | اِلَیۡکَ | وَ | اَنَا | اَوَّلُ | الۡمُؤۡمِنِیۡنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افاقہ ہوا | کہا | تو پاک ہے | میں توبہ کرتا ہوں | تیری طرف | اور | میں | پہلا | مسلمان ہوں | فرمایا |

افاقہ ہوا تو عرض کی تو پاک ہے میری توبہ ہے تیری بارگاہ میں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں۔ فرمایا

يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ ۖ

| يٰمُوْسٰٓى | اِنِّىْ | اصْطَفَيْتُكَ | عَلَى | النَّاسِ | بِرِسٰلٰتِىْ | وَبِكَلَامِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اے موسیٰ | بیشک میں نے | چن لیا تجھ کو | اوپر | لوگوں کے | اپنی رسالتوں | اور اپنے کلام سے |

اے موسیٰ علیہ السلام! بے شک میں نے تمہیں لوگوں پر برگزیدہ کیا اپنے پیغام اور اپنے کلام سے پس لے لو

فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ

| فَخُذْ | مَآ | اٰتَيْتُكَ | وَكُنْ | مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ | وَ | كَتَبْنَا | لَهٗ | فِى | الْاَلْوَاحِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پکڑ لو | جو | میں نے تجھ کو دیا | اور ہو | شکر گزاروں میں سے | اور | لکھ دیا ہم نے | اس کیلئے | میں | تختیوں |

جو کچھ میں نے تمہیں دیا اور ہو جاؤ شکر گزاروں میں سے۔ اور ہم نے ان کیلئے تختیوں

مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ

| مِنْ كُلِّ | شَىْءٍ | مَّوْعِظَةً | وَّ | تَفْصِيْلًا | لِّكُلِّ | شَىْءٍ | فَخُذْهَا | بِقُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے ہر | چیز کی | نصیحت | اور | تفصیل | ہر | چیز کی | تو پکڑ اس کو | مضبوطی سے |

میں لکھ دی ہر چیز کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل اور فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام اسے مضبوطی سے تھام لو

وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۗ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾

| وَّاْمُرْ | قَوْمَكَ | يَاْخُذُوْا | بِاَحْسَنِهَا | سَاُورِيْكُمْ | دَارَ | الْفٰسِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور حکم دے | اپنی قوم کو | اختیار کریں | اس کی اچھی باتیں | عنقریب دکھاؤں گا میں تم کو | گھر | بے حکموں کا |

اور اپنی قوم کو حکم دو کہ یہ اچھی باتیں اختیار کریں عنقریب میں تمہیں دکھاؤں گا نافرمانوں کا گھر۔

سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ

| سَاَصْرِفُ | عَنْ اٰيٰتِىَ | الَّذِيْنَ | يَتَكَبَّرُوْنَ | فِى | الْاَرْضِ | بِغَيْرِ | الْحَقِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی پھیروں گا | اپنی آیتوں سے | ان کو جو | تکبر کرتے ہیں | میں | زمین | بغیر | حق کے |

اور میں اپنی آیتوں سے انہیں پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق اپنی بڑائی چاہتے ہیں

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ

| وَ | اِنْ | يَّرَوْا | كُلَّ | اٰيَةٍ | لَا | يُؤْمِنُوْا | بِهَا | وَ | اِنْ | يَّرَوْا | سَبِيْلَ | الرُّشْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگر | دیکھیں | سب | نشانیاں | نہیں | ایمان لائینگے | اس پر | اور | اگر | دیکھیں | راہ | بھلائی کی |

اور اگر سب نشانیاں دیکھیں ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر ہدایت کی راہ دیکھیں اس میں چلنا پسند نہ کریں

لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ

| لَا | يَتَّخِذُوْهُ | سَبِيْلًا | وَ | اِنْ | يَّرَوْا | سَبِيْلَ | الْغَيِّ | يَتَّخِذُوْهُ | سَبِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | پکڑیں اس کو | رستہ | اور | اگر | دیکھیں | راہ | گمراہی کی | پکڑیں اس کو | راستہ |

اور گمراہی کا راستہ نظر پڑے تو اس میں چلنے کو موجود ہو جائیں یہ اس لئے کہ انہوں نے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | كَانُوْا | عَنْهَا | غٰفِلِيْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام کیا | اللہ نے | تو حلال کریں | اسے | (جو) حرام کیا | اللہ نے | خوشنما بنائے گئے | ان کیلئے | برے | عمل ان کے |

حرام فرمائی اور اللہ کے حرام کئے ہوئے حلال کر لیں ان کے برے کام ان کی آنکھوں میں بھلے لگتے ہیں

ع ١٢

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِينَ ﴿٣٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِينَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِينَ | اٰمَنُوا | مَا |
| اور | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | کافروں کو | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | کیا ہے |

اور اللہ کافروں کو راہ ہدایت نہیں دیتا۔ اے ایمان والو! تمہیں کیا ہوا جب تم سے کہا جائے

لَكُمْ اِذَا قِيلَ لَكُمُ انْفِرُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ط

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | اِذَا | قِيلَ | لَكُمُ | انْفِرُوا | فِي | سَبِيلِ | اللّٰهِ | اثَّاقَلْتُمْ | اِلَى | الْاَرْضِ |
| تم کو | جب | کہا جاتا ہے | تم کو | کوچ کرو | میں | راہ | اللہ کی | تم بیٹھ گئے | طرف | زمین کی |

کہ خدا کی راہ میں نکلو تو بوجھ کے مارے زمین سے چپک جاتے ہو کیا تم نے دنیا کی زندگی

اَرَضِيتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ج فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَضِيتُمْ | بِالْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | مِنَ | الْاٰخِرَةِ | فَمَا | مَتَاعُ | الْحَيٰوةِ |
| کیا تم راضی ہو گئے | زندگی پر | دنیا کی | بدلے | آخرت کے | تو نہیں | سامان | زندگی کا |

آخرت کے بدلے پسند کر لی اور دنیا کی زندگی کا اسباب آخرت کے سامنے

الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيلٌ ﴿٣٨﴾ اِلَّا تَنْفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | فِي الْاٰخِرَةِ | اِلَّا | قَلِيلٌ | اِلَّا | تَنْفِرُوا | يُعَذِّبْكُمْ | عَذَابًا |
| دنیا کی | آخرت کے مقابلے میں | مگر | تھوڑا | اگر نہ | کوچ کرو گے تم | عذاب کرے گا تم کو | عذاب |

(کچھ نہیں) مگر بہت تھوڑا۔ اگر تم (جہاد کیلئے) نہ نکلو گے تو وہ تمہیں دردناک عذاب

اَلِيمًا لا وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا ط وَاللّٰهُ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِيمًا | وَّ | يَسْتَبْدِلْ | قَوْمًا | غَيْرَكُمْ | وَلَا | تَضُرُّوهُ | شَيْئًا | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى |
| دردناک | اور | بدل دے گا | قوم | سوا تمہارے | اور نہ | بگاڑ سکو گے اس کا | کچھ بھی | اور | اللہ | اوپر |

میں مبتلا فرمائے گا اور تمہاری جگہ (کسی) اور قوم کو لے آئے گا اور تم اسے کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکو گے اور اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٣٩﴾ إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ

| كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيرٌ | إِلَّا | تَنصُرُوهُ | فَقَدْ | نَصَرَهُ | اللَّهُ | إِذْ | أَخْرَجَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | چیز کے | قادر ہے | اگر نہ | مدد کرو گے اس کی | تو بیشک | مدد کی ان کی | اللہ نے | جب | کالا آپ کو |

ہر چیز پر بڑی قدرت رکھتا ہے۔ اگر تم ان کی (یعنی رسول اللہ ﷺ) کی غلبہ اسلام کی جدوجہد میں) مدد نہ کرو گے سو بے شک

الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ

| الَّذِينَ | كَفَرُوا | ثَانِيَ | اثْنَيْنِ | إِذْ | هُمَا | فِي | الْغَارِ | إِذْ | يَقُولُ | لِصَاحِبِهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انہوں نے جو | کافر ہیں | دوسرا | دو کا | جبکہ | وہ دونوں | میں | غار تھے | جب | فرماتے تھے | اپنے ساتھی سے |

اللہ نے ان کو (اس وقت بھی) مدد سے نوازا تھا جب کافروں نے انہیں (ان کے وطن مکہ سے) نکال دیا تھا حالانکہ وہ دو ہجرت کرنے والوں میں

لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا ۖ فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ

| لَا | تَحْزَنْ | إِنَّ | اللَّهَ | مَعَنَا | فَأَنزَلَ | اللَّهُ | سَكِينَتَهُ | عَلَيْهِ | وَأَيَّدَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | غم کھاؤ | بیشک | اللہ | ہمارے ساتھ ہے | تو اتاری | اللہ نے | اپنی تسکین | اس پر | اور مدد کی |

سے دوسرے تھے جبکہ دونوں غار (ثور) میں تھے جب وہ اپنے ساتھی (سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے فرما رہے تھے غمزدہ نہ ہو بے شک اللہ ہمارے

بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُوا السُّفْلَىٰ ۗ وَكَلِمَةُ

| بِجُنُودٍ | لَّمْ | تَرَوْهَا | وَ | جَعَلَ | كَلِمَةَ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | السُّفْلَىٰ | وَ | كَلِمَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایسے لشکروں سے کہ | نہ | دیکھا تم نے ان کو | اور | بنائی | بات | ان کی جو | کافر ہیں | نیچی | اور | بات |

ساتھ ہے، پس اللہ نے ان پر اپنی تسکین نازل فرمادی اور انہیں (فرشتوں کے) ایسے لشکروں کے ذریعہ قوت بخشی جنہیں تم نے دیکھا نہیں اور

اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٤٠﴾ انفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا

| اللَّهِ | هِيَ | الْعُلْيَا | وَ | اللَّهُ | عَزِيزٌ | حَكِيمٌ | انفِرُوا | خِفَافًا | وَ | ثِقَالًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | ہوئی | بلند | اور | اللہ | غالب | حکمت والا ہے | نکلو | ہلکے | اور | بھاری |

اس نے کافروں کی بات کو پست کر دیا اور اللہ کا فرمان تو (ہمیشہ) بلند و بالا ہی ہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ نکلو ہلکے ہو کر خواہ بھاری

وَجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَاهِدُوْا | بِاَمْوَالِكُمْ | وَ | اَنْفُسِكُمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | ذٰلِكُمْ | خَيْرٌ | لَّكُمْ |
| اور | جہاد کرو | اپنے مالوں سے | اور | اپنی جانوں سے | میں | رستے | اللہ کے | یہ | بہتر ہے | تمہارے لئے |

ہو کر اور جہاد کرو (کافروں سے) اپنے مال و جان کے ساتھ اللہ کی راہ میں یہ

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | لَوْ | كَانَ | عَرَضًا | قَرِيْبًا | وَّسَفَرًا | قَاصِدًا |
| اگر | ہو تم | جانتے | اگر | ہوتا | سامان | قریب | اور سفر | درمیانہ |

تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو۔ (اے حبیب ﷺ!) اگر فائدہ قریب ہوتا اور سفر ہلکا ہوتا تو ضرور آپ کے

لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّاتَّبَعُوْكَ | وَ | لٰكِنْ | بَعُدَتْ | عَلَيْهِمُ | الشُّقَّةُ | وَ | سَيَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | لَوِ |
| تو پیروی کرتے تمہاری | اور | لیکن | دور ہوگئی | ان پر | مسافت | اور | جلدی قسمیں کھائینگے | اللہ کی | اگر |

پیچھے چل پڑتے لیکن سفر کی مسافت انہیں بہت دور اور پُر مشقت نظر آئی اور عنقریب وہ اللہ کی قسمیں کھائیں گے اگر ہم

اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَطَعْنَا | لَخَرَجْنَا | مَعَكُمْ | يُهْلِكُوْنَ | اَنْفُسَهُمْ | وَاللّٰهُ | يَعْلَمُ |
| ہم طاقت رکھتے تو | ہم نکلتے | تمہارے ساتھ | ہلاک کرتے ہیں | اپنی جانیں | اور اللہ | جانتا ہے |

میں طاقت ہوتی تو ضرور ہم تمہارے ساتھ نکلتے، وہ اپنی جانوں کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً

اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ ع ۱۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ | عَفَا | اللّٰهُ | عَنْكَ | لِمَ | اَذِنْتَ | لَهُمْ | حَتّٰى | يَتَبَيَّنَ |
| بیشک | وہ جھوٹے ہیں | درگزر فرمایا | اللہ نے | آپ سے | کیوں | اجازت دی آپ نے | ان کو | یہاں تک کہ | ظاہر ہو جائے |

وہ ضرور جھوٹے ہیں۔ اللہ تمہیں عافیت عطا کرے تم نے انہیں کیوں اجازت دے دی یہاں تک کہ عیاں

لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكَ | الَّذِيْنَ | صَدَقُوْا | وَ | تَعْلَمَ | الْكٰذِبِيْنَ | لَا | يَسْتَاْذِنُكَ | الَّذِيْنَ |
| آپ کیلئے | وہ جو | سچے ہیں | اور | جان جاتے آپ | جھوٹوں کو | نہیں | اجازت مانگتے آپ سے | وہ جو |

ہو جاتے وہ لوگ سچے ہیں اور جھوٹوں کو بھی جان لیتے ۔ اور وہ جو اللہ اور قیامت پر

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | اَنْ | يُّجَاهِدُوْا | بِاَمْوَالِهِمْ |
| ایمان لاتے ہیں | اللہ پر | اور | دن | آخرت پر | یہ کہ | جہاد کریں | اپنے مالوں |

ایمان رکھتے ہیں تم سے اجازت نہ مانگیں گے اس سے کہ اپنے مال اور جان سے جہاد کریں

وَاَنْفُسِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنْفُسِهِمْ | وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ | بِالْمُتَّقِيْنَ | اِنَّمَا | يَسْتَاْذِنُكَ | الَّذِيْنَ |
| اور | اپنی جانوں سے | اور اللہ | جانتا ہے | پرہیزگاروں کو | اسکے سوا نہیں کہ | اجازت لیتے ہیں تم سے | وہ جو |

اور اللہ خوب جانتا ہے پرہیزگاروں کو۔ آپ سے (جہاد میں شریک نہ ہونے کی) رخصت صرف

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَالْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَ | ارْتَابَتْ | قُلُوْبُهُمْ | فَهُمْ | فِيْ | رَيْبِهِمْ |
| نہیں | ایمان لاتے | اللہ پر | اور دن | آخرت پر | اور | شک میں ہیں | ان کے دل | تو وہ | میں | اپنے شک |

وہی لوگ چاہیں گے جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل شک میں پڑے ہوئے ہیں سو وہ

يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَرَدَّدُوْنَ | وَ | لَوْ | اَرَادُوا | الْخُرُوْجَ | لَاَعَدُّوْا | لَهٗ | عُدَّةً | وَّ | لٰكِنْ | كَرِهَ |
| پریشان ہیں | اور | اگر | ارادہ کرتے | نکلنے کا | تو تیاری کرتے | اسکے لیے | کوئی تیاری | اور | لیکن | ناپسند کیا |

اپنے شک میں متردد ہیں۔ اگر انہوں نے نکلنے کا ارادہ کیا ہوتا تو وہ اس کیلئے سامان تو ضرور مہیا کر لیتے

اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَوْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | انْۢبِعَاثَهُمْ | فَثَبَّطَهُمْ | وَ | قِيْلَ | اقْعُدُوْا | مَعَ | الْقٰعِدِيْنَ | لَوْ |
| اللہ نے | ان کا اٹھنا | تو بٹھا دیا ان کو | اور | فرمایا گیا | بیٹھو | ساتھ | بیٹھنے والوں کے | اور اگر |

لیکن اللہ نے ان کا کھڑے ہونا (ہی) روک دیا اور ان سے فرما دیا گیا کہ تم بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔ اگر وہ

خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاۡاَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَرَجُوْا | فِيْكُمْ | مَّا | زَادُوْكُمْ | اِلَّا | خَبَالًا | وَّ | لَاۡاَوْضَعُوْا | خِلٰلَكُمْ |
| نکلتے | تم میں | نہ | زیادہ کرتے تم کو | مگر | بزدلی | اور | دوڑاتے | تمہارے اندر |

تم میں (شامل ہو کر) نکلتے تو تمہارے لئے فساد ہی کو زیادہ کرتے اور تمہارے درمیان تیزی سے

يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَبْغُوْنَكُمُ | الْفِتْنَةَ | وَ | فِيْكُمْ | سَمّٰعُوْنَ | لَهُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ ۢ |
| چاہتے تم کو | فتنہ میں ڈالنا | اور | تم میں | جاسوس ہیں | ان کے | اور | اللہ | جانتا ہے |

تگ و دو کرتے تم میں فتنہ ڈالنے کیلئے اور تم میں ان کے جاسوس موجود ہیں اور اللہ

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالظّٰلِمِيْنَ | لَقَدِ | ابْتَغَوُا | الْفِتْنَةَ | مِنْ قَبْلُ | وَقَلَّبُوْا | لَكَ | الْاُمُوْرَ |
| ظالموں کو | بیشک | چاہا انہوں نے | فتنہ | اس سے پہلے | اور الٹتے پلٹتے | آپ کیلئے | تدبیریں |

ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ بیشک انہوں نے پہلے بھی فتنہ پھیلانے میں کوشش کی اور انہوں نے آپ کیلئے کی

حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | جَآءَ | الْحَقُّ | وَ | ظَهَرَ | اَمْرُ | اللّٰهِ | وَهُمْ | كٰرِهُوْنَ | وَ | مِنْهُمْ |
| یہاں تک کہ | آیا | حق | اور | ظاہر ہو گیا | حکم | اللہ کا | اور وہ | ناپسند کرتے تھے | اور | ان میں سے |

تدبیروں کو پلٹا یہاں تک کہ حق آیا اور اللہ کا حکم غالب ہوا اور وہ اسکو ناپسند کرتے رہے۔ اور ان میں کوئی

مَنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّقُوْلُ | ائْذَنْ | لِّيْ | وَ | لَا | تَفْتِنِّيْ | اَلَا | فِي | الْفِتْنَةِ | سَقَطُوْا | وَ | اِنَّ |
| جو | کہتا ہے | اجازت دو | مجھ کو | اور | نہ | فتنہ میں ڈالو مجھ کو | خبردار | میں | فتنہ | گر پڑے | اور | بیشک |

آپ سے یوں عرض کرتا ہے کہ مجھے رخصت دیجئے اور فتنہ میں نہ ڈالیے سن لو وہ فتنہ ہی میں پڑ چکے ہیں

جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | لَمُحِيْطَةٌ | بِالْكٰفِرِيْنَ | اِنْ | تُصِبْكَ | حَسَنَةٌ |
| جہنم | گھیرنے والی ہے | کافروں کو | اگر | پہنچے تمہیں | بھلائی |

اور بیشک جہنم گھیرے ہوئے ہے کافروں کو۔ اگر تمہیں بھلائی پہنچے تو انہیں برا لگے

تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسُؤْهُمْ | وَ | اِنْ | تُصِبْكَ | مُصِيْبَةٌ | يَّقُوْلُوْا | قَدْ | اَخَذْنَآ | اَمْرَنَا |
| بری لگتی ہے ان کو | اور | اگر | پہنچے تمہیں | مصیبت | کہتے ہیں | بیشک | ہم نے کر لیا تھا | انتظام اپنا |

اور اگر تمہیں کوئی مصیبت پہنچے تو کہیں ہم نے اپنا کام پہلے ہی ٹھیک کر لیا تھا

مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۰﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلُ | وَيَتَوَلَّوْا | وَّ | هُمْ | فَرِحُوْنَ | قُلْ | لَّنْ | يُّصِيْبَنَآ | اِلَّا | مَا |
| پہلے سے | اور پھر جاتے ہیں | اور | وہ | خوش ہوتے ہیں | فرمائیے | ہرگز نہ | پہنچے گا ہمیں | مگر | وہی جو |

اور خوشیاں مناتے ہوئے لوٹ جائیں۔ (اے حبیب ﷺ!) آپ فرما دیجئے کہ ہمیں ہرگز (کچھ)

كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَتَبَ | اللّٰهُ | لَنَا | هُوَ | مَوْلٰىنَا | وَ | عَلَى | اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ |
| لکھا | اللہ نے | ہمارے لئے | وہ | مولیٰ ہے ہمارا | اور | اوپر | اللہ کے | بھروسہ کریں | مسلمان |

نہیں پہنچے گا مگر وہی کچھ جو اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا ہے وہی ہمارا کارساز ہے اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہئے۔

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | هَلْ | تَرَبَّصُوْنَ | بِنَآ | اِلَّآ | اِحْدَى | الْحُسْنَيَيْنِ | وَ | نَحْنُ |
| فرمادو | نہیں | انتظار کرتے تم | ہمارے متعلق | مگر | ایک | دو نیکیوں سے | اور | ہم |

آپ ﷺ فرما دیں کیا تم ہمارے حق میں دو بھلائیوں میں سے ایک ہی کا انتظار کر رہے ہو اور ہم تمہارے حق میں

نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَتَرَبَّصُ | بِكُمْ | اَنْ | يُّصِيْبَكُمُ | اللّٰهُ | بِعَذَابٍ | مِّنْ عِنْدِهٖٓ |
| انتظار کرتے ہیں | تمہارے متعلق | یہ کہ | پہنچائے تم کو | اللہ | عذاب | اپنے پاس سے |

اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ اللہ اپنی بارگاہ سے تمہیں عذاب پہنچاتا ہے

اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۡ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ۝52 قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | بِاَيْدِيْنَا | فَتَرَبَّصُوْٓا | اِنَّا | مَعَكُمْ | مُّتَرَبِّصُوْنَ | قُلْ | اَنْفِقُوْا | طَوْعًا |
| یا | ہمارے ہاتھوں سے | تو انتظار کرو | بیشک ہم | تمہارے ساتھ ہیں | انتظار کرنیوالے | فرمادو | خرچ کرو | خوشی سے |

یا ہمارے ہاتھوں سے سو تم (بھی) انتظار کرو ہم (بھی) تمہارے ساتھ منتظر ہیں۔ آپ ﷺ فرمایئے تم خوشی

اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝53 وَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | كَرْهًا | لَّنْ | يُّتَقَبَّلَ | مِنْكُمْ | اِنَّكُمْ | كُنْتُمْ | قَوْمًا | فٰسِقِيْنَ | وَ | مَا |
| یا | بددلی سے | ہرگز نہ | قبول ہوگا | تم سے | بیشک تم | تھے تم | قوم | فاسق | اور | نہ |

سے مال خرچ کرو یا ناخوشی سے تم سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا بے شک تم نافرمان قوم ہو۔ اور ان کے

مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنَعَهُمْ | اَنْ | تُقْبَلَ | مِنْهُمْ | نَفَقٰتُهُمْ | اِلَّآ | اَنَّهُمْ | كَفَرُوْا | بِاللّٰهِ |
| منع کیا ان کو | یہ کہ | قبول کیے جائیں | ان سے | ان کے خرچ | مگر | یہ کہ | کفر کیا انہوں نے | اللہ کا |

خرچ کے قبول کیے جانے سے ان کو محروم نہیں کیا مگر اسی بات نے کہ وہ اللہ اور اسکے رسول کے منکر ہوئے

وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بِرَسُوْلِهٖ وَ | لَا | يَاْتُوْنَ | الصَّلٰوةَ | اِلَّا | وَ | هُمْ | كُسَالٰى | وَلَا | يُنْفِقُوْنَ | اِلَّا |
| اور | اسکے رسول کا اور | نہیں | آتے | نماز کو | مگر | اور | وہ | سست ہوتے ہیں | اور نہیں | خرچ کرتے | مگر |

اور وہ نماز کو نہیں آتے مگر سستی کی حالت میں اور وہ نہیں خرچ کرتے مگر اس حال میں

وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمْ | كٰرِهُوْنَ | فَلَا | تُعْجِبْكَ | اَمْوَالُهُمْ | وَ | لَآ | اَوْلَادُهُمْ | اِنَّمَا |
| اور | وہ | ناپسند کرتے ہیں | تو نہ | تعجب میں ڈالیں تم کو | ان کے مال | اور | نہ | ان کی اولاد | سوائے اسکے نہیں کہ |

کہ وہ ناخوش ہیں۔ پھر ان کے مال اور ان کی اولادیں تمہیں تعجب میں نہ ڈالیں۔ یقیناً اللہ تعالیٰ تو

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرِيْدُ | اللّٰهُ | لِيُعَذِّبَهُمْ | بِهَا | فِيْ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | تَزْهَقَ | اَنْفُسُهُمْ |
| چاہتا ہے | اللہ | کہ سزا دے ان کو | اسکے ساتھ | میں | زندگی | دنیا کی | اور | ہلاک ہو جائیں | ان کی جانیں |

یہ ارادہ رکھتا ہے کہ ان کی وجہ سے انہیں دنیا کی زندگی میں عذاب دے۔ اور ان کی جانیں اس حالت میں نکلیں کہ

وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمْ | كٰفِرُوْنَ | وَ | يَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | اِنَّهُمْ | لَمِنْكُمْ | وَ | مَا | هُمْ | مِنْكُمْ |
| اور | وہ | کافر ہوں | اور | قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی | کہ وہ | تم میں سے ہیں | اور | نہیں | وہ | تم میں سے |

وہ کافر ہوں۔ اور اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ وہ تم میں سے ہیں حالانکہ وہ تم میں سے نہیں ہیں

وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لٰكِنَّهُمْ | قَوْمٌ | يَّفْرَقُوْنَ | لَوْ | يَجِدُوْنَ | مَلْجَاً | اَوْ | مَغٰرٰتٍ | اَوْ |
| اور | لیکن وہ | قوم ہیں | بزدل | اگر | پائیں | کوئی پناہ کی جگہ | یا | کوئی غار | یا |

بلکہ وہ لوگ تم سے الگ ہیں۔ اگر وہ کوئی پناہ گاہ یا غار یا سرنگ پا لیں تو

مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ

| مُدَّخَلًا | لَّوَلَّوْا | اِلَيْهِ | وَ | هُمْ | يَجْمَحُوْنَ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | يَّلْمِزُكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہونے کی جگہ | تو پھر جائیں | اس کی طرف | اور | وہ | ضد کرتے ہیں | اور | ان میں سے | جو | طعنہ دیتا ہے آپ کو |

انتہائی تیزی سے بھاگتے ہوئے اس کی طرف پلٹ جائیں۔ اور ان ہی میں سے بعض ایسے ہیں جو صدقات (کی تقسیم) میں

فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ

| فِي | الصَّدَقٰتِ | فَاِنْ | اُعْطُوْا | مِنْهَا | رَضُوْا | وَ | اِنْ | لَّمْ | يُعْطَوْا | مِنْهَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | صدقات | پس اگر | دیئے جائیں | اس سے | خوش ہوتے ہیں | اور | اگر | نہ | دیئے جائیں | اس سے |

آپ ﷺ کی گستاخی کرتے ہیں پھر اگر انہیں ان (صدقات) میں سے کچھ دے دیا جائے تو وہ راضی ہو جاتے ہیں اور اگر انہیں

اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

| اِذَا | هُمْ | يَسْخَطُوْنَ | وَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | رَضُوْا | مَآ | اٰتٰىهُمُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اچانک | وہ | ناراض ہوتے ہیں | اور | اگر | وہ | خوش ہوتے | جو | دیا ان کو | اللہ |

اس میں سے کچھ نہ دیا جائے تو وہ فوراً خفا ہو جاتے ہیں۔ اور کیا ہی اچھا ہوتا اگر وہ راضی ہو جاتے اس چیز پر جو اللہ اور اس کے

وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

| وَرَسُوْلُهٗ | وَ | قَالُوْا | حَسْبُنَا | اللّٰهُ | سَيُؤْتِيْنَا | اللّٰهُ | مِنْ فَضْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اس کے رسول نے | اور | کہتے | کافی ہے ہمیں | اللہ | جلدی دے گا ہم کو | اللہ | اپنے فضل سے |

رسول نے ان کو دی اور وہ کہتے کہ اللہ ہمیں کافی ہے ہمیں عنقریب دیگا اللہ اپنے فضل سے اور اسکا رسول بیشک ہم

وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ ع ۱۴

| وَ | رَسُوْلُهٗ | اِنَّآ | اِلَى | اللّٰهِ | رٰغِبُوْنَ | اِنَّمَا | الصَّدَقٰتُ | لِلْفُقَرَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کا رسول | بیشک ہم | طرف | اللہ کی | رغبت کرنے والے ہیں | اسکے سوا | زکوٰۃ | محتاجوں |

اللہ ہی کی طرف رغبت کرنیوالے ہیں۔ اموال زکوٰۃ فقیروں اور مسکینوں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَ فِي الرِّقَابِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمَسٰكِيْنِ | وَ | الْعٰمِلِيْنَ | عَلَيْهَا | وَالْمُؤَلَّفَةِ | قُلُوْبُهُمْ | وَ | فِي | الرِّقَابِ |
| اور | مسکینوں | اور | کام کرنے والوں کیلئے | اس پر | اور الفت ڈالنی ہے | جن کے دلوں میں | اور | میں | گردنوں کے چھڑانے |

اور جو انہیں وصول کرنے پر مقرر کئے گئے اور جن کے دلوں کو اسلام سے مانوس کرنا مقصود ہو اور (غلامی سے) گردنیں

وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْغٰرِمِيْنَ | وَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَابْنِ السَّبِيْلِ | فَرِيْضَةً | مِّنَ اللّٰهِ |
| اور | مقروضوں کے | اور | میں | راہ | اللہ کے | اور مسافروں کے | مقرر ہے | اللہ سے |

آزاد کرانے میں اور قرض داروں کیلئے اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں کیلئے مقرر کئے ہوئے (صدقات) ہیں اللہ کی طرف

وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | وَمِنْهُمُ | الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | النَّبِيَّ |
| اور | اللہ | علم والا | حکمت والا ہے | اور بعض | وہ ہیں جو | تکلیف دیتے ہیں | غیب کی خبریں دینے والے کو |

سے اور اللہ بہت جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور ان میں کئی ایسے ہیں کہ نبی ﷺ غیب کی خبریں دینے والے کو

وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَقُوْلُوْنَ | هُوَ | اُذُنٌ | قُلْ | اُذُنُ | خَيْرٍ | لَّكُمْ | يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَيُؤْمِنُ |
| اور کہتے ہیں | وہ تو | کان ہیں | فرماؤ | کان | بہتر ہیں | تمہارے لئے | ایمان لاتا ہے | اللہ پر | اور اعتبار کرلیتا ہے |

ستاتے ہیں اور کہتے ہیں وہ تو کان (کے کچے) ہیں تو اے محبوب آپ ﷺ فرمادیں انکا ہر ایک کی سننا تمہارے لیے بہتر ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | رَحْمَةٌ | لِّلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مِنْكُمْ | وَالَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ |
| ایمانداروں کا | اور | رحمت | ان کے لئے جو | ایمان لائے | تم میں سے | اور وہ جو | ایذا دیتے ہیں |

اللہ پر ایمان لاتے ہیں اور مسلمانوں کی بات پر یقین کرتے ہیں اور جو تم میں سے مومن ہیں ان کے واسطے رحمت ہیں اور وہ جو

رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۱﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلَ | اللّٰهِ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | يَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | لَكُمْ |
| رسول کو | اللہ کے | ان کیلئے | عذاب ہے | دردناک | قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی | تمہارے سامنے |

رسول کو ایذاء دیتے ہیں ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ تمہیں

لِيُرْضُوْكُمْ ج وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيُرْضُوْكُمْ | وَاللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗٓ | اَحَقُّ | اَنْ | يُّرْضُوْهُ | اِنْ | كَانُوْا |
| تاکہ راضی کریں تم کو | اور اللہ | اور | رسول اس کا | بہت حقدار ہیں | یہ کہ | راضی کریں اس کو | اگر | ہیں |

راضی کر لیں اور اللہ و رسول کا حق زیادہ تھا کہ اسے راضی کرتے اگر

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ الربع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنِيْنَ | اَلَمْ | يَعْلَمُوْٓا | اَنَّهٗ | مَنْ | يُّحَادِدِ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | فَاَنَّ | لَهٗ |
| مومن | کیا نہیں | جانتے | کہ وہ بیشک | جو | نافرمانی کرے گا | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی | تو بیشک | اسکے لیے |

ایمان رکھتے ہیں۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اس کیلئے

نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ط ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۳﴾ يَحْذَرُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَارَ | جَهَنَّمَ | خَالِدًا | فِيْهَا | ذٰلِكَ | الْخِزْيُ | الْعَظِيْمُ | يَحْذَرُ |
| آگ ہے | جہنم کی | ہمیشہ رہے | اس میں | یہ | رسوائی ہے | بڑی | ڈرتے ہیں |

دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہنے والا ہے یہ زبردست رسوائی ہے۔ منافقین اس بات سے ڈرتے ہیں

الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ط

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُنٰفِقُوْنَ | اَنْ | تُنَزَّلَ | عَلَيْهِمْ | سُوْرَةٌ | تُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ |
| منافق | یہ کہ | اتاری جائے | ان پر | کوئی سورت | جو بتائے ان کو | جو | میں | انکے دلوں ہے |

کہ مسلمانوں پر کوئی ایسی سورت نازل کر دی جائے کہ جو انہیں ان باتوں سے خبردار کر دے کہ جو ان (منافقوں) کے دلوں میں

قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَ لَئِنْ

| قُل | اسْتَهْزِءُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | مُخْرِجٌ | مَّا | تَحْذَرُوْنَ | وَ | لَئِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرماؤ | ہنسی کرو | بیشک | اللہ | نکالنے والا ہے | جو | تم ڈرتے ہو | اور | اگر |

(مُلّی) ہیں فرمادیجئے، تم مذاق کرتے رہو بیشک اللہ وہ (بات) ظاہر فرمانے والا ہے جس سے تم ڈر رہے ہو۔ اے محبوب ﷺ اور

سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ

| سَاَلْتَهُمْ | لَيَقُوْلُنَّ | اِنَّمَا | كُنَّا نَخُوْضُ | وَ | نَلْعَبُ | قُلْ | اَبِاللّٰهِ | وَ | اٰيٰتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم ان سے پوچھو | تو ضرور کہیں گے | اس کے سوا نہیں کہ | ہم دل لگی کرتے تھے | اور | کھیلتے تھے | فرماؤ | کیا ساتھ اللہ | اور | اس کی آیتوں کے |

اگر آپ ان سے پوچھیں تو وہ کہیں گے ہم تو صرف دل لگی اور کھیل کرتے تھے فرمادیجئے کیا اللہ اور اس کی آیتوں

وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ

| وَ | رَسُوْلِهٖ | كُنْتُمْ | تَسْتَهْزِءُوْنَ | لَا | تَعْتَذِرُوْا | قَدْ | كَفَرْتُمْ | بَعْدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کے رسول کے | تم تھے | ہنسی کرتے | نہ | عذر کرو | بیشک | کفر کیا تم نے | بعد |

اور اس کے رسول کا تم مذاق اڑاتے ہو؟ بہانے نہ بناؤ بے شک تم کافر ہو گئے اپنا

اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ

| اِيْمَانِكُمْ | اِنْ | نَّعْفُ | عَنْ طَآئِفَةٍ | مِّنْكُمْ | نُعَذِّبْ | طَآئِفَةً | بِاَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے ایمان کے | اگر | ہم معاف کریں | ایک جماعت کو | تم میں سے | تو عذاب کریں گے ہم | ایک جماعت کو | کہ وہ |

ایمان ظاہر کرنے کے بعد اگر ہم تم میں سے بعض لوگوں کو معاف کر دیں تو بعض کو عذاب بھی ضرور دیں گے

كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾ ع اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ

وقف لازم

| كَانُوْا | مُجْرِمِيْنَ | اَلْمُنٰفِقُوْنَ | وَالْمُنٰفِقٰتُ | بَعْضُهُمْ | مِّنْ بَعْضٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| تھے | مجرم لوگ | منافق مرد | اور منافق عورتیں | سب ایک ہی | جنس ہیں |

اس وجہ سے کہ وہ مجرم تھے۔ منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کا سہارا لیتے ہیں برائی کا حکم دیتے ہیں

يَأْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ

| عَنِ الْمَعْرُوْفِ | وَيَنْهَوْنَ | بِالْمُنْكَرِ | يَأْمُرُوْنَ |
|---|---|---|---|
| بھلی باتوں سے | اور روکتے ہیں | بری باتوں کا | حکم دیتے ہیں |

اور بھلائی سے منع کرتے ہیں اور اپنی مٹھی بند رکھتے ہیں

وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ

| هُمُ | الْمُنٰفِقِيْنَ | اِنَّ | فَنَسِيَهُمْ | اللّٰهَ | نَسُوا | اَيْدِيَهُمْ | يَقْبِضُوْنَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی ہیں | منافق | بیشک | سو بھلا دیا اس نے ان کو | اللہ کو | وہ بھول گئے | اپنے ہاتھ | بند رکھتے ہیں | اور |

وہ اللہ کو چھوڑ بیٹھے تو اللہ نے انہیں چھوڑ دیا بے شک منافق

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ

| نَارَ | الْكُفَّارَ | وَ | الْمُنٰفِقٰتِ | وَ | الْمُنٰفِقِيْنَ | اللّٰهُ | وَعَدَ | الْفٰسِقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگ | کافروں سے | اور | منافق عورتوں | اور | منافق مردوں | اللہ نے | وعدہ کیا | بے حکم |

ہی پکے فاسق ہیں۔ اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کو جہنم کی آگ کا وعدہ دیا ہے

جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ

| لَهُمْ | وَ | اللّٰهُ | لَعَنَهُمُ | وَ | حَسْبُهُمْ | هِيَ | فِيْهَا | خٰلِدِيْنَ | جَهَنَّمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے لیے | اور | اللہ نے | لعنت کی ان پر | اور | ان کو کافی ہے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | دوزخ کا |

جس میں ہمیشہ رہیں گے وہ یہی ان کے لیے کافی ہے اور اللہ کی ان پر لعنت ہے اور ان کیلئے

عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۶۸﴾ كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً

| قُوَّةً | مِنْكُمْ | اَشَدَّ | كَانُوْٓا | مِنْ قَبْلِكُمْ | كَالَّذِيْنَ | مُّقِيْمٌ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوت میں | تم سے | زیادہ سخت | تھے وہ | جو تم سے پہلے تھے | جیسے وہ لوگ | قائم رہنے والا | عذاب ہے |

قائم رہنے والا عذاب ہے۔ ان لوگوں کی طرح جو تم سے پہلے تھے۔ وہ تم سے زیادہ طاقتور اور تم سے

وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۭ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَكْثَرَ | اَمْوَالًا | وَ | اَوْلَادًا | فَاسْتَمْتَعُوْا | بِخَلَاقِهِمْ | فَاسْتَمْتَعْتُمْ |
| اور زیادہ | مال | اور | اولاد میں | تو فائدہ اٹھایا انہوں نے | اپنے حصے کا | پھر فائدہ اٹھایا تم نے |

زیادہ مال اور اولاد والے تھے۔ پھر انہوں نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھایا۔

بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِخَلَاقِكُمْ | كَمَا | اسْتَمْتَعَ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِكُمْ | بِخَلَاقِهِمْ |
| اپنے حصے کا | جیسا کہ | فائدہ اٹھایا | انہوں نے | جو تم سے پہلے تھے | اپنے حصے کا |

اور تم بھی بحثوں میں پڑے جس طرح انہوں نے بحثیں کی تھیں۔

وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | خُضْتُمْ | كَالَّذِيْ | خَاضُوْا | اُولٰۗىِٕكَ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | فِي |
| اور | بیہودگی کی تم نے | جیسے | بیہودگی کی انہوں نے | یہ لوگ | اکارت ہوئے | ان کے عمل | میں |

یہی لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝69 اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | وَالْاٰخِرَةِ | وَ | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | اَلَمْ | يَاْتِهِمْ | نَبَاُ |
| دنیا | اور آخرت | اور | یہ لوگ | وہی ہیں | خسارہ والے | کیا نہ | آئی ان کے پاس | خبر |

ہو گئے۔ اور یہ لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ کیا ان کے پاس ان لوگوں کی

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ڏ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | قَوْمِ | نُوْحٍ | وَ | عَادٍ | وَ | ثَمُوْدَ | وَ | قَوْمِ | اِبْرٰهِيْمَ |
| ان کی | جو ان سے پہلے تھے | قوم | نوح کی | اور | عاد کی | اور | ثمود کی | اور | قوم | ابراہیم کی |

خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے تھے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور باشندگان

وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ

| وَ | اَصْحٰبِ | مَدْيَنَ | وَالْمُؤْتَفِكٰتِ | اَتَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اصحاب | مدین کی | اور الٹائی گئی بستیوں کی | آئے ان کے پاس | ان کے رسول | دلائل لے کر |

مدین اور ان بستیوں کے مکین جو الٹ دی گئیں ان کے پاس ان کے رسول واضح نشانیاں لے کر آئے تھے

فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۷۰

| فَمَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيَظْلِمَهُمْ | وَ | لٰكِنْ | كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر نہیں | تھا | اللہ کہ | ظلم کرتا ان پر | اور | لیکن | تھے وہ | اپنی جانوں پر | ظلم کرتے |

پھر ایسا نہ تھا کہ اللہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہ اپنے اوپر خود ہی ظلم کرتے تھے۔

وقف لازم

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ

| وَالْمُؤْمِنُوْنَ | وَالْمُؤْمِنٰتُ | بَعْضُهُمْ | اَوْلِيَآءُ | بَعْضٍ | يَاْمُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور مومن مرد | اور مومن عورتیں | بعض ان کے | رفیق ہیں | بعض کے | حکم دیتے ہیں |

اور مومن مرد اور مومن عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں نیکی کا حکم دیتے ہیں

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

| بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | يَنْهَوْنَ | عَنِ الْمُنْكَرِ | وَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | يُؤْتُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیکی کا | اور | روکتے ہیں | بری باتوں سے | اور | قائم کرتے ہیں | نماز | اور | دیتے ہیں |

اور برائی سے روکتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں

الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ

| الزَّكٰوةَ | وَ | يُطِيْعُوْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | اُولٰٓئِكَ | سَيَرْحَمُهُمُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زکوۃ | اور | اطاعت کرتے ہیں | اللہ کی | اور | اس کے رسول کی | یہ لوگ | عنقریب رحم کرے گا ان پر | اللہ |

اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں وہی لوگ ہیں جن پر اللہ عنقریب رحم فرمائے گا

إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّ | اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | وَعَدَ | اللّٰهُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتِ |
| بیشک | اللہ | غالب | حکمت والا ہے | وعدہ کیا ہے | اللہ نے | مومن مردوں | اور | مومن عورتوں سے |

بیشک اللہ بہت غلبہ والا بڑی حکمت والا ہے۔ اللہ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں سے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَ | مَسٰكِنَ |
| باغوں کا کہ | رواں ہیں | اس کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | اور | مکانوں |

جنتوں کا وعدہ فرمایا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ہمیشہ ان میں رہیں گے اور پاکیزہ رہائش گاہوں میں

طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طَيِّبَةً | فِيْ | جَنّٰتِ | عَدْنٍ | وَ | رِضْوَانٌ | مِّنَ اللّٰهِ | اَكْبَرُ | ذٰلِكَ هُوَ |
| پاکیزہ | میں | باغوں | ہمیشہ | اور | رضامندی | اللہ کی | بہت بڑی ہے | یہ ہے وہ |

سدا بہار باغوں میں اور اللہ کی رضامندی سب سے بڑی ہے

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۷۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | جَاهِدِ | الْكُفَّارَ | وَالْمُنٰفِقِيْنَ |
| کامیابی | بہت بڑی | اے | غیب کی خبریں دینے والے نبی | جہاد فرماؤ | کافروں | اور منافقوں سے |

یہی بڑی کامیابی ہے۔ اے غیب کی خبریں دینے والے نبی ﷺ! جہاد فرمائیں کافروں اور منافقین پر

وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۳﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاغْلُظْ | عَلَيْهِمْ | وَ | مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | وَبِئْسَ | الْمَصِيْرُ |
| اور سختی کرو | ان پر | اور | ٹھکانہ ان کا | دوزخ ہے | اور بری ہے | پلٹنے کی جگہ |

اور ان پر سختی کرو اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا ہی بری جگہ ہے پلٹنے کی۔

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | مَا | قَالُوْا | وَ | لَقَدْ | قَالُوْا | كَلِمَةَ | الْكُفْرِ | وَكَفَرُوْا | بَعْدَ |
| قسمیں کھاتے ہیں | اللہ کی کہ | نہ | کہا انہوں نے | اور | بیشک | کہی انہوں نے | بات | کفر کی | اور کفر کیا انہوں نے | بعد |

اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا اور بیشک ضرور انہوں نے کفر کی بات کہی

اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰهُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْلَامِهِمْ | وَ | هَمُّوْا | بِمَا | لَمْ | يَنَالُوْا | وَمَا | نَقَمُوْٓا | اِلَّآ | اَنْ | اَغْنٰهُمُ |
| اپنے اسلام کے | اور | قصد کیا | اس کا جو | نہ | پایا انہوں نے | اور نہ | عیب پکڑا انہوں نے | مگر | یہ کہ | کیا غنی |

اور اسلام میں آ کر کافر ہو گئے اور وہ چاہا تھا جو انہیں نہ ملا اور انہیں کیا برا لگا یہی نا کہ

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ | مِنْ فَضْلِهٖ | فَاِنْ | يَّتُوْبُوْا | يَكُ | خَيْرًا | لَّهُمْ | وَ | اِنْ |
| اللہ نے | اور | اسکے رسول نے | اپنے فضل سے | تو اگر | توبہ کریں | تو ہوگا | بہتر | ان کیلئے | اور | اگر |

اللہ اور رسول نے اپنے فضل سے غنی کر دیا تو اگر وہ توبہ کریں تو ان کا بھلا ہے اور اگر

يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّتَوَلَّوْا | يُعَذِّبْهُمُ | اللّٰهُ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | فِى | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ | وَ | مَا |
| پھر جائیں | تو عذاب دے گا ان کو | اللہ | عذاب | دردناک | میں | دنیا | اور | آخرت | اور | نہیں |

منہ پھیریں تو اللہ انہیں عذاب دے گا دنیا اور آخرت میں

لَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۷۴﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | فِى | الْاَرْضِ | مِنْ | وَّلِيٍّ | وَّ | لَا | نَصِيْرٍ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | عٰهَدَ | اللّٰهَ |
| ان کیلئے | میں | زمین | کوئی | دوست | اور | نہ کوئی | مددگار | اور | ان میں سے | وہ بھی ہے | جس نے عہد کیا | اللہ سے |

اور زمین میں کوئی نہ ان کا دوست ہوگا نہ مددگار۔ اور ان (منافقوں) میں وہ بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر اس

## لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَئِنْ | اٰتٰىنَا | مِنْ فَضْلِهٖ | لَنَصَّدَّقَنَّ | وَ | لَنَكُوْنَنَّ | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ |
| اگر | دے ہم کو | اپنے فضل سے | تو ضرور خیرات کریں گے ہم | اور | ہوں گے ہم | نیکوں سے |

نے ہمیں اپنے فضل سے (دولت) عطا فرمائی تو ہم ضرور (اس کی راہ میں) خیرات کریں گے اور ہم ضرور نیک لوگوں میں سے ہو جائیں گے۔

## فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّآ | اٰتٰىهُمْ | مِّنْ فَضْلِهٖ | بَخِلُوْا | بِهٖ | وَ | تَوَلَّوْا | وَّهُمْ |
| تو جب | دیا ان کو | اپنے فضل سے تو | بخل کیا | اس سے | اور | پھر گئے | اور وہ تھے |

پس جب اللہ نے انہیں اپنے فضل سے (دولت) بخشی وہ اس میں بخل کرنے لگے اور وہ روگردانی

## مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُّعْرِضُوْنَ | فَاَعْقَبَهُمْ | نِفَاقًا | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | اِلٰى يَوْمِ |
| منہ پھیرنے والے | تو پیچھے لگایا ان کے | نفاق | میں | ان کے دلوں | اس دن تک کہ |

کرتے ہوئے پھر گئے۔ تو ان کو یہ نتیجہ دیا کہ ان کے دلوں میں نفاق رکھ دیا اس دن تک کہ

## يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَلْقَوْنَهٗ | بِمَآ | اَخْلَفُوا | اللّٰهَ | مَا | وَعَدُوْهُ | وَ | بِمَا | كَانُوْا |
| ملیں اس کو | بدلے اس کے کہ | خلاف کیا | اللہ سے | جو | وعدہ کیا اس سے | اور | بدلے اس کے | کرتے |

وہ اس کے حضور پیش ہوں اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ سے اپنے وعدے کی خلاف ورزی کی اور اس کے باعث کہ

## يَكْذِبُوْنَ ﴿۷۷﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْذِبُوْنَ | اَلَمْ | يَعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | سِرَّهُمْ |
| جھوٹ بولتے | کیا نہ | جانا انہوں نے | بیشک | اللہ | جانتا ہے | پوشیدہ باتیں ان کی |

وہ جھوٹ بولتے تھے۔ کیا انہوں نے نہیں جانا کہ اللہ ان کے راز اور ان کی پوشیدہ سرگوشی کو

وَنَجْوٰىهُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾ اَلَّذِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَنَجْوٰىهُمْ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | عَلَّامُ | الْغُيُوْبِ | اَلَّذِيْنَ |
| اور مشورے ان کے | اور | بیشک | اللہ | جاننے والا ہے | غیبوں کا | وہ جو |

جانتا ہے اور یہ کہ اللہ تمام غیبوں کو خوب جاننے والا ہے۔ وہ جو عیب

يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَلْمِزُوْنَ | الْمُطَّوِّعِيْنَ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | فِي | الصَّدَقٰتِ |
| طعنہ دیتے ہیں | خوشی سے کرتے ہیں | مومنوں سے | میں | صدقہ میں |

لگاتے ہیں ان مسلمانوں کو کہ دل سے خیرات کرتے ہیں اور ان کو جو نہیں پاتے

وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَالَّذِيْنَ | لَا | يَجِدُوْنَ | اِلَّا | جُهْدَهُمْ | فَيَسْخَرُوْنَ |
| اور وہ جو | نہیں | پاتے | مگر | محنت اپنی | تو مذاق اڑاتے ہیں |

مگر اپنی محنت سے تو ان سے ہنستے ہیں اللہ

مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | سَخِرَ | اللّٰهُ | مِنْهُمْ | وَلَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| ان کا | ہنسی کی سزا دے گا | اللہ | ان کو | اور ان کے لئے | عذاب ہے | دردناک |

ان کی ہنسی کی سزا دے گا اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ | اَوْ | لَا | تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ | اِنْ | تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ |
| بخشش مانگو ان کے لئے | یا | نہ | بخشش مانگو ان کے لئے | اگر | بخشش مانگیں آپ ان کیلئے |

تم ان کی معافی چاہو یا نہ چاہو اگر آپ ستر بار ان کی معافی چاہو گے تو بھی اللہ

سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا

| سَبْعِيْنَ | مَرَّةً | فَلَنْ | يَّغْفِرَ | اللّٰهُ | لَهُمْ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ستر | مرتبہ | تو بھی نہ | بخشے گا | اللہ | ان کو | یہ | اس لئے کہ | انہوں نے انکار کیا |

ہرگز انہیں نہیں بخشے گا یہ اس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے

بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ ع ۱۰ ۸ ۶

| بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | وَاللّٰهُ | لَا | يَهْدِى | الْقَوْمَ | الْفٰسِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | اور | اس کے رسول کا | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | فاسق کو |

رسول سے کفر کیا اور اللہ فاسقوں کو راہ ہدایت نہیں دیتا۔

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا

| فَرِحَ | الْمُخَلَّفُوْنَ | بِمَقْعَدِهِمْ | خِلٰفَ | رَسُوْلِ | اللّٰهِ | وَكَرِهُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خوش ہوئے | پیچھے رہنے والے | اپنے بیٹھ رہنے سبب | پیچھے | رسول | اللہ کے | اور ناپسند کیا |

رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کے باعث (جہاد سے) پیچھے رہ جانے والے (یہ منافق) اپنے بیٹھ رہنے

اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| اَنْ | يُّجَاهِدُوْا | بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ | فِىْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | جہاد کریں | اپنے مالوں | اور | اپنی جانوں سے | میں | راہ | اللہ کی |

پر خوش ہورہے ہیں وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں

وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِى الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ

| وَ | قَالُوْا | لَا | تَنْفِرُوْا | فِى | الْحَرِّ | قُلْ | نَارُ | جَهَنَّمَ | اَشَدُّ | حَرًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بولے | نہ | نکلو | میں | گرمی | فرمادیں | آگ | جہنم کی | بہت سخت | گرم ہے |

جہاد کریں اور کہتے تھے اس گرمی میں نہ نکلو فرما دیجئے دوزخ کی آگ سب سے زیادہ

لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨١﴾ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | كَانُوْا | يَفْقَهُوْنَ | فَلْيَضْحَكُوْا | قَلِيْلًا | وَّلْيَبْكُوْا | كَثِيْرًا |
| کاش | وہ ہوتے | سمجھتے | پھر چاہیے کہ ہنسیں | تھوڑا | اور روئیں | زیادہ |

گرم ہے اگر وہ سمجھتے ہوتے۔ پس انہیں چاہیے کہ تھوڑا ہنسیں اور زیادہ روئیں یہ

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزَآءًۢ | بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | فَاِنْ | رَّجَعَكَ | اللّٰهُ | اِلٰى |
| بدلہ | اس کا جو | تھے | کماتے | پھر اگر | واپس لے جائے آپ کو | اللہ | طرف |

اس کا بدلہ ہے جو وہ کماتے ہیں۔ تو (اے حبیب ﷺ) اگر

طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طَآئِفَةٍ | مِّنْهُمْ | فَاسْتَاْذَنُوْكَ | لِلْخُرُوْجِ | فَقُلْ | لَّنْ |
| ایک گروہ کی | ان میں سے | پھر اجازت مانگیں آپ سے | نکلنے کی | تو فرمادیں | ہرگز نہ |

اللہ آپ کو واپس لائے ان منافقوں کے کسی گروہ کی طرف پھر وہ آپ سے جہاد میں

تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ۭ اِنَّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَخْرُجُوْا | مَعِيَ | اَبَدًا | وَّلَنْ | تُقَاتِلُوْا | مَعِيَ | عَدُوًّا | اِنَّكُمْ |
| نکلو گے تم | میرے ساتھ | کبھی بھی | اور ہرگز نہ | لڑو گے | میرے ساتھ | دشمن سے | بیشک تم |

جانے کا اذن طلب کریں تو آپ ان سے فرمائیں کہ تم میرے ساتھ کبھی نہیں نکلو گے اور ہرگز میری معیت میں دشمن سے نہ لڑو گے

رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ﴿٨٣﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَضِيْتُمْ | بِالْقُعُوْدِ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | فَاقْعُدُوْا | مَعَ | الْخٰلِفِيْنَ |
| خوش ہوئے | بیٹھے رہنے سے | پہلی | مرتبہ | تو بیٹھو | ساتھ | پیچھے رہنے والوں کے |

بے شک تم پہلی (ہی) مرتبہ بیٹھ رہنے پر راضی ہوئے تو (اب) پیچھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔

وَ لَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تُصَلِّ | عَلٰٓى | اَحَدٍ | مِّنْهُمْ | مَّاتَ | اَبَدًا | وَّلَا | تَقُمْ | عَلٰى |
| اور | نہ | نماز پڑھ | اوپر | کسی کے | ان میں سے | جو مر جائے | کبھی بھی | اور نہ | کھڑے ہوں | اوپر |

اور آپ ان میں سے کسی کی میت پر نماز نہ پڑھیں اور نہ (کبھی) ان میں سے

قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَ هُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْرِهٖ | اِنَّهُمْ | كَفَرُوْا | بِاللّٰهِ | وَرَسُوْلِهٖ | وَمَاتُوْا | وَ | هُمْ |
| قبر اس کی کے | کہ وہ | کافر ہوئے | اللہ کے | اور اس کے رسول کے | اور مر گئے | اور | وہ |

کی قبر پر کھڑے ہوں بے شک انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا

فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فٰسِقُوْنَ | وَ | لَا | تُعْجِبْكَ | اَمْوَالُهُمْ | وَاَوْلَادُهُمْ | اِنَّمَا |
| فاسق تھے | اور | نہ | تعجب میں ڈالیں آپ کو | ان کے مال | اور اولاد ان کی | اس کے سوا نہیں |

اور وہ فاسق ہو کر مر گئے۔ اور ان کے مال یا اولاد پر تعجب نہ کرنا اللہ

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرِيْدُ | اللّٰهُ | اَنْ | يُّعَذِّبَهُمْ | بِهَا | فِى | الدُّنْيَا | وَ | تَزْهَقَ | اَنْفُسُهُمْ |
| چاہتا ہے | اللہ | یہ کہ | سزا دے ان کو | اس کی | میں | دنیا | اور | ہلاک ہوں | ان کی جانیں |

یہی چاہتا ہے کہ اسے دنیا میں ان پر وبال کرے اور کفر ہی پر ان کا

وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَ اِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُمْ | كٰفِرُوْنَ | وَ | اِذَآ | اُنْزِلَتْ | سُوْرَةٌ | اَنْ | اٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ |
| اور وہ | کافر ہوں | اور | جب | اتاری جاتی ہے | کوئی سورت | یہ کہ | ایمان لاؤ | اللہ پر |

دم نکل جائے۔ اور جب کوئی سورت نازل ہو کہ اللہ پر ایمان لاؤ

وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ

| وَجَاهِدُوْا | مَعَ | رَسُوْلِهِ | اسْتَاْذَنَكَ | اُولُوا | الطَّوْلِ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور جہاد کرو | ساتھ | اس کے رسول کے | اجازت مانگتے ہیں آپ سے | صاحب | دولت |

اور اسکے رسول ﷺ کے ہمراہ جہاد کرو تو ان کے طاقت رکھنے والے آپ سے رخصت مانگتے ہیں

مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ

| مِنْهُمْ | وَقَالُوْا | ذَرْنَا | نَكُنْ | مَّعَ | الْقٰعِدِيْنَ | رَضُوْا | بِاَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں سے | اور کہتے ہیں | چھوڑ دو ہم کو | ہوں ہم | ساتھ | بیٹھنے والوں کے | خوش ہوئے | یہ کہ |

اور کہتے ہیں ہمیں چھوڑ دیجئے کہ بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہیں۔ انہوں نے یہ پسند کیا کہ

يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا

| يَّكُوْنُوْا | مَعَ | الْخَوَالِفِ | وَطُبِعَ | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | فَهُمْ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوں | ساتھ | پیچھے رہنے والوں کے | اور مہر کی گئی | اوپر | ان کے دلوں کے | تو وہ | نہیں |

وہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں بچوں اور معذوروں کے ساتھ ہو جائیں اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے

يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

| يَفْقَهُوْنَ | لٰكِنِ | الرَّسُوْلُ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھتے | لیکن | رسول | اور | وہ جو | ایمان لائے | اسکے ساتھ |

سو وہ کچھ نہیں سمجھتے۔ لیکن رسول اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ

| جٰهَدُوْا | بِاَمْوَالِهِمْ | وَاَنْفُسِهِمْ | وَاُولٰٓئِكَ | لَهُمُ |
|---|---|---|---|---|
| انہوں نے جہاد کیا | اپنے مالوں سے | اور اپنی جانوں سے | اور یہ لوگ | ان کے لئے |

اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہیں اور انہی لوگوں کیلئے سب

الْخَيْرٰتُ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْخَيْرٰتُ | وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | اَعَدَّ | اللّٰهُ |
| بھلائی ہے | اور یہی لوگ | وہ ہیں | کامیاب | تیار کیے ہے | اللہ نے |

بھلائیاں ہیں اور وہی لوگ مراد پانے والے ہیں۔ اللہ نے ان کیلئے

لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ |
| ان کے لئے | بہشتیں | رواں ہیں | ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہیں |

جنتیں تیار کی ہیں ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ

فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۸۹﴾ ع وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | وَ | جَآءَ | الْمُعَذِّرُوْنَ |
| اس میں | یہ ہے | کامیابی | بڑی | اور | آئے | عذر کرنے والے |

رہیں گے یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور بہانہ بنانے والے دیہاتی آئے

مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْاَعْرَابِ | لِيُؤْذَنَ | لَهُمْ | وَ | قَعَدَ | الَّذِيْنَ | كَذَبُوا |
| جنگلی لوگ | تاکہ رخصت دی جائے | ان کو | اور | بیٹھ رہے | وہ جنہوں نے | جھٹلایا |

کہ انہیں رخصت دی جائے اور بیٹھ گئے وہ لوگ جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | وَرَسُوْلَهٗ | سَيُصِيْبُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْهُمْ | عَذَابٌ |
| اللہ | اور اس کے رسول کو | تو جلدی ہی پہنچے گا | ان کو | جو کافر ہیں | ان میں سے | عذاب |

سے جھوٹ بولا عنقریب ان میں سے کفر کرنے والوں کو دردناک

اَلِيْمٌ ﴿٩٠﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِيْمٌ | لَيْسَ | عَلَى | الضُّعَفَآءِ | وَ | لَا | عَلَى | الْمَرْضٰى | وَلَا |
| دردناک | نہیں ہے | اوپر | ضعیفوں کے | اور | نہ | اوپر | بیماروں کے | اور نہ |

عذاب پہنچے گا۔ ضعیفوں پر کچھ حرج نہیں اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جو

عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | الَّذِيْنَ | لَا | يَجِدُوْنَ | مَا | يُنْفِقُوْنَ | حَرَجٌ | اِذَا |
| اوپر | ان کے جو | نہیں | پاتے | جو | خرچ کریں | کوئی حرج | جبکہ |

خرچ کرنے کے لیے مقدور نہ ہو جب کہ اللہ اور

نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَصَحُوْا | لِلّٰهِ | وَرَسُوْلِهٖ | مَا | عَلَى | الْمُحْسِنِيْنَ | مِنْ |
| خیر خواہ ہوں | اللہ | اور اس کے رسول کے | نہیں | اوپر | نیکوں کے | کوئی |

رسول کے خیر خواہ ہوں نیکی والوں پر (طعنہ زنی کی)

سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩١﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلٍ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَّ | لَا | عَلَى | الَّذِيْنَ |
| راہ ملامت | اور | اللہ | بخشنے والا | رحم والا ہے | اور | نہ | اوپر | ان کے جو |

کوئی راہ نہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور نہ ان پر جو تمہارے حضور حاضر ہوئے

اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | مَآ | اَتَوْكَ | لِتَحْمِلَهُمْ | قُلْتَ | لَآ | اَجِدُ | مَآ |
| جبکہ | وہ | آئیں تمہارے پاس | تاکہ آپ سوار کریں | آپ فرمائیں | نہیں | پاتا میں | جو |

کہ آپ انہیں سواری عطا فرمائیں انہوں نے آپ سے یہ جواب پایا کہ میرے پاس کوئی

## اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۠ تَوَلَّوْا وَّ اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ

| اَحْمِلُكُمْ | عَلَيْهِ | تَوَلَّوْا | وَ | اَعْيُنُهُمْ | تَفِيْضُ |
|---|---|---|---|---|---|
| میں سوار کراؤں تم کو | اس پر | تو وہ پھر جائیں | اور | ان کی آنکھوں سے | ابلتے ہوں |

چیز نہیں جس پر تمہیں سوار کروں اس پر یوں واپس جائیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو اُبلتے ہوں

## مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ۹۲ؕ اِنَّمَا

| مِنَ الدَّمْعِ | حَزَنًا | اَلَّا | يَجِدُوْا | مَا | يُنْفِقُوْنَ | اِنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آنسو ابلتے | غم سے | یہ کہ نہیں | پاتے | جو | خرچ کریں | اسکے سوا نہیں کہ |

اس غم سے کہ خرچ کرنے کے لیے کچھ کیوں نہیں پارہے۔ الزام تو صرف

## السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ

| السَّبِيْلُ | عَلَى | الَّذِيْنَ | يَسْتَاْذِنُوْنَكَ | وَهُمْ | اَغْنِيَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|
| راہ ملامت | اوپر | ان کے ہے جو | اجازت مانگتے ہیں | اور وہ | دولت مند ہیں |

ان لوگوں پر ہے جو دولت مند ہو کر آپ سے اجازت مانگتے ہیں وہ اس پر خوش ہیں کہ

## رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى

| رَضُوْا | بِاَنْ | يَّكُوْنُوْا | مَعَ | الْخَوَالِفِ | وَطَبَعَ اللّٰهُ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| راضی ہوئے | یہ کہ | ہوں | ساتھ | پیچھے رہنے والوں کے | اور مہر کردی اللہ نے | اوپر |

پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ رہیں کیونکہ اللہ نے ان کے دلوں پر

## قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۹۳

| قُلُوْبِهِمْ | فَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|
| ان کے دلوں کے | تو وہ | نہیں | جانتے |

مہر لگا دی ہے سو وہ جان نہیں سکتے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ارشادِ خداوندی عزّوجل

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٧﴾

اور بے شک ہم نے اس قرآن کو یاد کرنے لئے آسان کر دیا تو ہے کوئی یاد کرنے والا

سورۃ قمر: آیت۔17۔

# نظرِ ثانی

اس قرآن پاک کو لفظاً لفظاً عربی متن کو اور دونوں ترجموں کو ہم نے خوب محنت سے پڑھا ہماری دانست کے مطابق عربی متن میں اور لفظی ترجمہ اور بامحاورہ ترجمہ میں کوئی غلطی نہیں ہے۔

حضرت علامہ مولانا
**صاحبزادہ مفتی محمد لطف اللہ نوری**
دارالعلوم جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیرپور شریف اوکاڑہ

حضرت علامہ مولانا
**مفتی محمد سجاد حسین قادری**
فاضل جامعہ حنفیہ فریدیہ بصیرپور اوکاڑہ

## معاونین

**ظفر شہباز شاہین**
انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد
ایم اے انگلش، ایم اے اسلامیات پنجاب یونیورسٹی

**حضرت علامہ محمد آصف**
فاضل ادارہ تعلیمات اسلامیہ (راولپنڈی)
ایم اے اسلامیات انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

## سرٹیفکیٹ

تصدیق کی جاتی ہے کہ ہم نے اس قرآنِ حکیم کے متن کو حرفاً حرفاً بنظرِ غائر پڑھا ہے اور اس کی کتابت اور پروف چیک کیے ہیں۔ بحمد اللہ تعالیٰ یہ ہر قسم کی غلطی سے مبرا ہے۔ کوئی لفظی غلطی یا اعرابی غلطی نہیں ہے۔

**حافظ محمد عادل خان ولیجہ**
رجسٹرڈ پروف ریڈر
محکمہ اوقاف حکومت پنجاب، لاہور

**حافظ قاری حکیم محمد یونس مجددی**
پروف ریڈر فرید ملت ریسرچ انسٹی ٹیوٹ

## معاونین پروف ریڈرز

حافظ محمد عبدالجبار ناصر اعوان نقشبندی
پروف ریڈر مدینۃ العلم انٹرنیشنل ریسرچ کونسل
متعلم جامعہ رضویہ لاہور
محمد عثمان مشتاق یونیورسٹی آف لاہور

حافظ مقصود الرحمٰن نقشبندی
فاضل جامعہ نعیمیہ گڑھی
شاہو لاہور
محمد امیر حمزہ

حافظ محمد عدنان فیصل چشتی
متعلم جامعہ نعیمیہ لاہور
محمد زین

# عرضِ ناشر

اللہ رب العزت کی کرم نوازی سے ''ادارہ مشتاق بک کارنر'' عرصہ دراز سے فرزندانِ توحید اور عشاقانِ مصطفیٰ کے لیے اسلامی کتب شائع کر رہا ہے تفسیر احادیث فقہ تصوف و دیگر کتب۔

اب ہم نے کتاب اللہ کی طباعت کا آغاز کیا ہے ہماری پہلی کاوش آپ کے ہاتھوں میں ہے

ہم نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ اس قرانِ حکیم کی طباعت اور جلد بندی میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہو اس کے باوجود بہ تقاضائے بشریت کسی کمی کا رہ جانا خارج از امکان نہیں قارئین کرام سے استدعا ہے کہ اگر کوئی غلطی یا کمی بیشی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمائے انشاء اللہ اصلاح کر دی جائے گی:۔ اجر و جزا اسی کی طرف سے ہے جس کا کلام ہے۔

ادارہ مشتاق بک کارنر

# صحتِ جلد بندی

تصدیق کی جاتی ہے کہ اس قرآنِ حکیم کے ہر فرمہ کو چیک کیا گیا ہے اس کی جلد بندی اور فرموں کی ترتیب میں کوئی غلطی نہیں۔

جلد ساز

# استدعا

قرآن پاک کے ہر قاری سے استدعا ہے کہ تلاوتِ قرآن کے بعد اللہ رب العزت کے حضور دعا فرماتے وقت مترجم، مترجم کے والدین ادارہ کے سربراہ اراکین اور معاونین کے لئے مغفرت اور بخشش کی دعا ضرور فرمایئے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کی خطاؤں کبائر و صغائر اور لغزشوں کو اس کتاب رحمت کے صدقے معاف فرمائے۔


آمین۔

اس قرآن کریم کو قرآن کیلی گرافک سسٹم کی مدد سے تیار کیا گیا ہے۔

سرورق، تزئین و آرائش: محمد فاروق منیر، محمد طاہر منیر



بسم الله الرحمن الرحيم
محمد ﷺ احمد حامد محمود قاسم عاقب فاتح
شاهد حاشر رشید مشهود بشیر نذیر داع
شاف هاد مهد ماح منج ناه
رسول نبی امی هاشمی
محمد ﷺ
تهامی ابطحی عزیز حریص
رؤف رحیم طه مجتبی طس مرتضی
حم مصطفی یس اولی مزمل ولی مدثر
متین مصدق طیب ناصر منصور مصباح امر



محمد ﷺ
حجازی
نزاری
قرشی
مضری
نبی التوبة
حافظ
کامل
صادق
امین
عبدالله
کلیم الله
حبیب الله
نجی الله
صفی الله
حسیب
مجیب
شکور
قوی
مامون
معلوم
حق
مبین
مطیع
اول
آخر
ظاهر
یتیم
کریم
سید
سراج
منیر
محرم
مکرم
مبشر
مذکر
مطهر
قریب
خلیل
مدعو
جواد
عادل
شهید

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ


# کنز الایمان


المسمّٰی

# ریاض الایمان



ابو حمزہ مفتی ظفر جبار چشتی


بسم الله الرحمن الرحيم
الله
الرحمن
الرحيم
الملك
القدوس
السلام
المومن
المهيمن
العزيز
الجبار
المتكبر
الخالق
البارى
المصور
الغفار
القهار
الوهاب
الرزاق
الفتاح
العليم
القابض
الباسط
الخافض
الرافع
الله جل جلاله
المعز
المذل
السميع
البصير
الحكم
العدل
اللطيف
الخبير
الحليم
العظيم
الغفور
الشكور
العلى
الكبير
الحفيظ
المقيت
الحسيب
الجليل
الكريم
الرقيب
المجيب
الواسع
الحكيم
الودود


المجيد
الباعث
الشهيد
الحق
الوكيل
القوي
المتين
الولي
الحميد
المحصي
المبدئ
المعيد
المحيي
المميت
الحي
القيوم
الواجد
الماجد
الواحد
الصمد
القادر
المقتدر
المقدم
المؤخر
الأول
الآخر
الظاهر
الباطن
الوالي
الله جل جلاله
المتعالي
البر
التواب
المنتقم
العفو
الرؤوف
مالك الملك
ذو الجلال والإكرام
المقسط
الجامع
الغني
المغني
المانع
الضار
النافع
النور
الهادي
البديع
الباقي
الوارث
الرشيد
الصبور

# ضروری اطلاع



---


| | | |
|---|---|---|
| نام ترجمہ | : | کنزالایمان |
| مترجم | : | امام اہل سنت احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ |
| نام ترجمہ | : | ریاض الایمان |
| مترجم | : | ابوحمزہ مفتی ظفر جبار چشتی |
| سن اشاعت | : | ۲۷ رمضان ۱۴۳۲ھ/۲۰۱۲عیسوی |
| ایڈیشن | : | اوّل |
| ناشر | : | مشتاق احمد |
| مطبع | : | آر۔ آر پرنٹنگ پریس، بندروڈ لاہور |


**استدعا**

انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے اس کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ادارہ نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہذا میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہ جائے پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے۔ اگر دوران طباعت کوئی زیر۔ زبر۔ نقطہ۔ شد یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے۔ کثیر تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود ہر امکانی کوشش کے ایسی خفیف نادانستہ لغزش قابل گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابل معافی ہوتی ہے۔ کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ دانستہ تو طباعت میں ذرا سی غفلت بھی نہیں کر سکتا۔ پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر قرآن پاک پڑھنے کے دوران اس قسم کی کسی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمائیے۔ ان شاء اللہ آئندہ طباعت میں درست کر دی جائے گی۔ ادارہ

امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے شہرہ آفاق ترجمہ قرآن کا آسان اور عام فہم

لفظی ترجمہ

# کنزُالِایمان

المُسمّٰی

# ریاضُ الایمان

## جلد دوم

## پارہ ۱۱ تا پارہ ۲۰

ابوحمزہ مفتی ظفر جبّار چشتی



مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

# عرضِ مترجم

قرآن انوار وتجلیاتِ الٰہی کا بیکراں سمندر جو حضور رحمت عالم معلم انسانیت کے سینۂ اطہر میں سما کر ان کے نوری ہونٹوں سے موجزن ہوا...... قرآن! کلامِ الٰہی' قرآن منزل من اللہ' قرآن ذکریٰ للعالمین' قرآن ھدی للمتقین' قرآن شفاء و رحمۃ للمومنین اور قرآن جس ذاتِ اقدس پر نازل ہوا وہ رحمۃ للعالمین ہے۔

قرآن کریم ربِ رحمٰن و رحیم کی طرف سے دُکھوں میں گری انسانیت کے لیے پیغامِ رحمت و رأفت ہے' قرآن مجید کائنات کے الٰہ و معبودِ مطلق کی طرف سے گم کردہ راہ رووں کے لیے پیغام امن و سعادت ہے۔ قرآن حکیم طبیب ازلی کی طرف سے بیمار انسانوں کے لیے نسخۂ شفا ہے' قرآن جلیل ربِ ذوالجلال کی طرف سے سرکش مخلوق کے لیے آوازہ ہیبت و جلالت ہے۔ قرآن شریف ربِ ذوالمنن کی طرف سے فرمانبرداروں کے لیے نوید عنایت ہے' قرآن کریم معبودِ جلیل و جمیل کی طرف سے شکستہ دلوں' بے چین روحوں اور مضطرب کانوں کے لیے نغمہ پیار و محبت ہے۔

جہاں تک قرآن حکیم کے ترجمہ کا تعلق ہے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ دورِ حاضر میں جتنے ہی اُردو میں تراجم ہوتے ہیں' ان سب کا ماخذ کنزالایمان ہے' پوری دنیا میں جو پذیرائی کنزالایمان کو حاصل ہوئی ہے کسی اور ترجمہ کو نہیں مل سکی' یہ ایک حقیقت ہے کہ امام اہل سنت مجدد دین و ملت الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ایک عظیم شاہکار ہے اور اپنے نہج میں وہ ایک ہی ترجمہ ہے لیکن اس میں ایسے مشکل الفاظ موجود ہیں اور کچھ الفاظ فارسی و عربی اور پرانی اُردو ترکیبوں پر مشتمل ہیں جو عام قاری قرآن کی سمجھ میں نہیں آتے تھے' اس لیے ہم نے اس ترجمہ کے الفاظ کو آسان اُردو میں تبدیل کیا اور ساتھ ہی لفظی ترجمہ میں بھی تبدیل کر دیا۔

لہٰذا یہ اعلیٰ حضرت کے بامحاورہ ترجمہ کنزالایمان کا لفظ بہ لفظ پہلا ترجمہ ہے' کوشش کے باوجود قرآنی بلاغت کی عظمتوں کو چھونا بہت مشکل معاملہ ہے' فہم میں غلطی کھانا اور آرائے فہم میں کمزوری کا رہ جانا بشر کی بشریت کا تقاضا ہے اور قرآن کے اعجاز کی دلیل ہے' قرآن کے الفاظ و معانی کے بحرِ بیکراں کی حقیقت تک رسائی ممکن نہیں۔

اس ترجمہ میں ہم نے الفاظِ قرآن کی ترتیب کو حتی الامکان ملاحظہ رکھا ہے اور مفہوم قرآن کو عام کرنے کے لیے سلیس اور سادہ زبان اختیار کی ہے۔

جہاں جملہ مکمل کرنے کے لیے کوئی لفظ شامل کرنے کی ناگزیر ضرورت تھی' ایسے مقامات کو بریکٹ کے استعمال سے واضح کر دیا گیا ہے تاکہ قرآن کی زندہ عبارت کی تاثیر متاثر نہ ہو اور پڑھنے والا اس کا لفظ لفظ اس اعتماد سے پڑھے کہ میرے رب کا کلام ہے۔

اپنی کمیوں اور کوتاہیوں کے اعتراف کے ساتھ اربابِ علم و دانش سے بڑے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ترجمہ میں کہیں کوئی ایسی جگہ پائیں جہاں اصلاح کی ضرورت محسوس کریں تو نشاندہی فرماتے ہوئے راقم کو مطلع فرمائیں' اسے شکریہ کے ساتھ قبول کیا جائے گا اور ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اصلاح کر دی جائے گی۔

خصوصاً ادارہ مشتاق بک کارنر کے ایم ڈی جناب محمد مشتاق بٹ صاحب اور محمد خالد منیر بٹ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس عظیم ترین کام کی اشاعت کا ذمہ لیا اور پورے طباعتی حسن کے ساتھ اس کو شائع کیا' اللہ تعالیٰ ادارہ کے تمام افراد و معاونین کو اجر عظیم عطا فرمائے اور ہم سب کی غلطیوں کو قرآن اور صاحبِ قرآن کے صدقے معاف فرمائے۔ اور اس ترجمہ قرآن کو عوام الناس کے لیے نفع بخش فرمائے۔ آمین!

غلطیوں پر معافی کا طلب گار
کوتاہیوں پر شرمسار
ابوحمزہ (مفتی) ظفر جبار چشتی

# قرآن مجید کی تلاوت کے احکام، آداب

کسی پاک اور صاف جگہ پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنی چاہیے۔ مسجد میں تلاوت کرنا بہت عمدہ ہے سر ڈھانک کر سکون، خضوع خشوع، وقار اور ادب کے ساتھ بیٹھ کر تلاوت کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے جو شخص قرآن مجید کی تلاوت کا ارادہ کرے اسے چاہیے کہ وہ اپنے منہ کو ہر قسم کی بد بو سے اچھی طرح صاف کرلے، یعنی وضو کرتے وقت مسواک اچھی طرح سے کرے، کیونکہ تلاوت قرآن مجید کے وقت فرشتے حاضر ہوتے ہیں بد بو سے اُن کو تکلیف ہوتی ہے اور خوشبو سے راحت ہوتی ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم اور بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھے، اور قرآن مجید کی آیات کے معانی میں غور وفکر اور تدبر تفکر کرے۔

قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ آہستہ آہستہ اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جلدی جلدی پورا قرآن پڑھنے کی نسبت میرے نزدیک یہ بہتر ہے کہ صرف ایک سورۃ ترتیل کے ساتھ پڑھ لی جائے۔

جب قرآن مجید کی کوئی ایسی آیت پڑھے جس میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کا ذکر ہو تو اللہ تعالیٰ سے اس کی رحمت اور مغفرت کا سوال کرے اور جب عذاب کی آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے پناہ طلب کرے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جب قرآن مجید ختم کرتے تو اپنے گھر والوں کو جمع کرتے اور دُعا مانگتے احادیث صحیحہ میں ہے کہ ختم قرآن کے وقت اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور دُعا قبول ہوتی ہے۔

الجزء ١١

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْتَذِرُوْنَ | اِلَيْكُمْ | اِذَا | رَجَعْتُمْ | اِلَيْهِمْ | قُلْ | لَا | تَعْتَذِرُوْا | لَنْ نُّؤْمِنَ |
| بہانے بنائیں گے | تم سے | جب | آپ لوٹ کر جاؤ گے | انکی طرف | آپ فرمانا | نہ | بہانے بناؤ | ہرگز نہ یقین کرینگے ہم |

جب آپ ان کے پاس واپس جائیں گے تو وہ تمہارے سامنے بہانے بنائیں گے فرمادیجئے ''بہانے نہ بناؤ

لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | قَدْ | نَبَّاَنَا | اللّٰهُ | مِنْ اَخْبَارِكُمْ | وَسَيَرَى | اللّٰهُ | عَمَلَكُمْ | وَ | رَسُوْلُهٗ |
| تمہارا | بیشک | زیدی ہیں ہم کو | اللہ نے | تمہاری خبریں | اور جلدی دیکھے گا | اللہ | تمہارے کام | اور | اس کا رسول |

ہم تمہاری بات نہیں مانیں گے اللہ نے ہمیں تمہارے حالات بتا دیئے ہیں اور اب اللہ اور اس کا رسول

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | تُرَدُّوْنَ | اِلٰى | عٰلِمِ | الْغَيْبِ | وَ | الشَّهَادَةِ | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ |
| پھر | پلٹ کر جاؤ گے | طرف | جاننے والے | غیب | اور | حاضر کی | تو بتائے گا تم کو | جو | تھے تم |

تمہارا کام دیکھیں گے پھر تم پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے کی طرف پھیر دیئے جاؤ گے پھر وہ تمہیں بتائے گا

تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | سَيَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | لَكُمْ | اِذَا | انْقَلَبْتُمْ | اِلَيْهِمْ | لِتُعْرِضُوْا |
| عمل کرتے | جلد قسمیں کھائیں گے | اللہ کی | تمہارے سامنے | جب | پلٹ کر جاؤ گے | ان کی طرف | تاکہ منہ پھیرو |

جو تم کیا کرتے تھے'' اب وہ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے جب تم ان کی طرف پلٹ کر جاؤ گے

عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ؗ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمْ | فَاَعْرِضُوْا | عَنْهُمْ | اِنَّهُمْ | رِجْسٌ | وَّمَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ |
| ان سے | تو منہ پھیرلو | ان سے | بیشک وہ | پلید ہیں | اور ان کا ٹھکانہ | جہنم ہے |

تاکہ ان سے تم اپنی توجہ ہٹائے رکھو تو (اے مسلمانو!) تم ان کی طرف اعراض نہ کرو بے شک وہ ناپاک ہیں اور ان کا

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزَآءً | بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | يَحْلِفُوْنَ | لَكُمْ | لِتَرْضَوْا | عَنْهُمْ | فَاِنْ |
| بدلہ | اس کا جو | تھے | کماتے | قسمیں کھاتے ہیں | تمہارے سامنے | تاکہ آپ راضی ہوں | ان سے | تو اگر |

ٹھکانا جہنم ہے یہ سزا ہے اس کی جو وہ کرتے تھے۔ وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے کہ تم ان سے راضی جاؤ

تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرْضَوْا | عَنْهُمْ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَرْضٰى | عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ |
| آپ راضی ہو جاؤ | ان سے | تو بیشک | اللہ | نہیں | راضی ہوتا | فاسق لوگوں سے |

تو اگر تم سب ان سے راضی ہو (بھی) جاؤ تو بیشک اللہ راضی نہ ہو گا نافرمانی کرنے والوں سے۔

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْاَعْرَابُ | اَشَدُّ | كُفْرًا | وَّ | نِفَاقًا | وَّ | اَجْدَرُ | اَلَّا | يَعْلَمُوْا | حُدُوْدَ | مَآ | اَنْزَلَ |
| گنوار | بہت سخت ہیں | کفر | اور | نفاق میں | اور | بہت لائق ہیں | یہ کہ نہ | جانیں | حدیں | اس کی جو | اتاری |

دیہاتی کفر اور نفاق میں زیادہ سخت ہیں اور اسی قابل ہیں کہ اللہ نے جو حکم اپنے رسول پر نازل فرمائے ہیں

اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَلٰى | رَسُوْلِهٖ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | وَ | مِنَ الْاَعْرَابِ | مَنْ |
| اللہ نے | اوپر | اپنے رسول کے | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | اور | کچھ گنوار ہیں | جو |

اس سے جاہل رہیں اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔ اور بعض دیہاتی وہ ہیں جو اللہ کی راہ میں

يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَّخِذُ | مَا | يُنْفِقُ | مَغْرَمًا | وَّ | يَتَرَبَّصُ | بِكُمُ | الدَّوَآئِرَ | عَلَيْهِمْ | دَآئِرَةُ |
| سمجھتے ہیں | اسکو جو | خرچ کرتے ہیں | تاوان | اور | انتظار کرتے ہیں | آپ کے متعلق | گردش کا | ان ہی پر ہے | گردش |

خرچ کرتے ہیں اسے تاوان سمجھتے ہیں اور تم پر گردشیں آنے کے انتظار میں ہیں ان ہی پر ہے بری گردش کا وبال

السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ

| السَّوْءِ | وَ | اللّٰهُ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | وَ | مِنَ الْاَعْرَابِ | مَنْ | يُّؤْمِنُ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بری | اور | اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | اور | کچھ گاؤں والے وہ ہیں | جو | ایمان لاتے ہیں | اللہ |

اور اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور دیہاتیوں میں وہ بھی ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

| وَ | الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | وَ | يَتَّخِذُ | مَا | يُنْفِقُ | قُرُبٰتٍ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | صَلَوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قیامت کے دن پر | اور | سمجھتے ہیں | جو | خرچ کرتے ہیں | قربت کا سبب | نزدیک | اللہ کے | اور | دعاؤں |

پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ وہ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کا قرب اور رسول کی دعاؤں کے حصول

الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ

| الرَّسُوْلِ | اَلَآ | اِنَّهَا | قُرْبَةٌ | لَّهُمْ | سَيُدْخِلُهُمُ | اللّٰهُ | فِيْ رَحْمَتِهٖ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول کا سبب | خبردار | بیشک وہ | قربت ہے | ان کیلئے | جلدی داخل کرے گا ان کو | اللہ | اپنی رحمت میں | بیشک |

کا ذریعہ سمجھتے ہیں آگاہ رہو! بے شک یہ ان کیلئے قرب کا ذریعہ ہے اللہ انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ ع وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ

ع ١٢

| اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | السّٰبِقُوْنَ | الْاَوَّلُوْنَ | مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اور | سب میں | اگلے | مہاجرین |

اللہ بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے۔ اور مہاجرین اور انصار میں پہل کرنے والے پہلے لوگ اور وہ جنہوں نے

وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

| وَالْاَنْصَارِ | وَ | الَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْهُمْ | بِاِحْسَانٍ | رَّضِيَ اللّٰهُ | عَنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور انصار سے | اور | وہ جنہوں نے | ان کی پیروی کی | نیکی کے ساتھ | اللہ راضی ہوا | ان سے |

نیک عمل کے ساتھ ان کی پیروی کی ان سے اللہ خوش ہے اور وہ اللہ سے خوش ہیں اور ان کیلئے اس نے

وَرَضُوۡا عَنۡهُ وَاَعَدَّ لَهُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ تَحۡتَهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ

| وَ | رَضُوۡا | عَنۡهُ | وَ | اَعَدَّ | لَهُمۡ | جَنّٰتٍ | تَجۡرِىۡ | تَحۡتَهَا | الۡاَنۡهٰرُ | خٰلِدِيۡنَ | فِيۡهَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ راضی ہوئے | اس سے | اور | تیار کیا اس نے | ان کیلئے | باغ | بہتی ہیں | اسکے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں |

ایسے باغ تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور جن میں وہ ہمیشہ

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۱۰۰﴾ وَمِمَّنۡ حَوۡلَكُمۡ مِّنَ الۡاَعۡرَابِ

| اَبَدًا | ذٰلِكَ | الۡفَوۡزُ | الۡعَظِيۡمُ | وَمِمَّنۡ | حَوۡلَكُمۡ | مِّنَ الۡاَعۡرَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ ہمیشہ تک | یہی ہے | کامیابی | بڑی | اوران سے | جوتمہارے آس پاس ہیں | کچھ گنوار |

ہمیشہ رہیں گے یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور تمہارے آس پاس کے کچھ دیہاتی منافق ہیں

مُنٰفِقُوۡنَ ؕ وَمِنۡ اَهۡلِ الۡمَدِيۡنَةِ ۛ مَرَدُوۡا عَلَى النِّفَاقِ ۛ

النصف ۱۰۱ ع ۱۵

| مُنٰفِقُوۡنَ | وَمِنۡ | اَهۡلِ الۡمَدِيۡنَةِ | مَرَدُوۡا | عَلَى النِّفَاقِ |
|---|---|---|---|---|
| منافق ہیں | اور | مدینہ والوں میں سے | جو اڑ گئے | نفاق پر |

اور مدینے والوں میں سے کچھ وہ لوگ ہیں جو نفاق پر اڑ گئے ہیں آپ انہیں نہیں جانتے

لَا تَعۡلَمُهُمۡ ؕ نَحۡنُ نَعۡلَمُهُمۡ ؕ سَنُعَذِّبُهُمۡ مَّرَّتَيۡنِ ثُمَّ يُرَدُّوۡنَ اِلٰى

| لَا تَعۡلَمُهُمۡ | نَحۡنُ | نَعۡلَمُهُمۡ | سَنُعَذِّبُهُمۡ | مَّرَّتَيۡنِ | ثُمَّ | يُرَدُّوۡنَ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم انکو نہیں جانتے | ہم | ان کو جانتے ہیں | جلدی سزا دینگے ہم انکو | دو مرتبہ | پھر | پھیرے جائینگے | طرف |

ہم انہیں جانتے ہیں عنقریب ہم انہیں دو مرتبہ عذاب دیں گے پھر وہ بڑے عذاب کی طرف

عَذَابٍ عَظِيۡمٍ ﴿۱۰۱﴾ ۚ وَاٰخَرُوۡنَ اعۡتَرَفُوۡا بِذُنُوۡبِهِمۡ خَلَطُوۡا عَمَلًا

| عَذَابٍ | عَظِيۡمٍ | وَ | اٰخَرُوۡنَ | اعۡتَرَفُوۡا | بِذُنُوۡبِهِمۡ | خَلَطُوۡا | عَمَلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | بڑے کی | اور | کچھ اور ہیں | جنہوں نے اقرار کیا | اپنے گناہوں کا | انہوں نے ملائے | عمل |

لوٹائے جائیں گے۔ اور (کچھ) دوسرے ہیں انہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا انہوں نے کچھ

صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَالِحًا | وَّ | اٰخَرَ | سَيِّئًا | عَسَى | اللّٰهُ | اَنْ يَّتُوْبَ | عَلَيْهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| نیک | اور | کچھ | برے | قریب ہے | اللہ تعالیٰ | کہ توبہ قبول کرے | ان کی | بیشک | اللہ |

نیک کاموں کو دوسرے برے کاموں سے ملادیا قریب ہے کہ اللہ ان پر رجوع برحمت ہو بے شک اللہ بہت

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | خُذْ | مِنْ اَمْوَالِهِمْ | صَدَقَةً | تُطَهِّرُهُمْ | وَ | تُزَكِّيْهِمْ |
| بخشنے والا | مہربان ہے | حاصل کرو | ان کے مال سے | صدقہ | ستھرا کرو ان کو | اور | پاک کرو ان کو |

بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اے محبوب ﷺ! ان کے مالوں میں سے صدقہ لو جس سے آپ انہیں ستھرا اور پاکیزہ

بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَا | وَصَلِّ | عَلَيْهِمْ | اِنَّ | صَلٰوتَكَ | سَكَنٌ | لَّهُمْ | وَ | اللّٰهُ | سَمِيْعٌ |
| اسکے ساتھ | اور دعا کرو | ان کے لیے | بیشک | تمہاری دعا | چین ہے | ان کیلئے | اور | اللہ | سننے والا |

کردیں اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو بے شک تمہاری دُعا ان کے دلوں کا چین ہے اور اللہ خوب سننے والا

عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌ | اَلَمْ | يَعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | يَقْبَلُ | التَّوْبَةَ | عَنْ عِبَادِهٖ | وَ | يَاْخُذُ |
| جاننے والا ہے | کیا نہیں | جانا انہوں نے | کہ بیشک | اللہ | وہی ہے جو | قبول کرتا ہے | توبہ | اپنے بندوں سے | اور | لیتا ہے |

جاننے والا ہے۔ کیا انہیں خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا اور

الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّدَقٰتِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ | وَ | قُلِ | اعْمَلُوْا | فَسَيَرَى |
| صدقے | اور | بیشک | اللہ | ہی | توبہ قبول کرنے والا | مہربان ہے | اور | فرماؤ | عمل کرو | پھر جلدی دیکھے گا |

صدقات قبول فرما لیتا ہے اور یہ کہ اللہ ہی قبول فرمانے والا مہربان ہے۔ اور اے محبوب ﷺ فرما دیجئے

اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَمَلَكُمْ | وَ | رَسُوْلُهٗ | وَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | سَتُرَدُّوْنَ | اِلٰى | عٰلِمِ | الْغَيْبِ |
| اللہ | تمہارے عمل | اور | اس کا رسول | اور | مسلمان | اور | جلدی پھیرے جاؤ گے تم | طرف | جاننے والے | غیب |

! عمل کرو پھر اللہ اور اس کا رسول اور مومن تمہارا عمل دیکھیں گے اور تم پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے کی طرف

وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۚ ﴿١٠٥﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الشَّهَادَةِ | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | وَاٰخَرُوْنَ | مُرْجَوْنَ |
| اور | حاضر کی | پھر وہ تمہیں بتائے گا | جو کچھ | تھے تم | عمل کرتے | اور کچھ دوسرے ہیں | جو مہلت دیئے گئے ہیں |

پھیر دیئے جاؤ گے پھر وہ تمہیں بتائے گا جو تم کیا کرتے تھے۔ اور بعض دوسروں کو اللہ کے حکم کیلئے

لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠٦﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاَمْرِ اللّٰهِ | اِمَّا | يُعَذِّبُهُمْ | وَ | اِمَّا | يَتُوْبُ | عَلَيْهِمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ |
| اللہ کے حکم تک | یا تو | ان کو سزا دے گا | اور | یا پھر | توبہ قبول کرے گا | ان کی | اور | اللہ | علم والا | حکمت والا ہے |

ڈھیل دی گئی ہے کہ چاہے تو انہیں عذاب دے اور چاہے تو ان کی توبہ قبول کرے اور اللہ علم والا حکمت والا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا ۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا | مَسْجِدًا | ضِرَارًا | وَّ | كُفْرًا | وَّ | تَفْرِيْقًا | بَيْنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| اور | وہ جنہوں نے | بنائی | مسجد | دکھ دینے | اور | کفر کے سبب | اور | پھوٹ ڈالنے کیلئے | درمیان | مسلمانوں کے |

اور وہ لوگ جنہوں نے مسجد بنائی ضرر پہنچانے اور کفر کرنے اور مسلمانوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے

وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِرْصَادًا | لِّمَنْ | حَارَبَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | مِنْ قَبْلُ | وَلَيَحْلِفُنَّ | اِنْ |
| اور اسکے انتظار میں | جس نے | لڑائی کی | اللہ | اور | اسکے رسول سے | اس سے پہلے | اور ضرور قسمیں کھائینگے | کہ نہیں |

اور کمین گاہ اس شخص کی جو پہلے سے جنگ کر رہا ہے اللہ اور اس کے رسول سے اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے

اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝١٠٧ لَا تَقُمْ فِيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَدْنَآ | اِلَّا | الْحُسْنٰى | وَ | اللّٰهُ | يَشْهَدُ | اِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ | لَا | تَقُمْ | فِيْهِ |
| ارادہ کیا ہم نے | مگر | بھلائی کا | اور | اللہ | گواہی دیتا ہے | کہ یقیناً وہ | جھوٹے ہیں | نہ | کھڑے ہونا | اس میں |

کہ ہم نے بھلائی کے سوا کسی چیز کا ارادہ نہیں کیا اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک وہ ضرور جھوٹے ہیں۔ آپ اس مسجد میں کبھی

اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبَدًا | لَمَسْجِدٌ | اُسِّسَ | عَلَى التَّقْوٰى | مِنْ اَوَّلِ | يَوْمٍ | اَحَقُّ | اَنْ تَقُوْمَ |
| کبھی بھی | یقیناً وہ مسجد | جس کی بنیاد رکھی گئی ہے | پرہیزگاری پر | پہلے ہی | دن سے | وہ زیادہ حقدار ہے | کہ آپ کھڑے ہوں |

کھڑے نہ ہوں البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے وہی اس لائق ہے

فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | فِيْهِ | رِجَالٌ | يُّحِبُّوْنَ | اَنْ | يَّتَطَهَّرُوْا | وَ | اللّٰهُ | يُحِبُّ |
| اس میں | اس میں | ایسے لوگ ہیں | جو پسند کرتے ہیں | یہ کہ | وہ پاک رہیں | اور | اللہ | پسند کرتا ہے |

کہ آپ اس میں کھڑے ہوں اس میں ایسے لوگ ہیں جو خوب پاک ہونے

الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝١٠٨ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُطَّهِّرِيْنَ | اَفَمَنْ | اَسَّسَ | بُنْيَانَهٗ | عَلٰى تَقْوٰى | مِنَ اللّٰهِ |
| پاک لوگوں کو | کیا پھر جس نے | رکھی | اس کی بنیاد | پرہیزگاری پر | اللہ سے |

کو پسند کرتے ہیں اور اللہ خوب پاک ہونے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ پھر کیا ایسا شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت کی بنیاد

وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رِضْوَانٍ | خَيْرٌ | اَمْ | مَّنْ | اَسَّسَ | بُنْيَانَهٗ | عَلٰى | شَفَا | جُرُفٍ | هَارٍ |
| اور | رضامندی پر | بہتر ہے | یا | وہ جس نے | رکھی | اس کی بنیاد | اوپر | کنارے | کھائی | گرنیوالی کے |

اللہ سے ڈرنے پر اور اللہ کی خوشنودی پر رکھی ہو یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی کھائی کے کنارے پر

فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْهَارَ | بِهٖ | فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ | وَ | اللّٰهُ | لَا يَهْدِي | الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ |
| ڈھے تو پڑا وہ | اسکے ساتھ | جہنم کی آگ میں | اور | اللہ | راہ نہیں دیتا | ظالموں کو |

جو کہ گرنے ہی کو ہو رہی ہو پھر وہ اس کو لے کر آتشیں دوزخ میں گر پڑے اور اللہ ایسے ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَزَالُ | بُنْيَانُهُمُ | الَّذِيْ | بَنَوْا | رِيْبَةً | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | اِلَّآ | اَنْ | تَقَطَّعَ |
| ہمیشہ رہے گی | ان کی عمارت | جو | انہوں نے بنائی | کھٹکے گی | ان کے دلوں میں | مگر | یہ کہ | ٹکڑے ہو جائیں |

بے شک وہ عمارت جس کی تعمیر انہوں نے کی ہمیشہ ان کے دلوں میں کھٹکتی رہے گی مگر یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبُهُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | اِنَّ | اللّٰهَ | اشْتَرٰى | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ |
| انکے دل | اور | اللہ | علم والا | حکمت والا ہے | بیشک | اللہ نے | خرید لیے ہیں | مسلمانوں سے |

ہو جائیں اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔ اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں

اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۗ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَهُمْ | وَ | اَمْوَالَهُمْ | بِاَنَّ | لَهُمُ | الْجَنَّةَ | يُقَاتِلُوْنَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
| ان کی جانیں | اور | ان کے مال | اس بدلے میں | کہ انکے لیے | جنت ہے | لڑتے ہیں | میں | راہ | اللہ |

اور ان کے مال جنت کے بدلے میں خرید لیے ہیں۔ وہ اللہ کی راہ میں جنگ کرتے ہیں

فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۣ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَقْتُلُوْنَ | وَ | يُقْتَلُوْنَ | وَعْدًا | عَلَيْهِ | حَقًّا | فِي التَّوْرٰىةِ | وَ | الْاِنْجِيْلِ |
| پھر مارتے ہیں | اور | مرتے ہیں | وعدہ ہے | اس پر | سچا | توریت | اور | انجیل |

پھر قتل کرتے ہیں اور قتل کیے جاتے ہیں یہ سچا وعدہ توریت انجیل

وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْقُرْاٰنِ | وَ | مَنْ | اَوْفٰى | بِعَهْدِهٖ | مِنَ اللّٰهِ | فَاسْتَبْشِرُوْا | بِبَيْعِكُمُ | الَّذِىْ |
| اور | قرآن میں | اور | کون ہے | زیادہ قول کا پورا ہے | اپنے عہد کو | اللہ سے | تو خوش ہو | اپنے سودے سے | وہ جو |

اور قرآن میں ہے اور کون اللہ سے زیادہ اپنے وعدے کو پورا کرنے والا ہے سو اپنے سودے پر جو تم نے

بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بَايَعْتُمْ | بِهٖ | وَذٰلِكَ | هُوَ الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | اَلتَّآئِبُوْنَ | الْعٰبِدُوْنَ |
| سودا کیا ہے تم نے | اس کے ساتھ | اور یہ ہے | کامیابی | بڑی | توبہ کرنیوالے | عبادت گزار |

اس سے کیا ہے خوش ہو جاؤ اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ وہ (مؤمن) توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے

اَلْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَلْحٰمِدُوْنَ | السَّآئِحُوْنَ | الرّٰكِعُوْنَ | السّٰجِدُوْنَ | الْاٰمِرُوْنَ |
| تعریف کرنیوالے | روزہ رکھنے والے | رکوع کرنے والے | سجدہ کرنے والے | حکم کرنے والے |

حمد کرنے والے سفر کرنے والے رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے پسندیدہ باتوں کی تلقین کرنے والے

بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | النَّاهُوْنَ | عَنِ الْمُنْكَرِ | وَ | الْحٰفِظُوْنَ | لِحُدُوْدِ | اللّٰهِ |
| بھلائی کا | اور | روکنے والے | برائی سے | اور | حفاظت کرنیوالے | واسطے حدود | الٰہی کے |

ناپسندیدہ باتوں سے منع کرنے والے اور اللہ کی حدوں کی حفاظت کرنے والے ہیں اور (اے رسول ﷺ!)

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِىِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بَشِّرِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | مَا كَانَ | لِلنَّبِىِّ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اَنْ | يَّسْتَغْفِرُوْا |
| اور | خوشخبری دو | ایمان والوں کو | نہیں ہے | واسطے نبی کے | اور | ان لوگوں کے | جو ایمان لائے | یہ کہ | بخشش مانگیں |

آپ ان مؤمنوں کو خوشخبری دے دیجئے۔ نبی اور ایمان والوں کی شان کے یہ لائق نہیں

لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْمُشْرِكِيْنَ | وَلَوْ كَانُوْٓا | اُولِيْ | قُرْبٰى | مِنْۢ بَعْدِ | مَا تَبَيَّنَ | لَهُمْ | اَنَّهُمْ |
| مشرکوں کی | اگرچہ ہوں وہ | صاحب | قرابت | بعد اس کے کہ | کہ ظاہر ہوگیا | ان کے لیے | کہ وہ |

کہ وہ مشرکوں کیلئے بخشش طلب کریں اگرچہ وہ قرابت والے ہی ہوں جب ان پر یہ

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١١٣﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصْحٰبُ | الْجَحِيْمِ | وَ | مَا | كَانَ | اسْتِغْفَارُ | اِبْرٰهِيْمَ | لِاَبِيْهِ | اِلَّا عَنْ |
| صاحب | دوزخ ہیں | اور | نہیں | تھا | بخشش مانگنا | ابراہیم کا | اپنے باپ کے لیے | مگر |

ظاہر ہو چکا کہ وہ دوزخی ہیں۔ اور ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ (یعنی چچا آزر) کیلئے بخشش طلب کرنا صرف

مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّوْعِدَةٍ | وَّعَدَهَآ | اِيَّاهُ | فَلَمَّا | تَبَيَّنَ | لَهٗٓ | اَنَّهٗ | عَدُوٌّ | لِّلّٰهِ | تَبَرَّاَ | مِنْهُ | اِنَّ |
| وعدہ سے | جو وعدہ کیا | اس سے | پھر جب | ظاہر ہوگیا | اس کے لیے | کہ وہ | دشمن ہے | اللہ کا | تو بیزار ہوگیا | اس سے | بیشک |

اس وعدے کی بنا پر تھا جو وہ اس سے کر چکے تھے پھر جب ان پر ظاہر ہوگیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے بے شک

اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمَ | لَاَوَّاهٌ | حَلِيْمٌ | وَ | مَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيُضِلَّ | قَوْمًۢا | بَعْدَ اِذْ |
| ابراہیم | یقیناً دردمند تھا | حوصلے والا | اور | نہیں | ہے | اللہ | کہ گمراہ کرے | کسی قوم کو | بعد اس کے کہ |

ابراہیم علیہ السلام بہت نرم دل نہایت حلم والے تھے۔ اور اللہ کی شان نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت کر کے گمراہ فرمائے

هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰىهُمْ | حَتّٰى | يُبَيِّنَ | لَهُمْ | مَّا | يَتَّقُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ |
| ان کو ہدایت دی | یہاں تک | ظاہر ہوجائے | ان کے لیے | وہ جس سے | بچیں | بیشک | اللہ تعالیٰ | ہر | چیز کو | جاننے والا ہے |

جب تک انہیں صاف نہ بتا دے کہ کس چیز سے انہیں بچنا چاہیے بے شک اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّ | اللّٰهَ لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | يُحْيٖ | وَيُمِيْتُ | وَ | مَا | لَكُمْ |
| بیشک | اللہ ہی کے لیے ہے | سلطنت | آسمانوں | اور | زمین کی | وہ زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | اور | نہیں | تمہارے لیے |

بے شک اللہ ہی کیلئے ہے آسمانوں اور زمین کی سلطنت وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مِنْ وَّلِيٍّ | وَّ | لَا | نَصِيْرٍ | لَقَدْ | تَّابَ | اللّٰهُ | عَلَى النَّبِيِّ |
| سوا | اللہ کے | کوئی والی | اور | نہ | مددگار | بیشک | متوجہ ہوا | اللہ | غیب کی خبریں بتانےوالے پر |

اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی والی ہے اور نہ مددگار۔ اب اللہ نے غیب کی خبریں بتانے والے نبی اور ان مہاجرین پر رجوع

وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُهٰجِرِيْنَ | وَ | الْاَنْصَارِ | الَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْهُ | فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ |
| اور | مہاجرین | اور | انصار پر | جنہوں نے | پیروی کی ان کی | مشکل گھڑی میں |

رحمت فرمایا جنہوں نے مشکل گھڑی میں انکا ساتھ دیا اس کے باوجود کہ ان کے ایک گروہ کے دل ٹیڑھے ہو

مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِ | مَا كَادَ | يَزِيْغُ | قُلُوْبُ | فَرِيْقٍ | مِّنْهُمْ | ثُمَّ تَابَ | عَلَيْهِمْ | اِنَّهٗ | بِهِمْ |
| بعد اس کے کہ | قریب تھے کہ | پھر جائیں | دل | کچھ لوگوں کے | ان سے | پھر متوجہ ہوا | ان پر | بیشک وہ | ان پر |

جانے کو تھے پھر بھی ان پر رحمتیں متوجہ ہوئیں بے شک وہ ان پر

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰٓى اِذَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | وَّ | عَلَى الثَّلٰثَةِ | الَّذِيْنَ | خُلِّفُوْا | حَتّٰى | اِذَا |
| شفقت کرنے والا | مہربان ہے | اور | اوپر ان تینوں کے | جو | موقوف رکھے گئے تھے | یہاں تک کہ | جب |

مہربان اور رحم فرمانے والا ہے۔ اور ان تین پر بھی جو پیچھے رہ گئے تھے یہاں تک کہ

ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ

| ضَاقَتْ | عَلَيْهِمُ | الْاَرْضُ | بِمَا | رَحُبَتْ | وَ | ضَاقَتْ | عَلَيْهِمْ | اَنْفُسُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تنگ ہو گئی | ان پر | زمین | باوجود | وسیع ہونے کے | اور | تنگ ہو گئیں | ان پر | ان کی جانیں |

زمین اس کے باوجود کہ وہ کشادہ ہے ان پر تنگ ہو گئی اور اپنا آپ ان پر تنگ ہو گیا اور وہ سمجھے کہ اللہ سے بچ

وَظَنُّوْا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ

| وَ | ظَنُّوْا | اَنْ لَّا | مَلْجَاَ | مِنَ اللّٰهِ | اِلَّاۤ اِلَيْهِ | ثُمَّ تَابَ | عَلَيْهِمْ | لِيَتُوْبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | خیال کیا انہوں نے | کہ نہیں ہے | کوئی پناہ کی جگہ | اللہ سے | مگر اسی کے پاس | پھر توبہ قبول کی | ان کی | تاکہ ثابت رہیں |

کر جانے کی کوئی جگہ نہیں اگر اس کے پاس، پھر اس نے ان پر رحمت فرمائی تاکہ وہ توبہ کریں بے شک اللہ ہی بڑا

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١١٨﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ ١٥ ع ٣

| اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | وہی ہے | توبہ قبول کرنیوالا | مہربان | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے |

توبہ قبول فرمانے والا، رحم فرمانے والا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو

وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١١٩﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ

| وَ | كُوْنُوْا | مَعَ | الصّٰدِقِيْنَ | مَا كَانَ | لِاَهْلِ | الْمَدِيْنَةِ | وَ | مَنْ | حَوْلَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہو جاؤ | ساتھ | سچے لوگوں کے | نہیں ہے حق | مدینے | والوں کا | اور | ان کا جو | ان کے ارد گرد ہیں |

اور سچوں کی صحبت اختیار کرو۔ لائق نہ تھا مدینے والوں کو اور ان لوگوں کو جو ان کے آس پاس

مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ

| مِّنَ الْاَعْرَابِ | اَنْ | يَّتَخَلَّفُوْا | عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ | وَلَا | يَرْغَبُوْا | بِاَنْفُسِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دیہاتوں سے | یہ کہ وہ | پیچھے رہیں | اللہ کے رسول سے | اور | ترجیح دیں | اپنی جانوں کو |

دیہاتی لوگ ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ رسول کی جان سے زیادہ اپنی جانوں

عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ نَّفْسِهٖ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | لَا | يُصِيْبُهُمْ | ظَمَاٌ | وَّ | لَا | نَصَبٌ |
| ان کی جان سے | یہ | اس لیے کہ | نہیں | پہنچتی ان کو | پیاس | اور | نہ | تھکاوٹ |

کو ترجیح دیں یہ اس لئے کہ انہیں اللہ کی راہ میں نہیں پہنچتی کوئی پیاس اور نہ مشقت

وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | مَخْمَصَةٌ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَ | لَا | يَطَـُٔوْنَ | مَوْطِئًا | يَّغِيْظُ | الْكُفَّارَ |
| اور | نہ | بھوک | اللہ کی راہ میں | اور | نہیں | قدم رکھتے | کسی جگہ پر | تاکہ غضبناک کرے | کافروں کو |

اور نہ بھوک اور وہ جو قدم بھی کافروں کو غصہ دلانے کے لیے اٹھاتے ہیں

وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَنَالُوْنَ | مِنْ عَدُوٍّ | نَّيْلًا | اِلَّا | كُتِبَ | لَهُمْ | بِهٖ | عَمَلٌ | صَالِحٌ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اور | نہیں | پاتے | دشمن سے | کچھ پانا | مگر | لکھا جاتا ہے | ان کیلئے | اسکے ساتھ | عمل | نیک | بیشک | اللہ |

اور وہ نہیں چھینتے دشمن سے کوئی چیز لیکن ان کیلئے نیک عمل لکھا جاتا ہے بے شک

لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُضِيْعُ | اَجْرَ | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | لَا | يُنْفِقُوْنَ | نَفَقَةً | صَغِيْرَةً |
| نہیں | ضائع کرتا | اجر | نیکوں کا | اور | نہیں | خرچ کرتے | کوئی خرچ | چھوٹا |

اللہ نیکی کرنے والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتا۔ اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں چھوٹا یا بڑا

وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَا | كَبِيْرَةً | وَّ | لَا | يَقْطَعُوْنَ | وَادِيًا | اِلَّا | كُتِبَ | لَهُمْ | لِيَجْزِيَهُمُ | اللّٰهُ | اَحْسَنَ |
| اور نہ | بڑا | اور | نہیں | قطع کرتے | وادی | مگر | لکھا جاتا ہے | ان کیلئے | تاکہ بدلہ دے ان کو | اللہ | اچھا |

اور جو وادی میں طے کرتے ہیں سب ان کیلئے لکھا جاتا ہے تاکہ اللہ ان کے سب سے بہتر

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢١﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ۭ فَلَوْلَا نَفَرَ

| مَاكَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | مَا | كَانَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | لِيَنْفِرُوْا | كَآفَّةً | فَلَوْلَا | نَفَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کا کہ تھے وہ | عمل کرتے | اور | نہیں | ہیں | مومن | کہ نکل جائیں | سب کے سب | پھر کیوں نہ | نکلا |

کاموں کا انہیں صلہ دے۔ اہل ایمان کو یہ نہ چاہیے کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوں ایسا کیوں نہ

مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا

| مِنْ كُلِّ | فِرْقَةٍ | مِّنْهُمْ | طَآئِفَةٌ | لِّيَتَفَقَّهُوْا | فِي الدِّيْنِ | وَ | لِيُنْذِرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر ایک | گروہ سے | ان میں سے | ایک جماعت | تاکہ سمجھ حاصل کریں | دین میں | اور | تاکہ ڈرائیں |

ہو کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے تاکہ وہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور تاکہ یہ لوگ

قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع

| قَوْمَهُمْ | اِذَا | رَجَعُوْٓا | اِلَيْهِمْ | لَعَلَّهُمْ | يَحْذَرُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی قوم کو | جب | وہ لوٹیں | ان کی طرف | تاکہ وہ | بچیں | اے | لوگو جو |

اپنی قوم کو جب کہ وہ ان کے پاس آئیں ڈرائیں تاکہ وہ ڈر جائیں۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ۭ

| اٰمَنُوْا | قَاتِلُوا | الَّذِيْنَ | يَلُوْنَكُمْ | مِّنَ الْكُفَّارِ | وَ | لْيَجِدُوْا | فِيْكُمْ | غِلْظَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے ہو | لڑو | ان سے جو | تمہارے قریب ہیں | کافروں میں سے | اور | چاہیے کہ پائیں وہ | تم میں | سختی |

ان کافروں سے جو تمہارے آس پاس رہتے ہیں جنگ کرو اور ان کو چاہئے کہ وہ تم میں سختی پائیں

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٣﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ

| وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | مَعَ | الْمُتَّقِيْنَ | وَ | اِذَا مَآ | اُنْزِلَتْ | سُوْرَةٌ | فَمِنْهُمْ | مَّنْ يَّقُوْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جان لو | بیشک | اللہ | ساتھ ہے | پرہیزگاروں کے | اور | جب | اتاری جاتی ہے | کوئی سورۃ | تو ان میں سے | وہ ہے جو کہتا ہے |

اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ اس سورت

اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

| اَيُّكُمْ | زَادَتْهُ | هٰذِهٖ | اِيْمَانًا | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فَزَادَتْهُمْ | اِيْمَانًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے کس کا | زیادہ کیا | اس نے | ایمان | پھر | وہ جو | ایمان لائے | زیادہ کیا ان کو | ایمان میں |

نے تم میں سے کس کے ایمان کو بڑھایا ہے؟ ہاں وہ جو ایمان لائے ہیں ان کے ایمان کو اس نے بڑھا دیا ہے

وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

| وَّ | هُمْ | يَسْتَبْشِرُوْنَ | وَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | فَزَادَتْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | خوشیاں مناتے ہیں | اور | پھر | وہ جن کے | دلوں میں | بیماری ہے | زیادہ کی انکی |

اور وہ خوشیاں مناتے ہیں۔ اور جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق) بیماری ہے تو ان کیلئے گندگی

رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ

| رِجْسًا | اِلٰى رِجْسِهِمْ | وَ | مَاتُوْا | وَ | هُمْ | كٰفِرُوْنَ | اَوَ | لَا | يَرَوْنَ | اَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پلیدی | ان کی پلیدی میں | اور | مرے | اور | وہ | کافر تھے | کیا | نہیں | دیکھتے | کہ وہ |

پر گندگی کو بڑھا دیا اور وہ اس حال میں مرے کہ کافر ہی تھے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہر سال میں

يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ

| يُفْتَنُوْنَ | فِيْ كُلِّ | عَامٍ | مَّرَّةً | اَوْ | مَرَّتَيْنِ | ثُمَّ | لَا | يَتُوْبُوْنَ | وَ | لَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آزمائے جاتے ہیں | ہر ایک | سال میں | ایک دفعہ | یا | دو دفعہ | پھر | نہیں | توبہ کرتے | اور | نہ | وہ |

ایک یا دو مرتبہ وہ آزمائے جاتے ہیں پھر وہ کیوں توبہ نہیں کرتے اور نہ وہ نصیحت

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى

| يَذَّكَّرُوْنَ | وَاِذَا | مَآ اُنْزِلَتْ | سُوْرَةٌ | نَّظَرَ | بَعْضُهُمْ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت پکڑتے ہیں | اور جب | بھی اتاری جاتی ہے | کوئی سورۃ | دیکھتا ہے | بعض ان کا | طرف |

قبول کرتے ہیں۔ اور جب کوئی سورت اُترتی ہے ان میں ایک دوسرے کو

بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ

| بَعْضٍ | هَلْ | يَرٰىكُمْ | مِّنْ اَحَدٍ | ثُمَّ | انْصَرَفُوْا | صَرَفَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعض کی | کیا | دیکھتا ہے تمہیں | کوئی | پھر | پلٹ جاتے ہیں | پلٹ دیے | اللہ نے |

دیکھنے لگتا ہے کہ کوئی تمہیں دیکھتا تو نہیں پھر پلٹ جاتے ہیں اللہ نے ان کے

قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

| قُلُوْبَهُمْ | بِاَنَّهُمْ | قَوْمٌ | لَا يَفْقَهُوْنَ | لَقَدْ | جَآءَكُمْ | رَسُوْلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے دل | اس کے لیے کہ وہ | قوم ہیں | بے سمجھ | بے شک | آئے تمہارے پاس | رسول |

دل پلٹ دیئے کہ یقیناً یہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں۔ بے شک تمہارے پاس تشریف لائے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ

| مِّنْ اَنْفُسِكُمْ | عَزِيْزٌ | عَلَيْهِ | مَا | عَنِتُّمْ | حَرِيْصٌ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہاری جانوں سے | گراں ہے | اس پر | جو | تکلیف پاؤ تم | نہایت چاہنے والے | تمہاری بھلائی کے |

تم میں سے وہ رسول ﷺ جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ

| بِالْمُؤْمِنِيْنَ | رَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَقُلْ | حَسْبِيَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمانوں پر | کمال مہربان | مہربان | پھر اگر | وہ پھر جائیں | تو فرمادو | کافی ہے مجھے | اللہ |

مومنوں پر کمال مہربان اور مہربانی فرمانے والے۔ پھر بھی اگر وہ منہ موڑ لیتے ہیں تو فرما دیجئے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ ع ٥

| لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْتُ | وَ | هُوَ | رَبُّ | الْعَرْشِ | الْعَظِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | اسی پر | میں نے بھروسہ کیا | اور | وہ | رب ہے | عرش | بڑے کا |

"مجھے اللہ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں اس پر بھروسہ کرتا ہوں کہ وہی عرش عظیم کا مالک ہے"۔

آیاتہا ۱۰۹ ۔ ۱۰ سُوْرَۃُ یُوْنُسَ مَکِّیَّۃٌ ۵۱ ۔ رکوعاتہا ۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِیْمِ ۝۱ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓرٰ | تِلْكَ | اٰیٰتُ | الْكِتٰبِ | الْحَكِیْمِ | اَكَانَ | لِلنَّاسِ | عَجَبًا | اَنْ |
| الر | یہ | آیتیں ہیں | کتاب | حکمت والی کی | کیا ہے | لوگوں کو | تعجب | یہ کہ |

یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ

اَوْحَیْنَاۤ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَ بَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْحَیْنَاۤ | اِلٰى رَجُلٍ | مِّنْهُمْ | اَنْ | اَنْذِرِ | النَّاسَ | وَ | بَشِّرِ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْۤا |
| وحی کی ہم نے | ایک مرد کی طرف | ان میں سے | یہ کہ | ڈرائیں | لوگوں کو | اور | خوشخبری سنائیں | ان کو جو | ایمان لائے کہ |

ہم نے ان میں سے ایک مرد کو وحی بھیجی کہ لوگوں کو ڈر سناؤ اور ایمان

اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؔط قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّ | لَهُمْ | قَدَمَ | صِدْقٍ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | قَالَ | الْكٰفِرُوْنَ | اِنَّ | هٰذَا |
| بیشک | ان کے لیے | مقام | سچا | پاس | ان کے رب کے | کہا | کافروں نے | بیشک | یہ |

اگر تم ایمان لے آؤ تو اللہ کی دی ہوئی بچت وہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تمہیں یقین ہو اور میں کچھ

بِحَفِيْظٍ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِحَفِيْظٍ | قَالُوْا | يٰشُعَيْبُ | اَصَلٰوتُكَ | تَاْمُرُكَ | اَنْ | نَّتْرُكَ | مَا |
| نگہبان | بولے | اے شعیب | کیا تمہاری نماز | تم کو حکم دیتی ہے | یہ کہ | ہم چھوڑ دیں | جو |

تم پر نگہبان نہیں۔ وہ کہنے لگے اے شعیب علیہ السلام! کیا تمہاری نماز تجھے یہ تلقین کرتی ہے کہ ہم انہیں جن کی

يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْبُدُ | اٰبَآؤُنَا | اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ | فِيْٓ اَمْوَالِنَا | مَا | نَشٰٓؤُا | اِنَّكَ | لَاَنْتَ | الْحَلِيْمُ |
| پوجتے تھے | ہمارے باپ | یا یہ کہ ہم نہ کریں | اپنے مالوں میں | جو | ہم چاہیں | بیشک تو | یقیناتو | بردبار ہے |

عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے چھوڑ دیں یا یہ کہ اپنے مال میں جو چاہیں نہ کریں بے شک تو ہی بردبار

الرَّشِيْدُ ﴿٨٧﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّشِيْدُ | قَالَ | يٰقَوْمِ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | كُنْتُ | عَلٰى | بَيِّنَةٍ | مِّنْ رَّبِّيْ |
| نیک چلین | کہا | اے میری قوم | بھلا بتلاؤ | اگر | ہوں میں | اوپر | دلیل کے | اپنے رب سے |

اور سمجھدار ہے۔ ارشاد فرمایا اے میری قوم! کیا تم نے غور کیا کہ میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہوں اور اس نے

وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَزَقَنِيْ | مِنْهُ | رِزْقًا | حَسَنًا | وَمَآ | اُرِيْدُ | اَنْ | اُخَالِفَكُمْ | اِلٰى مَا | اَنْهٰىكُمْ |
| اور | اس نے مجھ کو رزق دیا | اپنی طرف سے | رزق | اچھا | اور نہیں | چاہتا ہیں | یہ کہ | مخالفت کروں میں تمہاری | اس چیز کی طرف | میں تمہیں روکتا ہوں |

مجھے اپنی طرف سے عمدہ رزق دیا ہے اور میں نہیں چاہتا کہ جس بات سے میں تمہیں روکتا ہوں اسی کو میں خود کرنے لگوں

عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُ | اِنْ | اُرِيْدُ | اِلَّا | الْاِصْلَاحَ | مَا اسْتَطَعْتُ | وَ | مَا | تَوْفِيْقِيْٓ | اِلَّا |
| اس سے | نہیں | چاہتا میں | مگر | درستی | جتنی میری طاقت ہے | اور | نہیں ہے | میری توفیق | مگر |

میں تو صرف جہاں تک مجھ سے ہو سکے اصلاح چاہتا ہوں اور میری توفیق تو صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے اسی پر میں

بِاللّٰهِ ؕ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَاِلَيۡهِ اُنِيۡبُ ﴿۸۸﴾ وَيٰقَوۡمِ لَا يَجۡرِمَنَّكُمۡ شِقَاقِيۡۤ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | عَلَيۡهِ | تَوَكَّلۡتُ | وَاِلَيۡهِ | اُنِيۡبُ | وَ | يٰقَوۡمِ | لَا يَجۡرِمَنَّكُمۡ | شِقَاقِيۡۤ |
| اللہ سے | اسی پر | میں نے بھروسہ کیا | اور اسی کی طرف | رجوع ہوتا ہوں | اور | اے میری قوم | تم کو مجرم نہ بنادے | میری ضد |

بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ اور اے میری قوم! میری مخالفت تمہارے لیے

اَنۡ يُّصِيۡبَكُمۡ مِّثۡلُ مَاۤ اَصَابَ قَوۡمَ نُوۡحٍ اَوۡ قَوۡمَ هُوۡدٍ اَوۡ قَوۡمَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡ | يُّصِيۡبَكُمۡ | مِّثۡلُ | مَاۤ | اَصَابَ | قَوۡمَ | نُوۡحٍ | اَوۡ | قَوۡمَ | هُوۡدٍ | اَوۡ | قَوۡمَ |
| یہ کہ | پہنچے تم کو | مثل | اس کی جو | پہنچا | قوم | نوح کو | یا | قوم | ہود کو | یا | قوم |

اس کا سبب نہ بن جائے کہ تم پر بھی وہ (عذاب) آجائے جو نوح علیہ السلام کے (انکار کرنے والے) لوگوں یا ہود علیہ السلام کے لوگوں یا صالح

صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوۡمُ لُوۡطٍ مِّنۡكُمۡ بِبَعِيۡدٍ ﴿۸۹﴾ وَاسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّكُمۡ ثُمَّ تُوۡبُوۡۤا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٰلِحٍ | وَ | مَا | قَوۡمُ | لُوۡطٍ | مِّنۡكُمۡ | بِبَعِيۡدٍ | وَاسۡتَغۡفِرُوۡا | رَبَّكُمۡ | ثُمَّ | تُوۡبُوۡۤا |
| صالح کو | اور | نہیں ہے | قوم | لوط | تم سے | کچھ دور | بخشش مانگو | اپنے رب سے | پھر | توبہ کرو |

علیہ السلام کے لوگوں پر آیا تھا اور لوط علیہ السلام کے لوگوں کا حال تم سے کچھ دور نہیں۔ اور اپنے رب سے بخشش مانگو پھر اس کی طرف رجوع

اِلَيۡهِ ؕ اِنَّ رَبِّيۡ رَحِيۡمٌ وَّدُوۡدٌ ﴿۹۰﴾ قَالُوۡا يٰشُعَيۡبُ مَا نَفۡقَهُ كَثِيۡرًا مِّمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيۡهِ | اِنَّ | رَبِّيۡ | رَحِيۡمٌ | وَّدُوۡدٌ | قَالُوۡا | يٰشُعَيۡبُ | مَا | نَفۡقَهُ | كَثِيۡرًا | مِّمَّا |
| اس کی طرف | بیشک | میرا رب | مہربان ہے | محبت کرنے والا | بولے | اے شعیب | نہیں | سمجھتے ہم | بہت سی | وہ باتیں |

کرو بے شک میرا رب بے حد رحم فرمانے والا محبت کرنے والا ہے۔ بولے اے شعیب علیہ السلام تمہاری باتیں ہماری سمجھ میں

تَقُوۡلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيۡنَا ضَعِيۡفًا ۚ وَلَوۡلَا رَهۡطُكَ لَرَجَمۡنٰكَ ۫ وَمَاۤ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقُوۡلُ | وَ | اِنَّا | لَنَرٰىكَ | فِيۡنَا | ضَعِيۡفًا | وَ | لَوۡ | لَا | رَهۡطُكَ | لَرَجَمۡنٰكَ | وَ | مَاۤ |
| جو تو کہتا ہے | اور | بیشک | ہم دیکھتے ہیں تجھے | اپنے اندر | کمزور | اور | اگر | نہ ہوتی | تیری برادری | تو تجھ پر ہم پتھراؤ کرتے | اور | نہیں |

نہیں آتیں اور بے شک ہم تمہیں اپنے میں کمزور دیکھتے ہیں اور اگر تمہارا خاندان نہ ہوتا تو ہم نے تم پر پتھراؤ کر دیا ہوتا اور ہماری

اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْۤ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | اَعَزُّ | اَرَهْطِيْۤ | يٰقَوْمِ | قَالَ | بِعَزِيْزٍ | عَلَيْنَا | اَنْتَ |
| اللہ سے | تم پر | زیادہ عزیز ہے | کیا میری برادری | اے میری قوم | کہا | غالب | ہم پر | تو |

نگاہ میں تم ہم پر زور آور نہیں ہو۔ کہا اے میری قوم! کیا تم پر اللہ سے زیادہ ہے میرے خاندان کا دباؤ اور اسے

وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحِيْطٌ | بِمَا تَعْمَلُوْنَ | رَبِّيْ | اِنَّ | ظِهْرِيًّا | وَرَآءَكُمْ | وَاتَّخَذْتُمُوْهُ |
| گھیرنے والا ہے | تمہارے عملوں کو | میرا رب | بیشک | ڈالا ہوا | اپنے پیچھے | اور پکڑ لیا تم نے اس کو |

بے شک جو کچھ تم کرتے ہو تم نے اپنی پیٹھ کے پیچھے ڈال رکھا یقیناً میرا رب اس کا احاطہ کیے ہوئے ہے جو تم کرتے ہو۔

وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | تَعْلَمُوْنَ | سَوْفَ | عَامِلٌ | اِنِّيْ | مَكَانَتِكُمْ | عَلٰى | اعْمَلُوْا | يٰقَوْمِ | وَ |
| کہ کس کے | جان لوگے | جلد ہی | عمل کرنے والا ہوں | بیشک میں بھی | اپنی جگہ کے | اوپر | عمل کرو | اے میری قوم | اور |

اور اے میری قوم! تم اپنی طریقے پر کام کرو میں بھی اپنے طریقے پر کام کرتا ہوں تم جلدی

يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْۤا اِنِّيْ مَعَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَكُمْ | اِنِّيْ | ارْتَقِبُوْۤا | وَ | كَاذِبٌ | هُوَ | مَنْ | وَ | يُّخْزِيْهِ | عَذَابٌ | يَّاْتِيْهِ |
| تمہارے ساتھ | بیشک میں | انتظار کرو | اور | جھوٹا | وہ | کون ہے | اور | جو رسوا کرے اسے | عذاب | آتا ہے |

جان لو گے کہ کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ

رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَهٗ | اٰمَنُوْا | الَّذِيْنَ | وَّ | شُعَيْبًا | نَجَّيْنَا | اَمْرُنَا | جَآءَ | لَمَّا | وَ | رَقِيْبٌ |
| اس کے ساتھ | جو ایمان لائے | ان کو | اور | شعیب کو | نجات دی ہم نے | ہمارا حکم | آیا | جب | اور | انتظار کرنے والا ہوں |

انتظار کرتا ہوں۔ اور جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے اپنی رحمت سے شعیب علیہ السلام کو اور ان کو جو اس کے ساتھ

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحْمَةٍ مِّنَّا | وَاَخَذَتِ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | الصَّيْحَةُ | فَاَصْبَحُوْا | فِيْ دِيَارِهِمْ |
| اپنی رحمت سے | اور پکڑ لیا | ان کو جنہوں نے | ظلم کیا | چنگھاڑنے | پھر ہو گئے | اپنے گھروں میں |

ایمان لائے تھے بچا لیا اور ظالموں کو ایک کڑک نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے

جٰثِمِيْنَ ﴿٩٤﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۗ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جٰثِمِيْنَ | كَاَنْ | لَّمْ | يَغْنَوْا | فِيْهَا | اَلَا | بُعْدًا | لِّمَدْيَنَ | كَمَا |
| گھٹنوں کے بل | گویا کہ | نہ | بسے تھے وہ | اس میں | خبردار | دوری ہے | مدین والوں کو | جیسے کہ |

پڑے رہ گئے۔ گویا وہاں کبھی آباد ہی نہ تھے خبردار (اللہ کی رحمت سے) دوری ہے مدین کیلئے جیسے

ع ۸ ۹ بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿٩٥﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٦﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعِدَتْ | ثَمُوْدُ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | مُوْسٰى | بِاٰيٰتِنَا | وَ | سُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ |
| دوری ہوئی | ثمود کو | اور | بیشک | بھیجا ہم نے | موسیٰ کو | اپنی آیتوں | اور | غلبے | کھلے کے ساتھ |

دور ہوئی قوم ثمود۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں اور کھلے غلبے کے ساتھ بھیجا۔

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ | مَلَا۟ئِهٖ | فَاتَّبَعُوْٓا | اَمْرَ | فِرْعَوْنَ | وَمَآ | اَمْرُ | فِرْعَوْنَ |
| طرف | فرعون کے | اور | اسکے سرداروں کی | پس پیروی کی انہوں نے | حکم | فرعون کی | اور نہیں | حکم | فرعون کا |

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف تو درباری فرعون کے کہنے پر چلے اور فرعون کا

بِرَشِيْدٍ ﴿٩٧﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۗ وَبِئْسَ الْوِرْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَشِيْدٍ | يَقْدُمُ | قَوْمَهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | فَاَوْرَدَهُمُ | النَّارَ | وَ | بِئْسَ | الْوِرْدُ |
| راستی پر | آگے چلتا ہوگا | اپنی قوم کے | دن | قیامت کے | پھر لے جائے گا ان کو | دوزخ پر | اور | برا ہے | گھاٹ |

حکم درست نہ تھا۔ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا تو انہیں دوزخ میں پہنچائے گا اور وہ کیا ہی بری جگہ ہے

الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَ اُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ

| الْمَوْرُوْدُ | وَاُتْبِعُوْا | فِیْ هٰذِهٖ | لَعْنَةً | وَّ یَوْمَ | الْقِیٰمَةِ | بِئْسَ | الرِّفْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھاٹ پر اترنے والوں کا | اور پیچھے لگا گئے | اس دنیا میں | لعنت | اور دن | قیامت کے | بری ہے | مہمانی |

جس میں وہ پہنچیں گے ۔ اور ان کے پیچھے یہاں اور روزِ قیامت کو لعنت لگا دی گئی ہے کیا ہی برا صلہ ہے

الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰی نَقُصُّهٗ عَلَیْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ

| الْمَرْفُوْدُ | ذٰلِكَ | مِنْ اَنْۢبَآءِ | الْقُرٰی | نَقُصُّهٗ | عَلَیْكَ | مِنْهَا | قَآئِمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہمانوں کی | یہ ہیں | خبریں | بستیوں کی | بیان کرتے ہیں ہم | آپ پر | اس میں سے | کچھ تو کھڑی ہیں |

یہ صلہ جس کو ملے ۔ یہ بستیوں کی کچھ خبریں ہیں جو ہم آپ کو سنا رہے ہیں ان میں کچھ آباد بھی ہیں

وَّ حَصِیْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَمَاۤ اَغْنَتْ

| وَّ | حَصِیْدٌ | وَ | مَا | ظَلَمْنٰهُمْ | وَ | لٰكِنْ | ظَلَمُوْۤا | اَنْفُسَهُمْ | فَمَاۤ | اَغْنَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کوئی کٹی ہوئی | اور | نہیں | ظلم کیا ہم نے ان پر | اور | لیکن | ظلم کیا انہوں نے خود | اپنی جانوں پر | پھر نہ | کام آئے |

اور اُجڑی ہوئی بھی ۔ اور ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود اپنی جانوں پر ظلم کیا تو

عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ

| عَنْهُمْ | اٰلِهَتُهُمُ | الَّتِیْ | یَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مِنْ شَیْءٍ | لَّمَّا | جَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے | ان کے معبود | وہ جو | پکارتے تھے | سوائے | اللہ کے | کچھ بھی | جبکہ | آیا |

ان کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے ان کے کچھ کام نہ آئے جب آپ کے رب کا حکم آ گیا

اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَ مَا زَادُوْهُمْ غَیْرَ تَتْبِیْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَ كَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ

| اَمْرُ | رَبِّكَ | وَ | مَا | زَادُوْهُمْ | غَیْرَ | تَتْبِیْبٍ | وَ | كَذٰلِكَ | اَخْذُ | رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم | آپ کے رب کا | اور | نہ | زیادہ کیا ان کو | سوائے | تباہی کے | اور | اسی طرح ہے | پکڑ | آپ کے رب کی |

اور انہوں نے ان کیلئے ہلاکت کے سوا کچھ نہ بڑھایا ۔ اور اسی طرح ہے آپ کے رب کی پکڑ

اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ

| اِذَآ | اَخَذَ | الْقُرٰى | وَهِيَ | ظَالِمَةٌ | اِنَّ | اَخْذَهٗٓ | اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | پکڑتا ہے | بستیوں کو | اور وہ | ظالم ہوں | بیشک | اس کی پکڑ | بہت سخت دردناک ہے | بیشک |

جب وہ بستیوں کو اس حال میں پکڑتا ہے کہ وہ ظالم ہوتی ہیں بے شک اس کی پکڑ بہت دردناک اور نہایت سخت ہے۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ

| فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِّمَنْ | خَافَ | عَذَابَ | الْاٰخِرَةِ | ذٰلِكَ | يَوْمٌ | مَّجْمُوْعٌ | لَّهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | البتہ نشانی ہے | اس کیلئے جو | ڈرے | عذاب | آخرت سے | یہ | دن ہے کہ | اکٹھے ہوں گے | اس کیلئے |

اس میں نشانی ہے اس کے لئے جو آخرت کے عذاب سے ڈرے یہ وہ دن ہے جس میں سب

النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ ؕ

| النَّاسُ | وَ | ذٰلِكَ | يَوْمٌ | مَّشْهُوْدٌ | وَ | مَا | نُؤَخِّرُهٗٓ | اِلَّا | لِاَجَلٍ | مَّعْدُوْدٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگ | اور | یہ | دن ہے | حاضری کا | اور | نہیں | پیچھے کرتے ہم اس کو | مگر | مدت | مقرر تک |

لوگ اکٹھے ہوں گے اور وہ دن حاضری کا ہے۔ اور ہم اسے پیچھے نہیں ہٹاتے مگر ایک شمار کردہ مدت کیلئے۔

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾ فَاَمَّا

| يَوْمَ | يَاْتِ | لَا | تَكَلَّمُ | نَفْسٌ | اِلَّا | بِاِذْنِهٖ | فَمِنْهُمْ | شَقِيٌّ | وَّ | سَعِيْدٌ | فَاَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس دن | آئے گا | نہ | بولے گا | کوئی آدمی | مگر | اس کی اجازت سے | تو بعض ان سے | بدبخت ہیں | اور | خوش نصیب | پھر |

جس دن وہ آپہنچے گا تو اس کی اجازت کے بغیر کوئی بولے گا بھی نہیں پھر ان میں بدبخت بھی ہوں گے اور نیک بخت بھی۔ پھر وہ

الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

| الَّذِيْنَ | شَقُوْا | فَفِي النَّارِ | لَهُمْ | فِيْهَا | زَفِيْرٌ | وَّ | شَهِيْقٌ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | بدبخت ہوئے | وہ دوزخ میں ہیں | ان کیلئے | اس میں | گدھے کی باریک | اور | موٹی آواز ہوگی | ہمیشہ رہیں گے | اس میں |

جو بدبخت ہوں گے وہ آگ میں ہوں گے جہاں ان کی چیخیں اور کراہیں ہوں گی۔ وہ اس (آگ) میں

مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَاشَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَادَامَتِ | السَّمٰوٰتُ | وَالْاَرْضُ | اِلَّا | مَاشَآءَ | رَبُّكَ | اِنَّ | رَبَّكَ | فَعَّالٌ |
| جبتک رہیں | آسمان | اور زمین | مگر | جو چاہے | آپ کا رب | بیشک | آپ کا رب | کرنے والا ہے |

ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین رہیں گے مگر جتنا تمہارا رب چاہے بے شک آپ کا رب جو چاہتا ہے

لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّمَا | يُرِيْدُ | وَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | سُعِدُوْا | فَفِي | الْجَنَّةِ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا |
| جو کچھ | وہ ارادہ کرے | اور | پھر | وہ جو | خوش نصیب ہیں | تو وہ | جنت میں ہونگے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں |

کر گزرتا ہے۔ اور وہ لوگ جو خوش نصیب ہوئے وہ جنت میں ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے

مَادَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَاشَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَادَامَتِ | السَّمٰوٰتُ | وَ | الْاَرْضُ | اِلَّا | مَاشَآءَ | رَبُّكَ | عَطَآءً | غَيْرَ |
| جب تک رہیں | آسمان | اور | زمین | مگر | جو چاہے | آپ کا رب | بخشش | نہ |

جب تک آسمان اور زمین رہیں گے مگر جس قدر آپ کا رب چاہے یہ وہ عطا ہے

مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَجْذُوْذٍ | فَلَا تَكُ | فِيْ مِرْيَةٍ | مِّمَّا | يَعْبُدُ | هٰؤُلَآءِ | مَا | يَعْبُدُوْنَ | اِلَّا |
| ختم ہونے والی | پھر نہ ہو تو | شک میں | اس سے | جو پوجتے ہیں | یہ لوگ | نہیں | پوجتے وہ | مگر |

جو ختم نہ ہوگی۔ اے سننے والے پھر تو ان کی طرف سے دھوکہ میں نہ پڑیں اس سے جسے یہ کافر پوجتے ہیں یہ ویسا ہی پوجتے ہیں

كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَ اِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَمَا | يَعْبُدُ | اٰبَآؤُهُمْ | مِّنْ قَبْلُ | وَ | اِنَّا | لَمُوَفُّوْهُمْ | نَصِيْبَهُمْ | غَيْرَ |
| جیسے | پوجتے تھے | ان کے باپ دادا | پہلے سے | اور | بیشک ہم | پورا دینے والے ہیں ان کو | ان کا حصہ | نہ |

جیسا پہلے ان کے باپ دادا پوجتے تھے اور بے شک ہم ان کا حصہ انہیں بھر پور دیں گے جس

ع ۹

مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ع وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَ لَوْلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْقُوْصٍ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | فَاخْتُلِفَ | فِيْهِ | وَ | لَوْلَا |
| کم کیا گیا | اور | بیشک | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | تو اختلاف کیا گیا | اس میں | اور | اگر نہ |

میں کمی نہ ہوگی۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اگر آپ کے رب کی ایک بات پہلے

كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَلِمَةٌ | سَبَقَتْ | مِنْ رَّبِّكَ | لَقُضِيَ | بَيْنَهُمْ | وَ | اِنَّهُمْ | لَفِيْ | شَكٍّ | مِّنْهُ |
| ہوتی بات | جو پہلے گذر چکی | آپ کے رب کی طرف سے | تو فیصلہ کیا جاتا | ان کے درمیان | اور | بیشک وہ ہیں | یقیناً | شک میں | اس سے |

سے طے نہ کی گئی ہوتی تو فوراً ان کا فیصلہ کر دیا جاتا اور بے شک وہ اس کی طرف سے دھوکا ڈالنے

مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَ اِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُرِيْبٍ | وَ اِنَّ | كُلًّا | لَّمَّا | لَيُوَفِّيَنَّهُمْ | رَبُّكَ | اَعْمَالَهُمْ | اِنَّهٗ | بِمَا | يَعْمَلُوْنَ |
| دھوکہ دینے والے | اور بیشک | ہر ایک کو | اس وقت | ضرور پورا دے گا ان کو | تمہارا کا رب | ان کے عمل | بیشک وہ | اس چیز سے | جو کرتے ہو تم |

والے شک میں ہیں۔ مگر ان میں ہر ایک کو آپ کا رب ان کے عمل کا بدلہ پورا دے گا بے شک وہ ان کے

خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَ مَنْ تَابَ مَعَكَ وَ لَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَبِيْرٌ | فَاسْتَقِمْ | كَمَآ | اُمِرْتَ | وَ | مَنْ | تَابَ | مَعَكَ | وَ | لَا | تَطْغَوْا | اِنَّهٗ |
| خبردار ہے | اور قائم رہو | جیسا | تمہیں حکم دیا گیا ہے | اور | جو | توبہ کرے | تمہارے ساتھ | اور | نہ | سرکشی کرو | بیشک وہ |

عملوں سے باخبر ہے۔ پس جیسا تمہیں حکم دیا گیا ہے قائم ہو جاؤ اس پر اور وہ بھی (ہو جائیں) جن نے تمہارے ساتھ رجوع کر لیا ہے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَ لَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | وَ | لَا | تَرْكَنُوْٓا | اِلَى | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | فَتَمَسَّكُمُ |
| اس چیز سے | جو کرتے ہو تم | دیکھنے والا ہے | اور | نہ | جھکو | طرف | ان کی جنہوں نے | ظلم کیا | تو پکڑے گی تم کو |

اور حد سے تجاوز نہ کرنا وہ تمہارے عملوں کو دیکھ رہا ہے۔ اور (اے مسلمانوں) مائل نہ ہوں ان لوگوں کی طرف جنہوں نے ظلم کیا

النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

| النَّارُ | وَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مِنْ | اَوْلِيَآءَ | ثُمَّ | لَا | تُنْصَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگ | اور | نہیں | تمہارے لیے | سوائے | اللہ کے | کوئی | حمایتی | پھر | نہ | مدد دیے جاؤ گے تم |

ورنہ تمہیں (دوزخ کی) آگ پہنچے گی اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی مددگار نہ ہوگا پھر تمہاری (کچھ) مدد نہ کی جائے گی۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

| وَ | اَقِمِ | الصَّلٰوةَ | طَرَفَيِ | النَّهَارِ | وَ | زُلَفًا | مِّنَ الَّيْلِ | اِنَّ | الْحَسَنٰتِ | يُذْهِبْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قائم کر | نماز | دن کے دونوں | کناروں | اور | کچھ حصے | رات میں | بیشک | نیکیاں | مٹا دیتی ہیں |

اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں کناروں میں (یعنی صبح و شام) اور کچھ رات کے حصوں میں بے شک نیکیاں دور کر دیتی ہیں

السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ ۚ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

| السَّيِّاٰتِ | ذٰلِكَ | ذِكْرٰى | لِلذّٰكِرِيْنَ | وَاصْبِرْ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُضِيْعُ | اَجْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائیوں کو | یہ | نصیحت ہے | نصیحت لینے والوں کے لیے | اور صبر کرو | پس بیشک | اللہ | نہیں | ضائع کرتا | اجر |

برائیوں کو یہ نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔ اور صبر کرو یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ

| الْمُحْسِنِيْنَ | فَلَوْ | لَا | كَانَ | مِنَ الْقُرُوْنِ | مِنْ قَبْلِكُمْ | اُولُوْا | بَقِيَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیکوں کا | پھر کیوں | نہ | ہوئے | سنگتوں میں | تم سے پہلے | باقی | صلاحیت والے |

اجر ضائع نہیں کرتا۔ تو کیوں نہ ہوئے تم سے پہلی امتوں میں ایسے اہل خیر کہ

يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ

| يَنْهَوْنَ | عَنِ الْفَسَادِ | فِي الْاَرْضِ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّمَّنْ | اَنْجَيْنَا | مِنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو روکتے | فساد سے | زمین میں | مگر | تھوڑے | ان میں سے | جو نجات دی ہم نے | ان سے |

زمین میں فساد سے روکتے ہاں ان میں تھوڑے تھے وہی جن کو ہم نے نجات دی اور

وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّبَعَ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مَا | اُتْرِفُوْا | فِيْهِ | وَكَانُوْا | مُجْرِمِيْنَ | وَمَا | كَانَ |
| اور | پیروی کی | جنہوں نے | ظلم کیا | اس کی | جو عیش دیے گئے | اس میں | اور تھے وہ | گنہگار | اور نہیں | ہے |

ظالم اسی آسائشوں کے پیچھے پڑے رہے جو انہیں دی گئیں تھیں اور وہ گنہگار تھے۔ اور آپ کا

رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكَ | لِيُهْلِكَ | الْقُرٰى | بِظُلْمٍ | وَّ | اَهْلُهَا | مُصْلِحُوْنَ | وَ | لَوْ | شَآءَ | رَبُّكَ |
| آپ کا رب | کہ ہلاک کرے | بستیوں کو | ظلم سے | اور | اسکے رہنے والے | نیک ہوں | اور | اگر | چاہے | تمہارا رب |

رب ایسا تو نہیں ہے کہ بستیوں کو ظلم سے ہلاک کردے جب کہ ان کے رہنے والے نیکی کرنے والے ہوں۔ اور اگر تمہارا

لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ لا اِلَّا مَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَجَعَلَ | النَّاسَ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً | وَّ | لَا يَزَالُوْنَ | مُخْتَلِفِيْنَ | اِلَّا | مَنْ |
| تو بنادے | لوگوں کو | امت | ایک | اور | ہمیشہ رہیں گے | اختلاف کرتے | مگر | جس پر |

رب چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی اُمت بنا دیتا لیکن وہ اختلاف کرتے ہی رہیں گے۔ مگر جن پر

رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِمَ | رَبُّكَ | وَ | لِذٰلِكَ | خَلَقَهُمْ | وَ | تَمَّتْ | كَلِمَةُ | رَبِّكَ | لَاَمْلَئَنَّ |
| رحم کرے | آپ کا رب | اور | اسی لیے | ان کو پیدا کیا | اور | پوری ہوئی | بات | آپ کے رب کی | ضرور بھروں گا میں |

آپ کے رب نے رحم فرمایا اور اسی لئے انہیں پیدا کیا گیا اور آپ کے رب کی بات پوری ہوگئی کہ بے شک

جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | مِنَ الْجِنَّةِ | وَ | النَّاسِ | اَجْمَعِيْنَ | وَ | كُلًّا | نَّقُصُّ | عَلَيْكَ | مِنْ اَنْۢبَآءِ |
| جہنم کو | جنوں سے | اور | انسانوں سے | سب سے | اور | تمام | بیان کرتے ہیں ہم | آپ پر | خبریں |

میں ضرور دوزخ کو جنوں اور انسانوں میں سے بھر دوں گا۔ اے محبوب ﷺ! اور رسولوں کی خبروں میں سے سب باتیں ہم آپ پر

الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ

| الرُّسُلِ | مَا | نُثَبِّتُ | بِهٖ | فُؤَادَكَ | وَجَآءَكَ | فِيْ هٰذِهِ | الْحَقُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسولوں کی | جو | ثابت رکھیں ہم | اس سے | آپ کا دل | اور آئی آپ کے پاس | اس میں | سچی بات |

بیان فرماتے ہیں جن سے ہم آپ کے قلب (مبارک) کو مضبوط کرتے ہیں اور اس میں آپ کے پاس حق آگیا

وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

| وَ | مَوْعِظَةٌ | وَ | ذِكْرٰى | لِلْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | قُلْ | لِّلَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نصیحت | اور | یاد دہانی | واسطے مومنوں کے | اور ـ | فرمادو | ان کو | جو نہیں ایمان لاتے |

اور وعظ و نصیحت ہے ایمان والوں کیلئے۔ اور کافروں سے فرماؤ تم اپنی

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ۭ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

| اعْمَلُوْا | عَلٰى مَكَانَتِكُمْ | اِنَّا | عٰمِلُوْنَ | وَ | انْتَظِرُوْا | اِنَّا | مُنْتَظِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمل کرو | اپنی جگہ پر | ہم بھی | عمل کرنے والے ہیں | اور | انتظار کرو | ہم بھی | انتظار کرنے والے ہیں |

جگہ کام کئے جاؤ ہم اپنا کام کرتے ہیں۔ اور انتظار کرو یقیناً ہم بھی منتظر ہیں۔

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ

| وَ | لِلّٰهِ | غَيْبُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | اِلَيْهِ | يُرْجَعُ | الْاَمْرُ | كُلُّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ کے لیے ہے | غیب | آسمانوں کا | اور | زمین کا | اور | اسی کی طرف | لوٹائے جاتے ہیں | کام | سارے |

اور آسمانوں اور زمین کی چھپی باتیں اللہ ہی کے پاس ہیں اور اسی کی طرف سب معاملے لوٹائے جاتے ہیں

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع ۱۰

| فَاعْبُدْهُ | وَتَوَكَّلْ | عَلَيْهِ | وَ | مَا | رَبُّكَ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | تَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سو اسی کی عبادت کرو | اور بھروسہ کرو | اسی پر | اور | نہیں | آپ کا رب | بے خبر | اس سے | جو تم کرتے ہو |

پس تو اس کی عبادت کرو اور اس پر بھروسہ کرو اور آپ کا رب تمہارے عملوں سے غافل نہیں ہے۔

ایاتھا ۱۱۱ | ۱۲ سورۃ یوسف مکیۃ ۵۳ | رکوعاتھا ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝١ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

| الٓرٰ | تِلْكَ | اٰيٰتُ | الْكِتٰبِ | الْمُبِيْنِ | اِنَّآ | اَنْزَلْنٰهُ | قُرْءٰنًا | عَرَبِيًّا | لَّعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ال ر | یہ | آیتیں ہیں | کتاب | روشن کی | یقیناً ہم نے | اتارا اس کو | قرآن | عربی زبان میں | تاکہ تم |

الٓرٰ یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں۔ بے شک ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا

تَعْقِلُوْنَ ۝٢ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ

| تَعْقِلُوْنَ | نَحْنُ | نَقُصُّ | عَلَيْكَ | اَحْسَنَ | الْقَصَصِ | بِمَآ | اَوْحَيْنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھو | ہم | بیان کرتے ہیں | آپ پر | بہترین | بیان | اسکے ذریعہ جو | وحی کیا ہم نے |

تاکہ تم سمجھو۔ ہم آپ کو ایک بہترین قصہ سناتے ہیں اس لئے کہ ہم نے آپ کی طرف یہ قرآن وحی کیا ہے

اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝٣ اِذْ قَالَ

| اِلَيْكَ | هٰذَا | الْقُرْاٰنَ | وَ | اِنْ | كُنْتَ | مِنْ قَبْلِهٖ | لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ | اِذْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپکی طرف | یہ | قرآن | اور | بیشک | آپ تھے | اس سے پہلے | بے خبر | جب | کہا |

اور اس سے پہلے (اے حبیب ﷺ) یقیناً (قصہ کے بارے میں) آپ کی توجہ نہ تھی۔ جب

يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ

| يُوْسُفُ | لِاَبِيْهِ | يٰٓاَبَتِ | اِنِّيْ | رَاَيْتُ | اَحَدَ عَشَرَ | كَوْكَبًا | وَّ | الشَّمْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یوسف نے | اپنے باپ سے | اے میرے باپ | بیشک میں | دیکھے | گیارہ | ستارے | اور | سورج |

یوسف علیہ السلام نے اپنے باپ سے عرض کیا! اے میرے اباجان! میں نے گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے

وَ الْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝۴ قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ

| وَ | الْقَمَرَ | رَاَيْتُهُمْ | لِيْ | سٰجِدِيْنَ | قَالَ | يٰبُنَيَّ | لَا | تَقْصُصْ | رُءْيَاكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چاند کو | میں نے ان کو دیکھا | کہ وہ مجھے | سجدہ کرتے ہیں | کہا | اے میرے بیٹے | نہ | بیان کرنا | اپنا خواب |

میں نے انہیں اپنے آگے سجدہ کرتے دیکھا ہے۔ (باپ نے) فرمایا اے میرے (پیارے) بیٹے! اپنا خواب

عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ

| عَلٰٓى اِخْوَتِكَ | فَيَكِيْدُوْا | لَكَ | كَيْدًا | اِنَّ | الشَّيْطٰنَ | لِلْاِنْسَانِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے بھائیوں سے نہ کہنا | وہ تدبیر کریں گے | تیرے لیے | کوئی تدبیر | بیشک | شیطان | انسان کا |

اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا اور نہ وہ تمہارے خلاف کوئی چال چلیں گے بے شک شیطان

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَ كَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَ يُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ

| عَدُوٌّ | مُّبِيْنٌ | وَ | كَذٰلِكَ | يَجْتَبِيْكَ | رَبُّكَ | وَيُعَلِّمُكَ | مِنْ تَاْوِيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دشمن ہے | کھلا | اور | اسی طرح | چن لے گا تجھے | تمہارا رب | اور سکھائے گا تجھ کو | انجام نکالنا |

آدمی کا کھلا دشمن ہے۔ اور اسی طرح تمہارا رب تمہیں چن لے گا اور تمہیں باتوں کی

الْاَحَادِيْثِ وَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا

| الْاَحَادِيْثِ | وَ | يُتِمُّ | نِعْمَتَهٗ | عَلَيْكَ | وَعَلٰٓى | اٰلِ | يَعْقُوْبَ | كَمَآ | اَتَمَّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باتوں کا | اور | پوری کریگا | اپنی نعمت | تجھ پر | اور اوپر | گھرانے | یعقوب کے | جیسا کہ | پورا کیا اس کو |

حقیقت تک پہنچنا سکھائے گا اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے گا اور آلِ یعقوب پر جس طرح اس سے پہلے

عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ

| عَلٰٓى | اَبَوَيْكَ | مِنْ قَبْلُ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | اِسْحٰقَ | اِنَّ | رَبَّكَ | عَلِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | تیرے باپوں کے | اس سے پہلے | ابراہیم | اور | اسحٰق پر | بیشک | تمہارا رب | جاننے والا |

اس کو پورا کیا تمہارے دونوں دادا ابراہیم علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام پر بیشک تمہارا رب بہت جاننے والا نہایت

حَكِيْمٌ ﴿٦﴾ ع لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآىِٕلِيْنَ ﴿٧﴾ اِذْ قَالُوْا ع ٢

| حَكِيْمٌ | لَقَدْ | كَانَ | فِيْ يُوْسُفَ | وَاِخْوَتِهٖ | اٰيٰتٌ | لِّلسَّآىِٕلِيْنَ | اِذْ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا ہے | بیشک | ہے | یوسف (علیہ السلام) | اور اسکے بھائیوں میں | نشانیاں | سوال کرنے والوں کے لیے | جب | کہا انہوں نے |

حکمت والا ہے۔ بیشک یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کیلئے نشانیاں ہیں۔ جب وہ بولے کہ ضرور

لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا

| لَيُوْسُفُ | وَ | اَخُوْهُ | اَحَبُّ | اِلٰٓى اَبِيْنَا | مِنَّا | وَ | نَحْنُ | عُصْبَةٌ | اِنَّ | اَبَانَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً یوسف | اور | اسکا بھائی | زیادہ پیارا ہے | ہمارے باپ کو | ہم سے | اور | ہم | جماعت ہیں | بیشک | ہمارا باپ |

یوسف علیہ السلام اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں اور ہم ایک جماعت ہیں بے شک ہمارے باپ صاف صاف

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ﴿٨﴾ ۚۖ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ

| لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ | اقْتُلُوْا | يُوْسُفَ | اَوِ اطْرَحُوْهُ | اَرْضًا | يَّخْلُ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صراحۃً انکی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں | مار ڈالو | یوسف کو | یا پھینک دو اس کو | کسی زمین میں | خالی ہو جائے گا | تمہارے لیے |

ان کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ یوسف علیہ السلام کو قتل کر دو یا اسے کسی ملک میں پھینک آؤ تو تمہارے باپ کی توجہ صرف

وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ﴿٩﴾ قَالَ قَآىِٕلٌ

| وَجْهُ | اَبِيْكُمْ | وَ | تَكُوْنُوْا | مِنْۢ بَعْدِهٖ | قَوْمًا | صٰلِحِيْنَ | قَالَ | قَآىِٕلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چہرہ | تمہارے باپ کا | اور | ہو جاؤ | اس کے بعد | قوم | نیک | کہا | ایک کہنے والے نے |

تمہارے لئے رہ جائے گی اور اس حرکت کے بعد تم صالح لوگ بن جانا۔ ان میں سے ایک کہنے والا

مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ

| مِّنْهُمْ | لَا | تَقْتُلُوْا | يُوْسُفَ | وَاَلْقُوْهُ | فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ | يَلْتَقِطْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں سے | نہ | قتل کرو | یوسف کو | اور ڈال دو اس کو | اندھے کنویں میں | پکڑ لے جائے گا اس کو |

کہنے لگا یوسف علیہ السلام کو قتل مت کرو لیکن اگر کرنا ہی ہے تو اسے کسی ویران اندھے کنویں کی

بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿١٠﴾ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَالَكَ لَا تَاْمَنَّا

| بَعْضُ | السَّيَّارَةِ | اِنْ | كُنْتُمْ | فٰعِلِيْنَ | قَالُوْا | يٰۤاَبَانَا | مَالَكَ | لَا | تَاْمَنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی | قافلہ | اگر | ہوتم | کرنے والے | بولے | اے ہمارے باپ | کیا ہے تجھے | نہیں | امین جانتا ہم کو |

تہ میں ڈال دو کوئی قافلہ اسے اٹھا لے جائیگا۔ انہوں نے کہا اے ہمارے باپ! آپ کو کیا ہوا کہ آپ یوسف علیہ السلام

عَلٰى يُوْسُفَ وَ اِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿١١﴾ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ

| عَلٰى | يُوْسُفَ | وَ | اِنَّا | لَهٗ | لَنٰصِحُوْنَ | اَرْسِلْهُ | مَعَنَا | غَدًا | يَّرْتَعْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | یوسف کے | اور | یقیناً ہم | اس کے | خیر خواہ ہیں | بھیج اس کو | ہمارے ساتھ | کل | کھائے |

کے بارے میں ہم پر مطمئن نہیں حالانکہ ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے (یعنی یوسف علیہ السلام) ہمارے ساتھ بھیج دیجئے کہ وہ

وَيَلْعَبْ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿١٢﴾ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ

| وَيَلْعَبْ | وَ | اِنَّا | لَهٗ | لَحٰفِظُوْنَ | قَالَ | اِنِّيْ | لَيَحْزُنُنِيْٓ | اَنْ | تَذْهَبُوْا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کھیلے | اور | یقیناً ہم | اس کے لیے | حفاظت کرنے والے ہیں | کہا | بیشک میں | غمناک ہوتا ہوں | اس کہ | لے جاؤ تم | اس کو |

پھل کھائے اور کھیلے اور بیشک ہم اسکے محافظ ہیں۔ یعقوب علیہ السلام نے فرمایا بے شک اس کو لے جانا مجھے رنج دے گا

وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿١٣﴾ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ

| وَ | اَخَافُ | اَنْ | يَّاْكُلَهُ | الذِّئْبُ | وَ | اَنْتُمْ | عَنْهُ | غٰفِلُوْنَ | قَالُوْا | لَئِنْ | اَكَلَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | میں ڈرتا ہوں | یہ کہ | کھا جائے اس کو | بھیڑیا | اور | تم | اس سے | بے خبر ہو | بولے | اگر | کھا جائے اسکو |

اور ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا نہ کھا لے اور تم کو پتا بھی نہ چلے۔ بولے اگر اسے بھیڑیا کھا جائے

الذِّئْبُ وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿١٤﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ

| الذِّئْبُ | وَ | نَحْنُ | عُصْبَةٌ | اِنَّآ | اِذًا | لَّخٰسِرُوْنَ | فَلَمَّا | ذَهَبُوْا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیڑیا | اور | ہم | جماعت ہیں | بیشک ہم | اس وقت | خسارہ اٹھانے والے ہیں | پھر جب | لے گئے | اس کو |

اور ہم ایک جماعت ہیں جب تو ہم نقصان اٹھانے والے ہونگے۔ پھر جب وہ اسے (یوسف علیہ السلام) لے گئے

وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ یَّجْعَلُوْهُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَیْنَآ اِلَیْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَجْمَعُوْٓا | اَنْ | یَّجْعَلُوْهُ | فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ | وَاَوْحَیْنَآ | اِلَیْهِ | لَتُنَبِّئَنَّهُمْ |
| اور | اتفاق کیا | یہ کہ | ڈال دیں اس کو | اندھے کنویں میں | اور وحی کی ہم نے | اسکی طرف | ضرور بتائے گا تو ان کو |

اور اس بات پر متفق ہو گئے کہ اسے ویران اندھے کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور ہم نے ان (یوسف علیہ السلام) کی طرف وحی کی

بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَمْرِهِمْ | هٰذَا | وَ | هُمْ | لَا | یَشْعُرُوْنَ | وَ | جَآءُوْٓ | اَبَاهُمْ | عِشَآءً |
| ان کا کام | یہ | اور | وہ | نہ | جانتے ہونگے | اور | آئے | اپنے باپ کے پاس | رات کو |

کہ تم انہیں ان کا یہ کام ضرور بتاؤ گے جب انہیں خیال بھی نہ ہو گا۔ اور وہ عشاء کے وقت اپنے باپ کے پاس

یَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾ قَالُوْا یٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا یُوْسُفَ عِنْدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَّبْكُوْنَ | قَالُوْا | یٰٓاَبَانَآ | اِنَّا | ذَهَبْنَا | نَسْتَبِقُ | وَ | تَرَكْنَا | یُوْسُفَ | عِنْدَ |
| روتے ہوئے | بولے | اے ہمارے باپ | بیشک ہم | نکل گئے | دوڑ کرتے کرتے | اور | چھوڑا ہم نے | یوسف کو | پاس |

روتے ہوئے آئے۔ بولے اے ہمارے باپ! بیشک ہم ایک دوسرے پر سبقت کیلئے دوڑ لگانے لگے اور یوسف علیہ السلام کو اپنے

مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِیْنَ ﴿۱۷﴾

الربع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَتَاعِنَا | فَاَكَلَهُ | الذِّئْبُ | وَمَا | اَنْتَ | بِمُؤْمِنٍ | لَّنَا | وَلَوْ | كُنَّا | صٰدِقِیْنَ |
| اپنے سامان کے | پھر کھا گیا اس کو | بھیڑیا | اور نہیں | آپ | یقین کرنے والے | ہمارا | اگر چہ | ہوں ہم | سچے |

سامان کے پاس چھوڑ گئے تو اسے بھیڑیے نے کھا لیا اور آپ ہماری بات کا یقین کرنے والے نہیں اگر چہ ہم سچے ہوں۔

وَجَآءُوْ عَلٰی قَمِیْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَآءُوْ | عَلٰی قَمِیْصِهٖ | بِدَمٍ | كَذِبٍ | قَالَ | بَلْ | سَوَّلَتْ | لَكُمْ | اَنْفُسُكُمْ |
| اور | لائے | اس کے کرتے پر | خون | جھوٹا | فرمایا | بلکہ | بنا لیا ہے | تمہارے لیے | تمہاری جانوں نے |

اور وہ ان کی قمیض پر جھوٹا خون لگا کر لے آئے باپ نے فرمایا (واقعہ یہ نہیں) بلکہ تمہارے دلوں نے تمہارے لئے ایک بات بنائی

اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ١٨

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرًا | فَصَبْرٌ | جَمِيْلٌ | وَ | اللّٰهُ | الْمُسْتَعَانُ | عَلٰى مَا | تَصِفُوْنَ |
| ایک کام | پھر صبر | اچھا ہے | اور | اللہ ہی سے | مدد چاہتا ہوں | اس پر جو | تم بیان کرتے ہو |

ہے تو اب صبر (ہی) اچھا ہے اور میں اللہ ہی سے مدد مانگتا ہوں اس بات پر جو تم ظاہر کرتے ہو۔

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَآءَتْ | سَيَّارَةٌ | فَاَرْسَلُوْا | وَارِدَهُمْ | فَاَدْلٰى | دَلْوَهٗ | قَالَ | يٰبُشْرٰى | هٰذَا |
| اور آیا | ایک قافلہ | انہوں نے بھیجا | اپنا پانی لانے والا | تو اس نے ڈالا | اپنا ڈول | کہا | اے خوشخبری | یہ |

اور ایک قافلہ آیا تو انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا۔ پھر اُس نے اپنا ڈول لٹکایا تو کہا: مبارک ہو! یہ تو ایک لڑکا ہے۔" اور انہوں

غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ١٩ وَشَرَوْهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُلٰمٌ | وَاَسَرُّوْهُ | بِضَاعَةً | وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ | بِمَا | يَعْمَلُوْنَ | وَشَرَوْهُ |
| لڑکا ہے | اور چھپایا انہوں نے اسکو | پونجی بنا کر | اور اللہ | جاننے والا ہے | جو وہ | کرتے ہیں | اور بیچ ڈالا انہوں نے اس کو |

نے اسے تجارت کا مال (سمجھ کر) چھپا لیا حالانکہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا تھا جو وہ کر رہے تھے۔ اور انہوں نے

بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ٢٠ ع ١٢

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ | دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ | وَ | كَانُوْا | فِيْهِ | مِنَ الزّٰهِدِيْنَ |
| کھوٹے داموں | گنتی کے روپوں پر | اور | تھے وہ | اس میں | بے رغبت لوگوں سے |

اُسے تھوڑی سی قیمت پر (یعنی) چند درہموں کے عوض بیچ دیا۔ اور وہ اس سے رغبت نہ رکھنے والوں میں سے تھے۔

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِيْ | اشْتَرٰىهُ | مِنْ مِّصْرَ | لِامْرَاَتِهٖٓ | اَكْرِمِيْ | مَثْوٰىهُ | عَسٰٓى | اَنْ |
| اور | کہا | جس نے | خریدا تھا اسے | مصر سے | اپنی بیوی کو | اچھا رکھنا | اسکی رہائش کو | قریب ہے | یہ کہ |

اور جس شخص نے مصر میں اسے خریدا اس نے اپنی بیوی سے کہا اسے عزت سے رکھ ممکن ہے

يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ز

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّنْفَعَنَآ | اَوْ | نَتَّخِذَهٗ | وَلَدًا | وَ | كَذٰلِكَ | مَكَّنَّا | لِيُوْسُفَ | فِى الْاَرْضِ |
| نفع دے ہمیں | یا | بنالیں ہم اسے | بیٹا | اور | اسی طرح | جگہ دی ہم نے | یوسف کو | زمین میں |

وہ ہمیں نفع دے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں اور اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس ملک میں جگہ دی

وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِنُعَلِّمَهٗ | مِنْ تَاْوِيْلِ | الْاَحَادِيْثِ | وَ | اللّٰهُ | غَالِبٌ | عَلٰٓى | اَمْرِهٖ | وَ | لٰكِنَّ |
| اور | تاکہ سکھائیں ہم اسے | انجام | باتوں کا | اور | اللہ | غالب | اوپر | اپنے کام کے | اور | لیکن |

اور البتہ اسے واقعات کی تعبیر کرنا سکھایا اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَلَمَّا | بَلَغَ | اَشُدَّهٗ | اٰتَيْنٰهُ | حُكْمًا | وَ | عِلْمًا |
| اکثر | لوگ | نہیں | جانتے | اور جب | پہنچا | اپنی قوت کو | دیا ہم نے اس کو | حکم | اور | علم |

اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے اسے قوت فیصلہ اور علم دیا

وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَذٰلِكَ | نَجْزِى | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | رَاوَدَتْهُ | الَّتِىْ | هُوَ | فِىْ بَيْتِهَا | عَنْ نَّفْسِهٖ |
| اور | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں ہم | نیکوں کو | اور | لبھایا اس کو | اس عورت نے | کہ وہ | اس کے گھر میں تھا | اس کے نفس سے |

اور نیکی کرنے والوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔ اور جس عورت (زلیخا) کے گھر میں وہ تھے وہ اس کے دل کو پھسلانے

وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | غَلَّقَتِ | الْاَبْوَابَ | وَ | قَالَتْ | هَيْتَ لَكَ | قَالَ | مَعَاذَ اللّٰهِ | اِنَّهٗ |
| اور | بند کیے | دروازے | اور | بولی | آجاؤ | فرمایا | اللہ کی پناہ | یقیناً وہ ہے |

لگی اور (اس نے) دروازے بند کردیئے اور کہنے لگی آجاؤ یوسف علیہ السلام نے فرمایا اللہ کی پناہ بے شک وہ (عزیز مصر) میرا پرورش

رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۲۳ وَلَقَدْ هَمَّتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّیْٓ | اَحْسَنَ | مَثْوَایَ | اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ | الظّٰلِمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | هَمَّتْ |
| میری پرورش کرنیوالا ہے | اچھا بنایا اس نے | میرا ٹھکانہ | یقیناً | نہیں | خلاصی پاتے | ظالم | اور | بیشک | ارادہ کیا اس نے |

کرنے والا ہے اس نے میری رہائش کا بہت اچھا اہتمام کیا ہے بے شک ظالم لوگ فلاح نہیں پاتے۔ اور بے شک اس

بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ۭ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | وَهَمَّ | بِهَا | لَوْلَآ | اَنْ رَّاٰ | بُرْهَانَ | رَبِّهٖ | كَذٰلِكَ | لِنَصْرِفَ | عَنْهُ |
| اسکے ساتھ | وہ ارادہ کرلیتا | اسکے ساتھ | اگر نہ ہوتا | کہ دیکھی اس نے | دلیل | اپنے رب کی | اسی طرح | تاکہ پھیریں ہم | اس سے |

عورت (زلیخا) نے اس کام کا ارادہ کرلیا اور وہ (بھی) اس کا ارادہ کرلیتے اگر اپنے رب کی پختہ دلیل نہ دیکھ لیتے ہم نے اسی طرح

السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَاۗءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝۲۴ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السُّوْٓءَ | وَ | الْفَحْشَاۗءَ | اِنَّهٗ | مِنْ عِبَادِنَا | الْمُخْلَصِيْنَ | وَ | اسْتَبَقَا | الْبَابَ |
| برائی | اور | بے حیائی | یقیناً وہ تھا | ہمارے | مخلص بندوں سے | اور | دوڑے دونوں | دروازہ کی طرف |

کیا تاکہ ہم ان سے برائی اور بے حیائی کو دور رکھیں بے شک وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے ہیں۔ اور دونوں دروازے کی

وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ۭ قَالَتْ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَدَّتْ | قَمِيْصَهٗ | مِنْ دُبُرٍ | وَّ | اَلْفَيَا | سَيِّدَهَا | لَدَا الْبَابِ | قَالَتْ | مَا |
| اور | چیر دیا اس نے | اس کا کرتا | پیچھے سے | اور | پایا دونوں نے | عورت کے مالک کو | دروازے کے پاس | بولی | نہیں |

طرف دوڑے اور عورت نے اس (یوسف علیہ السلام) کا قمیض پیچھے سے پھاڑ دیا اور دونوں کو عورت کا شوہر دروازے کے

جَزَاۗءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۵

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزَاۗءُ | مَنْ | اَرَادَ | بِاَهْلِكَ | سُوْۗءًا | اِلَّآ | اَنْ | يُّسْجَنَ | اَوْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| بدلہ | اس کا | جو ارادہ کرے | تیری بیوی سے | برائی کا | مگر | یہ کہ | قید کیا جائے | یا | عذاب ہے | دردناک |

پاس ملا بولی کیا سزا ہے اس کی جس نے تیری بیوی سے برا ارادہ کیا سوائے اس کے کہ اسے قید کیا جائے یا دردناک سزا۔

قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَنْ نَّفْسِي وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَا ج إِنْ كَانَ

| قَالَ | هِيَ | رَاوَدَتْنِي | عَنْ نَّفْسِي | وَ | شَهِدَ | شَاهِدٌ | مِّنْ أَهْلِهَا | إِنْ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمایا | اس نے | لبھایا مجھے | میری جان سے | اور | گواہی دی | ایک گواہ نے | عورت کے گھر والوں میں | اگر | ہے |

یوسف علیہ السلام نے کہا! کہ اس نے میرے دل کو پھسلانے کی کوشش کی تھی اور عورت کے گھر والوں میں سے ایک گواہ نے گواہی دی

قَمِيصُهُ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۶﴾ وَإِنْ كَانَ

| قَمِيصُهُ | قُدَّ | مِنْ قُبُلٍ | فَصَدَقَتْ | وَ | هُوَ | مِنَ الْكٰذِبِيْنَ | وَ | إِنْ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا کرتا | چرا | آگے سے | تو وہ سچی ہے | اور | وہ | جھوٹا ہے | اور | اگر | ہے |

اگر ان کا قمیض آگے سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور انہوں نے غلط کہا۔ لیکن اگر اس کا

قَمِيصُهُ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا

| قَمِيصُهُ | قُدَّ | مِنْ دُبُرٍ | فَكَذَبَتْ | وَ | هُوَ | مِنَ الصّٰدِقِيْنَ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کا کرتا | چرا ہوا | پیچھے سے | تو وہ جھوٹی ہے | اور | وہ | سچا ہے | پھر جب |

قمیض پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو عورت جھوٹ بولتی ہے اور یہ سچے ہیں۔ جب اس نے

رَاٰ قَمِيصَهُ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُ مِنْ كَيْدِكُنَّ ط إِنَّ كَيْدَكُنَّ

| رَاٰ | قَمِيصَهُ | قُدَّ | مِنْ دُبُرٍ | قَالَ | إِنَّهُ | مِنْ كَيْدِكُنَّ | إِنَّ | كَيْدَكُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھی | اس کا کرتا | کہ چری ہوئی ہے | پیچھے سے | تو کہا | یہ ہے | تمہارا مکر | بیشک | تمہارے مکر |

اس کی قمیض کو پیچھے سے پھٹا ہوا دیکھا تو بولا یہ تم عورتوں کا ایک داؤ ہے بے شک تمہارا

عَظِيمٌ ﴿۲۸﴾ يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هٰذَا سکتہ وَاسْتَغْفِرِي لِذَنْبِكِ ج صلے

| عَظِيمٌ | يُوسُفُ | أَعْرِضْ | عَنْ هٰذَا | وَ | اسْتَغْفِرِي | لِذَنْبِكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت بڑے ہیں | اے یوسف | جانے دو | اس بات کو | اور | تو معافی مانگ | اپنے گناہ کی |

داؤ سخت ہوتا ہے۔ اے یوسف علیہ السلام تم اس بات سے درگزر کرو اور اے عورت تو اپنے گناہ کی

إِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِيْنَ ﴿٢٩﴾ ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ ع

| اِنَّكِ | كُنْتِ | مِنَ الْخٰطِئِيْنَ | وَ | قَالَ | نِسْوَةٌ | فِي الْمَدِيْنَةِ | امْرَاَتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً تو | تو ہی تھی | گناہ گاروں سے | اور | کہا | عورتوں نے | شہر میں | بیوی |

معافی مانگ بیشک تو ہی گنہگار تھی۔ اور شہر میں کچھ عورتوں نے کہا کہ عزیز مصر کی بیوی اپنے نوجوان (غلام)

الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا

| الْعَزِيْزِ | تُرَاوِدُ | فَتٰهَا | عَنْ نَّفْسِهٖ | قَدْ | شَغَفَهَا | حُبًّا | اِنَّا | لَنَرٰىهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عزیز کی | لبھاتی ہے | اپنے جوان کو | اسکے نفس سے | بیشک | اسکے دل میں پہنچ گئی | محبت | بیشک ہم | دیکھتی ہیں اسے |

کو اس کی جان سے اسے بہلاتی پھسلاتی ہے اس کی محبت نے اسے دیوانہ کر دیا ہے بیشک ہم اسے صریح

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٠﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ

| فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ | فَلَمَّا | سَمِعَتْ | بِمَكْرِهِنَّ | اَرْسَلَتْ | اِلَيْهِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|
| صریح خودرفتہ | پھر جب | سنی اس نے | ان کی چال | تو بھیجا | ان کی طرف |

خود رفتہ میں پاتے ہیں۔ تو جب زلیخا نے ان کا چرچا سنا تو ان عورتوں کو بلا بھیجا اور ان کیلئے مسندیں تیار کیں

وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ

| وَ | اَعْتَدَتْ | لَهُنَّ | مُتَّكَاً | وَّ | اٰتَتْ | كُلَّ وَاحِدَةٍ | مِّنْهُنَّ | سِكِّيْنًا | وَّ | قَالَتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تیار کیں | ان کے لیے | مسندیں | اور | دی | ہر ایک کو | ان میں سے | چھری | اور | کہا |

اور ان میں ہر ایک کو ایک چھری دی اور یوسف علیہ السلام سے کہا ان کے سامنے نکل آؤ

اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ

| اخْرُجْ | عَلَيْهِنَّ | فَلَمَّا | رَاَيْنَهٗ | اَكْبَرْنَهٗ | وَ | قَطَّعْنَ | اَيْدِيَهُنَّ | وَقُلْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نکل آؤ | ان پر | پھر جب | انہوں نے دیکھا اسے | اسکی بڑائی کو | اور | کاٹ لیے انہوں نے | اپنے ہاتھ | اور کہا |

جب عورتوں نے یوسف علیہ السلام کو دیکھا اس کی بڑائی بولنے لگیں اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور بولیں

حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ قَالَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَاشَ | لِلّٰهِ | مَا | هٰذَا | بَشَرًا | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّا | مَلَكٌ | كَرِيْمٌ | قَالَتْ |
| پاکی ہے | اللہ کو | نہیں | یہ | انسان | نہیں ہے | یہ | مگر | فرشتہ | معزز ہے | کہنے لگی |

اللہ پاک ہے یہ تو جنس بشر سے نہیں یہ تو کوئی معزز فرشتہ ہیں۔ زلیخا نے کہا

فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَذٰلِكُنَّ | الَّذِيْ | لُمْتُنَّنِيْ | فِيْهِ | وَ | لَقَدْ | رَاوَدْتُّهٗ | عَنْ نَّفْسِهٖ |
| تو یہی ہے | وہ جوان | جو ملامت کرتی ہو تم | اس میں | اور | بیشک | میں نے اسے لبھایا | اسکی جان سے |

تو یہ ہیں وہ جن پر تم مجھے طعنہ دیتی تھیں اور بے شک میں نے ان کا دل پھسلانا چاہا تو انہوں نے اپنے آپ کو بچایا

فَاسْتَعْصَمَ ۭ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَعْصَمَ | وَ | لَئِنْ | لَّمْ | يَفْعَلْ | مَآ | اٰمُرُهٗ | لَيُسْجَنَنَّ | وَ | لَيَكُوْنًا |
| تو وہ بچتا رہا | اور | اگر | نہ | کیا اس نے | جو | میں اسے حکم دیتی ہوں | تو ضرور قید کیا جائے گا | اور | ہو جائے گا |

اور بے شک اگر وہ یہ کام نہ کریں گے جو میں ان سے کہتی ہوں تو ضرور قید میں پڑیں گے اور ضرور

مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ | قَالَ | رَبِّ | السِّجْنُ | اَحَبُّ | اِلَيَّ | مِمَّا | يَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَيْهِ |
| ذلیل لوگوں سے | عرض کی | اے میرے رب | قید خانہ | زیادہ پیارا ہے | مجھے | اس چیز سے | جو بلاتی ہیں مجھے | اسکی طرف |

ذلت اٹھائیں گے۔ یوسف علیہ السلام نے عرض کیا میرے رب! قید خانہ مجھے اس بات سے زیادہ پیارا ہے

وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِلَّا | تَصْرِفْ | عَنِّيْ | كَيْدَهُنَّ | اَصْبُ | اِلَيْهِنَّ | وَ | اَكُنْ |
| اور | اگر نہ | پھیرے گا تو | مجھ سے | ان کا مکر | تو میں مائل ہونگا | ان کی طرف | اور | ہو جاؤں گا میں |

جس کی طرف یہ مجھے بلاتی ہے اور اگر تو مجھ سے ان کے داؤ کو نہیں ہٹائے گا تو میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا

مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | اِنَّهٗ | كَيْدَهُنَّ | عَنْهُ | فَصَرَفَ | رَبُّهٗ | لَهٗ | فَاسْتَجَابَ | مِنَ الْجٰهِلِيْنَ |
| وہ | بیشک | ان کا مکر | اس سے | تو پھیر دیا | اس کے رب نے | اس کے لیے | تو قبول کرلی دعا | جاہلوں میں سے |

اور جاہلوں میں ہو جاؤں گا۔ پھر اللہ نے ان کی دُعا قبول کر لی اور اِن سے اُن کے داؤ کو ہٹا دیا بیشک

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰيٰتِ | مَا رَاَوُا | مِّنْۢ بَعْدِ | بَدَا لَهُمْ | ثُمَّ | الْعَلِيْمُ | السَّمِيْعُ |
| نشانیاں | دیکھی انہوں نے | بعد اس کے کہ | ظاہر ہوا ان کے لیے | پھر | جاننے والا | وہی ہے سننے والا |

وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ پھر (یوسف علیہ السلام کی پاکبازی کی) نشانیاں دیکھنے کے بعد (بھی) انہوں نے

لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾ ع وَ دَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَيٰنِ | السِّجْنَ | مَعَهُ | دَخَلَ | وَ | حَتّٰى حِيْنٍ | لَيَسْجُنُنَّهٗ |
| دونو جوان | قید خانہ میں | اس کے ساتھ | داخل ہوئے | اور | ایک وقت تک | ضرور قید کریں اسے |

یہی مناسب سمجھا کہ ایک مدت تک یوسف علیہ السلام کو قید کر دیں۔ اور ان کے ساتھ دو جوان قید خانے میں داخل ہوئے ان میں

قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَ قَالَ الْاٰخَرُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخَرُ | قَالَ | وَ | خَمْرًا | اَعْصِرُ | اَرٰىنِيْٓ | اِنِّيْٓ | اَحَدُهُمَآ | قَالَ |
| دوسرے نے | کہا | اور | شراب | کہ نچوڑتا ہوں | دیکھتا ہوں اپنے کو | بیشک میں | ایک نے ان دونوں میں سے | کہا |

سے ایک نے کہا میں نے اپنے آپ کو (خواب میں) دیکھا کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں اور دوسرے نے کہا

اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُ | الطَّيْرُ | تَاْكُلُ | خُبْزًا | رَاْسِيْ | فَوْقَ | اَحْمِلُ | اَرٰىنِيْٓ | اِنِّيْٓ |
| اس میں سے | پرندے | کھاتے ہیں | روٹیاں | اپنے سر کے | اوپر | کہ اٹھائے ہیں لگے | دیکھتا ہوں اپنے کو | بیشک میں |

میں نے اپنے آپ کو خواب میں دیکھا کہ میں اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں جن میں سے

نَبَّئْنَا بِتَاْوِیْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ (۳۶) قَالَ لَا

| نَبِّئْنَا | بِتَاْوِیْلِهٖ | اِنَّا | نَرٰىكَ | مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ | قَالَ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بتاؤ ہم کو | اس کی تعبیر | بیشک ہم | دیکھتے ہیں آپ کو | نیک لوگوں سے | فرمایا | نہیں |

پرندے کھا رہے ہیں ہمیں اس کی تعبیر بتایئے بیشک ہم آپ کو اچھے لوگوں میں سے سمجھتے ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا

یَاْتِیْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖۤ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِیْلِهٖ قَبْلَ اَنْ

| یَاْتِیْكُمَا | طَعَامٌ | تُرْزَقٰنِهٖۤ | اِلَّا | نَبَّاْتُكُمَا | بِتَاْوِیْلِهٖ | قَبْلَ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئے گا تمہارے پاس | کھانا | جو تمہیں دیا جاتا ہے | مگر | بتادوں گا میں تم دونوں کو | اس کی تعبیر | پہلے | اس سے کہ |

جو کھانا تمہیں ملا کرتا ہے وہ تمہارے پاس نہ آنے پائے گا کہ میں اس کی تعبیر اس کے آنے سے

یَّاْتِیَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ ؕ اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ

| یَّاْتِیَكُمَا | ذٰلِكُمَا | مِمَّا | عَلَّمَنِیْ | رَبِّیْ | اِنِّیْ | تَرَكْتُ | مِلَّةَ | قَوْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئے تمہارے پاس | یہ | اس سے ہے | جو سکھایا مجھے | میرے رب نے | بیشک میں نے | چھوڑ دیا ہے میں نے | دین | اس قوم کا |

پہلے تمہیں بتا دوں گا یہ ان علموں میں سے ہے جو مجھے میرے رب نے سکھایا ہے بے شک

لَّا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ (۳۷)

| لَایُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | هُمْ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | كٰفِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جو ایمان نہیں لاتے | اللہ پر | اور | وہ | آخرت کے | وہ | منکر ہیں |

میں نے ان لوگوں کا دین نہ مانا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ آخرت سے منکر ہیں۔

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ مَا

| وَ | اتَّبَعْتُ | مِلَّةَ | اٰبَآءِیْۤ | اِبْرٰهِیْمَ | وَ | اِسْحٰقَ | وَیَعْقُوْبَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | میں نے پیروی کی | دین | اپنے باپ دادا | ابراہیم | اور | اسحٰق | اور یعقوب کی | نہیں |

اور میں نے اپنے باپ دادا ابراہیم علیہ السلام اور اسحٰق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کا دین اختیار کیا

كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ

| كَانَ | لَنَآ | اَنْ | نُّشْرِكَ | بِاللّٰهِ | مِنْ شَیْءٍ | ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | ہمارے لیے | یہ کہ | شریک ٹھرائیں ہم | اللہ کے ساتھ | کسی چیز کو | یہ فضل ہے |

ہمیں لائق نہیں کہ کسی چیز کو اللہ کا شریک ٹھہرائیں یہ اللہ کا

اللّٰهِ عَلَيْنَا وَ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

| اللّٰهِ | عَلَيْنَا | وَ | عَلَى | النَّاسِ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | ہم پر | اور | اوپر | لوگوں کے | اور | لیکن | اکثر | لوگ |

ایک فضل ہے ہم پر اور لوگوں پر مگر اکثر لوگ

لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ

| لَا | يَشْكُرُوْنَ | يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ | ءَاَرْبَابٌ | مُّتَفَرِّقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| نہیں | شکر کرتے | اے میرے قید خانے کے ساتھیو! | کیا رب | جدا جدا |

شکر نہیں کرتے۔ میرے قید خانے کے دو ساتھیو! کیا جدا جدا آقا

خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ

| خَيْرٌ | اَمِ | اللّٰهُ | الْوَاحِدُ | الْقَهَّارُ | مَا | تَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہیں | یا | اللہ | ایک | زبردست | نہیں | پوجتے تم | اس کے سوا |

بہتر ہیں یا ایک ہی زبردست اللہ؟ اسے چھوڑ کر تم جنہیں پوجتے ہو وہ صرف نام ہیں

اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

| اِلَّآ | اَسْمَآءً | سَمَّيْتُمُوْهَآ | اَنْتُمْ | وَ | اٰبَآؤُكُمْ | مَّآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | ناموں کی | جو نام رکھے اس کے | تم نے | اور | تمہارے باپوں نے | نہیں | اتاری | اللہ نے |

جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں جن کی کوئی دلیل اللہ نے

بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَا | مِنْ | سُلْطٰنٍ | اِنِ | الْحُكْمُ | اِلَّا | لِلّٰهِ | اَمَرَ | اَلَّا | تَعْبُدُوْٓا |
| اس کی | کوئی | سند | نہیں ہے | حکم | مگر | اللہ کا | حکم دیا اس نے | یہ کہ نہ | پوجو تم |

نازل نہیں کی حکومت صرف اللہ کی ہے اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا

اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّآ | اِيَّاهُ | ذٰلِكَ | الدِّيْنُ | الْقَيِّمُ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ |
| مگر | اسی کو | یہ ہے | دین | سیدھا | اور | لیکن | اکثر | لوگ |

کسی کی عبادت نہ کرو یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا | يَعْلَمُوْنَ | يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ | اَمَّآ اَحَدُكُمَا | فَيَسْقِيْ |
| نہیں | جانتے | اے میرے قید خانے کے ساتھیو! | او پر ایک تم میں سے | پلائے گا |

لوگ نہیں جانتے۔ اے (میرے) قید خانے کے دونوں ساتھیو! تم میں

رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَ اَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّهٗ | خَمْرًا | وَ | اَمَّا | الْاٰخَرُ | فَيُصْلَبُ | فَتَاْكُلُ | الطَّيْرُ | مِنْ رَّاْسِهٖ |
| اپنے بادشاہ کو | شراب | اور | رہا وہ | دوسرا | سو وہ سولی دیا جائیگا | تو کھائیں گے | پرندے | اسکے سرسے |

سے ایک تو اپنے مربی (بادشاہ) کو شراب پلایا کرے گا اور رہا دوسرا تو وہ سولی دیا جائے گا تو پرندے

قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾ؕ وَ قَالَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قُضِيَ | الْاَمْرُ | الَّذِيْ | فِيْهِ | تَسْتَفْتِيٰنِ | وَ | قَالَ |
| فیصلہ ہو گیا | کام کا | وہ | جس میں | تم جواب مانگتے تھے | اور | کہا |

اس کے سر سے (گوشت نوچ کر) کھائیں گے اس بات کا فیصلہ ہو چکا جس کے بارے میں تم پوچھتے تھے۔ اور یوسف علیہ السلام نے

# لِلَّذِیۡ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنۡهُمَا اذۡكُرۡنِیۡ عِنۡدَ رَبِّكَ ۫

| لِلَّذِیۡ | ظَنَّ | اَنَّهٗ | نَاجٍ | مِّنۡهُمَا | اذۡكُرۡنِیۡ | عِنۡدَ | رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | جو خیال کیا | کہ وہ | نجات پانے والا ہے | ان میں سے | ذکر کرنا میرا | پاس | اپنے بادشاہ کے |

اس سے فرمایا جسے ان دونوں میں سے رہائی پانے والا سمجھا اپنے بادشاہ کے پاس میرا ذکر کرنا تو شیطان نے

# فَاَنۡسٰىهُ الشَّيۡطٰنُ ذِكۡرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجۡنِ بِضۡعَ

| فَاَنۡسٰىهُ | الشَّيۡطٰنُ | ذِكۡرَ | رَبِّهٖ | فَلَبِثَ | فِی السِّجۡنِ | بِضۡعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بھلا دیا اسے | شیطان نے | ذکر کرنا | اپنے بادشاہ سے | تو ٹھہرا | قید خانہ میں | کئی |

اسے بھلا دیا کہ وہ اپنے بادشاہ کے سامنے یوسف علیہ السلام کا ذکر کرے تو وہ کئی سال قید خانے

# سِنِيۡنَ ﴿۴۲﴾ وَقَالَ الۡمَلِكُ اِنِّیۡۤ اَرٰى سَبۡعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ

ع

| سِنِيۡنَ | وَ | قَالَ | الۡمَلِكُ | اِنِّیۡۤ | اَرٰى | سَبۡعَ | بَقَرٰتٍ | سِمَانٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برس | اور | کہا | بادشاہ نے | بیشک میں نے | دیکھی ہیں | سات | گائیں | فربہ |

میں ٹھہرے رہے۔ اور بادشاہ نے کہا: "یقیناً میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ سات موٹی

# يَّاۡكُلُهُنَّ سَبۡعٌ عِجَافٌ وَّسَبۡعَ سُنۡۢبُلٰتٍ خُضۡرٍ وَّاُخَرَ

| يَّاۡكُلُهُنَّ | سَبۡعٌ | عِجَافٌ | وَّ | سَبۡعَ | سُنۡۢبُلٰتٍ | خُضۡرٍ | وَّ | اُخَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھاتی ہیں ان کو | سات | دبلی | اور | سات | بالیاں | سبز | اور | دوسری |

گائیں ہیں جن کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات ہری بالیاں ہیں

# يٰبِسٰتٍ ؕ يٰۤاَيُّهَا الۡمَلَاُ اَفۡتُوۡنِیۡ فِیۡ رُءۡيَایَ اِنۡ كُنۡتُمۡ

| يٰبِسٰتٍ | يٰۤاَيُّهَا | الۡمَلَاُ | اَفۡتُوۡنِیۡ | فِیۡ رُءۡيَایَ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سوکھی | اے | درباریو | جواب دو مجھے | میرے خواب کا | اگر | ہو تم |

اور دوسری سات سوکھی۔ اے سردارو! مجھے اس خواب کی تعبیر بتاؤ اگر تم

لِلرُّءۡيَا تَعۡبُرُوۡنَ ﴿۴۳﴾ قَالُوۡۤا اَضۡغَاثُ اَحۡلَامٍ ۚ وَمَا نَحۡنُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلرُّءۡيَا | تَعۡبُرُوۡنَ | قَالُوۡۤا | اَضۡغَاثُ | اَحۡلَامٍ | وَ | مَا | نَحۡنُ |
| خواب کی | تعبیر کرتے | بولے | پریشان | خوابیں ہیں | اور | نہیں | ہم |

خواب کی تعبیر دیتے ہو۔ بولے یہ پریشان خواب ہیں اور ہم

بِتَاۡوِيۡلِ الۡاَحۡلَامِ بِعٰلِمِيۡنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ الَّذِىۡ نَجَا مِنۡهُمَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِتَاۡوِيۡلِ | الۡاَحۡلَامِ | بِعٰلِمِيۡنَ | وَقَالَ | الَّذِىۡ | نَجَا | مِنۡهُمَا |
| تعبیر | پریشان خواب کی | جاننے والے | اور کہا | جس نے | نجات پائی تھی | ان دو میں سے |

خواب کی تعبیر نہیں جانتے۔ مگر وہ شخص جس نے ان میں رہائی پائی تھی

وَادَّكَرَ بَعۡدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمۡ بِتَاۡوِيۡلِهٖ فَاَرۡسِلُوۡنِ ﴿۴۵﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ادَّكَرَ | بَعۡدَ | اُمَّةٍ | اَنَا | اُنَبِّئُكُمۡ | بِتَاۡوِيۡلِهٖ | فَاَرۡسِلُوۡنِ |
| اور | یاد کیا | بعد | ایک مدت کے | میں | خبر دیتا ہوں تم کو | اس کی تعبیر کی | سو مجھے بھیجو |

اور جسے ایک مدت کے بعد یاد آ گیا کہنے لگا میں تمہیں اس کی تعبیر بتاؤں گا سو مجھے بھیجو۔

يُوۡسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيۡقُ اَفۡتِنَا فِىۡ سَبۡعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوۡسُفُ | اَيُّهَا | الصِّدِّيۡقُ | اَفۡتِنَا | فِىۡ سَبۡعِ | بَقَرٰتٍ | سِمَانٍ |
| اے یوسف | اے | سچے | بتا ہمیں | سات | گائیں | موٹی ہیں |

یوسف علیہ السلام! اے سچے شخص! ہمیں مطلب بتا سات فربہ گائیں

يَّاۡكُلُهُنَّ سَبۡعٌ عِجَافٌ وَّسَبۡعِ سُنۡۢبُلٰتٍ خُضۡرٍ وَّاُخَرَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّاۡكُلُهُنَّ | سَبۡعٌ | عِجَافٌ | وَّ | سَبۡعِ | سُنۡۢبُلٰتٍ | خُضۡرٍ | وَّاُخَرَ |
| کھاتی ہیں ان کو | سات | دبلی | اور | سات | بالیاں | سبز | اور دوسری |

جنہیں سات دبلی گائیں کھا جاتی ہیں اور سات سبز بالیوں کا

یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْٓ اَرْجِعُ اِلَی النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یٰبِسٰتٍ | لَّعَلِّیْٓ | اَرْجِعُ | اِلَی | النَّاسِ | لَعَلَّهُمْ |
| سوکھی | تاکہ میں | لوٹوں | طرف | لوگوں کے | تاکہ وہ |

اور دوسری خشک کا تاکہ میں لوگوں کے پاس واپس جاؤں تاکہ

یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| یَعْلَمُوْنَ | قَالَ | تَزْرَعُوْنَ | سَبْعَ | سِنِیْنَ | دَاَبًا |
| جانیں | کہا | کھیتی کروگے تم | سات | سال | محنت سے |

وہ جان لیں۔ فرمایا تم حسب عادت سات برس تک کھیتی کرو گے

فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | حَصَدْتُّمْ | فَذَرُوْهُ | فِیْ سُنْۢبُلِهٖٓ | اِلَّا | قَلِیْلًا | مِّمَّا |
| پھر جو | کاٹو تم | تو چھوڑو تم اس کو | بالیوں میں | مگر | تھوڑا | اس میں سے |

تو جو کھیتی تم کاٹو اسے اس کی بالی میں چھوڑ دو مگر تھوڑا

تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاْكُلُوْنَ | ثُمَّ | یَاْتِیْ | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | سَبْعٌ | شِدَادٌ |
| جو تم کھاؤ | پھر | آئیں گے | بعد | اس کے | سات سال | سخت |

سا جتنا تم کھاؤ۔ اس کے بعد سات برس سخت آئیں گے وہ کھا جائیں گے

یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یَّاْكُلْنَ | مَا | قَدَّمْتُمْ | لَهُنَّ | اِلَّا | قَلِیْلًا | مِّمَّا |
| کھا جائیں گے | جو | جمع کیا تم نے | ان کے لیے | مگر | تھوڑا | اس سے جو |

جو تم نے ان کیلئے پہلے جمع کر کے رکھا تھا مگر تھوڑا سا (بچ رہے گا)

تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تُحْصِنُوْنَ | ثُمَّ | يَاْتِيْ | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | عَامٌ | فِيْهِ |
| تم بچالو | پھر | آئے گا | بعد | اس کے | ایک سال | اس میں |

جو تم محفوظ کر لو گے۔ پھر ان کے بعد ایک برس آئے گا جس میں لوگوں کو پر خوب بارش

ع ۶/۷ ۱۲

يُغَاثُ النَّاسُ وَ فِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَ قَالَ الْمَلِكُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُغَاثُ | النَّاسُ | وَ | فِيْهِ | يَعْصِرُوْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلِكُ |
| بارش ہوگی | لوگوں پر | اور | اس میں | رس نچوڑیں گے | اور | کہا | بادشاہ نے |

برسے گی اور اس میں رس نچوڑیں گے۔ اور بادشاہ بولا کہ

ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ائْتُوْنِيْ | بِهٖ | فَلَمَّا | جَآءَهُ | الرَّسُوْلُ | قَالَ | ارْجِعْ | اِلٰى |
| لاؤ تم میرے پاس | اس کو | پھر جب | آیا اس کے پاس | ایلچی | فرمایا | واپس جا | طرف |

انہیں میرے پاس لے آؤ تو جب ان کے پاس قاصد آیا کہا اپنے بادشاہ کے

رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | فَسْـَٔلْهُ | مَا | بَالُ | النِّسْوَةِ | الّٰتِيْ | قَطَّعْنَ |
| اپنے بادشاہ کی | پھر پوچھ اس سے | کیا | حال ہے | ان عورتوں کا | جنہوں نے | کاٹے |

پاس پلٹ جاؤ پھر اس سے پوچھو کیا حال ہے ان عورتوں کا جنہوں نے اپنے

اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيَهُنَّ | اِنَّ | رَبِّيْ | بِكَيْدِهِنَّ | عَلِيْمٌ | قَالَ | مَا |
| اپنے ہاتھ | بیشک | میرا رب | ان کا فریب | جاننے والا ہے | کہا | کیا |

ہاتھ کاٹے تھے بے شک میرا رب ان کا فریب جانتا ہے۔ اس نے کہا

خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ

| خَطْبُكُنَّ | اِذْ | رَاوَدْتُّنَّ | يُوْسُفَ | عَنْ نَّفْسِهٖ | قُلْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| حال تھا تمہارا | جب | پھسلایا تم نے | یوسف کو | اسے نفس سے | کہنے لگیں |

تمہارا کیا مقصد تھا جب تم نے یوسف علیہ السلام کو ورغلایا؟ وہ بولیں

حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ

| حَاشَ | لِلّٰهِ | مَا | عَلِمْنَا | عَلَيْهِ | مِنْ | سُوْٓءٍ | قَالَتِ | امْرَاَتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاک ہے | اللہ | نہیں | پائی ہم نے | اس میں | کوئی | برائی | بولی | عورت |

اللہ کی پناہ ہم نے اس میں کوئی برائی معلوم نہیں کی

الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ؗ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ

| الْعَزِيْزِ | الْـٰٔنَ | حَصْحَصَ | الْحَقُّ | اَنَا | رَاوَدْتُّهٗ | عَنْ نَّفْسِهٖ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عزیز کی | اب | کھل گیا | حق | میں نے | لبھایا تھا اسے | اسکی جان سے | اور |

عزیز مصر کی بیوی کہنے لگی اب حق ظاہر ہو گیا ہے میں نے اسے

اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٥١﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ

| اِنَّهٗ | لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ | ذٰلِكَ | لِيَعْلَمَ | اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ |
|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | سچے لوگوں سے ہے | یہ اس لیے | تاکہ جانے | کہ میں نے اسکی خیانت نہیں کی |

ورغلایا تھا اور بے شک وہ سچا ہے۔ (یوسف علیہ السلام نے کہا) یہ اس لئے کیا کہ وہ جان لے کہ میں نے

بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ﴿٥٢﴾

| بِالْغَيْبِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَهْدِيْ | كَيْدَ | الْخَآئِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیٹھ پیچھے | اور | بیشک | اللہ | نہیں | چلنے دیتا | مکر | دغابازوں کا |

چھپ کر اس سے دغا نہیں کیا اور یہ کہ اللہ دغا کرنے والوں کے فریب کو راہ پر نہیں ڈالتا۔

۱۳ الجزء

**وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ؕ**

| وَ | مَآ اُبَرِّئُ | نَفْسِيْ | اِنَّ | النَّفْسَ | لَاَمَّارَةٌ | بِالسُّوْٓءِ | اِلَّا | مَا | رَحِمَ | رَبِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | میں بے قصور نہیں بتاتا | اپنے نفس کو | بیشک | نفس | بڑا حکم دینے والا ہے | برائی کا | مگر | جس پر | رحم کرے | میرا رب |

اور میں اپنے نفس کی برأت نہیں کرتا بے شک نفس امارہ تو برائی کا بہت حکم دینے والا ہے لیکن جس پر میرا رب رحم فرمائے یقیناً میرا

**اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٥٣﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ**

| اِنَّ | رَبِّيْ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | قَالَ | الْمَلِكُ | ائْتُوْنِيْ | بِهٖٓ | اَسْتَخْلِصْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | میرا رب | بخشنے والا | مہربان ہے | اور | کہا | بادشاہ نے | لاؤ میرے پاس | اس کو | میں چن لوں اسکو |

رب بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور بادشاہ نے کہا انہیں میرے پاس لے آؤ میں انہیں اپنے لئے خاص کرلوں تو

**لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ﴿٥٤﴾ قَالَ**

| لِنَفْسِيْ | فَلَمَّا | كَلَّمَهٗ | قَالَ | اِنَّكَ | الْيَوْمَ | لَدَيْنَا | مَكِيْنٌ | اَمِيْنٌ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے لیے | پھر جب | بات کی اس سے | کہا | بیشک تو | آج کے دن سے | ہمارے پاس | مرتبے والا ہے | امانت دار | فرمایا |

جب بادشاہ نے ان سے کلام کیا تو کہا کہ (اے یوسف علیہ السلام) بے شک آپ ہمارے ہاں آج معزز اور قابلِ اعتماد ہو۔ یوسف علیہ السلام

**اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ﴿٥٥﴾ وَكَذٰلِكَ**

| اجْعَلْنِيْ | عَلٰى | خَزَآئِنِ | الْاَرْضِ | اِنِّيْ | حَفِيْظٌ | عَلِيْمٌ | وَ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجھے کردے | اوپر | خزانوں کے | زمین کے | بیشک میں | حفاظت کرنے والا | جاننے والا ہوں | اور | اسی طرح ہم |

نے فرمایا مجھے زمین کے خزانوں پر مقرر کردے بیشک میں حفاظت کرنے والا علم والا ہوں۔ اور یوں

**مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ**

| مَكَّنَّا | لِيُوْسُفَ | فِي الْاَرْضِ | يَتَبَوَّاُ | مِنْهَا | حَيْثُ | يَشَآءُ | نُصِيْبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے قدرت بخشی | یوسف کو | زمین میں | جگہ پکڑتا | اس سے | جہاں | چاہتا | پہنچاتے ہیں ہم |

ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس ملک پر اقتدار بخشا اس میں جہاں چاہے رہے

بِرَحۡمَتِنَا مَنۡ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجۡرُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحۡمَتِنَا | مَنۡ | نَّشَآءُ | وَ | لَا نُضِيۡعُ | اَجۡرَ | الۡمُحۡسِنِيۡنَ | وَلَاَجۡرُ |
| اپنی رحمت | جسے | چاہیں ہم | اور | ہم ضائع نہیں کرتے | اجر | نیکوں کا | اور یقیناً اجر |

ہم اپنی رحمت جسے چاہیں پہنچائیں اور ہم نیک لوگوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ اور آخرت کا

الۡاٰخِرَةِ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَكَانُوۡا يَتَّقُوۡنَ ﴿۵۷﴾ ع وَجَآءَ اِخۡوَةُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاٰخِرَةِ | خَيۡرٌ | لِّلَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَ | كَانُوۡا | يَتَّقُوۡنَ | وَجَآءَ | اِخۡوَةُ |
| آخرت کا | بہتر ہے | ان کے لیے | جو ایمان لائے | اور | ہے | پرہیزگار | اور آئے | بھائی |

اجر ان لوگوں کیلئے زیادہ بہتر ہے جو ایمان لائے اور اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔ اور یوسف علیہ السلام کے بھائی آئے

يُوۡسُفَ فَدَخَلُوۡا عَلَيۡهِ فَعَرَفَهُمۡ وَهُمۡ لَهٗ مُنۡكِرُوۡنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوۡسُفَ | فَدَخَلُوۡا | عَلَيۡهِ | فَعَرَفَهُمۡ | وَ | هُمۡ | لَهٗ | مُنۡكِرُوۡنَ | وَ | لَمَّا |
| یوسف کے | وہ داخل ہوئے | اس پر | پہچان لیا اس نے انکو | اور | وہ | اس کو | نہ پہچان پائے | اور | جب |

اور جب ان کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے انہیں پہچان لیا مگر وہ (بھائی) نہ پہچان سکے۔ اور جب

جَهَّزَهُمۡ بِجَهَازِهِمۡ قَالَ ائۡتُوۡنِىۡ بِاَخٍ لَّكُمۡ مِّنۡ اَبِيۡكُمۡ ۚ اَلَا تَرَوۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَّزَهُمۡ | بِجَهَازِهِمۡ | قَالَ | ائۡتُوۡنِىۡ | بِاَخٍ لَّكُمۡ | مِّنۡ اَبِيۡكُمۡ | اَلَا | تَرَوۡنَ |
| مہیا کر دیا ان کو | ان کا سامان | کہا | لاؤ میرے پاس | بھائی اپنا | باپ کی طرف سے | کیا نہیں | دیکھتے تم |

انہوں نے اپنے بھائیوں کا سامان تیار کر دیا تو فرمایا اپنے باپ کی طرف سے اپنے بھائی کو بھی میرے پاس لے آؤ کیا تم نہیں دیکھتے

اَنِّىۡۤ اُوۡفِى الۡكَيۡلَ وَاَنَا خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنۡ لَّمۡ تَاۡتُوۡنِىۡ بِهٖ فَلَا كَيۡلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنِّىۡۤ | اُوۡفِى | الۡكَيۡلَ | وَاَنَا | خَيۡرُ | الۡمُنۡزِلِيۡنَ | فَاِنۡ | لَّمۡ تَاۡتُوۡنِىۡ | بِهٖ | فَلَا | كَيۡلَ |
| کہ بیشک میں | پورا ماپتا ہوں | پیمانہ | اور میں | بہترین | مہمان نواز ہوں | پھر اگر | نہ لائے میرے پاس | اس کو | تو نہیں ہے | ماپ |

کہ میں پورا ناپ دیتا ہوں اور میں بہترین مہمان نواز ہوں۔ تو اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے تو میرے پاس تمہارے

لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ۞٦٠ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | عِنْدِيْ | وَ | لَا | تَقْرَبُوْنِ | قَالُوْا | سَنُرَاوِدُ | عَنْهُ | اَبَاهُ | وَاِنَّا |
| تمہارے لئے | میرے پاس | اور | نہ | میرے قریب آنا | بولے | ہم کوشش کریں گے | اس کے متعلق | اس کے باپ سے | اور ہم یقیناً |

لئے کوئی غلہ نہیں اور تم میرے قریب بھی نہ آنا۔ انہوں نے کہا ہم جلد ہی اس کے بارے میں اس کے باپ کو راضی کرنے کی کوشش

لَفٰعِلُوْنَ ۞٦١ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَفٰعِلُوْنَ | وَ | قَالَ | لِفِتْيٰنِهِ | اجْعَلُوْا | بِضَاعَتَهُمْ | فِيْ | رِحَالِهِمْ | لَعَلَّهُمْ |
| کرنیوالے ہیں | اور | کہا | اپنے غلاموں کو | رکھ دو | ان کی پونجی | میں | ان کی خرجیوں | تا کہ وہ |

کریں گے اور یقیناً ہم (ایسا) کرنے والے ہیں۔ اور یوسف علیہ السلام نے اپنے غلاموں سے فرمایا کہ ان کا مال ان کے سامان میں

يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۞٦٢ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْرِفُوْنَهَآ | اِذَا | انْقَلَبُوْٓا | اِلٰٓى | اَهْلِهِمْ | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ | فَلَمَّا | رَجَعُوْٓا |
| پہچانیں اسکو | جب | پھریں وہ | طرف | اپنے گھر والوں کے | تا کہ وہ | واپس آئیں | پھر جب | لوٹ آئے |

رکھ دو تا کہ جب وہ اپنے گھر والوں میں لوٹیں تو اس کو پہچان لیں شاید وہ پھر واپس آئیں۔ چنانچہ جب وہ اپنے

اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى اَبِيْهِمْ | قَالُوْا | يٰٓاَبَانَا | مُنِعَ | مِنَّا | الْكَيْلُ | فَاَرْسِلْ | مَعَنَآ | اَخَانَا |
| اپنے باپ کی طرف | بولے | اے ہمارے باپ | روک دیا گیا | ہم سے | ماپ | سو بھیج دیجئے | ہمارے ساتھ | ہمارے بھائی کو |

باپ کے پاس پہنچے تو کہنے لگے اے ہمارے باپ! غلہ ہم سے روک لیا گیا ہے سو ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیج

نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۞٦٣ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَكْتَلْ | وَاِنَّا | لَهٗ | لَحٰفِظُوْنَ | قَالَ | هَلْ | اٰمَنُكُمْ | عَلَيْهِ | اِلَّا | كَمَآ | اَمِنْتُكُمْ |
| ہم ناپ لائیں | اور بیشک ہم | اس کی | حفاظت کرینگے | فرمایا | کیا | میں اعتبار کروں تمہارا | اس سے | مگر | جیسے | میں نے اعتبار کیا تمہارا |

دو کہ ہم غلہ لائیں اور ہم یقیناً اس کی حفاظت کریں گے۔ انہوں نے فرمایا کیا میں اس کے متعلق تم پر ویسے ہی اعتماد کر لوں جیسے

عَلٰۤى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّ هُوَ اَرْحَمُ

| عَلٰٓى | اَخِيْهِ | مِنْ قَبْلُ | فَاللّٰهُ | خَيْرٌ | حٰفِظًا | وَّ | هُوَ | اَرْحَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اسکے بھائی کے | اس سے پہلے | پھر اللہ ہی | بہتر | نگہبان ہے | اور | وہ | بہترین |

پہلے تمہارے بھائی کے متعلق تم پر اعتماد کیا تھا؟ مگر اللہ بہترین محافظ ہے اور وہ رحم کرنے والوں میں زیادہ

الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

| الرّٰحِمِيْنَ | وَ | لَمَّا | فَتَحُوْا | مَتَاعَهُمْ | وَجَدُوْا | بِضَاعَتَهُمْ | رُدَّتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحم کرنے وا ہے | اور | جب | کھولا انہوں نے | اپنا سامان | تو پائی انہوں نے | اپنی پونجی | کہ واپس کی گئی ہے |

رحم کرنے والا ہے۔ اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو (اس میں) اِن کا مال موجود ہے وہ بولے اے ہمارے باپ!

اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ

| اِلَيْهِمْ | قَالُوْا | يٰۤاَبَانَا | مَا نَبْغِيْ | هٰذِهٖ | بِضَاعَتُنَا | رُدَّتْ | اِلَيْنَا | وَنَمِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی طرف | بولے | اے ہمارے باپ | ہم کیا چاہیں | یہ ہے | ہماری پونجی | واپس کی گئی | ہماری طرف | اور ہم غلہ لائینگے |

(اب) ہم (اور) کیا چاہیں؟ یہ ہمارا مال ہے کہ ہمارے طرف لوٹا دیا گیا اور ہم اپنے گھر والوں کیلئے غلہ لائینگے اور اپنے

اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ

| اَهْلَنَا | وَنَحْفَظُ | اَخَانَا | وَنَزْدَادُ | كَيْلَ | بَعِيْرٍ | ذٰلِكَ | كَيْلٌ | يَّسِيْرٌ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھر والوں کیلئے | اور حفاظت کرینگے | اپنے بھائی کی | اور زیادہ لائینگے | ماپ | ایک اونٹ کا | یہ ہے | ماپ | آسان | فرمایا |

بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ پائیں گے یہ تو بہت تھوڑی سی مقدار ہے۔ فرمایا میں

لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖۤ

| لَنْ اُرْسِلَهٗ | مَعَكُمْ | حَتّٰى | تُؤْتُوْنِ | مَوْثِقًا | مِّنَ اللّٰهِ | لَتَاْتُنَّنِيْ | بِهٖۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں کبھی نہ بھیجوں گا اسے | تمہارے ساتھ | یہاں تک کہ | دو تم مجھے | عہد | اللہ کا | کہ ضرور لاؤ گے تم میرے پاس | اس کو |

ہرگز اسے تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا جب تک اللہ کی قسم کھا کر تم مجھے پختہ عہد نہ دو کہ تم اسے ضرور میرے پاس واپس لے آؤ گے

إِلَّآ أَن يُحَاطَ بِكُمْ ۖ فَلَمَّآ ءَاتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ ٱللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ

| إِلَّآ | أَن | يُحَاطَ | بِكُمْ | فَلَمَّآ | ءَاتَوْهُ | مَوْثِقَهُمْ | قَالَ | ٱللَّهُ | عَلَىٰ مَا | نَقُولُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | یہ کہ | گھیرے جاؤ | تم | پھر جب | دیا اس کو | اپنا عہد | کہا | اللہ | اس پر جو | ہم کہتے ہیں |

مگر یہ کہ تمہیں گھیر لیا جائے پھر جب انہوں نے یعقوب علیہ السلام کو اپنا پختہ عہد دے دیا تو انہوں نے فرمایا اللہ نگہبان ہے اس پر

وَكِيلٌ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ يَٰبَنِىَّ لَا تَدْخُلُوا۟ مِنۢ بَابٍ وَٰحِدٍ وَٱدْخُلُوا۟ مِنْ أَبْوَٰبٍ

| وَكِيلٌ | وَقَالَ | يَٰبَنِىَّ | لَا | تَدْخُلُوا۟ | مِنۢ بَابٍ | وَٰحِدٍ | وَٱدْخُلُوا۟ | مِنْ أَبْوَٰبٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کارساز ہے | اور فرمایا | اے میرے بیٹو | نہ | داخل ہونا | دروازے | ایک سے | اور داخل ہونا | دروازوں سے |

جو ہم کہہ رہے ہیں۔ اور فرمایا اے میرے بیٹو! ایک دروازے سے داخل نہ ہونا اور جدا جدا دروازوں

مُّتَفَرِّقَةٍ ۖ وَمَآ أُغْنِى عَنكُم مِّنَ ٱللَّهِ مِن شَىْءٍ ۖ إِنِ

| مُّتَفَرِّقَةٍ | وَ | مَآ | أُغْنِى | عَنكُم | مِّنَ ٱللَّهِ | مِن شَىْءٍ | إِنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جدا جدا | اور | نہیں | بچا سکتا میں | تم کو | اللہ سے | کچھ بھی | نہیں ہے |

سے جانا میں تمہیں اللہ سے بچا نہیں سکتا حکم تو سب اللہ ہی کا ہے میں نے

ٱلْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ ٱلْمُتَوَكِّلُونَ ﴿٦٧﴾

| ٱلْحُكْمُ | إِلَّا | لِلَّهِ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْتُ | وَعَلَيْهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | ٱلْمُتَوَكِّلُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم | مگر | اللہ کا | اسی پر | میں نے توکل کیا | اور اسی پر | بھروسہ کریں | بھروسہ کرنیوالے |

اسی پر بھروسہ کیا اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

وَلَمَّا دَخَلُوا۟ مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِى عَنْهُم

| وَ | لَمَّا | دَخَلُوا۟ | مِنْ حَيْثُ | أَمَرَهُمْ | أَبُوهُم | مَّا | كَانَ | يُغْنِى | عَنْهُم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | داخل ہوئے | جہاں سے | ان کو حکم دیا تھا | ان کے باپ نے | نہیں | تھا | بچا سکتا | ان سے |

اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے ان کے باپ نے حکم دیا تھا اگرچہ باپ کی حکمت و تدبیر

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَ اِنَّهٗ

| مِّنَ اللّٰهِ | مِنْ شَیْءٍ | اِلَّا | حَاجَةً | فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ | قَضٰىهَا | وَ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | کچھ بھی | مگر | ایک خواہش تھی | یعقوب کے جی کی | جو پوری کرلی اس نے | اور | بیشک وہ |

اللہ کا حکم نہیں ٹال سکتی تھی ہاں یعقوب علیہ السلام کے جی کی ایک خواہش تھی جو اس نے پوری کر لی اور بے شک

لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَ لَمَّا دَخَلُوْا ع

| لَذُوْ | عِلْمٍ | لِّمَا | عَلَّمْنٰهُ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا یَعْلَمُوْنَ | وَ | لَمَّا | دَخَلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صاحب | علم ہے | جو | ہم نے اس کو سکھایا | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں جانتے | اور | جب | داخل ہوئے |

وہ ہماری دی ہوئی تعلیم سے صاحب علم ہیں مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ یوسف علیہ السلام کے

عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰۤی اِلَیْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّیْۤ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىٕسْ بِمَا

| عَلٰی | یُوْسُفَ | اٰوٰۤی | اِلَیْهِ | اَخَاهُ | قَالَ | اِنِّیْۤ | اَنَا | اَخُوْكَ | فَلَا | تَبْتَىٕسْ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | یوسف کے | جگہ دی | اپنے پاس | اپنے بھائی کو | فرمایا | بیشک میں | میں ہی | تیرا بھائی ہوں | سو نہ | غم کھا | اس کا جو |

پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی فرمایا میں ہی تیرا بھائی ہوں سو جو کچھ یہ کرتے رہے ہیں

كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَایَةَ فِیْ رَحْلِ

| كَانُوْا | یَعْمَلُوْنَ | فَلَمَّا | جَهَّزَهُمْ | بِجَهَازِهِمْ | جَعَلَ | السِّقَایَةَ | فِیْ رَحْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ تھے | کرتے | پھر جب | مہیا کر دیا ان کو | ان کا سامان | رکھ دیا | پیالہ | بورے میں |

اسکا افسوس نہ کرنا۔ پھر جب وہ ان کا سامان تیار کر چکے تو اس نے پانی کا پیالہ اپنے بھائی کی بوری میں

اَخِیْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَیَّتُهَا الْعِیْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا

| اَخِیْهِ | ثُمَّ | اَذَّنَ | مُؤَذِّنٌ | اَیَّتُهَا | الْعِیْرُ | اِنَّكُمْ | لَسٰرِقُوْنَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے بھائی کے | پھر | آواز دی | آواز دینے والے نے | اے | قافلے والو | یقیناً تم | چور ہو | بولے |

رکھوا دیا پھر ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا اے قافلہ والو! تم تو چور ہو۔ وہ ان کیطرف

وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿٧١﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ

| وَ | اَقْبَلُوْا | عَلَيْهِمْ | مَّاذَا | تَفْقِدُوْنَ | قَالُوْا | نَفْقِدُ | صُوَاعَ | الْمَلِكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | متوجہ ہوئے | ان پر | کیا | گم پاتے ہو | بولے | ہم گم پاتے ہیں | پیمانہ | بادشاہ کا |

متوجہ ہو کر بولے تمہاری کیا چیز گم ہو گئی؟ وہ بولے ہم بادشاہ کا پیالہ نہیں پاتے اور جو اسے (ڈھونڈ کر) لائے

وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ

| وَلِمَنْ | جَآءَ | بِهٖ | حِمْلُ | بَعِيْرٍ | وَّاَنَا | بِهٖ | زَعِيْمٌ | قَالُوْا | تَاللّٰهِ | لَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو آدمی | لائے گا | اسکو | بوجھ ہے | ایک اونٹ کا | اور میں | اس کا | ضامن ہوں | بولے | خدا کی قسم | یقیناً |

اس کیلئے ایک اونٹ غلہ کا (انعام) ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں۔ بولے خدا کی قسم تمہیں خوب معلوم ہے

عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا فَمَا

| عَلِمْتُمْ | مَّا جِئْنَا | لِنُفْسِدَ | فِي الْاَرْضِ | وَ | مَا | كُنَّا | سٰرِقِيْنَ | قَالُوْا | فَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم نے جانا کہ | ہم نہیں آئے | کہ فساد کرتے پھریں | زمین میں | اور | نہیں | ہم | چور | بولے | پھر کیا |

کہ ہم زمین میں فساد کرنے نہیں آئے اور نہ ہم چور ہیں۔ بولے پھر کیا

جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ

| جَزَآؤُهٗ | اِنْ | كُنْتُمْ | كٰذِبِيْنَ | قَالُوْا | جَزَآؤُهٗ | مَنْ | وُّجِدَ | فِيْ رَحْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ ہے اس کا | اگر | ہو تم | جھوٹے | بولے | اس کا بدلہ | وہ ہے جو | پایا جائے | اسکے بورے میں |

سزا ہے اس کی اگر تم جھوٹے ہوئے۔ انہوں نے کہا! جس کے سامان میں وہ پیالہ نکلے وہی اس کا بدلہ

فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ

| فَهُوَ | جَزَآؤُهٗ | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الظّٰلِمِيْنَ | فَبَدَاَ | بِاَوْعِيَتِهِمْ | قَبْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو وہی | اس کا بدلہ ہے | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں ہم | ظالموں کو | پھر شروع کیا | ان کے خرجیوں سے | پہلے |

قرار دیا جائے۔ اور ہمارے یہاں ظالموں کی سزا کا یہی دستور ہے۔ تو یوسف علیہ السلام نے ان کے غلے کی بوریوں کی

وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وِعَآءِ | اَخِيْهِ | ثُمَّ | اسْتَخْرَجَهَا | مِنْ وِّعَآءِ | اَخِيْهِ | كَذٰلِكَ | كِدْنَا |
| خرجی سے | اپنے بھائی کے | پھر | نکالا اس کو | خرجی سے | اپنے بھائی کے | اسی طرح | تدبیر کی ہم |

تلاشی شروع کی اپنے (سگے) بھائی کی بوری سے پہلے پھر اس میں سے پیالے کو نکال لیا ہم نے اسی طرح

لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيُوْسُفَ | مَا | كَانَ | لِيَاْخُذَ | اَخَاهُ | فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ |
| نے یوسف کے لیے | نہیں | تھا | کہ لے لے | اپنے بھائی کو | شاہی قانون میں | مگر | یہ کہ | چاہے |

یوسف علیہ السلام کو تدبیر بتائی وہ اپنے بھائی کو شاہی قانون کی رو سے نہ لے سکتے تھے مگر یہ کہ اللہ چاہے

اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْٓا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | نَرْفَعُ | دَرَجٰتٍ | مَّنْ | نَّشَآءُ | وَ | فَوْقَ | كُلِّ | ذِيْ عِلْمٍ | عَلِيْمٌ | قَالُوْٓا |
| اللہ | بلند کرتے ہیں | درجے | جس کے | چاہیں | اور | اوپر | ہر ایک | علم والے | علم والا ہے | بولے |

ہم جسے چاہیں درجوں میں بلند کر دیں اور ہر علم والے سے اوپر (ایک) علم والا ہے۔ بھائیوں نے کہا

اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | يَّسْرِقْ | فَقَدْ | سَرَقَ | اَخٌ لَّهٗ | مِنْ قَبْلُ | فَاَسَرَّهَا | يُوْسُفُ | فِيْ نَفْسِهٖ |
| اگر | اس نے چوری کی ہے | تو بیشک | چوری کی تھی | اسکے بھائی نے بھی | پہلے | تو چھپایا اس کو | یوسف نے | اپنے دل میں |

اگر یہ چوری کرے تو (تعجب نہیں کہ) بے شک اس کا بھائی (بھی) اس سے پہلے چوری کر چکا ہے تو یوسف علیہ السلام نے اس بات کو

وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَمْ | يُبْدِهَا | لَهُمْ | قَالَ | اَنْتُمْ | شَرٌّ مَّكَانًا | وَ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا |
| اور نہ | ظاہر کیا اس کو | اسکے سامنے | فرمایا | تم | بدتر جگہ ہو | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ |

اپنے دل میں چھپایا اور وہ ان پر ظاہر نہ ہونے دیا یوسف علیہ السلام نے (دل میں) کہا تم بہت برے مقام پر ہو اور اللہ خوب جانتا ہے جو

تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَصِفُوْنَ | قَالُوْا | يٰٓاَيُّهَا | الْعَزِيْزُ | اِنَّ | لَهٗ | اَبًا | شَيْخًا | كَبِيْرًا | فَخُذْ |
| تم بیان کرتے ہو | بولے | اے | عزیز | بیشک | اس کا | باپ ہے | بڑا ہی | بوڑھا | سو تو لے لے |

تم بیان کر رہے ہو انہوں نے کہا اے عزیز! بے شک اس کے والد بہت بوڑھے ہیں تو اس کی جگہ ہم میں سے

اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدَنَا | مَكَانَهٗ | اِنَّا | نَرٰىكَ | مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ | قَالَ | مَعَاذَ | اللّٰهِ | اَنْ |
| ہم میں سے ایک کو | اس کی جگہ | بیشک | ہم دیکھتے ہیں تجھے | نیک لوگوں سے | فرمایا | پناہ | خدا کی | یہ کہ |

کسی کو لے لو بے شک ہم آپ کو احسان کرنے والوں میں سے دیکھ رہے ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا! اللہ کی پناہ کہ

نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ ع فَلَمَّا ع ۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَّاْخُذَ | اِلَّا | مَنْ | وَّجَدْنَا | مَتَاعَنَا | عِنْدَهٗٓ | اِنَّآ | اِذًا | لَّظٰلِمُوْنَ | فَلَمَّا |
| پکڑیں ہم | مگر | اس کو | کہ پایا ہم نے | اپنا سامان | اسکے پاس | بیشک ہم | اس وقت | یقیناً ظالم ہوں گے | پھر جب |

ہم اس کی جگہ کسی اور کو پکڑیں جس کے پاس ہمارا سامان پایا گیا ہے۔ ورنہ ہم بڑے بے انصاف ہوں گے۔ پھر جب

اسْتَيْــَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ۭ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَيْــَٔسُوْا | مِنْهُ | خَلَصُوْا | نَجِيًّا | قَالَ | كَبِيْرُهُمْ | اَلَمْ | تَعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اَبَاكُمْ |
| ناامید ہوگئے وہ | اس سے | علیحدہ ہوئے | مشورہ کے لیے | بولا | ان کا بڑا | کیا نہیں | جانا تم نے | بیشک | تمہارے باپ نے |

اس سے ناامید ہوئے الگ جا کر سرگوشی کرنے لگے ان کا بڑا بھائی بولا کیا تمہیں خبر نہیں کہ تمہارے

قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ | اَخَذَ | عَلَيْكُمْ | مَّوْثِقًا | مِّنَ اللّٰهِ | وَ | مِنْ قَبْلُ | مَا | فَرَّطْتُّمْ | فِيْ يُوْسُفَ |
| یقیناً | لیا | تم سے | عہد | اللہ کا | اور | پہلے | جو | کوتاہی کی تم نے | یوسف کے متعلق |

باپ نے تم سے اللہ کا عہد لیا تھا اور اس سے پہلے یوسف علیہ السلام کے حق میں تم نے کیسی زیادتی

فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِىْٓ اَبِىْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ

| فَلَنْ اَبْرَحَ | الْاَرْضَ | حَتّٰى | يَاْذَنَ | لِىْٓ | اَبِىْٓ | اَوْ | يَحْكُمَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سو میں نہ ٹلوں گا | زمین سے | یہاں تک کہ | اجازت دے | مجھے | میرا باپ | یا | حکم دے | اللہ |

کہ تو میں یہاں سے نہیں ٹلوں گا جب تک کہ میرے باپ اجازت دیں یا اللہ مجھے فیصلہ فرمائے

لِىْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ

| لِىْ | وَهُوَ | خَيْرُ | الْحٰكِمِيْنَ | اِرْجِعُوْٓا | اِلٰٓى | اَبِيْكُمْ | فَقُوْلُوْا | يٰٓاَبَانَآ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجھ کو | اور وہ ہے | بہتر | حکم دینے والا | لوٹ جاؤ | طرف | اپنے باپ کی | پھر کہو | اے ہمارے باپ | بیشک |

اور اس کا حکم سب سے بہتر ہے۔ اپنے باپ کے پاس لوٹ جاؤ اور کہو اے ہمارے باپ! تیرے بیٹے نے چوری کی ہے

ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ

| ابْنَكَ | سَرَقَ | وَ | مَا | شَهِدْنَآ | اِلَّا | بِمَا | عَلِمْنَا | وَ | مَا | كُنَّا | لِلْغَيْبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تیرے بیٹے نے | چوری کی | اور | نہیں | گواہی دی ہم نے | مگر | جو | ہم نے جانا | اور | نہیں | تھے ہم | غیب کی |

اور ہم نے صرف اس بات کی یقین دہانی کرائی تھی جو ہم جانتے تھے اور ہم چھپی باتوں کے

حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِىْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِىْٓ اَقْبَلْنَا

| حٰفِظِيْنَ | وَسْـَٔلِ | الْقَرْيَةَ | الَّتِىْ | كُنَّا | فِيْهَا | وَ | الْعِيْرَ | الَّتِىْٓ | اَقْبَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نگرانی کرنے والے | اور پوچھیے | بستی سے | جس میں | تھے ہم | اس میں | اور | قافلہ | اس سے جو | آئے ہم |

نگہبان نہ تھے۔ اور اس بستی سے جن میں ہم تھے اور اس قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں

فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ

| فِيْهَا | وَ | اِنَّا | لَصٰدِقُوْنَ | قَالَ | بَلْ | سَوَّلَتْ | لَكُمْ | اَنْفُسُكُمْ | اَمْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | اور | یقیناً ہم | بیشک سچے ہیں | فرمایا | بلکہ | بنالیا ہے | تمہارے لیے | تمہاری جانوں نے | ایک حیلہ |

پوچھ لیں اور ہم ضرور سچے ہیں۔ یعقوب علیہ السلام نے فرمایا (ایسا نہیں) بلکہ تمہارے نفسوں نے یہ بات تمہارے لیے مزین کر

فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِىْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَصَبْرٌ | جَمِيْلٌ | عَسَى | اللّٰهُ | اَنْ | يَّاْتِيَنِىْ | بِهِمْ | جَمِيْعًا | اِنَّهٗ | هُوَ | الْعَلِيْمُ |
| تو صبر ہی | اچھا ہے | قریب ہے کہ | اللہ | یہ کہ | لے آئے ان کو | میرے پاس | سب کو | بیشک وہ | وہی ہے | جاننے والا |

دی ہے تو (اب میرے لئے) صبر (ہی) اچھا ہے قریب ہے کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے بیشک وہی سب کچھ جاننے

الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | وَ | تَوَلّٰى | عَنْهُمْ | وَ | قَالَ | يٰۤاَسَفٰى | عَلٰى | يُوْسُفَ | وَ | ابْيَضَّتْ |
| حکمت والا | اور | منہ پھیرا | ان سے | اور | کہا | اے افسوس | اوپر | یوسف کے | اور | سفید ہوگئیں |

والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور ان سے منہ پھیر لیا اور فرمایا ہائے افسوس یوسف علیہ السلام (کے فراق) پر اور غم کی وجہ سے ان کی

عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَيْنٰهُ | مِنَ الْحُزْنِ | فَهُوَ | كَظِيْمٌ | قَالُوْا | تَاللّٰهِ | تَفْتَؤُا | تَذْكُرُ | يُوْسُفَ |
| اسکی آنکھیں | غم کی وجہ سے | سو وہ | غم کا بھرا ہوا تھا | بولے | خدا کی قسم | آپ ہمیشہ | یاد کرتے رہیں گے | یوسف کو |

آنکھیں سفید ہوگئیں تو وہ اپنے غم کو ضبط کرتے رہے۔ بولے خدا کی قسم آپ ہمیشہ یوسف علیہ السلام کی یاد کرتے رہیں گے

حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | تَكُوْنَ | حَرَضًا | اَوْ | تَكُوْنَ | مِنَ الْهٰلِكِيْنَ | قَالَ | اِنَّمَاۤ | اَشْكُوْا |
| یہاں تک کہ | ہو جاؤ تم | بوڑھے | یا | ہو جائیں | ہلاک ہونیوالوں میں سے | فرمایا | سوائے اسکے نہیں کہ | میں شکوہ کرتا ہوں |

یہاں تک کہ ہلاکت کے قریب ہو جائیں یا ہلاک ہونے والوں میں سے ہو جائیں۔ فرمایا میں تو اپنی پریشانی

بَثِّىْ وَحُزْنِىْۤ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِىَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَثِّىْ | وَحُزْنِىْۤ | اِلَى اللّٰهِ | وَاَعْلَمُ | مِنَ اللّٰهِ | مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | يٰبَنِىَّ |
| اپنے اندوہ | اور اپنے غم کا | اللہ کی طرف | اور میں جانتا ہوں | اللہ سے | جو | نہیں | جانتے تم | اے میرے بیٹو |

اور غم کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں اور مجھے اللہ کی جانب سے وہ باتیں معلوم ہیں جو تم نہیں جانتے۔ میرے بیٹو! جاؤ

اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اذْهَبُوْا | فَتَحَسَّسُوْا | مِنْ يُّوْسُفَ | وَ | اَخِيْهِ | وَ | لَا | تَايْـَٔسُوْا | مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ |
| جاؤ | تلاش کرو | یوسف کو | اور | اس کے بھائی کو | اور | نہ | مایوس ہو | اللہ کی رحمت سے |

اور یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا

اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ | لَا | يَايْـَٔسُ | مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ | اِلَّا | الْقَوْمُ | الْكٰفِرُوْنَ | فَلَمَّا |
| بیشک | نہیں | مایوس ہوتی | اللہ کی رحمت سے | مگر | قوم | کافروں کی | پھر جب |

اللہ کی رحمت سے کافر لوگوں کے سوا کوئی ناامید نہیں ہوتا۔ پھر جب

دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دَخَلُوْا | عَلَيْهِ | قَالُوْا | يٰۤاَيُّهَا | الْعَزِيْزُ | مَسَّنَا | وَاَهْلَنَا | الضُّرُّ | وَجِئْنَا |
| داخل ہوئے | اس پر | بولے | اے | عزیز | پہنچی ہمیں | اور ہمارے گھر والوں کو | تکلیف | اور لائے ہم |

وہ اس کے پاس حاضر ہوئے تو کہنے لگے اے عزیزِ مصر! ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو

بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِبِضَاعَةٍ | مُّزْجٰىةٍ | فَاَوْفِ | لَنَا | الْكَيْلَ | وَتَصَدَّقْ | عَلَيْنَا | اِنَّ | اللّٰهَ |
| پونجی | بے قدر | سو پورا دو | ہم کو | ماپ | اور صدقہ کرو | ہم پر | یقیناً | اللہ |

تکلیف پہنچی ہے اور ہم حقیر سا مال لائے ہیں سو ہمیں پورا غلہ دیں اور ہمیں صدقہ بھی دے بے شک اللہ

يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَجْزِى | الْمُتَصَدِّقِيْنَ | قَالَ | هَلْ | عَلِمْتُمْ | مَّا | فَعَلْتُمْ | بِيُوْسُفَ |
| جزا دیتا ہے | صدقہ کرنیوالوں کو | کہا | کیا | تم جانتے ہو | کہ کیا | کیا تھا تم نے | یوسف |

صدقہ دینے والوں کو بدلہ دیتا ہے۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا کیا تم جانتے ہو تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے

وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿٨٩﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ۭ قَالَ اَنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَخِيْهِ | اِذْ | اَنْتُمْ | جٰهِلُوْنَ | قَالُوْٓا | ءَاِنَّكَ | لَاَنْتَ | يُوْسُفُ | قَالَ | اَنَا |
| اور | اسکے بھائی سے | جب | تم | نادان تھے | بولے | کیا تو | تو ہی ہے | یوسف | فرمایا | میں ہی |

بھائی کے ساتھ کیا کیا جب تم نادان تھے۔ وہ بولے کیا واقعی تم ہی یوسف ہو؟ فرمایا میں یوسف ہوں

يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۡ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ۭ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوْسُفُ | وَ | هٰذَآ | اَخِيْ | قَدْ | مَنَّ | اللّٰهُ | عَلَيْنَا | اِنَّهٗ | مَنْ | يَّتَّقِ | وَ | يَصْبِرْ |
| یوسف ہوں | اور | یہ | میرا بھائی ہے | بیشک | احسان کیا | اللہ نے | ہم پر | یقیناً | جو آدمی | پرہیزگار ہو | اور | صبر کرے تو |

اور یہ میرا بھائی ہے بے شک اللہ نے ہم پر احسان فرمایا بے شک جو اللہ سے ڈرے اور صبر کرے تو یقیناً

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُضِيْعُ | اَجْرَ | الْمُحْسِنِيْنَ | قَالُوْا | تَاللّٰهِ | لَقَدْ | اٰثَرَكَ | اللّٰهُ |
| یقیناً | اللہ | نہیں | ضائع کرتا | اجر | نیکی کرنے والوں کا | بولے | خدا کی قسم | بیشک | چن لیا تجھے | اللہ نے |

اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ بولے خدا کی قسم بے شک اللہ نے آپ کو ہم پر

عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِــِٕيْنَ ﴿٩١﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْنَا | وَ | اِنْ | كُنَّا | لَخٰطِــِٕيْنَ | قَالَ | لَا | تَثْرِيْبَ | عَلَيْكُمُ | الْيَوْمَ | يَغْفِرُ |
| ہم پر | اور | بیشک | ہم ہی تھے | خطا کار | فرمایا | کوئی | گرفت نہیں | تم پر | آج کے دن | بخشے |

فضیلت دی اور بے شک ہم خطا کار تھے۔ فرمایا آج تم پر کچھ ملامت نہیں اللہ تمہیں معاف کرے

اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٩٢﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | لَكُمْ | وَ | هُوَ | اَرْحَمُ | الرّٰحِمِيْنَ | اِذْهَبُوْا | بِقَمِيْصِيْ | هٰذَا | فَاَلْقُوْهُ |
| اللہ | تم کو | اور | وہ ہے | سب سے بڑھ کر | رحم کرنے والا | لے جاؤ | میرا کرتہ | یہ | پھر ڈالو اسے |

اور وہ سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان ہے۔ میری یہ قمیض لے جاؤ اور اسے میرے باپ کے چہرے

عَلٰى وَجْهِ اَبِیْ یَاْتِ بَصِیْرًا ۚ وَاْتُوْنِیْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿٩٣﴾ ع وَلَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | وَجْهِ اَبِیْ | یَاْتِ | بَصِیْرًا | وَاْتُوْنِیْ | بِاَهْلِكُمْ | اَجْمَعِیْنَ | وَ | لَمَّا |
| اوپر | میرے باپ کے چہرے پر | ہو جائینگے | دیکھنے والے | اور لے آؤ میرے پاس | اپنے گھر والے | سب کے سب کو | اور | جب |

پر ڈال دو وہ دیکھنے لگیں اور اپنے سب گھر والوں کو میرے پاس لے آؤ۔ اور جب

فَصَلَتِ الْعِیْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَصَلَتِ | الْعِیْرُ | قَالَ | اَبُوْهُمْ | اِنِّیْ | لَاَجِدُ | رِیْحَ | یُوْسُفَ | لَوْلَآ | اَنْ |
| الگ ہوا | قافلہ | کہا | ان کے باپ نے | بیشک میں | پاتا ہوں | خوشبو | یوسف کی | اگر نہ ہو | یہ کہ کہو |

قافلہ چلا تو ان کے باپ نے فرمایا اگر تم مجھے بھولتا ہوا نہ سمجھو تو مجھے یوسف علیہ السلام کی خاص

تُفَنِّدُوْنِ ﴿٩٤﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ ﴿٩٥﴾ فَلَمَّآ اَنْ الربع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُفَنِّدُوْنِ | قَالُوْا | تَاللّٰهِ | اِنَّكَ | لَفِیْ | ضَلٰلِكَ | الْقَدِیْمِ | فَلَمَّآ | اَنْ |
| سٹھیا گیا ہوں | بولے | خدا کی قسم | یقیناً تم | بیشک | اپنی خودرفتگی | پرانی میں ہو | پھر جب | ایسا ہوا کہ |

خوشبو آرہی ہے۔ وہ بولے اللہ کی قسم یقیناً آپ اسی اپنی پرانی محبت میں ڈوبے ہیں۔ پھر جب خوشخبری سنانے

جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | الْبَشِیْرُ | اَلْقٰهُ | عَلٰى | وَجْهِهٖ | فَارْتَدَّ | بَصِیْرًا | قَالَ | اَلَمْ | اَقُلْ | لَّكُمْ |
| آیا | خوشخبری دینے والا | ڈالا اس کو | اوپر | اس کے چہرے کے | پھر ہو گیا | دیکھنے والا | فرمایا | کیا نہیں | کہا تھا میں نے | تمہے |

والا آیا (تو) اس نے وہ قمیص یعقوب علیہ السلام کے چہرے پر ڈال دیا تو وہ فوراً دیکھنے لگے انہوں نے فرمایا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا

اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنِّیْٓ | اَعْلَمُ | مِنَ اللّٰهِ | مَا لَا | تَعْلَمُوْنَ | قَالُوْا | یٰٓاَبَانَا | اسْتَغْفِرْ لَنَا | ذُنُوْبَنَآ |
| کہ یقیناً میں | جانتا ہوں | اللہ سے | جو نہیں | جانتے تم | بولے | اے ہمارے باپ | بخشش مانگ ہمارے لیے | ہمارے گناہ کی |

کہ بے شک میں اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ بولے اے ہمارے باپ ہمارے گناہ کی معافی مانگئے

اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ ﴿٩٧﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

| اِنَّا | كُنَّا | خٰطِئِيْنَ | قَالَ | سَوْفَ | اَسْتَغْفِرُ | لَكُمْ | رَبِّيْ | اِنَّهٗ | هُوَ | الْغَفُوْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | ہم ہی تھے | خطا کار | کہا | جلد | بخشش مانگوں گا | تمہارے لیے | اپنے رب سے | بیشک وہ | وہی ہے | بخشنے والا |

بے شک ہم خطا کار ہیں۔ فرمایا بہت جلد میں اپنے رب سے تمہارے لئے مغفرت طلب کروں گا بیشک وہی بخشنے

الرَّحِيْمُ ﴿٩٨﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ

| الرَّحِيْمُ | فَلَمَّا | دَخَلُوْا | عَلٰى | يُوْسُفَ | اٰوٰۤى | اِلَيْهِ | اَبَوَيْهِ | وَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان | پھر جب | داخل ہوئے | اوپر | یوسف کے | جگہ دی | اپنے پاس | اپنے ماں باپ کو | اور | کہا |

والا مہربان ہے۔ پھر جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو اس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس جگہ دی

ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ

| ادْخُلُوْا | مِصْرَ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ | اٰمِنِيْنَ | وَرَفَعَ | اَبَوَيْهِ | عَلَى | الْعَرْشِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہو | مصر میں | اگر | چاہے | اللہ | امن سے | اور بٹھایا | اپنے ماں باپ کو | اوپر | تخت کے |

اور کہا اگر اللہ چاہے تو مصر میں امن و امان سے داخل ہو۔ اور اس نے اپنے ماں باپ کو تخت کے اوپر بٹھایا

وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ

| وَ | خَرُّوْا | لَهٗ | سُجَّدًا | وَ | قَالَ | يٰۤاَبَتِ | هٰذَا | تَاْوِيْلُ | رُءْيَايَ | مِنْ قَبْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | گر پڑے | اسکے لیے | سجدہ کرتے | اور | کہا | اے میرے باپ | یہ ہے | تعبیر | میرے خواب کی | پہلے سے |

اور وہ اس کے سامنے سجدے میں گر پڑے اور اس نے کہا اے میرے باپ! یہ ہے میرے پہلے والے خواب کی تعبیر

قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْۤ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ

| قَدْ | جَعَلَهَا | رَبِّيْ | حَقًّا | وَ | قَدْ | اَحْسَنَ | بِيْۤ | اِذْ | اَخْرَجَنِيْ | مِنَ السِّجْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | کر دیا اس کو | میرے رب نے | سچا | اور | بیشک | احسان کیا | مجھ پر | جبکہ | نکالا مجھے | قید خانے سے |

میرے رب نے اسے سچ کر دیا ہے اور بے شک اس نے مجھ سے عمدہ سلوک کیا جب اس نے مجھے قید

وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَآءَ بِكُمْ | مِّنَ الْبَدْوِ | مِنْۢ بَعْدِ | اَنْ | نَّزَغَ | الشَّيْطٰنُ | بَيْنِيْ |
| اور لایا تم کو | گاؤں سے | بعد | اس کے کہ | دشمنی ڈالی | شیطان نے | میرے درمیان |

خانے سے نکالا اور اس کے باوجود کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان ناچاقی ڈال دی تھی

وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ | اِنَّ | رَبِّيْ | لَطِيْفٌ | لِّمَا | يَشَآءُ | اِنَّهٗ | هُوَ | الْعَلِيْمُ |
| اور میرے بھائیوں کے درمیان | بیشک | میرا رب | مہربان ہے | جس کیلیے | چاہے | بیشک وہ | وہی | جاننے والا |

تمہیں گاؤں سے لے آیا میرا رب جس پر چاہتا ہے اس پر مہربان ہوتا ہے وہی علم والا

الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | رَبِّ | قَدْ | اٰتَيْتَنِيْ | مِنَ الْمُلْكِ | وَ | عَلَّمْتَنِيْ | مِنْ تَاْوِيْلِ |
| حکمت والا ہے | اے میرے رب | بیشک | دی تو نے مجھے | سلطنت | اور | سکھایا تو نے مجھے | انجام نکالنا |

حکمت والا ہے۔ اے میرے رب بے شک تو نے مجھے یہ سلطنت دی اور تو نے مجھے باتوں کی تاویل

الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۟ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَحَادِيْثِ | فَاطِرَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | اَنْتَ | وَلِيّٖ | فِي الدُّنْيَا |
| باتوں کا | اے پیدا کرنے والے | آسمانوں | اور | زمین کے | تو ہے | میرا دوست | دنیا میں |

سکھائی اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں مجھے (دنیا سے)

وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاٰخِرَةِ | تَوَفَّنِيْ | مُسْلِمًا | وَّ | اَلْحِقْنِيْ | بِالصّٰلِحِيْنَ | ذٰلِكَ | مِنْ اَنْۢبَآءِ |
| اور آخرت میں | وفات دے مجھے | مسلمان | اور | ملا دے مجھے | نیکوں سے | یہ ہیں | خبریں |

مسلمان اٹھا اور مجھے (اپنے خاص مقرب) نیک بندوں کے ساتھ ملا۔ یہ غیب کی کچھ خبریں ہیں

الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ج وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوٓا

| الْغَيْبِ | نُوحِيهِ | إِلَيْكَ | وَمَا كُنتَ | لَدَيْهِمْ | إِذْ | أَجْمَعُوٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| غیب کی | وحی کرتے ہیں ان کو | آپ کی طرف | اور آپ نہیں تھے | ان کے پاس | جبکہ | جمع کیا انہوں نے |

جو ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں اور آپ ان کے پاس نہ تھے جب انہوں نے اپنے

أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ﴿١٠٢﴾ وَمَآ أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ

| أَمْرَهُمْ | وَ | هُمْ | يَمْكُرُونَ | وَ | مَآ | أَكْثَرُ | النَّاسِ | وَلَوْ | حَرَصْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنا کام | اور | وہ | تدبیر کرتے تھے | اور | نہیں | اکثر لوگ | لوگ | اگرچہ | تم حرص رکھو |

کام کو پختہ کیا اور وہ فریب کرتے تھے۔ اور اکثر آدمی ایمان نہ لائیں گے آپ

بِمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ط إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ

| بِمُؤْمِنِينَ | وَ | مَا | تَسْـَٔلُهُمْ | عَلَيْهِ | مِنْ | أَجْرٍ | إِنْ | هُوَ | إِلَّا | ذِكْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لانے والے | اور | نہیں | مانگتے آپ ان سے | اس پر | کوئی | اجر | نہیں | وہ | مگر | نصیحت |

کتنا ہی چاہیں۔ حالانکہ آپ اس کام پر ان سے معاوضہ بھی نہیں مانگتے یہ تو ایک نصیحت ہے دنیا

لِّلْعَٰلَمِينَ ﴿١٠٤﴾ ع وَكَأَيِّن مِّنْ ءَايَةٍ فِى السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا

ع ۱۱

| لِّلْعَٰلَمِينَ | وَكَأَيِّن | مِّنْ ءَايَةٍ | فِى السَّمَٰوَٰتِ | وَالْأَرْضِ | يَمُرُّونَ | عَلَيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جہان والوں کے لئے | اور کتنی ہی | نشانیاں ہیں | آسمانوں میں | اور زمین میں | گزرتے ہیں | اس پر |

والوں کے لیے۔ اور آسمانوں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر سے یہ لوگ بے دھیان دیئے

وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ ﴿١٠٥﴾ وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا وَهُم

| وَهُمْ | عَنْهَا | مُعْرِضُونَ | وَمَا | يُؤْمِنُ | أَكْثَرُهُم | بِاللَّهِ | إِلَّا | وَهُم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ | اس سے | منہ پھیرتے ہیں | اور نہیں | ایمان لاتے | اکثر ان کے | اللہ پر | مگر | وہ ہیں |

بغیر توجہ کے گزر جاتے ہیں۔ اور ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں رکھتے مگر اللہ کے

مُّشْرِكُوْنَ ﴿١٠٦﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ

| مُشْرِكُوْنَ | اَفَاَمِنُوْٓا | اَنْ | تَاْتِيَهُمْ | غَاشِيَةٌ | مِّنْ عَذَابِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شرک کرنے والے | کیا وہ مطمئن ہیں | یہ کہ | آئے ان کے پاس | ڈھانپنے والا | عذاب | الٰہی سے |

ساتھ شرک کرتے ہیں۔ کیا وہ اس بات سے بے خوف ہو گئے کہ ان پر چھا جانے والی آفت عذاب

اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ

| اَوْتَاْتِيَهُمُ | السَّاعَةُ | بَغْتَةً | وَّ | هُمْ | لَا | يَشْعُرُوْنَ | قُلْ | هٰذِهٖ | سَبِيْلِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا آئے ان کے پاس | قیامت | اچانک | اور | وہ | نہ | جانتے ہوں | فرمادو | یہ ہے | میری راہ |

الٰہی سے آ جائے یا ان پر اچانک قیامت ٹوٹ پڑے اور انہیں کچھ خبر نہ ہو۔ (اے حبیب ﷺ) آپ فرما دیں

اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ قف عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ

وقف النبی

| اَدْعُوْٓا | اِلَى | اللّٰهِ | عَلٰي بَصِيْرَةٍ | اَنَا | وَ | مَنِ | اتَّبَعَنِيْ | وَسُبْحٰنَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں بلاتا ہوں | طرف | اللہ کی | بصیرت پر | میں | اور | وہ جس نے | پیروی کی میری | اور پاک ہے | اللہ |

یہی میری راہ ہے اللہ کی طرف بلاتا ہوں بصیرت پر (ہوتے ہوئے) میں اور وہ لوگ جنہوں نے میری اتباع کی

وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٨﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا

| وَ | مَآ | اَنَا | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ | وَ | مَآ | اَرْسَلْنَا | مِنْ قَبْلِكَ | اِلَّا | رِجَالًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | میں | مشرکوں سے | اور | نہیں | بھیجے ہم نے | آپ سے پہلے | مگر | مردوں کو |

اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں۔ اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب مرد ہی تھے

نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

| نُوْحِيْٓ | اِلَيْهِمْ | مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى | اَفَلَمْ | يَسِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|
| وحی کرتے ہیں ہم | ان کی طرف | بستیوں والوں سے | کیا نہیں | پھرے وہ | زمین میں |

جنہیں ہم نے وحی کی تو کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں تو دیکھ

فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

| فَيَنْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | وَلَدَارُ | الْاٰخِرَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ دیکھیں وہ | کیسا | ہوا | انجام | ان کا | جو | ان سے پہلے تھے | اور یقیناً گھر | آخرت کا |

لیتے ان سے پہلوں کا کیا انجام ہوا۔ اور بے شک آخرت کا گھر

خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ

| خَيْرٌ | لِّلَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | حَتّٰٓى | اِذَا | اسْتَيْـَٔسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہے | ان کے لیے جو | پرہیزگار ہیں | کیا نہیں | تم سمجھتے | یہاں تک کہ | جب | ناامید ہوگئے |

پرہیز گاروں کیلئے ہے تو کیا تمہیں عقل نہیں۔ یہاں تک کہ جب رسولوں کو ظاہری

الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاۗءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ

| الرُّسُلُ | وَ | ظَنُّوْٓا | اَنَّهُمْ | قَدْ | كُذِبُوْا | جَاۗءَهُمْ | نَصْرُنَا | فَنُجِّيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول | اور | خیال کر چکے | کہ وہ | یقیناً | جھٹلائے گئے | آئی ان کے پاس | ہماری مدد | پھر نجات دیا گیا |

اسباب کی اُمید نہ رہی اور لوگ سمجھے کہ رسولوں نے ان سے غلط کہا تھا اس وقت

مَنْ نَّشَاۗءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ

| مَنْ | نَّشَاۗءُ | وَ | لَا يُرَدُّ | بَاْسُنَا | عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ | لَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جسے | ہم نے چاہا | اور | نہیں پھیرا جاتا | ہمارا عذاب | مجرم لوگوں سے | بیشک |

ہماری مدد آئی تو جسے چاہا بچا لیا گیا اور ہمارا عذاب مجرم لوگوں سے پھیرا نہیں جاتا۔ بے شک

كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ

| كَانَ | فِيْ قَصَصِهِمْ | عِبْرَةٌ | لِّاُولِي الْاَلْبَابِ | مَا | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہے | ان کے واقعات میں | عبرت | عقلمندوں کے لیے | نہیں | ہے |

ان کے قصوں میں عقلمندوں کیلئے ایک سبق ہے یہ کوئی گھڑی ہوئی بات نہیں

حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَ لٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ

| حَدِيْثًا | يُّفْتَرٰى | وَ | لٰكِنْ | تَصْدِيْقَ | الَّذِيْ | بَيْنَ يَدَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بات | بنائی ہوئی | اور | لیکن | تصدیق ہے | اس کی | جو اس سے پہلے ہے |

بلکہ اس کی جو اس کے سامنے ہے تصدیق ہے اور ہر بات

ع وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿١١١﴾ ع

| وَ | تَفْصِيْلَ | كُلِّ | شَيْءٍ | وَّهُدًى | وَّرَحْمَةً | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تفصیل ہے | ہر ایک | چیز کی | اور ہدایت | اور رحمت | واسطے قوم | ایمان والی کے |

کی تفصیل ہے اور ایمان والے لوگوں کیلئے ہدایت اور رحمت ہے۔

آیاتها ٤٣ — ١٣ سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ ٩٦ — رکوعاتها ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۗ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

| الٓمّٓرٰ | تِلْكَ | اٰيٰتُ | الْكِتٰبِ | وَ | الَّذِيْٓ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | الْحَقُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓرٰ | یہ | آیتیں ہیں | کتاب کی | اور | وہ جو | اتارا گیا | آپ کی طرف | آپکے رب سے | حق ہے |

ا-ل-م-ر- یہ کتاب الٰہی کی آیات ہیں۔ اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ

| وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | رَفَعَ | السَّمٰوٰتِ | بِغَيْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | ایمان لاتے | اللہ | وہ ہے جس نے | بلند کیا | آسمانوں کو | بغیر |

وہ حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے آسمانوں کو بغیر

عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمَدٍ | تَرَوْنَهَا | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى | الْعَرْشِ | وَ | سَخَّرَ | الشَّمْسَ | وَ | الْقَمَرَ |
| ستون کے | کہ دیکھو تم اس کو | پھر | استواء فرمایا | اوپر | عرش کے | اور | مسخر کیا | سورج | اور | چاند کو |

ستون کے بلند کیا تم ان کو دیکھتے ہو پھر اس نے اپنے عرش پر جلوہ فرمایا اور اس نے سورج اور چاند کو قانون کا پابند بنایا۔

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلٌّ | يَّجْرِيْ | لِاَجَلٍ | مُّسَمًّى | يُدَبِّرُ | الْاَمْرَ | يُفَصِّلُ | الْاٰيٰتِ | لَعَلَّكُمْ |
| ہر ایک | چلتا ہے | واسطے مدت | مقرر کے | تدبیر کرتا ہے | کام کی | کھول کر بیان کرتا ہے | آیتیں | تاکہ تم |

ہر ایک مقررہ مدت کے لیے چل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی سارے کام کی تدبیر کرتا ہے۔ وہ نشانیوں کو کھول کر بیان کرتا ہے

بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ۝۲ وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِلِقَآءِ | رَبِّكُمْ | تُوْقِنُوْنَ | وَهُوَ | الَّذِيْ | مَدَّ | الْاَرْضَ | وَ | جَعَلَ | فِيْهَا |
| ساتھ ملاقات | اپنے رب کے | یقین کرو | اور وہ | وہ ہے کہ | پھیلایا | زمین کو | اور | بنائے | اس میں |

تاکہ تم اپنے رب کی ملاقات کا یقین کرنے لگ جاؤ۔ اور اسی نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ

رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَوَاسِيَ | وَ | اَنْهٰرًا | وَ | مِنْ كُلِّ | الثَّمَرٰتِ | جَعَلَ | فِيْهَا | زَوْجَيْنِ | اثْنَيْنِ |
| پہاڑ | اور | نہریں | اور | ہر طرح کے | پھل | بنائے | اس میں | جوڑے | دودو |

اور دریا بنائے اور ہر پھل میں اس نے دو قسمیں رکھیں اور رات سے دن کو ڈھانپتا ہے بے شک

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۳ وَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُغْشِي | الَّيْلَ | النَّهَارَ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يَّتَفَكَّرُوْنَ | وَ |
| چھپا لیتا ہے | رات سے | دن کو | بیشک | اس میں | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے قوم | سمجھدار کے | اور |

ان چیزوں میں ان لوگوں کیلئے جو غور وفکر کرتے ہیں کئی نشانیاں ہیں۔ اور

فِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُتَجٰوِرٰتٌ وَجَنّٰتٌ مِنْ أَعْنَابٍ وَزَرْعٌ وَنَخِيلٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْأَرْضِ | قِطَعٌ | مُتَجٰوِرٰتٌ | وَ | جَنّٰتٌ | مِنْ أَعْنَابٍ | وَ | زَرْعٌ | وَ | نَخِيلٌ |
| زمین میں | قطعے ہیں | ملے ہوئے | اور | باغ ہیں | انگوروں کے | اور | کھیتی | اور | کھجور کے پیڑ |

زمین میں پاس پاس قطعے ہیں اور انگوروں کے باغ اور کھیت اور کھجوروں کے درخت ہیں

صِنْوَانٌ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقٰى بِمَاءٍ وَاحِدٍ ۚ قف وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صِنْوَانٌ | وَ | غَيْرُ | صِنْوَانٍ | يُسْقٰى | بِمَاءٍ | وَاحِدٍ | وَ | نُفَضِّلُ | بَعْضَهَا |
| زیادہ ٹہنی والے | اور | نہ | زیادہ ٹہنیوں والے | پلائے جاتے ہیں | پانی | ایک سے | اور | برتری دیتے ہیں ہم | انکے بعض کو |

شاخ دار اور بعض ایسے ہیں جو بے شاخ ہیں جنہیں ایک ہی پانی سے سیراب کیا جاتا ہے مگر پھلوں میں ہم ایک کو

عَلٰى بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٤﴾ وَإِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | بَعْضٍ | فِي الْأُكُلِ | إِنَّ | فِي ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِقَوْمٍ | يَعْقِلُونَ | وَ | إِنْ |
| اوپر | بعض کے | مزے میں | بیشک | اس میں | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے قوم | عقلمند کے | اور | اگر |

دوسرے پر فضیلت دیتے ہیں بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے جو عقل رکھتے ہیں کئی نشانیاں ہیں۔ اور اگر

تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَإِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْجَبْ | فَعَجَبٌ | قَوْلُهُمْ | ءَإِذَا | كُنَّا | تُرٰبًا | ءَإِنَّا | لَفِي | خَلْقٍ | جَدِيدٍ |
| تعجب کرے تو | تو عجیب ہے | ان کی بات | کیا جب | ہوجائیں گے ہم | مٹی | کیا ہم | میں | پیدائش | نئی میں |

آپ تعجب کریں تو تعجب کے قابل ان لوگوں کی یہ بات ہے کہ کیا ہم مٹی ہونے کے بعد نئے سرے سے پیدا ہوں گے؟

أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۚ وَأُولٰٓئِكَ الْأَغْلٰلُ فِي أَعْنَاقِهِمْ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أُولٰٓئِكَ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | بِرَبِّهِمْ | وَ | أُولٰٓئِكَ | الْأَغْلٰلُ | فِي أَعْنَاقِهِمْ |
| یہ وہ لوگ ہیں | جنہوں نے | کفر کیا | اپنے رب سے | اور | یہی ہیں کہ | طوق ہوں گے | ان کی گردنوں میں |

یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا اور وہ ایسے لوگ ہیں جن کی گردنوں میں طوق

وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٥﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَ | يَسْتَعْجِلُوْنَكَ |
| اور | یہی لوگ ہیں | دوزخ والے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | اور | جلدی چاہتے ہیں تم سے |

پڑے ہوں گے اور وہ دوزخی ہیں اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ رحمت سے پہلے آپ سے

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۗ وَاِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالسَّيِّئَةِ | قَبْلَ | الْحَسَنَةِ | وَقَدْ | خَلَتْ | مِنْ قَبْلِهِمُ | الْمَثُلٰتُ | وَ | اِنَّ |
| عذاب | پہلے | نیکی سے | اور بیشک | گذر چکی | ان سے پہلے | سزائیں | اور | بیشک |

عذاب طلب کرنے میں جلدی کرتے ہیں اور بے شک ان سے پہلے لوگوں کی سزاؤں کے واقعات گزر چکے اور یقیناً

رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | لَذُوْ | مَغْفِرَةٍ | لِّلنَّاسِ | عَلٰى ظُلْمِهِمْ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَشَدِيْدُ |
| آپکا رب | صاحب | بخشش ہے | لوگوں کیلئے | انکے ظلم کے باوجود | اور | بیشک | آپکا رب | سخت |

آپ کا رب ضرور بخشنے والا ہے لوگوں کیلئے باوجود ان کے ظلم کے اور بے شک آپ کا رب سخت

الْعِقَابِ ﴿٦﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعِقَابِ | وَ | يَقُوْلُ | الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | لَوْلَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْهِ | اٰيَةٌ | مِّنْ رَّبِّهٖ |
| عذاب والا ہے | اور | کہتے ہیں | کافر | کیوں نہیں | اتاری گئی | اس پر | کوئی نشانی | اسکے رب سے |

عذاب دینے والا ہے۔ اور کافر کہتے ہیں ان پر ان کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری آپ تو ڈر سنانے والے ہو

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ﴿٧﴾ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى ع

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَآ | اَنْتَ | مُنْذِرٌ | وَّ | لِكُلِّ | قَوْمٍ | هَادٍ | اَللّٰهُ | يَعْلَمُ | مَا | تَحْمِلُ | كُلُّ | اُنْثٰى |
| سوائے اسکے نہیں کہ | آپ | ڈرانے والے ہیں | اور | واسطے ہر | قوم کے | ہادی ہے | اللہ | جانتا ہے | جو | اٹھاتی ہے | ہر | مادہ |

اور یقیناً ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہوتا ہے۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ کسی مادہ کے پیٹ میں ہے

وَ مَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ وَ مَا تَزْدَادُ ؕ وَ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ

| عِنْدَهٗ | شَيْءٍ | كُلُّ | وَ | تَزْدَادُ | مَا | وَ | الْاَرْحَامُ | تَغِيضُ | مَا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے پاس | چیز | ہر | اور | زیادہ کرتے ہیں | جو | اور | پیٹ | کم کرتے ہیں | جو | اور |

اور پیٹ کے گھٹنے اور بڑھنے کو بھی جانتا ہے اور ہر چیز اس کے پاس ایک

بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ﴿۹﴾ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ

| مِّنْكُمْ | سَوَآءٌ | الْمُتَعَالِ | الْكَبِيرُ | وَ الشَّهَادَةِ | الْغَيْبِ | عٰلِمُ | بِمِقْدَارٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | برابر ہے | بلند | بڑا ہے | اور ظاہر کا | چھپا | جاننے والا ہے | اندازے سے ہے |

اندازے سے ہے۔ وہ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے اور بلند مرتبہ بزرگی والا ہے۔ سب اس کے نزدیک

مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَ مَنْ جَهَرَ بِهٖ وَ مَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ

| بِالَّيْلِ | مُسْتَخْفٍ | هُوَ | مَنْ | وَ | بِهٖ | جَهَرَ | مَنْ | وَ | الْقَوْلَ | اَسَرَّ | مَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رات میں | چھپنے والا ہے | وہ | جو | اور | اس کو | ظاہر کرے | جو | اور | بات کو | چھپائے | جو |

برابر ہیں۔تم میں وہ جس نے بات کو چھپایا اور جس نے اسے پکار کر کہا اور جو رات کو چھپنے والا ہے

وَ سَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ﴿۱۰﴾ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ

| مِنْ خَلْفِهٖ | وَ | مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ | مُعَقِّبٰتٌ | لَهٗ | بِالنَّهَارِ | وَ سَارِبٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے پیچھے | اور | اس کے آگے | نگران ہیں | اس کے لیے | دن کو | اور چلنے والا ہے |

اور دن کو چلنے والا۔ انسان کیلئے بدل بدل کر آنے والے فرشتے ہیں اس کے سامنے سے

يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا

| يُغَيِّرُوْا | حَتّٰى | بِقَوْمٍ | مَا | لَا يُغَيِّرُ | اللّٰهَ | اِنَّ | مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ | يَحْفَظُوْنَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدل دیں وہ | یہاں تک کہ | کسی قوم کی | جو | نہیں بدلتا | اللہ | بیشک | اللہ کے حکم سے | حفاظت کرتے ہیں اسکی |

اور اس کے پیچھے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں اللہ کے حکم سے بے شک اللہ نہیں بدلتا کسی قوم کی حالت یہاں تک

مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۗ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ

| مَا بِاَنْفُسِهِمْ | وَ | اِذَآ | اَرَادَ | اللّٰهُ | بِقَوْمٍ | سُوْٓءًا | فَلَا | مَرَدَّ لَهٗ | وَمَا | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی جانوں کا طرزِ عمل | اور | جب | ارادہ کرتا ہے | اللہ | کسی قوم سے | تکلیف کا | تو نہیں ہے | پھرنا اس کو | اور نہیں | واسطے ان کے |

کہ وہ خود اپنی حالت کو نہ بدل دیں اور جب اللہ کسی قوم کو تکلیف دینے کا ارادہ فرمائے تو اسے کوئی نہیں لوٹا سکتا اور ان کیلئے

مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿١١﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ

| مِّنْ دُوْنِهٖ | مِنْ وَّالٍ | هُوَ | الَّذِيْ | يُرِيْكُمُ | الْبَرْقَ | خَوْفًا | وَّ | طَمَعًا | وَّ | يُنْشِئُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے سوا | کوئی بچانے والا | وہ اللہ | وہ ہے | جو دکھاتا ہے تم کو | بجلی | خوف | اور | امید سے | اور | اٹھاتا ہے |

اللہ کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں۔ وہی ہے جو تمہیں بجلی (کی چمک) دکھاتا ہے ڈرانے اور (کبھی) امید دلانے کیلئے اور

السَّحَابَ الثِّقَالَ ۚ ﴿١٢﴾ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ

| السَّحَابَ | الثِّقَالَ | وَ | يُسَبِّحُ | الرَّعْدُ | بِحَمْدِهٖ | وَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | مِنْ خِيْفَتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بادل | بھاری | اور | تسبیح کہتا ہے | رعد | اس کی حمد کی | اور | فرشتے | اس کے ڈر سے |

(ہواؤں کے ذریعہ) بھاری بادل اٹھاتا ہے۔ اور بجلی کی گرج اس کی حمد کے ساتھ اور فرشتے اس کے خوف سے

وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ

| وَ | يُرْسِلُ | الصَّوَاعِقَ | فَيُصِيْبُ | بِهَا | مَنْ | يَّشَآءُ | وَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بھیجتا ہے | کڑک | پھر پہنچاتا ہے | ساتھ اسکے | جسے | چاہے | اور وہ |

اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور کڑک بھیجتا ہے تو اسے ڈالتا ہے جس پر چاہے

يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿١٣﴾ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۗ

| يُجَادِلُوْنَ | فِي اللّٰهِ | وَ | هُوَ | شَدِيْدُ | الْمِحَالِ | لَهٗ | دَعْوَةُ | الْحَقِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑتے ہیں | اللہ کے بارے میں | اور | وہ ہے | سخت | عذاب والا | اس کے لیے | دعوت ہے | حق کی |

اور وہ اللہ کے بارے میں جھگڑتے رہتے ہیں اور اس کی پکڑ سخت ہے۔ اسی کا پکارنا سچا ہے اور اس کے

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ

| وَ | الَّذِيْنَ | يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ | لَا | يَسْتَجِيْبُوْنَ | لَهُمْ | بِشَيْءٍ | اِلَّا | كَبَاسِطِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جو | پکارتے ہیں | اس کے سوا | نہیں | جواب دیتے | ان کو | کچھ بھی | مگر | جیسے پھیلانے والا |

سوا جن کو پکارتے ہیں وہ ان کی کچھ بھی نہیں سنتے مگر اس کی طرح جو پانی کے سامنے اپنی

كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ

| كَفَّيْهِ | اِلَى | الْمَآءِ | لِيَبْلُغَ | فَاهُ | وَ | مَا | هُوَ | بِبَالِغِهٖ | وَ | مَا | دُعَآءُ | الْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے ہاتھ | طرف | پانی کی | تاکہ پہنچے | اس کے منہ کو | اور | نہیں | وہ | پہنچنے والا اسکو | اور | نہیں | پکار | کافروں کی |

ہتھیلیاں پھیلائے بیٹھا ہے کہ اس کے منہ میں پہنچ جائے اور وہ ہرگز نہ پہنچے گا اور کافروں کی ہر

اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا

| اِلَّا | فِيْ ضَلٰلٍ | وَ | لِلّٰهِ | يَسْجُدُ | مَنْ | فِي السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | طَوْعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | بھٹکتی پھرتی ہے | اور | اللہ کو | سجدہ کرتا ہے | جو | آسمانوں میں ہے | اور زمین میں | خوشی سے |

دعا رائیگاں جاتی ہے۔ اور آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہے خوشی اور ناخوشی سے اللہ ہی

وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ السجدة قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السجدة

| وَ | كَرْهًا | وَّظِلٰلُهُمْ | بِالْغُدُوِّ | وَ | الْاٰصَالِ | قُلْ | مَنْ | رَّبُّ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مجبوری سے | اور ان کے سائے | صبح | اور | شام | فرماؤ | کون ہے | رب | آسمانوں |

کو سجدہ کرتا ہے اور صبح و شام ان کے سائے بھی۔ فرمادیجئے آسمانوں اور زمین کا

وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ

| وَالْاَرْضِ | قُلِ | اللّٰهُ | قُلْ | اَفَاتَّخَذْتُمْ | مِّنْ دُوْنِهٖٓ | اَوْلِيَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور زمین کا | فرمادو | اللہ | فرمادو | کیا پکڑے تم نے | اس کے سوا | حمایتی |

رب کون ہے؟ فرمادیجئے ''اللہ'' فرمادیجئے کیا تم نے اسے چھوڑ کر ان کو کارساز بنا رکھا ہے جو اپنے لئے بھی نفع

لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى

| لَا | يَمْلِكُوْنَ | لِاَنْفُسِهِمْ | نَفْعًا | وَّ | لَا | ضَرًّا | قُلْ | هَلْ | يَسْتَوِي | الْاَعْمٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | نہیں مالک | اپنی جانوں کے | نفع | اور | نہ | نقصان کے | فرمادو | کیا | برابر ہے | اندھا |

اور نقصان کا اختیار نہیں رکھتے؟ فرمادیجئے کیا اندھا اور دیکھنے والا برابر ہوتے ہیں یا کیا اندھیرا

وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ

| وَ | الْبَصِيْرُ | اَمْ | هَلْ | تَسْتَوِي | الظُّلُمٰتُ | وَ | النُّوْرُ | اَمْ | جَعَلُوْا | لِلّٰهِ | شُرَكَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دیکھنے والا | یا | کیا | برابر ہیں | اندھیرے | اور | اجالے | کیا | بنائے انہوں نے | اللہ کیلئے | شریک |

اور روشنی برابر ہوتے ہیں؟ یا کیا انہوں نے ایسوں کو اللہ کا شریک بنایا ہے جنہوں نے اس کی

خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ

| خَلَقُوْا | كَخَلْقِهٖ | فَتَشَابَهَ | الْخَلْقُ | عَلَيْهِمْ | قُلِ | اللّٰهُ | خَالِقُ | كُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا انہوں نے | اس کی پیدائش جیسا | تو مشابہ ہوگئی | پیدائش | ان پر | فرمادو | اللہ ہی | پیدا کرنے والا ہے | ہر |

مخلوق کی طرح کچھ بنایا ہے اور مخلوق انہیں اسی طرح کی نظر آئی ہے فرمادیجئے اللہ ہی ہر شے کا

شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ

| شَيْءٍ | وَّ | هُوَ | الْوَاحِدُ | الْقَهَّارُ | اَنْزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | فَسَالَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز کا | اور | وہ | اکیلا ہے | زبردست | اس نے اتارا | آسمان سے | پانی | تو بہہ نکلیں |

بنانے والا ہے اور وہ اکیلا ہے اور بہت بڑی قوت والا۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اُس سے وادیاں اپنی وسعت

اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ

| اَوْدِيَةٌ | بِقَدَرِهَا | فَاحْتَمَلَ | السَّيْلُ | زَبَدًا | رَّابِيًا | وَ | مِمَّا | يُوْقِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وادیاں | اپنے اندازے سے | تو اٹھائی | سیلاب نے | جھاگ | چڑھتے والی | اور | اس سے جو | دھکاتے ہیں |

کے مطابق بہہ نکلیں پھر سیلاب نے اُبھرتے جھاگ کو اُٹھا لیا اور اسی طرح کا جھاگ ان چیزوں میں اُبھر آتا ہے

عَلَيۡهِ فِي النَّارِ ابۡتِغَآءَ حِلۡيَةٍ اَوۡ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثۡلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ

| عَلَيۡهِ | فِي النَّارِ | ابۡتِغَآءَ | حِلۡيَةٍ | اَوۡ | مَتَاعٍ | زَبَدٌ | مِّثۡلُهٗ | كَذٰلِكَ | يَضۡرِبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر | آگ میں | چاہنے | زیور کے | یا | سامان کے | جھاگ ہے | اسکی مثل | اسی طرح | بیان کرتا ہے |

جن کو زیور یا برتن بنانے کے لیے آگ میں پگھلاتے ہیں اس طرح اللہ تعالیٰ حق اور باطل

اللّٰهُ الۡحَقَّ وَالۡبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذۡهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنۡفَعُ

| اللّٰهُ | الۡحَقَّ | وَ | الۡبَاطِلَ | فَاَمَّا | الزَّبَدُ | فَيَذۡهَبُ | جُفَآءً | وَ | اَمَّا | مَا يَنۡفَعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | حق | اور | باطل کو | پھر جو | جھاگ ہے | اس کی مثال | خشک ہوکر | اور | جو چیز | نفع دیتی ہے |

کو بیان کرتا ہے۔ پھر وہ جھاگ تو اڑ جاتا ہے لیکن جو چیز انسانوں

النَّاسَ فَيَمۡكُثُ فِي الۡاَرۡضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾

| النَّاسَ | فَيَمۡكُثُ | فِي الۡاَرۡضِ | كَذٰلِكَ | يَضۡرِبُ | اللّٰهُ | الۡاَمۡثَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کو | وہ ٹھہرتی ہے | زمین میں | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | مثالیں |

کو فائدہ دیتی ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتی ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ مثالیں بیان کرتا ہے۔

لِلَّذِيۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِرَبِّهِمُ الۡحُسۡنٰى ؔؕ وَالَّذِيۡنَ لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا لَهٗ لَوۡ وقف النبی

| لِلَّذِيۡنَ | اسۡتَجَابُوۡا | لِرَبِّهِمۡ | الۡحُسۡنٰى | وَ | الَّذِيۡنَ | لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا | لَهٗ | لَوۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنہوں نے | فرمانبرداری کی | اپنے رب کی | بھلائی ہے | اور | جنہوں نے | نافرمانی کی | اس کی | اگر |

انہی لوگوں کیلئے بھلائی ہے جنہوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور جنہوں نے اس کے حکم کو نہیں مانا اگر ان کی ملکیت میں

اَنَّ لَهُمۡ مَّا فِي الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا وَّمِثۡلَهٗ مَعَهٗ لَافۡتَدَوۡا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ

| اَنَّ | لَهُمۡ | مَّا | فِي الۡاَرۡضِ | جَمِيۡعًا | وَّ | مِثۡلَهٗ | مَعَهٗ | لَافۡتَدَوۡا | بِهٖ | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو | ان کیلئے | جو کچھ | زمین میں ہے | سب | اور | اتنا ہی | اسکے ساتھ | تو فدیہ میں دیں | اس کو | یہ لوگ ہیں |

وہ سب کچھ ہوتا جو زمین میں ہے اور اس کی مثل اس کے ساتھ (اور بھی) تو وہ سب کچھ اپنی جان چھڑانے کے بدلے میں

ع ۱۱/۸ النصف

لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٨﴾ ع اَفَمَنْ

| لَهُمْ | سُوْٓءُ | الْحِسَابِ | وَ | مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | وَبِئْسَ | الْمِهَادُ | اَفَمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کیلئے | برا | حساب ہے | اور | ان کا ٹھکانہ | جہنم ہے | اور برا ہے | بچھونا | کیا جو آدمی |

ضرور دے دیتے انہی کا سخت حساب ہوگا اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے۔ تو کیا وہ جو جانتا ہے

يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ۭ اِنَّمَا

| يَّعْلَمُ | اَنَّمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | الْحَقُّ | كَمَنْ | هُوَ | اَعْمٰى | اِنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے | کہ وہ جو | اتارا گیا ہے | آپکی طرف | آپکے رب سے | وہ حق ہے | اس جیسا ہے | کہ وہ | اندھا ہے | سوائے اسکے نہیں |

جو کچھ آپ کی طرف آپ کے رب کے پاس سے اترا حق ہے وہ اس جیسا ہو گا جو اندھا ہے

يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿١٩﴾ ۙ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ

| يَتَذَكَّرُ | اُولُوا الْاَلْبَابِ | الَّذِيْنَ | يُوْفُوْنَ | بِعَهْدِ | اللّٰهِ | وَ | لَا | يَنْقُضُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت لیتے ہیں | عقل والے لوگ | وہ جو | پورا کرتے ہیں | عہد | اللہ کا | اور | نہیں | توڑتے |

نصیحت وہی مانتے ہیں جنہیں عقل ہے۔ وہ جو اللہ کا عہد پورا کرتے ہیں اور پختہ عہد

الْمِيْثَاقَ ﴿٢٠﴾ ۙ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ

| الْمِيْثَاقَ | وَالَّذِيْنَ | يَصِلُوْنَ | مَآ | اَمَرَ | اللّٰهُ | بِهٖٓ | اَنْ | يُّوْصَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عہد پختہ | اور وہ جو | ملاتے ہیں | اس چیز کو کہ | حکم دیا | اللہ نے | اسکے متعلق | یہ کہ | ملایا جائے |

کو توڑتے نہیں۔ اور وہ جو ان (رشتوں) کو جن کے متعلق اللہ نے حکم دیا ہے کہ ملائے جائیں ملاتے ہیں

وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿٢١﴾ ۭ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا

| وَ | يَخْشَوْنَ | رَبَّهُمْ | وَيَخَافُوْنَ | سُوْٓءَ | الْحِسَابِ | وَ | الَّذِيْنَ | صَبَرُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | اور خوف کھاتے ہیں | برے | حساب کا | اور | وہ جنہوں نے | صبر کیا |

اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب سے خوف کھاتے ہیں۔ اور وہ جنہوں نے اپنے رب کی

ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابْتِغَاۗءَ | وَجْهِ | رَبِّهِمْ | وَ | اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اَنْفَقُوْا | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | سِرًّا |
| واسطے چاہنے | رضامندی | اپنے رب کی | اور | قائم کی انہوں نے | نماز | اور | خرچ کیا انہوں نے | سے جو | دیا ہم نے ان کو | چھپے |

توجہ حاصل کرنے کیلئے صبر کیا اور نماز قائم کی اور اس میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے

وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عُقْبَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّعَلَانِيَةً | وَّ | يَدْرَءُوْنَ | بِالْحَسَنَةِ | السَّيِّئَةَ | اُولٰۗىِٕكَ | لَهُمْ | عُقْبَى |
| اور ظاہر | اور | دور کرتے ہیں | نیکی سے | برائی کو | یہ لوگ ہے | ان کے لیے | آخرت کا |

چھپا کر اور اعلانیہ خرچ کیا اور بھلائی سے برائی کو دور کرتے ہیں، انہی کیلئے اس گھر کا

الدَّارِ ۝۲۲ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدَّارِ | جَنّٰتُ | عَدْنٍ | يَّدْخُلُوْنَهَا | وَ | مَنْ | صَلَحَ | مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ |
| گھر ہے | باغ | ہمیشہ کے | داخل ہوں گے ان میں | اور | جو | نیک ہوا | ان کے باپ دادا سے |

انجام ہو گا۔ یہ (دائمی) رہائش کے باغ جن میں وہ داخل ہوں گے اور جو نیک ہوں گے ان کے باپ دادا

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝۲۳

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَزْوَاجِهِمْ | وَ | ذُرِّيّٰتِهِمْ | وَ | الْمَلٰۗىِٕكَةُ | يَدْخُلُوْنَ | عَلَيْهِمْ | مِّنْ كُلِّ بَابٍ |
| اور | ان کی بیویوں سے | اور | ان کی اولاد سے | اور | فرشتے | داخل ہونگے | ان پر | ہر دروازے سے |

اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے فرشتے ان پر ہر دروازے سے (یہ کہتے ہوئے) داخل ہوں گے۔

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝۲۴ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَلٰمٌ | عَلَيْكُمْ | بِمَا | صَبَرْتُمْ | فَنِعْمَ | عُقْبَى | الدَّارِ | وَ | الَّذِيْنَ |
| سلام ہے | تم پر | بدلے | تمہارے صبر کے | تو اچھا ہے | آخرت کا | گھر | اور | وہ جو |

تم پر سلامتی ہو اس لئے کہ تم نے صبر کیا تو کیا ہی اچھا ہے آخرت کا گھر۔ اور وہ جو اللہ کا

يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ

| يَنْقُضُوْنَ | عَهْدَ | اللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ | مِيْثَاقِهٖ | وَ | يَقْطَعُوْنَ | مَآ | اَمَرَ | اللّٰهُ | بِهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توڑتے ہیں | عہد | اللہ کا | بعد اس کے | مضبوط کرنے کے | اور | توڑتے ہیں | جو | حکم دیا ہے | اللہ نے | اسکے متعلق |

عہد اس کے پکے ہونے کے بعد توڑتے اور جس کے جوڑنے کا اللہ نے فرمایا اسے

اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ

| اَنْ | يُّوْصَلَ | وَيُفْسِدُوْنَ | فِى الْاَرْضِ | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | اللَّعْنَةُ | وَلَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ملایا جائے | اور فساد کرتے ہیں | زمین میں | یہ لوگ ہیں کہ | ان کے لیے | لعنت ہے | اور انکے لیے |

منقطع کرتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ان کا حصہ لعنت ہی ہے اور

سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا

| سُوْٓءُ | الدَّارِ | اَللّٰهُ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَيَقْدِرُ | وَ | فَرِحُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برا | گھر ہے | اللہ | کشادہ کرتا ہے | رزق | جس کے لیے | چاہے | اور تنگ کرتا ہے | اور | اترا گئے وہ |

ان کے لیے برا گھر ہے۔ اللہ جس کیلئے چاہے رزق کشادہ اور تنگ کرتا ہے اور کافر دنیا کی زندگی پر خوش ہو گئے

ع ۹ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾ وَيَقُوْلُ

| بِالْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | مَا | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | فِى الْاٰخِرَةِ | اِلَّا | مَتَاعٌ | وَ | يَقُوْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زندگی | دنیا پر | اور | نہیں ہے | زندگی | دنیا کی | آخرت کے مقابلہ میں | مگر | معمولی سامان | اور | کہتے ہیں |

اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابل نہیں مگر دنیا تھوڑے سے سامان کے سوا کچھ نہیں۔ اور کافر کہتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَوْلَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْهِ | اٰيَةٌ | مِّنْ رَّبِّهٖ | قُلْ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُضِلُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | کافر ہوئے | کیوں نہیں | اتاری گئی | اس پر | کوئی نشانی | اسکے رب سے | فرمادو | بیشک | اللہ | گمراہ کرتا ہے |

کہ ان پر ان کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری؟ فرما دیجئے اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿۲۷﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ

| مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | يَهْدِيْٓ | اِلَيْهِ | مَنْ | اَنَابَ | اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | تَطْمَئِنُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جسے | چاہے | اور | ہدایت دیتا ہے | اپنی طرف | اس کو جو | رجوع کرے | وہ جو | ایمان لائے | اور | چین پاتے ہیں |

اور جس نے اللہ کی طرف رجوع کیا اسے اللہ اپنی طرف راہ دکھاتا ہے۔ وہ لوگ جو ایمان لائے اور جن کے دل اللہ کی یاد

قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| قُلُوْبُهُمْ | بِذِكْرِ | اللّٰهِ | اَلَا | بِذِكْرِ | اللّٰهِ | تَطْمَئِنُّ | الْقُلُوْبُ | اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے دل | یاد | الٰہی سے | سن لو | یاد | الٰہی سے ہی | چین پاتے ہیں | دل | وہ جو | ایمان لائے |

میں اطمینان پاتے ہیں یاد رکھو اللہ کے ذکر سے ہی دل اطمینان پاتے ہیں۔ وہ لوگ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ

| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | طُوْبٰى | لَهُمْ | وَ | حُسْنُ | مَاٰبٍ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور عمل کیے | اچھے | خوشی ہے | ان کے لیے | اور | اچھا ہے | انجام | اسی طرح |

اور انہوں نے نیک کام کیے ان کیلئے خوشحالی اور بہترین ٹھکانا ہے۔ اسی طرح ہم نے

اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا۟ عَلَيْهِمُ

| اَرْسَلْنٰكَ | فِيْٓ اُمَّةٍ | قَدْ خَلَتْ | مِنْ قَبْلِهَآ | اُمَمٌ | لِّتَتْلُوَا۟ | عَلَيْهِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجا ہم نے آپ کو | اس امت میں کہ | بیشک گزر چکیں | اس سے پہلے | امتیں | تاکہ آپ پڑھیں | ان پر |

آپ کو ایک اُمت میں بھیجا کہ اس سے پہلے کئی اُمتیں گزر چکیں تاکہ آپ ان پر تلاوت کریں اس (کتاب)

الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ قُلْ هُوَ رَبِّيْ

| الَّذِيْٓ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ | وَ | هُمْ | يَكْفُرُوْنَ | بِالرَّحْمٰنِ | قُلْ | هُوَ | رَبِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | وحی کی ہم نے | آپ کی طرف | اور | وہ | کفر کرتے ہیں | رحمان کا | فرماؤ | وہ | میرا رب |

کی جو ہم نے آپ کی طرف وحی کی اور وہ رحمٰن کا انکار کرتے ہیں آپ فرما دیجئے وہی میرا رب ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ

| لَآ اِلٰهَ | اِلَّا هُوَ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْتُ | وَاِلَيْهِ | مَتَابِ | وَلَوْ | اَنَّ | قُرْاٰنًا | سُيِّرَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں کوئی معبود | مگر وہی | اسی پر | میں نے بھروسہ کیا | اور اسکی طرف | میری رجوع ہے | اور اگر | بیشک | کوئی قرآن | چلائے جائیں |

اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ اور اگر کوئی ایسا قرآن آتا جس سے

بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ

| بِهِ | الْجِبَالُ | اَوْ | قُطِّعَتْ | بِهِ | الْاَرْضُ | اَوْ | كُلِّمَ | بِهِ | الْمَوْتٰى | بَلْ | لِّلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے ساتھ | پہاڑ | یا | کاٹی جائے | اسکے ساتھ | زمین | یا | کلام کریں | اسکے ساتھ | مردے | بلکہ | اللہ کیلئے ہے |

پہاڑ چلائے جاتے یا زمین پھٹ جاتی یا مردے باتیں کرتے جب بھی یہ کافر نہ مانتے بلکہ سب کام اللہ ہی کے

الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى

| الْاَمْرُ | جَمِيْعًا | اَفَلَمْ | يَايْـَٔسِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اَنْ | لَّوْ | يَشَآءُ | اللّٰهُ | لَهَدَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم | سب | کیا نہیں | مایوس ہوئے | وہ جو | ایمان لائے | یہ کہ | اگر | چاہے | اللہ تو | ہدایت دے |

اختیار میں ہیں تو کیا مسلمان اس سے ناامید نہ ہوئے کہ اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت کر دیتا

النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا

| النَّاسَ | جَمِيْعًا | وَ | لَا يَزَالُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | تُصِيْبُهُمْ | بِمَا | صَنَعُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کو | سب کے سب کو | اور | ہمیشہ رہیں گے | وہ جو | کافر ہوئے | پہنچے گی ان کو | بدلے | انکی کمائی کے |

اور کافروں کو ہمیشہ ان کے کیے پر سخت آفت آتی رہے گی یا

قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| قَارِعَةٌ | اَوْ | تَحُلُّ | قَرِيْبًا | مِّنْ دَارِهِمْ | حَتّٰى | يَاْتِيَ | وَعْدُ اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مصیبت | یا | اترے | قریب | ان کے گھروں کے | یہاں تک | آئے | اللہ کا فیصلہ | بیشک | اللہ |

ان کے گھروں کے نزدیک اتر آئے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ آئے بے شک اللہ

لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾ ع وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُخْلِفُ | الْمِيْعَادَ | وَ | لَقَدِ | اسْتُهْزِئَ | بِرُسُلٍ | مِّنْ قَبْلِكَ | فَاَمْلَيْتُ |
| نہیں | خلاف کرتا | وعدہ | اور | بیشک | ہنسی کی گئی | رسولوں سے | آپ سے پہلے | تو ڈھیل دی میں نے |

وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ اور بے شک آپ سے پہلے رسولوں پر بھی ہنسی کی گئی تو میں نے کافروں کو

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا | ثُمَّ | اَخَذْتُهُمْ | فَكَيْفَ | كَانَ | عِقَابِ | اَفَمَنْ | هُوَ | قَآئِمٌ |
| کافروں کو | پھر | میں نے ان کو پکڑا | سو کیسا | ہوا | میرا عذاب | کیا جو | وہ | قائم ہے |

کچھ دن ڈھیل دی پھر انہیں پکڑا تو میرا عذاب کیسا تھا۔ تو کیا وہ (اللہ) جو ہر

عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ۭ قُلْ سَمُّوْهُمْ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | كُلِّ | نَفْسٍ | بِمَا | كَسَبَتْ | وَ | جَعَلُوْا | لِلّٰهِ | شُرَكَآءَ | قُلْ | سَمُّوْهُمْ |
| اوپر | ہر | جان کے | جو کچھ | اس نے کمایا | اور | بنائے انہوں نے | اللہ کیلئے | شریک | فرماؤ | نام لو ان کا |

شخص کے عمل کا نگران ونگہبان ہے مگر انہوں نے اللہ کے شریک بنا رکھے ہیں فرما دیجئے ان کا نام لو یا کیا

اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ۭ بَلْ زُيِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْ | تُنَبِّئُوْنَهٗ | بِمَا | لَا يَعْلَمُ | فِي الْاَرْضِ | اَمْ | بِظَاهِرٍ | مِّنَ الْقَوْلِ | بَلْ | زُيِّنَ |
| یا | خبر دیتے ہو تم اسکو | جو | نہیں جانتا | زمین میں | یا | محض ظاہری | بات کہتے ہو | بلکہ | زینت دی گئی |

تم اسے اس بات کی خبر دیتے ہو جسے وہ زمین میں جانتا ہی نہیں یا کسی ظاہری بات کی؟

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مَكْرُهُمْ | وَ | صُدُّوْا | عَنِ السَّبِيْلِ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ |
| ان کو جو | کافر ہوئے | ان کی تدبیر | اور | روک دیئے گئے وہ | راستے سے | اور | جسے | گمراہ کرے | اللہ |

نہیں بلکہ کافروں کو اپنی چال خوش نما لگتی ہے اور وہ راہ خدا سے روک دیئے گئے ہیں اور جسے اللہ گمراہ کر دے

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

| فَمَا | لَهٗ | مِنْ هَادٍ | لَهُمْ | عَذَابٌ | فِي الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | لَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نہیں ہے | اسکے لیے | کوئی ہادی | ان کے لیے | عذاب ہے | زندگی میں | دنیا کی | اور | عذاب | آخرت کا |

اس کا کوئی رہنما نہیں ہوتا۔ انہیں دنیا کی زندگی میں عذاب ہو گا اور آخرت کا عذاب تو

اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ

| اَشَقُّ | وَمَا | لَهُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | مِنْ وَّاقٍ | مَثَلُ | الْجَنَّةِ | الَّتِيْ | وُعِدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت سخت ہے | اور نہیں | ان کو | اللہ سے | کوئی بچانے والا | مثال | جنت کی | جو | وعدہ دیئے گئے ہیں |

بہت ہی سخت ہو گا اور انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا۔ اس جنت کا حال جس کا متقیوں سے

الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ

| الْمُتَّقُوْنَ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | اُكُلُهَا | دَاۗىِٕمٌ | وَّ | ظِلُّهَا | تِلْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگار | بہتی ہیں | ان کے نیچے | نہریں | اس کے میوے | ہمیشہ ہیں | اور | اس کے سائے | یہ ہے |

وعدہ کیا گیا ہے (یہ ہے کہ) اس کے نیچے نہریں جاری ہیں، اس کا پھل ہمیشہ رہے گا اور اس کا سایہ (بھی) یہ

عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ڰ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

| عُقْبَى | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | وَّ | عُقْبَى | الْكٰفِرِيْنَ | النَّارُ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انجام | ان کا | جو پرہیزگار ہیں | اور | انجام | کافروں کا | آگ ہے | اور | وہ جو | دی ہم نے ان کو |

انجام ہے ان لوگوں کا جو متقی ہوئے اور کافروں کا انجام آگ ہے۔ اور وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ

| الْكِتٰبَ | يَفْرَحُوْنَ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَ | مِنَ الْاَحْزَابِ | مَنْ | يُّنْكِرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب | خوش ہیں | اس سے جو | اتاری گئی | آپکی طرف | اور | گروہوں سے | وہ بھی ہے جو | انکار کرتے ہیں |

وہ اس سے خوش ہوتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور ان گروہوں میں کچھ وہ ہیں جو اس کے بعض کا انکار کرتے ہیں

بَعۡضَهٗ ؕ قُلۡ اِنَّمَاۤ اُمِرۡتُ اَنۡ اَعۡبُدَ اللّٰهَ وَلَاۤ اُشۡرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيۡهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضَهٗ | قُلۡ | اِنَّمَاۤ | اُمِرۡتُ | اَنۡ | اَعۡبُدَ | اللّٰهَ | وَلَاۤ | اُشۡرِكَ | بِهٖ | اِلَيۡهِ |
| اسکے بعض کا | فرماؤ | سوائے اسکے نہیں کہ | میں حکم دیا گیا ہوں | یہ کہ | عبادت کروں میں | اللہ کی | اور نہ | شرک کروں میں | اسکے ساتھ | اسی کی طرف |

فرمایئے مجھے تو یہی حکم ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ بناؤں میں

اَدۡعُوۡا وَاِلَيۡهِ مَاٰبِ ﴿٣٦﴾ وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ حُكۡمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَدۡعُوۡا | وَ | اِلَيۡهِ | مَاٰبِ | وَ | كَذٰلِكَ | اَنۡزَلۡنٰهُ | حُكۡمًا | عَرَبِيًّا | وَ | لَئِنِ |
| میں بلاتا ہوں | اور | اسی کی طرف | پھرنا ہے | اور | اسی طرح | ہم نے اسے اتارا | حکم | عربی زبان میں | اور | اگر |

اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹنا ہے۔ اور اسی طرح ہم نے اسے فصیح عربی میں اتارا اور اے سننے والے اگر تو

اتَّبَعۡتَ اَهۡوَآءَهُمۡ بَعۡدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الۡعِلۡمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّبَعۡتَ | اَهۡوَآءَهُمۡ | بَعۡدَ | مَا | جَآءَكَ | مِنَ الۡعِلۡمِ | مَا لَكَ | مِنَ اللّٰهِ |
| تو پیروی کرے | انکی خواہشوں کی | بعد | اس کے جو | آیا تیرے پاس | علم | نہیں ہے تیرے لیے | اللہ سے |

ان کی خواہشوں پر چلے گا بعد اس کے کہ تجھے علم آ چکا تو اللہ کے آگے نہ تیرا

مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلًا مِّنۡ قَبۡلِكَ وَجَعَلۡنَا ۵ ع ۱۱

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ وَّلِىٍّ | وَّلَا | وَاقٍ | وَ | لَقَدۡ | اَرۡسَلۡنَا | رُسُلًا | مِّنۡ قَبۡلِكَ | وَ | جَعَلۡنَا |
| کوئی حمایتی | اور نہ | کوئی بچانے والا | اور | بیشک | بھیجے ہم نے | رسول | آپ سے پہلے | اور | بنائی ہم نے |

کوئی حمایتی ہو گا نہ بچانے والا۔ اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے رسول بھیجے اور ان کیلئے بیویاں

لَهُمۡ اَزۡوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوۡلٍ اَنۡ يَّاۡتِىَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمۡ | اَزۡوَاجًا | وَّذُرِّيَّةً | وَ | مَا | كَانَ | لِرَسُوۡلٍ | اَنۡ | يَّاۡتِىَ | بِاٰيَةٍ | اِلَّا | بِاِذۡنِ |
| ان کیلئے | بیوی | اور بچے | اور | نہیں | ہے | واسطے کسی رسول کے | یہ کہ | لائے | کوئی نشانی | مگر | حکم |

اور اولاد بنائی اور کسی رسول کا کام نہیں کہ کوئی نشانی لے آئے مگر اللہ

اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚۖ وَعِنْدَهٗۤ

| اللّٰهِ | لِكُلِّ | اَجَلٍ | كِتَابٌ | يَمْحُوا | اللّٰهُ | مَا | يَشَآءُ | وَ | يُثْبِتُ | وَعِنْدَهٗۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٰہی ہے | واسطے ہر | وقت کے | لکھت ہے | مٹاتا ہے | اللہ | جو | چاہے | اور | ثابت رکھتا ہے | اور اسکے پاس ہے |

کے حکم سے ہر دور کی ایک کتاب ہے۔ اللہ جس بات کو چاہتا ہے مٹاتا اور قائم رکھتا ہے اور اس کے پاس

اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

| اُمُّ | الْكِتٰبِ | وَ | اِنْ مَّا | نُرِيَنَّكَ | بَعْضَ | الَّذِیْ | نَعِدُهُمْ | اَوْ | نَتَوَفَّيَنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنیاد | کتاب کی | اور | اگر | دکھائیں ہم تمہیں | بعض | وہ عذاب | جو ہم وعدہ دیتے ہیں انکو | یا | آپ کو پاس بلالیں |

اُمّ الکتاب ہے۔ اور اگر ہم آپ کو اس کا ایک حصہ دکھادیں جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں یا آپ کو اپنے پاس بلالیں تو

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ

| فَاِنَّمَا | عَلَيْكَ | الْبَلٰغُ | وَ | عَلَيْنَا | الْحِسَابُ | اَوَلَمْ يَرَوْا | اَنَّا نَاْتِى | الْاَرْضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو سوائے اس کے نہیں کہ | تمہارے ذمہ ہے | پہنچانا | اور | ہم پر ہے | حساب | کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ | ہم آتے ہیں | زمین کو |

تمہارے ذمے تو صرف پیغام کو پہنچا دینا ہے اور حساب لینا ہمارے ذمے ہے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ

| نَنْقُصُهَا | مِنْ اَطْرَافِهَا | وَ | اللّٰهُ | يَحْكُمُ | لَا مُعَقِّبَ | لِحُكْمِهٖ | وَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کم کرتے ہیں ہم اس کو | اسکے کناروں سے | اور | اللہ | حکم دیتا ہے | نہیں کوئی پیچھا کرنے والا | اسکے حکم کا | اور | وہ ہے |

کو ہر طرف سے کم کر رہے ہیں اور اللہ حکم فرماتا ہے اس کے حکم کو رد کرنے والا کوئی نہیں اور اسے

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ

| سَرِيْعُ | الْحِسَابِ | وَقَدْ | مَكَرَ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | فَلِلّٰهِ | الْمَكْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی | حساب لینے والا | اور بیشک | فریب کیا | ان لوگوں نے | جو ان سے پہلے تھے | تو اللہ کیلئے ہے | تدبیر |

حساب لینے میں کچھ دیر نہیں لگتی۔ اور بے شک فریب کیا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے تو ساری خفیہ تدبیروں کا اللہ ہی

جَمِيْعًا ۭ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۭ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَمِيْعًا | يَعْلَمُ | مَا | تَكْسِبُ | كُلُّ | نَفْسٍ | وَسَيَعْلَمُ | الْكُفّٰرُ | لِمَنْ |
| ساری | جانتا ہے | جو | کماتا ہے | ہر | جان | اور جلدی جانیں گے | کافر | کہ کس کے لیے ہے |

مالک ہے وہ جانتا ہے جو کوئی عمل کرے اور عنقریب جان لیں گے کافر کہ اس گھر کا نیک

عُقْبَى الدَّارِ ﴿٤٢﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ قُلْ كَفٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُقْبَى | الدَّارِ | وَيَقُوْلُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَسْتَ | مُرْسَلًا | قُلْ | كَفٰى |
| آخرت کا | گھر | اور کہتے ہیں | وہ جو | کافر ہوئے | نہیں آپ | رسول | فرما دیجئے | کافی ہے |

انجام کس کیلئے ہے۔ اور کافر کہتے ہیں آپ رسول نہیں آپ فرما دیجئے اللہ گواہ کافی ہے

بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿٤٣﴾ ع ۶

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | شَهِيْدًا | بَيْنِيْ | وَ | بَيْنَكُمْ | وَمَنْ | عِنْدَهٗ | عِلْمُ | الْكِتٰبِ |
| اللہ | گواہ | درمیان میرے | اور | درمیان تمہارے | اور وہ | جس کے پاس ہے | علم | کتاب کا |

مجھ میں اور تم میں اور وہ جسے کتاب کا علم ہے۔

## آیاتها ۵۲ — ۱۴ سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ ۷۲ — رکوعاتها ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓرٰ | كِتٰبٌ | اَنْزَلْنٰهُ | اِلَيْكَ | لِتُخْرِجَ | النَّاسَ | مِنَ الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوْرِ |
| بھیجا ہم نے | آپ سے پہلے | مگر | مرد | وحی کرتے ہم | ان کی طرف | تو پوچھو | علم والوں سے |

آپ سے پہلے آدمی ہی رسول بنا کر بھیجے جن کی طرف ہم وحی کرتے تھے تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو

اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ۭ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | لَا | تَعْلَمُوْنَ | بِالْبَيِّنٰتِ | وَ | الزُّبُرِ | وَ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكَ | الذِّكْرَ |
| اگر | تم ہو | نہیں | جانتے | روشن دلیلیں | اور | کتابیں لے کر | اور | اتارا ہم نے | آپ کی طرف | ذکر |

اگر تمہیں علم نہیں۔ ہم نے ان کو بھیجا تھا روشن دلیلیں اور کتابیں لے کر اور اے محبوب ﷺ ہم نے آپ کی طرف یہ نصیحت

لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٤﴾ اَفَاَمِنَ

النصف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتُبَيِّنَ | لِلنَّاسِ | مَا نُزِّلَ | اِلَيْهِمْ | وَ | لَعَلَّهُمْ | يَتَفَكَّرُوْنَ | اَفَاَمِنَ |
| تاکہ آپ بیان کریں | لوگوں کیلئے | جو اترا | ان کی طرف | اور | تاکہ وہ | سوچیں | کیا مطمئن ہیں |

نازل کی کہ آپ لوگوں سے بیان کر دیں جو ان کی طرف نازل کیا اور تاکہ وہ غور و فکر کرتے رہیں۔ تو کیا وہ لوگ جو

الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | مَكَرُوا | السَّيِّاٰتِ | اَنْ | يَّخْسِفَ | اللّٰهُ | بِهِمُ | الْاَرْضَ |
| وہ جنہوں نے | فریب کیے | برے | یہ کہ | دھنسا دے | اللہ | ان کو | زمین میں |

بُری چالیں چلتے ہیں اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے

أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۴۵﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي

| أَوْ | يَأْتِيَهُمُ | الْعَذَابُ | مِنْ حَيْثُ | لَا يَشْعُرُونَ | أَوْ | يَأْخُذَهُمْ | فِي تَقَلُّبِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | آئے ان کے پاس | عذاب | ایسی جگہ سے | کہ نہ سمجھیں | یا | پکڑے ان کو | ان کے چلتے پھرتے میں |

یا انہیں وہاں سے عذاب آ جائے جہاں سے انہیں خیال بھی نہ ہو۔ یا وہ انہیں چلتے پھرتے پکڑ لے

تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿۴۶﴾ أَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلَىٰ تَخَوُّفٍ فَإِنَّ

| فَمَا | هُمْ | بِمُعْجِزِينَ | أَوْ | يَأْخُذَهُمْ | عَلَىٰ تَخَوُّفٍ | فَإِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر نہیں | وہ | عاجز کرنے والے | یا | پکڑے ان کو | ڈرنے پر | پھر بیشک |

پھر وہ (اللہ کو) عاجز کرنے والے نہیں۔ یا (ان کے) خوف زدہ ہونے پر انہیں پکڑ لے تو بیشک

رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿۴۷﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ

| رَبَّكُمْ | لَرَءُوفٌ | رَحِيمٌ | أَوَلَمْ | يَرَوْا | إِلَىٰ | مَا | خَلَقَ | اللَّهُ | مِنْ | شَيْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارا رب | مہربان ہے | رحم کرنے والا | کیا نہیں | دیکھا انہوں نے | طرف | اس کی جو | پیدا کی | اللہ نے | کوئی | بھی چیز |

تمہارا رب بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ جو چیز اللہ نے پیدا کی ہے اس کے سائے داہنے

يَتَفَيَّؤُا ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلَّهِ وَهُمْ

| يَتَفَيَّؤُا | ظِلَالُهُ | عَنِ الْيَمِينِ | وَ | الشَّمَائِلِ | سُجَّدًا | لِلَّهِ | وَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو جھکتے ہیں | ان کے سائے | دائیں | اور | بائیں سے | سجدہ کرتے ہوئے | اللہ کو | اور | وہ |

اور بائیں جھکتے ہیں اللہ کو سجدہ کرتے ہوئے اس حال میں کہ وہ

دَاخِرُونَ ﴿۴۸﴾ وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ دَابَّةٍ

| دَاخِرُونَ | وَ | لِلَّهِ | يَسْجُدُ | مَا | فِي السَّمَاوَاتِ | وَ | مَا | فِي الْأَرْضِ | مِنْ دَابَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذلیل ہوں | اور | اللہ کے لیے | سجدہ کرتے ہیں | جو چیز | آسمانوں میں ہے | اور | جو | زمین میں ہے | جاندار |

عاجزی کا اظہار کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے سجدہ کرتے ہیں جتنی چلنے والی چیزوں میں سے آسمانوں میں ہیں اور زمین میں

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٩﴾ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | وَ | هُمْ | لَا | يَسْتَكْبِرُوْنَ | يَخَافُوْنَ | رَبَّهُمْ |
| اور | فرشتے | اور | وہ | نہیں | غرور کرتے | خوف کرتے ہیں | اپنے رب کا |

ہیں اور فرشتے بھی اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ اور اپنے اوپر اپنے رب کا

مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۩ ﴿٥٠﴾ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ

ع ١٢ السجدة ٣

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ فَوْقِهِمْ | وَيَفْعَلُوْنَ | مَا | يُؤْمَرُوْنَ | وَقَالَ | اللّٰهُ | لَا | تَتَّخِذُوْٓا | اِلٰهَيْنِ |
| اپنے اوپر سے | اور کرتے ہیں | جو | حکم دیے جاتے ہیں | اور فرمایا | اللہ نے | نہ | بناؤ | خدا |

خوف کرتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم ہو۔ اور اللہ نے فرمایا کہ دو معبود نہ بناؤ یقیناً

اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٥١﴾ وَلَهٗ مَا فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اثْنَيْنِ | اِنَّمَا | هُوَ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | فَاِيَّايَ | فَارْهَبُوْنِ | وَ | لَهٗ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ |
| دو | اس کے سوا نہیں کہ | وہ | خدا | ایک ہے | تو خاص مجھ سے | ڈرو | اور | اسی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے |

وہ ایک ہی معبود ہے پھر مجھ ہی سے ڈرو۔ اور آسمانوں اور زمین میں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿٥٢﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضِ | وَ | لَهُ | الدِّيْنُ | وَاصِبًا | اَفَغَيْرَ | اللّٰهِ | تَتَّقُوْنَ |
| اور زمین میں | اور | اسی کا | دین | لازم ہے | کیا سوائے | اللہ کے | ڈرتے ہو |

جو کچھ ہے اسی کا ہے اور ہمیشہ کی اطاعت اسی کا حق ہے پھر کیا تم اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرتے ہو؟

وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | بِكُمْ | مِّنْ نِّعْمَةٍ | فَمِنَ اللّٰهِ | ثُمَّ | اِذَا | مَسَّكُمُ | الضُّرُّ | فَاِلَيْهِ |
| اور | جو بھی | تمہارے پاس | نعمت ہے | کی طرف سے | پھر | جب | پہنچتی ہے | تکلیف | تو اسی کی |

اور تمہارے پاس جو نعمت ہے تو وہ سب اللہ کی طرف سے ہے پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو تم اسی کی

تَجْــَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجْــَٔرُوْنَ | ثُمَّ | اِذَا | كَشَفَ | الضُّرَّ | عَنْكُمْ | اِذَا | فَرِيْقٌ | مِّنْكُمْ | بِرَبِّهِمْ |
| پناہ لیتے ہو | پھر | جب | دور کرتا ہے | تکلیف | تم سے | تو تب | ایک گروہ | تم میں سے | اپنے رب سے |

طرف فریاد کرتے ہو۔ پھر جب وہ تم سے تکلیف دور کر دیتا ہے تو یکایک تم میں سے ایک گروہ اپنے رب کا شریک

يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُشْرِكُوْنَ | لِيَكْفُرُوْا | بِمَآ | اٰتَيْنٰهُمْ | فَتَمَتَّعُوْا | فَسَوْفَ |
| شرک کرتا ہے | تا کہ انکار کریں | اس کا | جو دیا ہم نے انہیں | تو فائدہ اٹھاؤ | تو عنقریب |

ٹھہرانے لگتا ہے۔ کہ ہماری دی نعمتوں کی ناشکری کریں جو ہم نے ان کو عطا کی تھیں اور تھوڑے سے فائدے اٹھالو کہ عنقریب

تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْلَمُوْنَ | وَ | يَجْعَلُوْنَ | لِمَا | لَا | يَعْلَمُوْنَ | نَصِيْبًا | مِّمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | تَاللّٰهِ |
| جانو گے تم | اور | بناتے ہیں | اس کیلئے | نہیں | جانتے | حصہ | اس سے جو | دی ہوئی روزی | خدا کی قسم |

جان جاؤ گے۔ جن کی حقیقت کو نہیں جانتے ان چیزوں کیلئے ہماری دی ہوئی روزی میں سے حصہ مقرر کرتے ہیں خدا کی قسم تم

لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَتُسْـَٔلُنَّ | عَمَّا | كُنْتُمْ | تَفْتَرُوْنَ | وَ | يَجْعَلُوْنَ | لِلّٰهِ | الْبَنٰتِ | سُبْحٰنَهٗ |
| ضرور سوال ہوگا | اس سے جو | تم | جھوٹ باندھتے تھے | اور | بناتے ہیں | اللہ کے لیے | بیٹیاں | وہ پاک ہے |

سے ضرور سوال ہونا ہے جو کچھ جھوٹ باندھتے تھے۔ اور وہ اللہ کیلئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں (حالانکہ) وہ پاک ہے اور

وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَهُمْ | مَّا | يَشْتَهُوْنَ | وَ | اِذَا | بُشِّرَ | اَحَدُهُمْ | بِالْاُنْثٰى | ظَلَّ | وَجْهُهٗ |
| اور ان کیلئے | جو | وہ چاہیں | اور | جب | خبر دیا جاتا ہے | کوئی ان کا | لڑکی کی | تو ہو جاتا ہے | اس کا منہ |

ان کے لیے وہ کچھ ہے جو وہ چاہتے ہیں۔ اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی کی بشارت دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ

مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۞۵۸ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ

| مُسْوَدًّا | وَّ | هُوَ | كَظِيْمٌ | يَتَوَارٰى | مِنَ الْقَوْمِ | مِنْ سُوْٓءِ | مَا | بُشِّرَ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیاہ | اور | وہ ہوتا ہے | غصہ میں بھرا ہوا | چھپتا ہے | قوم سے | برائی | اس کی سے | جو خبر دیا گیا | اس کی |

جاتا ہے اور اس کا دل غم سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اسے برا سمجھنے کی وجہ سے جس کی اسے

اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا

| اَيُمْسِكُهٗ | عَلٰى | هُوْنٍ | اَمْ | يَدُسُّهٗ | فِى التُّرَابِ | اَلَا | سَآءَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا روک رکھے اسے | اوپر | ذلت کے | یا | دبا دے اسے | مٹی میں | خبردار | برا ہے | جو |

بشارت دی گئی ہے (سوچتا ہے) کہ ذلت برداشت کر کے اسے روک لے یا اسے مٹی میں دبا دے سن لو وہ بہت ہی

يَحْكُمُوْنَ ۞۵۹ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ

| يَحْكُمُوْنَ | لِلَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | مَثَلُ | السَّوْءِ | وَ | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فیصلہ کرتے ہیں | ان کے لیے | جو نہیں ایمان لاتے | آخرت پر | مثال ہے | بُری | اور | اللہ کے لیے |

برا فیصلہ کرتے ہیں۔ انہی لوگوں کا برا حال ہے جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور اللہ کی شان سب سے بلند ہے

ع ۷ / ۱۳
الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞۶۰ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ

| الْمَثَلُ | الْاَعْلٰى | وَ | هُوَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | وَ | لَوْ | يُؤَاخِذُ | اللّٰهُ | النَّاسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال ہے | بلند | اور | وہ | غالب ہے | حکمت والا | اور | اگر | پکڑے | اللہ | لوگوں کو |

اور وہی بڑی زبردست قوت والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم

بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ

| بِظُلْمِهِمْ | مَّا | تَرَكَ | عَلَيْهَا | مِنْ دَآبَّةٍ | وَّ | لٰكِنْ | يُّؤَخِّرُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے ظلم پر | تو نہ | چھوڑے | اس پر | کوئی چلنے والا | اور | لیکن | وہ مہلت دیتا ہے ان کو |

پر گرفت کرتا تو زمین پر کوئی چلنے والا نہیں چھوڑتا لیکن انہیں مقررہ

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى اَجَلٍ | مُّسَمًّى | فَاِذَا | جَآءَ | اَجَلُهُمْ | لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ | سَاعَةً |
| ایک وقت تک | مقرر کی ہوئی | تو جب | آجاتا ہے | ان کا وقت | تو نہیں پیچھے ہٹتے | ایک گھڑی |

وعدے تک مہلت دیتا ہے پھر جب ان کا وعدہ آئے گا نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹیں

وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | يَسْتَقْدِمُوْنَ | وَ | يَجْعَلُوْنَ | لِلّٰهِ | مَا | يَكْرَهُوْنَ | وَتَصِفُ |
| اور | نہ | آگے بڑھتے ہیں | اور | بناتے ہیں | اللہ کے لیے | جو | برا جانتے ہیں | اور بیان کرتی ہیں |

نہ آگے بڑھیں۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے لیے وہ کچھ مقرر کرتے ہیں جو خود ناپسند کرتے ہیں۔ اور ان کی زبانیں

اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ۭ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْسِنَتُهُمُ | الْكَذِبَ | اَنَّ | لَهُمُ | الْحُسْنٰى | لَا جَرَمَ | اَنَّ | لَهُمُ | النَّارَ |
| ان کی زبانیں | جھوٹ | کہ بیشک | ان کے لیے | بھلائی ہے | لازما | یقینا | ان کے لیے | آگ ہے |

جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ یقیناً ان کے لیے بھلائی ہے۔ لازماً ان کے لیے آگ ہے اور یقیناً وہ اس میں آگے

وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنَّهُمْ | مُّفْرَطُوْنَ | تَاللّٰهِ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَآ | اِلٰٓى | اُمَمٍ | مِّنْ قَبْلِكَ | فَزَيَّنَ |
| اور | بیشک وہ | آگے بھیجے جائینگے | خدا کی قسم | بیشک | بھیجے ہم نے | طرف | امتوں کی | آپ سے پہلے | تو خوشنما بنائے |

بھیجے جانے والے ہیں۔ اللہ کی قسم! ہم نے (اے رسول ﷺ!) آپ ﷺ سے پہلی اُمتوں میں بھی رسول بھیجے مگر (لوگوں کو)

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمُ | الشَّيْطٰنُ | اَعْمَالَهُمْ | فَهُوَ | وَلِيُّهُمُ | الْيَوْمَ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| ان کے لیے | شیطان نے | ان کے عمل | تو وہ | ان کا رفیق ہے | آج کے دن | اور | ان کے لیے | عذاب ہے | دردناک |

شیطان نے ان کے عمل خوبصورت بنا کر دکھا دیے سو آج وہی ان کا رفیق ہے اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَآ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | اِلَّا | لِتُبَيِّنَ | لَهُمُ | الَّذِىْ | اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ |
| اور | نہیں | اتاری ہم نے | آپ پر | کتاب | مگر | تاکہ آپ ظاہر کرو | ان کے لیے | وہ کہ | اختلاف کرتے ہیں | اس میں |

اور ہم نے آپ پر صرف اس لئے کتاب نازل کی ہے تاکہ آپ لوگوں پر وہ بات جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں

وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ | وَاللّٰهُ | اَنْزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً |
| اور | ہدایت | اور | رحمت | واسطے قوم | مومن کے | اور اللہ نے | اتارا | آسمان سے | پانی |

واضح کردیں اور وہ ایمان والے لوگوں کیلئے ہدایت اور رحمت ہو۔ اور اللہ نے آسمان سے پانی برسایا تو زمین کو اس کے مردہ

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَحْيَا | بِهِ | الْاَرْضَ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | اِنَّ | فِىْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِّقَوْمٍ |
| تو زندہ کیا | اس سے | زمین کو | بعد | اس کی موت کے | کہ بیشک | اس میں | نشانی ہے | واسطے قوم کے |

ہونے کے بعد اس (پانی) سے زندہ کر دیا بیشک اس میں ضرور نشانی ہے ان لوگوں کیلئے

ع ٨ ٥ ١٤ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾ ع وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّسْمَعُوْنَ | وَ | اِنَّ | لَكُمْ | فِى الْاَنْعَامِ | لَعِبْرَةً | نُسْقِيْكُمْ | مِّمَّا | فِىْ بُطُوْنِهٖ |
| جو سنتے ہیں | اور | بیشک | تمہارے لیے | چوپایوں میں | یقیناً عبرت ہے | پلاتے ہیں ہم تمہیں | اس سے | جو اس کے پیٹوں میں ہے |

جو سنتے ہیں۔ اور بے شک جانداروں میں تمہارے لئے مقام غور ہے ہم تمہیں پلاتے ہیں اس چیز میں سے

مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَيْنِ | فَرْثٍ | وَّدَمٍ | لَّبَنًا | خَالِصًا | سَآئِغًا | لِّلشّٰرِبِيْنَ | وَ | مِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ |
| درمیان | گوبر | اور خون سے | دودھ | خالص | خوشگوار | پینے والوں کے لیے | اور | کھجور کے پھلوں |

جو ان کے پیٹ میں ہے گوبر اور خون کے درمیان سے خالص دودھ پینے والوں کیلئے خوشگوار ہے۔ اور کھجور

ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا

| وَ | الْاَعْنَابِ | تَتَّخِذُوْنَ | مِنْهُ | سَكَرًا | وَّ | رِزْقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | انگور سے | بناتے ہو | اس سے | نبیذ | اور | رزق |

اور انگور کے پھلوں میں سے کہ اس سے نشہ آور چیزیں بناتے ہو اور اچھا

حَسَنًا ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى

| حَسَنًا | اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِّقَوْمٍ | يَّعْقِلُوْنَ | وَ | اَوْحٰى | رَبُّكَ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھا | بیشک اس میں | نشانی ہے | واسطے قوم | عقلمند کے | اور | الہام کیا | آپ کے رب نے | طرف |

رزق بھی بے شک اس میں نشانی ہے عقل والوں کیلئے۔ اور آپ کے رب نے شہد کی

النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا

| النَّحْلِ | اَنِ | اتَّخِذِيْ | مِنَ الْجِبَالِ | بُيُوْتًا | وَّ | مِنَ الشَّجَرِ | وَ | مِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شہد کی مکھی کے | یہ کہ | بنا | پہاڑوں میں | گھر | اور | درختوں پر | اور | اس سے جو |

مکھی کو الہام کیا کہ پہاڑوں میں گھر بنا اور درختوں

يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ

| يَعْرِشُوْنَ | ثُمَّ | كُلِيْ | مِنْ كُلِّ | الثَّمَرٰتِ | فَاسْلُكِيْ | سُبُلَ | رَبِّكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکان بناتے ہیں | پھر | کھا | ہر طرح کے | پھل | پھر چل | راستوں پر | اپنے رب کے |

میں چھتوں میں۔ پھر ہر طرح کے پھل کھا اور اپنے رب کے آسان مقرر رستوں پر چلتی جا

ذُلُلًا ط يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ

| ذُلُلًا | يَخْرُجُ | مِنْ بُطُوْنِهَا | شَرَابٌ | مُّخْتَلِفٌ | اَلْوَانُهٗ | فِيْهِ | شِفَآءٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نرمی سے | نکلتا ہے | اس کے پیٹوں میں سے | شربت | مختلف ہیں | اس کے رنگ | اس میں | شفاء ہے |

ان کے پیٹوں سے مختلف رنگوں کا شربت نکلتا ہے جس میں لوگوں کیلئے شفا ہے

لِلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلنَّاسِ | اِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | لَاٰیَةً | لِّقَوْمٍ | یَّتَفَكَّرُوْنَ | وَ | اللّٰهُ | خَلَقَكُمْ | ثُمَّ |
| لوگوں کے لیے | بیشک | اس میں | نشانی ہے | واسطے قوم | سمجھدار کے | اور | اللہ نے | تمھیں پیدا کیا | پھر |

بیشک اس میں ان لوگوں کیلئے جو غور و فکر کرتے ہیں ایک نشانی ہے۔ اور اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ تمہیں

یَتَوَفّٰىكُمْ ۟ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرَدُّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَیْ لَا یَعْلَمَ بَعْدَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَتَوَفّٰىكُمْ | وَ | مِنْكُمْ | مَّنْ | یُّرَدُّ | اِلٰۤى | اَرْذَلِ | الْعُمُرِ | لِكَیْ لَا | یَعْلَمَ | بَعْدَ |
| تمھیں مارے گا | اور | بعض تم میں سے | وہ ہے جو | پھیرا جاتا ہے | طرف | ناقص | عمر کے | تا کہ نہ | جانے | بعد |

موت دیتا ہے اور تم میں سے کوئی ناقص عمر کو پہنچ جاتا ہے کہ جاننے کے بعد

ع ٩

عِلْمٍ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ﴿۷۰﴾ع وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلْمٍ | شَیْـًٔا | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِیْمٌ | قَدِیْرٌ | وَ | اللّٰهُ | فَضَّلَ | بَعْضَكُمْ | عَلٰى |
| جاننے کے | کچھ بھی | بیشک | اللہ | جاننے والا ہے | قدرت والا | اور | اللہ نے | بڑائی دی | بعض تمہارے کو | اوپر |

کچھ نہیں جانتا بیشک اللہ علم والا، قدرت والا ہے۔ اور اللہ نے تمہارے بعض کو بعض پر

بَعْضٍ فِی الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِیْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّیْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضٍ | فِی الرِّزْقِ | فَمَا | الَّذِیْنَ | فُضِّلُوْا | بِرَآدِّیْ | رِزْقِهِمْ | عَلٰى | مَا مَلَكَتْ |
| بعض کے | رزق میں | پھر نہیں | وہ جو | بڑائی دیے گئے | لوٹانے والے | اپنا رزق | اوپر | ان کے جو مالک ہیں انکے |

رزق میں فراخی عطا فرمائی تو جنہیں فراخی عطا کی گئی تو وہ اپنا رزق ان (غلام، باندیوں) پر لوٹانے والے نہیں

اَیْمَانُهُمْ فَهُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَیْمَانُهُمْ | فَهُمْ | فِیْهِ | سَوَآءٌ | اَفَبِنِعْمَةِ | اللّٰهِ | یَجْحَدُوْنَ |
| دائیں ہاتھ | تو وہ | اس میں | برابر ہوں | تو کیا نعمت | الٰہی کا | وہ انکار کرتے ہیں |

جو ان کی ملکیت میں ہیں کہ وہ سب اس میں برابر ہو جائیں تو کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

| وَ | اللّٰهُ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِّنْ اَنْفُسِكُمْ | اَزْوَاجًا | وَّ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ نے | بنائیں | تمہارے لیے | تمہاری جانوں میں سے | بیویاں | اور | بنائے | تمہارے لیے | تمہاری بیویوں سے |

اور اللہ نے تم میں سے تمہاری بیویاں بنائیں اور تمہارے لئے تمہاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ

| بَنِيْنَ | وَحَفَدَةً | وَّ | رَزَقَكُمْ | مِّنَ الطَّيِّبٰتِ | اَفَبِالْبَاطِلِ |
|---|---|---|---|---|---|
| بیٹے | اور پوتے | اور | رزق دیا تم کو | پاکیزہ چیزوں کا | کیا باطل کے ساتھ |

نواسے پیدا کئے اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا تو کیا وہ باطل پر یقین رکھتے ہیں

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۝۷۲ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

| يُؤْمِنُوْنَ | وَ | بِنِعْمَتِ | اللّٰهِ | هُمْ | يَكْفُرُوْنَ | وَيَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ایمان لاتے | اور | ساتھ نعمت | اللہ کے | وہ | انکار کرتے ہیں | اور پوجتے ہیں | سوائے |

اور اللہ کی نعمت کا وہ انکار کرتے ہیں؟ اور اللہ کے سوا ایسوں کو پوجتے ہیں

اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا

| اللّٰهِ | مَا لَا | يَمْلِكُ | لَهُمْ | رِزْقًا | مِّنَ السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | شَيْـًٔا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | ان کو جو نہیں | مالک ہیں | ان کے لیے | رزق کے | آسمانوں سے | اور زمین سے | کسی چیز کے |

جو انہیں آسمان اور زمین سے کچھ بھی روزی دینے کا اختیار نہیں رکھتے

وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝۷۳ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

| وَّ | لَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | فَلَا | تَضْرِبُوْا | لِلّٰهِ | الْاَمْثَالَ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | طاقت رکھتے | تو نہ | بیان کرو | اللہ کے لیے | مثالیں | تحقیق | اللہ | جانتا ہے | اور | تم |

اور نہ کچھ کر سکتے ہیں۔ پھر تم اللہ تعالیٰ کے لیے مثالیں نہ بیان کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ

| لَا تَعْلَمُوْنَ | ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | عَبْدًا | مَّمْلُوْكًا | لَّا يَقْدِرُ | عَلٰى شَيْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں جانتے | بیان فرمائی | اللہ نے | مثال | بندے | غلام کی | جو نہیں قادر | کسی چیز پر |

نہیں جانتے۔ اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے ایک غلام بندہ ہے جو کسی شے پر قدرت نہیں رکھتا اور ایک وہ ہے جسے

وَّ مَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّ

| وَّ | مَنْ | رَّزَقْنٰهُ | مِنَّا | رِزْقًا | حَسَنًا | فَهُوَ | يُنْفِقُ | مِنْهُ | سِرًّا | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جو | رزق دیا ہم نے اسے | اپنی طرف سے | رزق | اچھا | تو وہ | خرچ کرتا ہے | اس سے | چھپے | اور |

ہم نے اپنی طرف سے عمدہ رزق دیا ہے پھر وہ اسے چھپا کر اور کھل کر خرچ کرتا ہے

جَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

| جَهْرًا | هَلْ | يَسْتَوٗنَ | اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر | کیا | برابر ہیں | سب تعریف | اللہ کے لیے ہے | بلکہ | اکثر ان کے | نہیں | علم رکھتے |

کیا وہ برابر ہیں؟ ہرگز نہیں تعریف اللہ کے لیے ہے مگر ان میں سے اکثر کو علم نہیں۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَاۤ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى

| وَضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | رَّجُلَيْنِ | اَحَدُهُمَاۤ | اَبْكَمُ | لَا | يَقْدِرُ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بیان فرمائی | اللہ نے | مثال | دو آدمیوں کی | ان میں ایک | گونگا ہے | نہیں | طاقت رکھتا | اوپر |

اور اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے دو آدمی ہیں ان میں ایک گونگا ہے جو کسی شے پر قدرت نہیں رکھتا

شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ

| شَيْءٍ | وَّ | هُوَ | كَلٌّ | عَلٰى | مَوْلٰىهُ | اَيْنَمَا | يُوَجِّهْهُّ | لَا يَاْتِ | بِخَيْرٍ | هَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی چیز کے | اور | وہ | بوجھ ہے | اوپر | اپنے مالک کے | جہاں کہیں | بھیجے | نہیں لاتا | بھلائی | کیا |

اور اپنے آقا پر بوجھ ہے جہاں کہیں وہ اسے بھیجتا ہے وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا

يَسْتَوِىْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ

| يَسْتَوِىْ | هُوَ | وَ | مَنْ | يَاْمُرُ | بِالْعَدْلِ | وَ | هُوَ | عَلٰى | صِرَاطٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برابر ہے | وہ | اور | وہ جو | حکم دیتا ہے | انصاف کا | اور | وہ | اوپر | راہ |

کیا وہ اور وہ جو عدل کا حکم دیتا ہے اور جو سیدھے

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ ع وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ ع ۸

| مُسْتَقِيْمٍ | وَ | لِلّٰهِ | غَيْبُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | مَآ | اَمْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیدھی کے ہے | اور | اللہ کے لیے ہے | غیب | آسمانوں | اور زمین کا | اور | نہیں | معاملہ |

رستے پر ہے برابر ہیں؟ اور اللہ ہی کیلئے ہیں آسمانوں اور زمینوں کے سب غیب اور قیامت کا واقع ہونا نہیں ہے

السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ

| السَّاعَةِ | اِلَّا | كَلَمْحِ | الْبَصَرِ | اَوْ | هُوَ | اَقْرَبُ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ | شَىْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کا | مگر | جیسے جھپکنا | آنکھ کا | یا | وہ | قریب تر ہے | بیشک | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے |

مگر ایک پلک جھپکنے کی طرح بلکہ وہ اس سے بھی قریب تر ہے بے شک اللہ جو چاہے اس پر

قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ

| قَدِيْرٌ | وَ | اللّٰهُ | اَخْرَجَكُمْ | مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ | لَا | تَعْلَمُوْنَ | شَيْـًٔا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قادر ہے | اور | اللہ نے | پیدا تم کو | تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے | نہیں | جانتے تھے تم | کچھ بھی |

قادر ہے۔ اور اللہ نے تمہاری ماؤں کے پیٹ سے تمہیں پیدا کیا کہ تم کچھ نہ جانتے تھے

وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

| وَجَعَلَ | لَكُمُ | السَّمْعَ | وَالْاَبْصَارَ | وَ | الْاَفْـِٕدَةَ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بنائے | تمہارے لیے | کان | اور آنکھیں | اور | دل | تاکہ تم | شکر کرو |

اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر بجا لاؤ۔

أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَٰتٍ فِي جَوِّ السَّمَآءِ ط مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا

| أَلَمْ | يَرَوْا | إِلَى | الطَّيْرِ | مُسَخَّرَٰتٍ | فِي جَوِّ | السَّمَآءِ | مَا | يُمْسِكُهُنَّ | إِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیانہیں | دیکھا انہوں نے | طرف | پرندوں کی | کہ تابع ہیں | فضاء | آسمانی میں | نہیں | تھامتا ان کو | مگر |

کیا انہوں نے پرندے نہیں دیکھے تابع کیے ہوئے ہیں آسمان کی فضاء میں انہیں کوئی نہیں تھامتا سوا

اللَّهُ ط إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَٰتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٧٩﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمْ

| اللَّهُ | إِنَّ | فِي ذَٰلِكَ | لَآيَٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يُؤْمِنُونَ | وَ | اللَّهُ | جَعَلَ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | واسطے قوم | مومن کے | اور | اللہ نے | بنائے | تمہارے لیے |

اللہ کے بیشک اس میں نشانیاں ہیں ایمان والوں کیلیے۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے

مِّنْ بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُم مِّن جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا

| مِّنْ بُيُوتِكُمْ | سَكَنًا | وَّجَعَلَ | لَكُمْ | مِّنْ جُلُودِ | الْأَنْعَامِ | بُيُوتًا | تَسْتَخِفُّونَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے گھروں میں | سکون | اور بنائے | تمہارے لیے | چمڑوں سے | جانوروں کے | گھر | ہلکا پاتے ہو تم ان کو |

تمہارے گھر کو مقام سکون بنایا۔ اور اُس نے تمہارے لیے جانوروں کی کھالوں سے ایسے گھر بنائے

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ لا وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا

| يَوْمَ | ظَعْنِكُمْ | وَ | يَوْمَ | إِقَامَتِكُمْ | وَ | مِنْ أَصْوَافِهَا | وَأَوْبَارِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | اپنے سفر کے | اور | دن | اپنے ٹھہرنے کے | اور | ان کی اون سے | اور پشم سے |

جنہیں تم اپنے سفر کے دن اور اپنے قیام کے دن ہلکا پاتے ہو۔ اور اس نے اُن کی صوف اون اور بالوں سے

وَأَشْعَارِهَا أَثَاثًا وَّمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿٨٠﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّمَّا

| وَ | أَشْعَارِهَا | أَثَاثًا | وَّ | مَتَاعًا | إِلَىٰ حِينٍ | وَاللَّهُ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِّمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ان کے بالوں سے | انکے سامان ہے | اور | فائدہ | ایک مدت تک | اور اللہ نے | بنائے | تمہارے لیے | اس سے جو |

پہننے کی چیزیں اور فائدے کی چیزیں بنائیں ایک مقررہ مدت تک کے لیے۔ اور اللہ ہی نے تمہارے لئے ان چیزوں سے جو

خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ

| خَلَقَ | ظِلٰلًا | وَ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِّنَ الْجِبَالِ | اَكْنَانًا | وَ | جَعَلَ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیے | سائے | اور | بنائیں | تمہارے لیے | پہاڑوں میں | چھپنے کی جگہیں | اور | بنایا | تمہارے لیے |

اس نے پیدا کی ہیں سائے بنائے اور پہاڑوں میں تمہارے لئے پناہ گاہیں بنائیں اور تمہارے لئے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ

| سَرَابِيْلَ | تَقِيْكُمُ | الْحَرَّ | وَسَرَابِيْلَ | تَقِيْكُمْ | بَاْسَكُمْ | كَذٰلِكَ | يُتِمُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لباس جو | بچاتا ہے تمہیں | گرمی سے | اور لباس | بچاتا ہے تمہیں | تمہاری لڑائی سے | اسی طرح | پوری کرتا ہے |

ایسے لباس بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور وہ لباس جو تمہاری لڑائی میں تمہیں بچاتے ہیں اس طرح اللہ

نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ

| نِعْمَتَهٗ | عَلَيْكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تُسْلِمُوْنَ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاِنَّمَا | عَلَيْكَ | الْبَلٰغُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی نعمت | تم پر | تاکہ تم | تسلیم کرو | پھر اگر | پھریں | تو صرف | آپ کے ذمہ | پہنچانا ہے |

تم پر اپنی نعمت پوری کرتا ہے کہ شاید تم فرمانبردار بنو۔ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو (اے رسول ﷺ!) آپ کے ذمے تو صرف صاف

الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ

| الْمُبِيْنُ | يَعْرِفُوْنَ | نِعْمَتَ اللّٰهِ | ثُمَّ | يُنْكِرُوْنَهَا | وَاَكْثَرُهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|
| صاف | پہچانتے ہیں | اللہ تعالیٰ کی نعمت کو | پھر | انکار کرتے ہیں | اور ان میں کے اکثر |

صاف پیغام کو پہنچا دینا ہے۔ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں

ع
الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ

| الْكٰفِرُوْنَ | وَ | يَوْمَ | نَبْعَثُ | مِنْ كُلِّ | اُمَّةٍ | شَهِيْدًا | ثُمَّ | لَا | يُؤْذَنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر ہیں | اور | جس دن | اٹھائیں گے ہم | ہر ایک | امت سے | گواہ | پھر | نہ | اجازت دی جائے گی |

اکثر کافر ہیں۔ اور جس دن ہر امت میں سے اٹھائیں گے ہم ایک گواہ پھر کافروں کو (عذر پیش کرنے کی) اجازت نہیں دی

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَ اِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | لَا | هُمْ | يُسْتَعْتَبُوْنَ | وَ | اِذَا | رَاَ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوا |
| ان کو جو | کافر ہیں | اور | نہ | وہ | منائے جائیں | اور | جب | دیکھیں | وہ جو | ظلم کرنیوالے |

جائے گی اور نہ ان سے اللہ کو راضی کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا۔ اور ظلم کرنے والے جب عذاب دیکھ لیں گے

الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَ اِذَا رَاَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابَ | فَلَا | يُخَفَّفُ | عَنْهُمْ | وَ | لَا | هُمْ | يُنْظَرُوْنَ | وَ | اِذَا | رَاَ | الَّذِيْنَ |
| عذاب | تو نہ | ہلکا کیا جائے گا | ان سے | اور | نہ | وہ | مہلت دیے جائینگے | اور | جب | دیکھیں | وہ جو |

تو نہ وہ ان پر سے ہلکا ہوگا نہ انہیں مہلت ملے گی۔ اور شرک کرنے والے جب اپنے

اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشْرَكُوْا | شُرَكَآءَهُمْ | قَالُوْا | رَبَّنَا | هٰٓؤُلَآءِ | شُرَكَآؤُنَا | الَّذِيْنَ | كُنَّا |
| شرک ہیں | اپنے شریکوں کو | تو کہیں | اے ہمارے رب | یہ ہیں | ہمارے شریک | وہ جو | ہم |

شریکوں کو دیکھیں گے کہیں گے اے ہمارے رب یہ ہیں ہمارے شریک کہ ان کی ہم

نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَدْعُوْا | مِنْ دُوْنِكَ | فَاَلْقَوْا | اِلَيْهِمُ | الْقَوْلَ | اِنَّكُمْ | لَكٰذِبُوْنَ |
| پکارا کرتے تھے | تیرے سوا | تو وہ ڈالیں | ان کی طرف | بات | کہ یقیناً تم | جھوٹ بولتے ہو |

تیرے سوا عبادت کرتے تھے تو وہ ان کی بات کی تردید کردیں گے کہ تم بے شک جھوٹے ہو۔

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِۨالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٨٧﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَلْقَوْا | اِلَى | اللّٰهِ | يَوْمَئِذِ | السَّلَمَ | وَ | ضَلَّ | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ |
| اور | ڈالیں وہ | طرف | اللہ کی | اس دن | صلح کی بات | اور | بھول جائے | ان سے | جو | تھے وہ | افتراء کرتے |

اور اس دن وہ اللہ کی فرمانبرداری کا دم بھریں گے اور جو باتیں وہ گھڑا کرتے تھے ان سے کھو جائیں گی۔

اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | وَ | صَدُّوْا | عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ | زِدْنٰهُمْ | عَذَابًا | فَوْقَ |
| وہ لوگ جو | کافر ہوئے | اور | روکا | اللہ کی راہ سے | زیادہ دیں گے ہم ان کو | عذاب | اوپر |

جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا ان پر اس وجہ سے کہ وہ فساد

الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا یُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَ یَوْمَ نَبْعَثُ فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِیْدًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابِ | بِمَا | كَانُوْا | یُفْسِدُوْنَ | وَ | یَوْمَ | نَبْعَثُ | فِیْ كُلِّ | اُمَّةٍ | شَهِیْدًا |
| عذاب کے | بدلہ اس کا کہ | تھے وہ | فساد کرتے | اور | جس دن | اٹھائیں ہم | ہر ایک | گروہ میں | گواہ |

برپا کرتے تھے ہم عذاب پر عذاب بڑھائیں گے۔ اور جس دن ہر امت میں ان پر ایک گواہ انہی میں سے ہم اٹھائیں گے

عَلَیْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَ جِئْنَا بِكَ شَهِیْدًا عَلٰى هٰۤؤُلَآءِ ؕ وَ نَزَّلْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَیْهِمْ | مِّنْ اَنْفُسِهِمْ | وَ | جِئْنَا | بِكَ | شَهِیْدًا | عَلٰى | هٰۤؤُلَآءِ | وَ | نَزَّلْنَا |
| ان پر | ان کی جانوں سے | اور | لائیں ہم | آپ کو | گواہ | اوپر | ان کے | اور | اتاری ہم نے |

اور (اے محبوب ﷺ!) آپ کو ان (سب) پر ہم گواہ بنا کر لائیں گے اور ہم نے

عَلَیْكَ الْكِتٰبَ تِبْیَانًا لِّكُلِّ شَیْءٍ وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً وَّ بُشْرٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَیْكَ | الْكِتٰبَ | تِبْیَانًا | لِّكُلِّ | شَیْءٍ | وَّ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً | وَّ | بُشْرٰى |
| آپ پر | کتاب | بیان کرنے والی | ہر ایک | چیز کو | اور | ہدایت | اور | رحمت | اور | بشارت |

یہ قرآن آپ پر نازل کیا جو ہر چیز کا روشن بیان ہے اور ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے

ع ۱۲ ۱۶ لِلْمُسْلِمِیْنَ ﴿۸۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ الْاِحْسَانِ وَ اِیْتَآئِ ذِی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْمُسْلِمِیْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | یَاْمُرُ | بِالْعَدْلِ | وَ | الْاِحْسَانِ | وَ | اِیْتَآئِ | ذِی الْقُرْبٰى |
| مسلمانوں کے لیے | بیشک | اللہ | حکم دیتا ہے | انصاف کا | اور | نیکی کا | اور | دینے کا | قرابت والوں کو |

مسلمانوں کیلئے۔ بیشک اللہ حکم فرماتا ہے عدل کرنے اور نیکی کرنے کا اور قرابت والوں کو دینے کا

الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ

| وَ | يَنْهٰى | عَنِ الْفَحْشَآءِ | وَ | الْمُنْكَرِ | وَ | الْبَغْيِ | يَعِظُكُمْ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | روکتا ہے | بے حیائی سے | اور | بری بات سے | اور | سرکشی سے | نصیحت فرماتا ہے تم کو | تاکہ تم |

اور منع فرماتا ہے بے حیائی اور برائی اور سرکشی سے وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٩٠﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ

| تَذَكَّرُوْنَ | وَ | اَوْفُوْا | بِعَهْدِ | اللّٰهِ | اِذَا | عٰهَدْتُّمْ | وَ | لَا | تَنْقُضُوا | الْاَيْمَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یادرکھو | اور | پورا کرو | عہد | اللہ کا | جب | عہد کرو تم | اور | نہ | توڑو | قسمیں |

نصیحت قبول کرو۔ اور اللہ کا عہد پورا کرو جب کہ تم آپس میں عہد کرو اور پکی قسمیں کھا کر نہ توڑو

بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

| بَعْدَ | تَوْكِيْدِهَا | وَ | قَدْ | جَعَلْتُمُ | اللّٰهَ | عَلَيْكُمْ | كَفِيْلًا | اِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعد | اسکے مضبوط کرنے کے | اور | بیشک | بنایا تم نے | اللہ کو | اپنے اوپر | ضامن | بیشک | اللہ | جانتا ہے | جو |

اور تم اللہ کو اپنے اوپر یقیناً ضامن کر چکے ہو بے شک اللہ تمہارے

تَفْعَلُوْنَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ

| تَفْعَلُوْنَ | وَ | لَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّتِيْ | نَقَضَتْ | غَزْلَهَا | مِنْۢ بَعْدِ | قُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کرتے ہو | اور | نہ | ہوجاؤ تم | اس عورت کی طرح | جس نے توڑ دیا | اپنا سوت | بعد | مضبوط کرنے کے |

کام جانتا ہے۔ اور تم اُس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ جس نے خوب محنت کے بعد اپنا کاتا ہوا سوت

اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ

| اَنْكَاثًا | تَتَّخِذُوْنَ | اَيْمَانَكُمْ | دَخَلًۢا | بَيْنَكُمْ | اَنْ | تَكُوْنَ | اُمَّةٌ | هِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹکڑے ٹکڑے | بناتے ہو تم | اپنی قسموں کو | مداخلت | آپس میں | یہ کہ | ہو | ایک گروہ | وہ |

ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد کا ذریعہ بناتے ہو تاکہ ایک قوم دوسری سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے والی ہو۔

أَرْبٰى مِنْ أُمَّةٍ ۭ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

| أَرْبٰى | مِنْ أُمَّةٍ | إِنَّمَا | يَبْلُوكُمُ | اللّٰهُ | بِهٖ | وَلَيُبَيِّنَنَّ | لَكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زیادہ | دوسرے سے | سوائے اسکے نہیں کہ | آزماتا ہے تمہیں | اللہ | اس سے | اور ظاہر کرے گا | تمہارے لیے | دن | قیامت کے |

یقیناً اللہ تعالیٰ تمہیں اس کے ذریعے آزماتا ہے اور قیامت کے دن وہ ضرور تمہارے لیے ان چیزوں کو بیان کرے گا

مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٩٢﴾ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً

| مَا | كُنْتُمْ | فِيهِ | تَخْتَلِفُونَ | وَلَوْ | شَاۗءَ | اللّٰهُ | لَجَعَلَكُمْ | أُمَّةً | وَّاحِدَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو تھے | تم | اس میں | اختلاف کرتے | اور اگر | چاہے | اللہ | تو بنادے تم سب کو | امت | ایک |

جن میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا

| وَّ | لٰكِنْ | يُّضِلُّ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | لَتُسْـَٔلُنَّ | عَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | گمراہ کرتا ہے | جس کو | چاہے | اور | ہدایت دیتا ہے | جس کو | چاہے | اور | ضرور پوچھے جاؤ گے تم | اس سے |

لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے راہ ہدایت دکھاتا ہے مگر جو کچھ تم کرتے ہو اس کے متعلق تم سے

كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ

| كُنْتُمْ | تَعْمَلُونَ | وَ | لَا | تَتَّخِذُوْٓا | أَيْمَانَكُمْ | دَخَلًا | بَيْنَكُمْ | فَتَزِلَّ | قَدَمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو تھے تم | عمل کرتے | اور | نہ | بناؤ تم | اپنی قسموں کو | مداخلت کا سبب | آپس میں | کہ پھسل جائیں | قدم |

ضرور پوچھا جائے گا۔ اور اپنی قسموں کو اپنے درمیان فریب کا ذریعہ نہ بناؤ ورنہ قدم

بَعْدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوْۗءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ

| بَعْدَ | ثُبُوتِهَا | وَ | تَذُوقُوا | السُّوْۗءَ | بِمَا | صَدَدْتُّمْ | عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ | وَ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعد | ثابت قدمی کے | اور | چکھو تم | برائی | بدلے اسکے جو | روکا تم نے | اللہ کی راہ سے | اور | تمہارے لیے |

جم جانے کے بعد پھسل جائیں گے اور تم اس وجہ سے کہ تم نے اللہ کی راہ سے روکا برائی کی سزا چکھو گے اور تمہیں

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابٌ | عَظِيْمٌ | وَلَا | تَشْتَرُوْا | بِعَهْدِ | اللّٰهِ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا | اِنَّمَا | عِنْدَ |
| عذاب ہے | بڑا | اور نہ | خریدو | عہد | خداوندی کی | قیمت | تھوڑے دام | بیشک جو | پاس |

بڑا عذاب ہوگا۔ اور اللہ کے عہد کے بدلے تھوڑی سی قیمت نہ لو بے شک جو

اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | هُوَ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | مَا | عِنْدَكُمْ | يَنْفَدُ | وَ | مَا |
| اللہ کے ہے | وہ | بہتر ہے | تمہارے لیے | اگر | ہو تم | جانتے | جو | تمہارے پاس ہے | ختم ہو جائے گا | اور | جو |

اللہ کے پاس ہے وہی تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔ جو تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو

عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ اللّٰهِ | بَاقٍ | وَ | لَنَجْزِيَنَّ | الَّذِيْنَ | صَبَرُوْٓا | اَجْرَهُمْ | بِاَحْسَنِ |
| اللہ کے پاس ہے | باقی رہنے والا ہے | اور | ضرور بدلہ دیں گے ہم | ان کو | جو صابر ہیں | ان کے اجر کا | اچھا |

اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہے گا اور البتہ ہم ضرور صلہ دیں گے ان لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا بسبب ان کے بہترین

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | مَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا | مِّنْ ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | وَ | هُوَ |
| اس سے | جو تھے وہ | عمل کرتے | جو | عمل کرے | اچھے | مرد ہو | یا | عورت | اور | وہ |

کاموں کے جو وہ کرتے تھے۔ جو شخص نیک عمل کرے گا خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ ہو وہ

مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنٌ | فَلَنُحْيِيَنَّهٗ | حَيٰوةً | طَيِّبَةً | وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ | اَجْرَهُمْ |
| مومن ہو | تو ضرور زندگی دیں گے ہم اسکو | زندگی | اچھی | اور بدلہ دیں گے ہم ان کو | ان کا اجر |

مومن تو اسے ہم ضرور پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے اور ضرور اُن کو ان کے اعمال کا

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ

| بِاَحْسَنِ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | فَاِذَا | قَرَاْتَ | الْقُرْاٰنَ | فَاسْتَعِذْ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھا | اس کا | جو تھے وہ | عمل کرتے | پھر جب | تم پڑھو | قرآن | تو پناہ لو | اللہ کی |

بہتر سے بہتر اجر دیں گے جو وہ کرتے رہے تھے۔ تو جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود کے شر سے

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ

| مِنَ الشَّيْطٰنِ | الرَّجِيْمِ | اِنَّهٗ | لَيْسَ | لَهٗ | سُلْطٰنٌ | عَلَى | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان سے | مردود | بیشک وہ | نہیں ہے | اس کا | کوئی قابو | اوپر | ان کے جو |

اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بے شک اس کا ان لوگوں پر کوئی زور نہیں جو

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

| اٰمَنُوْا | وَعَلٰى | رَبِّهِمْ | يَتَوَكَّلُوْنَ | اِنَّمَا | سُلْطٰنُهٗ | عَلَى | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | اور اوپر | اپنے رب کے | وہ بھروسہ کرتے ہیں | سوا اس کے نہیں | قابو اس کا | اوپر | ان کے ہے |

ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اس کا زور تو صرف ان پر ہے جو اسے رفیق بناتے ہیں

يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾ ع وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ ع ١٣ ١١ ٩

| يَتَوَلَّوْنَهٗ | وَالَّذِيْنَ | هُمْ | بِهٖ | مُشْرِكُوْنَ | وَ | اِذَا | بَدَّلْنَآ | اٰيَةً | مَّكَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو اسے دوستی کریں | اور وہ لوگ | کہ وہ | اس کو | شریک ٹھہرائیں | اور | جب | ہم بدلتے ہیں | ایک آیت | جگہ |

اور جو اسے اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں۔ اور جب ہم ایک آیت کو بدل کر اس کی جگہ دوسری

اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

| اٰيَةٍ | وَّاللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا | يُنَزِّلُ | قَالُوْٓا | اِنَّمَآ | اَنْتَ | مُفْتَرٍ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوسری آیت کے | اور اللہ | خوب جانتا ہے | جو | اتارتا ہے | کہتے ہیں | سوا اس کے نہیں کہ | تو ہے | جھوٹ بنانے والا | بلکہ | اکثر ان کے |

آیت لاتے ہیں اور اللہ جو کچھ نازل فرماتا ہے اسکی حکمت خوب جانتا ہے تو کافر کہتے ہیں بس آپ تو دل سے بنالاتے ہیں (یہ بات

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠١﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ

| لَا | يَعْلَمُوْنَ | قُلْ | نَزَّلَهٗ | رُوْحُ | الْقُدُسِ | مِنْ رَّبِّكَ | بِالْحَقِّ | لِيُثَبِّتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | جانتے | آپ فرمائیں | اتارا ہے اسے | روح | القدس نے | آپکے رب کی طرف سے | حق کے ساتھ | تاکہ ثابت رکھے |

نہیں) بلکہ ان میں اکثر نہیں جانتے۔ فرما دیجئے (اس کتاب کو) روح القدس (جبریل) لاتے ہیں آپ کے رب کی طرف سے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٠٢﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | هُدًى | وَّبُشْرٰى | لِلْمُسْلِمِيْنَ | وَ | لَقَدْ | نَعْلَمُ | اَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو | جو ایمان لائے | اور | ہدایت | اور خوشخبری | مسلمانوں کے لیے | اور | یقیناً | ہم جانتے ہیں | کہ وہ |

حق کے ساتھ تاکہ (اس کے سبب) ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور مسلمانوں کیلئے ہدایت اور بشارت ہے۔ اور بے شک ہم

يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ

| يَقُوْلُوْنَ | اِنَّمَا | يُعَلِّمُهٗ | بَشَرٌ | لِسَانُ | الَّذِيْ | يُلْحِدُوْنَ | اِلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | سوا اس کے نہیں | سکھاتا ہے اسے | ایک آدمی | زبان | اس کی جو | نسبت کرتے ہیں | اس کی طرف |

جانتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں یہ تو کوئی آدمی سکھاتا ہے جس کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس کی زبان تو

اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٠٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

| اَعْجَمِيٌّ | وَّهٰذَا | لِسَانٌ | عَرَبِيٌّ | مُّبِيْنٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عجمی ہے | اور یہ | زبان | عربی ہے | روشن | بیشک | جو لوگ | ایمان نہیں لاتے |

عجمی ہے اور یہ روشن عربی زبان میں ہے۔ بے شک وہ جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٠٤﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِى

| بِاٰيٰتِ اللّٰهِ | لَا | يَهْدِيْهِمُ | اللّٰهُ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | اِنَّمَا | يَفْتَرِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی آیتوں پر | نہیں | ہدایت دیتا انہیں | اللہ | اور | ان کے لیے | عذاب ہے | دردناک | سوائے اس کے نہیں کہ | بناتے ہیں |

اللہ انہیں راہ ہدایت نہیں دیتا۔ اور ان کیلئے درد ناک عذاب ہے۔ جھوٹ صرف

الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْكَذِبَ | الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | بِاٰيٰتِ اللّٰهِ | وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| جھوٹ | جو لوگ | ایمان نہیں لاتے | اللہ کی آیتوں پر | اور وہی لوگ ہیں | وہ |

وہ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیتوں کو نہیں مانتے اور

الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰذِبُوْنَ | مَنْ | كَفَرَ | بِاللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ | اِلَّا | مَنْ |
| جھوٹے | جو | کفر کرے | اللہ کے ساتھ | اپنے ایمان لانے کے بعد | مگر | وہ جو |

وہی جھوٹے ہیں۔ جس نے اپنے ایمان (لانے) کے بعد اللہ کا انکار کیا سوائے اس کے

اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَ لٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُكْرِهَ | وَ | قَلْبُهٗ | مُطْمَئِنٌّۢ | بِالْاِيْمَانِ | وَلٰكِنْ | مَّنْ | شَرَحَ |
| مجبور ہو جائے | اور | اس کا دل | تسلی میں ہو | ایمان سے | لیکن | وہ جو | کھل گیا |

جو مجبور ہو گیا مگر اس کا دل ایمان پر تسلی پاتا تھا لیکن جس نے کفر کیلئے سینہ کھول دیا

بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْكُفْرِ | صَدْرًا | فَعَلَيْهِمْ | غَضَبٌ | مِّنَ اللّٰهِ | وَلَهُمْ | عَذَابٌ |
| کفر کے ساتھ | اس کا سینہ | تو ان پر | غضب ہے | اللہ کا | اور ان کے لیے | عذاب ہے |

تو ایسوں پر اللہ کی طرف سے غضب ہو گا اور انہیں

عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمٌ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمُ | اسْتَحَبُّوا | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | عَلَى |
| بہت بڑا | یہ | اس لیے | کہ پسند کیا انہوں نے | زندگی کو | دنیا کی | اوپر |

بڑا عذاب ہوگا۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے آخرت پر دنیا کی زندگی کو ترجیح دی

الْاٰخِرَةِ ۚ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۱۰۷﴾

| الْاٰخِرَةِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَا | یَهْدِی | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت کے | اور | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم | کافروں |

اور اس لئے کہ اللہ کافروں کو ہدایت نہیں فرماتا۔

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ سَمْعِهِمْ

| اُولٰٓىِٕكَ | الَّذِیْنَ | طَبَعَ | اللّٰهُ | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | وَ سَمْعِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ لوگ | وہ ہیں جو | مہر کی | اللہ نے | اوپر | ان کے دلوں کے | اور ان کے کانوں کے |

یہ وہ ہیں جن کے دلوں اور کانوں اور

وَ اَبْصَارِهِمْ ۚ وَ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ

| وَ اَبْصَارِهِمْ | وَ | اُولٰٓىِٕكَ | هُمُ | الْغٰفِلُوْنَ | لَا جَرَمَ | اَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ان کی آنکھوں کے | اور | یہ لوگ | وہی ہیں | غافل | لازماً | وہی ہیں |

آنکھوں پر اللہ نے مہر لگا دی اور وہی غافل ہیں۔ لازمی بات ہے

فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِیْنَ

| فِی الْاٰخِرَةِ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّ | رَبَّكَ | لِلَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت میں | وہی | خسارہ اٹھانے والے | پھر | بیشک | آپ کا رب | ان کو جنہوں نے |

کہ آخرت میں یہی لوگ نقصان اُٹھانے والے ہیں۔ پھر آپکا رب ان کے لیے جنہوں نے فتنے میں ڈالے جانے کے بعد

هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ صَبَرُوْۤا ۙ اِنَّ

| هَاجَرُوْا | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | فُتِنُوْا | ثُمَّ | جٰهَدُوْا | وَ صَبَرُوْۤا | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہجرت کی | بعد | اس کے | جو فتنے میں ڈالے گئے | پھر | جہاد کیا | اور صبر کیا | بیشک |

ہجرت کی پھر انہوں نے جہاد کیا اور صابر رہے بے شک

ع

رَبَّكَ مِنۢ بَعۡدِهَا لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۱۰﴾ يَوۡمَ تَاۡتِيۡ كُلُّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | مِنۢ بَعۡدِهَا | لَغَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ | يَوۡمَ | تَاۡتِيۡ | كُلُّ |
| آپکارب | اس کے بعد | بخشنے والا ہے | مہربان | جس دن | آئے گی | ہر ایک |

آپکا رب اس کے بعد ضرور بخشنے والا مہربان ہے۔ جس دن ہر شخص اپنے لئے

نَفۡسٍ تُجَادِلُ عَنۡ نَّفۡسِهَا وَ تُوَفّٰى كُلُّ نَفۡسٍ مَّا عَمِلَتۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفۡسٍ | تُجَادِلُ | عَنۡ نَّفۡسِهَا | وَ | تُوَفّٰى | كُلُّ | نَفۡسٍ | مَّا | عَمِلَتۡ |
| جان | جھگڑا کرے گی | اپنی ہی جان سے | اور | پورا دیا جائے گا | ہر ایک | جان کو | جو | اس نے کمایا |

جھگڑا کرتا ہوا آئے گا اور ہر شخص کو جو کچھ اس نے کیا ہو گا پورا بدلہ دے دیا جائے گا اور ان پر

وَ هُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾ وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرۡيَةً كَانَتۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمۡ | لَا يُظۡلَمُوۡنَ | وَ | ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | قَرۡيَةً | كَانَتۡ |
| اور | وہ | ظلم نہ کیے جائیں گے | اور | بیان فرمائی | اللہ نے | کہاوت | ایک بستی کی | جو تھی |

زیادتی نہیں کی جائے گی۔ اور اللہ ایک مثال بیان فرما ہے ایک بستی تھی جو

اٰمِنَةً مُّطۡمَئِنَّةً يَّاۡتِيۡهَا رِزۡقُهَا رَغَدًا مِّنۡ كُلِّ مَكَانٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمِنَةً | مُّطۡمَئِنَّةً | يَّاۡتِيۡهَا | رِزۡقُهَا | رَغَدًا | مِّنۡ كُلِّ | مَكَانٍ |
| امن | اطمینان والی | آتا تھا اس کے پاس | اس کا رزق | بافراغت | ہر ایک | جگہ سے |

امن اور چین سے رہتی تھی جسے اس کا رزق ہر جگہ سے خوب پہنچتا تھا

فَكَفَرَتۡ بِاَنۡعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الۡجُوۡعِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَكَفَرَتۡ | بِاَنۡعُمِ اللّٰهِ | فَاَذَاقَهَا | اللّٰهُ | لِبَاسَ | الۡجُوۡعِ |
| تو کفر کیا اس نے | اللہ کی نعمت کا | تو چکھایا اس کو | اللہ نے | لباس | بھوک کا |

پھر اس نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو ان کے اعمال کے سبب اللہ نے اسے بھوک اور خوف کا لبادہ

وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْخَوْفِ | بِمَا | كَانُوْا | يَصْنَعُوْنَ | وَ | لَقَدْ | جَآءَهُمْ |
| اورخوف کا | بدلہ اس کا کہ | تھے وہ | کرتے | اور | بیشک | آئے انکے پاس |

اوڑھا کر مزہ چکھایا جو بدلہ تھا ان کے اعمال کا۔ اور بیشک ان کے پاس انہی میں سے ایک

رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلٌ | مِّنْهُمْ | فَكَذَّبُوْهُ | فَاَخَذَهُمُ | الْعَذَابُ | وَ | هُمْ |
| رسول | انہی میں سے | توانہوں نے جھٹلایا اس کو | تو پکڑلیا ان کو | عذاب نے | اور | وہ |

رسول تشریف لائے تو انہوں نے ان کو جھٹلایا تو انہیں عذاب نے پکڑ لیا جب کہ وہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاشْكُرُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظٰلِمُوْنَ | فَكُلُوْا | مِمَّا | رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | حَلٰلًا | طَيِّبًا | وَّاشْكُرُوْا |
| ظالم تھے | تو کھاؤ | اس سے جو | رزق دیا تمہیں | اللہ نے | حلال | پاک | اور شکر کرو |

ظالم تھے۔ تو (اے مسلمانو!) اللہ کے دیئے ہوئے حلال طیب رزق سے کھاؤ اور اللہ

نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نِعْمَتَ اللّٰهِ | اِنْ | كُنْتُمْ | اِيَّاهُ | تَعْبُدُوْنَ | اِنَّمَا | حَرَّمَ |
| اللہ کی نعمت | اگر | ہوتم | خاص اس کی | عبادت کرتے | سوا اس کے نہیں کہ | حرام کیا اس نے |

کی نعمت کا شکر کرو اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو۔ تم پر تو یہی حرام کیا ہے

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمُ | الْمَيْتَةَ | وَالدَّمَ | وَلَحْمَ | الْخِنْزِيْرِ | وَ | مَآ | اُهِلَّ | لِغَيْرِ |
| تم پر | مردار | اور خون | اور گوشت | سور کا | اور | جو | پکارا گیا | واسطے سوا |

مردار اور جسم سے نکل کر بہنے والا خون اور سور کا گوشت اور وہ جس کے ذبح کرتے وقت غیر خدا کا نام پکارا گیا

اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

| اللّٰهِ | بِهٖ | فَمَنِ | اضْطُرَّ | غَيْرَ | بَاغٍ | وَّ | لَا | عَادٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | جس پر | پھر جو | مجبور ہو جائے | نہ ہو | سرکش | اور | نہ | حد سے بڑھنے والا | تو بیشک | اللہ | بخشنے والا |

پھر جو شخص مجبور ہو جائے بشرطیکہ وہ نہ سرکشی کرنے والا ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو تو بے شک اللہ

رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ

| رَّحِيْمٌ | وَ | لَا | تَقُوْلُوْا | لِمَا | تَصِفُ | اَلْسِنَتُكُمُ | الْكَذِبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان ہے | اور | نہ | کہو | جو | بیان کریں | تمہاری زبانیں | جھوٹ |

بخشنے والا مہربان ہے۔ اور نہ کہو اسے جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں

هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ

| هٰذَا | حَلٰلٌ | وَّ | هٰذَا | حَرَامٌ | لِّتَفْتَرُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | حلال ہے | اور | یہ | حرام ہے | بہتان باندھو | اوپر | اللہ کے | جھوٹا |

یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ باندھو

اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ ؕ

| اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَفْتَرُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | لَا | يُفْلِحُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | وہ جو | بہتان باندھتے ہیں | اوپر | اللہ کے | جھوٹے | نہیں | کامیاب ہوتے |

بے شک جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہو گا۔

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ

| مَتَاعٌ | قَلِيْلٌ | وَّ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | وَعَلَى | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فائدہ ہے | تھوڑا سا | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | دردناک | اور اوپر | ان کے جو |

یہ تھوڑا سا فائدہ ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور یہودیوں پر ہم

هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ج وَ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَادُوْا | حَرَّمْنَا | مَا | قَصَصْنَا | عَلَيْكَ | مِنْ قَبْلُ | وَ | مَا |
| یہودی ہوئے | ہم نے حرام کیا | جو | بیان کیا ہم نے | آپ پر | پہلے سے | اور | نہیں |

نے وہ چیزیں جو آپ سے پہلے بیان کر چکے ہیں حرام کی تھیں اور ہم نے

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَلَمْنٰهُمْ | وَلٰكِنْ | كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّ | رَبَّكَ |
| ظلم کیا ہم نے ان پر | لیکن | تھے وہ | اپنی جانوں پر | ظلم کرتے | پھر | بیشک | آپ کا رب |

ان پر ظلم نہیں کیا تھا بلکہ وہ خود اپنے اوپر ظلم کیا کرتے تھے۔ پھر بے شک آپ کا رب

لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | عَمِلُوا | السُّوْٓءَ | بِجَهَالَةٍ | ثُمَّ | تَابُوْا | مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ |
| انکو جنہوں نے | عمل کیے | برے | نادانی سے | پھر | توبہ کی انہوں نے | اس کے بعد |

ان لوگوں کیلئے جنہوں نے نادانی سے برائی کی پھر اس کے بعد توبہ کر لی

ع ۱۵ ۲۱ وَ اَصْلَحُوْٓا لا اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَصْلَحُوْٓا | اِنَّ | رَبَّكَ | مِنْ بَعْدِهَا | لَغَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
| اور | اصلاح کی | بیشک | آپ کا رب | اس کے بعد | یقیناً بخشنے والا | مہربان ہے |

اور ٹھیک ہو گئے (تو) یقیناً آپ کا رب اس کے بعد ضرور بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ط وَ لَمْ يَكُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اِبْرٰهِيْمَ | كَانَ | اُمَّةً | قَانِتًا | لِّلّٰهِ | حَنِيْفًا | وَ | لَمْ | يَكُ |
| بیشک | ابراہیم | تھے | امام | فرمانبردار | اللہ کے لیے | ایک رخ | اور | نہیں | تھے وہ |

بے شک ابراہیم علیہ السلام ایک امام تھے اللہ کے فرمانبردار باطل سے الگ حق کی طرف مائل رہنے والے

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ | شَاكِرًا | لِّاَنْعُمِهٖ | اِجْتَبٰىهُ |
| مشرکوں سے | شکرگزار | اس کی نعمتوں کا | چن لیا اسے |

اور وہ مشرکین میں سے نہ تھے۔ اللہ تعالیٰ کے احسانوں پر شکر کرنے والے

وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَهَدٰىهُ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | وَاٰتَيْنٰهُ | فِى الدُّنْيَا |
| اور ہدایت دی اسے | طرف | راہ | سیدھی کی | اور دی ہم نے اس کو | دنیا میں |

اللہ تعالیٰ نے انہیں چن لیا اور سیدھی راہ دکھائی۔ اور ہم نے انہیں دنیا میں

حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ؕ ثُمَّ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَسَنَةً | وَ | اِنَّهٗ | فِى الْاٰخِرَةِ | لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ | ثُمَّ |
| بھلائی | اور | بیشک وہ | آخرت میں | یقیناً نیکوں سے ہیں | پھر |

بھلائی دی اور یقیناً آخرت میں وہ نیک لوگوں میں سے ہوں گے۔ پھر ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ | اَنِ | اتَّبِعْ | مِلَّةَ | اِبْرٰهِيْمَ | حَنِيْفًا | وَ | مَا |
| وحی کی ہم نے | آپ کی طرف | یہ کہ | پیروی کرو | دین | ابراہیم | حنیف کی | اور | نہیں |

آپ کی طرف وحی کی کہ ابراہیم علیہ السلام کے طریقے کی پیروی کرو جو یک سوتھے اور

كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ | اِنَّمَا | جُعِلَ | السَّبْتُ | عَلَى |
| تھے وہ | شرک کرنے والوں سے | سوائے اس کے نہیں کہ | بنایا گیا | ہفتہ | اوپر |

وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔ سبت (ہفتہ کی عبادت کا دن) انہی لوگوں کیلئے مقرر گیا تھا

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ط وَ اِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

| الَّذِيْنَ | اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَيَحْكُمُ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے جنہوں نے | اختلاف کیا | اس میں | اور | بیشک | آپ کا رب | ضرور فیصلہ کرے گا | ان میں |

جنہوں نے اس میں اختلاف کیا اور بے شک آپ کا رب روزِ قیامت کو ان کے درمیان اس بات

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اُدْعُ اِلٰى

| يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | فِيْمَا | كَانُوْا | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ | اُدْعُ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | قیامت کے | اس میں | جو تھے | اس میں | اختلاف کرتے | بلاؤ | طرف |

کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اپنے رب کے

سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

| سَبِيْلِ | رَبِّكَ | بِالْحِكْمَةِ | وَالْمَوْعِظَةِ | الْحَسَنَةِ |
|---|---|---|---|---|
| راہ | اپنے رب کی | حکمت | اور نصیحت | اچھی سے |

راستہ کی طرف بلائیے حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ط اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

| وَجَادِلْهُمْ | بِالَّتِيْ | هِيَ | اَحْسَنُ | اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | اَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بحث کروان سے | اس طرح | کہ وہ | بہت اچھی ہو | بیشک | آپ کا رب | وہ | خوب جانتا ہے |

اور ان پر حجت قائم کیجئے احسن طریقہ سے بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾

| بِمَنْ | ضَلَّ | عَنْ سَبِيْلِهٖ | وَهُوَ | اَعْلَمُ | بِالْمُهْتَدِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اس کو جو | گمراہ ہوا | اس کی راہ سے | اور وہ | خوب جانتا ہے | ہدایت پانے والوں کو |

ان لوگوں کو جو اس کی راہ سے بھٹکے اور وہ خوب جانتا ہے راہ ہدایت پانے والوں کو۔

وَ اِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ط وَلَئِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | عَاقَبْتُمْ | فَعَاقِبُوْا | بِمِثْلِ | مَا | عُوْقِبْتُمْ | بِهٖ | وَ | لَئِنْ |
| اور | اگر | سزا دو تم | تو سزا دو | مثل | اس کے جو | تم سزا دیے گئے | اسکے ساتھ | اور | اگر |

اور (اے مسلمانوں) اگر تم انہیں سزا دو تو ایسی ہی سزا دو جیسی تمہیں تکلیف پہنچائی گئی اور اگر تم

صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَ اصْبِرْ وَ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَبَرْتُمْ | لَهُوَ | خَيْرٌ | لِّلصّٰبِرِيْنَ | وَ | اصْبِرْ | وَ | مَا |
| تم صبر کرو | تو وہ | بہتر ہے | صبر کرنے والوں کے لیے | اور | صبر کریں | اور | نہیں ہے |

صبر کرو تو بے شک صبر بہت اچھا ہے صبر کرنے والوں کیلئے۔ اور اے محبوب ﷺ آپ صبر کریں

صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ لَا تَكُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَبْرُكَ | اِلَّا | بِاللّٰهِ | وَ | لَا | تَحْزَنْ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | تَكُ |
| آپ کا صبر | مگر | ساتھ اللہ کے | اور | نہ | غم کھائیں | ان پر | اور | نہ | ہوا کریں آپ |

اور آپ کا صبر اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور ان کا غم نہ کھاؤ اور ان کے

فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ ضَيْقٍ | مِّمَّا | يَمْكُرُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | مَعَ | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا |
| تنگی میں | اس سے جو | تدبیر کرتے ہیں | بیشک | اللہ | ساتھ | ان کے ہے جو | پرہیزگار ہیں |

فریبوں سے آپ کا دل تنگ نہ ہوں۔ بے شک اللہ ان کے ساتھ ہے جو ڈرتے ہیں

وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ع ع ۹ ۱۶ ۲۲

| | | |
|---|---|---|
| وَّالَّذِيْنَ | هُمْ | مُّحْسِنُوْنَ |
| اور وہ لوگ جو | گروہ | نیکی کرنے والے ہیں |

اور جو نیکیاں کرتے ہیں۔

المنزل ۴

الجزء ۱۵

ایاتھا ۱۱۱ | ۱۷ سورۃ بنی اسرآءیل مکیۃ ۵۰ | رکوعاتھا ۱۲

# بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## سُبۡحٰنَ الَّذِىۡۤ اَسۡرٰى بِعَبۡدِهٖ لَيۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَـرَامِ اِلَى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سُبۡحٰنَ | الَّذِىۡۤ | اَسۡرٰى | بِعَبۡدِهٖ | لَيۡلًا | مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَـرَامِ | اِلَى الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا |
| پاک ہے اسے | جس نے | سیر کرائی | اپنے بندے کو | رات میں | مسجد حرام سے | مسجد اقصیٰ تک |

پاک ہے وہ ذات جس نے سیر کرائی اپنے خاص بندے (حضرت محمد ﷺ) کو رات کے خاص حصہ میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ کی

## الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِىۡ بٰرَكۡنَا حَوۡلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنۡ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِىۡ | بٰرَكۡنَا | حَوۡلَهٗ | لِنُرِيَهٗ | مِنۡ اٰيٰتِنَا | اِنَّهٗ | هُوَ |
| وہ کہ | برکت رکھی ہم نے | اس کے گرداگرد | تاکہ دکھائیں ہم اسے | اپنی نشانیاں | بیشک وہ | وہی ہے |

طرف جس کے آس پاس ہم نے برکت رکھی کہ ہم اسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں بیشک وہ سننے والا

## السَّمِيۡعُ الۡبَصِيۡرُ ۱ وَاٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ وَجَعَلۡنٰهُ هُدًى لِّبَنِىۡۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمِيۡعُ | الۡبَصِيۡرُ | وَ | اٰتَيۡنَا | مُوۡسَى | الۡكِتٰبَ | وَ | جَعَلۡنٰهُ | هُدًى | لِّبَنِىۡۤ |
| سننے والا | دیکھنے والا | اور | عطا فرمائی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | اور | بنایا ہم نے اس کو | ہدایت | واسطے بنی |

اور دیکھنے والا ہے۔ اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی اور اسے بنی

## اِسۡرَآءِيۡلَ اَلَّا تَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِىۡ وَكِيۡلًا ؕ ۲ ذُرِّيَّةَ مَنۡ حَمَلۡنَا مَعَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسۡرَآءِيۡلَ | اَلَّا | تَتَّخِذُوۡا | مِنۡ دُوۡنِىۡ | وَكِيۡلًا | ذُرِّيَّةَ | مَنۡ | حَمَلۡنَا | مَعَ |
| اسرائیل کے | یہ کہ نہ | پکڑو | میرے سوا | کوئی کارساز | اولاد | اس کی جو | اٹھایا ہم نے | ساتھ |

اسرائیل کیلئے ہدایت کیا کہ میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤ۔ وہ ان کی نسل میں سے تھے جنہیں ہم نے نوح علیہ السلام کے

نُوۡحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبۡدًا شَكُوۡرًا ﴿۳﴾ وَقَضَيۡنَاۤ اِلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ فِى الۡكِتٰبِ

| فِی الۡکِتٰبِ | اِسۡرَآءِیۡلَ | بَنِیۡۤ | اِلٰی | قَضَیۡنَاۤ | وَ | شَکُوۡرًا | عَبۡدًا | کَانَ | اِنَّهٗ | نُوۡحٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب میں | اسرائیل کے | بنی | طرف | وحی کی ہم نے | اور | شکرگذار | بندہ | تھا | بیشک وہ | نوح کے |

ساتھ سوار کیا تھا بیشک وہ ایک شکر گزار بندے تھے۔ اور ہم نے کتاب میں بنی اسرائیل کو بتا دیا تھا

لَـتُفۡسِدُنَّ فِى الۡاَرۡضِ مَرَّتَيۡنِ وَلَتَعۡلُنَّ عُلُوًّا كَبِيۡرًا ﴿۴﴾ فَاِذَا

| فَاِذَا | کَبِیۡرًا | عُلُوًّا | لَتَعۡلُنَّ | وَ | مَرَّتَیۡنِ | فِی الۡاَرۡضِ | لَتُفۡسِدُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جب | بہت بڑی | بڑائی | بڑائی کرو گے | اور | دوبار | زمین میں | کہ ضرور فساد کروگے تم |

کہ "تم زمین میں دوبار فساد کرو گے اور خوب سرکشی کرو گے۔ تو جب

جَآءَ وَعۡدُ اُوۡلٰٮهُمَا بَعَثۡنَا عَلَيۡكُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ

| اُولِیۡ بَاۡسٍ شَدِیۡدٍ | لَنَاۤ | عِبَادًا | عَلَیۡکُمۡ | بَعَثۡنَا | اُوۡلٰهُمَا | وَعۡدُ | جَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سخت لڑائی والے | اپنے | بندے | تم پر | تو بھیجے ہم نے | پہلا دونوں سے | وعدہ | آیا |

ان میں سے پہلے وعدہ کا موقع آیا تو ہم نے تم پر اپنے ایسے بندے مسلط کر دیئے جو خوب طاقتور تھے تو وہ شہروں

فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّيَارِ‌ ؕ وَكَانَ وَعۡدًا مَّفۡعُوۡلًا‏ ﴿۵﴾ ثُمَّ رَدَدۡنَا لَـكُمُ الۡكَرَّةَ

| الۡکَرَّةَ | لَکُمُ | رَدَدۡنَا | ثُمَّ | مَفۡعُوۡلًا | وَعۡدًا | وَکَانَ | الدِّیَارِ | خِلٰلَ | فَجَاسُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حملہ | تمہارے لیے | لوٹایا ہم نے | پھر | پورا ہونے والا | وعدہ | اور تھا | شہروں کے | اندر | تو وہ گھس گئے |

میں تمہاری تلاش کیلئے پھیل گئے اور (یہ) ایک وعدہ تھا جسے ضرور پورا ہونا تھا۔ پھر ہم نے تمہارا غلبہ ان پر لوٹا دیا

عَلَيۡهِمۡ وَاَمۡدَدۡنٰكُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِيۡنَ وَجَعَلۡنٰكُمۡ اَكۡثَرَ نَفِيۡرًا‏ ﴿۶﴾ اِنۡ

| اِنۡ | نَفِیۡرًا | اَکۡثَرَ | وَجَعَلۡنٰکُمۡ | بَنِیۡنَ | وَ | بِاَمۡوَالٍ | اَمۡدَدۡنٰکُمۡ | وَ | عَلَیۡهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | جتھے والا | زیادہ | اور بنایا ہم نے تمہیں | بیٹوں سے | اور | مالوں | مدد کی ہم نے تمہیں | اور | ان پر |

اور مال اور بیٹوں کے ساتھ تمہاری مدد فرمائی اور تمہاری تعداد بڑھا دی۔ اگر تم

أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَحْسَنْتُمْ | أَحْسَنْتُمْ | لِأَنْفُسِكُمْ | وَ | إِنْ | أَسَأْتُمْ | فَلَهَا | فَإِذَا | جَاءَ | وَعْدُ |
| تم نیکی کرو | تو اسی کے لیے ہے | اپنی جانوں کیلئے | اور | اگر | تم برائی کرو | تو اسی کیلئے ہے | پھر جب | آیا | وعدہ |

اچھا کام کروگے تو اپنے لیے اچھا کروگے اور اگر تم برا کام کروگے تو وہ بھی اپنے لیے کروگے پھر جب دوسرے وعدے کا موقع آیا

الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْآخِرَةِ | لِيَسُوءُوا | وُجُوهَكُمْ | وَ | لِيَدْخُلُوا | الْمَسْجِدَ | كَمَا | دَخَلُوهُ | أَوَّلَ |
| پچھلا | کہ بگاڑ دیں | تمہارا منہ | اور | تاکہ داخل ہوں | مسجد میں | جیسے | داخل ہوئے تھے | پہلی |

تاکہ وہ تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور مسجد میں داخل ہو جائیں جس طرح وہ پہلی بار اس میں داخل ہوئے تھے۔

مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا ﴿٧﴾ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَنْ يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرَّةٍ | وَ | لِيُتَبِّرُوا | مَا عَلَوْا | تَتْبِيرًا | عَسَىٰ | رَبُّكُمْ | أَنْ | يَرْحَمَكُمْ | وَ | إِنْ |
| مرتبہ | اور | تاکہ برباد کریں | جس پر غالب آئیں | برباد کرنا | قریب ہے | تمہارا رب | یہ کہ | رحم کرے تم پر | اور | اگر |

اور تاکہ جس چیز پر بھی ان کا غلبہ ہوا سے برباد کردیں۔ قریب ہے تمہارا رب تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر

وقف لازم

عُدْتُمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا ﴿٨﴾ إِنَّ هَٰذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُدْتُمْ | عُدْنَا | وَ | جَعَلْنَا | جَهَنَّمَ | لِلْكَافِرِينَ | حَصِيرًا | إِنَّ | هَٰذَا |
| پھر کروگے | ہم پھر سزا دینگے | اور | بنایا ہم نے | دوزخ کو | کافروں کا | قید خانہ | بیشک | یہ |

شرارت کرو تو ہم پھر عذاب کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کا قید خانہ بنایا ہے۔ بے شک یہ

الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرْآنَ | يَهْدِي | لِلَّتِي | هِيَ | أَقْوَمُ | وَ | يُبَشِّرُ | الْمُؤْمِنِينَ | الَّذِينَ | يَعْمَلُونَ |
| قرآن | ہدایت دیتاہے | اس راہ کی | کہ وہ | بہت سیدھی ہے | اور | خوشخبری دیتاہے | مومنوں کو | وہ جو | عمل کرتے ہیں |

قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو بہت ہی سیدھی ہے اور مومنوں کو جو درست عمل کرتے ہیں

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۙ﴿۹﴾ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَهُمْ | اَجْرًا | كَبِيْرًا | وَّاَنَّ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ |
| اچھے | بیشک | ان کیلئے | ثواب ہے | بہت بڑا | اور بیشک | وہ جو | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ آخرت کے |

بشارت دیتا ہے کہ ان کیلئے بڑا اجر ہے۔ اور یہ کہ جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کیلئے ہم نے

ع اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۰﴾ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْتَدْنَا | لَهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | وَ | يَدْعُ | الْاِنْسَانُ | بِالشَّرِّ | دُعَآءَهٗ | بِالْخَيْرِ |
| تیار کیا ہم نے | ان کیلئے | عذاب | دردناک | اور | مانگتا ہے | انسان | برائی | جیسے مانگتا ہے | بھلائی |

دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور انسان شر کے لیے اس طرح دعا کرتا ہے جس طرح وہ بھلائی کے لیے

وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَانَ | الْاِنْسَانُ | عَجُوْلًا | وَ | جَعَلْنَا | الَّيْلَ | وَ | النَّهَارَ | اٰيَتَيْنِ | فَمَحَوْنَآ | اٰيَةَ |
| اور ہے | انسان | جلد باز | اور | بنایا ہم نے | رات | اور | دن کو | دو نشانیاں | پھر مٹادی ہم نے | نشانی |

دُعا کرتا ہے۔ اور انسان بڑا جلد باز ہے۔ اور ہم نے رات اور دن (اپنی قدرت کی) دو نشانیاں بنائیں

الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّيْلِ | وَ | جَعَلْنَآ | اٰيَةَ | النَّهَارِ | مُبْصِرَةً | لِّتَبْتَغُوْا | فَضْلًا | مِّنْ رَّبِّكُمْ |
| رات کی | اور | بنائی ہم نے | نشانی | دن کی | روشن | تاکہ ڈھونڈو | فضل | اپنے رب کا |

پھر ہم نے رات کی نشانی اندھیری اورتاریک بنائی اور دن کی نشانی کو روشن بنا دیا تاکہ تم

وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِتَعْلَمُوْا | عَدَدَ | السِّنِيْنَ | وَالْحِسَابَ | وَ | كُلَّ | شَيْءٍ | فَصَّلْنٰهُ |
| اور | تاکہ جانو | گنتی | سالوں کی | اور حساب | اور | ہر | چیز کو | ہم نے جدا جدا بیان فرمادی |

اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور جان لو برسوں کی گنتی اور (دوسرا) حساب اور ہم نے ہر چیز کو

تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفْصِيْلًا | وَ | كُلَّ | اِنْسَانٍ | اَلْزَمْنٰهُ | طٰٓئِرَهٗ | فِیْ عُنُقِهٖ | وَ | نُخْرِجُ | لَهٗ | يَوْمَ |
| کھول کر | اور | ہر ایک | انسان | لگا دی ہم نے اس کو | اسکی قسمت | اسکی گردن میں | اور | نکالیں گے ہم | اسکے لیے | دن |

تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا۔ اور ہر انسان کے عمل ہم نے اس کے گلے میں لٹکا دیے اور اس کیلئے قیامت کے

الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقِيٰمَةِ | كِتٰبًا | يَّلْقٰىهُ | مَنْشُوْرًا | اِقْرَاْ | كِتٰبَكَ | كَفٰى | بِنَفْسِكَ | الْيَوْمَ |
| قیامت کے | لکھا ہوا | پائے گا اس کو | کھلا ہوا | پڑھ | اپنا لکھا ہوا | کافی ہے | تیری اپنی ہی جان | آج |

دن نامہ اعمال نکالیں گے جسے وہ کھلا ہوا پائے گا۔ فرمایا جائے گا کہ اپنا نامہ اعمال پڑھ آج تو خود ہی اپنا

عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكَ | حَسِيْبًا | مَنِ | اهْتَدٰى | فَاِنَّمَا | يَهْتَدِیْ | لِنَفْسِهٖ | وَ | مَنْ |
| تجھ پر | حساب لینے والی | جو | ہدایت پائے تو | سوائے اس کے نہیں | ہدایت پائے گا | اپنی جان کیلئے | اور | جو |

حساب کرنے کے لیے کافی ہے۔ جو سیدھی راہ پر چلا وہ اپنے لئے ہی چلتا ہے اور جو بھٹک گیا

ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَلَّ | فَاِنَّمَا | يَضِلُّ | عَلَيْهَا | وَلَا | تَزِرُ | وَازِرَةٌ | وِّزْرَ | اُخْرٰى | وَمَا | كُنَّا |
| گمراہ ہوا تو | سوا اس کے نہیں کہ | گمراہی | اسی پر ہے | اور نہیں | اٹھائے گا | کوئی اٹھانے والا | بوجھ | دوسرے کا | اور نہیں | ہیں ہم |

وہ اپنے خلاف ہی بھٹکتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا اور ہم عذاب نہیں

مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُعَذِّبِيْنَ | حَتّٰى | نَبْعَثَ | رَسُوْلًا | وَ | اِذَآ | اَرَدْنَآ | اَنْ | نُّهْلِكَ | قَرْيَةً |
| سزا دینے والے | یہاں تک کہ | بھیجیں ہم | رسول | اور | جب | ارادہ کرتے ہیں ہم | یہ کہ | ہلاک کریں | کسی بستی کو |

دیا کرتے جب تک کوئی رسول نہ بھیج دیں۔ اور جب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ ہم کسی بستی کو ہلاک کر دیں

اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا

| اَمَرْنَا | مُتْرَفِيْهَا | فَفَسَقُوْا | فِيْهَا | فَحَقَّ | عَلَيْهَا | الْقَوْلُ | فَدَمَّرْنٰهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو حکم کرتے ہیں ہم | اس کے دولت مندوں کو | تو وہ برائی کرتے ہیں | اس میں | تو حق ہو جاتی ہے | اس پر | بات | پھر تباہ کرتے ہیں ہم اس کو |

تو اس کے خوشحال لوگوں کو حکم دیتے ہیں پھر وہ اس میں نافرمانی کرتے ہیں پھر وہ فیصلہ اس پر نافذ ہو جاتا ہے۔ پھر ہم اسے

تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ

| تَدْمِيْرًا | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا | مِنَ الْقُرُوْنِ | مِنْ بَعْدِ | نُوْحٍ | وَ | كَفٰى | بِرَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پورا تباہ کرنا | اور | کتنی | ہلاک کیں ہم نے | نسلیں | بعد | نوح کے | اور | کافی ہے | آپ کا رب |

برباد کر دیتے ہیں۔ اور کتنی ہی اُمتوں کو ہم نے نوح علیہ السلام کے بعد ہلاک کر دیا اور آپ کا رب کافی ہے جو اپنے بندوں کے

بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ

| بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ | خَبِيْرًا | بَصِيْرًا | مَنْ | كَانَ يُرِيْدُ | الْعَاجِلَةَ | عَجَّلْنَا لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے بندوں کے گناہوں سے | خبردار ہے | دیکھنے والا | جو | چاہتا ہے | جلدی کو | جلدی دے دیتے ہیں ہم اسکو |

گناہوں سے اچھی طرح خبردار خوب دیکھنے والا ہے۔ جو لوگ صرف دنیا کے خواہشمند ہیں ہم ان میں سے جسے جتنا

فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا

| فِيْهَا | مَا | نَشَآءُ | لِمَنْ | نُّرِيْدُ | ثُمَّ | جَعَلْنَا | لَهٗ | جَهَنَّمَ | يَصْلٰىهَا | مَذْمُوْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | جو | چاہیں ہم | جس کے لیے | چاہیں ہم | پھر | بنائیں گے ہم | جس کیلئے | جہنم | داخل ہوگا اس میں | ملامت کیا ہوا |

چاہیں اسی دنیا میں دے دیتے ہیں پھر ہم نے اس کیلئے جہنم (ٹھکانا) بنا دیا ہے وہ اس میں پہنچے گا

مَدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

| مَدْحُوْرًا | وَ | مَنْ | اَرَادَ | الْاٰخِرَةَ | وَ | سَعٰى | لَهَا | سَعْيَهَا | وَهُوَ | مُؤْمِنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھتکارا ہوا | اور | جو | چاہے | آخرت | اور | کوشش کرے | اسکے لیے | اپنی پوری کوشش | اور وہ ہو | مومن |

بری حالت میں دھتکارا ہوا۔ اور جس نے آخرت کا ارادہ کیا اور اس کے لیے کوشش کی جیسی کہ اس کے لئے کوشش کرنی چاہیے

فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاُولٰٓئِكَ | كَانَ | سَعْيُهُمْ | مَّشْكُوْرًا | كُلًّا | نُّمِدُّ | هٰٓؤُلَآءِ | وَ | هٰٓؤُلَآءِ | مِنْ عَطَآءِ |
| تو یہ لوگ | ہے | ان کی کوشش | ٹھکانے لگی | ہر ایک کو | مدد دیتے ہیں ہم | ان کو بھی | اور | ان کو بھی | عطا ہے |

اور وہ مومن ہے تو انہی لوگوں کی کوشش قبول ہوگی۔ ہم سب کو مدد دیتے ہیں ان (دنیا چاہنے والوں) کو بھی اور ان (آخرت

رَبِّكَ ؕ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | وَ | مَا | كَانَ | عَطَآءُ | رَبِّكَ | مَحْظُوْرًا | اُنْظُرْ | كَيْفَ |
| آپ کے رب کی | اور | نہیں | ہے | عطاء | تمہارے رب کی | بند ہونے والی | دیکھ | کس طرح |

چاہنے والوں) کو بھی تمہارے رب کی عطا سے اور تمہارے رب کی عطا روکے جانے والی نہیں ہے۔ دیکھو! کس طرح ہم نے

فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَضَّلْنَا | بَعْضَهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | وَ | لَلْاٰخِرَةُ | اَكْبَرُ | دَرَجٰتٍ | وَّ | اَكْبَرُ |
| بڑائی دی ہم نے | ان کے بعض کو | اوپر | بعض کے | اور | یقیناً آخرت | بہت بڑی ہے | درجے میں | اور | بہت بڑی ہے |

لوگوں میں بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے مگر آخرت درجات کے اعتبار سے ہی بڑھی ہے اور فضیلت

تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفْضِيْلًا | لَا | تَجْعَلْ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | فَتَقْعُدَ | مَذْمُوْمًا |
| فضل میں | اور نہ | بنا | ساتھ | اللہ کے | خدا | دوسرا | پھر بیٹھے گا تو | ملامت کیا ہوا |

میں بھی بڑھ کر ہے۔ اے مخاطب) اللہ کے ساتھ دوسرا خدا نہ بنا ورنہ تو بدنام و بے کس ہو کر

ع ۲/۱۴ مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ ع وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّخْذُوْلًا | وَ | قَضٰى | رَبُّكَ | اَلَّا | تَعْبُدُوْٓا | اِلَّآ | اِيَّاهُ | وَبِالْوَالِدَيْنِ |
| بے کس | اور | حکم دیا | آپ کے رب نے | نہ | پوجو | مگر | اسی کو | اور ماں باپ کے ساتھ |

بیٹھ جائے گا۔ اور آپ ﷺ کے رب نے حکم فرمایا کہ (اے لوگو!) اس (اللہ) کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

إِحْسَانًا ۭ إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَآ أَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِحْسَانًا | إِمَّا | يَبْلُغَنَّ | عِنْدَكَ | الْكِبَرَ | أَحَدُهُمَآ | أَوْ | كِلٰهُمَا | فَلَا | تَقُلْ |
| اچھا سلوک کرو | اگر | پہنچ جائیں | تیرے پاس | بڑھاپے کو | ایک ان سے | یا | دونوں | تو نہ | کہنا |

اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر تمہارے سامنے ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں

لَّهُمَآ أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّهُمَآ | أُفٍّ | وَّ | لَا تَنْهَرْهُمَا | وَ | قُلْ | لَّهُمَا | قَوْلًا | كَرِيمًا | وَ | اخْفِضْ | لَهُمَا |
| ان کو | اُف بھی | اور | اور مت جھڑکی دینا انکو | اور | کہنا | ان کو | بات | تعظیم کی | اور | بچھا | ان کیلئے |

تو (اے سننے والے!) انہیں اُف تک نہ کہنا اور انہیں نہ جھڑکنا اور ان کے ساتھ ادب سے بات کرنا۔ اور نرم دلی کے ساتھ ان

جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَاحَ | الذُّلِّ | مِنَ الرَّحْمَةِ | وَ | قُلْ | رَّبِّ | ارْحَمْهُمَا | كَمَا | رَبَّيٰنِيْ |
| بازو | نرمی کا | رحمت سے | اور | عرض کر | اے میرے رب | رحم کر ان دونوں پر | جیسے | پرورش کیا انہوں نے مجھے |

کیلئے عاجزی سے جھکے رہنا اور کہنا کہ اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسا کہ ان دونوں نے بچپن میں

صَغِيرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوسِكُمْ ۭ إِنْ تَكُونُوا صٰلِحِينَ فَإِنَّهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَغِيرًا | رَبُّكُمْ | أَعْلَمُ | بِمَا | فِيْ نُفُوسِكُمْ | إِنْ | تَكُونُوا | صٰلِحِينَ | فَإِنَّهُ |
| بچپن میں | تمہارا رب | خوب جانتا ہے | جو کچھ | تمہارے دلوں میں ہے | اگر | ہو گے تم | نیک | تو وہ |

مجھے پالا تھا۔ تمہارا رب خوب جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے اگر تم لائق ہوتے تو بے شک وہ

كَانَ لِلْأَوَّابِينَ غَفُورًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | لِلْأَوَّابِينَ | غَفُورًا | وَاٰتِ | ذَا الْقُرْبٰى | حَقَّهُ | وَ | الْمِسْكِينَ | وَ |
| ہے | توبہ کرنے والوں کو | بخشنے والا | اور دے | رشتہ داروں کو | ان کا حق | اور | مسکین | اور |

توبہ کرنے والوں کو بخشنے والا ہے۔ اور رشتہ داروں کو ان کا حق دو اور مسکین اور

ابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ

| ابْنَ السَّبِيْلِ | وَ | لَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا | اِنَّ | الْمُبَذِّرِيْنَ | كَانُوْٓا اِخْوَانَ |
|---|---|---|---|---|---|
| مسافر کو | اور | فضول نہ اڑا | بیشک | فضول خرچ کرنے والے | بھائی ہیں |

مسافر کو اور فضول خرچی نہ کرو۔ بیشک فضول خرچی کرنے والے شیطانوں

الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ

| الشَّيٰطِيْنِ | وَ | كَانَ | الشَّيْطٰنُ | لِرَبِّهٖ | كَفُوْرًا | وَ | اِمَّا | تُعْرِضَنَّ | عَنْهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطانوں کے | اور | ہے | شیطان | اپنے رب کا | ناشکرا | اور | اگر | منہ پھیرے تو | ان سے |

کے بھائی ہوتے ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ لیکن اگر اپنے رب کی رحمت کی تلاش میں

ابْتِغَاۗءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾

| ابْتِغَاۗءَ | رَحْمَةٍ | مِّنْ رَّبِّكَ | تَرْجُوْهَا | فَقُلْ | لَّهُمْ | قَوْلًا | مَّيْسُوْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتا ہوا | رحمت | اپنے رب کی | جو امید ہے تجھے | تو کہہ | ان سے | بات | آسان |

جس کی تو اُمید کرتا ہو تجھے ان سے کنارا کرنا ہی پڑے تو بھی ان سے نرم بات کرو۔

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ

| وَ | لَا | تَجْعَلْ | يَدَكَ | مَغْلُوْلَةً | اِلٰى | عُنُقِكَ | وَ | لَا | تَبْسُطْهَا | كُلَّ | الْبَسْطِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | کر | اپنا ہاتھ | بند کیا ہوا | طرف | اپنی گردن کے | اور | نہ | پھیلائے تو ان کو | پورا | پھیلانا |

اور نہ بنالو اپنا ہاتھ اپنی گردن سے بندھا ہوا اور نہ ہی اس کو پوری طرح کھول لو ورنہ بیٹھے رہوگے

فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ

| فَتَقْعُدَ | مَلُوْمًا | مَّحْسُوْرًا | اِنَّ | رَبَّكَ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَّشَاۗءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بیٹھے گا تو | ملامت کیا ہوا | تھکا ہوا | بیشک | آپ کا رب | کشادہ کرتا ہے | رزق | جس کیلئے | چاہے |

ملامت زدہ ہوکر اور عاجز بن کر۔ (اے حبیب ﷺ!) بے شک آپ کا رب جس کیلئے چاہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور تنگ کر

وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿٣٠﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ ع ٤

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَقْدِرُ | اِنَّهٗ | كَانَ | بِعِبَادِهٖ | خَبِيْرًا | بَصِيْرًا | وَ | لَا | تَقْتُلُوْٓا | اَوْلَادَكُمْ |
| اور تنگ کرتا ہے | بیشک وہ | ہے | اپنے بندوں سے | خبردار | دیکھنے والا | اور | نہ | قتل کرو | اپنی اولاد کو |

دیتا ہے (جس کیلئے چاہے) یقیناً وہ اپنے بندوں سے اچھی طرح خبردار ہے (سب کو) خوب دیکھتا ہے۔ اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرو

خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ | نَحْنُ | نَرْزُقُهُمْ | وَاِيَّاكُمْ | اِنَّ | قَتْلَهُمْ | كَانَ خِطْاً |
| مفلسی کے ڈر سے | ہم | ان کو رزق دیتے ہیں | اور تمہیں بھی | بیشک | ان کا قتل | گناہ ہے |

مفلسی کے ڈر سے ہم انہیں بھی روزی دیں گے اور تمہیں بھی بے شک ان کا قتل

كَبِيْرًا ﴿٣١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ﴿٣٢﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَبِيْرًا | وَ | لَا | تَقْرَبُوا | الزِّنٰٓى | اِنَّهٗ | كَانَ فَاحِشَةً | وَ | سَاۗءَ | سَبِيْلًا |
| بڑا | اور | نہ | نزدیک جاؤ | زنا کے | بیشک وہ | بے حیائی ہے | اور | برا | رستہ |

بڑی خطا ہے۔ اور بدکاری کے پاس نہ جاؤ بے شک وہ بے حیائی ہے اور بہت ہی برا راستہ ہے۔

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَقْتُلُوا | النَّفْسَ | الَّتِيْ | حَرَّمَ | اللّٰهُ | اِلَّا | بِالْحَقِّ | وَ | مَنْ | قُتِلَ | مَظْلُوْمًا |
| اور | نہ | قتل کرو | جان | ایسی کو جسکو | حرام کیا | اللہ نے | مگر | ساتھ حق کے | اور | جو | قتل کیا گیا | ظلم سے |

اور اس جان کو جسے اللہ نے محترم قرار دیا ہے قتل نہ کرو مگر حق کی بنا پر اور جو ظلم سے قتل کر دیا گیا ہو

فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ | جَعَلْنَا | لِوَلِيِّهٖ | سُلْطٰنًا | فَلَا | يُسْرِفْ | فِّي الْقَتْلِ | اِنَّهٗ | كَانَ |
| تو بیشک | بنایا ہم نے | اس کے وارث کو | مختار | تو نہ | زیادتی کرے | قتل میں | بیشک | ہے |

تو اس کے وارث کو ہم نے اختیار دیا ہے مگر وہ قتل میں حد سے نہ نکلے

مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْصُوْرًا | وَ | لَا | تَقْرَبُوْا | مَالَ | الْيَتِيْمِ | اِلَّا | بِالَّتِيْ | هِيَ | اَحْسَنُ | حَتّٰى |
| مدد دیا گیا | اور | نہ | قریب جاؤ | مال | یتیم کے | مگر | اس طرح | کہ وہ | اچھی ہو | یہاں تک کہ |

اس کی مدد کی جائے گی۔ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر اس طریقے پر جو بہت ہی عمدہ ہو یہاں تک کہ

يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۴﴾ وَاَوْفُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَبْلُغَ | اَشُدَّهٗ | وَاَوْفُوْا | بِالْعَهْدِ | اِنَّ | الْعَهْدَ | كَانَ مَسْـُٔوْلًا | وَ | اَوْفُوا |
| پہنچے | اپنی جوانی کو | اور پورا کرو | عہد | بیشک | عہد سے | سوال ہونا ہے | اور | پورا کرو |

وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو بے شک عہد کی پوچھ ہو گی۔ اور جب تم

الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكَيْلَ | اِذَا | كِلْتُمْ | وَزِنُوْا | بِالْقِسْطَاسِ | الْمُسْتَقِيْمِ | ذٰلِكَ | خَيْرٌ |
| ماپ | جب | ماپو تم | اور تولو | ساتھ ترازو | سیدھی کے | یہ | بہتر ہے |

ناپنے لگو تو پورا ناپو اور صحیح ترازو سے تولو یہ بہتر ہے اور اس کا

وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاَحْسَنُ | تَاْوِيْلًا | وَ | لَا | تَقْفُ | مَا | لَيْسَ | لَكَ | بِهٖ | عِلْمٌ | اِنَّ | السَّمْعَ |
| اور اچھا ہے | انجام میں | اور | نہ | پیچھے لگ | اس چیز کے جو | نہیں ہے | تجھ کو | اس کا | کوئی علم | بیشک | کان |

انجام بہت اچھا ہے۔ اور (اے سننے والے) اس بات کے پیچھے نہ پڑ جس کا تمہیں علم نہیں بے شک کان

وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبَصَرَ | وَ | الْفُؤَادَ | كُلُّ | اُولٰٓئِكَ | كَانَ | عَنْهُ | مَسْـُٔوْلًا | وَ | لَا | تَمْشِ | فِي الْاَرْضِ |
| اور | آنکھ | اور | دل | ہر ایک | ان میں سے | ہے | اس سے | سوال ہونا ہے | اور | نہ | چل | زمین میں |

اور آنکھ اور دل (قیامت کے دن) ان سب سے پوچھا جائے گا۔ اور زمین میں اکڑ کر نہ چلو

مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرَحًا | اِنَّكَ | لَنْ | تَخْرِقَ | الْاَرْضَ | وَ | لَنْ | تَبْلُغَ | الْجِبَالَ |
| اتراتا | بیشک تو | ہرگز نہ | چیر ڈالے گا | زمین کو | اور | ہرگز نہ | پہنچے گا | پہاڑوں کو |

بے شک تو ہرگز زمین کو چیر نہ ڈالے گا اور ہرگز بلندی میں پہاڑوں کو

طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طُوْلًا | كُلُّ | ذٰلِكَ | كَانَ | سَيِّئُهٗ | عِنْدَ | رَبِّكَ | مَكْرُوْهًا | ذٰلِكَ | مِمَّآ |
| بلندی میں | ہر ایک | اس سے | ہے | اس کی برائی | نزدیک | آپ کے رب کے | ناپسندیدہ | یہ | اس سے جو |

نہ پہنچے گا۔ یہ سب جو بیان ہوئیں بری خصلتیں ہیں اور آپ کے رب کو بہت ناپسند ہیں۔ یہ دانائی کی وہ باتیں ہیں

اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْحٰى | اِلَيْكَ | رَبُّكَ | مِنَ الْحِكْمَةِ | وَ | لَا | تَجْعَلْ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ |
| وحی کی | آپ کی طرف | تمہارے رب نے | حکمت سے | اور | نہ | بنا | ساتھ | اللہ کے | خدا | دوسرا |

جو آپ کے رب نے تمہاری طرف وحی کی ہیں اور (اے سننے والے) اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا خدا نہ بناؤ

فَتُلْقٰى فِىْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتُلْقٰى | فِىْ جَهَنَّمَ | مَلُوْمًا | مَّدْحُوْرًا | اَفَاَصْفٰىكُمْ | رَبُّكُمْ | بِالْبَنِيْنَ |
| کہ تو ڈالا جائے گا | جہنم میں | طعنہ پاتا | دھکے کھاتا | کیا چن کر دیے تمہیں | تمہارے رب نے | بیٹے |

ورنہ تم کو الزام دے کر اور دھتکار کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ ہاں کیا تمہارے لئے تمہارے رب نے بیٹوں کو چنا ہے

وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ ع ۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّخَذَ | مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ | اِنَاثًا | اِنَّكُمْ | لَتَقُوْلُوْنَ | قَوْلًا | عَظِيْمًا | وَ | لَقَدْ |
| اور | پکڑا | فرشتوں کو | بیٹیاں | بیشک تم | کہتے ہو | بات | بڑی | اور | بیشک |

اور خود فرشتوں میں سے اپنی لڑکیاں بنالی ہیں بے شک تم بہت بڑی بات کہتے ہو۔ اور بے شک

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ط وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ

| صَرَّفْنَا | فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ | لِيَذَّكَّرُوْا | وَمَا | يَزِيْدُهُمْ | اِلَّا | نُفُوْرًا | قُلْ | لَّوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرح طرح سے بیان کیا ہم نے | اس قرآن میں | تاکہ نصیحت پکڑیں | اور نہیں | زیادہ ہوتی ان کو | مگر | نفرت | فرماؤ | اگر |

ہم نے اس قرآن میں کئی طرح سے بیان فرمایا تاکہ وہ نصیحت قبول کریں اور اس سے ان کی نفرت ہی بڑھتی ہے۔ فرمادیجئے

كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

| كَانَ | مَعَهٗ | اٰلِهَةٌ | كَمَا | يَقُوْلُوْنَ | اِذًا | لَّابْتَغَوْا | اِلٰى | ذِي الْعَرْشِ | سَبِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوتے | ساتھ اسکے | خدا | جیسے | وہ کہتے ہیں | تو اس وقت | ڈھونڈتے | طرف | عرش والے کی | راہ |

اگر اس کے ساتھ اور معبود ہوتے جیسا یہ کہتے ہیں پھر تو وہ (معبود) عرش والے کی طرف ضرور کوئی راہ تلاش کر لیتے۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

| سُبْحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يَقُوْلُوْنَ | عُلُوًّا كَبِيْرًا | تُسَبِّحُ | لَهٗ | السَّمٰوٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاک ہے وہ | اور | بلند ہے | اس سے جو | کہتے ہیں | بہت ہی بلند | تسبیح بیان کرتے ہیں | اسکی | آسمان |

وہ اللہ پاک ہے اور ان لوگوں کے خرافات سے بہت بلند اور برتر ہے۔ اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں ساتوں

السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ط وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ

| السَّبْعُ | وَ | الْاَرْضُ | وَ | مَنْ | فِيْهِنَّ | وَ | اِنْ | مِّنْ | شَيْءٍ | اِلَّا | يُسَبِّحُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سات | اور | زمین | اور | جو | ان میں ہے | اور | نہیں | کوئی | چیز | مگر | تسبیح کرتی ہے |

آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہیں اور کوئی چیز نہیں جو اس کی حمد کے تسبیح نہ بولے اسے سراہتی ہوئی

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ط اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾

| بِحَمْدِهٖ | وَلٰكِنْ | لَّا تَفْقَهُوْنَ | تَسْبِيْحَهُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ | حَلِيْمًا | غَفُوْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکی حمد کے ساتھ | لیکن | تم نہیں سمجھ سکتے | ان کی تسبیح کو | بیشک وہ | ہے | حلم والا | بخشنے والا |

اس کی پاکی نہ بولے ہاں تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے بے شک وہ حلم والا بخشنے والا ہے۔

وَ اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

| وَ | اِذَا | قَرَاْتَ | الْقُرْاٰنَ | جَعَلْنَا | بَيْنَكَ | وَ | بَيْنَ | الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | پڑھتے ہو تم | قرآن | تو بناتے ہیں | ہم تمہارے درمیان | اور | درمیان | ان کے | جو نہیں ایمان لاتے | آخرت پر |

اور جب تم قرآن پڑھتے ہو تو ہم تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان جو آخرت کو نہیں مانتے

حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّ جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ

| حِجَابًا | مَّسْتُوْرًا | وَّ | جَعَلْنَا | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | اَكِنَّةً | اَنْ | يَّفْقَهُوْهُ | وَ | فِيْٓ اٰذَانِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پردہ | پوشیدہ | اور | بنائے ہم نے | اوپر | انکے دلوں کے | غلاف | یہ کہ | سمجھیں اس کو | اور | ان کے کانوں میں |

چھپا ہوا پردہ ڈال دیتے ہیں۔ اور ہم ان کے دلوں پر پردے اور ان کے کانوں میں بوجھ رکھ دیتے ہیں

وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ

| وَقْرًا | وَ اِذَا | ذَكَرْتَ | رَبَّكَ | فِي الْقُرْاٰنِ | وَحْدَهٗ | وَلَّوْا | عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بوجھ | اور جب | یاد کرتے ہو تم | اپنے رب کی | قرآن میں | اکیلے کی | تو پھر جاتے ہیں | اپنی پیٹھوں پر |

کہ اسے سمجھنے نہ پائیں اور (اے رسول ﷺ!) جب آپ قرآن میں اپنے ایک معبود کا ذکر کرتے ہو تو وہ نفرت سے اپنے پیچھے کی

نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ

| نُفُوْرًا | نَحْنُ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَسْتَمِعُوْنَ | بِهٖٓ | اِذْ | يَسْتَمِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نفرت کرتے | ہم | خوب جانتے ہیں | جو کچھ | سنتے ہیں | اس کو | جب | وہ سنتے ہیں |

طرف لوٹ جاتے ہیں۔ ہم خوب جانتے ہیں جس مقصد کیلئے یہ لوگ قرآن سنتے ہیں جس وقت آپ کی طرف کان لگاتے ہیں

اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا

| اِلَيْكَ | وَ | اِذْ هُمْ | نَجْوٰٓى | اِذْ | يَقُوْلُ | الظّٰلِمُوْنَ | اِنْ | تَتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | رَجُلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہاری طرف | اور | وہ | مشورہ کرتے ہیں | جب | کہتے ہیں | ظالم | نہیں | پیروی کرتے تم | مگر | آدمی |

اور جب وہ آپس میں سرگوشی کرتے ہیں جب کہ یہ ظالم کہتے ہیں کہ تم پیروی نہیں کرتے

مَّسْحُوْرًا ﴿٤٧﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا

| مَّسْحُوْرًا | اُنْظُرْ | كَيْفَ | ضَرَبُوْا | لَكَ الْاَمْثَالَ | فَضَلُّوْا | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جادو کیے ہوئے | دیکھو | کیسی کیسی | بیان کیں | آپ کیلئے تشبیہیں | تو گمراہ ہوئے | پھر نہیں |

مگر ایک جادو کئے ہوئے مرد کی۔ دیکھئے انہوں نے آپ کیلئے کیسی مثالیں بیان کیں تو وہ (ایسے) گمراہ ہوئے کہ

يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿٤٨﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا

| يَسْتَطِيْعُوْنَ | سَبِيْلًا | وَ | قَالُوْٓا | ءَاِذَا | كُنَّا | عِظَامًا | وَّ | رُفَاتًا | ءَاِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طاقت رکھتے | راہ کی | اور | کہتے ہیں | کیا جب | ہوجائینگے ہم | ہڈیاں | اور | ریزہ ریزہ | کیا ہم |

اب راستہ پر نہیں آ سکتے۔ اور بولے کیا جب ہم پرانی ہڈیاں ہوکر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے

لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٤٩﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿٥٠﴾ لا اَوْ

| لَمَبْعُوْثُوْنَ | خَلْقًا | جَدِيْدًا | قُلْ | كُوْنُوْا | حِجَارَةً | اَوْ | حَدِيْدًا | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھائے جائینگے | پیدائش | نئی میں | فرماؤ | ہوجاؤ | پتھر | یا | لوہا | یا |

تو کیا نئی پیدائش پر اٹھائے جائیں۔ فرما دیجئے کہ چاہو پتھر یا لوہا ہی ہو جاؤ۔ یا

خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ج فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ط قُلِ الَّذِيْ

| خَلْقًا | مِّمَّا | يَكْبُرُ | فِيْ صُدُوْرِكُمْ | فَسَيَقُوْلُوْنَ | مَنْ | يُّعِيْدُنَا | قُلِ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی مخلوق | جو | بڑی ہو | تمہارے دلوں میں | تو جلدی کہیں گے | کون | لوٹائے گا ہمیں | فرما دیجئے | وہ جس نے |

کوئی مخلوق جو تمہارے خیالوں میں اور بڑی ہو، تب وہ کہیں گے کون ہمیں دوبارہ لائے گا؟

فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ج فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ

| فَطَرَكُمْ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | فَسَيُنْغِضُوْنَ | اِلَيْكَ | رُءُوْسَهُمْ | وَ | يَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا تمہیں | پہلی | مرتبہ | تو جلدی حرکت دیں گے | آپ کی طرف | اپنے سروں کو | اور | کہیں گے وہ |

فرما دیجئے وہی جس نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا پھر وہ تمہارے سامنے سر ہلا ہلا کر کہیں گے

مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿٥١﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ

| مَتٰى | هُوَ | قُلْ | عَسٰٓى | اَنْ | يَّكُوْنَ | قَرِيْبًا | يَوْمَ | يَدْعُوْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کب ہے | وہ | فرمادیجئے | شاید | یہ کہ | ہو وہ | قریب ہی | جس دن | بلائیگا تمہیں |

یہ کب ہو گا؟ فرما دیجئے ممکن ہے کہ وہ (وقت) قریب ہی ہو۔ جس دن وہ تمہیں بلائے گا

فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٥٢﴾ ع وَقُلْ

| فَتَسْتَجِيْبُوْنَ | بِحَمْدِهٖ | وَ | تَظُنُّوْنَ | اِنْ | لَّبِثْتُمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | وَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو جواب دو گے تم | اسکی حمد کے ساتھ | اور | خیال کروگے | نہیں | ٹھہرے تم | مگر | تھوڑا | اور | فرماؤ |

تو تم اس کی تعریف کے ساتھ تعمیل کرو گے اور خیال کرو گے کہ تم بہت ہی کم ٹھہرے تھے۔ اور آپ

لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ

| لِّعِبَادِيْ | يَقُوْلُوا | الَّتِيْ | هِيَ | اَحْسَنُ | اِنَّ | الشَّيْطٰنَ | يَنْزَغُ | بَيْنَهُمْ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے بندوں کو | کہ کہیں | وہ بات | کہ وہ | اچھی ہو | بیشک | شیطان | فساد ڈالتا ہے | انکے درمیان | بیشک |

میرے بندوں سے فرما دیں کہ وہی بات کہا کریں جو سب سے اچھی ہو بیشک شیطان ان کے درمیان فساد

الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿٥٣﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ۭ اِنْ يَّشَاْ

| الشَّيْطٰنَ | كَانَ | لِلْاِنْسَانِ | عَدُوًّا | مُّبِيْنًا | رَبُّكُمْ | اَعْلَمُ | بِكُمْ | اِنْ | يَّشَاْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان | ہے | انسان کا | دشمن | کھلا ہوا | تمہارا رب | خوب جانتا ہے | تم کو | اگر | چاہے تو |

پیدا کرتا ہے یقیناً شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔ تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے اگر چاہے

يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿٥٤﴾

| يَرْحَمْكُمْ | اَوْ | اِنْ | يَّشَاْ | يُعَذِّبْكُمْ | وَ | مَآ اَرْسَلْنٰكَ | عَلَيْهِمْ | وَكِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحم کرے تم پر | یا | اگر | چاہے تو | سزادے تم کو | اور | اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو | ان پر | کارساز |

تم پر رحم فرمائے یا اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے اور ہم نے آپ کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا۔

وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَبُّكَ | اَعْلَمُ | بِمَنْ | فِي السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | لَقَدْ | فَضَّلْنَا | بَعْضَ |
| اور | آپ کا رب | خوب جانتا ہے | ان کو جو | آسمانوں میں ہے | اور زمین میں | اور | بیشک | بڑائی دی ہم نے | بعض |

اور آپ کا رب خوب جانتا ہے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہیں اور بے شک ہم نے

النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّبِيّٖنَ | عَلٰي | بَعْضٍ | وَّ | اٰتَيْنَا | دَاوٗدَ | زَبُوْرًا | قُلِ | ادْعُوا | الَّذِيْنَ | زَعَمْتُمْ |
| نبیوں کو | اوپر | بعض کے | اور | عطا فرمائی ہم نے | داؤد کو | زبور | فرما دو | پکارو | جن کو | گمان کرتے ہو تم |

نبیوں میں ایک کو ایک پر فضیلت عطا کی اور داؤد علیہ السلام کو زبور عطا فرمائی۔ فرما دیجئے پکارو! انہیں جن کو

مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ دُوْنِهٖ | فَلَا | يَمْلِكُوْنَ | كَشْفَ | الضُّرِّ | عَنْكُمْ | وَ | لَا | تَحْوِيْلًا | اُولٰٓئِكَ |
| اس کے سوا | پھر نہیں | اختیار رکھتے | دور کرنے | تکلیف کے | تم سے | اور | نہ | پھیرنے کا | یہ لوگ |

اللہ کے سوا گمان کرتے ہو تو وہ اختیار نہیں رکھتے تم سے تکلیف دور کرنے کی اور نہ تکلیف بدلنے کی۔ جنہیں وہ

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يَدْعُوْنَ | يَبْتَغُوْنَ | اِلٰى | رَبِّهِمُ | الْوَسِيْلَةَ | اَيُّهُمْ | اَقْرَبُ |
| وہ ہیں | وہ ہیں جو پکارتے ہیں | ڈھونڈتے ہیں | طرف | اپنے رب کی | وسیلہ | کہ کون ان میں سے | زیادہ قریب ہے |

پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب تک (پہنچنے کا) وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں کون زیادہ قریب ہو جائے

وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ۭ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَرْجُوْنَ | رَحْمَتَهٗ | وَيَخَافُوْنَ | عَذَابَهٗ | اِنَّ | عَذَابَ | رَبِّكَ | كَانَ |
| اور | امید رکھتے ہیں | اس کی رحمت کی | اور ڈرتے ہیں | اس کے عذاب سے | بیشک | عذاب | آپ کے رب کا | ہے |

اور اس کی رحمت کی اُمید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک آپ کے رب کا عذاب

مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَحْذُوْرًا | وَ | اِنْ | مِّنْ | قَرْيَةٍ | اِلَّا | نَحْنُ | مُهْلِكُوْهَا | قَبْلَ | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | اَوْ |
| ڈرنے کی چیز | اور | نہیں | کوئی | بستی | مگر | ہم | ہلاک کرنیوالے ہیں اسکو | پہلے | دن | قیامت کے | یا |

بچنے کی چیز ہے۔ اور کافروں کی کوئی بستی ایسی نہیں جسے ہم روزِ قیامت سے پہلے ہلاک نہ کر دیں یا

مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُعَذِّبُوْهَا | عَذَابًا | شَدِيْدًا | كَانَ | ذٰلِكَ | فِي الْكِتٰبِ | مَسْطُوْرًا | وَمَا |
| سزا دینے والے ہیں اسکو | سزا | سخت | ہے | یہ | کتاب میں | لکھا ہوا | اور نہ |

اسے سخت عذاب نہ دیں یہ بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔ اور ہم

مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ۭ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنَعَنَآ | اَنْ | نُّرْسِلَ | بِالْاٰيٰتِ | اِلَّآ | اَنْ | كَذَّبَ | بِهَا | الْاَوَّلُوْنَ | وَ | اٰتَيْنَا | ثَمُوْدَ |
| روکا ہمیں | یہ کہ | بھیجیں ہم | نشانیاں | مگر | یہ کہ | جھٹلایا | ان کو | اگلوں نے | اور | دی ہم نے | ثمود کو |

نشانیاں بھیجتے ہیں اس لئے رک کہ انہیں پہلے لوگوں نے جھٹلایا (اور وہ اسی وقت ہلاک ہوئے) اور ہم نے قوم

النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ۭ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾ وَاِذْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاقَةَ | مُبْصِرَةً | فَظَلَمُوْا | بِهَا | وَ | مَا | نُرْسِلُ | بِالْاٰيٰتِ | اِلَّا | تَخْوِيْفًا | وَ | اِذْ |
| ناقہ | آنکھیں کھولنے کو | تو ظلم کیا انہوں نے | اس پر | اور | نہیں | بھیجتے ہم | نشانیاں | مگر | ڈرانے کو | اور | جب |

ثمود کو اونٹنی دی واضح نشانی تو انہوں نے اس پر ظلم کیا اور ہم (ایسی) نشانیاں خوف دلانے کے لیے ہی بھیجتے ہیں۔ اور جب

قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ۭ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْنَا | لَكَ | اِنَّ | رَبَّكَ | اَحَاطَ | بِالنَّاسِ | وَ | مَاجَعَلْنَا | الرُّءْيَا الَّتِيْٓ |
| فرمایا ہمنے | تم کو | بیشک | آپ کے رب نے | گھیر لیا ہے | لوگوں کو | اور | نہیں کیا ہمنے | وہ دکھاوا جو |

ہم نے آپ سے فرمایا کہ بے شک آپ کے رب نے سب لوگوں کو گھیرا ہوا ہے اور ہم نے وہ جلوہ جو آپ

أَرَيْنٰكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ط

| أَرَيْنٰكَ | إِلَّا | فِتْنَةً | لِّلنَّاسِ | وَالشَّجَرَةَ | الْمَلْعُوْنَةَ | فِي الْقُرْاٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے آپ کو دکھایا تھا | مگر | آزمائش | لوگوں کے لیے | اور درخت | جس پر لعنت ہو | قرآن میں |

کو (شبِ معراج) دکھایا تھا مگر آزمائش لوگوں کیلئے اور (اسی طرح) وہ درخت (بھی) جس پر قرآن میں

وَنُخَوِّفُهُمْ لا فَمَا يَزِيْدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾ ع وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ ع ۶

| وَ | نُخَوِّفُهُمْ | فَمَا | يَزِيْدُهُمْ | إِلَّا | طُغْيَانًا | كَبِيْرًا | وَ | إِذْ | قُلْنَا | لِلْمَلٰٓئِكَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہم ڈراتے ہیں ان کو | تو نہیں | بڑھتی ان کی | مگر | سرکشی | بڑی | اور | جب | حکم دیا ہم نے | فرشتوں کو کہ |

لعنت کی گئی اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو ان کیلئے نہیں بڑھتی مگر بڑی سرکشی۔ اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا إِلَّآ إِبْلِيْسَ ط قَالَ ءَأَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ

| اسْجُدُوْا | لِاٰدَمَ | فَسَجَدُوْٓا | إِلَّآ | إِبْلِيْسَ | قَالَ | ءَأَسْجُدُ | لِمَنْ | خَلَقْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سجدہ کرو | آدم کو | تو سجدہ کیا انہوں نے | مگر | ابلیس نے | بولا | کیا سجدہ کروں میں | اس کو جسے | پیدا کیا تو نے |

کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو ان سب نے سجدہ کیا سوا ابلیس کے بولا کیا میں اسے سجدہ کروں جسے تو نے

طِيْنًا ﴿٦١﴾ ج قَالَ أَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ز لَئِنْ أَخَّرْتَنِ

| طِيْنًا | قَالَ | أَرَءَيْتَكَ | هٰذَا | الَّذِيْ | كَرَّمْتَ | عَلَيَّ | لَئِنْ | أَخَّرْتَنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٹی سے | بولا | کیا دیکھا تو نے | اس | شخص کو جو | بزرگی دی تو نے اسکو | مجھ پر | اگر | مہلت دی تو نے مجھے |

مٹی سے بنایا۔ بولا جو یہ تو نے مجھ سے اسے معزز رکھا ہے اگر تو نے مجھے قیامت تک مہلت دی

إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَأَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ إِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ

| إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ | لَأَحْتَنِكَنَّ | ذُرِّيَّتَهٗٓ | إِلَّا | قَلِيْلًا | قَالَ | اذْهَبْ | فَمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے دن تک | تو میں ضرور پیس ڈالوں گا | اسکی اولاد کو | مگر | تھوڑے لوگوں کو | فرمایا | دور ہو جا | پھر جو |

تو ضرور میں اس کی اولاد کو پیس ڈالوں گا مگر تھوڑا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دور ہو جا۔ پھر ان میں سے

تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَبِعَكَ | مِنْهُمْ | فَاِنَّ | جَهَنَّمَ | جَزَآؤُكُمْ | جَزَآءً | مَّوْفُوْرًا | وَ | اسْتَفْزِزْ |
| پیچھے لگا تیرے | ان میں سے | تو بیشک | دوزخ | بدلہ ہے تمہارا | سزا | بھرپور | اور | پھسلا |

جو بھی تیری پیروی کرے گا تو یقیناً تم سب کا بھرپور بدلہ جہنم ہے۔ اور ان میں سے جن پر تمہارا

مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنِ | اسْتَطَعْتَ | مِنْهُمْ | بِصَوْتِكَ | وَ | اَجْلِبْ | عَلَيْهِمْ | بِخَيْلِكَ | وَ | رَجِلِكَ |
| جسے | تو طاقت رکھتا ہے | ان میں سے | اپنی آواز سے | اور | کھینچ لا | ان پر | اپنے سوار | اور | اپنے پیادے |

بس چلے تو اپنی پکار سے ان کے قدم اُکھاڑ دو اور اُن پر چڑھا لاؤ اپنے سوار اور اپنے پیادے اور اُن کے مال

وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | شَارِكْهُمْ | فِي الْاَمْوَالِ | وَ | الْاَوْلَادِ | وَعِدْهُمْ | وَ | مَا | يَعِدُهُمُ | الشَّيْطٰنُ | اِلَّا |
| اور | شرکت کر ان کے | مالوں میں | اور | اولاد میں | اور وعدے دے ان کو | اور | نہیں | وعدہ دیتا ان کو | شیطان | مگر |

اور اُن کی اولاد میں ان کے ساتھ شریک ہو جاؤ اور اُن سے وعدے کرو۔ اور شیطان اُن کے ساتھ دھوکے کے

غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُرُوْرًا | اِنَّ | عِبَادِيْ | لَيْسَ | لَكَ | عَلَيْهِمْ | سُلْطٰنٌ | وَ | كَفٰى | بِرَبِّكَ |
| فریب کا | بیشک | میرے بندے | نہیں ہے | تیرا | ان پر | کوئی قابو | اور | کافی ہے | تیرا رب |

سوا کوئی وعدہ نہیں کرتا۔ بے شک جو میرے (خاص) بندے ہیں ان پر تجھے کچھ غلبہ نہیں اور آپ کا رب کافی ہے

وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكِيْلًا | رَبُّكُمُ | الَّذِيْ | يُزْجِيْ | لَكُمُ | الْفُلْكَ | فِي الْبَحْرِ | لِتَبْتَغُوْا | مِنْ فَضْلِهٖ |
| کارساز | تمہارا رب | وہ ہے | جو چلاتا ہے | تمہارے لیے | کشتیاں | دریا میں | تا کہ تلاش کرو | اس کا فضل |

کارساز۔ تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لئے دریا میں کشتی جاری کرتا ہے تا کہ تم اس کا کچھ فضل تلاش کرو

إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٦٦﴾ وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّهُ | كَانَ | بِكُمْ | رَحِيمًا | وَإِذَا | مَسَّكُمُ | الضُّرُّ | فِي الْبَحْرِ | ضَلَّ |
| بیشک وہ | ہے | تم پر | مہربان | اور جب | پہنچتی ہے تمہیں | کوئی مصیبت | دریا میں | گم ہو جاتے ہیں |

بے شک وہ تم پر بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ (اے مشرکو) اور جب دریا میں مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے سوا جنھیں

مَنْ تَدْعُوْنَ إِلَّآ إِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ إِلَى الْبَرِّ أَعْرَضْتُمْ ۗ وَكَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | تَدْعُوْنَ | إِلَّآ | إِيَّاهُ | فَلَمَّا | نَجّٰىكُمْ | إِلَى | الْبَرِّ | أَعْرَضْتُمْ | وَكَانَ |
| جسے | تم پوجتے ہو | مگر | خاص اس کو | پھر جب | نجات دیتا ہے تمہیں | طرف | خشکی کی | منہ پھیرتے ہو تم | اور ہے |

پوجتے ہیں سب گم ہو جاتے ہیں پھر جب وہ تمہیں خشکی کی طرف نجات دیتا ہے تو منہ پھیر لیتے ہو اور

الْإِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿٦٧﴾ أَفَأَمِنْتُمْ أَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْإِنْسَانُ | كَفُوْرًا | أَفَأَمِنْتُمْ | أَنْ | يَّخْسِفَ | بِكُمْ | جَانِبَ | الْبَرِّ | أَوْ | يُرْسِلَ |
| انسان | ناشکرا | کیا مطمئن ہو تم | یہ کہ | دھنسا دے | تمہیں | کنارے | خشکی میں | یا | بھیجے |

آدمی بڑا ناشکرا ہے۔ تو کیا تم اس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں خشکی کی جانب دھنسا دے یا تم پر پتھر

عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿٦٨﴾ أَمْ أَمِنْتُمْ أَنْ يُّعِيْدَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | حَاصِبًا | ثُمَّ | لَا | تَجِدُوْا | لَكُمْ | وَكِيْلًا | أَمْ | أَمِنْتُمْ | أَنْ | يُّعِيْدَكُمْ |
| تم پر | پتھروں کا مینہ | پھر | نہ | پاؤ گے تم | اپنے لیے | وہی حمایتی | کیا | تم نڈر ہوئے | یہ کہ | لوٹائے تمہیں |

برسانے والی آندھی بھیج دے؟ پھر تم اپنے لیے کوئی حامی نہ پاؤ گے؟ یا کیا تم اس بات سے نڈر ہو گئے ہو کہ

فِيْهِ تَارَةً أُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | تَارَةً | أُخْرٰى | فَيُرْسِلَ | عَلَيْكُمْ | قَاصِفًا | مِّنَ الرِّيْحِ | فَيُغْرِقَكُمْ | بِمَا |
| اس میں | ایک مرتبہ | اور | پھر بھیجے | تم پر | توڑنے والی | آندھی | تو غرق کر دے تمکو | بہ سبب |

وہ تمہیں دوسری بار پھر وہاں لے جائے اور تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے اور تمہیں تمہاری ناشکری

كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿۶۹﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرْتُمْ | ثُمَّ | لَا | تَجِدُوْا | لَكُمْ | عَلَيْنَا | بِهٖ | تَبِيْعًا | وَلَقَدْ | كَرَّمْنَا | بَنِيْٓ اٰدَمَ |
| تمہارے کفر کے | پھر | نہ | پاؤ گے تم | اپنے لیے | ہم پر | اس کا | پیچھا کرنے والا | اور بیشک | عزت دی ہم نے | آدم کی اولاد کو |

کے سبب ڈبو دے پھر تم ہمارے خلاف اپنا کوئی مدعی نہ پاؤ گے۔ اور ہم نے بنی آدم کو عزت دی ہے

وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | حَمَلْنٰهُمْ | فِي الْبَرِّ | وَ | الْبَحْرِ | وَرَزَقْنٰهُمْ | مِّنَ الطَّيِّبٰتِ | وَ | فَضَّلْنٰهُمْ | عَلٰى كَثِيْرٍ |
| اور | سوار کیا ہم نے انکو | خشکی میں | اور | دریا میں | اور ہم نے انکو روزی دی | ستھری چیزیں | اور | بزرگی دی ہم نے انکو | بہتوں پر |

اور انہیں خشکی اور سمندر میں سواری دی ہے اور انہیں پاکیزہ رزق دیا ہے اور انہیں اپنی مخلوق میں

مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿۷۰﴾ ع يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ج ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّمَّنْ | خَلَقْنَا | تَفْضِيْلًا | يَوْمَ | نَدْعُوْا | كُلَّ | اُنَاسٍۭ | بِاِمَامِهِمْ |
| ان سے جو | پیدا کیا ہم نے | بزرگی دینا | جس دن | بلائیں گے ہم | ہر | جان کو | ان کے امام کے ساتھ |

اکثر پر بڑی فضیلت دی ہے۔ جس دن ہم سب لوگوں کو ان کے پیشوا کے ساتھ بلائیں گے تو جن کے دائیں

فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | اُوْتِيَ | كِتٰبَهٗ | بِيَمِيْنِهٖ | فَاُولٰٓئِكَ | يَقْرَءُوْنَ | كِتٰبَهُمْ | وَلَا | يُظْلَمُوْنَ |
| پھر جو | دیا گیا | اپنا اعمال نامہ | اپنے دائیں ہاتھ میں | تو یہ لوگ | پڑھیں گے | اپنی کتاب | اور نہ | ظلم کیے جائینگے |

ہاتھ میں ان کا نامۂ اعمال دیا جائے گا وہ اپنے نامۂ اعمال کو پڑھیں گے اور ان پر ذرا بھی زیادتی

فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتِيْلًا | وَ | مَنْ | كَانَ | فِيْ هٰذِهٖ | اَعْمٰى | فَهُوَ | فِي الْاٰخِرَةِ | اَعْمٰى | وَ | اَضَلُّ |
| دھاگے برابر | اور | جو | ہے | اس دنیا میں | اندھا | تو وہ ہوگا | آخرت میں بھی | اندھا | اور | گمراہ تر |

نہ کی جائے گی۔ اور جو شخص اس دنیا میں اندھا رہے وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا اور اس سے بھی زیادہ

سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

| سَبِيْلًا | وَ | اِنْ | كَادُوْا | لَيَفْتِنُوْنَكَ | عَنِ الَّذِيْٓ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رستے میں | اور | بیشک | قریب تھے | کہ آپ کو کچھ لغزش دیتے | اس سے | جو وحی کی ہم نے | آپ کی طرف |

راہ راست سے بھٹکا ہوا۔ اور ہم نے آپ کی طرف جو وحی بھیجی ہے قریب تھا کہ یہ مشرک لوگ تمہیں اس سے ڈگمگا دیں

لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۴۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ

| لِتَفْتَرِيَ | عَلَيْنَا | غَيْرَهٗ | وَ | اِذًا | لَّاتَّخَذُوْكَ | خَلِيْلًا | وَلَوْلَآ | اَنْ | ثَبَّتْنٰكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تا کہ افتراء کرے تو | ہم پر | اسکے سوا | اور | اس وقت | بنالیں تجھے | دوست | اور اگر نہ ہوتا | یہ کہ | ثابت رکھتے ہم آپ کو |

تا کہ تم اس کے سوا اور باتیں ہماری نسبت بنالو تب وہ تم کو اس وقت اپنا دوست بنالیتے۔ اگر ہم تمہیں ثابت قدم

لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيْلًا ﴿۴۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ

| لَقَدْ | كِدْتَّ | تَرْكَنُ | اِلَيْهِمْ | شَيْئًا | قَلِيْلًا | اِذًا | لَّاَذَقْنٰكَ | ضِعْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو یقینا | قریب تھا کہ آپ | مائل ہو جاتے | ان کی طرف | کچھ | تھوڑا سا | تو اس وقت | ہم چکھاتے تم کو | دونی |

نہ رکھتے تو قریب تھا کہ تم ان کی طرف کچھ تھوڑا سا جھک جاتے۔ اور تب ہم ضرور تجھے زندگی میں دگنا

الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَاِنْ كَادُوْا

| الْحَيٰوةِ | وَ | ضِعْفَ | الْمَمَاتِ | ثُمَّ | لَا | تَجِدُ لَكَ | عَلَيْنَا | نَصِيْرًا | وَ | اِنْ | كَادُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمر | اور | دوچند | موت | پھر | نہ | پائے گا تو اپنے لیے | ہم پر | کوئی مددگار | اور | بیشک | قریب تھا کہ وہ |

اور مرنے پر بھی دگنا مزا چکھاتے اور پھر تو ہمارے مقابلے میں اپنے لئے کوئی مددگار نہ پاتے۔ اور قریب تھا

لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ

| لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ | مِنَ الْاَرْضِ | لِيُخْرِجُوْكَ | مِنْهَا | وَ | اِذًا | لَّا | يَلْبَثُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈگا دیں آپ کو | اس زمین سے | تا کہ آپ کو باہر کریں | اس سے | اور | اس وقت | نہ | ٹھہریں گے |

کہ وہ تمہیں اس سرزمین سے ہٹا کر جلاوطن کر دیں، مگر تب وہ بھی تمہارے بعد

خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا

| خِلٰفَكَ | اِلَّا | قَلِيْلًا | سُنَّةَ | مَنْ | قَدْ | اَرْسَلْنَا | قَبْلَكَ | مِنْ رُّسُلِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے پیچھے | مگر | تھوڑا | دستور ہے | ان کا جن کو | یقیناً | بھیجا ہم نے | تم سے پہلے | اپنے رسولوں سے |

تھوڑا ہی عرصہ ٹھہرتے۔ قانون ان کا جو آپ سے پہلے ہم نے اپنے رسول بھیجے اور آپ کا یہی ہے

وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿٧٧﴾ ع اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ ع

| وَ | لَا | تَجِدُ | لِسُنَّتِنَا | تَحْوِيْلًا | اَقِمِ | الصَّلٰوةَ | لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ | اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | پاؤ گے تم | ہمارے دستور میں | کوئی تبدیلی | قائم رکھو | نماز | سورج ڈھلنے سے | رات کے اندھیرے تک |

اور آپ ہمارے قانون میں تبدیلی نہیں پاؤ گے۔ آپ نماز قائم کریں سورج ڈھلنے کے وقت سے رات کی تاریکی

وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ

| وَ | قُرْاٰنَ | الْفَجْرِ | اِنَّ | قُرْاٰنَ | الْفَجْرِ | كَانَ | مَشْهُوْدًا | وَ | مِنَ الَّيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قرآن پڑھنا | فجر کا | بیشک | قرآن پڑھنا | فجر کا | ہے | حاضر کیا گیا | اور | رات کے کچھ حصہ میں |

تک اور فجر کی نماز بے شک فجر کی نماز میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ اور رات کے کچھ

فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا

| فَتَهَجَّدْ | بِهٖ | نَافِلَةً | لَّكَ | عَسٰۤى | اَنْ | يَّبْعَثَكَ | رَبُّكَ | مَقَامًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیدار ہو | قرآن کے ساتھ | یہ زیادہ ہے | تمہارے لیے | قریب ہے | یہ کہ | کھڑا کرے آپ کو | آپ کا رب | مقام |

حصہ میں تہجد پڑھو یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے قریب ہے کہ کہیں آپ کا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب

مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ

| مَّحْمُوْدًا | وَ | قُلْ | رَّبِّ | اَدْخِلْنِيْ | مُدْخَلَ | صِدْقٍ | وَّاَخْرِجْنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| محمود میں | اور | عرض کرو | اے میرے رب | داخل کر مجھے | داخل کرنا | سچائی کا | اور نکال مجھے |

تمہاری حمد کریں۔ اور یوں عرض کرو کہ اے میرے رب مجھے سچی طرح داخل کر

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُخْرَجَ | صِدْقٍ | وَّ | اجْعَلْ | لِّيْ | مِنْ لَّدُنْكَ | سُلْطٰنًا | نَّصِيْرًا | وَ | قُلْ |
| نکالنا | سچائی کا | اور | بنا | میرے لیے | اپنی طرف سے | غالب | مددگار | اور | فرماؤ |

اور سچی طرح باہر لے جا اور مجھے اپنی طرف سے مددگار غلبہ دے۔ اور فرما دو

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | الْحَقُّ | وَ | زَهَقَ | الْبَاطِلُ | اِنَّ | الْبَاطِلَ | كَانَ | زَهُوْقًا | وَ | نُنَزِّلُ | مِنَ الْقُرْاٰنِ |
| آیا | حق | اور | مٹ گیا | باطل | بیشک | باطل | ہے | مٹنے والا | اور | اتارتے ہیں ہم | قرآن سے |

حق آگیا اور باطل مٹ گیا بے شک باطل مٹنے والی شے ہے۔ اور ہم اس قرآن میں وہ

مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | هُوَ | شِفَآءٌ | وَّ | رَحْمَةٌ | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | لَا | يَزِيْدُ | الظّٰلِمِيْنَ |
| جو | وہ | شفاء | اور | رحمت ہے | مومنوں کے لیے | اور | نہیں | زیادہ ہوتا | ظالموں کا |

نازل کرتے ہیں جو مومنوں کیلئے شفا اور رحمت ہے مگر قرآن ظالموں کا صرف

اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | خَسَارًا | وَ | اِذَآ | اَنْعَمْنَا | عَلَى | الْاِنْسَانِ | اَعْرَضَ | وَ | نَاٰ | بِجَانِبِهٖ | وَ | اِذَا |
| مگر | نقصان | اور | جب | انعام کرتے ہیں ہم | اوپر | انسان کے | منہ پھیرتا ہے | اور | دور کرتا ہے | اپنی کروٹ | اور | جب |

نقصان ہی بڑھاتا ہے۔ اور انسان پر جب ہم کوئی انعام فرماتے ہیں تو (شکر کی بجائے) وہ ہم سے منہ پھیر لیتا اور پیٹھ موڑ

مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَسَّهُ | الشَّرُّ | كَانَ | يَـُٔوْسًا | قُلْ | كُلٌّ | يَّعْمَلُ | عَلٰى | شَاكِلَتِهٖ | فَرَبُّكُمْ |
| پہنچے اسے | برائی | تو ہوتا ہے | ناامید | فرماؤ | ہر ایک | عمل کرتا ہے | اوپر | اپنے انداز کے | تو رب تمہارا |

لیتا ہے اور جب اسے برائی پہنچے تو مایوس ہو جاتا ہے۔ فرمادیجئے ہر شخص اپنی طبیعت کے مطابق کام کرتا ہے تو (اے مسلمانو!)

ع اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْلَمُ | بِمَنْ | هُوَ | اَهْدٰى | سَبِيْلًا | وَيَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ الرُّوْحِ | قُلِ | الرُّوْحُ |
| خوب جانتا ہے | اس کو | جو وہ | زیادہ ہدایت والا ہے | راہ میں | اور آپ سے پوچھتے ہیں | روح کے متعلق | فرماؤ | روح |

تمہارا رب بہتر جانتا ہے کہ کون زیادہ سیدھے راستے پر ہے۔ اور آپ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں فرمادیجئے روح میرے

مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾ وَلَىِٕنْ شِئْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ اَمْرِ | رَبِّيْ | وَ | مَآ | اُوْتِيْتُمْ | مِّنَ الْعِلْمِ | اِلَّا | قَلِيْلًا | وَ | لَىِٕنْ | شِئْنَا |
| حکم ہے | میرے رب کا | اور | نہیں | دیے گئے تم | علم | مگر | تھوڑا | اور | اگر | چاہیں ہم |

رب کے حکم سے ایک چیز ہے اور اے سوال کرنیوالے اسکے بارے میں ہیں علم نہ ملا مگر تھوڑا۔ اور اگر ہم چاہتے

لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنَذْهَبَنَّ | بِالَّذِيْٓ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ | ثُمَّ | لَا | تَجِدُ لَكَ | بِهٖ | عَلَيْنَا | وَكِيْلًا | اِلَّا |
| تو لے جائیں | وہ جو | وحی کی ہم نے | آپ کی طرف | پھر | نہ | پائے تم اپنے لیے | اسکے متعلق | ہم پر | کوئی وکیل | مگر |

تو یہ وحی جو ہم نے آپ کی طرف کی اسے لے جاتے پھر تم کوئی نہ پاتے کہ آپ کے لئے ہمارے حضور اس پر وکالت کرتا۔ سوائے

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّىِٕنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحْمَةً | مِّنْ رَّبِّكَ | اِنَّ | فَضْلَهٗ | كَانَ | عَلَيْكَ | كَبِيْرًا | قُلْ | لَّىِٕنِ |
| رحمت | آپ کے رب کی | بیشک | اس کا فضل | ہے | تم پر | بڑا | فرماؤ | اگر |

اس کے کہ آپ کے رب کی رحمت ہو بے شک آپ پر اس کا فضل بہت بڑا ہے۔ فرما دیجئے اگر

اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓي اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجْتَمَعَتِ | الْاِنْسُ | وَ | الْجِنُّ | عَلٰٓي | اَنْ | يَّاْتُوْا | بِمِثْلِ | هٰذَا | الْقُرْاٰنِ | لَا | يَاْتُوْنَ |
| جمع ہوں | انسان | اور | جن | اوپر | اس بات کے | لائیں | مثل | اس | قرآن کی | تو نہ | لائیں |

انسان اور جن اس بات پر جمع ہو جائیں کہ اس قرآن جیسا لے آئیں تو وہ سب اس جیسا

بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿٨٨﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمِثْلِهٖ | وَلَوْ | كَانَ | بَعْضُهُمْ | لِبَعْضٍ | ظَهِيْرًا | وَلَقَدْ | صَرَّفْنَا | لِلنَّاسِ |
| اس کی مثل | اگرچہ | ہو | بعض ان کا | بعض کے لیے | مددگار | اور بیشک | طرح طرح سے بیان کیں ہم نے | لوگوں کے لیے |

نہ لاسکیں گے، اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہو جائیں۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کی ہدایت) کیلئے ہر

فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٨٩﴾ وَقَالُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ | مِنْ كُلِّ | مَثَلٍ | فَاَبٰٓى | اَكْثَرُ | النَّاسِ | اِلَّا | كُفُوْرًا | وَ | قَالُوْا |
| اس قرآن میں | ہر طرح کی | مثالیں | تو انکار کیا | اکثر | لوگوں نے | مگر | ناشکری کا | اور | بولے |

قسم کی مثالیں بار بار بیان فرمائیں تو اکثر لوگوں نے انکار کر دیا مگر یہ کہ وہ ناشکری ہی کریں۔ اور انہوں نے کہا

لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿٩٠﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنْ | نُّؤْمِنَ | لَكَ | حَتّٰى | تَفْجُرَ | لَنَا | مِنَ الْاَرْضِ | يَنْۢبُوْعًا | اَوْ | تَكُوْنَ | لَكَ |
| ہرگز نہیں | ایمان لائیں گے ہم | تم پر | یہاں تک کہ | پھاڑے تو | ہمارے لیے | زمین سے | چشمہ | یا | ہو | تیرے لیے |

کہ ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ آپ ہمارے لیے زمین سے کوئی چشمہ جاری نہ کر دیں۔ یا تمہارے پاس

جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿٩١﴾ اَوْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَّةٌ | مِّنْ نَّخِيْلٍ | وَّ | عِنَبٍ | فَتُفَجِّرَ | الْاَنْهٰرَ | خِلٰلَهَا | تَفْجِيْرًا | اَوْ |
| باغ | کھجور | اور | انگور کا | پھر جاری کرے تو | نہریں | اس میں | جاری کرنا | یا |

کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو پھر تم اس کے اندر بہتی نہریں رواں کرو۔ یا تم

تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُسْقِطَ | السَّمَآءَ | كَمَا | زَعَمْتَ | عَلَيْنَا | كِسَفًا | اَوْ | تَاْتِيَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْمَلٰٓئِكَةِ |
| گرادو تم | آسمان سے | جیسے | تم نے کہا | ہم پر | ٹکڑے کر کے | یا | لاؤ تم | اللہ | اور | فرشتوں کو |

ہم پر آسمان ٹکڑے ٹکڑے کر کے گرا دو یا اللہ اور فرشتوں کو

قَبِيلًا ﴿٩٢﴾ أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ ۚ وَلَن

| قبیلا | او | یکون | لک | بیت | من زخرف | او | ترقی | فی السماء | ولن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سامنے | یا | ہو | تمہارا | گھر | سونے کا | یا | چڑھے تم | آسمان میں | اور ہرگز نہ |

سامنے لے آؤ۔ یا تمہارا سونے کا گھر ہو یا تو آسمان میں چڑھ جائے مگر ہم تمہارے چڑھنے کو بھی نہ مانیں گے

نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَّقْرَؤُهُ ۗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي

| نؤمن | لرقیک | حتی | تنزل | علینا | کتابا | نقرؤہ | قل | سبحان | ربی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائیں گے ہم | تمہارے چڑھنے پر | یہاں تک کہ | اتارو تم | ہم پر | ایک کتاب | جو پڑھیں ہم اسکو | فرماؤ | پاک ہے | میرا رب |

جب تک آپ ہم پر ایک کتاب اُتار کر نہ لے آئیں جسے ہم پڑھیں فرمادیجئے پاک ہے میرا رب کیا میں

هَلْ كُنتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٣﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ ع ٩

| ھل | کنت | الا | بشرا | رسولا | وما | منع | الناس | ان | یؤمنوا | اذ | جاءھم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ہوں میں | مگر | آدمی | رسول | اور نہیں | روکا | لوگوں کو | یہ کہ | ایمان لائیں | جب | آئی ان کے پاس |

ایک بشر رسول کے سوا بھی کچھ ہوں؟ اور لوگوں کو جب ان کے پاس ہدایت پہنچ گئی کس بات نے ایمان لانے سے نہیں روکا

الْهُدَىٰ إِلَّا أَن قَالُوا أَبَعَثَ اللَّهُ بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٤﴾ قُل لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ

| الھدی | الا | ان | قالوا | ابعث | اللہ | بشرا | رسولا | قل | لو | کان | فی الارض |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت | مگر | یہ کہ | کہا انہوں نے | کیا بھیجا | اللہ نے | آدمی | رسول | فرماؤ | اگر | ہوتے | زمین میں |

سوائے اس کے کہ انہوں نے کہا، کیا اللہ نے ایک آدمی کو رسول بنا کر بھیجا ہے؟ فرمادیجئے کہ اگر زمین میں (رہنے

مَلَائِكَةٌ يَمْشُونَ مُطْمَئِنِّينَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ مَلَكًا

| ملئکۃ | یمشون | مطمئنین | لنزلنا | علیھم | من السماء | ملکا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فرشتے | چلتے پھرتے | آرام سے | تو اتارتے ہم | ان پر | آسمان سے | فرشتہ |

والے) فرشتے ہوتے جو (اس میں) اطمینان سے چلتے پھرتے تو ہم ضرور ان پر آسمان سے کوئی فرشتہ ہی

رَسُوْلًا ﴿۹۵﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلًا | قُلْ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | شَهِيْدًۢا | بَيْنِيْ | وَ | بَيْنَكُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ | بِعِبَادِهٖ |
| رسول | فرماؤ | کافی ہے | اللہ | گواہ | میرے | اور | تمہارے درمیان | بیشک وہ | ہے | اپنے بندوں سے |

رسول بنا کر اتارتے۔ فرما دیجئے اللہ کافی ہے گواہ میرے اور تمہارے درمیان بے شک وہ اپنے بندوں کے حال سے اچھی

خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَبِيْرًۢا | بَصِيْرًا | وَمَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ | فَهُوَ | الْمُهْتَدِ | وَمَنْ | يُّضْلِلْ | فَلَنْ |
| خبردار | دیکھنے والا | اور جسے | ہدایت دے | اللہ | تو وہی | ہدایت والا ہے | اور جسے | گمراہی میں چھوڑے | تو ہرگز نہ |

طرح خبردار ہے (سب کو) خوب دیکھتا ہے۔ اور جسے اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پر ہے اور جسے گمراہ کرے

تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجِدَ | لَهُمْ | اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِهٖ | وَ | نَحْشُرُهُمْ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | عَلٰى وُجُوْهِهِمْ |
| پاؤ گے تم | ان کیلئے | کوئی دوست | اس کے سوا | اور | اٹھائیں گے ہم ان کو | قیامت کے دن | ان کے مونہوں کے بل |

تو ان کیلئے اس کے سوا کوئی حمایت والے نہ پاؤ گے اور ہم انہیں قیامت کے دن ان کے منہ کے

وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُمْيًا | وَّ | بُكْمًا | وَّ | صُمًّا | مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | كُلَّمَا | خَبَتْ | زِدْنٰهُمْ |
| اندھے | اور | گونگے | اور | بہرے | ان کا ٹھکانہ | جہنم ہے | جب بھی | وہ بجھے گی | ہم زیادہ کریں گے ان کو |

بل اٹھائیں گے اندھے اور گونگے اور بہرے ان کا ٹھکانا جہنم ہے جب بھی (یہ آگ) دھیمی ہوگی ہم اسے

النصف

سَعِيْرًا ﴿۹۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَعِيْرًا | ذٰلِكَ | جَزَآؤُهُمْ | بِاَنَّهُمْ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | قَالُوْٓا | ءَاِذَا | كُنَّا | عِظَامًا |
| بھڑکانا | یہ | بدلہ ہے ان کا | کہ انہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | اور | کہنے لگے | کیا جب | ہو جائیں گے ہم | ہڈیاں |

بھڑکا دیں گے۔ یہ ان کی سزا ہے اس پر کہ انہوں نے ہماری آیتوں سے انکار کیا اور بولے کیا جب ہم ہڈیاں

وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رُفَاتًا | ءَاِنَّا | لَمَبْعُوْثُوْنَ | خَلْقًا | جَدِيْدًا | اَوَلَمْ | يَرَوْا | اَنَّ | اللّٰهَ | الَّذِيْ |
| اور | ریزہ ریزہ | کیا ہم | اٹھائے جائیں گے | پیدائش | نئی میں | کیا نہ | دیکھا انہوں نے | کہ بیشک | اللہ | وہ جس نے |

اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم نئی تخلیق بن کر اٹھائے جائیں گے۔ مگر کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ اللہ جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | قَادِرٌ | عَلٰٓى | اَنْ | يَّخْلُقَ | مِثْلَهُمْ | وَ | جَعَلَ | لَهُمْ |
| پیدا کیا | آسمانوں | اور | زمین کو | وہ قادر ہے | اوپر | اس کے کہ | پیدا کرے | ان کی مثل | اور | بنائی | ان کیلئے |

آسمانوں اور زمین کو بنایا اس پر قادر ہے کہ ان کی مانند اور بنا دے اور اس میں شک نہیں کہ اس نے ان کیلئے

اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجَلًا | لَا رَيْبَ | فِيْهِ | فَاَبَى | الظّٰلِمُوْنَ | اِلَّا | كُفُوْرًا | قُلْ | لَّوْ | اَنْتُمْ |
| ایک مدت | جو نہیں شک | اس میں | تو انکار کیا | ظالموں نے | مگر | بے ناشکری کیے | فرماؤ | اگر | تم |

ایک مدت مقرر کر دی ہے مگر ظالم انکار کے سوا نہیں مانتے۔ فرمادیجئے اگر تم

تَمْلِكُوْنَ خَزَآىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَمْلِكُوْنَ | خَزَآىِٕنَ | رَحْمَةِ | رَبِّيْٓ | اِذًا | لَّاَمْسَكْتُمْ | خَشْيَةَ | الْاِنْفَاقِ |
| مالک ہوئے | خزانے کے | رحمت | رب میرے کے | تو تب | روک لیتے تم | ڈر | ختم ہونے سے |

میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہوتے تو بھی تم خرچ ہو جانے کے ڈر سے ان کو ضرور

وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْــَٔلْ ع ۱۱

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | الْاِنْسَانُ | قَتُوْرًا | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسٰى | تِسْعَ | اٰيٰتٍ | بَيِّنٰتٍ | فَسْــَٔلْ |
| اور | ہے | انسان | کنجوس | اور | بیشک | دیں ہم نے | موسیٰ کو | نو | نشانیاں | روشن | تو پوچھو |

روک لیتے اور انسان بڑا تنگ دل ہے۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو نو روشن نشانیاں دیں تو

بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اِذۡ جَآءَهُمۡ فَقَالَ لَهٗ فِرۡعَوۡنُ اِنِّیۡ لَاَظُنُّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِیۡۤ | اِسۡرَآءِیۡلَ | اِذۡ | جَآءَهُمۡ | فَقَالَ | لَهٗ | فِرۡعَوۡنُ | اِنِّیۡ | لَاَظُنُّكَ |
| بنی | اسرائیل کو | جب | آیا ان کے پاس | تو کہا | اس کو | فرعون نے | بیشک میں | خیال کرتا ہوں تجھے |

بنی اسرائیل سے پوچھئے جب وہ ان کے پاس آئے تو فرعون نے ان سے کہا اے موسیٰ علیہ السلام میں ضرور تمہیں

یٰمُوۡسٰی مَسۡحُوۡرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ لَقَدۡ عَلِمۡتَ مَاۤ اَنۡزَلَ هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یٰمُوۡسٰی | مَسۡحُوۡرًا | قَالَ | لَقَدۡ | عَلِمۡتَ | مَاۤ | اَنۡزَلَ | هٰۤؤُلَآءِ | اِلَّا | رَبُّ |
| اے موسیٰ | جادو کیا ہوا | فرمایا | یقیناً | تو جانتا ہے | کہ نہیں | اتارا | ان کو | مگر | پروردگار |

جادو کرنے والا سمجھتا ہوں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یقیناً تو جانتا ہے کہ ان (چمکتی ہوئی نشانیوں) کو آسمانوں اور زمین کے رب

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّیۡ لَاَظُنُّكَ یٰفِرۡعَوۡنُ مَثۡبُوۡرًا ﴿۱۰۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | بَصَآئِرَ | وَ | اِنِّیۡ | لَاَظُنُّكَ | یٰفِرۡعَوۡنُ | مَثۡبُوۡرًا |
| آسمانوں | اور | زمین کے نے | آنکھیں کھولنے کو | اور | بیشک میں | گمان کرتا ہوں تجھے | اے فرعون | ہلاک ہونے والا |

ہی نے نازل کیا ہے یہ آنکھیں کھولنے والی ہیں اور اے فرعون! یقیناً میں تجھے سمجھتا ہوں کہ تو ہلاک ہونے والا ہے۔

فَاَرَادَ اَنۡ یَّسۡتَفِزَّهُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ فَاَغۡرَقۡنٰهُ وَمَنۡ مَّعَهٗ جَمِیۡعًا ﴿۱۰۳﴾ لا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَرَادَ | اَنۡ | یَّسۡتَفِزَّهُمۡ | مِّنَ الۡاَرۡضِ | فَاَغۡرَقۡنٰهُ | وَ | مَنۡ | مَّعَهٗ | جَمِیۡعًا |
| پھر ارادہ کیا | یہ کہ | وہ نکال دے ان کو | زمین سے | تو غرق کردیا ہم نے اسکو | اور | ان کو جو | اسکے ساتھ تھے | سب کو |

تو اس نے چاہا کہ ان کو زمین سے نکال دے تو ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو سب کو ڈبو دیا۔

وَّقُلۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ لِبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اسۡكُنُوا الۡاَرۡضَ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | قُلۡنَا | مِنۡۢ بَعۡدِهٖ | لِبَنِیۡۤ | اِسۡرَآءِیۡلَ | اسۡكُنُوا | الۡاَرۡضَ | فَاِذَا | جَآءَ | وَعۡدُ |
| اور | فرمایا ہم نے | اس کے بعد | بنی | اسرائیل کو | بسو تم | زمین میں | تو جب | آیا | وعدہ |

اور اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل سے فرمایا اس زمین میں سکونت اختیار کرو پھر جب آخرت کا وعدہ آئے گا

الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿١٠٤﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ

| الْاٰخِرَةِ | جِئْنَا بِكُمْ | لَفِيْفًا | وَ | بِالْحَقِّ | اَنْزَلْنٰهُ | وَبِالْحَقِّ | نَزَلَ | وَ | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت کا | لائیں گے ہم تم کو | لپیٹ کر | اور | حق کے ساتھ | ہم نے اتارا | اور حق کے ساتھ | اترا | اور | نہیں |

ہم تم سب کو اکٹھا کر کے لائیں گے۔ اور سچائی کے ساتھ ہم نے اسے نازل کیا ہے اور سچائی کے ساتھ یہ نازل ہوا ہے اور (اے

اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿١٠٥﴾ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ

وقف لازم

| اَرْسَلْنٰكَ | اِلَّا | مُبَشِّرًا | وَّ | نَذِيْرًا | وَ | قُرْاٰنًا | فَرَقْنٰهُ | لِتَقْرَاَهٗ | عَلَى | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجا ہم نے آپ کو | مگر | خوشخبری دینے والا | اور | ڈرانے والا | اور | قرآن | جدا جدا کیا ہم نے اسے | تاکہ پڑھو تم اسے | اوپر | لوگوں کے |

رسول ﷺ!) آپ ﷺ کو ہم نے صرف خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور قرآن کو ہم نے حصوں میں کر دیا ہے تاکہ آپ

عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿١٠٦﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

| عَلٰى | مُكْثٍ | وَّنَزَّلْنٰهُ | تَنْزِيْلًا | قُلْ | اٰمِنُوْا | بِهٖٓ | اَوْ | لَا تُؤْمِنُوْا | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | ٹھہر ٹھہر کر | اور ہم نے نازل کیا | آہستہ آہستہ | فرمادو | ایمان لاؤ | اس پر | یا | نہ ایمان لاؤ | بیشک | وہ جو |

ﷺ اسے لوگوں کو ٹھہر ٹھہر کر سنائیں اور ہم نے اسے بتدریج نازل کیا ہے۔ آپ فرما دیجئے تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ بے شک

اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿١٠٧﴾

| اُوْتُوا | الْعِلْمَ | مِنْ قَبْلِهٖٓ | اِذَا | يُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | يَخِرُّوْنَ | لِلْاَذْقَانِ | سُجَّدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیئے گئے | علم | اس سے پہلے | جب | پڑھی جاتی ہیں | ان پر | تو گرتے ہیں | ٹھوڑیوں پر | سجدہ کرتے |

جن لوگوں کو اس سے پہلے علم دیا گیا جب ان پر اس کی تلاوت کی جاتی ہے تو وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر جاتے ہیں۔

وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿١٠٨﴾ وَيَخِرُّوْنَ

| وَّ | يَقُوْلُوْنَ | سُبْحٰنَ | رَبِّنَآ | اِنْ | كَانَ | وَعْدُ | رَبِّنَا | لَمَفْعُوْلًا | وَ | يَخِرُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ کہتے ہیں | پاک ہے | ہمارا رب | بیشک | ہے | وعدہ | ہمارے رب کا | پورا ہونے والا | اور | گرتے ہیں |

اور کہتے ہیں پاک ہے ہمارا رب، بے شک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہونا تھا۔ اور ٹھوڑی کے

السجدة
لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾ السجدة قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا

| لِلْاَذْقَانِ | يَبْكُوْنَ | وَ | يَزِيْدُهُمْ | خُشُوْعًا | قُلِ | ادْعُوا | اللّٰهَ | اَوِ | ادْعُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھوڑیوں پر | روتے ہوئے | اور | زیادہ کرتا ہے ان کو | عاجزی | فرمادو | پکارو | اللہ کو | یا | پکارو |

بل گرتے ہیں، روتے ہیں اور قرآن ان کے دل کا جھکنا بڑھاتا ہے۔ فرما دیجئے اللہ کہہ کر پکارو یا

الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ

| الرَّحْمٰنَ | اَيًّا مَّا | تَدْعُوْا | فَلَهُ | الْاَسْمَآءُ | الْحُسْنٰى | وَ | لَا | تَجْهَرْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمٰن کو | جس کو بھی | پکارو | تو اس کے | نام ہیں | اچھے | اور | نہ | بلند کر کے پڑھو |

رحمٰن کہہ کر جو بھی کہہ کر پکارو سب اسی کے اچھے نام ہیں اور اپنی نماز نہ بہت زور کی آواز

بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ

| بِصَلَاتِكَ | وَ | لَا | تُخَافِتْ | بِهَا | وَ | ابْتَغِ | بَيْنَ | ذٰلِكَ | سَبِيْلًا | وَ | قُلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی نماز | اور | نہ | آہستہ کر | اس کو | اور | چاہو | درمیان | ان کے | راہ | اور | فرماؤ |

سے پڑھو نہ بالکل آہستہ اور ان دونوں کے بیچ کا راستہ اختیار کرو۔ اور فرمادیجئے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ

| الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | لَمْ | يَتَّخِذْ | وَلَدًا | وَّ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهٗ | شَرِيْكٌ | فِي الْمُلْكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب تعریف | اللہ کی ہے | جس نے | نہ | پکڑی | اولاد | اور | نہیں | ہے | اس کا | کوئی شریک | بادشاہی میں |

تعریف اللہ کی ہے جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور بادشاہی میں جس کا کوئی شریک نہیں

ع ۱۲ ۱۱
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ ع

| وَ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهٗ | وَلِيٌّ | مِّنَ الذُّلِّ | وَ | كَبِّرْهُ | تَكْبِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | ہے | اس کا | کوئی حمایتی | کمزوری سے | اور | بڑائی کرو اس کی | خوب بڑائی |

اور جس کا کمزوری سے بچنے کیلئے کوئی رفیق کار نہیں اور اس کی خوب بڑائی بیان کرو۔

ایاتہا ۱۱۰ | ۱۸ سورۃ الکہف مکیۃ ۶۹ | رکوعاتہا ۱۲

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰی عَبۡدِہِ الۡکِتٰبَ وَلَمۡ یَجۡعَلۡ لَّہٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلۡحَمۡدُ | لِلّٰہِ | الَّذِیۡۤ | اَنۡزَلَ | عَلٰی | عَبۡدِہٖ | الۡکِتٰبَ | وَ | لَمۡ | یَجۡعَلۡ | لَہٗ |
| سب تعریفیں | اللہ کیلئے ہیں | وہ جس نے | اتارا | اوپر | اپنے بندے کے | کتاب کو | اور | نہیں | بنائی | اس میں |

سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے خاص بندے پر کتاب نازل کی اور اس میں کسی قسم کی

## عِوَجًا ؕ﴿۱﴾ قَیِّمًا لِّیُنۡذِرَ بَاۡسًا شَدِیۡدًا مِّنۡ لَّدُنۡہُ وَیُبَشِّرَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِوَجًا | قَیِّمًا | لِّیُنۡذِرَ | بَاۡسًا | شَدِیۡدًا | مِّنۡ لَّدُنۡہُ | وَیُبَشِّرَ | الۡمُؤۡمِنِیۡنَ |
| کوئی کجی | عدل والی کتاب | تاکہ ڈرائے | عذاب | سخت سے | اسکی طرف سے | اور بشارت دے | ایمان والوں کو |

پیچیدگی نہیں رکھی۔ بالکل سیدھی کتاب تاکہ اس کے ذریعے لوگوں کو اللہ کے سخت عذاب سے ڈرائیں

## الَّذِیۡنَ یَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَہُمۡ اَجۡرًا حَسَنًا ۙ﴿۲﴾ مَّاکِثِیۡنَ فِیۡہِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیۡنَ | یَعۡمَلُوۡنَ | الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَہُمۡ | اَجۡرًا | حَسَنًا | مَّاکِثِیۡنَ | فِیۡہِ |
| وہ جو | عمل کرتے ہیں | نیک | بیشک | ان کیلئے | ثواب ہے | اچھا | رہنے والے ہیں | اس میں |

اور ایمان والوں کو جو نیک کام کریں انہیں بشارت دیجئے کہ ان کیلئے اچھا ثواب ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ

## اَبَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّیُنۡذِرَ الَّذِیۡنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰہُ وَلَدًا ٭﴿۴﴾ مَا لَہُمۡ بِہٖ مِنۡ عِلۡمٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبَدًا | وَ | یُنۡذِرَ | الَّذِیۡنَ | قَالُوا | اتَّخَذَ | اللّٰہُ | وَلَدًا | مَا | لَہُمۡ بِہٖ | مِنۡ عِلۡمٍ |
| ہمیشہ | اور | ڈرائے | ان کو جو | بولے | بنائی | اللہ نے | اولاد | نہیں | ان کو اس کا | کوئی علم |

رہیں گے۔ اور ان کو ڈرائیں جو کہتے ہیں کہ اللہ نے ایک کو بیٹا بنا رکھا ہے۔ اس بارے میں ان کے پاس

وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | لِاٰبَآئِهِمْ | كَبُرَتْ | كَلِمَةً | تَخْرُجُ | مِنْ اَفْوَاهِهِمْ | اِنْ | يَّقُوْلُوْنَ |
| اور | نہ | ان کے باپ دادا کو | بڑی | بات ہے | جو نکلتی ہے | ان کے مونہوں سے | نہیں | کہتے |

کوئی علم (موجود) نہیں اور نہ ان کے باپ دادا کے پاس، بہت بڑی بات ہے جو ان کے منہ سے نکل رہی ہے، وہ نہیں کہہ رہے،

اِلَّا كَذِبًا ۝۵ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | كَذِبًا | فَلَعَلَّكَ | بَاخِعٌ | نَّفْسَكَ | عَلٰٓى | اٰثَارِهِمْ | اِنْ | لَّمْ | يُؤْمِنُوْا | بِهٰذَا |
| مگر | جھوٹ | پھر شائد آپ | ہلاک کرنیوالے ہیں | اپنی جان کو | اوپر | انکے پیچھے | اگر | نہ | ایمان لائیں | ساتھ اس |

مگر محض جھوٹ۔ ایسا تو نہیں کہ آپ فرطِ غم سے ان کے پیچھے اپنی جان دے بیٹھیں گے اگر وہ اس قرآن پر

الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝۶ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَدِيْثِ | اَسَفًا | اِنَّا | جَعَلْنَا | مَا | عَلَى | الْاَرْضِ | زِيْنَةً | لَّهَا | لِنَبْلُوَهُمْ |
| بات کے | افسوس سے | بیشک ہم نے | بنایا ہے | جو کچھ | اوپر | زمین کے ہے | سنگھار | اس کیلئے | تاکہ آزمائیں انکو |

ایمان نہ لائیں۔ یقیناً ہم نے زمین پر جو کچھ ہے اس (زمین) کے لیے زینت بنایا ہے تاکہ ہم ان لوگوں کو آزمائیں

اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ؕ ۝۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيُّهُمْ | اَحْسَنُ | عَمَلًا | وَاِنَّا | لَجٰعِلُوْنَ | مَا | عَلَيْهَا | صَعِيْدًا | جُرُزًا |
| کون ان میں سے | اچھا ہے | عمل میں | اور بیشک ہم | بنانے والے ہیں | جو کچھ | اس پر ہے | میدان | صاف |

کہ اُن میں سے کون بہتر عمل کرنے والا ہے۔ اور بے شک جو کچھ اس پر ہے ایک دن ہم اسے نیست و نابود کر کے چٹیل میدان کر چھوڑیں گے۔

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْ | حَسِبْتَ | اَنَّ | اَصْحٰبَ الْكَهْفِ | وَالرَّقِيْمِ | كَانُوْا | مِنْ اٰيٰتِنَا |
| کیا | خیال کیا تو نے | کہ بیشک | غار والے | اور جنگل والے | تھے | ہماری نشانیوں سے |

کیا تم سمجھتے ہو کہ غار اور کتبے والے ہماری نشانیوں میں سے ایک

عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

| عَجَبًا | اِذْ | اَوَى | الْفِتْيَةُ | اِلَى | الْكَهْفِ | فَقَالُوْا | رَبَّنَآ | اٰتِنَا | مِنْ لَّدُنْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عجیب | جب | جگہ پکڑی | جوانوں نے | طرف | غار کی | تو بولے | اے ہمارے رب | دے ہم کو | اپنی طرف سے |

عجیب نشانی ہے۔ جب وہ نوجوان ایک غار میں جا بیٹھے تو بولے ہمارے رب! ہمیں اپنی جناب سے رحمت

رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ

| رَحْمَةً | وَّ | هَيِّئْ | لَنَا | مِنْ اَمْرِنَا | رَشَدًا | فَضَرَبْنَا | عَلٰٓى | اٰذَانِهِمْ | فِي الْكَهْفِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمت | اور | تیار کر | ہمارے لیے | ہمارے کام میں | بھلائی | تو تھپکا ہم نے | پر | ان کے کانوں | غار میں |

عطا کر اور ہمارے معاملے میں ہمارے لئے درستی پیدا کر۔ پھر ہم نے انہیں غار میں کئی برس کے لیے

سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى

| سِنِيْنَ | عَدَدًا | ثُمَّ | بَعَثْنٰهُمْ | لِنَعْلَمَ | اَيُّ | الْحِزْبَيْنِ | اَحْصٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کئی سال | گنتی کے | پھر | اٹھایا ہم نے ان کو | تاکہ ہم جانیں | کون | دونوں فریق سے | زیادہ گننے والا ہے |

گہری نیند سلا دیا۔ پھر ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ ہم ظاہر کردیں کہ (اختلاف کرنے والی) دو جماعتوں میں سے ان کے غار میں

لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ ع ۱۲

| لِمَا | لَبِثُوْٓا | اَمَدًا | نَحْنُ | نَقُصُّ | عَلَيْكَ | نَبَاَهُمْ | بِالْحَقِّ | اِنَّهُمْ | فِتْيَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | جو ٹھہرے | مدت سے | ہم | بیان کرتے ہیں | تم پر | ان کی خبر | ساتھ حق کے | بیشک وہ | جوان تھے |

ٹھہرنے کی مدت کس نے زیادہ یاد رکھی۔ ہم ان کا قصہ تمہیں حق کے ساتھ سناتے ہیں وہ کچھ جوان تھے کہ اپنے رب

اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا

| اٰمَنُوْا | بِرَبِّهِمْ | وَزِدْنٰهُمْ | هُدًى | وَّرَبَطْنَا | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | اِذْ | قَامُوْا | فَقَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو ایمان لائے | اپنے رب پر | اور زیادہ دی ہم نے ان کو | ہدایت | اور مضبوط کیا ہم نے | اوپر | ان کے دلوں کے | جب | وہ کھڑے ہوئے | تو بولے |

پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو ہدایت بڑھائی۔ اور ہم نے ان کی ڈھارس بندھائی جب کھڑے ہو کر بولے کہ ہمارا رب وہ

رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّنَا | رَبُّ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | لَنْ نَّدْعُوَاۡ | مِنْ دُوْنِهٖۤ | اِلٰهًا | لَقَدْ | قُلْنَاۤ | اِذًا |
| ہمارا رب | رب ہے | آسمانوں | اور زمین کا | کبھی نہ پکاریں گے ہم | اس کے سوا | کوئی خدا | بیشک | کہی ہم نے | اس وقت |

ہے جو آسمان اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی معبود کی عبادت نہیں کریں گے ایسا ہو تو ضرور ہم نے حد سے گزری

شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَطَطًا | هٰۤؤُلَآءِ | قَوْمُنَا | اتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِهٖۤ | اٰلِهَةً | لَوْ | لَا | يَاْتُوْنَ |
| بات زیادتی کی | یہ | ہماری قوم ہے | کہ بنائے انہوں نے | اس کے سوا | اور خدا | کیوں | نہیں | لاتے |

ہوئی بات کی۔ یہ ہے ہماری قوم جس نے اس کے سوا اور خدا بنا رکھے ہیں وہ ان کے بارے میں واضح دلیل

عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | بِسُلْطٰنٍ | بَيِّنٍ | فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنِ | افْتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا |
| ان پر | کوئی سند | روشن | پھر کون | ظالم تر ہے | اس سے جو | باندھے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ |

کیوں نہیں لاتے؟ ہاں، اس سے بڑا ظالم کون ہے جس نے اللہ کے بارے میں جھوٹ گھڑا؟

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذِ | اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ | وَ | مَا | يَعْبُدُوْنَ | اِلَّا | اللّٰهَ | فَاْوٗۤا | اِلَى | الْكَهْفِ | يَنْشُرْ لَكُمْ |
| اور | جب | تم ان سے الگ ہو جاؤ | اور | ان سے جو | پوجا کرتے ہیں | سوا | اللہ کے | تو جگہ پکڑو | طرف | غار کی | پھیلائے گا تمہارے لیے |

اور جب تم ان سے بے تعلق ہو چکے ہو اور جن کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں تو اس غار میں پناہ لے لو

رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكُمْ | مِّنْ رَّحْمَتِهٖ | وَ | يُهَيِّئْ | لَكُمْ | مِّنْ اَمْرِكُمْ | مِّرْفَقًا | وَ | تَرَى |
| تمہارا رب | اپنی رحمت | اور | تیار کرے گا | تمہارے لیے | تمہارے کام میں | آسانی | اور | دیکھو گے تم |

تمہارا رب تم پر اپنی رحمت عام کرے گا اور تمہارے معاملے میں آسانی پیدا کرے گا۔ اور (اے مخاطب!) تم

الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّمْسَ | اِذَا | طَلَعَتْ | تَّزٰوَرُ | عَنْ كَهْفِهِمْ | ذَاتَ الْيَمِيْنِ | وَ | اِذَا | غَرَبَتْ |
| سورج کو | جب | چڑھتا ہے | کترا جاتا ہے | ان کی غار سے | دائیں جانب | اور | جب | غروب ہوتا ہے |

دیکھو گے دھوپ کو جب سورج نکلتا ہے وہ جھکی رہتی ہے ان کے غار سے دائیں طرف اور جب وہ غروب ہوتا ہے

تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَّقْرِضُهُمْ | ذَاتَ الشِّمَالِ | وَ | هُمْ | فِيْ فَجْوَةٍ | مِّنْهُ | ذٰلِكَ | مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ |
| کاٹ جاتا ہے انکو | بائیں جانب | اور | وہ | کھلے میدان میں ہیں | اس سے | یہ ہے | اللہ کی نشانیوں سے |

تو ان سے پھر جاتی ہے بائیں طرف حالانکہ وہ اس (غار) کی کشادہ جگہ میں ہیں یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ | فَهُوَ | الْمُهْتَدِ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلْ | فَلَنْ | تَجِدَ | لَهٗ | وَلِيًّا |
| جسے | ہدایت دے | اللہ | تو وہی ہے | ہدایت پانے والا | اور | جسے | گمراہ کرے | تو کبھی نہ | پائے گا تو | اس کیلیے | حامی |

جسے اللہ ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے گمراہ کرے تم ہرگز اس کیلئے کوئی مددگار ہدایت کرنے

مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّرْشِدًا | وَ | تَحْسَبُهُمْ | اَيْقَاظًا | وَّهُمْ | رُقُوْدٌ | وَّ | نُقَلِّبُهُمْ | ذَاتَ الْيَمِيْنِ |
| راہ دکھانے والا | اور | خیال کرے گا تو انکو | جاگتے | حالانکہ وہ | سوئے ہوئے ہیں | اور | بدلتے ہیں ہم انکی کروٹیں | دائیں جانب |

والا نہ پائیں گے۔ اور تو انہیں (دیکھے تو) جاگتا ہوا سمجھے حالانکہ وہ سو رہے ہیں اور ہم دائیں

وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ذَاتَ الشِّمَالِ | وَكَلْبُهُمْ | بَاسِطٌ | ذِرَاعَيْهِ | بِالْوَصِيْدِ | لَوِ اطَّلَعْتَ |
| اور | بائیں جانب | اور ان کا کتا | پھیلائے ہوئے ہے | اپنے بازو | غار کی چوکھٹ پر | اگر تو جھانکے |

اور بائیں ان کی کروٹیں بدلتے رہتے ہیں اور ان کا کتا (غار کے) دہانے پر اپنے بازو پھیلائے بیٹھا ہے (اے مخاطب!) اگر تو

عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾ وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | لَوَلَّيْتَ | مِنْهُمْ | فِرَارًا | وَ | لَمُلِئْتَ | مِنْهُمْ | رُعْبًا | وَ | كَذٰلِكَ |
| ان پر | تو منہ پھیرے | ان سے | بھاگتے ہوئے | اور | بھر جائے تو | ان سے | ہیبت میں | اور | اسی طرح |

انہیں جھانک کر دیکھے تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگے اور تیرے دل میں ان کی دہشت بھر جائے۔ اور یونہی ہم نے

بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۭ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعَثْنٰهُمْ | لِيَتَسَآءَلُوْا | بَيْنَهُمْ | قَالَ | قَآئِلٌ | مِّنْهُمْ | كَمْ | لَبِثْتُمْ | قَالُوْا | لَبِثْنَا |
| ہم نے انکو جگایا | تاکہ پوچھیں | آپس میں | بولا | ایک بولنے والا | ان میں سے | کتنا | ٹھہرے تم | بولے | ہم ٹھہرے |

ان کو جگایا کہ آپس میں ایک دوسرے سے احوال پوچھیں ان میں ایک کہنے والا بولا تم یہاں کتنی دیر رہے کچھ

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمًا | اَوْ | بَعْضَ | يَوْمٍ | قَالُوْا | رَبُّكُمْ | اَعْلَمُ | بِمَا | لَبِثْتُمْ | فَابْعَثُوْٓا | اَحَدَكُمْ |
| ایک دن | یا | کچھ حصہ | دن کا | بولے | تمہارا رب | خوب جانتا ہے | جتنا | تم ٹھہرے | تو بھیجو | اپنے ایک کو |

بولے ایک دن رہے یا دن سے کم دوسرے بولے تمہارا رب خوب جانتا ہے جتنا تم ٹھہرے تو اپنے میں سے ایک

بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِوَرِقِكُمْ | هٰذِهٖٓ | اِلَى | الْمَدِيْنَةِ | فَلْيَنْظُرْ | اَيُّهَآ | اَزْكٰى | طَعَامًا | فَلْيَاْتِكُمْ |
| اپنی چاندی دے کر | یہ | طرف | شہر کی | تو چاہیے کہ دیکھے | کون سا | زیادہ پاکیزہ | کھانے والا ہے | تو چاہیے کہ لائے تمہارے پاس |

کو یہ چاندی لے کر شہر میں بھیجو پھر وہ خیال کرے کہ وہاں کون سا کھانا زیادہ ستھرا ہے کہ تمہارے لئے اس میں سے

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرِزْقٍ | مِّنْهُ | وَلْيَتَلَطَّفْ | وَ | لَا | يُشْعِرَنَّ | بِكُمْ | اَحَدًا | اِنَّهُمْ | اِنْ | يَّظْهَرُوْا |
| کھانا | اس سے | اور چاہیے کہ نرمی کرے | اور | نہ | بتائے | تمہارے متعلق | کسی کو | یقیناً وہ | اگر | غالب آگئے |

کھانے کو لائے اور چاہیے کہ نرمی کرے اور ہرگز کسی کو تمہاری اطلاع نہ دے۔ بے شک اگر وہ تمہیں جان لیں گے

نصف القرآن بالحروف عند البصریین
التاء بعد الیاء من النصف الاول واللام
الاولیٰ من النصف الاخیر ۱۲

عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | يَرْجُمُوْكُمْ | اَوْ | يُعِيْدُوْكُمْ | فِيْ مِلَّتِهِمْ | وَ | لَنْ | تُفْلِحُوْٓا | اِذًا | اَبَدًا |
| تم پر | تو سنگسار کردیں گے تمہیں | اور یا پھر | لوٹا لینگے تمہیں | اپنے دین میں | اور | کبھی نہ | خلاصی پاؤ گے تم | اس وقت | ہمیشہ تک |

تو تمہیں پتھراؤ کریں گے یا اپنے دین میں پھیر لیں گے اور ایسا ہوا تو تمہارا کبھی بھلا نہیں ہو گا۔

وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَذٰلِكَ | اَعْثَرْنَا | عَلَيْهِمْ | لِيَعْلَمُوْٓا | اَنَّ | وَعْدَ | اللّٰهِ | حَقٌّ | وَّ | اَنَّ | السَّاعَةَ |
| اور | اسی طرح | خبر دی ہم نے | ان کی | تاکہ وہ جانیں | کہ بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اور | بیشک | قیامت |

اور اس طرح ہم نے ان کو لوگوں پر ظاہر کر دیا تاکہ وہ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ اس (قیامت کی)

لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | رَيْبَ | فِيْهَا | اِذْ | يَتَنَازَعُوْنَ | بَيْنَهُمْ | اَمْرَهُمْ | فَقَالُوا | ابْنُوْا | عَلَيْهِمْ | بُنْيَانًا |
| نہیں ہے | شک | اس میں | جب | وہ جھگڑتے تھے | آپس میں | اپنے کام میں | تو بولے | بناؤ | ان پر | ایک عمارت |

گھڑی میں کوئی شک نہیں جب وہ ان کے معاملے میں آپس میں جھگڑتے تھے تو انہوں نے کہا کہ ان پر ایک

رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّهُمْ | اَعْلَمُ | بِهِمْ | قَالَ | الَّذِيْنَ | غَلَبُوْا | عَلٰٓى | اَمْرِهِمْ | لَنَتَّخِذَنَّ | عَلَيْهِمْ |
| ان کا رب | خوب جانتا ہے | ان کا | بولے | وہ جو | غالب آئے | اوپر | اپنے کام کے | کہ ضرور بنائیں گے ہم | ان پر |

عمارت بنا دو ان کا رب انہیں خوب جانتا ہے وہ لوگ جو ان کے معاملے میں جیت گئے کہنے لگے ہم ان پر ضرور

مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّسْجِدًا | سَيَقُوْلُوْنَ | ثَلٰثَةٌ | رَّابِعُهُمْ | كَلْبُهُمْ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | خَمْسَةٌ |
| مسجد | جلدی کہیں گے | تین ہیں | چوتھا ان میں | ان کا کتا ہے | اور | کہیں گے | پانچ ہیں |

ایک مسجد بنائیں گے۔ اب کچھ لوگ کہیں گے وہ تین تھے اور ان میں چوتھا ان کا کتا تھا اور کہیں گے وہ پانچ تھے

سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَادِسُهُمْ | كَلْبُهُمْ | رَجْمًا | بِالْغَيْبِ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | سَبْعَةٌ | وَّ | ثَامِنُهُمْ |
| چھٹا ان میں | ان کا کتا ہے | پتھر پھینکتے ہیں | بن دیکھے | اور | کہیں گے | سات ہیں | اور | آٹھوں ان میں |

اور ان میں چھٹا ان کا کتا تھا اور کہیں گے وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا فرما دیجئے میرا رب ہی ان کی

كَلْبُهُمْ ۚ قُلْ رَّبِّيْ أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۵ قف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَلْبُهُمْ | قُلْ | رَّبِّيْ | اَعْلَمُ | بِعِدَّتِهِمْ | مَّا | يَعْلَمُهُمْ | اِلَّا | قَلِيْلٌ |
| ان کا کتا ہے | آپ فرما دیں | میرا رب | خوب جانتا ہے | ان کی گنتی | نہیں | جانتے ان کو | مگر | تھوڑے |

تعداد کو بہتر جانتا ہے انہیں تھوڑے لوگوں کے سوا کوئی نہیں جانتا پس آپ ان کے بارے میں

ع ۵/۱۵/۲ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا ۖ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيهِمْ مِّنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ | اِلَّا | مِرَآءً | ظَاهِرًا | وَّ | لَا | تَسْتَفْتِ | فِيْهِمْ | مِّنْهُمْ | اَحَدًا |
| تو انکے بارے میں بحث نہ کرو | مگر | بحث | کھلی ہوئی | اور | نہ | پوچھ | ان کے متعلق | ان میں سے | کسی کو |

سرسری بات چیت کے سوا بحث میں نہ پڑیں اور نہ ان کے بارے میں لوگوں میں سے کسی سے پوچھیں۔

وَلَا تَقُولَنَّ لِشَايْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَنْ يَّشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُرْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | تَقُوْلَنَّ | لِشَايْءٍ | اِنِّيْ | فَاعِلٌ | ذٰلِكَ | غَدًا | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ | اللّٰهُ | وَ | اذْكُرْ |
| اور نہ | کہنا | کسی چیز کے متعلق | کہ میں | کرنیوالا ہوں | یہ کام | کل | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | اور | یاد کرو |

اور کسی چیز کے متعلق آپ ہرگز نہ کہنا کہ میں کل یہ کام کرنے والا ہوں۔ مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ چاہے اور جب آپ بھول جائیں تو

رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّبَّكَ | اِذَا | نَسِيْتَ | وَ | قُلْ | عَسٰٓى | اَنْ | يَّهْدِيَنِ | رَبِّيْ | لِاَقْرَبَ | مِنْ هٰذَا |
| رب کو | جب | تو بھول جائے | اور | یوں کہو | قریب ہے | یہ کہ | راہ دکھائے مجھے | میرا رب | قریب | اس سے |

(یاد آتے ہی) اپنے رب کا ذکر کیجئے اور یوں کہیے کہ قریب ہے میرا رب کہ مجھے اس سے قریب تر ہدایت

رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ

| رَشَدًا | وَ | لَبِثُوْا | فِیْ كَهْفِهِمْ | ثَلٰثَ مِائَةٍ | سِنِیْنَ | وَ | ازْدَادُوْا | تِسْعًا | قُلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی کی | اور | ٹھہرے وہ | اپنی غار میں | تین سو | برس | اور | زیادہ کیے انہوں نے | نو برس | فرماؤ |

کا راستہ دکھائے۔ اور وہ لوگ اپنے غار میں تین سو سال تک رہے۔ اور نو سال اور زیادہ گزارے۔ فرما دیجئے

اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ

| اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا | لَبِثُوْا | لَهٗ | غَیْبُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | اَبْصِرْ بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ ہی | بہتر جانتا ہے | جتنا | وہ ٹھہرے | اسی کے لیے ہے | غیب | آسمانوں | اور | زمین کا | وہ کتنا اچھا دیکھتا |

اللہ خوب جانتا ہے جو جتنا ٹھہرے اسی کیلئے ہیں آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں وہ کیا ہی خوب دیکھتا ہے

وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِیٍّ ۫ وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖۤ

| وَ | اَسْمِعْ | مَا | لَهُمْ | مِّنْ دُوْنِهٖ | مِنْ | وَّلِیٍّ | وَّ | لَا | یُشْرِكُ | فِیْ حُكْمِهٖۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سنتا ہے | نہیں | ان کے لیے | اس کے سوا | کوئی | والی | اور | نہیں | شریک کرتا | اپنی حکومت میں |

اور کیا ہی خوب سنتا ہے اس کے سوا ان کا کوئی والی نہیں اور وہ اپنے حکم میں کسی کو

اَحَدًا ﴿۲۶﴾ وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ

| اَحَدًا | وَ | اتْلُ | مَاۤ | اُوْحِیَ | اِلَیْكَ | مِنْ كِتَابِ | رَبِّكَ | لَا | مُبَدِّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی کو | اور | پڑھ | جو | وحی کی گئی | آپ کی طرف | کتاب | تمہارے رب کی | نہیں | کوئی بدلنے والا |

شریک نہیں کرتا۔ اور (اے رسول ﷺ!) آپ کے رب کی کتاب میں سے جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ

| لِكَلِمٰتِهٖ | وَ | لَنْ تَجِدَ | مِنْ دُوْنِهٖ | مُلْتَحَدًا | وَاصْبِرْ | نَفْسَكَ | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکی باتوں کو | اور | تم ہرگز نہ پاؤ گے | اس کے سوا | کوئی پناہ | اور روکو | اپنی جان کو | ساتھ |

سنا دیجئے اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور اس کے سوا تم کوئی پناہ گاہ ہرگز نہ پاؤ گے۔ اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يَدْعُوْنَ | رَبَّهُمْ | بِالْغَدٰوةِ | وَ | الْعَشِيِّ | يُرِيْدُوْنَ | وَجْهَهٗ | وَ | لَا | تَعْدُ |
| ان کے | جو پکارتے ہیں | اپنے رب کو | صبح | اور | شام | چاہتے ہیں | اس کی رضا | اور | نہ | پھیرو |

جمائے رکھو جو اپنے رب کو اس کی خوشنودی کی خواہش کرتے ہوئے صبح و شام اسے پکارتے ہیں اور اپنی آنکھیں

عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَيْنٰكَ | عَنْهُمْ | تُرِيْدُ | زِيْنَةَ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | لَا | تُطِعْ | مَنْ | اَغْفَلْنَا | قَلْبَهٗ |
| اپنی آنکھیں | ان سے | تم چاہو گے | زینت | زندگی کا | دنیا | اور | نہ | کہا مانو | اس کا کہ | غافل کر دیا ہم نے | اسکے دل کو |

ان سے نہ پھیرو کہ تم دنیاوی زندگی کی رونق کی خواہش کرو اور اس کا کہنا نہ مانو جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور

عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ قف

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ ذِكْرِنَا | وَ | اتَّبَعَ | هَوٰىهُ | وَكَانَ | اَمْرُهٗ | فُرُطًا | وَ | قُلِ | الْحَقُّ | مِنْ رَّبِّكُمْ |
| اپنی یاد سے | اور | پیچھے لگا | اپنی خواہش کے | اور ہے | اس کا کام | حد سے گزرتا | اور | فرماؤ | حق ہے | تمہارے رب کی طرف سے |

جو اپنی خواہش کے پیچھے چل پڑا ہے اور جس کا معاملہ حد سے بڑھ گیا ہے اور فرما دیجئے کہ حق تمہارے رب کی طرف سے ہے تو جو

فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | شَآءَ | فَلْيُؤْمِنْ | وَّ | مَنْ | شَآءَ | فَلْيَكْفُرْ | اِنَّآ | اَعْتَدْنَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | نَارًا |
| پھر جو | چاہے | ایمان لائے | اور | جو | چاہے | کفر کرے | بیشک ہم نے | تیار کی ہے | ظالموں کے لیے | آگ |

چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے بے شک ہم نے ظالموں کیلئے (ایسی) آگ تیار کی ہے جس (کے شعلوں) کی چار دیواری (ہر

اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَاطَ | بِهِمْ | سُرَادِقُهَا | وَ | اِنْ | يَّسْتَغِيْثُوْا | يُغَاثُوْا | بِمَآءٍ | كَالْمُهْلِ | يَشْوِي |
| گھیر لیں گی | ان کو | اس کے شعلے | اور | اگر | وہ پانی مانگیں گے | تو دیئے جائیں گے | پانی | کھولتا | کہ جھلس دے گا |

طرف سے) انہیں گھیر لے گی اور اگر (پیاس کی وجہ سے) وہ فریاد کریں تو ان کی فریاد رسی (اس) پانی سے ہوگی جو پگھلائے ہوئے تانبے کی

الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوُجُوْهَ | بِئْسَ | الشَّرَابُ | وَ | سَاۗءَتْ | مُرْتَفَقًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| چہروں کو | برا ہے | پینا | اور | برا ہے | ٹھکانا | بیشک | وہ جو | ایمان لائے |

طرح ہوگا جو (ان کے) چہروں کو بھون ڈالے گا کیا ہی برا پینا ہے اور دوزخ کیا ہی بدترین آرام گاہ ہے۔ بے شک وہ لوگ جو ایمان

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾ ج اُولٰۗىِٕكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | اِنَّا | لَا | نُضِيْعُ | اَجْرَ | مَنْ | اَحْسَنَ | عَمَلًا | اُولٰۗىِٕكَ |
| اور عمل کیے | اچھے | بیشک ہم | نہیں | ضائع کرتے | اجر | اس کا | جو اچھے کرے | عمل | یہ لوگ |

لائے اور انہوں نے نیک کام کیے یقیناً ہم نہیں ضائع کریں گے اجر ان لوگوں کا جن کے کام اچھے ہوں۔ ان کیلئے

لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | جَنّٰتُ | عَدْنٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهِمُ | الْاَنْهٰرُ | يُحَلَّوْنَ | فِيْهَا | مِنْ اَسَاوِرَ |
| ان کے لیے ہے | باغ | جنت کے | بہتی ہیں | ان کے نیچے | نہریں | پہنائے جائیں گے | اس میں | کنگن |

بسنے کے باغ ہیں ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں انہیں ان میں سونے کے کنگن

مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ ذَهَبٍ | وَّ | يَلْبَسُوْنَ | ثِيَابًا | خُضْرًا | مِّنْ سُنْدُسٍ |
| سونے کے | اور | پہنیں گے | کپڑے | سبز رنگ کے | کریب کے |

پہنائے جائیں گے اور باریک اور دبیز ریشم کے سبز کپڑے پہنیں گے وہاں تختوں پر تکیہ لگائے

وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـــِٕيْنَ فِيْهَا عَلَي الْاَرَاۗىِٕكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اِسْتَبْرَقٍ | مُّتَّكِـــِٕيْنَ | فِيْهَا | عَلَي الْاَرَاۗىِٕكِ | نِعْمَ | الثَّوَابُ | وَ | حَسُنَتْ |
| اور | مخمل کے | تکیہ لگائے ہوں گے | اس میں | تختوں پر | اچھا ہے | بدلہ | اور | اچھا ہے |

بیٹھا کریں کیا ہی اچھا ثواب اور جنت کیا ہی اچھی

ع ۵
۱۶

مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا

| مُرْتَفَقًا | وَاضْرِبْ | لَهُمْ | مَّثَلًا | رَّجُلَيْنِ | جَعَلْنَا | لِأَحَدِهِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھکانہ | اور بیان کر | ان کے لیے | مثال | دو مردوں کی | بنائے ہم نے | ان میں سے ایک کیلئے |

آرام کی جگہ ہے۔ اور ان کیلئے (بنی اسرائیل کے) دو آدمیوں کی مثال بیان کیجئے۔ اِن دونوں میں سے ایک کو ہم نے

جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾

| جَنَّتَيْنِ | مِنْ أَعْنَابٍ | وَّ | حَفَفْنٰهُمَا | بِنَخْلٍ | وَّجَعَلْنَا | بَيْنَهُمَا | زَرْعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو باغ | انگوروں سے | اور | گھیرا ہم نے ان دونوں کو | کھجوروں سے | اور بنائی ہم نے | ان کے درمیان | کھیتی |

انگوروں کے دو باغ دیئے اور اُن دونوں پر کھجور کے درختوں کی باڑ لگائی اور ان دونوں کے درمیان کھیت بنائے۔

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا

| كِلْتَا | الْجَنَّتَيْنِ | اٰتَتْ | أُكُلَهَا | وَلَمْ | تَظْلِمْ | مِّنْهُ | شَيْـًٔا | وَّ | فَجَّرْنَا | خِلٰلَهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ دونوں | باغ | لاتے | اپنا پھل | اور نہ | کم کرتا | اس سے | کچھ بھی | اور | بنائی ہم نے | ان دونوں کے درمیان |

ان دونوں باغوں میں کثرت سے پھل ہوتا تھا ان میں کسی صورت سے پیداوار میں کمی نہیں ہوتی تھی اور دونوں باغوں میں ہم نے

نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ

| نَهَرًا | وَّكَانَ | لَهٗ | ثَمَرٌ | فَقَالَ | لِصَاحِبِهٖ | وَ | هُوَ | يُحَاوِرُهٗٓ | أَنَا | أَكْثَرُ | مِنْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہر | اور تھا | اس کے لیے | پھل | تو کہا اس نے | اپنے ساتھی کو | اور | وہ | اس سے جھگڑتا تھا | میں | زیادہ ہوں | تجھ سے |

نہر جاری فرمادی تھی۔ اور اسے خوب پھل ملتا تھا پھر اس نے اپنے ساتھی سے جب وہ اس سے بات چیت کررہا تھا کہا میں تم سے مال میں

مَالًا وَّأَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ أَظُنُّ

| مَالًا | وَّأَعَزُّ | نَفَرًا | وَدَخَلَ | جَنَّتَهٗ | وَهُوَ | ظَالِمٌ | لِّنَفْسِهٖ | قَالَ | مَآ | أَظُنُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مال میں | اور عزت والا ہوں | کنبہ میں | اور گیا | اپنے باغ میں | اور وہ | ظلم کرنے والا تھا | اپنی جان پر | بولا | نہیں | خیال کرتا میں |

بڑھ کر ہوں اور آدمیوں میں زیادہ طاقت والا۔ اور (رب کے سامنے تکبر کے ساتھ) اپنی جان پر ظلم کرتا ہوا اپنے باغ میں داخل ہوا

أَنْ تَبِيدَ هَٰذِهِ أَبَدًا ﴿٣٥﴾ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِنْ رُدِدْتُ إِلَىٰ

| اَنْ | تَبِيْدَ | هٰذِهٖ | اَبَدًا | وَمَآ | اَظُنُّ | السَّاعَةَ | قَآئِمَةً | وَ | لَئِنْ | رُّدِدْتُّ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ہلاک ہو | یہ باغ | کبھی بھی | اور نہیں | خیال کرتا میں | قیامت کو | قائم ہونے والی | اور | اگر | میں لوٹا دیا گیا | طرف |

کہنے لگا مجھے گمان نہیں کہ یہ باغ کبھی تباہ ہوگا۔ اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت (کبھی) قائم ہوگی اور اگر میں اپنے رب کی

رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ

| رَبِّیْ | لَاَجِدَنَّ | خَیْرًا | مِّنْهَا | مُنْقَلَبًا | قَالَ | لَهٗ | صَاحِبُهٗ | وَ | هُوَ | یُحَاوِرُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے رب کی | تو ضرور پاؤنگا میں | بہتر | اس سے | جگہ پلٹنے کی | کہا | اس کو | اسکے ساتھی نے | اور | وہ | جھگڑتا تھا اس سے |

طرف لوٹایا (بھی) گیا تو بے شک اس باغ سے بہتر پلٹنے کی جگہ پاؤں گا۔ اس کے ساتھی نے گفتگو کے دوران جواب دیا

أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ

| اَكَفَرْتَ | بِالَّذِیْ | خَلَقَكَ | مِنْ تُرَابٍ | ثُمَّ | مِنْ نُّطْفَةٍ | ثُمَّ | سَوّٰىكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا کفر کیا تو نے | اس کا جس نے | تجھ کو پیدا کیا | مٹی سے | پھر | نطفہ سے | پھر | برابر کیا تجھے |

کہ تو اس کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے بنایا پھر پانی کی ایک بوند سے پھر تمہیں

رَجُلًا ﴿٣٧﴾ لَٰكِنَّا هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِرَبِّي أَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَا إِذْ

| رَجُلًا | لٰكِنَّا | هُوَ | اللّٰهُ | رَبِّیْ | وَ | لَآ | اُشْرِكُ | بِرَبِّیْٓ | اَحَدًا | وَلَوْلَآ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرد | لیکن | وہ | اللہ | میرا رب ہے | اور | نہ | شریک کرونگا میں | اپنے رب کے ساتھ | کسی کو | اور کیوں نہ | جب |

مکمل آدمی بنایا۔ لیکن میں تو یہی کہتا ہوں کہ وہ اللہ ہی میرا رب ہے اور میں کسی کو اپنے رب کا شریک نہیں کرتا ہوں۔ مگر تو نے

دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ إِنْ تَرَنِ أَنَا

| دَخَلْتَ | جَنَّتَكَ | قُلْتَ | مَا | شَآءَ | اللّٰهُ | لَا | قُوَّةَ | اِلَّا | بِاللّٰهِ | اِنْ | تَرَنِ | اَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو داخل ہوا | اپنے باغ میں | کہا تو نے | جو | چاہے | اللہ | نہیں | طاقت | مگر | اللہ سے | اگر | تو دیکھتا ہے مجھے | کہ میں |

جب تو اپنے باغ میں داخل ہوا کیوں نہ کہا جو اللہ نے چاہا زور تو صرف اللہ کے پاس ہے اگر تو دیکھتا ہے

اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٣٩﴾ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ

| اَقَلَّ | مِنْكَ | مَالًا | وَّ | وَلَدًا | فَعَسٰى | رَبِّيْٓ | اَنْ | يُّؤْتِيَنِ | خَيْرًا | مِّنْ جَنَّتِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت کم ہوں | تجھ سے | مال | اور | اولاد میں | تو قریب ہے | میرا رب | یہ کہ | دے مجھے | بہتر | تیرے باغ سے |

کہ میں مال اور اولاد میں تجھ سے کم ہوں۔ تو ممکن ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے

وَّ يُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا

| وَ | يُرْسِلَ | عَلَيْهَا | حُسْبَانًا | مِّنَ السَّمَآءِ | فَتُصْبِحَ | صَعِيْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بھیجے | اس پر | بجلی | آسمان سے | تو ہوجائے وہ | میدان |

بہتر دے دے اور اس تیرے باغ پر آسمان سے ایسی مصیبت بھیج دے کہ وہ

زَلَقًا ﴿٤٠﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَاُحِيْطَ

| زَلَقًا | اَوْ | يُصْبِحَ | مَآؤُهَا | غَوْرًا | فَلَنْ | تَسْتَطِيْعَ | لَهٗ | طَلَبًا | وَ | اُحِيْطَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چٹیل | یا | ہوجائے | اس کا پانی | خوب گہرا | تو ہرگز نہ | طاقت رکھے تو | اس کو | ڈھونڈنے کی | اور | گھیرا گیا |

ہموار مٹی بن جائے۔ یا اس کا پانی زمین کی گہرائی میں غائب ہوجائے پھر تو اسے ہرگز تلاش نہ کر سکے۔ اور (اس کے تکبر

بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى

| بِثَمَرِهٖ | فَاَصْبَحَ | يُقَلِّبُ | كَفَّيْهِ | عَلٰى | مَآ | اَنْفَقَ | فِيْهَا | وَ | هِيَ | خَاوِيَةٌ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کا پھل | تو ہوگیا وہ | ملتا تھا | اپنی ہتھیلیاں | اوپر | اسکے جو | خرچ کیا | اس میں | اور | وہ | گری پڑی تھی | اوپر |

کے باعث) اس کے پھل گھیر لئے گئے تو وہ (حسرت و یاس کی حالت میں) اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا اس مال (کے ضائع ہونے) پر جو اس نے باغ پر خرچ کیا

عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٤٢﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ

| عُرُوْشِهَا | وَ | يَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِيْ | لَمْ | اُشْرِكْ | بِرَبِّيْٓ | اَحَدًا | وَ | لَمْ | تَكُنْ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے چھتوں کے | اور | کہتا تھا | ہائے افسوس | نہ | شریک بناتا میں | اپنے رب کے ساتھ | کسی کو | اور | نہ | ہوئی | اسکی |

تھا اور (انجام یہ ہوا کہ) وہ باغ اپنی چھپر پر گرا پڑا تھا اور کہنے لگا اے کاش میں نے اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا ہوتا۔ اور اس کے پاس کوئی

فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ

| فِئَةٌ | يَّنْصُرُوْنَهٗ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَمَا | كَانَ | مُنْتَصِرًا | هُنَالِكَ | الْوَلَايَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی جماعت | جو مدد کرے اسکی | سوا | اللہ کے | اور نہ | ہوا وہ | بدلہ لینے والا | اس جگہ | بادشاہی |

جماعت نہ تھی کہ اللہ کے سامنے اس کی مدد کرتی نہ وہ بدلا لینے کے قابل تھا۔ یہاں سارا اختیار سچے

لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ ع

| لِلّٰهِ | الْحَقِّ | هُوَ | خَيْرٌ | ثَوَابًا | وَّخَيْرٌ | عُقْبًا | وَاضْرِبْ | لَهُمْ | مَّثَلَ | الْحَيٰوةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا ہے | سچے | وہ | بہتر ہے | ثواب میں | اور بہتر ہے | انجام میں | اور بیان کر | ان کیلئے | کہاوت | زندگی |

اللہ کا ہے اس کا ثواب سب سے بہتر اور اسے ماننے کا انجام سب سے بھلا ہے۔ اور ان سے دنیاوی زندگی کی مثال بیان کیجئے وہ

الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ

| الدُّنْيَا | كَمَآءٍ | اَنْزَلْنٰهُ | مِنَ السَّمَآءِ | فَاخْتَلَطَ | بِهٖ | نَبَاتُ | الْاَرْضِ | فَاَصْبَحَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا کی | جیسے پانی | اتارا ہم نے اسکو | آسمان سے | تو مل گئی | اسکے ساتھ | سبزی | زمین کی | تو ہو گئی |

ایسی ہے جیسے پانی جسے ہم نے آسمان سے اُتارا پھر اس کے ساتھ زمین کی نباتات خوب گھنی ہوگئیں

هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ

| هَشِيْمًا | تَذْرُوْهُ | الرِّيٰحُ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلٰي | كُلِّ | شَيْءٍ | مُّقْتَدِرًا | اَلْمَالُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چورا چورا | اڑاتی ہیں اسے | ہوائیں | اور | ہے | اللہ | اوپر | ہر | شے کے | قادر | مال |

پھر وہ ریزہ ریزہ ہوگیا جسے ہوائیں اُڑا لے جاتی ہیں اور اللہ ہر بات پر قدرت رکھتا ہے۔ مال اور

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ

| وَ | الْبَنُوْنَ | زِيْنَةُ | الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا | وَ | الْبٰقِيٰتُ | الصّٰلِحٰتُ | خَيْرٌ | عِنْدَ | رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیٹے | زیبائش ہیں | دنیا کی زندگی کے | اور | باقی رہنے والی | نیکیاں | بہتر ہیں | نزدیک | تمہارے رب کے |

بیٹے دنیاوی زندگی کی زینت ہیں اور باقی رہنے والی نیکیاں تمہارے رب کے ہاں ثواب میں بہتر ہیں اور اس کی

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ

| ثَوَابًا | وَّخَيْرٌ | اَمَلًا | وَ | يَوْمَ | نُسَيِّرُ | الْجِبَالَ | وَ | تَرَى | الْاَرْضَ | بَارِزَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ میں | اور بہتر ہیں | امید میں | اور | جس دن | ہم چلائینگے | پہاڑوں کو | اور | دیکھوگے تم | زمین کو | کھلی ہوئی |

امید بھی بہت ہی بہتر ہے۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور آپ زمین کو دیکھیں گے کہ وہ صاف

وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ ج وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ط

| وَّ | حَشَرْنٰهُمْ | فَلَمْ نُغَادِرْ | مِنْهُمْ | اَحَدًا | وَعُرِضُوْا | عَلٰى | رَبِّكَ | صَفًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہم انکو اکٹھا کرینگے | پھر ہم نہ چھوڑیں گے | ان میں سے | کسی کو | اور وہ پیش کیے جائینگے | اوپر | آپ کے رب کے | صف بناکر |

کھلا میدان ہے اور ہم ان (سب) کو جمع کرینگے تو ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے۔ اور سب تمہارے رب کی بارگاہ میں صف بستہ پیش ہوں گے

لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ

| لَقَدْ | جِئْتُمُوْنَا | كَمَا | خَلَقْنٰكُمْ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | بَلْ | زَعَمْتُمْ | اَلَّنْ | نَّجْعَلَ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | آئے تم | جیسے | پیدا کیا ہم نے تم کو | پہلی | بار | بلکہ | خیال کیا تم نے | یہ کہ ہرگز نہ | بنائیں گے ہم | تمہارے لیے |

بے شک تم آگئے ہمارے پاس جیسا کہ ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا (تمہیں تو اس کا یقین ہی نہ تھا) بلکہ تم یہ سمجھتے تھے کہ ہم تمہارے لئے کوئی وقت

مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ

| مَّوْعِدًا | وَ | وُضِعَ | الْكِتٰبُ | فَتَرَى | الْمُجْرِمِيْنَ | مُشْفِقِيْنَ | مِمَّا | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی وعدہ | اور | رکھی جائیگی | کتاب | دیکھوگے تم | مجرموں کو | ڈرتے | اس چیز سے جو | اس میں ہے |

مقرر ہی نہیں کریں گے۔ اور نامہ ٔ اعمال رکھا جائے گا تو تم مجرموں کو دیکھو گے کہ اس کے لکھے سے

وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ

| وَ | يَقُوْلُوْنَ | يٰوَيْلَتَنَا | مَالِ | هٰذَا | الْكِتٰبِ | لَا يُغَادِرُ | صَغِيْرَةً | وَّ | لَا كَبِيْرَةً | اِلَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کہیں گے | ہائے افسوس ہم پر | کیا ہے | اس | کتاب کو | نہیں چھوڑا | کوئی چھوٹا گناہ | اور | نہ بڑا | مگر |

ڈرتے ہوں گے اور کہیں گے ہائے خرابی ہمارے اس نامہ ٔ اعمال کو کیا ہوا نہ اس نے کوئی چھوٹا گناہ

أَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَحْصٰهَا | وَ | وَجَدُوْا | مَا | عَمِلُوْا | حَاضِرًا | وَ | لَا يَظْلِمُ | رَبُّكَ |
| گن رکھا ہے اسکو | اور | پائیں گے | جو | عمل کیے انہوں نے | حاضر | اور | ظلم نہیں کرتا | تمہارا رب |

چھوڑا نہ بڑا جسے گھیر کر شمار نہ کرلیا ہو اور اپنا سب کیا انہوں نے سامنے پایا اور تمہارا رب کسی پر

أَحَدًا ۝٤٩ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ ع ۵ ۱۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَحَدًا | وَ | إِذْ | قُلْنَا | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اسْجُدُوْا | لِاٰدَمَ | فَسَجَدُوْٓا | اِلَّآ |
| کسی پر | اور | جب | فرمایا ہم نے | فرشتوں کو | سجدہ کرو | آدم کو | تو سجدہ کیا انہوں نے | مگر |

ظلم نہیں کرتا۔ اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوا

اِبْلِيْسَ ۗ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۗ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِبْلِيْسَ | كَانَ | مِنَ الْجِنِّ | فَفَسَقَ | عَنْ اَمْرِ | رَبِّهٖ |
| ابلیس نے | تھا وہ | جنوں سے | تو نکل گیا | حکم سے | اپنے رب کے |

ابلیس کے کہ وہ قوم جن میں سے تھا تو اپنے رب کے حکم سے نکل گیا

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ | وَذُرِّيَّتَهٗ | اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِيْ | وَ | هُمْ | لَكُمْ | عَدُوٌّ |
| کیا تم اسے بناتے ہو | اور اس کی اولاد کو | دوست | میرے سوا | اور | وہ | تمہارے | دشمن ہیں |

بھلا کیا اسے اور اس کی اولاد کو میرے سوا دوست بناتے ہو اور وہ تمہارے دشمن ہیں

بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝٥٠ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِئْسَ | لِلظّٰلِمِيْنَ | بَدَلًا | مَآ | اَشْهَدْتُّهُمْ | خَلْقَ | السَّمٰوٰتِ |
| برا ہے | ظالموں کے لیے | بدلہ | نہیں | موجود رکھا ان کو میں نے | پیدائش | آسمانوں |

ظالموں کو کیا ہی برا بدلا ملا ہے۔ میں نے آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں انہیں نہیں بلایا

وَالْاَرْضِ وَ لَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۠ وَ مَا كُنْتُ مُتَّخِذَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضِ | وَ | لَا | خَلْقَ | اَنْفُسِهِمْ | وَ | مَا | كُنْتُ | مُتَّخِذَ |
| اور زمین کے وقت | اور | نہ | پیدائش | ان کی جانوں کے وقت | اور | نہیں | ہوں میں | بنانے والا |

اور نہ ان کی اپنی پیدائش میں اور میں گمراہ کرنے والوں کو اپنا

الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَ يَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُضِلِّيْنَ | عَضُدًا | وَ | يَوْمَ | يَقُوْلُ | نَادُوْا | شُرَكَآءِيَ | الَّذِيْنَ |
| گمراہ کرنے والوں کو | مددگار | اور | جس دن | فرمائے گا | بلاؤ | میرے شریکوں کو | وہ جنہیں |

مددگار بنانے والا نہیں۔ اور جس دن وہ فرمائے گا بلاؤ میرے شریکوں کو جن پر

زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زَعَمْتُمْ | فَدَعَوْهُمْ | فَلَمْ | يَسْتَجِيْبُوْا | لَهُمْ | وَجَعَلْنَا | بَيْنَهُمْ |
| تم نے گمان کیا | تو وہ ان کو پکاریں گے | تو نہ | جواب دیں گے وہ ان کو | ان کو | اور بنائینگے ہم | ان کے درمیان |

تم دعویٰ رکھتے تھے پھر وہ انہیں بلائیں گے مگر وہ انہیں جواب نہیں دیں گے اور ہم ان کے درمیان

مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّوْبِقًا | وَ | رَاَ | الْمُجْرِمُوْنَ | النَّارَ | فَظَنُّوْٓا | اَنَّهُمْ | مُّوَاقِعُوْهَا |
| ہلاکت کا میدان | اور | دیکھیں گے | مجرم | آگ کو | تو یقین کرینگے کہ | وہ | گرنے والے ہیں اس میں |

ایک گڑھا بنا دیں گے۔ اور مجرم جہنم کی آگ دیکھ کر یقین کریں گے کہ بے شک وہ اس میں گرنے والے ہیں

وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ ع وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ ع ۷ ۱۹

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَمْ | يَجِدُوْا | عَنْهَا | مَصْرِفًا | وَ | لَقَدْ | صَرَّفْنَا | فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ |
| اور نہ | پائیں گے | اس سے | پھرنے کی جگہ | اور | بیشک | طرح طرح سے بیان کیں ہم نے | اس قرآن میں |

اور وہ اس سے بچنے کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کیلئے ہر

لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِلنَّاسِ | مِنْ كُلِّ | مَثَلٍ | وَكَانَ | الْاِنْسَانُ | اَكْثَرَ شَيْءٍ |
| لوگوں کے لیے | ہر طرح کی | مثالیں | اور ہے | آدمی | ہر چیز سے بڑھ کر |

قسم کی مثال بار بار بیان فرمائی اور انسان ہر چیز سے زیادہ

جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَدَلًا | وَ | مَا | مَنَعَ | النَّاسَ | اَنْ | يُّؤْمِنُوْٓا | اِذْ | جَآءَهُمُ |
| جھگڑالو | اور | نہ | روکا | لوگوں کو | اس سے کہ | ایمان لائیں | جب | آئی ان کے پاس |

جھگڑالو ہے۔ اور لوگوں کو ایمان لانے سے کس چیز نے روکا جب کہ ہدایت ان کے پاس آئی

الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْهُدٰى | وَ | يَسْتَغْفِرُوْا | رَبَّهُمْ | اِلَّآ | اَنْ | تَاْتِيَهُمْ | سُنَّةُ | الْاَوَّلِيْنَ |
| ہدایت | اور | بخشش مانگیں | اپنے رب سے | مگر | یہ کہ | آئے ان کے پاس | دستور | پہلوں کا |

اور اپنے رب سے معافی مانگتے مگر یہ کہ ان پر پہلوں کا دستور آئے

اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | يَاْتِيَهُمُ | الْعَذَابُ | قُبُلًا | وَ | مَا | نُرْسِلُ | الْمُرْسَلِيْنَ | اِلَّا |
| یا | آئے ان کے پاس | عذاب | سامنے | اور | نہیں | بھیجتے ہم | رسولوں کو | مگر |

یا ان پر قسم قسم کا عذاب آئے۔ اور ہم رسولوں کو تو خوشخبری دینے والا

مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُبَشِّرِيْنَ | وَمُنْذِرِيْنَ | وَ | يُجَادِلُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِالْبَاطِلِ |
| خوشخبری دینے والے | اور ڈرانے والے | اور | جھگڑتے ہیں | وہ جو | کافر ہیں | باطل کے ساتھ |

اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجتے ہیں۔ اور جو کافر ہیں وہ باطل کی دلیل کے ساتھ جھگڑتے ہیں

لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيُدْحِضُوْا | بِهِ | الْحَقَّ | وَ | اتَّخَذُوْٓا | اٰيٰتِيْ | وَ | مَآ | اُنْذِرُوْا | هُزُوًا |
| تاکہ ہٹائیں | اسکے ساتھ | حق کو | اور | پکڑا انہوں نے | میری آیتوں کو | اور | جس سے | ڈرائے گئے | ہنسی |

کہ اس سے حق کو مٹا دیں اور انہوں نے میری آیتوں کو ہنسی مذاق بنا لیا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | ذُكِّرَ | بِاٰيٰتِ | رَبِّهٖ | فَاَعْرَضَ | عَنْهَا | وَ | نَسِيَ |
| اور | کون | زیادہ ظالم ہے | اس سے جو | نصیحت کیا گیا | ساتھ آیات | اپنے رب کے | تو منہ پھیرا | اس سے | اور | بھول گیا |

اور اس سے بڑا ظالم کون ہے جسے اس کے رب کی آیتیں یاد دلائی گئیں تو وہ ان سے

مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | قَدَّمَتْ | يَدٰهُ | اِنَّا | جَعَلْنَا | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | اَكِنَّةً | اَنْ |
| جو | آگے بھیجا | اسکے ہاتھوں نے | بیشک | ہم نے کیا | اوپر | ان کے دلوں کے | غلاف | یہ کہ |

کنارا کر گیا اور جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا تھا اسے بھول گیا ہم نے ان کے دلوں پر پردہ

يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّفْقَهُوْهُ | وَ | فِيْٓ اٰذَانِهِمْ | وَقْرًا | وَ | اِنْ | تَدْعُهُمْ | اِلَى الْهُدٰى |
| سمجھیں اس کو | اور | ان کے کانوں میں | گرانی | اور | اگر | تم انہیں بلاؤ | ہدایت کی طرف |

اور ان کے کانوں میں بوجھ ڈال دیئے ہیں تاکہ اسے سمجھ نہ پائیں اور اگر آپ انہیں ہدایت کی طرف بلائیں

فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَنْ | يَّهْتَدُوْٓا | اِذًا | اَبَدًا | وَ | رَبُّكَ | الْغَفُوْرُ | ذُوالرَّحْمَةِ | لَوْ |
| تو ہرگز نہ | ہدایت پائیں | اس وقت | کبھی بھی | اور | تمہارا رب | بخشنے والا | رحمت کرنے والا ہے | اگر |

تو بھی وہ کبھی ہدایت پر نہیں آئیں گے۔ مگر تمہارا رب بخشنے والا اور رحمت والا ہے اگر وہ لوگوں کو

يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ

| يُؤَاخِذُهُمْ | بِمَا | كَسَبُوْا | لَعَجَّلَ | لَهُمُ | الْعَذَابَ | بَلْ | لَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو پکڑے | ساتھ اس کے | جو کمایا انہوں نے | تو جلدی کرے | ان کے لیے | عذاب | بلکہ | ان کے لیے |

اس کے سبب جو وہ کماتے ہیں پکڑے تو ان کیلئے عذاب کو جلدی لے آئے نہیں بلکہ ان کیلئے وعدے کا

مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى

| مَّوْعِدٌ | لَّنْ | يَّجِدُوْا | مِنْ دُوْنِهٖ | مَوْئِلًا | وَ | تِلْكَ | الْقُرٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ ہے | ہرگز نہ | پائیں گے | اس کے سوا | پناہ کی جگہ | اور | یہ | بستیاں ہیں |

ایک وقت ہے جب وہ اس کے سوا کوئی پناہ گاہ نہیں پائیں گے۔ اور یہ بستیاں ہیں ہم نے ان کے رہنے والوں

اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع وَاِذْ قَالَ ع ۲۰

| اَهْلَكْنٰهُمْ | لَمَّا | ظَلَمُوْا | وَ | جَعَلْنَا | لِمَهْلِكِهِمْ | مَّوْعِدًا | وَ | اِذْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ ہم نے ہلاک کیا انکو | جب | ظلم کیا انہوں نے | اور | بنایا ہم نے | انکی ہلاکت کیلئے | وعدہ کا وقت | اور | جب | کہا |

کو ہلاک کر دیا جب انہوں نے ظلم کیا اور ہم نے ان کی ہلاکت کیلئے ایک میعاد مقرر کر دی تھی۔ اور جب موسیٰ علیہ السلام

مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ

| مُوْسٰى | لِفَتٰىهُ | لَآ اَبْرَحُ | حَتّٰٓى | اَبْلُغَ | مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ نے | اپنے خادم سے | میں ہمیشہ چلونگا | یہاں تک کہ | میں پہنچوں | دو سمندروں کے ملنے کی جگہ | یا |

نے اپنے جوان (ساتھی) سے فرمایا میں نہیں ٹھہروں گا جب تک دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ تک نہ پہنچوں

اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا

| اَمْضِيَ | حُقُبًا | فَلَمَّا | بَلَغَا | مَجْمَعَ | بَيْنِهِمَا | نَسِيَا | حُوْتَهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چلتا جاؤں | سال | پھر جب | پہنچے وہ دونوں | ملنے کی جگہ | ان دونوں کے | تو بھول گئے | اپنی مچھلی کو |

یا سالہا سال چلتا رہوں۔ پھر جب وہ دونوں ان دریاؤں کے ملنے کی جگہ پہنچے اپنی مچھلی بھول گئے

فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ

| فَاتَّخَذَ | سَبِيْلَهٗ | فِي الْبَحْرِ | سَرَبًا | فَلَمَّا | جَاوَزَا | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بنایا اس نے | اپنا رستہ | سمندر میں | سرنگ بنا کر | پھر جب | گذرے | کہا موسیٰ نے |

اور اس نے سمندر میں سرنگ کی طرح کا رستہ بنا لیا۔ پھر جب وہاں سے گزر گئے

لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۡ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾

| لِفَتٰىهُ | اٰتِنَا | غَدَآءَنَا | لَقَدْ | لَقِيْنَا | مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا | نَصَبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے خادم کو | لاؤ ہمارے پاس | ہمارا کھانا | بیشک | پہنچی ہمیں | اپنے اس سفر سے | مشقت |

موسیٰ علیہ السلام نے نوجوان ساتھی سے کہا ہمارا کھانا لاؤ بے شک ہمیں اپنے اس سفر میں بڑی مشقت کا سامنا ہوا۔

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ

| قَالَ | اَرَءَيْتَ | اِذْ | اَوَيْنَآ | اِلَى | الصَّخْرَةِ | فَاِنِّيْ | نَسِيْتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولا | کیا دیکھا آپ نے | جب | جگہ پکڑی ہم نے | طرف | پتھر کی | تو بیشک میں | بھول گیا |

وہ بولے کیا آپ نے دیکھا کہ جب ہم اس چٹان کے پاس ٹھہرے تو میں مچھلی کو بھول گیا

الْحُوْتَ ۡ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ

| الْحُوْتَ | وَ | مَآ | اَنْسٰنِيْهُ | اِلَّا | الشَّيْطٰنُ | اَنْ | اَذْكُرَهٗ | وَاتَّخَذَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مچھلی کو | اور | نہ | بھلائی مجھے وہ مچھلی | مگر | شیطان نے | یہ کہ | ذکر کروں اس کا | اور پکڑا اس نے |

اور مجھے شیطان نے ہی بھلایا کہ میں اس کا ذکر نہ کروں اور اس نے سمندر میں

سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا

| سَبِيْلَهٗ | فِي الْبَحْرِ | عَجَبًا | قَالَ | ذٰلِكَ | مَا | كُنَّا | نَبْغِ | فَارْتَدَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنا رستہ | سمندر میں | عجب طرح | فرمایا | یہی تھی | وہ جگہ | جس کو ہم | ڈھونڈتے تھے | تو واپس ہوئے |

عجیب طرح سے راہ بنا لی۔ اس نے کہا یہی تو تھا جسے ہم ڈھونڈتے تھے پھر وہ اپنے

عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا

| عَلٰٓى | اٰثَارِهِمَا | قَصَصًا | فَوَجَدَا | عَبْدًا |
|---|---|---|---|---|
| اوپر | اپنے قدموں کے | نشان دیکھتے | تو پایا ان دونوں نے | ایک بندہ |

نشانہائے قدم پر واپس لوٹے۔ تو انہوں نے ہمارے بندوں

مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ

| مِّنْ عِبَادِنَآ | اٰتَيْنٰهُ | رَحْمَةً | مِّنْ عِنْدِنَا | وَ | عَلَّمْنٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے بندوں سے | کردی ہم نے اسکو | رحمت | اپنے پاس سے | اور | سکھایا ہم نے اسکو |

میں سے ایک بندے (خضر علیہ السلام) کو پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی اور اسے اپنے

مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى

| مِنْ لَّدُنَّا | عِلْمًا | قَالَ | لَهٗ | مُوْسٰى | هَلْ | اَتَّبِعُكَ | عَلٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے پاس سے | علم | فرمایا | اسے | موسیٰ نے | کیا | پیروی کروں میں تیری | اس پر |

پاس سے خاص علم عطا کیا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: کیا میں آپ کے ساتھ اس علم کو

اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ

| اَنْ | تُعَلِّمَنِ | مِمَّا | عُلِّمْتَ | رُشْدًا | قَالَ | اِنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | سکھائے تو مجھ کو | اس چیز سے | جو تو سکھایا گیا | بھلائی | بولا | یقیناً آپ |

سیکھنے کے لیے رہوں جو اللہ نے آپ کو بھلائی کی باتیں سکھائی ہیں۔ اُس نے کہا: ”یقیناً تم میرے ساتھ

لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا

| لَنْ تَسْتَطِيْعَ | مَعِيَ | صَبْرًا | وَ | كَيْفَ | تَصْبِرُ | عَلٰى | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کبھی نہیں کر سکیں گے | میرے ساتھ | صبر | اور | کیسے | صبر کریں گے آپ | اوپر | اس کے |

صبر کرنے کی ہرگز استطاعت نہیں رکھتے۔ اور تم اس چیز پر کیسے صبر کر سکتے ہو

لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ تُحِطْ | بِهٖ | خُبْرًا | قَالَ | سَتَجِدُنِيْٓ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ |
| جونہ گھیرا تم نے | اس کو | علم سے | فرمایا | جلدی پاؤ گے تم مجھ کو | اگر | چاہا | اللہ نے |

جس کی تمہیں کچھ خبر ہی نہیں؟" اس نے کہا انشاء اللہ تو مجھے صابر پائے گا اور

صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَابِرًا | وَّ | لَآ | اَعْصِيْ | لَكَ | اَمْرًا | قَالَ | فَاِنِ | اتَّبَعْتَنِيْ |
| صبر کرنے والا | اور | نہ | نافرمانی کروں گا | تیری | کسی کام میں | بولا | تو اگر | آپ پیروی کریں میری |

میں کسی بات میں تیری نافرمانی نہیں کروں گا۔ اس نے کہا اگر تم میرے ساتھ چلتے ہو تو

فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع
ع ۹ ۱۱ ۲۱

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا | تَسْـَٔلْنِيْ | عَنْ | شَيْءٍ | حَتّٰٓى | اُحْدِثَ | لَكَ | مِنْهُ | ذِكْرًا |
| تو نہ | سوال کرنا مجھ سے | کسی | چیز کا | یہاں تک کہ | میں بیان کروں | آپ کے لیے | اس کا | تذکرہ |

مجھ سے کسی بات کے بارے میں نہ پوچھنا جب تک میں خود ہی تجھ سے اس کا ذکر نہ کروں۔

فَانْطَلَقَا ٚ وقفة حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ط

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَانْطَلَقَا | حَتّٰٓى | اِذَا | رَكِبَا | فِي السَّفِيْنَةِ | خَرَقَهَا |
| تو وہ دونوں چلے | یہاں تک کہ | جب | وہ دونوں سوار ہوئے | کشتی میں | چیر دیا اس کو |

پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے تو (ہمارے اس بندہ نے) اس کشتی کا ایک تختہ

قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ج لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | اَخَرَقْتَهَا | لِتُغْرِقَ | اَهْلَهَا | لَقَدْ | جِئْتَ | شَيْـًٔا |
| کہا | پھاڑ دیا تو نے اس کو | تاکہ غرق کردے | کشتی والوں کو | بیشک | لایا تو | چیز |

توڑ دیا موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کیا آپ نے اسے اس لئے توڑا کہ اس کشتی والوں کو غرق کر دیں بے شک آپ نے

## اِمْرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ

| اِمْرًا | قَالَ | اَلَمْ | اَقُلْ | اِنَّكَ | لَنْ | تَسْتَطِيْعَ | مَعِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بری | کہا | کیا نہیں | کہا تھا میں نے | کہ یقیناً تو | ہرگز نہ | طاقت رکھے گا تو | میرے ساتھ |

بڑا نقصان والا کام کیا۔ (ہمارے بندہ نے) فرمایا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ بے شک آپ ہرگز میرے ساتھ

## صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ

| صَبْرًا | قَالَ | لَا | تُؤَاخِذْنِيْ | بِمَا | نَسِيْتُ | وَ | لَا | تُرْهِقْنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صبر کی | کہا | نہ | گرفت کرتو مجھ پر | اس کی جو | میں بھول گیا | اور | نہ | مشکل ڈال مجھ پر |

صبر نہ کر سکیں گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا: ”جو میں بھول گیا اُس پر مجھے نہ پکڑیں اور میرے معاملے

## مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿۷۳﴾ فَانْطَلَقَا ٭ وقفة حَتّٰى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا

| مِنْ اَمْرِيْ | عُسْرًا | فَانْطَلَقَا | حَتّٰى | اِذَا | لَقِيَا | غُلٰمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے کام میں | تنگی سے | تو وہ دونوں چلے | یہاں تک کہ | جب | ملے | ایک لڑکے کو |

میں مجھے مشکل میں نہ ڈالیں۔“ پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب ایک لڑکا ملا

## فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً ۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ

| فَقَتَلَهٗ | قَالَ | اَقَتَلْتَ | نَفْسًا | زَكِيَّةً | بِغَيْرِ | نَفْسٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو قتل کر ڈالا اسے | کہا | کیا قتل کیا تو نے | ایک جان | پاک کو | بغیر | کسی جان کے |

اس بندہ نے اسے قتل کر دیا موسیٰ علیہ السلام نے کہا کیا تم نے ایک بے گناہ کو

## لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿۷۴﴾

| لَقَدْ | جِئْتَ | شَيْـًٔا | نُّكْرًا |
|---|---|---|---|
| بیشک | تم کیا | ایک کام | بہت برا |

قتل کر دیا بے شک تم نے بہت برا کیا۔

الجزء ١٦

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۵﴾ قَالَ اِنْ

| قَالَ | اَلَمْ | اَقُلْ | لَّكَ | اِنَّكَ | لَنْ | تَسْتَطِيْعَ | مَعِيَ | صَبْرًا | قَالَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | کیا نہیں | کہا تھا میں نے | آپ سے | کہ بیشک آپ | ہرگز نہ | طاقت رکھیں گے | میرے ساتھ | صبر کی | کہا | اگر |

اس بندہ (خضر علیہ السلام) نے (موسیٰ علیہ السلام) سے کہا کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے؟ موسیٰ

سَاَلْتُكَ عَنْ شَیْءٍۭ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِیْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ

| سَاَلْتُكَ | عَنْ شَیْءٍۭ | بَعْدَهَا | فَلَا | تُصٰحِبْنِیْ | قَدْ | بَلَغْتَ | مِنْ لَّدُنِّیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں نے آپ سے سوال کیا | کسی چیز کے متعلق | اس کے بعد | تو نہ | ساتھ رکھنا مجھے | بیشک | پہنچا تو | میری طرف سے |

(علیہ السلام) نے کہا اگر اس کے بعد میں نے آپ سے کسی چیز کے متعلق پوچھا تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھنا بے شک میری طرف سے

عُذْرًا ﴿۷۶﴾ فَانْطَلَقَا ۫ وقفة حَتّٰۤی اِذَاۤ اَتَیَاۤ اَهْلَ قَرْیَةِ ِۨاسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا

| عُذْرًا | فَانْطَلَقَا | حَتّٰۤی | اِذَاۤ | اَتَیَاۤ | اَهْلَ قَرْیَةِ ِۨ | اسْتَطْعَمَاۤ | اَهْلَهَا | فَاَبَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذر کو | تو چلے دونوں | یہاں تک کہ | جب | آئے | ایک بستی والوں کے پاس | تو کھانا مانگا انہوں نے | بستی والوں سے | تو انہوں نے انکار کیا |

آپکا عذر پورا ہوا۔ پھر وہ دونوں (آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک بستی میں پہنچے تو ان سے کھانا طلب فرمایا تو انہوں نے ان کی

اَنْ یُّضَیِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِیْهَا جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ یَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ

| اَنْ | یُّضَیِّفُوْهُمَا | فَوَجَدَا | فِیْهَا | جِدَارًا | یُّرِیْدُ | اَنْ | یَّنْقَضَّ | فَاَقَامَهٗ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | مہمان بنائیں انکو | تو پایا دونوں نے | اس میں | ایک دیوار کو | جو چاہتی تھی | یہ کہ | گر جائے | تو اسے کھڑا کر دیا | کہا |

مہمان نوازی سے انکار کر دیا پھر اس بستی میں انہوں نے ایک دیوار پائی جو گرنے ہی والی تھی تو (خضر علیہ السلام نے) اسے سیدھا کر دیا موسیٰ

لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَیْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَیْنِیْ وَ بَیْنِكَ ۚ

| لَوْ | شِئْتَ | لَتَّخَذْتَ | عَلَیْهِ | اَجْرًا | قَالَ | هٰذَا | فِرَاقُ | بَیْنِیْ | وَ | بَیْنِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | تم چاہتے | تو لے لیتے | اس پر | مزدوری | کہا | یہ ہے | جدائی | میرے | اور | آپکے درمیان |

علیہ السلام نے فرمایا اگر آپ چاہتے تو اس پر (ان سے کچھ) مزدوری لے لیتے۔ (خضر علیہ السلام نے کہا) اب اس پر میرے اور آپ کے

سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاُنَبِّئُكَ | بِتَاْوِيْلِ | مَا لَمْ | تَسْتَطِعْ | عَّلَيْهِ | صَبْرًا | اَمَّا | السَّفِيْنَةُ |
| جلدی بتاؤں گا میں آپکو | مقصد | ان کا کہ نہ | طاقت رکھی آپنے | اس پر | صبر کرنے کی | وہ جو | کشتی تھی |

درمیان جدائی ہے اب میں ان باتوں کی حقیقت آپ کو بتاتا ہوں جن پر آپ صبر نہ کر سکے۔ وہ جو کشتی تھی وہ چند

فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَكَانَتْ | لِمَسٰكِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ | فِي الْبَحْرِ | فَاَرَدْتُّ | اَنْ | اَعِيْبَهَا | وَ | كَانَ |
| وہ تھی | کچھ محتاجوں کی | جو کام کرتے تھے | دریا میں | تو ارادہ کیا میں نے | یہ کہ | عیب دار کروں اسے | اور | تھا |

مساکین کی تھی کہ دریا میں کام کرتے تھے تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کر دوں اور ان کے پیچھے

وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَرَآءَهُمْ | مَّلِكٌ | يَّاْخُذُ | كُلَّ | سَفِيْنَةٍ | غَصْبًا | وَ | اَمَّا | الْغُلٰمُ | فَكَانَ | اَبَوٰهُ |
| ان کے پیچھے | ایک بادشاہ | جو پکڑ لیتا | ہر ایک اچھی | کشتی | چھین کر | اور | وہ جو | لڑکا تھا | سو تھے | اسکے ماں باپ |

ایک بادشاہ تھا کہ (ہر بے عیب) کشتی زبردستی چھین لیتا تھا۔ اور وہ جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ مسلمان تھے

مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنَيْنِ | فَخَشِيْنَآ | اَنْ | يُّرْهِقَهُمَا | طُغْيَانًا | وَّ | كُفْرًا | فَاَرَدْنَآ | اَنْ |
| مومن | تو ڈرے ہم | یہ کہ | چڑھاوے ان کو | سرکشی | اور | کفر پر | تو ارادہ کیا ہم نے | یہ کہ |

تو ہمیں ڈر ہوا کہ جوان ہو کر وہ ان کو سرکشی اور کفر میں مبتلا نہ کر دے۔ سو ہم نے چاہا کہ انہیں ان کا رب اسکے بدلے میں ان کو

يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّبْدِلَهُمَا | رَبُّهُمَا | خَيْرًا | مِّنْهُ | زَكٰوةً | وَّ | اَقْرَبَ | رُحْمًا | وَ | اَمَّا | الْجِدَارُ |
| بدل دے ان کو | ان کا رب | بہتر | اس سے | ستھرا | اور | بہت قریب | مہربانی میں | اور | وہ جو | دیوار تھی |

ایسی اولاد عطا فرمائے جو اس سے زیادہ پاکیزہ اور مہربانی اور محبت میں زیادہ قریب ہو۔ اور وہ جو دیوار تھی،

فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَكَانَ | لِغُلٰمَيْنِ | يَتِيْمَيْنِ | فِي الْمَدِيْنَةِ | وَ | كَانَ | تَحْتَهٗ | كَنْزٌ لَّهُمَا | وَكَانَ |
| وہ تھی | دو لڑکوں | یتیم کی | شہر میں | اور | تھا | اس کے نیچے | خزانہ ان کا | اور تھا |

وہ شہر کے دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس کے نیچے ان کا خزانہ تھا اور ان کا باپ ایک

اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبُوْهُمَا | صَالِحًا | فَاَرَادَ | رَبُّكَ | اَنْ | يَّبْلُغَآ | اَشُدَّهُمَا | وَ | يَسْتَخْرِجَا |
| ان کا باپ | نیک | تو ارادہ کیا | تمہارے رب نے | یہ کہ | پہنچیں وہ | اپنی جوانی کو | اور | نکالیں |

نیک آدمی تھا سو آپ کے رب نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچیں اور آپ کے رب کی

كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۗ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَنْزَهُمَا | رَحْمَةً | مِّنْ رَّبِّكَ | وَمَا | فَعَلْتُهٗ | عَنْ اَمْرِيْ | ذٰلِكَ | تَاْوِيْلُ |
| اپنا خزانہ | رحمت تھی | آپ کے رب کی | اور نہیں | کیا میں نے اس کو | اپنی مرضی سے | یہ | مقصد تھا |

مہربانی سے اپنا خزانہ نکال لیں اور ایسا میں نے اپنی مرضی سے نہیں کیا، یہ ہے مطلب ان باتوں کا

مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۭ ﴿٨٢﴾ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ ع ١٢ ١

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا لَمْ | تَسْطِعْ | عَّلَيْهِ | صَبْرًا | وَ | يَسْــَٔـلُوْنَكَ | عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ | قُلْ |
| ان کا جو نہ | طاقت رکھی تو نے | اس پر | صبر کی | اور | پوچھتے ہیں آپ سے | ذوالقرنین کے متعلق | فرما دیجیے |

جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔ اور (اے حبیب ﷺ!) آپ سے ذوالقرنین (خضر علیہ السلام کے خالہ زاد بھائی سکندر

سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاَتْلُوْا | عَلَيْكُمْ | مِّنْهُ | ذِكْرًا | اِنَّا | مَكَّنَّا | لَهٗ | فِي الْاَرْضِ | وَاٰتَيْنٰهُ | مِنْ كُلِّ شَيْءٍ |
| جلدی پڑھوں گا | تم پر | اس کا | ذکر | بیشک ہم نے | قابو دیا | اس کو | زمین میں | اور دیا اس کو ہم نے | ہر طرح کا |

اکبر) کے متعلق پوچھتے ہیں فرما دیجیے ابھی میں ان کا ذکر تم پر پڑھتا ہوں۔ بے شک ہم نے انہیں زمین میں سلطنت عطا فرمائی

سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

| سَبَبًا | فَاَتْبَعَ | سَبَبًا | حَتّٰٓى | اِذَا | بَلَغَ | مَغْرِبَ | الشَّمْسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سامان | تو پیچھے لگا وہ | اسباب کے | حتی کہ | جب | پہنچا | جگہ غروب ہونے | سورج کی |

اور ہم نے انہیں ہر چیز سے ساز و سامان عطا فرمایا۔ پھر ذوالقرنین ایک راستے کے پیچھے چلا۔ یہاں تک کہ جب سورج ڈوبنے

وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ؕ قُلْنَا

| وَجَدَهَا | تَغْرُبُ | فِیْ عَیْنٍ | حَمِئَةٍ | وَّوَجَدَ | عِنْدَهَا | قَوْمًا | قُلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پایا اسے | غروب ہوتا | چشمہ میں | سیاہ کیچڑ | اور پائی | اس کے پاس | ایک قوم | ہم نے کہا |

کی جگہ پہنچا اسے ایک سیاہ کیچڑ کے چشمہ میں ڈوبتا ہوا پایا اور وہاں ایک قوم ملی ہم نے فرمایا

یٰذَا الْقَرْنَیْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِیْهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ اَمَّا

| یٰذَا الْقَرْنَیْنِ | اِمَّآ | اَنْ | تُعَذِّبَ | وَ | اِمَّآ | اَنْ | تَتَّخِذَ | فِیْهِمْ | حُسْنًا | قَالَ | اَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے ذوالقرنین | یا تو | یہ ہے کہ | سزا دے تو | اور | یا | یہ کہ | پکڑے تو | ان میں | بھلائی | عرض کی | پھر |

اے ذوالقرنین! یا تو تو انہیں سزا دے یا ان کے ساتھ بھلائی اختیار کر۔ ذوالقرنین نے

مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ یُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَیُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾

| مَنْ | ظَلَمَ | فَسَوْفَ | نُعَذِّبُهٗ | ثُمَّ | یُرَدُّ | اِلٰى | رَبِّهٖ | فَیُعَذِّبُهٗ | عَذَابًا | نُّكْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس نے | ظلم کیا | تو جلدی | سزا دینگے ہم اسے | پھر | لوٹایا جائے گا | طرف | اپنے رب کی | تو وہ سزا دیگا اسے | سزا | بڑی سخت |

عرض کی: "اب جس نے ظلم کیا پھر ہم جلد ہی اُس سزا کو دیں گے۔ پھر وہ اپنے رب کی طرف پلٹایا جائے گا۔ پھر وہ اُس کو سخت سزا دے گا۔

وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ

| وَ | اَمَّا | مَنْ | اٰمَنَ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَلَهٗ | جَزَآءَ | الْحُسْنٰى | وَسَنَقُوْلُ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | جو | ایمان لایا | اور | عمل کیے | اچھے | تو اسکے لیے | بدلہ ہے | اچھا | اور ہم کہیں گے | اس کیلئے |

تاہم جو ایمان لایا اور اس نے اچھے کام کیے تو اس کیلئے نہایت عمدہ جزا ہو گی اور اپنے معاملے میں

مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ۚ ﴿٨٨﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ

| مِنْ اَمْرِنَا | يُسْرًا | ثُمَّ | اَتْبَعَ | سَبَبًا | حَتّٰى | اِذَا | بَلَغَ | مَطْلِعَ | الشَّمْسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے کام میں | آسانی | پھر | پیچھے لگا | سامان کے | یہاں تک کہ | جب | پہنچا | نکلنے کی جگہ | سورج کے |

ہم اس سے آسان بات کریں گے۔ پھر وہ سامان سبب کے پیچھے چلا۔ یہاں تک کہ جب وہ سورج نکلنے کی جگہ

وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ۙ ﴿٩٠﴾

| وَجَدَهَا | تَطْلُعُ | عَلٰى قَوْمٍ | لَّمْ نَجْعَلْ | لَّهُمْ | مِّنْ دُوْنِهَا | سِتْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پایا اس کو | نکلتا | ایسی قوم پر | کہ نہیں بنایا ہم نے | ان کیلئے | اس کے آگے | آڑ |

پہنچے تو اسے ایسی قوم پر نکلتا پایا جن کیلئے ہم نے سورج سے کوئی حجاب نہیں رکھا۔

كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰٓى اِذَا

| كَذٰلِكَ | وَ | قَدْ | اَحَطْنَا | بِمَا | لَدَيْهِ | خُبْرًا | ثُمَّ | اَتْبَعَ | سَبَبًا | حَتّٰى | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح | اور | بیشک | گھیر لیا ہے | اس کو | جو اسکے پاس ہے | خبر سے | پھر | پیچھے لگا | سامان کے | یہاں تک کہ | جب |

بات یہی ہے اور جو کچھ اس کے پاس تھا سب کو ہمارا علم محیط ہے۔ پھر ایک سامان سبب کے پیچھے چلا۔ یہاں تک کہ جب وہ دو

بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ

| بَلَغَ | بَيْنَ | السَّدَّيْنِ | وَجَدَ | مِنْ دُوْنِهِمَا | قَوْمًا | لَّا يَكَادُوْنَ | يَفْقَهُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچا | درمیان | دو پہاڑوں کے | پایا | ان سے اُدھر | ایک قوم کو | نہیں قریب تھے | کہ سمجھیں |

پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو اس نے اُن پہاڑوں کے پاس کچھ ایسے لوگ پائے جو (اُن کی) کوئی بات سمجھتے معلوم نہیں ہوتے تھے (مگر اللہ ﷻ

قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ

| قَوْلًا | قَالُوْا | يٰذَا الْقَرْنَيْنِ | اِنَّ | يَاْجُوْجَ | وَ | مَاْجُوْجَ | مُفْسِدُوْنَ | فِي الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بات کو | بولے | اے ذوالقرنین | بیشک | یاجوج | اور | ماجوج | فساد کرنے والے ہیں | زمین میں |

کے فضل سے ذوالقرنین کو اُن کی زبان آ گئی)۔ وہ کہنے لگے اے ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج زمین میں

فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ

| فَهَلْ | نَجْعَلُ | لَكَ | خَرْجًا | عَلٰٓى | اَنْ | تَجْعَلَ | بَيْنَنَا | وَ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کیا | بنائیں ہم | تیرے لیے | خرچ | اوپر | اس کے کہ | بنا دے تو | ہمارے درمیان | اور | ان کے درمیان |

فساد مچاتے رہتے ہیں تو کیا ہم تیرے لئے کچھ خرچ کا بندوبست کر دیں کہ تو ہمارے اور ان کے درمیان

سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ

| سَدًّا | قَالَ | مَا | مَكَّنِّيْ | فِيْهِ | رَبِّيْ | خَيْرٌ | فَاَعِيْنُوْنِيْ | بِقُوَّةٍ | اَجْعَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیوار | کہا | جو | طاقت دی ہے مجھے | اس میں | میرے رب نے | وہ بہتر ہے | تو تم مدد کرو میری | طاقت سے | بناؤں گا میں |

ایک دیوار بنا دے۔ ذوالقرنین نے کہا وہ چیز جس پر میرے رب نے مجھے قدرت دی ہے (تمہارے مال سے) بہتر ہے تو محنت (کے کام)

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ط حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ

| بَيْنَكُمْ | وَ | بَيْنَهُمْ | رَدْمًا | اٰتُوْنِيْ | زُبَرَ | الْحَدِيْدِ | حَتّٰٓى | اِذَا | سَاوٰى | بَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے | اور | انکے درمیان | ایک آڑ | دو مجھے | تختے | لوہے کے | یہاں تک کہ | جب | برابر کیا | درمیان |

میں میری مدد کرو میں تمہارے اور ان کے درمیان نہایت مضبوط دیوار بناؤں گا۔ ذوالقرنین نے کہا میرے پاس لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے لے آؤ

الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ط حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا لا قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ

| الصَّدَفَيْنِ | قَالَ | انْفُخُوْا | حَتّٰٓى | اِذَا | جَعَلَهٗ | نَارًا | قَالَ | اٰتُوْنِيْٓ | اُفْرِغْ | عَلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو پہاڑوں کے | کہا | دھونکو | یہاں تک کہ | جب | بنایا اس کو | آگ کی طرح | تو کہا | لاؤ میرے پاس | ڈالوں میں | اس پر |

یہاں تک کہ وہ دیوار جب دونوں پہاڑوں کے کناروں کے ساتھ برابر کردی کہا پوری قوت سے آگ دہکاؤ یہاں تک کہ جب اسے (سرخ) آگ کر

قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ

| قِطْرًا | فَمَا | اسْطَاعُوْٓا | اَنْ | يَّظْهَرُوْهُ | وَمَا | اسْتَطَاعُوْا | لَهٗ | نَقْبًا | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گلا ہوا تانبہ | تو نہ | طاقت رکھی | یہ کہ | وہ چڑھیں اس پر | اور نہ | طاقت رکھی انہوں نے | اس کو | نقب لگانے کی | کہا |

دیا کہا لاؤ میرے پاس پگھلا ہوا تانبا میں اس پر انڈیل دوں۔ تو پھر یاجوج وماجوج اس پر نہ چڑھ سکے اور نہ اس میں سوراخ کر سکے۔ (ذوالقرنین)

هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ

| هٰذَا | رَحْمَةٌ | مِّنْ رَّبِّيْ | فَاِذَا | جَآءَ | وَعْدُ | رَبِّيْ | جَعَلَهٗ | دَكَّآءَ | وَ | كَانَ | وَعْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | رحمت ہے | میرے رب کی | تو جب | آئے گا | وعدہ | میرے رب کا | کردے گا اسے | پاش پاش | اور | ہے | وعدہ |

نے کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے پھر جب میرے رب کا وعدہ آئے گا اسے پاش پاش کر دے گا اور میرے رب کا

رَبِّيْ حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ

| رَبِّيْ | حَقًّا | وَ | تَرَكْنَا | بَعْضَهُمْ | يَوْمَئِذٍ | يَّمُوْجُ | فِيْ بَعْضٍ | وَّنُفِخَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے رب کا | سچا | اور | چھوڑ دیں گے ہم | ان کے بعض کو | اس دن | غلبہ کرتے | بعض پر | اور پھونکا جائے گا |

وعدہ سچا ہے۔ اور اس دن ہم انہیں چھوڑ دیں گے کہ ایک دوسرے میں گھس جائیں اور صور پھونک

فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ

| فِي الصُّوْرِ | فَجَمَعْنٰهُمْ | جَمْعًا | وَّ | عَرَضْنَا | جَهَنَّمَ | يَوْمَئِذٍ | لِّلْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صور | تو جمع کریں گے ہم ان کو | سب کو | اور | پیش کریں گے ہم | جہنم | اس دن | کافروں کیلئے |

دیا جائے گا پھر ہم ان سب کو جمع کر لیں گے۔ اور اس دن ہم جہنم کو کافروں کے سامنے

عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا

| عَرْضًا | الَّذِيْنَ | كَانَتْ | اَعْيُنُهُمْ | فِيْ غِطَآءٍ | عَنْ ذِكْرِيْ | وَ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سامنے لاکر | وہ جو | تھیں | ان کی آنکھیں | پردے میں | میری یاد سے | اور | تھے وہ |

لے آئیں گے۔ وہ جن کی آنکھیں میری یاد سے پردے (غفلت) میں رہیں اور وہ (حق بات) سننے کی

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا ع ١٩ ١١ ٢

| لَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | سَمْعًا | اَفَحَسِبَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اَنْ | يَّتَّخِذُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | طاقت رکھتے تھے | بات سننے کی | کیا خیال کرتے ہیں | وہ جو | کافر ہیں | یہ کہ | بنالیں گے |

طاقت نہ رکھتے تھے۔ تو کیا کافروں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ وہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو

عِبَادِیْ مِنْ دُوْنِیْۤ اَوْلِیَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾

| عِبَادِیْ | مِنْ دُوْنِیْۤ | اَوْلِیَآءَ | اِنَّاۤ | اَعْتَدْنَا | جَهَنَّمَ | لِلْكٰفِرِیْنَ | نُزُلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے بندوں کو | میرے سوا | حمایتی | بیشک ہم نے | تیار کی | دوزخ | کافروں کیلئے | مہمانی |

(اپنا) کارساز بنا لیں گے بے شک ہم نے جہنم کو کافروں کی مہمانی کیلئے تیار کیا ہے۔

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ؕ اَلَّذِیْنَ ضَلَّ سَعْیُهُمْ

| قُلْ | هَلْ | نُنَبِّئُكُمْ | بِالْاَخْسَرِیْنَ | اَعْمَالًا | اَلَّذِیْنَ | ضَلَّ | سَعْیُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرماؤ | کیا | خبردیں ہم تم کو | زیادہ خسارہ والے لوگوں کی | عمل میں | وہ جو | گم ہوئی | ان کی کوشش |

فرمادیجئے کہ کیا ہم تمہیں ان لوگوں کے بارے میں خبر دیں جو عملوں کے اعتبار سے سب سے بڑھ کر نقصان اٹھانے والے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن

فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَهُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ

| فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا | وَ | هُمْ | یَحْسَبُوْنَ | اَنَّهُمْ | یُحْسِنُوْنَ | صُنْعًا | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا کی زندگی میں | اور | وہ | خیال کرتے ہیں | کہ وہ | اچھے کرتے ہیں | کام | یہ لوگ |

کی ساری کوشش دنیا کی زندگی میں گم ہوگئی اور وہ اس خیال میں ہیں کہ ہم اچھا کام کر رہے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِیْمُ لَهُمْ

| الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ | وَ | لِقَآئِهٖ | فَحَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | فَلَا | نُقِیْمُ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہیں | جو منکر ہوئے | اپنے رب کی آیتوں سے | اور | اسکی ملاقات سے | تو اکارت ہوئے | ان کے عمل | تو نہ | قائم کرینگے ہم | ان کیلئے |

جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں اور اس کی ملاقات کا انکار کیا سو ان کے عمل ضائع ہوگئے اور روز قیامت ہم ان (کے عملوں)

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْۤا

| یَوْمَ الْقِیٰمَةِ | وَزْنًا | ذٰلِكَ | جَزَآؤُهُمْ | جَهَنَّمُ | بِمَا | كَفَرُوْا | وَاتَّخَذُوْۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے دن | تول | یہ | ان کا بدلہ ہے | جہنم | بدلہ اس کا جو | کفر کیا انہوں نے | اور بنالیا |

کو کوئی وزن نہ دیں گے۔ یہ ہوگی ان کی جزا (یعنی) جہنم کیونکہ انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں

اٰیٰتِیْ وَرُسُلِیْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰیٰتِیْ | وَ | رُسُلِیْ | هُزُوًا | اِنَّ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | كَانَتْ |
| میری آیتوں | اور | میرے رسولوں کو | مذاق | بیشک | وہ جو | ایمان لائے | اور عمل کیے | اچھے | ہے |

اور میرے رسولوں کا مذاق اُڑایا۔ بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ان کی

لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | جَنّٰتُ | الْفِرْدَوْسِ | نُزُلًا | خٰلِدِیْنَ | فِیْهَا | لَا | یَبْغُوْنَ | عَنْهَا |
| ان کیلئے | باغ | فردوس کے | مہمانی | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | نہیں | وہ چاہیں گے | اس کو |

فردوس کے باغوں میں مہمان نوازی ہوگی۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے ان سے اپنی جگہ بدلنا

حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِوَلًا | قُلْ | لَّوْ | كَانَ | الْبَحْرُ | مِدَادًا | لِّكَلِمٰتِ | رَبِّیْ | لَنَفِدَ | الْبَحْرُ | قَبْلَ | اَنْ |
| بدلنا | فرمادو | اگر | ہوجائیں | سمندر | سیاہی | واسطے کلمات | میرے رب کے | تو تم ہو جائیں | سمندر | پہلے | اس سے کہ |

نہ چاہیں گے۔ اے حبیب کبریا ﷺ آپ فرمادیجئے اگر سمندر میرے رب کی باتوں کیلئے سیاہی ہو جائے تو ضرور سمندر ختم ہو

تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَنْفَدَ | كَلِمٰتُ | رَبِّیْ | وَلَوْ | جِئْنَا | بِمِثْلِهٖ | مَدَدًا | قُلْ | اِنَّمَاۤ | اَنَا | بَشَرٌ |
| ختم ہوں | کلمات | میرے رب کے | اور اگرچہ | لائیں ہم | اسکی مثل | مدد کو | فرماؤ | اسکے سوا نہیں کہ | میں بھی | آدمی ہوں |

جائے گا اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گے اگرچہ ہم ویسا ہی اور اس کی مدد کو لے آئیں۔ آپ فرمادیجئے ظاہری صورت میں تو

مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّثْلُكُمْ | یُوْحٰۤى | اِلَیَّ | اَنَّمَاۤ | اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | فَمَنْ | كَانَ | یَرْجُوْا | لِقَآءَ |
| تمہارے جیسا | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | کہ بیشک | تمہارا خدا | خدا | ایک ہے | تو جو | ہے | امید رکھتا | ملاقات |

میں تم جیسا آدمی ہوں (اس کے سوا اور تمہاری مجھ سے کیا مماثلت ہے غور تو کرو) لیکن مجھ پر وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک

رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّهٖ | فَلْيَعْمَلْ | عَمَلًا | صَالِحًا | وَ | لَا | يُشْرِكْ | بِعِبَادَةِ | رَبِّهٖٓ | اَحَدًا |
| اپنے رب کی | توچاہیے کہ عمل کرے | عمل | نیک | اور | نہ | شریک کرے | عبادت میں | اپنے رب کی | کسی کو بھی |

ہی معبود ہے تو جسے اپنے رب سے ملنے کی اُمید ہو اسے چاہئے کہ نیک کام کرے اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے۔

## اٰیاتھا ۹۸ — ١٩ سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ ٤٤ — رکوعاتھا ٦

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿١﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿٢﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كٓهٰيٰعٓصٓ | ذِكْرُ | رَحْمَتِ رَبِّكَ | عَبْدَهٗ | زَكَرِيَّا | اِذْ | نَادٰى | رَبَّهٗ | نِدَآءً |
| كٓهٰيٰعٓصٓ | یہ ذکر ہے | تیرے رب کی رحمت | اپنے بندے | زکریا پر | جب | پکارا اس نے | اپنے رب کو | پکارنا |

ک ھ ی ع ص آپ کے رب کی رحمت کا ذکر ہے جو اس نے اپنے برگزیدہ بندے زکریا علیہ السلام پر کی۔ جب اس نے چپکے سے اپنے

خَفِيًّا ﴿٣﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَفِيًّا | قَالَ | رَبِّ | اِنِّيْ | وَهَنَ | الْعَظْمُ | مِنِّيْ | وَ | اشْتَعَلَ | الرَّاْسُ | شَيْبًا | وَ | لَمْ |
| آہستہ | کہا | اے میرے رب | بیشک میں | کمزور ہوگئیں | ہڈیاں | میری | اور | شعلہ مارنے لگا | سر | بڑھاپے | اور | نہیں |

پالنہار کو پکارا۔ زکریا علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! بڑھاپے کے سبب میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور سر آگ کے شعلہ کی

اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿٤﴾ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكُنْ | بِدُعَآئِكَ | رَبِّ | شَقِيًّا | وَ | اِنِّيْ | خِفْتُ | الْمَوَالِيَ | مِنْ وَّرَآءِيْ | وَ | كَانَتِ |
| ہوں میں | تیری پکار سے | اے میرے رب | نامراد | اور | بیشک میں | ڈرتا ہوں | وارثوں سے | اپنے پیچھے | اور | ہے |

مانند سفید ہوگیا ہے اور میرے رب! تجھے پکار کر میں کبھی محروم نہیں ہوا۔ مگر میں اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے اندیشہ رکھتا ہوں

اِمْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ۝۵ یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِمْرَاَتِیْ | عَاقِرًا | فَهَبْ | لِیْ | مِنْ لَّدُنْكَ | وَلِیًّا | یَّرِثُنِیْ | وَیَرِثُ | مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ |
| میری عورت | بانجھ | تو عنایت کر | مجھے | اپنی طرف سے | وارث | جو وارث بنے میرا | اور وارث ہو | یعقوب کے گھرانے کا |

اور میری بیوی بانجھ ہے سو مجھے اپنی جناب سے ایک وارث عطا فرما۔ جو میرا اور آلِ یعقوب کا وارث بنے اور اے

وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ۝۶ یٰزَكَرِیَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اجْعَلْهُ | رَبِّ | رَضِیًّا | یٰزَكَرِیَّاۤ | اِنَّا | نُبَشِّرُكَ | بِغُلٰمِ | اسْمُهٗ |
| اور | بنا اسے | اے میرے رب | پسندیدہ | اے زکریا | بیشک ہم | خوشخبری دیتے ہیں تجھے | ایک لڑکے کی | کہ نام اس کا |

میرے رب اس کو پسندیدہ (وارث) بنا۔ اے زکریا علیہ السلام! ہم تجھے خوشخبری سناتے ہیں ایک لڑکے کی جس کا نام یحییٰ ہے

یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ۝۷ قَالَ رَبِّ اَنّٰی یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَحْیٰی | لَمْ نَجْعَلْ | لَّهٗ | مِنْ قَبْلُ | سَمِیًّا | قَالَ | رَبِّ | اَنّٰی | یَكُوْنُ | لِیْ | غُلٰمٌ |
| یحییٰ ہے | نہیں بنایا ہم نے | اس کا | اس سے پہلے | کوئی ہم نام | عرض کیا | اے میرے رب | کیسے | ہوگا | میرے ہاں | لڑکا |

اس کے پہلے ہم نے اس کا کوئی ہم نام پیدا نہیں کیا۔ زکریا علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! میرے ہاں لڑکا کیسے ہوگا

وَّكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِیًّا ۝۸ قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّكَانَتِ | امْرَاَتِیْ | عَاقِرًا | وَّ | قَدْ | بَلَغْتُ | مِنَ الْكِبَرِ عِتِیًّا | قَالَ | كَذٰلِكَ | قَالَ |
| اور ہے | میری عورت | بانجھ | اور | بیشک | میں پہنچا | انتہائی کی بڑھاپے کو | فرمایا | اسی طرح | فرمایا ہے |

میری بیوی تو بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کے انتہائی درجے تک پہنچ گیا ہوں۔ فرمایا کہ ایسا ہی ہوگا۔ تمہارے رب نے فرمایا ہے کہ

رَبُّكَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَیْـًٔا ۝۹ قَالَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكَ | هُوَ | عَلَیَّ | هَیِّنٌ | وَّ | قَدْ | خَلَقْتُكَ | مِنْ قَبْلُ | وَ | لَمْ | تَكُ | شَیْـًٔا | قَالَ |
| تیرے رب نے | وہ | مجھ پر | آسان ہے | اور | بیشک | میں نے پیدا کیا تجھے | پہلے اس سے | اور | نہ | تھا تو | کوئی چیز | عرض کیا |

میرے لیے وہ بہت آسان ہے اور یقیناً میں نے اس سے پہلے تجھے پیدا کیا حالانکہ تم کچھ بھی نہ تھے۔ زکریا علیہ السلام نے عرض کی اے

رَبِّ اجْعَلْ لِّیْٓ اٰیَةً ؕ قَالَ اٰیَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَیَالٍ سَوِیًّا ﴿۱۰﴾

| رَبِّ | اجْعَلْ | لِّیْٓ | اٰیَةً | قَالَ | اٰیَتُكَ | اَلَّا | تُكَلِّمَ | النَّاسَ | ثَلٰثَ | لَیَالٍ | سَوِیًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے میرے رب | بنا | میرے لیے | نشانی | فرمایا | تیری نشانی | یہ ہے | نہ بول سکے گا تو | لوگوں سے | تین | راتیں | برابر |

میرے رب! میرے لئے کوئی نشانی مقرر کردے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تیری نشانی یہ ہے کہ تم ٹھیک ہوتے ہوئے بھی تین راتیں لوگوں سے بات نہ کرسکو گے۔

فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓی اِلَیْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً

| فَخَرَجَ | عَلٰی | قَوْمِهٖ | مِنَ الْمِحْرَابِ | فَاَوْحٰٓی | اِلَیْهِمْ | اَنْ | سَبِّحُوْا | بُكْرَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نکلا | اوپر | اپنی قوم کے | عبادت گاہ سے | تو اشارہ کیا | ان کی طرف | یہ کہ | تسبیح بیان کرو | صبح |

تو وہ اپنے (ماننے والے) لوگوں کے سامنے (عبادت کے) حجرے سے باہر آئے پس ان کی طرف اشارہ کیا کہ صبح اور شام

وَّعَشِیًّا ﴿۱۱﴾ یٰیَحْیٰی خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَیْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِیًّا ﴿۱۲﴾ ۙ

| وَّ | عَشِیًّا | یٰیَحْیٰی | خُذِ | الْكِتٰبَ | بِقُوَّةٍ | وَاٰتَیْنٰهُ | الْحُكْمَ | صَبِیًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | شام | اے یحیٰی | تھام لے | کتاب | قوت سے | اور دی ہم نے اس کو | نبوت | بچپن میں |

(اللہ عَزَّوَجَلَّ کی) تسبیح کرتے رہو۔ اے یحییٰ علیہ السلام! پوری قوت کے ساتھ کتاب تھام لو اور ہم نے انہیں بچپن ہی میں حکمت عطا فرمائی تھی۔

وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ تَقِیًّا ﴿۱۳﴾ ۙ وَّبَرًّۢا بِوَالِدَیْهِ وَلَمْ یَكُنْ جَبَّارًا

| وَّ | حَنَانًا | مِّنْ لَّدُنَّا | وَزَكٰوةً | وَكَانَ | تَقِیًّا | وَّبَرًّا | بِوَالِدَیْهِ | وَلَمْ | یَكُنْ | جَبَّارًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نرم دلی | ہماری طرف سے | اور پاکباز | اور تھا | پرہیز گار | اور نیکی کرنے والا | اپنے ماں باپ سے | اور نہیں | تھا | زبردست |

اور اپنی طرف سے نرم دلی اور پاکیزگی (عطا کی تھی)۔ اور وہ اللہ تعالیٰ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے والے تھے۔ اور اپنے ماں باپ سے اچھا سلوک کرنے

عَصِیًّا ﴿۱۴﴾ وَسَلٰمٌ عَلَیْهِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا ﴿۱۵﴾ ع

| عَصِیًّا | وَسَلٰمٌ | عَلَیْهِ | یَوْمَ | وُلِدَ | وَیَوْمَ | یَمُوْتُ | وَیَوْمَ | یُبْعَثُ | حَیًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نافرمان | اور سلام ہے | اس پر | جس دن | پیدا ہوا | اور جس دن | مرے گا | اور جس دن | اٹھایا جائے گا | زندہ کرکے |

والے تھے تکبر کرنے والے و نافرمان نہ تھے۔ اور اس پر سلامتی ہو جس دن وہ پیدا ہوئے جس دن اسکا وصال ہوگا اور جس دن وہ زندہ اٹھائے جائیں گے۔

وقف لازم

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ۙ﴿۱٦﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اذْكُرْ | فِي الْكِتٰبِ | مَرْيَمَ | اِذِ | انْتَبَذَتْ | مِنْ اَهْلِهَا | مَكَانًا | شَرْقِيًّا |
| اور | ذکر کر | کتاب میں | مریم کا | جب | الگ گئی | اپنے گھر والوں سے | ایک جگہ | پورب کی طرف |

اور (اے حبیب ﷺ) کتاب میں مریم کا ذکر کرو جب وہ مشرق کی طرف واقع ایک جگہ میں اپنے گھر والوں سے علیحدہ ہوئیں۔

فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۖ قف فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاتَّخَذَتْ | مِنْ دُوْنِهِمْ | حِجَابًا | فَاَرْسَلْنَآ | اِلَيْهَا | رُوْحَنَا | فَتَمَثَّلَ | لَهَا |
| تو بنالیا اس نے | ان کے آگے | پردہ | تو بھیجا ہم نے | اس کی طرف | اپنی روح کو | تو شکل اختیار کی اس نے | اس کیلئے |

تو لوگوں کی طرف سے انہوں نے (اپنے لئے) ایک پردہ بنالیا تو ہم نے ان کی طرف اپنے فرشتے (جبریل) کو بھیجا تو اس نے اس (مریم) کے سامنے

بَشَرًا سَوِيًّا ﴿۱۷﴾ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ﴿۱۸﴾ قَالَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَشَرًا | سَوِيًّا | قَالَتْ | اِنِّيْٓ | اَعُوْذُ | بِالرَّحْمٰنِ | مِنْكَ | اِنْ | كُنْتَ | تَقِيًّا | قَالَ |
| جب کہ آدمی | تندرست کی | بولی | بیشک میں | پناہ لیتی ہوں | رحمن کی | تجھ سے | اگر | ہے تو | پرہیزگار | کہا |

تندرست آدمی کی صورت اختیار کی۔ مریم بولیں میں تجھ سے رحمن کی پناہ لیتی ہوں (میرے قریب نہ آ) اگر تو اللہ سبحانہ سے ڈرنے والا ہے۔ (جبرائیل) علیہ السلام

اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿۱۹﴾ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَآ | اَنَا | رَسُوْلُ | رَبِّكِ | لِاَهَبَ | لَكِ | غُلٰمًا | زَكِيًّا | قَالَتْ | اَنّٰى | يَكُوْنُ | لِيْ |
| سوائے اسکے نہیں کہ | میں | ایلچی ہوں | تیرے رب کا | تاکہ دوں میں | تجھے | ایک لڑکا | پاکیزہ | بولی | کیسے | ہوگا | میرے ہاں |

نے کہا میں تو تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں کہ میں تجھے ایک پاکیزہ بیٹا عطا کروں۔ مریم) بولی میرے ہاں لڑکا کہاں

غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿۲۰﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ

ع

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُلٰمٌ | وَّ | لَمْ | يَمْسَسْنِيْ | بَشَرٌ | وَّلَمْ | اَكُ | بَغِيًّا | قَالَ | كَذٰلِكِ | قَالَ | رَبُّكِ | هُوَ |
| لڑکا | اور | نہیں | چھوا مجھے | کسی آدمی نے | اور نہیں | ہوں میں | بدکار | کہا | ایسا ہی | فرمایا ہے | تیرے رب نے | کہ وہ |

سے ہوگا مجھے تو کسی آدمی نے کبھی ہاتھ نہیں لگایا نہ میں بدکار رہوں۔ جبرائیل) علیہ السلام نے کہا ایسا ہی ہوگا تمہارے رب نے فرمایا ہے

عَلَیَّ هَیِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗۤ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا

| عَلَیَّ | هَیِّنٌ | وَ | لِنَجْعَلَهٗ | اٰیَةً | لِّلنَّاسِ | وَ | رَحْمَةً | مِّنَّا | وَ | كَانَ | اَمْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجھ پر | آسان ہے | اور | تاکہ بنائیں ہم اس کو | نشانی | لوگوں کے لیے | اور | رحمت | ہماری طرف سے | اور | ہے | کام |

کہ یہ بات میرے لئے آسان ہے اور (یہ اس لئے ہوگا) تاکہ ہم اسے لوگوں کیلئے ایک نشانی اور اپنی طرف سے رحمت بنائیں اور یہ امر

مَّقْضِیًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِیًّا ﴿٢٢﴾ فَاَجَآءَهَا

| مَّقْضِیًّا | فَحَمَلَتْهُ | فَانْتَبَذَتْ بِهٖ | مَكَانًا | قَصِیًّا | فَاَجَآءَهَا |
|---|---|---|---|---|---|
| فیصلہ شدہ | تو اٹھایا اس نے اسے | تو الگ ہوگئی اس کے ساتھ | ایک جگہ | دور میں | تو لے آیا اسے |

پہلے سے طے شدہ ہے۔ تو مریم فوراً حاملہ ہوگئیں پھر اسے لئے ہوئے دور جگہ چلی گئیں۔ پھر انہیں دردِ زہ کھجور کے ایک

الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ یٰلَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ

| الْمَخَاضُ | اِلٰى | جِذْعِ | النَّخْلَةِ | قَالَتْ | یٰلَیْتَنِیْ | مِتُّ | قَبْلَ | هٰذَا | وَ | كُنْتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جننے کا درد | طرف | تنے | کھجور کی | بولی | ہائے افسوس | مرجاتی میں | پہلے | اس سے | اور | ہوجاتی میں |

درخت کی طرف لے آیا کہنے لگیں اے کاش میں اس سے پہلے مر جاتی اور

نَسْیًا مَّنْسِیًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَاۤ اَلَّا تَحْزَنِیْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ

| نَسْیًا | مَّنْسِیًّا | فَنَادٰىهَا | مِنْ تَحْتِهَاۤ | اَلَّا | تَحْزَنِیْ | قَدْ | جَعَلَ | رَبُّكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھولی | بسری | تو آواز دی اسے | اسکے نیچے سے | یہ کہ | نہ غم کھا | بیشک | بنایا ہے | تیرے رب نے |

بھولی بسری ہوچکی ہوتی۔ تو درخت کے نیچے سے (فرشتے نے) انہیں پکارا کہ (اے مریم) غمگین نہ ہو بے شک تمہارے رب نے

تَحْتَكِ سَرِیًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّیْۤ اِلَیْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَیْكِ رُطَبًا

| تَحْتَكِ | سَرِیًّا | وَ | هُزِّیْۤ | اِلَیْكِ | بِجِذْعِ | النَّخْلَةِ | تُسٰقِطْ | عَلَیْكِ | رُطَبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تیرے نیچے | چشمہ | اور | ہلا | اپنی طرف | تنہ | کھجور کا | گرے گی | تجھ پر | کھجوریں |

تمہارے (پاؤں کے) نیچے ایک چشمہ جاری کر دیا ہے۔ اور تم کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلاؤ تمہارے اوپر تروتازہ

جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنِيًّا | فَكُلِيْ | وَ | اشْرَبِيْ | وَ | قَرِّيْ | عَيْنًا | فَاِمَّا | تَرَيِنَّ | مِنَ الْبَشَرِ | اَحَدًا |
| تازہ | تو کھا | اور | پی | اور | ٹھنڈی کر | آنکھ | پھر اگر | تو دیکھے | آدمی | کوئی بھی |

کھجوریں گریں گی۔ (اے مریم) تم کھاؤ اور پیو اور آنکھ ٹھنڈی کرو پھر اگر تو کسی آدمی کو دیکھے تو کہہ دینا میں نے آج رحمن

فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿٢٦﴾ ۚ فَاَتَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقُوْلِيْٓ | اِنِّيْ | نَذَرْتُ | لِلرَّحْمٰنِ | صَوْمًا | فَلَنْ اُكَلِّمَ | الْيَوْمَ | اِنْسِيًّا | فَاَتَتْ |
| تو کہہ دینا | بیشک میں نے | نذر مانی ہے | اللہ کیلئے | روزہ کی | تو ہرگز میں نہیں بولوں گی | آج | کسی انسان سے | تو لائی |

کے لیے روزے کی منت مانی ہے اس لیے آج ہرگز کسی آدمی سے بات نہ کروں گی۔ پھر وہ اسے

بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿٢٧﴾ يٰٓاُخْتَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | قَوْمَهَا | تَحْمِلُهٗ | قَالُوْا | يٰمَرْيَمُ | لَقَدْ | جِئْتِ | شَيْـًٔا | فَرِيًّا | يٰٓاُخْتَ |
| اس کو | اپنی قوم کے پاس | اٹھا کر | بولے | اے مریم | بیشک | لائی تو | چیز | بری | اے بہن |

اٹھائے ہوئے اپنے لوگوں کے پاس لے آئیں وہ کہنے لگے اے مریم! تو نے انوکھی بات کی ہے۔ ہارون کی بہن!

هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿٢٨﴾ ۚ فَاَشَارَتْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰرُوْنَ | مَا | كَانَ | اَبُوْكِ | امْرَاَ | سَوْءٍ | وَّ | مَا | كَانَتْ | اُمُّكِ | بَغِيًّا | فَاَشَارَتْ |
| ہارون کی | نہیں | تھا | تیرا باپ | آدمی | برا | اور | نہیں | تھی | تیری ماں | بدکار | تو اشارہ کیا |

تیرا باپ برا آدمی نہ تھا اور تیری ماں بھی بدکار عورت نہ تھی۔ تو مریم نے اس بچے (حضرت عیسیٰ علیہ السلام)

اِلَيْهِ ۭ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿٢٩﴾ قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | قَالُوْا | كَيْفَ | نُكَلِّمُ | مَنْ | كَانَ | فِي الْمَهْدِ | صَبِيًّا | قَالَ | اِنِّيْ | عَبْدُ |
| اسکی طرف | بولے | کیسے | کلام کریں ہم | اس سے جو | ہے | پالنے میں | بچہ | اس نے کہا | بیشک میں | بندہ ہوں |

کی طرف اشارہ کردیا (کہ اس سے پوچھو) وہ بولے ہم اس سے کیسے بولیں جو (ابھی) گود میں بچہ ہے۔ (اتنے میں وہ بچہ یعنی حضرت

اللّٰہِ ۟ اٰتٰنِیَ الْکِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا ﴿۳۰﴾ لا وَّجَعَلَنِیْ مُبٰرَکًا اَیْنَ مَا کُنْتُ ۠

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰہِ | اٰتٰنِیَ | الْکِتٰبَ | وَجَعَلَنِیْ | نَبِیًّا | وَّجَعَلَنِیْ | مُبٰرَکًا | اَیْنَ | مَا | کُنْتُ |
| اللہ کا | دی اس نے مجھے | کتاب | اور بنایا مجھے | غیب کی خبریں دینے والا | اور بنایا مجھے | برکت والا | جہاں | بھی | ہوں میں |

عیسیٰ سینہ بول اُٹھے) فرمایا بے شک میں اللہ ﷻ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا۔ اور مجھے برکتوں والا بنایا خواہ میں کہیں

وَاَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوۃِ وَالزَّکٰوۃِ مَا دُمْتُ حَیًّا ﴿۳۱﴾ صلے وَّبَرًّا بِوَالِدَتِیْ ۡ وَلَمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَوْصٰنِیْ | بِالصَّلٰوۃِ | وَ | الزَّکٰوۃِ | مَا دُمْتُ | حَیًّا | وَّ | بَرًّا | بِوَالِدَتِیْ | وَ | لَمْ |
| اور | حکم دیا اس نے مجھے | نماز | اور | زکوٰۃ کا | جب تک ہوں میں | زندہ | اور | نیکی کرنے والا | اپنی ماں سے | اور | نہیں |

بھی ہوں اور اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کی تاکید فرمائی جب تک میں زندہ ہوں۔ اور اپنی ماں سے اچھا سلوک کرنے والا کیا اور

یَجْعَلْنِیْ جَبَّارًا شَقِیًّا ﴿۳۲﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَجْعَلْنِیْ | جَبَّارًا | شَقِیًّا | وَالسَّلٰمُ | عَلَیَّ | یَوْمَ | وُلِدْتُّ | وَیَوْمَ | اَمُوْتُ | وَیَوْمَ |
| بنایا اس نے مجھے | زبردست | بدبخت | اور سلامتی ہے | مجھ پر | جس دن | میں پیدا ہوا | اور جس دن | میں مروں گا | اور جس دن |

مجھے سرکش اور بدبخت نہیں بنایا۔ اور مجھ پر سلامتی ہو جس دن میں پیدا ہوا جس دن میں مروں گا اور جس دن میں

اُبْعَثُ حَیًّا ﴿۳۳﴾ ذٰلِکَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ ج قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِیْ فِیْہِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُبْعَثُ | حَیًّا | ذٰلِکَ | عِیْسَی | ابْنُ | مَرْیَمَ | قَوْلَ | الْحَقِّ | الَّذِیْ | فِیْہِ |
| اٹھایا جاؤں | زندہ کرکے | یہ ہے | عیسیٰ | بیٹا | مریم کا | بات | سچی | وہ جو کہ | اس میں |

زندہ اٹھایا جاؤں گا۔ یہ ہے عیسیٰ علیہ السلام مریم کا بیٹا ہم حق بات کہہ رہے ہیں جس میں

یَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾ مَا کَانَ لِلّٰہِ اَنْ یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ لا سُبْحٰنَہٗ ط اِذَا قَضٰٓی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَمْتَرُوْنَ | مَا | کَانَ | لِلّٰہِ | اَنْ | یَّتَّخِذَ | مِنْ وَّلَدٍ | سُبْحٰنَہٗ | اِذَا | قَضٰٓی |
| شک کرتے ہیں | نہیں ہے | ہے | اللہ کی شان | یہ کہ | بنائے | اولاد | وہ پاک ہے | جب | فیصلہ کرتا ہے |

وہ شک کرتے ہیں۔ اللہ ﷻ کی شان نہیں کہ وہ کسی کو اپنا بیٹا بنائے وہ پاک ہے جب کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے

اَمۡرًا فَاِنَّمَا يَقُوۡلُ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ؕ ﴿۳۵﴾ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ

| اَمۡرًا | فَاِنَّمَا | يَقُوۡلُ | لَهٗ | كُنۡ | فَيَكُوۡنُ | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | رَبِّىۡ | وَ | رَبُّكُمۡ | فَاعۡبُدُوۡهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی کام کا | تو صرف | فرمادیتا ہے | اس کو | ہوجا | تو وہ ہوجاتی ہے | اور | بیشک | اللہ ہی | میرا رب ہے | اور | تمہارا رب ہے | تو اسی کی عبادت کرو |

تو اس سے یہی فرماتا ہے کہ "ہوجا" تو وہ (فوراً) ہوجاتا ہے۔ اور بے شک اللہ جل جلالہ رب ہے میرا اور تمہارا تو

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخۡتَلَفَ الۡاَحۡزَابُ مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ ۚ فَوَيۡلٌ

| هٰذَا | صِرَاطٌ | مُّسۡتَقِيۡمٌ | فَاخۡتَلَفَ | الۡاَحۡزَابُ | مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ | فَوَيۡلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | رستہ ہے | سیدھا | تو اختلاف کیا | جماعتوں نے | ان میں سے | تو خرابی ہے |

اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے۔ پھر جماعتیں آپس میں مختلف ہوگئیں تو کافروں کیلئے ایک

لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ مَّشۡهَدِ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿۳۷﴾ اَسۡمِعۡ بِهِمۡ وَاَبۡصِرۡ ۙ يَوۡمَ

| لِّلَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | مِنۡ مَّشۡهَدِ | يَوۡمٍ | عَظِيۡمٍ | اَسۡمِعۡ بِهِمۡ | وَ | اَبۡصِرۡ | يَوۡمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے لیے | جو کافر ہیں | حاضر ہونے سے | دن | بڑے میں | کتنا سنیں گے وہ | اور | کتنا دیکھیں گے | جس دن |

بڑے دن کی حاضری سے خرابی ہے۔ کیسے سننے والے اور کیسے دیکھنے والے ہیں

يَاۡتُوۡنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوۡنَ الۡيَوۡمَ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۳۸﴾ وَاَنۡذِرۡهُمۡ يَوۡمَ

| يَاۡتُوۡنَنَا | لٰكِنِ | الظّٰلِمُوۡنَ | الۡيَوۡمَ | فِىۡ ضَلٰلٍ | مُّبِيۡنٍ | وَاَنۡذِرۡهُمۡ | يَوۡمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے پاس حاضر ہوں گے | لیکن | ظالم | آج کے دن | گمراہی | ظاہر میں ہیں | اور ڈراؤ ان کو | دن |

جس دن ہمارے پاس حاضر ہوں گے مگر آج ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور آپ انہیں حسرت کے دن

وقف لازم

الۡحَسۡرَةِ اِذۡ قُضِىَ الۡاَمۡرُ ۘ وَهُمۡ فِىۡ غَفۡلَةٍ وَّهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّا

| الۡحَسۡرَةِ | اِذۡ | قُضِىَ | الۡاَمۡرُ | وَ | هُمۡ | فِىۡ غَفۡلَةٍ | وَّ | هُمۡ | لَا يُؤۡمِنُوۡنَ | اِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حسرت سے | جبکہ | فیصلہ کیا جائے گا | کام کا | اور | وہ | غفلت میں ہیں | اور | وہ | وہ ایمان نہیں لاتے | بیشک |

سے ڈرائیں جس دن معاملے کا فیصلہ ہو جائے گا مگر وہ غفلت میں پڑے ہیں اور وہ ایمان نہیں لاتے۔ بیشک

نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ ع ۵

| نَحْنُ | نَرِثُ | الْاَرْضَ | وَمَنْ | عَلَيْهَا | وَ | اِلَيْنَا | يُرْجَعُوْنَ | وَاذْكُرْ | فِي الْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم | وارث ہیں | زمین کے | اور جو | اس پر ہے | اور | ہماری طرف ہی | لوٹائے جائیں گے | اور ذکر کرو | کتاب میں |

ہم ہی وارث ہیں زمین کے اور جو کوئی بھی اس پر ہے اور وہ ہماری طرف ہی لوٹائے جائیں گے۔ اور (اے محبوب ﷺ!) کتاب

اِبْرٰهِيْمَ ۥ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا

| اِبْرٰهِيْمَ | اِنَّهٗ | كَانَ صِدِّيْقًا | نَّبِيًّا | اِذْ | قَالَ | لِاَبِيْهِ | يٰۤاَبَتِ | لِمَ | تَعْبُدُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم کا | بیشک وہ | وہ صدیق تھا | غیب کی خبریں بتانیوالا | جب | کہا | اپنے باپ سے | اے میرے باپ | کیوں | پوجتا ہے تو | اسکو جو |

میں ابراہیم علیہ السلام کو یاد کیجئے بے شک وہ سچے نبی تھے۔ جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ (یعنی چچا آزر سے جس نے باپ تارخ کے انتقال کے بعد

لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ

| لَا | يَسْمَعُ | وَ | لَا | يُبْصِرُ | وَ | لَا | يُغْنِيْ | عَنْكَ | شَيْـًٔا | يٰۤاَبَتِ | اِنِّيْ | قَدْ جَآءَنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | سنے | اور | نہ | دیکھے | اور | نہ | کام آئے | تیرے | کچھ بھی | اے میرے باپ | بیشک | یقیناً آیا میرے پاس |

پرورش کی تھی) سے کہا: "اے میرے ابا جان! آپ کیوں ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ سنتی ہیں اور نہ دیکھتی ہیں اور نہ آپ کے کچھ کام آسکتی ہیں؟۔

مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ يٰۤاَبَتِ لَا تَعْبُدِ

| مِنَ الْعِلْمِ | مَا لَمْ | يَاْتِكَ | فَاتَّبِعْنِيْۤ | اَهْدِكَ | صِرَاطًا | سَوِيًّا | يٰۤاَبَتِ | لَا تَعْبُدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ علم | جو نہیں | آیا تیرے پاس | سو تو پیروی کر میری | دکھاؤں گا میں تجھے | راستہ | سیدھا | اے میرے باپ | مت پوجا کر |

اے میرے ابا (یعنی چچا آزر) !یقیناً میرے پاس وہ علم آچکا ہے جو آپ کے پاس نہیں آیا پھر آپ میرے کہنے پر چلیں میں آپ کو سیدھا راستہ دکھاؤں گا۔ اے

الشَّيْطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْۤ

| الشَّيْطٰنَ | اِنَّ | الشَّيْطٰنَ | كَانَ | لِلرَّحْمٰنِ | عَصِيًّا | يٰۤاَبَتِ | اِنِّيْۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کی | بیشک | شیطان | ہے | رحمٰن کا | نافرمان | اے میرے باپ | میں |

میرے ابا جان (یعنی چچا آزر)! شیطان کی عبادت نہ کریں۔ یقیناً شیطان رحمٰن کا نافرمان ہے۔ اے میرے ابا جان

# اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ

| اَخَافُ | اَنْ | يَّمَسَّكَ | عَذَابٌ | مِّنَ الرَّحْمٰنِ | فَتَكُوْنَ | لِلشَّيْطٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتا ہوں | یہ کہ | پہنچے تجھ کو | عذاب | کوئی رحمٰن کا | تو ہو جائے تو | شیطان کا |

(یعنی چچا آزر)!یقیناً میں ڈرتا ہوں کہ تم کو رحمٰن کی طرف سے کوئی عذاب پکڑ لے۔ پھر تو شیطان کے ساتھی

# وَلِيًّا ﴿۴۵﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

| وَلِيًّا | قَالَ | اَرَاغِبٌ | اَنْتَ | عَنْ اٰلِهَتِيْ | يٰۤاِبْرٰهِيْمُ | لَئِنْ | لَّمْ | تَنْتَهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رفیق | بولا | کیا منہ پھیرتا ہے | تو خود آپ | میرے خداؤں سے | اے ابراہیم | اگر | نہ | باز آیا تو |

بن کر رہ جائیں۔ باپ نے کہا (یعنی چچا آزر): "اے ابراہیم علیہ السلام! کیا تم میرے معبودوں سے پھرنے والے ہو؟ اگر تم باز

# لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ

| لَاَرْجُمَنَّكَ | وَاهْجُرْنِيْ | مَلِيًّا | قَالَ | سَلٰمٌ | عَلَيْكَ | سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو میں پتھراؤ کروں گا تجھ پر | اور چھوڑ مجھے | ایک مدت | کہا | سلام ہو | تجھ پر | جلدی بخشش مانگوں گا میں تیرے لیے |

نہ آئے تو میں ضرور تمہیں سنگسار کر دوں گا اور تم ہمیشہ کیلئے مجھے چھوڑ دو"۔ ابراہیم علیہ السلام نے کہا: "تم پر سلامتی ہو! میں جلد ہی

# رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| رَبِّيْ | اِنَّهٗ | كَانَ | بِيْ | حَفِيًّا | وَ | اَعْتَزِلُكُمْ | وَ | مَا | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے رب کی | بیشک وہ | ہے | مجھ پر | مہربان | اور | میں چھوڑوں گا تم کو | اور | ان کو | جو پکارتے ہو | اللہ کے سوا |

تیرے لیے اپنے رب سے بخشش کی دعا کروں گا۔ یقیناً وہ مجھ پر بڑا مہربان ہے۔ اور میں چھوڑتا ہوں تم سب کو اور جنہیں تم اللہ جل جلالہ کے

# وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ۖ عَسٰۤى اَلَّاۤ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿۴۸﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ

| وَ | اَدْعُوْا | رَبِّيْ | عَسٰۤى | اَلَّاۤ | اَكُوْنَ | بِدُعَآءِ | رَبِّيْ | شَقِيًّا | فَلَمَّا | اعْتَزَلَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | میں پکاروں گا | اپنے رب کو | قریب ہے | یہ کہ | نہ ہوں میں | ساتھ پکار | اپنے رب کے | بد بخت | پھر جب | چھوڑ دیا ان کو |

سوا پوجتے ہو اور میں اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں امید ہے کہ میں اپنے رب کی عبادت کر کے بے نصیب نہیں رہوں گا۔ پھر جب وہ

وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ وَكُلًّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | وَهَبْنَا | لَهٗ | اِسْحٰقَ | وَ | يَعْقُوْبَ | وَ | كُلًّا |
| اور | جسکی | وہ پوجا کرتے تھے | اللہ کے سوا | تو عطا کیا ہم نے | اس کو | اسحاق | اور | یعقوب | اور | ہر ایک کو |

لوگوں سے جدا ہو گئے اور اُن سے جن کی وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے تو ہم نے اُسے اسحاق علیہ السلام اور

جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿٤٩﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلْنَا | نَبِيًّا | وَوَهَبْنَا | لَهُمْ | مِّنْ رَّحْمَتِنَا | وَجَعَلْنَا | لَهُمْ | لِسَانَ |
| بنایا ہم نے | غیب کی خبریں بتانے والا | اور ہم نے عطا کی | ان کو | اپنی رحمت | اور بنائی ہم نے | ان کیلئے | زبان |

یعقوب علیہ السلام عطا کیے۔ اور ہر ایک کو ہم نے غیب کی خبریں بتانے والا نبی بنایا۔ اور ان کو اپنی رحمت

صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿٥٠﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰىۤ ۫ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ ع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صِدْقٍ | عَلِيًّا | وَ | اذْكُرْ | فِي الْكِتٰبِ | مُوْسٰى | اِنَّهٗ | كَانَ | مُخْلَصًا | وَ | كَانَ |
| سچی | بلند | اور | ذکر کرو | کتاب میں | موسیٰ کا | بیشک وہ | تھا | چنا ہوا | اور | تھا |

میں سے عطا کیا۔ اور اُن کو اونچے درجے کی سچی ناموری عطا کی۔ اے محبوب ﷺ کتاب میں موسیٰ علیہ السلام کا ذکر بھی یاد کیجیے

رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلًا | نَّبِيًّا | وَنَادَيْنٰهُ | مِنْ جَانِبِ | الطُّوْرِ | الْاَيْمَنِ | وَقَرَّبْنٰهُ | نَجِيًّا |
| رسول | غیب کی خبریں بتانے والا | اور اسے ہم نے ندا فرمائی | جانب سے | طور کی | دائیں | اور قریب کیا اسے | راز بتانے کو |

بے شک وہ ہمارے برگزیدہ پیغمبر تھے۔ اور ہم نے انہیں طور کی داہنی طرف سے آواز دی اور راز کی بات کیلئے اسے قریب لائے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَاۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | وَهَبْنَا | لَهٗ | مِنْ رَّحْمَتِنَاۤ | اَخَاهُ | هٰرُوْنَ | نَبِيًّا | وَ | اذْكُرْ | فِي الْكِتٰبِ |
| اور | بخشی ہم نے | اس کو | اپنی رحمت سے | اس کا بھائی | ہارون | نبی بنا کر | اور | ذکر کرو | کتاب میں |

اور ہم نے اپنی رحمت سے ان کے بھائی ہارون کو بھی نبوت عطا فرمائی۔ اور (اے حبیب ﷺ) کتاب

اِسْمٰعِيْلَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۚ ﴿٥٤﴾ وَكَانَ يَاْمُرُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْمٰعِيْلَ | اِنَّهٗ | كَانَ | صَادِقَ | الْوَعْدِ | وَ | كَانَ | رَسُوْلًا | نَّبِيًّا | وَ | كَانَ | يَاْمُرُ |
| اسمٰعیل کا | بیشک وہ | تھا | سچا | وعدے کا | اور | تھا | رسول | غیب بتانے والا نبی | اور | تھا | حکم کرتا |

میں اسماعیل علیہ السلام کے ذکر کو یاد کیجیے بے شک وہ وعدے کے سچے تھے اور صاحب رسالت نبی تھے۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز اور

اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلَهٗ | بِالصَّلٰوةِ | وَالزَّكٰوةِ | وَكَانَ | عِنْدَ | رَبِّهٖ | مَرْضِيًّا | وَاذْكُرْ | فِي الْكِتٰبِ |
| اپنے گھر والوں کو | نماز | اور زکوٰۃ کا | اور تھا | نزدیک | اپنے رب کے | پسندیدہ | اور ذکر کرو | کتاب میں |

زکوٰۃ کا حکم دیتے اور اپنے رب کو پسند تھے۔ اور کتاب میں ادریس علیہ السلام

اِدْرِيْسَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۙ﴿٥٦﴾ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِدْرِيْسَ | اِنَّهٗ | كَانَ | صِدِّيْقًا | نَّبِيًّا | وَّ | رَفَعْنٰهُ | مَكَانًا | عَلِيًّا |
| ادریس کا | بیشک وہ | تھا | سچا | غیب کی خبریں بتانیوالا | اور | اٹھایا ہم نے اسکو | جگہ | بلند میں |

کو یاد کرو بے شک وہ سچے نبی تھے۔ اور ہم نے اُن کو بلند رُتبے تک پہنچایا تھا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | مِّنَ النَّبِيّٖنَ | مِنْ ذُرِّيَّةِ | اٰدَمَ | وَمِمَّنْ |
| یہ لوگ | وہ ہیں جو | انعام کیا | اللہ نے | ان پر | غیب کی خبریں بتانیوالے نبیوں سے | اولاد | آدم سے | اور ان سے جو |

یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ ﷻ نے انعام کیا، غیب کی خبریں بتانے والے نبیوں میں سے جو آدم کی نسل سے تھے

حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ۡ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَمَلْنَا | مَعَ | نُوْحٍ | وَّ | مِنْ ذُرِّيَّةِ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | اِسْرَآءِيْلَ | وَمِمَّنْ | هَدَيْنَا |
| اٹھائے ہم نے | ساتھ | نوح کے | اور | اولاد | ابراہیم | اور | یعقوب سے | اور ان سے | جو ہدایت دی ہم نے |

اور ان میں سے جنہیں ہم نے نوح علیہ السلام کے ساتھ سوار کیا اور ابراہیم علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کی نسل سے اور ان میں سے

وَاجْتَبَيْنَا ۚ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۩ ﴿٥٨﴾ السجدة

| وَاجْتَبَيْنَا | اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُ | الرَّحْمٰنِ | خَرُّوْا | سُجَّدًا | وَّبُكِيًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور چن لیا | جب | پڑھی جاتی ہیں | ان پر | آیتیں | رحمن کی | گر پڑتے ہیں | سجدہ کرتے | اور روتے ہوئے |

جنہیں ہم نے ہدایت دی اور برگزیدہ کیا جب انہیں رحمن کی آیتیں سنائی جاتی تھیں تو وہ سجدوں میں روتے ہوئے گر جاتے تھے۔

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ

| فَخَلَفَ | مِنْۢ بَعْدِهِمْ | خَلْفٌ | اَضَاعُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اتَّبَعُوا | الشَّهَوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پیچھے آئے | ان کے بعد | ناخلف | ضائع کیں انہوں نے | نمازیں | اور | پیروی کی | خواہشوں کی |

تو ان کے بعد (ان کی جگہ) ایسے ناخلف جانشین آئے جنہوں نے نمازیں ضائع کیں اور اپنی خواہشوں کے پیچھے لگ گئے تو

فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿٥٩﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ

| فَسَوْفَ | يَلْقَوْنَ | غَيًّا | اِلَّا | مَنْ | تَابَ | وَ | اٰمَنَ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو جلدی | ملیں گے | غی کو | مگر | جس نے | توبہ کی | اور | ایمان لایا | اور | عمل کیے | اچھے | تو یہ لوگ |

عنقریب وہ غیا، (دوزخ کی وادی غی) میں پہنچیں گے۔ مگر جنہوں نے توبہ کی اور وہ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے تو وہ

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْــًٔا ﴿٦٠﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ

| يَدْخُلُوْنَ | الْجَنَّةَ | وَ | لَا | يُظْلَمُوْنَ | شَيْــًٔا | جَنّٰتِ | عَدْنِ | الَّتِيْ | وَعَدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہونگے | جنت میں | اور | نہ | ظلم کیے جائیں گے | کچھ بھی | باغ | ہمیشہ کے | وہ جو | وعدہ کیا |

لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان کی کبھی بھی حق تلفی نہ کی جائے گی۔ وہ ہمیشہ رہنے والے باغات جن کا رحمان

الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا

| الرَّحْمٰنُ | عِبَادَهٗ | بِالْغَيْبِ | اِنَّهٗ | كَانَ | وَعْدُهٗ | مَاْتِيًّا | لَا | يَسْمَعُوْنَ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمن نے | اپنے بندوں سے | غیب سے | بیشک وہ | ہے | اس کا وعدہ | آنے والا | نہ | سنیں گے | اس میں |

نے اپنے بندوں سے پوشیدہ طور پر وعدہ کر رکھا ہے۔ یقیناً اس کا وعدہ پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ اُس میں وہ لوگ کوئی فضول بات

لَغۡوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ وَلَهُمۡ رِزۡقُهُمۡ فِيۡهَا بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾ تِلۡكَ الۡجَـنَّةُ الَّتِىۡ

| لَغۡوًا | اِلَّا | سَلٰمًا | وَلَهُمۡ | رِزۡقُهُمۡ | فِيۡهَا | بُكۡرَةً | وَّ | عَشِيًّا | تِلۡكَ | الۡجَـنَّةُ | الَّتِىۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیہودہ بات | مگر | سلام | اور ان کیلئے | ان کا رزق ہے | اس میں | صبح | اور | شام | یہ | جنت | وہ ہے |

نہیں سنیں گے سوائے سلامتی کی بات کے۔ اور اس میں ان کا رزق صبح و شام انہیں ملے گا۔ یہ ہوگی وہ جنت جس کا وارث ہم

نُوۡرِثُ مِنۡ عِبَادِنَا مَنۡ كَانَ تَقِيًّا ﴿۶۳﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمۡرِ رَبِّكَ ۚ

| نُوۡرِثُ | مِنۡ عِبَادِنَا | مَنۡ | كَانَ | تَقِيًّا | وَمَا نَتَنَزَّلُ | اِلَّا | بِاَمۡرِ رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ وارث بناتے ہیں | ہم اپنے بندوں میں سے | جو کوئی | ہے | پرہیزگار | اور ہم نہیں اترتے | مگر | تیرے رب کے حکم سے |

اپنے ان بندوں میں سے ان کو بنائیں گے جو اللہ ﷻ سے ڈرنے والے تھے۔ فرشتوں نے کہا: ہم تو تمہارے رب کے حکم کے اترتے ہیں جو

لَهٗ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡنَا وَمَا خَلۡفَنَا وَمَا بَيۡنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿۶۴﴾ ۚ رَبُّ

| لَهٗ | مَا بَيۡنَ | اَيۡدِيۡنَا | وَمَا | خَلۡفَنَا | وَمَا بَيۡنَ ذٰلِكَ | وَمَا | كَانَ | رَبُّكَ | نَسِيًّا | رَبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی کا ہے | جو ہمارے | آگے ہے | اور جو | ہمارے پیچھے ہے | اور جو کچھ اسکے درمیان ہے | اور نہیں ہے | ہے | تمہارا رب | بھولنے والا | رب ہے |

ہمارے آگے ہے اور جو ہمارے پیچھے ہے اور جو ہمارے سامنے ہے سب کا سب ہمارے رب کا ہے اور تمہارا رب بھولنے والا نہیں ہے۔ وہ رب ہے

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا فَاعۡبُدۡهُ وَاصۡطَبِرۡ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلۡ

| السَّمٰوٰتِ | وَالۡاَرۡضِ | وَ | مَا | بَيۡنَهُمَا | فَاعۡبُدۡهُ | وَ | اصۡطَبِرۡ | لِعِبَادَتِهٖ | هَلۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کا | اور زمین کا | اور | جو | انکے درمیان ہے | تو عبادت کرو اسکی | اور | صبر کرو | اس کی عبادت پر | کیا |

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے تو اس کی عبادت کرو اور اس کی بندگی پر ثابت رہو کیا اس کے نام کا

تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ ع وَيَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوۡفَ اُخۡرَجُ ع ۱۵

| تَعۡلَمُ | لَهٗ | سَمِيًّا | وَ | يَقُوۡلُ | الۡاِنۡسَانُ | ءَاِذَا مَا | مِتُّ | لَسَوۡفَ | اُخۡرَجُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے تو | اس کا | کوئی ہم نام | اور | کہتا ہے | انسان | کیا جبکہ | میں مرجاوں گا | تو جلدی | نکالا جاوں گا |

کوئی دوسرا جانتے ہو؟ اور انسان کہتا ہے کیا جب میں مر جاوں گا تو ضرور عنقریب زندہ کر کے

حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾

| حَيًّا | أَوَلَا | يَذْكُرُ | الْإِنسَانُ | أَنَّا | خَلَقْنَاهُ | مِن قَبْلُ | وَ | لَمْ | يَكُ | شَيْئًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زندہ کرکے | کیا نہیں | یاد کرتا | انسان | کہ ہم نے | پیدا کیا اسے | پہلے | اور | نہیں | تھا | کوئی چیز |

نکالا جاؤں گا؟ اور کیا انسان کو یاد نہیں کہ ہم نے اس سے پہلے بھی اسے بنایا اور وہ کچھ بھی نہ تھا۔

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ

| فَوَرَبِّكَ | لَنَحْشُرَنَّهُمْ | وَالشَّيَاطِينَ | ثُمَّ | لَنُحْضِرَنَّهُمْ | حَوْلَ | جَهَنَّمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو قسم ہے تمہارے رب کی | ضرور ہم اکٹھا کرینگے انکو | اور شیطانوں کو | پھر | حاضر کریں گے ہم ان کو | گرد | جہنم کے |

تو تمہارے رب کی قسم ہم انہیں اور سب شیطانوں کو گھیر لائیں گے اور انہیں دوزخ کے گردا گرد گھٹنوں کے بل گرے ہوئے

جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَٰنِ

| جِثِيًّا | ثُمَّ | لَنَنزِعَنَّ | مِن كُلِّ | شِيعَةٍ | أَيُّهُمْ | أَشَدُّ | عَلَى | الرَّحْمَٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زانو کے بل گرے ہوئے | پھر | ہم ضرور کھینچ لیں گے | ہر ایک | گروہ سے | کہ کون سا ان کا | زیادہ سخت ہے | اوپر | رحمان کے |

حاضر کریں گے۔ پھر ہم ہر گروہ میں سے ان لوگوں کو کھینچ لیں گے جو رحمٰن کے مقابلے میں بڑے

عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَإِن مِّنكُمْ

| عِتِيًّا | ثُمَّ | لَنَحْنُ | أَعْلَمُ | بِالَّذِينَ | هُمْ | أَوْلَىٰ | بِهَا | صِلِيًّا | وَإِن | مِّنكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرکشی میں | پھر | ہم | خوب جانتے ہیں | ان کو | کہ وہ | زیادہ مستحق ہیں | اس میں | داخل ہونے کے | اور نہیں ہے | تم میں کوئی |

اکڑتے تھے۔ اور ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو اس میں داخل ہونے کے زیادہ مستحق ہیں۔ اور تم میں سے کوئی نہیں

إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا

| إِلَّا | وَارِدُهَا | كَانَ | عَلَىٰ | رَبِّكَ | حَتْمًا | مَّقْضِيًّا | ثُمَّ | نُنَجِّي | الَّذِينَ | اتَّقَوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | گذرنے والا ہے اس پر | ہے | اوپر | تمہارے رب کے | فیصلہ | کیا گیا | پھر | نجات دینگے ہم | ان کو جو | پرہیزگار ہوئے |

مگر وہ ضرور دوزخ پر گزرے گا قطعی طور پر آپ کے رب کے ذمہ ہے جو ضرور پورا ہو کر رہے گا۔ پھر ہم نجات دیں گے ان لوگوں

وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ

| وَ | نَذَرُ | الظّٰلِمِيْنَ | فِيْهَا | جِثِيًّا | وَاِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُنَا | بَيِّنٰتٍ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چھوڑیں گے ہم | ظالموں کو | اس میں | زانو کے بل گرے ہوئے | اور جب | پڑھی جاتی ہیں | ان پر | ہماری آیتیں | روشن | کہتے ہیں |

کو جو پرہیزگار ہوئے اور ظالموں کو اس میں ہم گھٹنوں کے بل گرا ہوا چھوڑ دیں گے۔ اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ

| الَّذِيْنَ كَفَرُوْا | لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا | اَيُّ | الْفَرِيْقَيْنِ | خَيْرٌ | مَّقَامًا | وَّ | اَحْسَنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انہوں نے جو کافر ہوئے | ان کو جو مسلمانوں سے | کونسا | دو فرقوں میں سے | بہتر ہے | جگہ میں | اور | اچھا ہے |

پڑھی جاتی ہیں کافر مسلمانوں سے کہتے ہیں کون سے گروہ کی رہائش اچھی ہے اور

نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ

| نَدِيًّا | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ | مِّنْ قَرْنٍ | هُمْ | اَحْسَنُ | اَثَاثًا | وَّ | رِءْيًا | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجلس میں | اور | کتنے | ہلاک کیے ہم نے | ان سے پہلے | گروہ میں سے | وہ | اچھا ہے | سامان | اور | آرائش میں | فرماؤ |

مجلس بہتر ہے۔ اور ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کر دیا کہ وہ ان سے بھی ساز وسامان اور نام نمود میں بہتر تھے۔ اے

مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا

| مَنْ | كَانَ | فِي الضَّلٰلَةِ | فَلْيَمْدُدْ | لَهُ | الرَّحْمٰنُ | مَدًّا | حَتّٰٓى | اِذَا | رَاَوْا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | ہے | گمراہی میں | تو ڈھیل دے | اسے | رحمان | ڈھیل دینا | یہاں تک کہ | جب | دیکھیں گے | جو |

حبیب ﷺ فرما دیجئے، جو گمراہی میں مبتلا ہے اسے رحمٰن ڈھیل دیتا رہے گا یہاں تک کہ وہ اس چیز کو جس

يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ۭ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ

| يُوْعَدُوْنَ | اِمَّا | الْعَذَابَ | وَ | اِمَّا | السَّاعَةَ | فَسَيَعْلَمُوْنَ | مَنْ | هُوَ | شَرٌّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ دیے جاتے ہیں | یا تو | عذاب | اور | یا | قیامت | تو جلدی جان لیں گے | کون ہے | وہ | برا |

کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے دیکھ لیں خواہ وہ عذاب ہو یا وہ قیامت۔ سو یہ بھی جان لیں گے کہ

مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ وَ

| مَّكَانًا | وَّ | اَضْعَفُ | جُنْدًا | وَ | يَزِيْدُ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اهْتَدَوْا | هُدًى | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ میں | اور | کمزور | لشکر میں | اور | زیادہ کرتا ہے | اللہ | ان کو جنہوں نے | ہدایت پائی | ہدایت | اور |

کس کی جگہ زیادہ بری اور لشکر زیادہ کمزور ہے۔ اور اللہ تعالیٰ راہِ راست پر چلنے والوں کی مزید رہنمائی کرتا ہے اور باقی رہنے والے نیک

الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ اَفَرَءَيْتَ

| الْبٰقِيٰتُ | الصّٰلِحٰتُ | خَيْرٌ | عِنْدَ | رَبِّكَ | ثَوَابًا | وَّخَيْرٌ | مَّرَدًّا | اَفَرَءَيْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باقی رہنے والی | نیکیاں | بہتر ہیں | نزدیک | تیرے رب کے | ثواب میں | اور بہتر ہیں | انجام میں | کیا دیکھا آپ نے |

عمل ہی تمہارے رب کے ہاں ثواب میں بہتر ہیں اور انجام میں بھی بہتر۔ تو کیا آپ نے

الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ

| الَّذِيْ | كَفَرَ | بِاٰيٰتِنَا | وَقَالَ | لَاُوْتَيَنَّ | مَالًا | وَّ | وَلَدًا | اَطَّلَعَ | الْغَيْبَ | اَمِ | اتَّخَذَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو جس نے | کفر کیا | ہماری آیتوں کا | اور کہا | میں دیا جاؤں گا | مال | اور | اولاد | کیا جھانکا اس نے | غیب کو | یا | پکڑا |

اسے دیکھا جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور کہنے لگا کہ مجھے ضرور مال اور اولاد ملیں گے۔ یا اُس نے غیب کی اطلاع پائی ہے یا

عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۭ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ

| عِنْدَ | الرَّحْمٰنِ | عَهْدًا | كَلَّا | سَنَكْتُبُ | مَا | يَقُوْلُ | وَ | نَمُدُّ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک | رحمٰن کے | عہد | ہرگز نہیں | جلدی لکھیں گے ہم | جو | کہتا ہے | اور | لمبا کریں گے ہم | اس کے لیے |

اُس نے رحمٰن سے کوئی عہد لے لیا ہے۔ ہرگز نہیں! جو کچھ وہ کہتا ہے وہ ہم جلد ہی لکھ لیں گے اور ہم اس کیلئے

مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

| مِنَ الْعَذَابِ | مَدًّا | وَّنَرِثُهٗ | مَا | يَقُوْلُ | وَيَاْتِيْنَا | فَرْدًا | وَاتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | لمبا | اور وارث ہوں گے ہم اسکے | جو | کہتا ہے | اور آئیگا ہمارے پاس | اکیلا | اور بنائے انہوں نے | سوائے |

عذاب میں اور اضافہ کریں گے۔ اور جو کچھ وہ کہہ رہا ہے ہم اُس کے وارث ہوں گے اور وہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا۔ اور انہوں نے

اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ؕ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اٰلِهَةً | لِّيَكُوْنُوْا | لَهُمْ | عِزًّا | كَلَّا | سَيَكْفُرُوْنَ | بِعِبَادَتِهِمْ | وَ | يَكُوْنُوْنَ |
| اللہ کے | معبود | تا کہ ہوں | انکے لیے | غلبے کا سبب | ہرگز نہیں | جلدی انکار کرینگے | ان کی عبادت کا | اور | ہوں گے |

اللہ ﷻ کے سوا خدا بنا رکھے ہیں تا کہ وہ ان کی طاقت بنیں۔ ہرگز نہیں، وہ تو ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور ان کے

ع ٥ ٨

عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّاۤ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | ضِدًّا | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّاۤ | اَرْسَلْنَا | الشَّيٰطِيْنَ | عَلَى الْكٰفِرِيْنَ |
| ان کے | مخالف | کیا نہ | دیکھا آپ نے | کہ ہم نے | بھیجا | شیطانوں کو | کافروں پر کہ |

مخالف ہو جائیں گے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ ہم نے کافروں پر شیطان بھیجے وہ انہیں (ہر وقت کفر پر)

تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَؤُزُّهُمْ | اَزًّا | فَلَا | تَعْجَلْ | عَلَيْهِمْ | اِنَّمَا | نَعُدُّ | لَهُمْ | عَدًّا | يَوْمَ |
| ابھارتا ہے ان کو | ابھارنا | تو نہ | جلدی کریں | ان پر | سوائے اسکے نہیں کہ | گنتے ہیں | ہم ان کو | گننا | جس دن |

اُکساتے رہتے ہیں۔ تو آپ ان پر جلدی نہ فرمائیں ہم تو صرف ان کے انجام کے لیے دن شمار کر رہے ہیں۔ جس دن ہم ڈر

نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَحْشُرُ | الْمُتَّقِيْنَ | اِلَى | الرَّحْمٰنِ | وَفْدًا | وَّنَسُوْقُ | الْمُجْرِمِيْنَ | اِلٰى |
| اکٹھا کرینگے ہم | پرہیزگاروں کو | طرف | رحمان کی | مہمان بنا کر | اور ہانکیں گے ہم | مجرموں کو | طرف |

جانے والوں کو رحمٰن کی طرف مہمانوں کی طرح جمع کر کے لے جائیں گے۔ اور مجرموں کو جہنم کی طرف

وقف لازم

جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | وِرْدًا | لَا | يَمْلِكُوْنَ | الشَّفَاعَةَ | اِلَّا | مَنِ | اتَّخَذَ | عِنْدَ |
| جہنم کی | پیاسے | نہیں | اختیار رکھتے | سفارش کا | مگر | جس نے | پکڑا | نزدیک |

پیاسے ہانکیں گے۔ کوئی سفارش کا اختیار نہ رکھے گا سوائے اس کے جس نے رحمٰن کے

وقف لازم

الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحْمٰنِ | عَهْدًا | وَ | قَالُوا | اتَّخَذَ | الرَّحْمٰنُ | وَلَدًا | لَقَدْ | جِئْتُمْ |
| رحمٰن کے | عہد | اور | بولے | بنائی | رحمٰن نے | اولاد | بیشک | لائے تم |

ہاں عہد لے رکھا ہو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن نے ایک کو بیٹا بنا رکھا ہے۔ بے شک تم بہت ہی بری

شَيْئًا اِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْئًا | اِدًّا | تَكَادُ | السَّمٰوٰتُ | يَتَفَطَّرْنَ | مِنْهُ | وَ | تَنْشَقُّ | الْاَرْضُ |
| چیز | بھاری | قریب ہے کہ | آسمان | پھٹ جائیں | اس سے | اور | شق ہو جائے | زمین |

اور بھاری بات زبان پر لائے ہو۔ قریب ہے کہ اس سے آسمان پھٹ جائیں اور زمین ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور

وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَخِرُّ | الْجِبَالُ | هَدًّا | اَنْ | دَعَوْا | لِلرَّحْمٰنِ | وَلَدًا | وَ | مَا | يَنْۢبَغِيْ |
| اور | گر پڑیں | پہاڑ | کانپ کر | یہ کہ | پکارا انہوں نے | رحمان کے لیے | بیٹا | اور | نہیں | لائق |

پہاڑ کانپتے ہوئے گر جائیں۔ اس پر کہ انہوں نے رحمٰن کیلئے بیٹا تجویز کیا۔ اور رحمٰن کے لائق نہیں

لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلرَّحْمٰنِ | اَنْ | يَّتَّخِذَ | وَلَدًا | اِنْ | كُلُّ | مَنْ | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ |
| رحمان کو | یہ کہ | پکڑے | اولاد | نہیں ہے | ہر ایک | جو | آسمانوں | اور | زمین میں ہے |

کہ اولاد اختیار کرے۔ آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے وہ رحمٰن کے

اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّآ | اٰتِي | الرَّحْمٰنِ | عَبْدًا | لَقَدْ | اَحْصٰىهُمْ | وَعَدَّهُمْ | عَدًّا |
| مگر | آنے والا ہے | رحمان کے پاس | غلام ہو کر | بیشک | اس نے گنا ان کو | اور شمار کیا | شمار کرنا |

پاس صرف بندہ بن کر ہی آتا ہے۔ اس نے انہیں شمار کیا ہوا ہے اور انہیں خوب گن رکھا ہے۔

وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| وَ | كُلُّهُمْ | اٰتِيْهِ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | فَرْدًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ سارے | آئینگے اسکے پاس | قیامت کے دن | تنہا | بیشک | وہ جو | ایمان لائے | اور | کام کیے |

اور قیامت کے دن ان میں سے ہر ایک اس کے حضور اکیلا حاضر ہوگا۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ

| الصّٰلِحٰتِ | سَيَجْعَلُ | لَهُمُ | الرَّحْمٰنُ | وُدًّا | فَاِنَّمَا | يَسَّرْنٰهُ | بِلِسَانِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھے | جلدی بنائیگا | ان کیلئے | رحمٰن | محبت کرنے والا | سوائے اسکے نہیں کہ | آسان کیا اسکو ہم نے | آپ کی زبان میں |

کام کیے عنقریب رحمٰن ان کیلئے محبت پیدا کر دے گا۔ تو ہم نے یہ قرآن آپ کی زبان میں یونہی آسان فرمایا

لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

| لِتُبَشِّرَ | بِهٖ | الْمُتَّقِيْنَ | وَتُنْذِرَ | بِهٖ | قَوْمًا | لُّدًّا | وَكَمْ | اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ آپ خوشخبری دیں | ساتھ اسکے | پرہیزگاروں کو | اور ڈراؤ | اسکے ساتھ | قوم | جھگڑالو کو | اور کتنے | ہم نے ہلاک کیے | ان سے پہلے |

کہ تم اس سے ڈرنے والوں کو خوشخبری دو اور جھگڑالو لوگوں کو اس سے ڈر سناؤ۔ اور ہم ان سے پہلے کتنی بستیوں کو

مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾ ع ٦/٩ النصف

| مِّنْ قَرْنٍ | هَلْ | تُحِسُّ | مِنْهُمْ | مِّنْ اَحَدٍ | اَوْ | تَسْمَعُ | لَهُمْ | رِكْزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گروہ | کیا | محسوس کرتا ہے | ان سے | کسی کو | یا | سنتا ہے | ان کے لیے | کوئی آہٹ |

ہلاک کر چکے ہیں کیا تم ان میں کسی کو دیکھتے ہو یا انکی آہٹ سنتے ہو۔

اٰیاتها ١٣٥ — ٢٠ سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ ٤٥ — رکوعاتها ٨

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰهٰ ۞ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰۤى ۞ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ

| طٰهٰ | مَآ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْكَ | الْقُرْاٰنَ | لِتَشْقٰۤى | اِلَّا | تَذْكِرَةً | لِّمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طٰ | نہیں | اتارا ہم نے | آپ پر | قرآن | کہ مشقت اٹھاؤ | مگر | نصیحت | اسکے لیے جو |

طٰهٰ ۔ اے محبوب محتشم ﷺ ہم نے آپ پر یہ قرآن اس لئے نہیں اُتارا کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں۔ مگر یہ ایک نصیحت ہے اس

يَّخْشٰى ۞ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۞

| يَّخْشٰى | تَنْزِيْلًا | مِّمَّنْ | خَلَقَ | الْاَرْضَ | وَالسَّمٰوٰتِ | الْعُلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرے | اتارا گیا ہے | اسکی طرف سے جس نے | پیدا کیا | زمین کو | اور آسمانوں کو | بلند |

کیلئے جو اللہ ﷻ سے ڈرتا ہے۔ کہ اس کا نازل کیا ہوا ہے جس نے زمین کو اور بلند آسمان کو پیدا کیا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۞ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ

| اَلرَّحْمٰنُ | عَلَى | الْعَرْشِ | اسْتَوٰى | لَهٗ | مَا | فِى | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِى الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمٰن نے | اوپر | عرش کے | استواء فرمایا | اسی کا ہے | جو | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | جو | زمین میں ہے |

(وہ) نہایت رحمت والا (ہے) اس نے (اپنی شان کے لائق) عرش پر استواء فرمایا۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ

وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۞ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ

| وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | وَ | مَا | تَحْتَ | الثَّرٰى | وَ | اِنْ | تَجْهَرْ | بِالْقَوْلِ | فَاِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | انکے درمیان ہے | اور | جو | نیچے | گیلی مٹی کے ہے | اور | اگر | ظاہر کرے تو | بات | تو بیشک |

زمین میں ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور جو کچھ گیلی مٹی (زمین کی تہہ) کے نیچے ہے۔ اور اگر تم بات پکار کر کہو تو وہ بھید کو

يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ۞ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۞

| يَعْلَمُ | السِّرَّ | وَ | اَخْفٰى | اَللّٰهُ | لَاۤ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | لَهُ | الْاَسْمَآءُ | الْحُسْنٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے | پوشیدہ | اور | بہت آہستہ کو | اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | اس کے | نام ہیں | اچھے |

جانتا ہے اور اسے بھی جو اس سے بھی زیادہ چھپا ہے۔ اللہ ﷻ کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے ہیں سب اچھے نام۔

وقف لازم

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هَلْ | اَتٰىكَ | حَدِيْثُ | مُوْسٰى | اِذْ | رَاٰ | نَارًا | فَقَالَ | لِاَهْلِهِ | امْكُثُوْٓا | اِنِّيْٓ |
| اور | کیا | آئی آپ کے پاس | بات | موسیٰ کی | جب | اس نے دیکھی | آگ | تو کہا | اپنی بیوی سے | ٹھہرو | بیشک میں |

اور کیا آپ کے پاس موسیٰ کی خبر آچکی ہے؟ جب اس نے آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا ٹھہرو میں نے

اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰنَسْتُ | نَارًا | لَّعَلِّيْٓ | اٰتِيْكُمْ | مِّنْهَا | بِقَبَسٍ | اَوْ | اَجِدُ | عَلَى | النَّارِ | هُدًى |
| دیکھی ہے | آگ | تاکہ میں | لاؤں تمہارے پاس | اس سے | چنگاری | یا | پاؤں میں | اوپر | آگ کے | رستہ |

آگ دیکھی ہے شاید میں تمہارے پاس اس کا کوئی انگارہ لاؤں یا آگ پر پہنچ کر کوئی رہنمائی پاؤں۔

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّآ | اَتٰىهَا | نُوْدِيَ | يٰمُوْسٰى | اِنِّيْٓ | اَنَا | رَبُّكَ | فَاخْلَعْ | نَعْلَيْكَ | اِنَّكَ |
| پھر جب | آیا اسکے پاس | پکارا گیا | اے موسیٰ | بیشک | میں | تیرا رب ہوں | سو اتار لے | اپنی جوتیاں | بیشک تو |

پھر جب وہ آگ کے پاس آئے تو انہیں ندا کی گئی اے موسیٰ علیہ السلام! بے شک میں آپ کا رب ہوں تو آپ اپنے جوتے اُتار دیں

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْوَادِ | الْمُقَدَّسِ | طُوًى | وَ | اَنَا | اخْتَرْتُكَ | فَاسْتَمِعْ | لِمَا | يُوْحٰى |
| جنگل | پاک | طویٰ میں ہے | اور | میں نے | چن لیا تجھے | تو سن | وہ جو | وحی کی گئی ہے |

یقیناً آپ پاک میدان ''طویٰ'' میں ہیں۔ اور میں نے تمہیں پسند کیا اب کان لگا کر سنو جو تجھے وحی ہوتی ہے۔

اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿١٤﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّنِيْٓ | اَنَا | اللّٰهُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّآ | اَنَا | فَاعْبُدْنِيْ | وَاَقِمِ | الصَّلٰوةَ | لِذِكْرِيْ | اِنَّ |
| بیشک | میں | اللہ ہوں | نہیں | معبود | مگر | میں | سو تو عبادت کر میری | اور قائم کر | نماز کو | میری یاد کیلئے | بیشک |

بے شک میں ہی ہوں اللہ ﷻ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری بندگی کرو اور میری یاد کیلئے نماز قائم رکھو۔ بے شک

السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ۝١٥ فَلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّاعَةَ | اٰتِيَةٌ | اَكَادُ | اُخْفِيْهَا | لِتُجْزٰى | كُلُّ | نَفْسٍ | بِمَا | تَسْعٰى | فَلَا |
| قیامت | آنے والی ہے | قریب ہے کہ میں | چھپاؤں اسے | تاکہ بدلہ دیا جائے | ہر | آدمی کو | جو | اس نے کوشش کی | تو نہ |

قیامت آ کے رہے گی، میں اسے چھپا کر ہی رکھتا ہوں تاکہ ہر شخص اپنی کوشش کا بدلہ پائے۔ پس وہ

يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝١٦ وَمَا تِلْكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَصُدَّنَّكَ | عَنْهَا | مَنْ لَّا | يُؤْمِنُ | بِهَا | وَاتَّبَعَ | هَوٰىهُ | فَتَرْدٰى | وَمَا | تِلْكَ |
| روک دے تجھ کو | اس سے | وہ جو نہیں | ایمان لاتا | اس پر | اور پیروی کی | اپنی خواہش کی | سو تو ہلاک ہوگا | اور کیا ہے | یہ |

شخص تجھے نہ روکے جو اسے نہیں مانتا اور اپنی خواہش کے پیچھے چلتا ہے ورنہ تم ہلاک ہو جاؤ گے۔ اور اے

بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ۝١٧ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِيَمِيْنِكَ | يٰمُوْسٰى | قَالَ | هِيَ | عَصَايَ | اَتَوَكَّؤُا | عَلَيْهَا | وَاَهُشُّ | بِهَا |
| تیرے داہنے ہاتھ میں | اے موسیٰ | کہا | یہ | میرا عصا ہے | ٹیک لگاتا ہوں میں | اس پر | اور پتے جھاڑتا ہوں | اس سے |

موسیٰ علیہ السلام! یہ آپ کے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟ عرض کی یہ میرا عصا ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں کیلئے پتے

عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ۝١٨ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ۝١٩

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى غَنَمِيْ | وَلِيَ | فِيْهَا | مَاٰرِبُ | اُخْرٰى | قَالَ | اَلْقِهَا | يٰمُوْسٰى |
| اپنی بکریوں پر | اور میرے | اس میں | فائدے ہیں | اور بھی | فرمایا | ڈال دے اسکو | اے موسیٰ |

جھاڑ لیتا ہوں اور میرے لئے اس میں اور (بھی) کئی کام ہیں۔ فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام اسے (زمین پر) ڈال دو۔

فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ۝٢٠ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ وقفة سَنُعِيْدُهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَلْقٰىهَا | فَاِذَا | هِيَ | حَيَّةٌ | تَسْعٰى | قَالَ | خُذْهَا | وَلَا | تَخَفْ | سَنُعِيْدُهَا |
| تو ڈال دیا اسکو | تو جبھی | وہ | سانپ تھا | دوڑتا ہوا | فرمایا | پکڑ اس کو | اور نہ | ڈر | جلدی لوٹا دینگے اسکو |

تو موسیٰ علیہ السلام نے اسے (زمین پر) ڈال دیا تو جبھی وہ دوڑتا ہوا سانپ ہو گیا۔ فرمایا اسے پکڑ لو اور ڈرو مت ہم اسے اس کی پہلی

سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِيْرَتَهَا | الْاُوْلٰى | وَاضْمُمْ | يَدَكَ | اِلٰى | جَنَاحِكَ | تَخْرُجْ | بَيْضَآءَ |
| اس کی حالت | پہلی میں | اور ملا | اپنا ہاتھ | طرف | اپنے بازو کی | نکلے گا | سفید |

حالت پر لوٹا دیں گے۔ اور اپنا ہاتھ اپنے بازو سے لگاؤ وہ بغیر کسی تکلیف کے سفید ہو کر نکلے گا

مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿٢٣﴾ اِذْهَبْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ غَيْرِ | سُوْٓءٍ | اٰيَةً | اُخْرٰى | لِنُرِيَكَ | مِنْ اٰيٰتِنَا | الْكُبْرٰى | اِذْهَبْ |
| بغیر کسی | کے مرض | یہ نشانی ہے | دوسری | تاکہ دکھائیں ہم تجھ کو | اپنی نشانیاں | بڑی بڑی | جا |

یہ دوسری نشانی ہے۔ تاکہ (اے موسیٰ علیہ السلام!) ہم آپ کو اپنی کچھ بڑی نشانیاں دکھائیں۔ (اب) فرعون کی

اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ ع ٢٣ ١٠

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | فِرْعَوْنَ | اِنَّهٗ | طَغٰى | قَالَ | رَبِّ | اشْرَحْ | لِيْ | صَدْرِيْ | وَ | يَسِّرْ لِيْٓ |
| طرف | فرعون کی | بیشک اس نے | سرکشی کی | عرض کیا | اے میرے رب | کھول دے | میرے لیے | میرا سینہ | اور | آسان کر میرے لیے |

طرف جایئے بے شک اس نے (بہت ہی) سرکشی کی ہے۔ عرض کی اے میرے رب میرے لئے میرا سینہ کھول دے۔ اور میرے

اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ وَاجْعَلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرِيْ | وَ | احْلُلْ | عُقْدَةً | مِّنْ لِّسَانِيْ | يَفْقَهُوْا | قَوْلِيْ | وَ | اجْعَلْ |
| میرا کام | اور | کھول دے | گرہ | میری زبان کی | کہ سمجھیں وہ | میری بات | اور | بنا |

لئے میرا کام آسان کردے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ وہ میری بات کو سمجھیں۔ اور میرے

لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿٢٩﴾ هٰرُوْنَ اَخِي ﴿٣٠﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿٣١﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّيْ | وَزِيْرًا | مِّنْ اَهْلِيْ | هٰرُوْنَ | اَخِي | اشْدُدْ | بِهٖٓ | اَزْرِيْ |
| میرے لیے | وزیر | میرے گھر والوں میں سے | ہارون | میرے بھائی کو | مضبوط کر | اس کے ساتھ | میری کمر |

اہل میں سے میرا ایک وزیر بنا دے۔ میرے بھائی ہارون کو۔ اس سے میری کمر مضبوط کردے۔

وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ۙ﴿۳۲﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ۙ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ۭ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ

| وَ | اَشْرِكْهُ | فِيْٓ اَمْرِيْ | كَيْ | نُسَبِّحَكَ | كَثِيْرًا | وَّ | نَذْكُرَكَ | كَثِيْرًا | اِنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | شریک کر اسکو | میرے کام میں | تا کہ | تسبیح کریں ہم تیری | بہت | اور | یاد کریں تجھے | بہت | بیشک تو |

اور اسے میرے کام میں شریک کر۔ تاکہ ہم تیری بہت تسبیح کریں۔ اور تجھے بہت یاد کریں۔ بے شک تو ہمیں

كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا

| كُنْتَ | بِنَا | بَصِيْرًا | قَالَ | قَدْ | اُوْتِيْتَ | سُؤْلَكَ | يٰمُوْسٰى | وَلَقَدْ | مَنَنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | ہم کو | دیکھنے والا | فرمایا | بیشک | عطا کیا گیا تجھے | جو تو نے مانگا | اے موسیٰ | اور بیشک | احسان کیا ہم نے |

خوب دیکھ رہا ہے۔ فرمایا اے موسیٰ علیہ السلام! جو آپ نے طلب کیا وہ (سب کچھ) آپ کو دے دیا گیا۔ اور بے شک ہم نے تجھ پر

عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ۙ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ۙ﴿۳۸﴾ اَنِ اقْذِفِيْهِ

| عَلَيْكَ | مَرَّةً | اُخْرٰٓى | اِذْ | اَوْحَيْنَآ | اِلٰٓى | اُمِّكَ | مَا | يُوْحٰٓى | اَنِ | اقْذِفِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تجھ پر | ایک مرتبہ | اور | جب | الہام کیا ہم نے | طرف | ماں تیری کی | جو | الہام کیا گیا | یہ کہ | ڈال اس کو |

ایک بار اور احسان فرمایا۔ جب ہم نے تمہاری ماں کو الہام کیا جو الہام کرنا تھا۔ کہ اسے صندوق میں ڈال

فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ

| فِي التَّابُوْتِ | فَاقْذِفِيْهِ | فِي الْيَمِّ | فَلْيُلْقِهِ | الْيَمُّ | بِالسَّاحِلِ | يَاْخُذْهُ | عَدُوٌّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صندوق میں | پھر ڈال اس کو | دریا میں | پھر ڈالے اسے | دریا | کنارے پر | پکڑیگا اس کو | دشمن |

پھر اسے دریا میں ڈال دے کہ دریا اسے کنارے پر ڈال دے، اسے میرا دشمن اور اس کا دشمن پکڑ لے گا

لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ۭ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ڬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰي عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾ وقف لازم

| لِّيْ | وَ | عَدُوٌّ | لَّهٗ | وَ | اَلْقَيْتُ | عَلَيْكَ | مَحَبَّةً | مِّنِّيْ | وَ | لِتُصْنَعَ | عَلٰي عَيْنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرا | اور | دشمن | اس کا | اور | ڈالی میں نے | تجھ پر | محبت | اپنی طرف سے | اور | تاکہ تیری پرورش ہو | میری نگرانی میں |

اور میں نے اپنی طرف سے تجھ پر محبت ڈال دی اور اس لیے کہ تم میری آنکھوں کے سامنے پرورش پائے۔

إِذْ تَمْشِيٓ أُخْتُكَ فَتَقُولُ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ مَنْ يَكْفُلُهٗ ط

| إِذْ | تَمْشِيٓ | أُخْتُكَ | فَتَقُولُ | هَلْ | أَدُلُّكُمْ | عَلَىٰ | مَنْ | يَكْفُلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | چلتی تھی | تیری بہن | تو کہتی تھی | کیا | بتاؤں میں تم کو | وہ | جو | پرورش کرے اسکی |

جب تمہاری بہن چلتی جاتی تھی اور کہتی تھی کیا میں تمہیں بتاؤں جو اس کا ذمہ لے گا؟ یوں ہم نے تجھے تیری

فَرَجَعْنٰكَ إِلَىٰٓ أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ط وَقَتَلْتَ نَفْسًا

| فَرَجَعْنٰكَ | إِلَىٰٓ | أُمِّكَ | كَيْ | تَقَرَّ | عَيْنُهَا | وَ | لَا | تَحْزَنَ | وَ | قَتَلْتَ | نَفْسًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو لوٹایا ہم نے تجھ کو | طرف | ماں تیری کی | تاکہ | ٹھنڈی رہیں | اسکی آنکھیں | اور | نہ | غم کھائے | اور | قتل کیا تونے | ایک جان کو |

ماں کے پاس واپس کر دیا تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کھائے اور تم نے

فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۵ قف فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ أَهْلِ مَدْيَنَ ۵ لا

| فَنَجَّيْنٰكَ | مِنَ الْغَمِّ | وَفَتَنّٰكَ | فُتُوْنًا | فَلَبِثْتَ | سِنِيْنَ | فِيْٓ أَهْلِ مَدْيَنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نجات دی ہم نے تجھ کو | غم سے | اور آزمایا ہم نے تجھ کو | آزمانا | تو ٹھہرا تو | کئی سال | مدین والوں میں |

ایک شخص کو قتل کر دیا تھا پھر ہم نے تجھے غم سے بچا لیا اور ہم نے تجھے کئی اور آزمائشوں میں ڈالا پھر تم کئی سال

ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿٤٠﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿٤١﴾ ج

| ثُمَّ | جِئْتَ | عَلٰى | قَدَرٍ | يّٰمُوْسٰى | وَ | اصْطَنَعْتُكَ | لِنَفْسِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | آیا تو | اوپر | اندازے کے | اے موسیٰ | اور | میں نے چن لیا تجھ کو | اپنے لیے |

مدین والوں کے درمیان رہے تب اے موسیٰ علیہ السلام! پھر تم مقرر وقت پر آ گئے۔ اور میں نے آپ کو خاص اپنے لئے برگزیدہ کر لیا۔

اِذْهَبْ أَنْتَ وَأَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿٤٢﴾ ج اِذْهَبَآ إِلٰى

| اِذْهَبْ | أَنْتَ | وَ | أَخُوْكَ | بِاٰيٰتِيْ | وَ | لَا | تَنِيَا | فِيْ ذِكْرِيْ | اِذْهَبَآ | إِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جا | تو | اور | تیرا بھائی | میری آیتوں کے ساتھ | اور | نہ | سستی کرنا | میری یاد میں | جاؤ | طرف |

(اے موسیٰ علیہ السلام!) آپ اور آپ کے بھائی (ہارون دونوں) میری نشانیاں لے کر جائیں اور میری یاد میں سستی نہ کریں۔ دونوں فرعون کے

فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٤٣﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿٤٤﴾

| فِرْعَوْنَ | اِنَّهٗ | طَغٰى | فَقُوْلَا | لَهٗ | قَوْلًا | لَّيِّنًا | لَّعَلَّهٗ | يَتَذَكَّرُ | اَوْ | يَخْشٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون کی | بیشک اپنے | سرکشی کی | تو کہو | اس کو | بات | نرم | شاید کہ وہ | نصیحت پکڑے | یا | ڈرے |

پاس جاؤ بے شک اس نے سرکشی میں سر اٹھایا۔ تو اس سے نرمی سے بات کہنا، اس اُمید پر کہ وہ دھیان کرے یا کچھ ڈرے۔

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ لَا تَخَافَآ

| قَالَا | رَبَّنَآ | اِنَّنَا | نَخَافُ | اَنْ | يَّفْرُطَ | عَلَيْنَآ | اَوْ | اَنْ | يَّطْغٰى | قَالَ | لَا | تَخَافَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولے | اے ہمارے رب | بیشک ہم | ڈرتے ہیں | یہ کہ | زیادتی کرے | ہم پر | یا | یہ کہ | سرکشی کرے | فرمایا | نہ | ڈرو |

وہ بولے اے ہمارے رب! ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر دست درازی کرے گا یا یہ کہ وہ حد سے نکل جائیگا۔ فرمایا ڈرو مت! میں

اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ

| اِنَّنِيْ | مَعَكُمَآ | اَسْمَعُ | وَاَرٰى | فَاْتِيٰهُ | فَقُوْلَآ | اِنَّا | رَسُوْلَا | رَبِّكَ | فَاَرْسِلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک میں | تمہارے ساتھ ہوں | میں سنتا | اور دیکھتا ہوں | تو جاؤ اسکے پاس | پھر کہو | بیشک ہم | رسول ہیں | تیرے رب کے | تو بھیج دے |

تمہارے ساتھ ہوں سنتا اور دیکھتا ہوں۔ تو اس کے پاس جاؤ پھر کہو کہ ہم تیرے رب کے رسول ہیں تو بنی اسرائیل

مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۥ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ

| مَعَنَا | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | وَ | لَا | تُعَذِّبْهُمْ | قَدْ | جِئْنٰكَ | بِاٰيَةٍ | مِّنْ رَّبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے ساتھ | بنی | اسرائیل کو | اور | نہ | سزا دے ان کو | بیشک | لائے ہم تیرے پاس | نشانی | تیرے رب سے |

کو ہمارے ساتھ بھیج دے اور انہیں اذیت نہ پہنچا بے شک ہم تیرے رب کی طرف سے تیرے پاس نشانی لے کر آئے ہیں

وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿٤٧﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى

| وَ | السَّلٰمُ | عَلٰى | مَنِ | اتَّبَعَ | الْهُدٰى | اِنَّا | قَدْ | اُوْحِيَ | اِلَيْنَآ | اَنَّ | الْعَذَابَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سلامتی | اوپر | اسکے ہے جو | پیروی کرے | ہدایت کی | بیشک | تحقیق | وحی کی گئی | ہماری طرف | بیشک | عذاب | اوپر |

اور سلام اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی۔ بے شک ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ عذاب اسی پر ہے جو جھٹلائے گا

مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | كَذَّبَ | وَ | تَوَلّٰى | قَالَ | فَمَنْ | رَّبُّكُمَا | يٰمُوْسٰى | قَالَ | رَبُّنَا | الَّذِيْٓ |
| اسکے ہے جو | جھٹلائے | اور | منہ پھیرے | بولا | پھر کون ہے | رب تم دونوں کا | اے موسیٰ | کہا | ہمارا رب | وہ ہے جس نے |

اور منہ پھیرے گا۔ (فرعون) بولا تو تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰ علیہ السلام۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ہمارا رب جس نے

اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْطٰى | كُلَّ | شَيْءٍ | خَلْقَهٗ | ثُمَّ | هَدٰى | قَالَ | فَمَا | بَالُ | الْقُرُوْنِ | الْاُوْلٰى |
| دی | ہر | چیز کو | اسکے لائق صورت دی | پھر | راہنمائی کی | بولا | پھر کیا | حال ہے | زمانوں | اگلوں کا |

ہر چیز کو اس کے لائق صورت دی پھر راہ دکھائی۔ (فرعون) بولا پھر پہلی قوموں کی کیا حالت تھی؟

قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿٥٢﴾ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | عِلْمُهَا | عِنْدَ | رَبِّيْ | فِيْ كِتٰبٍ | لَا يَضِلُّ | رَبِّيْ | وَلَا | يَنْسَى | الَّذِيْ |
| فرمایا | اس کا علم | نزدیک | رب میرے کے ہے | کتاب میں | نہیں بھٹکتا | میرا رب | اور نہیں | بھولتا | وہ جس نے |

موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ان کا علم میرے رب کے پاس لکھا ہے میرا رب نہ بھٹکتا ہے اور نہ بھولتا ہے۔ جس نے تمہارے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ | مَهْدًا | وَّسَلَكَ | لَكُمْ | فِيْهَا | سُبُلًا | وَّ | اَنْزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ |
| بنایا | تمہارے لیے | زمین کو | بچھونا | اور چلائے | تمہارے لیے | اس میں | رستے | اور | اتارا | آسمان سے |

لئے زمین کو فرش بنایا اور اس میں تمہارے چلنے کی راہیں بنا دیں اور آسمان سے پانی اُتارا

مَآءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿٥٣﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآءً | فَاَخْرَجْنَا | بِهٖٓ | اَزْوَاجًا | مِّنْ نَّبَاتٍ | شَتّٰى | كُلُوْا | وَارْعَوْا |
| پانی | تو نکالے ہم نے | اسکے ساتھ | جوڑے | سبزی | مختلف کے | کھاؤ | اور چراؤ |

پھر ہم نے اس سے مختلف (قسم کے) نباتات کے جوڑے پیدا کیے۔ کھاؤ اور اپنے مویشیوں

ع اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّهٰى ﴿۵۴﴾ ع مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِیْهَا

| اَنْعَامَكُمْ | اِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | لَاٰیٰتٍ | لِّاُولِی النُّهٰى | مِنْهَا | خَلَقْنٰكُمْ | وَفِیْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے مویشوں کو | بیشک | اس میں | البتہ نشانیاں ہیں | عقلمندوں کیلئے | اسی سے | پیدا کیا ہم نے تم کو | اور اسی میں |

کو (بھی) چراؤ بے شک اس میں عقلمندوں کیلئے (ہماری) نشانیاں ہیں۔ ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اسی میں تمہیں پھر

نُعِیْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدْ اَرَیْنٰهُ اٰیٰتِنَا كُلَّهَا

| نُعِیْدُكُمْ | وَ | مِنْهَا | نُخْرِجُكُمْ | تَارَةً | اُخْرٰى | وَ | لَقَدْ | اَرَیْنٰهُ | اٰیٰتِنَا | كُلَّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوٹا دینگے ہم تم کو | اور | اسی سے | نکالیں گے ہم تم کو | ایک بار | اور | اور | بیشک | دکھائیں ہم نے اسکو | اپنی آیتیں | ساری |

لے جائینگے اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے۔ اور بے شک ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دکھائیں تو

فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ

| فَكَذَّبَ | وَاَبٰى | قَالَ | اَجِئْتَنَا | لِتُخْرِجَنَا | مِنْ اَرْضِنَا | بِسِحْرِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اس نے جھٹلایا | اور انکار کیا | بولا | کیا آئے ہو تم ہمارے پاس | تاکہ نکالو تم ہم کو | ہماری زمین سے | اپنے جادو کے زور سے |

اس نے جھٹلایا اور نہ مانا۔ کہنے لگا اے موسیٰ علیہ السلام! کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے کہ اپنے جادو سے ہمیں ہمارے

یٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾ فَلَنَاْتِیَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَیْنَنَا وَبَیْنَكَ مَوْعِدًا

| یٰمُوْسٰى | فَلَنَاْتِیَنَّكَ | بِسِحْرٍ | مِّثْلِهٖ | فَاجْعَلْ | بَیْنَنَا | وَبَیْنَكَ | مَوْعِدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے موسیٰ | تو ضرور لائینگے ہم تیرے مقابل | جادو | اسی جیسا | تو کرو | ہمارے | اور اپنے درمیان | وعدہ |

ملک سے نکال دے؟ اب ہم بھی تیرے سامنے اسی طرح کا جادو لائیں گے سو تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وعدے کا وقت

لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ یَوْمُ الزِّیْنَةِ

| لَا | نُخْلِفُهٗ | نَحْنُ | وَ | لَآ | اَنْتَ | مَكَانًا | سُوًى | قَالَ | مَوْعِدُكُمْ | یَوْمُ | الزِّیْنَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | خلاف کریں اسکا | ہم | اور | نہ | تم | جگہ ہو | ہموار | فرمایا | تمہارا وعدہ | دن ہے | میلے کا |

مقرر کر لے جس کے خلاف نہ ہم کریں گے اور نہ تم کرنا۔ فرمایا تمہارے ساتھ جشن کے دن کا وعدہ ہے اور

وَاَنۡ يُّحۡشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾ فَتَوَلّٰى فِرۡعَوۡنُ فَجَمَعَ كَيۡدَهٗ ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | كَيۡدَهٗ | فَجَمَعَ | فِرۡعَوۡنُ | فَتَوَلّٰى | ضُحًى | النَّاسُ | يُّحۡشَرَ | اَنۡ | وَ |
| پھر | اپنا مکر | پھر جمع کیا | فرعون نے | پھر منہ پھیرا | چاشت کے وقت | لوگ | اکٹھے کیے جائیں | یہ کہ | اور |

یہ کہ دن چڑھے سب لوگ جمع ہو جائیں۔ تو فرعون واپس چلا گیا پھر اس نے اپنے مکروفریب کو

اَتٰى ﴿۶۰﴾ قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰى وَيۡلَكُمۡ لَا تَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسۡحِتَكُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيُسۡحِتَكُمۡ | كَذِبًا | اللّٰهِ | عَلَى | تَفۡتَرُوۡا | لَا | وَيۡلَكُمۡ | مُّوۡسٰى | لَهُمۡ | قَالَ | اَتٰى |
| وہ برباد کردیگا تم کو | جھوٹ | اللہ کے | اوپر | باندھو | نہ | تم پر افسوس | موسیٰ نے | ان کو | کہا | آیا |

جمع کیا پھر آیا۔ ان سے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تمہیں خرابی ہو اللہ جل جلالہ پر جھوٹ نہ باندھو کہ وہ تمہیں عذاب سے ہلاک کر دے

بِعَذَابٍ ۚ وَقَدۡ خَابَ مَنِ افۡتَرٰى ﴿۶۱﴾ فَتَنَازَعُوۡۤا اَمۡرَهُمۡ بَيۡنَهُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَيۡنَهُمۡ | اَمۡرَهُمۡ | فَتَنَازَعُوۡۤا | افۡتَرٰى | مَنِ | خَابَ | قَدۡ | وَ | بِعَذَابٍ |
| آپس میں | اپنے کام میں | تو وہ جھگڑے | جھوٹ باندھا | جس نے | نامراد ہوا | بیشک | اور | عذاب سے |

اور بے شک وہ کبھی کامیاب نہ ہوگا جس نے جھوٹ باندھا۔ پھر انہوں نے اپنے معاملے میں آپس میں اختلاف کیا

وَاَسَرُّوا النَّجۡوٰى ﴿۶۲﴾ قَالُوۡۤا اِنۡ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيۡدٰنِ اَنۡ يُّخۡرِجٰكُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّخۡرِجٰكُمۡ | اَنۡ | يُرِيۡدٰنِ | لَسٰحِرٰنِ | هٰذٰنِ | اِنۡ | قَالُوۡۤا | النَّجۡوٰى | اَسَرُّوا | وَ |
| نکالیں تم کو | یہ کہ | چاہتے ہیں | یقیناً جادوگر ہیں | یہ دونوں | بیشک | بولے | مشورہ | پوشیدہ کیا انہوں نے | اور |

اور انہوں نے چپکے چپکے سرگوشیاں کیں۔ کہنے لگے ضرور یہ دونوں جادوگر ہیں جو چاہتے ہیں کہ اپنے جادو سے

مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ بِسِحۡرِهِمَا وَيَذۡهَبَا بِطَرِيۡقَتِكُمُ الۡمُثۡلٰى ﴿۶۳﴾ فَاَجۡمِعُوۡا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَجۡمِعُوۡا | الۡمُثۡلٰى | بِطَرِيۡقَتِكُمُ | يَذۡهَبَا | وَ | بِسِحۡرِهِمَا | مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ |
| تو جمع کرو | اچھا | تمہارا طریقہ | لے جائیں | اور | اپنے جادو سے | تمہاری زمین سے |

تمہیں تمہارے ملک سے نکال دیں اور تمہاری مثالی طریقہ زندگی کو مٹا دیں۔ پس تم اپنی

كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْدَكُمْ | ثُمَّ | ائْتُوْا | صَفًّا | وَ | قَدْ | اَفْلَحَ | الْيَوْمَ | مَنِ | اسْتَعْلٰى | قَالُوْا |
| اپنے مکر | پھر | آجاؤ | صف باندھ کر | اور | بیشک | کامیاب ہوا | آج | جو | غالب آیا | بولے |

چال مکمل کرو پھر اکٹھے ہو کر آؤ اور آج وہ مراد کو پہنچا جو جیت گیا۔ بولے اے

يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰمُوْسٰى | اِمَّآ | اَنْ | تُلْقِيَ | وَ | اِمَّآ | اَنْ | نَّكُوْنَ | اَوَّلَ | مَنْ | اَلْقٰى | قَالَ | بَلْ |
| اے موسیٰ | یا | یہ کہ | تم ڈالو | اور | یا | یہ کہ | ہم ہوں | پہلے | وہ جو | ڈالیں | فرمایا | بلکہ |

موسیٰ علیہ السلام! یا تم اپنی چیز ڈالو یا ہم پہلے ہو جائیں ڈالنے والے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا

اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْقُوْا | فَاِذَا | حِبَالُهُمْ | وَ | عِصِيُّهُمْ | يُخَيَّلُ | اِلَيْهِ | مِنْ سِحْرِهِمْ | اَنَّهَا |
| ڈالو | تم جبھی | انکی رسیاں | اور | ان کی لاٹھیاں | خیال ہوتا | موسیٰ کو | ان کے جادو سے | کہ وہ |

بلکہ تم ہی ڈالو تو ناگہاں ان کے جادو سے موسیٰ علیہ السلام کو خیال ہوا کہ ان کی رسیاں اور لاٹھیاں

تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسْعٰى | فَاَوْجَسَ | فِيْ نَفْسِهٖ | خِيْفَةً | مُّوْسٰى | قُلْنَا | لَا | تَخَفْ |
| دوڑتی ہیں | تو چھپایا | اپنے دل میں | خوف | موسیٰ نے | ہم نے کہا | نہ | ڈر |

دوڑ رہی ہیں۔ تو اپنے جی میں موسیٰ علیہ السلام نے خوف پایا۔ ہم نے فرمایا ڈر و

اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكَ | اَنْتَ | الْاَعْلٰى | وَ | اَلْقِ | مَا | فِيْ يَمِيْنِكَ | تَلْقَفْ | مَا | صَنَعُوْا | اِنَّمَا |
| یقیناً تو | تو ہی | غالب ہے | اور | ڈال | جو | تیرے دائیں ہاتھ میں ہے | نگل جائے گا | جو | بنایا انہوں نے | سوا اس کے نہیں کہ |

نہیں بیشک تم ہی غالب رہو گے۔ اور وہ جو تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے ڈال دو وہ ان کو جو انہوں نے بنایا ہے

صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ

| صَنَعُوْا | كَيْدُ | سٰحِرٍ | وَ | لَا | يُفْلِحُ | السّٰحِرُ | حَيْثُ | اَتٰى | فَاُلْقِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنایا انہوں نے | فریب | جادوگر کا | اور | نہیں | کامیاب ہوتا | جادوگر | جہاں بھی | آئے | گرائے گئے |

نکل جائے گا انہوں نے صرف جادوگروں کی چال کا کام دکھایا ہے اور جادوگر کہیں سے بھی آئے کامیاب نہیں ہوتا۔ پھر جادوگر

السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ

| السَّحَرَةُ | سُجَّدًا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِرَبِّ | هٰرُوْنَ | وَ | مُوْسٰى | قَالَ | اٰمَنْتُمْ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب جادوگر | سجدے میں | بولے | ایمان لائے ہم | ساتھ رب | ہارون | اور | موسیٰ کے | بولا | ایمان لائے تم | اس پر |

سجدے میں گر گئے اور بولے ہم ہارون علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے رب پر ایمان لائے۔ (فرعون نے) کہا تم ایمان لے آئے

قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ

| قَبْلَ | اَنْ | اٰذَنَ | لَكُمْ | اِنَّهٗ | لَكَبِيْرُكُمُ | الَّذِيْ | عَلَّمَكُمُ | السِّحْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے | اس سے | کہ اجازت دوں میں | تم کو | بیشک وہ | تمہارا بڑا ہے | جس نے | سکھایا تم کو | جادو |

اس سے پہلے کہ میں تمہیں اجازت دوں؟ بے شک وہ تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا تو میں ضرور تمہارے ہاتھ پاؤں

فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ

| فَلَاُقَطِّعَنَّ | اَيْدِيَكُمْ | وَ | اَرْجُلَكُمْ | مِّنْ خِلَافٍ | وَّ | لَاُصَلِّبَنَّكُمْ | فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ضرور کاٹوں گا میں | تمہارے ہاتھ | اور | تمہارے پاؤں | برخلاف | اور | ضرور سولی دوں گا میں تمہیں | کھجور کے تنوں پر |

مخالف سمت سے کاٹوں گا اور کھجور کے تنوں پر تمہیں ضرور سولی چڑھا دوں گا اور تمہیں ضرور معلوم ہو جائے گا کہ ہم میں سے کس کا

وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى

| وَ | لَتَعْلَمُنَّ | اَيُّنَآ | اَشَدُّ | عَذَابًا | وَّاَبْقٰى | قَالُوْا | لَنْ | نُّؤْثِرَكَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ضرور جان لوگے تم | کہ کون ہم میں | زیادہ سخت ہے | عذاب میں | اور زیادہ باقی رہنے والا | بولے | ہرگز نہ | ترجیح دینگے تجھ کو | اوپر |

عذاب بہت سخت اور زیادہ دیر تک باقی رہنے والا ہے۔ جادوگروں نے کہا: ہم تمہیں اُن پر ہرگز ترجیح نہیں دیں گے جو روشن

مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | جَآءَنَا | مِنَ الْبَيِّنٰتِ | وَالَّذِيْ | فَطَرَنَا | فَاقْضِ | مَآ | اَنْتَ | قَاضٍ | اِنَّمَا |
| اسکے جو | آیا ہمارے پاس | کھلے نشانات سے | قسم اسکی جس نے | ہمیں پیدا کیا | تو تو فیصلہ کر | جو | تو | فیصلہ کرنے والا ہے | سوا اسکے نہیں |

نشانیوں میں سے ہمارے پاس آگئی ہیں اور اُس ذات پر جس نے ہمیں پیدا کیا۔ پھر تو فیصلہ کرلے جو بھی تو فیصلہ کرنے والا ہے۔

تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقْضِيْ | هٰذِهِ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | اِنَّآ | اٰمَنَّا | بِرَبِّنَا | لِيَغْفِرَ لَنَا | خَطٰيٰنَا | وَ | مَآ |
| فیصلہ کرے گا تو | اس | زندگی میں | دنیا کی | بیشک ہم | ایمان لائے | اپنے رب پر | تاکہ بخشے ہم کو | ہمارے گناہ | اور | جو |

یقیناً تو صرف اس دنیا کی زندگی کے فیصلے کر سکتا ہے۔ بے شک ہم اپنے رب پر ایمان لائے کہ وہ ہماری خطائیں بخش دے اور وہ جو تو

اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْرَهْتَنَا | عَلَيْهِ | مِنَ السِّحْرِ | وَاللّٰهُ | خَيْرٌ | وَّاَبْقٰى | اِنَّهٗ | مَنْ | يَّاْتِ | رَبَّهٗ |
| مجبور کیا تو نے ہم کو | اس پر | جادو سے | اور اللہ | بہتر ہے | اور باقی رہنے والا | بیشک | جو | آیا | اپنے رب کے پاس |

نے ہمیں مجبور کیا جادو پر اور اللہ ﷻ بہتر ہے اور سب سے زیادہ باقی رہنے والا۔ بے شک جو اپنے رب کے حضور مجرم ہو

مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٤﴾ وَمَنْ يَّاْتِهٖ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُجْرِمًا | فَاِنَّ | لَهٗ | جَهَنَّمَ | لَا يَمُوْتُ | فِيْهَا | وَ | لَا | يَحْيٰى | وَ | مَنْ | يَّاْتِهٖ |
| مجرم ہوکر | تو بیشک | اسکے لیے | دوزخ ہے | نہ مرے گا | اس میں | اور | نہ | زندہ رہے گا | اور | جو | آیا اسکے پاس |

کر آئے تو ضرور اس کیلئے جہنم ہے جس میں نہ مرے گا نہ جیئے گا۔ اور جو اس

مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿٧٥﴾ لا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنًا | قَدْ | عَمِلَ | الصّٰلِحٰتِ | فَاُولٰۗىِٕكَ | لَهُمُ | الدَّرَجٰتُ | الْعُلٰى |
| مومن ہوکر | بیشک | عمل کیے اپنے | اچھے | تو یہ لوگ | ان کے لیے | درجے ہیں | بلند |

کے پاس مومن بن کر آئے گا جس نے اچھے عمل بھی کیے ہوں گے انہی کیلئے بلند درجے ہوں گے۔

## جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَا ؕ وَ ذٰلِكَ

| جَنّٰتُ | عَدۡنٍ | تَجۡرِیۡ | مِنۡ تَحۡتِهَا | الۡاَنۡهٰرُ | خٰلِدِیۡنَ | فِیۡهَا | وَ ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باغ ہیں | بسنے کے | چلتی ہیں | اس کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | اور یہ |

ہمیشہ رہنے والے باغ جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ اس شخص کا صلہ ہے

ع ٣ ٢٢ ١٢

## جَزٰٓؤُا مَنۡ تَزَکّٰی ﴿٧٦﴾ وَ لَقَدۡ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰی مُوۡسٰۤی ۙ۬ اَنۡ اَسۡرِ بِعِبَادِیۡ

| جَزٰٓؤُا | مَنۡ | تَزَکّٰی | وَ | لَقَدۡ | اَوۡحَیۡنَاۤ | اِلٰی | مُوۡسٰۤی | اَنۡ | اَسۡرِ | بِعِبَادِیۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ ہے | اس کا جو | پاک ہوا | اور | بیشک | وحی کی ہم نے | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ | رات کو لے جا | میرے بندوں کو |

جس نے پاکیزگی اختیار کی۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ میرے بندوں کو راتوں

## فَاضۡرِبۡ لَهُمۡ طَرِیۡقًا فِی الۡبَحۡرِ یَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّ لَا تَخۡشٰی ﴿٧٧﴾

| فَاضۡرِبۡ | لَهُمۡ | طَرِیۡقًا | فِی الۡبَحۡرِ | یَبَسًا | لَّا | تَخٰفُ | دَرَكًا | وَّ | لَا | تَخۡشٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بنالینا | ان کیلئے | راستہ | سمندر میں | خشک | نہ | ڈرے تو | پالینے سے | اور | نہ | خوف کھائے |

رات لے جاؤ پھر دریا میں ان کیلئے خشک راستہ نکال دو آپ کو نہ پکڑے جانے کا خوف ہو گا اور نہ کوئی اور خطرہ۔

## فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ بِجُنُوۡدِهٖ فَغَشِیَهُمۡ مِّنَ الۡیَمِّ مَا غَشِیَهُمۡ ﴿٧٨﴾ ط

| فَاَتۡبَعَهُمۡ | فِرۡعَوۡنُ | بِجُنُوۡدِهٖ | فَغَشِیَهُمۡ | مِّنَ الۡیَمِّ | مَا | غَشِیَهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پیچھے لگا ان کے | فرعون | اپنا لشکر لے کر | تو ڈھانپ لیا ان کو | سمندر نے | جیسا | ڈھانپ لیا |

تو فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا پیچھا کیا پس دریا نے انہیں ڈھانپ لیا جیسا کہ ان کو ڈھانپ لینا ہے۔

## وَ اَضَلَّ فِرۡعَوۡنُ قَوۡمَهٗ وَ مَا هَدٰی ﴿٧٩﴾ یٰبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ قَدۡ اَنۡجَیۡنٰكُمۡ

| وَ | اَضَلَّ | فِرۡعَوۡنُ | قَوۡمَهٗ | وَ | مَا هَدٰی | یٰبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ | قَدۡ | اَنۡجَیۡنٰكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | گمراہ کیا | فرعون نے | اپنی قوم کو | اور | راہ نہ دکھائی | اے بنی اسرائیل | بیشک | نجات دی ہم نے تم کو |

اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور انہیں سیدھے راہ پر نہ لگایا۔ اے بنی اسرائیل! بے شک ہم نے تم کو

مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ عَدُوِّكُمْ | وَوٰعَدْنٰكُمْ | جَانِبَ | الطُّوْرِ | الْاَيْمَنَ | وَ | نَزَّلْنَا | عَلَيْكُمُ | الْمَنَّ |
| تمہارے دشمن سے | اور وعدہ دیا ہم نے تم کو | جانب | طور کی | داہنی | اور | اتارا ہم نے | تم پر | من |

تمہارے دشمن سے نجات دی اور تمہیں طور کی داہنی طرف کا وعدہ دیا اور تم پر من

وَالسَّلْوٰى ﴿۸۰﴾ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالسَّلْوٰى | كُلُوْا | مِنْ طَيِّبٰتِ | مَا | رَزَقْنٰكُمْ | وَ | لَا | تَطْغَوْا | فِيْهِ | فَيَحِلَّ |
| اور سلوٰی | کھاؤ | پاکیزہ | جو | رزق دیا ہم نے تم کو | اور | نہ | زیادتی کرو | اس میں | کر اترے گا |

اور سلویٰ اتارا۔ پاکیزہ رزق جو ہم نے تمہیں دیا ہے کھاؤ مگر اس میں حد سے نہ نکلنا ورنہ تم پر میرا

عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿۸۱﴾ وَاِنِّيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | غَضَبِيْ | وَ | مَنْ | يَّحْلِلْ | عَلَيْهِ | غَضَبِيْ | فَقَدْ | هَوٰى | وَ | اِنِّيْ |
| تم پر | میرا غضب | اور | جس پر | اترے | اس پر | میرا غضب | سو بیشک | گر گیا | اور | یقیناً میں |

غضب واجب ہو جائے گا اور جس پر میرا غضب واجب ہوگیا سو وہ واقعی ہلاک ہوگیا۔ بے شک اس

لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿۸۲﴾ وَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَغَفَّارٌ | لِّمَنْ | تَابَ | وَاٰمَنَ | وَعَمِلَ | صَالِحًا | ثُمَّ | اهْتَدٰى | وَ | مَآ |
| بخشنے والا ہوں | اس کو جو | تائب ہوا | اور ایمان لایا | اور عمل کیے | اچھے | پھر | ہدایت پائی | اور | کیا چیز |

کے لیے میں بڑا درگزر کرنے والا ہوں جس نے توبہ کی ایمان لایا درست عمل کیے، پھر سیدھے راستے پر چلے۔ اور (ہم نے طور پر

اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۸۳﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْجَلَكَ | عَنْ قَوْمِكَ | يٰمُوْسٰى | قَالَ | هُمْ | اُولَآءِ | عَلٰٓى اَثَرِيْ |
| جلدی لائی تجھے | تیری قوم سے | اے موسیٰ | عرض کی | وہ | یہ ہیں | میرے پیچھے |

موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا) اے موسیٰ علیہ السلام آپ نے اپنے لوگوں کو چھوڑ کر آنے میں کیوں جلدی کی۔ عرض کی وہ لوگ میرے پیچھے آ رہے ہیں اور

وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿۸۴﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَجِلْتُ | اِلَيْكَ | رَبِّ | لِتَرْضٰى | قَالَ | فَاِنَّا | قَدْ | فَتَنَّا | قَوْمَكَ | مِنْۢ بَعْدِكَ |
| اور | جلدی کی میں نے | تیری طرف | اے میرے رب | تو کہ راضی ہو | فرمایا | ہم نے | بیشک | آزمایا | تیری قوم کو | تیرے بعد |

اے میرے رب! میں نے تیرے حضور (حاضر ہونے میں) اس لئے جلدی کی کہ تو راضی ہو جائے۔ فرمایا تو ہم نے تمہارے آنے کے بعد

وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿۸۵﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَضَلَّهُمُ | السَّامِرِيُّ | فَرَجَعَ | مُوْسٰى | اِلٰى | قَوْمِهٖ | غَضْبَانَ | اَسِفًا |
| اور | گمراہ کیا ان کو | سامری نے | تو لوٹے | موسیٰ | طرف | اپنی قوم کی | غصے میں | افسوس کرتے |

تمہاری قوم کو آزمائش میں ڈالا اور انہیں سامری نے گمراہ کر دیا۔ تو موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کی طرف پلٹے غصہ میں بھرے

قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۬ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | يٰقَوْمِ | اَلَمْ | يَعِدْكُمْ | رَبُّكُمْ | وَعْدًا | حَسَنًا | اَفَطَالَ | عَلَيْكُمُ | الْعَهْدُ | اَمْ |
| کہا | اے میری قوم | کیا نہ | وعدہ دیا تم کو | تمہارے رب نے | وعدہ | اچھا | کیا پھر لمبی ہوئی | تم پر | مدت | یا |

افسوس کرتے ہوئے فرمایا اے میری قوم! کیا تم سے تمہارے رب نے اچھا وعدہ نہ کیا تھا کیا تم

اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿۸۶﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَدْتُّمْ | اَنْ | يَّحِلَّ | عَلَيْكُمْ | غَضَبٌ | مِّنْ رَّبِّكُمْ | فَاَخْلَفْتُمْ | مَّوْعِدِيْ |
| چاہا تم نے | یہ کہ | اترے | تم پر | غضب | تمہارے رب کا | تو خلاف کیا تم نے | میرے وعدے کا |

پر مدت لمبی گزری یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب اترے جو تم نے میرے وعدے کے خلاف کیا۔

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | مَآ | اَخْلَفْنَا | مَوْعِدَكَ | بِمَلْكِنَا | وَ | لٰكِنَّا | حُمِّلْنَآ | اَوْزَارًا | مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ |
| بولے | نہیں | خلاف کیا ہم نے | تیرے وعدے کا | اپنے اختیار سے | اور | لیکن | اٹھوائے گئے ہم | بوجھ | قوم کی زینت کا سے |

وہ کہنے لگے ہم نے اپنے اختیار سے تیرے وعدے کے خلاف نہیں کیا بلکہ ہم قوم کی زیب و زینت کا بوجھ اٹھائے ہوئے تھے جسے

فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَذَفْنٰهَا | فَكَذٰلِكَ | اَلْقَى | السَّامِرِيُّ | فَاَخْرَجَ | لَهُمْ | عِجْلًا |
| تو ڈالا ہم نے اسکو | اور اسی طرح | ڈالا | سامری نے | تو نکالا | ان کے لیے | بچھڑے کا |

ہم نے انہیں (آگ میں) ڈال دیا کہ سامری نے ایسے ہی ڈال دیا۔ ہاں اس نے ان کیلئے ایک بچھڑا نکالا ایک جسم گائے کی

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۥ فَنَسِيَ ﴿۸۸﴾ اَفَلَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَسَدًا | لَّهٗ | خُوَارٌ | فَقَالُوْا | هٰذَآ | اِلٰهُكُمْ | وَ | اِلٰهُ | مُوْسٰى | فَنَسِيَ | اَفَلَا |
| جسم | اس کی | آواز تھی گائے کی | تو بولے | یہ | تمہارا خدا ہے | اور | خدا ہے | موسیٰ کا | سو وہ بھول گیا | کیا پھر نہیں |

آواز والا پھر وہ کہنے لگے یہ ہے تمہارا خدا اور موسیٰ کا خدا پس وہ بھول گیا۔ تو کیا

يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۥ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ وَلَقَدْ ع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرَوْنَ | اَلَّا | يَرْجِعُ | اِلَيْهِمْ | قَوْلًا | وَّلَا يَمْلِكُ | لَهُمْ | ضَرًّا | وَّلَا | نَفْعًا | وَلَقَدْ |
| دیکھتے | کہ وہ نہیں | جواب دیتا لوٹ کر | انکی طرف | بات | اور اختیار نہیں رکھتا | ان کے | تکلیف کا | اور نہ | نفع کا | اور بیشک |

یہ لوگ (اتنا بھی) نہیں سمجھتے کہ وہ انہیں کسی بات کا جواب نہیں دے سکتا اور نہ وہ ان کیلئے کسی نقصان کا مالک ہے اور نہ کسی نفع کا۔ اور بے شک

قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | لَهُمْ | هٰرُوْنُ | مِنْ قَبْلُ | يٰقَوْمِ | اِنَّمَا | فُتِنْتُمْ | بِهٖ | وَاِنَّ | رَبَّكُمُ | الرَّحْمٰنُ |
| کہا | ان کو | ہارون نے | پہلے | اے میری قوم | یقیناً | تم فتنہ میں پڑے | اسکے ساتھ | اور بیشک | تمہارا رب | رحمٰن ہے |

ہارون علیہ السلام نے پہلے ہی ان لوگوں سے فرما دیا تھا کہ اے میری قوم اس (بچھڑے) کے ذریعہ تمہیں صرف آزمائش میں ڈالا گیا ہے

فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاتَّبِعُوْنِيْ | وَاَطِيْعُوْٓا | اَمْرِيْ | قَالُوْا | لَنْ نَّبْرَحَ | عَلَيْهِ | عٰكِفِيْنَ | حَتّٰى |
| تو تم پیروی کرو | اور اطاعت کرو | میرے حکم کی | بولے | ہرگز نہ ٹلیں گے ہم | اس پر | جمے بیٹھے رہیں گے | یہاں تک کہ |

اور اس میں شک نہیں کہ تمہارا رب رحمٰن ہے تو میری اتباع کرو اور میرا حکم بجالاؤ۔ بولے ہم تو اس کی پرستش پر جمے رہیں گے جب تک

يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ۝٩١ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ۝٩٢ لا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرْجِعَ | اِلَيْنَا | مُوْسٰى | قَالَ | يٰهٰرُوْنُ | مَا | مَنَعَكَ | اِذْ | رَاَيْتَهُمْ | ضَلُّوْٓا |
| لوٹے | ہماری طرف | موسیٰ | فرمایا | اے ہارون | کس نے | روکا تجھ کو | جب | دیکھا تم نے ان کو | کہ وہ گمراہ ہوگئے |

ہمارے پاس موسیٰ علیہ السلام لوٹ کے نہ آئیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے ہارون علیہ السلام! تمہیں کس بات نے روکا تھا جب تم نے انہیں گمراہ ہوتے دیکھا تھا۔

اَلَّا تَتَّبِعَنِ ط اَفَعَصَيْتَ اَمْرِىْ ۝٩٣ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِىْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّا | تَتَّبِعَنِ | اَفَعَصَيْتَ | اَمْرِىْ | قَالَ | يَبْنَؤُمَّ | لَا | تَاْخُذْ | بِلِحْيَتِىْ |
| کیا نہ | پیروی کی تونے میری | کیا نافرمانی کی تونے | میرے حکم کی | فرمایا | اے میری ماں کے بیٹے | نہ | پکڑ | میری داڑھی |

کہ تم میری پیروی نہ کرو؟ کیا تو نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟ اس نے کہا اے میرے ماں جائے! میری داڑھی نہ پکڑیں اور نہ

وَلَا بِرَاْسِىْ ج اِنِّىْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
اور وہ قیامت کی (ہولناکیوں) سے ڈرنے والے ہیں۔ اور یہ ہے برکت والا ذکر کہ ہم نے نازل فرمایا تو

أَفَأَنتُمْ لَهُ مُنكِرُونَ ﴿٥٠﴾ ع وَلَقَدْ آتَيْنَا إِبْرَاهِيمَ رُشْدَهُ مِن قَبْلُ ع ۴ ۲

| اَفَاَنۡتُمۡ | لَهٗ | مُنۡكِرُوۡنَ | وَ | لَقَدۡ | اٰتَيۡنَاۤ | اِبۡرٰهِيۡمَ | رُشۡدَهٗ | مِنۡ | قَبۡلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا تم | اس کے | منکر ہو | اور | بیشک | دی ہم نے | ابراہیم کو | اس کی بھلائی | اس سے | پہلے |

کیا تم اس کے منکر ہوتے ہو۔ اور بے شک ہم نے پہلے سے ہی ابراہیم علیہ السلام کو فہم و ہدایت دے رکھی تھی

وَكُنَّا بِهِ عَالِمِينَ ﴿٥١﴾ ج إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا هَٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي

| وَ | كُنَّا | بِهٖ | عٰلِمِيۡنَ | اِذۡ | قَالَ | لِاَبِيۡهِ | وَقَوۡمِهٖ | مَا هٰذِهِ | التَّمَاثِيۡلُ | الَّتِيۡۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تھے ہم | اس کو | جاننے والے | جب | کہا اس نے | اپنے باپ | اور اپنی قوم کو | کیا ہیں یہ | مورتیاں | جو |

اور ہم ان کو خوب جاننے والے تھے۔ جب انہوں نے اپنے باپ (چچا) اور اپنی قوم سے فرمایا یہ کیا مورتیاں ہیں

أَنتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ ﴿٥٢﴾ قَالُوا وَجَدْنَا آبَاءَنَا لَهَا عَابِدِينَ ﴿٥٣﴾ قَالَ

| اَنۡتُمۡ | لَهَا | عٰكِفُوۡنَ | قَالُوۡا | وَجَدۡنَاۤ | اٰبَآءَنَا | لَهَا | عٰبِدِيۡنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم | ان پر | دھرنا مارے بیٹھے ہو | بولے | ہم نے پایا | اپنے باپوں کو | ان کی | پوجا کرتے | کہا |

جن کے پاس تم جمے رہتے ہو؟ وہ بولے ہم نے اپنے باپ دادا کو ان کی عبادت کرتے ہوئے پایا ہے۔ (ابراہیم علیہ السلام نے)

لَقَدْ كُنتُمْ أَنتُمْ وَآبَاؤُكُمْ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٥٤﴾ قَالُوا أَجِئْتَنَا

| لَقَدۡ | كُنۡتُمۡ | اَنۡتُمۡ | وَ | اٰبَآؤُكُمۡ | فِىۡ ضَلٰلٍ | مُّبِيۡنٍ | قَالُوۡۤا | اَجِئۡتَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | تھے | تم | اور | تمہارے باپ | گمراہی | کھلی میں | بولے | کیا لایا تو ہمارے پاس |

فرمایا بے شک تم اور تمہارے (وہ) باپ دادا سب کھلی گمراہی میں پڑے رہے۔ بولے کیا تم

بِالْحَقِّ أَمْ أَنتَ مِنَ اللَّاعِبِينَ ﴿٥٥﴾ قَالَ بَل رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ

| بِالۡحَقِّ | اَمۡ | اَنۡتَ | مِنَ اللّٰعِبِيۡنَ | قَالَ | بَلۡ | رَّبُّكُمۡ | رَبُّ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق | یا ہے | تو | کھیلنے والوں میں سے | کہا | بلکہ | تمہارا رب | رب ہے | آسمانوں |

ہمارے پاس حق لائے ہو یا یونہی کھیلتے ہو۔ (ابراہیم علیہ السلام نے) فرمایا بلکہ تمہارا رب وہ ہے جو رب ہے

وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۶﴾

| وَ | الْاَرْضِ | الَّذِیْ | فَطَرَهُنَّ | وَ | اَنَا | عَلٰی | ذٰلِكُمْ | مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین کا | جس نے | ان کو پیدا کیا | اور | میں | اوپر | اس کے | گواہوں سے ہوں |

آسمانوں اور زمین کا جس نے انہیں پیدا کیا اور میں اس بات پر گواہی دینے والو میں سے ہوں۔

وَتَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾

| وَ | تَاللّٰهِ | لَاَكِیْدَنَّ | اَصْنَامَكُمْ | بَعْدَ | اَنْ | تُوَلُّوْا | مُدْبِرِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ کی قسم | ضرور تدبیر کروں گا | تمہارے بتوں سے | بعد | اس کے کہ | پھر وتم | پیٹھ دے کر |

اور اللہ تعالیٰ ﷻ کی قسم! اس کے بعد کہ تم پیٹھ پھیر کر جا چکے ہو گے میں تمہارے بتوں کے ساتھ ضرور ایک تدبیر کروں گا۔

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا

| فَجَعَلَهُمْ | جُذٰذًا | اِلَّا | كَبِیْرًا | لَّهُمْ | لَعَلَّهُمْ | اِلَیْهِ | یَرْجِعُوْنَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کر دیا ان کو | ٹکڑے ٹکڑے | مگر | بڑے کو | ان کے | تا کہ وہ | اسکی طرف | لوٹیں | بولے |

چنانچہ انہوں نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا سوائے ان کے بڑے (بت) کے تا کہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ (واپس آ کر وہ)

مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی

| مَنْ | فَعَلَ | هٰذَا | بِاٰلِهَتِنَآ | اِنَّهٗ | لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ | قَالُوْا | سَمِعْنَا | فَتًی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کس نے | کیا | یہ | ہمارے خداؤں سے | بیشک وہ | ظالموں سے ہے | بولے | ہم نے سنا ہے | ایک جوان |

بولے کس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ (سب کچھ) کیا بے شک وہ ضرور ظالموں میں سے ہے۔ (ان میں سے کچھ) لوگوں

یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓی اَعْیُنِ النَّاسِ

| یَّذْكُرُهُمْ | یُقَالُ | لَهٗ | اِبْرٰهِیْمُ | قَالُوْا | فَاْتُوْا | بِهٖ | عَلٰٓی اَعْیُنِ النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جوان کا ذکر کرتا ہے | کہا جاتا ہے | اس کو | ابراہیم | کہنے لگے | لاؤ | اس کو | لوگوں کے سامنے |

نے کہا ہم نے ایک نوجوان کو ان بتوں کی برائی کرتے سنا ہے اسے ابراہیم علیہ السلام کہا جاتا ہے۔ بولے تو اسے لوگوں کے سامنے

لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا

| لَعَلَّهُمْ | يَشْهَدُوْنَ | قَالُوْٓا | ءَاَنْتَ | فَعَلْتَ | هٰذَا | بِاٰلِهَتِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ وہ | گواہ رہیں | کہنے لگے | کیا تو نے | کیا ہے | یہ | ہمارے خداؤں کے ساتھ |

لاؤ شاید وہ گواہی دیں۔ بولے کیا تم نے ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ (سب کچھ)

يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٢﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا

| يٰٓاِبْرٰهِيْمُ | قَالَ | بَلْ | فَعَلَهٗ | كَبِيْرُهُمْ | هٰذَا | فَسْـَٔلُوْهُمْ | اِنْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے ابراہیم | فرمایا | بلکہ | کیا ہے اس کو | ان کے بڑے نے | یہ | تو پوچھو ان سے | اگر | ہیں وہ |

کیا اے ابراہیم علیہ السلام ۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا نہیں، بلکہ ان کے اس بڑے نے (کیا ہوگا) ان سے

يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ

| يَنْطِقُوْنَ | فَرَجَعُوْٓا | اِلٰٓى | اَنْفُسِهِمْ | فَقَالُوْٓا | اِنَّكُمْ | اَنْتُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بولتے | تو لوٹے | طرف | اپنی جانوں کی | تو کہنے لگے | بیشک | تم ہی |

پوچھ لو اگر وہ بولتے ہوں۔ پھر وہ آپس میں متوجہ ہوئے اور بولے بے شک تم

الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ ۙ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا

| الظّٰلِمُوْنَ | ثُمَّ | نُكِسُوْا | عَلٰى رُءُوْسِهِمْ | لَقَدْ | عَلِمْتَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالم ہو | پھر | اوندھائے گئے | اپنے سروں پر | بیشک | تو جانتا ہے | نہیں |

خود ہی ظالم ہو۔ پھر وہ (شرمندگی سے) سر نیچا کرگئے بے شک آپ (خوب) جانتے ہیں

هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

| هٰٓؤُلَآءِ | يَنْطِقُوْنَ | قَالَ | اَفَتَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | بولتے | فرمایا | کیا پوجتے ہو | سوا | اللہ کے | جو |

کہ یہ بولا نہیں کرتے۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا پھر کیا اللہ ﷻ کے سوا تم ایسوں کی عبادت کرتے ہو

لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَنْفَعُكُمْ | شَيْـًٔا | وَّ | لَا | يَضُرُّكُمْ | اُفٍّ | لَّكُمْ | وَ | لِمَا | تَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ |
| نہ | نفع پہنچائیں | کچھ | اور | نہ | نقصان پہنچائیں | تف ہے | تم پر | اور | اس پر جس کی | پوجا کرتے ہو تم | سوا |

جو نہ تمہیں کچھ نفع پہنچائیں اور نقصان! افسوس ہے تم پر اور ان بتوں پر جن کو اللہ ﷻ کے

اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْۤا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | قَالُوْا | حَرِّقُوْهُ | وَ | انْصُرُوْۤا | اٰلِهَتَكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| اللہ کے | کیا نہیں | تم سوچتے | بولے | جلا دو اس کو | اور | مدد کرو | اپنے خداؤں کی | اگر | ہو تم |

سوا پوجتے ہو تو کیا تمہیں عقل نہیں۔ اُنہوں نے کہا: جلا ڈالو اسے اور مدد کرو اپنے معبودوں کی اگر تم

فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ ۙ وَاَرَادُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فٰعِلِيْنَ | قُلْنَا | يٰنَارُ | كُوْنِيْ | بَرْدًا | وَّ | سَلٰمًا | عَلٰۤى | اِبْرٰهِيْمَ | وَاَرَادُوْا |
| کرنے والے | ہم نے فرمایا | اے آگ | ہو جا | ٹھنڈی | اور | سلامتی والی | اوپر | ابراہیم کے | اور ارادہ کیا انہوں نے |

کچھ کرنے والے ہو۔ ہم نے فرمایا اے آگ! تو ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سلامتی والی بن جا۔ اور انہوں نے اُس سے

بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿٧٠﴾ ۚ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | كَيْدًا | فَجَعَلْنٰهُمُ | الْاَخْسَرِيْنَ | وَ | نَجَّيْنٰهُ | وَ | لُوْطًا |
| اس سے | تدبیر کرنے کا | تو کر دیا ہم نے ان کو | خسارے والے | اور | نجات دی ہم نے اسکو | اور | لوط کو |

سازش کرنے کا ارادہ کیا۔ پھر ہم نے اُنہیں سب سے زیادہ نقصان اُٹھانے والا بنا دیا۔ اور ہم نے انہیں اور لوط کو نجات دی اس

اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا | لِلْعٰلَمِيْنَ | وَوَهَبْنَا | لَهٗ | اِسْحٰقَ |
| اس زمین کی طرف کہ | برکت رکھی ہم نے | اس میں | جہان والوں کے لیے | اور عطا کیا ہم نے | اس کو | اسحاق |

زمین کی طرف جس میں ہم نے تمام جہان والوں کیلئے برکت فرمائی۔ اور ہم نے انہیں اسحاق علیہ السلام عطا فرمائے

وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً ۖ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِينَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ أَئِمَّةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَعْقُوبَ | نَافِلَةً | وَ | كُلًّا | جَعَلْنَا | صٰلِحِينَ | وَ | جَعَلْنٰهُمْ | أَئِمَّةً |
| اور | یعقوب | پوتا | اور | ہرایک کو | بنایا ہم نے | صالح | اور | بنایا ہم نے ان کو | امام |

اور (اسحاق پر) زائد یعقوب علیہ السلام اور ہم نے سب کو صالح بنایا تھا۔ اور ہم نے انہیں پیشوا کیا کہ

يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَإِقَامَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَهْدُونَ | بِأَمْرِنَا | وَأَوْحَيْنَا | إِلَيْهِمْ | فِعْلَ | الْخَيْرٰتِ | وَ | إِقَامَ |
| ہدایت دیتے | ہمارے حکم سے | اور وحی کی ہم نے | ان کی طرف | کام | بھلائی کے | اور | قائم کرنا |

ہمارے حکم سے بلاتے ہیں اور ہم نے انہیں وحی بھیجی اچھے کام کرنے اور

الصَّلٰوةِ وَإِيتَاءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوا لَنَا عٰبِدِينَ ﴿۷۳﴾ وَلُوطًا اٰتَيْنٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّلٰوةِ | وَإِيتَاءَ | الزَّكٰوةِ | وَ | كَانُوا | لَنَا | عٰبِدِينَ | وَ | لُوطًا | اٰتَيْنٰهُ |
| نماز کا | اور دینا | زکوۃ کا | اور | تھے وہ | ہماری | عبادت کرتے | اور | لوط | دی ہم نے اسکو |

نماز قائم کرنے اور زکوۃ دینے کی اور وہ ہماری عبادت کرتے تھے۔ اور لوط علیہ السلام کو ہم نے حکمت

حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ۗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُكْمًا | وَ | عِلْمًا | وَ | نَجَّيْنٰهُ | مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِي | كَانَتْ تَّعْمَلُ | الْخَبٰٓئِثَ |
| حکومت | اور | علم | اور | نجات دی ہم نے اسکو | اس بستی سے کہ | وہ کام کرتی تھی | گندے |

اور علم عطا کیا۔ اور ہم نے اُس بستی سے اُسے نجات دی جو بدکاریاں کرتی تھی۔

إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِينَ ﴿۷۴﴾ وَأَدْخَلْنٰهُ فِي رَحْمَتِنَا ۗ إِنَّهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّهُمْ | كَانُوا | قَوْمَ | سَوْءٍ | فٰسِقِينَ | وَأَدْخَلْنٰهُ | فِي رَحْمَتِنَا | إِنَّهُ |
| بیشک وہ | تھے | قوم | بری | بدکردار | اور داخل کیا ہم نے اسکو | اپنی رحمت میں | بیشک وہ |

یقیناً وہ بہت بُری فاسق قوم تھی۔ اور اسے (لوط علیہ السلام کو) ہم نے اپنی رحمت میں داخل کر لیا

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الصّٰلِحِيْنَ | وَ | نُوْحًا | اِذْ | نَادٰى | مِنْ قَبْلُ | فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ |
| نیکوں سے ہے | اور | نوح کو | جب | اس نے پکارا | اس سے پہلے | تو ہم نے قبول کی | اسکی (دعا) |

بیشک وہ صالح لوگوں میں سے ہے۔ اور اس سے پہلے جب نوح علیہ السلام نے ہمیں پکارا تو ہم نے ان کی دعا

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَنَجَّيْنٰهُ | وَ | اَهْلَهٗ | مِنَ الْكَرْبِ | الْعَظِيْمِ | وَنَصَرْنٰهُ | مِنَ الْقَوْمِ |
| توہم نے نجات دی اسکو | اور | اسکے گھر والوں کو | مصیبت سے | بڑی | توہم نے مدد کی اسکی | از قوم سے |

قبول کرلی پھر اسے اور اس کے گھر والوں کو سخت مصیبت سے بچا لیا۔ اور ہم نے ان کی مدد کی ان لوگوں پر

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمَ | سَوْءٍ | فَاَغْرَقْنٰهُمْ |
| جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | بیشک وہ | تھے | قوم | بری | توغرق کردیا ہم نے انکو |

جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا بے شک وہ بہت برے لوگ تھے تو ہم نے ان

اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِى الْحَرْثِ اِذْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ | وَ | دَاوٗدَ | وَ | سُلَيْمٰنَ | اِذْ | يَحْكُمٰنِ | فِى الْحَرْثِ | اِذْ |
| سب کو | اور | داود | اور | سلیمان | جب | فیصلہ کر رہے تھے | ایک کھیتی کا | جبکہ |

سب کو غرق کر دیا۔ اور (یاد کیجئے) داود علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو جس وقت وہ کھیتی کے بارے میں (ایک جھگڑے کا) فیصلہ فرما رہے تھے

نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَفَهَّمْنٰهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفَشَتْ | فِيْهِ | غَنَمُ | الْقَوْمِ | وَ | كُنَّا | لِحُكْمِهِمْ | شٰهِدِيْنَ | فَفَهَّمْنٰهَا |
| رات کو چرگئیں | اس میں | بکریاں | قوم کی | اور | تھے ہم | ان کے فیصلے پر | گواہ | توہم نے سمجھا یا وہ مقدمہ |

جب (رات کو) اس میں (کچھ) لوگوں کی بکریاں چرنے (کے لیے چلی) گئیں اور ہم ان کے فیصلے کے وقت حاضر تھے۔ ہم نے وہ معاملہ

سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ

| سُلَيْمٰنَ | وَ | كُلًّا | اٰتَيْنَا | حُكْمًا | وَّعِلْمًا | وَّ | سَخَّرْنَا | مَعَ | دَاوٗدَ | الْجِبَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلیمان کو | اور | ہر ایک کو | دی ہم نے | حکمت | اور علم | اور | مسخر کیے ہم نے | ساتھ | داؤد کے | پہاڑ |

سلیمان علیہ السلام کو سمجھا دیا اور ان دونوں کو حکمت اور علم عطا کیا اور داؤد علیہ السلام کے ساتھ پہاڑ مسخر کردیئے کہ تسبیح کرتے

يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ

| يُسَبِّحْنَ | وَالطَّيْرَ | وَ | كُنَّا | فٰعِلِيْنَ | وَ | عَلَّمْنٰهُ | صَنْعَةَ | لَبُوْسٍ | لَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تسبیح کرتے | اور پرندے | اور | ہم تھے | کرنیوالے | اور | سکھائی ہم نے اسکو | صنعت | لباس کی | تمہارے لیے |

اور پرندے بھی اور یہ ہم ہی کرنیوالے تھے۔ اور ہم نے ان کو تمہارے لیے جنگی لباس کی صنعت سکھائی

لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ

| لِتُحْصِنَكُمْ | مِّنْۢ بَاْسِكُمْ | فَهَلْ | اَنْتُمْ | شٰكِرُوْنَ | وَ | لِسُلَيْمٰنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ بچائے تم کو | تمہاری لڑائی میں | تو کیا | تم | شکر کرنیوالے ہو | اور | سلیمان کیلئے |

تاکہ تمہاری جنگ میں تمہیں محفوظ رکھے۔ پھر کیا تم شکر کرنے والے ہو؟ اور سلیمان علیہ السلام کیلئے

الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ

| الرِّيْحَ | عَاصِفَةً | تَجْرِيْ | بِاَمْرِهٖٓ | اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوا | تیز (مسخر کی) | وہ چلتی | اس کے حکم سے | اس زمین کی طرف | کہ برکت رکھی ہم نے | اس میں |

تیز ہوا کو (پابند کیا) جو اس کے حکم سے اس سرزمین کی طرف چلتی تھی جس میں ہم نے

وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ

| وَ | كُنَّا | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عٰلِمِيْنَ | وَ | مِنَ الشَّيٰطِيْنِ | مَنْ | يَّغُوْصُوْنَ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تھے ہم | ہر | چیز کو | جاننے والے | اور | شیطانوں میں سے | وہ بھی تھے جو | غوطہ لگاتے | اس کیلئے |

برکتیں رکھی تھیں اور ہم ہر بات کو جانتے تھے۔ اور کچھ شیطان بھی تھے جو اس کیلئے غوطے

وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٨٢﴾ ۙ وَاَيُّوْبَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَعْمَلُوْنَ | عَمَلًا | دُوْنَ | ذٰلِكَ | وَ | كُنَّا | لَهُمْ | حٰفِظِيْنَ | وَ | اَيُّوْبَ |
| اور کرتے | کام | سوائے | اس کے | اور | تھے ہم | ان کی | حفاظت کرتے | اور | ایوب نے |

لگاتے اور اس کے علاوہ بھی کام کرتے تھے اور ہم ان کے نگران تھے۔ اور ایوب علیہ السلام کو (یاد کیجئے)

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | نَادٰى | رَبَّهٗٓ | اَنِّيْ | مَسَّنِيَ | الضُّرُّ | وَ | اَنْتَ | اَرْحَمُ | الرّٰحِمِيْنَ |
| جب | پکارا | اپنے رب کو | بیشک | پہنچی مجھے | تکلیف | اور | تو | بہت رحم کرنیوالا ہے | رحم کرنے والوں سے |

جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے (سخت) تکلیف پہنچی اور تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ | فَكَشَفْنَا | مَا | بِهٖ | مِنْ ضُرٍّ | وَّاٰتَيْنٰهُ | اَهْلَهٗ | وَ | مِثْلَهُمْ |
| تو قبول کی ہم نے | اسکی دعا | تو دور کی ہم نے | جو | اسے | تکلیف تھی | اور دیے ہم نے اسکو | اسکے گھر والے | اور | ان کی مثل |

تو ہم نے ان کی دعا قبول فرمائی پھر جو تکلیف انہیں تھی وہ ہم نے ان سے دور کر دی اور ہم نے ان کے اہل و عیال انہیں عطا فرمائے اور ان کے

مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّعَهُمْ | رَحْمَةً | مِّنْ عِنْدِنَا | وَذِكْرٰى | لِلْعٰبِدِيْنَ | وَ | اِسْمٰعِيْلَ |
| ان کے ساتھ | رحمت | ہماری طرف سے | اور نصیحت | عبادت گذاروں کیلئے | اور | اسمعیل |

ساتھ ان کے برابر (اور بھی عطا فرمائے) اپنے پاس سے رحمت فرما کر اور عبادت کرنے والوں کیلئے نصیحت بنا کر۔ اور اسماعیل علیہ السلام اور

وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٨٥﴾ ۚ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِدْرِيْسَ | وَ | ذَا الْكِفْلِ | كُلٌّ | مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ | وَ | اَدْخَلْنٰهُمْ | فِيْ رَحْمَتِنَا |
| اور | ادریس | اور | ذوالکفل | سب | صبر کرنے والوں سے تھے | اور | داخل کیا ہم نے ان کو | اپنی رحمت میں |

ادریس علیہ السلام اور ذوالکفل علیہ السلام کو (یاد کرو) وہ سب صبر والے تھے۔ اور انہیں ہم نے اپنی رحمت میں داخل کیا

اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ

| اِنَّهُمْ | مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ | وَذَا النُّوْنِ | اِذْ | ذَّهَبَ | مُغَاضِبًا | فَظَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | نیک لوگوں سے تھے | اور ذوالنون کو | جب | وہ گیا | غصہ کی حالت میں | تو اس نے خیال کیا |

اور بے شک وہ صالحین میں سے تھے۔ اور ذوالنون (مچھلی کے پیٹ والے نبی علیہ السلام کو بھی یاد فرمائیں)

اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ

| اَنْ | لَّنْ نَّقْدِرَ | عَلَيْهِ | فَنَادٰى | فِى الظُّلُمٰتِ | اَنْ | لَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ہرگز نہ تنگی ڈالیں گے ہم | اس پر | تو پکارا | اندھیروں میں | یہ کہ | نہیں |

جب وہ غصے میں آ کر چل دیے اور سمجھے کہ ہم اس پر قابو نہ پائیں گے مگر پھر اندھیروں میں پکارا

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

| اِلٰهَ | اِلَّآ | اَنْتَ | سُبْحٰنَكَ | اِنِّىْ | كُنْتُ | مِنَ الظّٰلِمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی معبود | مگر | تو | پاک ہے تو | بیشک میں ہی | تھا | ظالموں میں سے |

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ہی اپنی جان پر زیادتی کرنے والوں میں سے تھا۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْجِى

| فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ | وَنَجَّيْنٰهُ | مِنَ الْغَمِّ | وَكَذٰلِكَ | نُـْجِى |
|---|---|---|---|---|---|
| تو قبول کی ہم نے | اس کی دعا | اور نجات دی ہم نے اسکو | غم سے | اور اسی طرح | نجات دینگے ہم |

تو پھر ہم نے ان کی دُعا قبول فرما لی اور اسے غم سے بچا لیا اور مؤمنوں کو ہم اس طرح

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ

| الْمُؤْمِنِيْنَ | وَزَكَرِيَّآ | اِذْ | نَادٰى | رَبَّهٗ | رَبِّ | لَا | تَذَرْنِىْ | فَرْدًا | وَّ | اَنْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومنوں کو | اور زکریا | جب | پکارا اس نے | اپنے رب کو | اے میرے رب | نہ | چھوڑ مجھے | اکیلا | اور | تو ہے |

بچا لیا کرتے ہیں۔ اور زکریا علیہ السلام کو (یاد کیجئے) جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا (کہ) اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور

خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرُ | الْوٰرِثِيْنَ | فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ | وَ | وَهَبْنَا | لَهٗ | يَحْيٰى |
| بہتر | وارث | تو ہم نے قبول کیا | اس کی دعا کو | اور | عطا کیا ہم نے | اس کو | یحیٰی |

سب وارثوں سے تو بہتر وارث ہے۔ تو ہم نے ان کی التجا قبول فرمائی اور انہیں یحیٰی علیہ السلام عطا کیا اور ہم نے ان کیلئے ان

وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَصْلَحْنَا | لَهٗ | زَوْجَهٗ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | يُسٰرِعُوْنَ | فِى الْخَيْرٰتِ |
| اور درست کیا ہم نے | اسکے لیے | اس کی بیوی کو | بیشک وہ | تھے | جلدی کرتے | نیکیوں میں |

کی (بانجھ) بیوی کو صحت عطا کر دی بے شک وہ (سب) جلدی کرتے تھے نیک کاموں میں اور (ہماری رحمت کی) اُمیدوار

وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِىْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَدْعُوْنَنَا | رَغَبًا | وَّ | رَهَبًا | وَ | كَانُوْا | لَنَا | خٰشِعِيْنَ | وَالَّتِىْٓ |
| اور پکارتے تھے ہمیں | امید | اور | خوف سے | اور | تھے وہ | ہم سے | ڈرنے والے | اور وہ عورت جس نے |

(جلال کا) خوف رکھتے ہوئے ہم سے دُعائیں مانگتے تھے اور ہمارے لئے عاجزی کرنے والے تھے۔ اور اس (عزت والی

اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْصَنَتْ | فَرْجَهَا | فَنَفَخْنَا | فِيْهَا | مِنْ رُّوْحِنَا | وَجَعَلْنٰهَا | وَ | ابْنَهَآ |
| نگاہ رکھی | اپنی پارسائی | تو پھونکی ہم نے | اس میں | اپنی روح | اور بنایا ہم نے اس کو | اور | اسکے بیٹے کو |

خاتون کو) کو جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی تھی تو ہم نے اس میں اپنی روح پھونکی اور اسے اور اس کے بیٹے کو

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰيَةً | لِّلْعٰلَمِيْنَ | اِنَّ | هٰذِهٖٓ | اُمَّتُكُمْ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً | وَّ | اَنَا | رَبُّكُمْ |
| نشانی | جہان والوں کیلئے | بیشک | یہ | تمہارا دین | دین | ایک ہے | اور | میں | تمہارا رب ہوں |

سارے جہاں کیلئے نشانی بنایا۔ بے شک تمہارا یہ دین ایک ہی دین ہے اور میں تمہارا رب ہوں تو

فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع ع ۶

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاعْبُدُوْنِ | وَتَقَطَّعُوْٓا | اَمْرَهُمْ | بَيْنَهُمْ | كُلٌّ | اِلَيْنَا | رٰجِعُوْنَ |
| تو عبادت کرو میری | اور ٹکڑے کیا انہوں نے | اپنا کام | آپس میں | سب ہی | ہماری طرف | رجوع کرنے والے ہیں |

میری ہی عبادت کرو۔ اور یہ لوگ اپنے معاملے میں جدا جدا ہوگئے (مگر) یہ سب ہماری ہی طرف لوٹ کر آنے والے ہیں۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ج

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | يَّعْمَلْ | مِنَ الصّٰلِحٰتِ | وَ | هُوَ | مُؤْمِنٌ | فَلَا كُفْرَانَ | لِسَعْيِهٖ |
| جو کوئی | عمل کرے | نیک | اور | وہ | مومن ہو | تو بے قدری نہیں ہے | اسکی کوشش کی |

جو کوئی نیک کام کرے گا اور ایمان والا بھی ہوگا تو اس کی کوشش کی ناقدری نہیں کی جائے گی

وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّا | لَهٗ | كٰتِبُوْنَ | وَ | حَرٰمٌ | عَلٰى | قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَآ | اَنَّهُمْ |
| اور | ہم | اس کو | لکھنے والے ہیں | اور | حرام ہے | اوپر | بستی والوں کے | کہ ہلاک کیا ہم نے اسکو | بیشک وہ |

اور اس کے لیے ہم اجر لکھ رہے ہیں۔ اور ممکن نہیں اس بستی کیلئے جسے ہم نے ہلاک کردیا کہ اس کے رہنے والے (توبہ کیلئے دنیا

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَرْجِعُوْنَ | حَتّٰٓى | اِذَا | فُتِحَتْ | يَاْجُوْجُ | وَ | مَاْجُوْجُ | وَهُمْ | مِّنْ |
| نہیں | لوٹ کر آئیں گے | یہاں تک کہ | جب | کھولے جائیں گے | یاجوج | اور | ماجوج | اور وہ | ہر |

میں) لوٹ کر آئیں۔ (یہ ناممکن ہی رہے گا) یہاں تک کہ جب کھول دیئے جائیں گے یاجوج وماجوج اور

كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِىَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | حَدَبٍ | يَّنْسِلُوْنَ | وَ | اقْتَرَبَ | الْوَعْدُ | الْحَقُّ | فَاِذَا | هِىَ |
| ایک | بلندی سے | لڑھکتے ہونگے | اور | قرب آیا | وعدہ | سچا | تو اچانک | وہ |

وہ ہر بلندی سے اترتے ہوئے دوڑتے آئیں گے۔ اور قریب آجائے گا سچا وعدہ تو جبھی آنکھیں پھٹ

شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِىْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا

| شَاخِصَةٌ | اَبْصَارُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يٰوَيْلَنَا | قَدْ | كُنَّا | فِىْ غَفْلَةٍ | مِّنْ هٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھٹی ہوں گی | آنکھیں | ان کی | جو کافر ہیں | ہائے افسوس | بیشک | ہم تھے | غفلت میں | اس سے |

کر رہ جائیں گی کافروں کی (کہیں گے) کہ ہائے ہماری خرابی بیشک ہم اس سے غافل تھے

بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| بَلْ | كُنَّا | ظٰلِمِيْنَ | اِنَّكُمْ | وَمَا | تَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بلکہ | ہم تھے | ظالم | بیشک تم | اور جن کی | تم عبادت کرتے ہو | سوائے | اللہ کے |

بلکہ ہم ظالم تھے۔ بے شک تم اور جو کچھ اللہ عزوجل کے سوا تم

حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾ لَوْ كَانَ هٰۤؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا

| حَصَبُ | جَهَنَّمَ | اَنْتُمْ | لَهَا | وٰرِدُوْنَ | لَوْ | كَانَ | هٰۤؤُلَآءِ | اٰلِهَةً | مَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایندھن ہو | جہنم کا | تم | اس میں | داخل ہو گے | اگر | ہوتے | یہ | خدا | تو نہ |

پوجتے ہو سب جہنم کے ایندھن ہوں گے تمہیں اس میں جانا ہوگا۔ اگر وہ خدا ہوتے تو وہاں نہ پہنچتے

وَّرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا

| وَرَدُوْهَا | وَكُلٌّ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | لَهُمْ | فِيْهَا | زَفِيْرٌ | وَّ | هُمْ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہوتے اس میں | اور سب | اس میں | ہمیشہ رہیں گے | انکے لیے ہوگی | اس میں | چیخ و پکار | اور | وہ | اس میں |

اور سب وہاں ہمیشہ رہیں گے۔ وہاں ان کی چیخیں ہوں گی اور وہاں انہیں کچھ

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰۤى ۙ اُولٰٓئِكَ

| لَا | يَسْمَعُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | سَبَقَتْ | لَهُمْ | مِّنَّا | الْحُسْنٰى | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | سنیں گے | بیشک | وہ جو | پہلے ہو چکی | ان کے لیے | ہم سے | بھلائی | یہ لوگ |

سنائی نہ دے گا۔ بے شک جن کیلئے ہماری طرف سے نیکی کا وعدہ پہلے طے ہو چکا ہے وہ اس (جہنم)

عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا

| عَنْهَا | مُبْعَدُوْنَ | لَا | يَسْمَعُوْنَ | حَسِيْسَهَا | وَهُمْ | فِيْ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | دور رہیں گے | نہ | سنیں گے | اس کی آہٹ | اور وہ | میں | اس جو |

وہ اسکی ہلکی سی آواز (بھی) نہ سنیں گے اور جو (لذت) وہ
سے دور رکھے گئے ہیں۔

اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ

| اشْتَهَتْ | اَنْفُسُهُمْ | خٰلِدُوْنَ | لَا | يَحْزُنُهُمْ | الْفَزَعُ | الْاَكْبَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہیں گی | ان کی جانیں | ہمیشہ رہیں گے | نہ | غمناک کریگی ان کو | گھبراہٹ | بڑی |

چاہیں گے ملے گا اور ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ انہیں غم میں نہ ڈالے گی وہ سب سے بڑی گھبراہٹ۔

وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

| وَ | تَتَلَقّٰىهُمْ | الْمَلٰٓئِكَةُ | هٰذَا | يَوْمُكُمْ | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | تُوْعَدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | استقبال کریں گے ان کا | فرشتے | یہ | تمہارا وہ دن ہے | جو | تم | وعدہ دیے گئے |

اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے کہ یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ

| يَوْمَ | نَطْوِي | السَّمَآءَ | كَطَيِّ | السِّجِلِّ | لِلْكُتُبِ | كَمَا | بَدَاْنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس دن | لپیٹیں گے ہم | آسمان کو | مانند لپیٹنے | نامہ نویس کے | کتابوں کو | جیسے | شروع کی ہم نے |

جس دن ہم آسمان کو لپیٹیں گے جیسے خطوں کا پلندہ لپیٹا جاتا ہے ہم نے جیسے پہلے اسے بنایا تھا

اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ وَعْدًا عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَقَدْ

| اَوَّلَ | خَلْقٍ | نُّعِيْدُهٗ | وَعْدًا | عَلَيْنَا | اِنَّا | كُنَّا | فٰعِلِيْنَ | وَ | لَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی | پیدائش | لوٹائیں گے اسکو | وعدہ ہے | ہم پر | بیشک | ہم ہی تھے | کرنے والے | اور | بیشک |

ویسے ہی پھر کر دیں گے یہ وعدہ ہے ہمارے ذمہ ہم کو اس کا کرنا لازمی ہے۔ اور ہم نے

كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَتَبْنَا | فِي الزَّبُوْرِ | مِنْۢ بَعْدِ | الذِّكْرِ | اَنَّ | الْاَرْضَ | يَرِثُهَا |
| لکھا ہم نے | زبور میں | بعد | نصیحت کے | بیشک | زمین | وارث ہونگے اسکے |

زبور میں نصیحت کے بعد لکھ دیا تھا کہ زمین کے وارث

عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عِبَادِيَ | الصّٰلِحُوْنَ | اِنَّ | فِيْ | هٰذَا | لَبَلٰغًا | لِّقَوْمٍ |
| میرے بندے | نیک | بیشک | میں | اس | تبلیغ ہے | واسطے قوم |

میرے نیک بندے ہوں گے۔ بیشک اس میں عبادت گزار قوم کیلئے

عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عٰبِدِيْنَ | وَ | مَآ | اَرْسَلْنٰكَ | اِلَّا | رَحْمَةً | لِّلْعٰلَمِيْنَ | قُلْ |
| عبادت گزار کے | اور | نہیں | بھیجا ہم نے آپ کو | مگر | رحمت | واسطے جہان کے | فرماؤ |

ایک پیغام ہے۔ اور ہم نے (اے محبوب ﷺ) آپ کو سارے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ فرما دیجئے

اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | يُوْحٰٓى | اِلَيَّ | اَنَّمَآ | اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | فَهَلْ | اَنْتُمْ |
| سوائے اسکے نہیں کہ | وحی کی گئی | میری طرف | صرف یہ بات ہے کہ | تمہارا معبود | معبود ہے | ایک | تو کیا | تم |

میری طرف تو یہی وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود صرف ایک معبود (اللہ ﷻ) ہے تو کیا تم

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ وَاِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّسْلِمُوْنَ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَقُلْ | اٰذَنْتُكُمْ | عَلٰى | سَوَآءٍ | وَاِنْ |
| ماننے والے ہو | پھر اگر | منہ پھیریں | تو فرمادو | اطلاع دی میں نے تم کو | اوپر | برابری کے | اور نہیں |

اسلام قبول کرتے ہو۔ پھر اگر وہ منہ پھیریں تو فرما دو میں نے تمہیں یکساں طور پر آگاہ کر دیا ہے اور میں نہیں جانتا کہ وہ

اَدۡرِیۡۤ اَقَرِیۡبٌ اَمۡ بَعِیۡدٌ مَّا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۱۰۹﴾ اِنَّهٗ یَعۡلَمُ

| اَدۡرِیۡۤ | اَقَرِیۡبٌ | اَمۡ | بَعِیۡدٌ | مَّا | تُوۡعَدُوۡنَ | اِنَّهٗ | یَعۡلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا میں | کیا قریب ہے | یا | دور ہے | جو | تم وعدہ دیے جاتے ہو | بیشک وہ | جانتا ہے |

(عذاب) نزدیک ہے یا دور جس کا تم سے وعدہ کیا جارہا ہے۔ بے شک اللہ ﷻ

الۡجَهۡرَ مِنَ الۡقَوۡلِ وَیَعۡلَمُ مَا تَكۡتُمُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾ وَ اِنۡ اَدۡرِیۡ

| الۡجَهۡرَ | مِنَ الۡقَوۡلِ | وَیَعۡلَمُ | مَا | تَكۡتُمُوۡنَ | وَ | اِنۡ اَدۡرِیۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر | بات کو | اور جانتا ہے | جو | تم چھپاتے ہو | اور | میں کیا جانوں |

جانتا ہے بلند آواز کی بات اور جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو۔ اور مجھے خبر نہیں شاید

لَعَلَّهٗ فِتۡنَةٌ لَّكُمۡ وَمَتَاعٌ اِلٰی حِیۡنٍ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ رَبِّ احۡكُمۡ

| لَعَلَّهٗ | فِتۡنَةٌ | لَّكُمۡ | وَمَتَاعٌ | اِلٰی | حِیۡنٍ | قٰلَ | رَبِّ | احۡكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شاید وہ | آزمائش ہو | تمہارے لیے | اور سامان | طرف | ایک مدت کے | عرض کیا | اے میرے رب | فیصلہ کردے |

یہ تمہارے لئے آزمائش اور ایک وقت تک کا فائدہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ﷻ کے پیغمبر نے عرض کیا: اے میرے رب! سچائی پر فیصلہ

بِالۡحَقِّ ؕ وَ رَبُّنَا الرَّحۡمٰنُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ ﴿۱۱۲﴾ ع

النصف ع ۱۹

| بِالۡحَقِّ | وَ | رَبُّنَا | الرَّحۡمٰنُ | الۡمُسۡتَعَانُ | عَلٰی | مَا | تَصِفُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق کے ساتھ | اور | ہمارا رب | رحمٰن ہی | مدد چاہا گیا ہے | اس پر | جو | تم بیان کرتے ہو |

کردے اور ہمارا رب نہایت رحم کرنے والا ہے اور ان باتوں میں جن کو تم بیان کرتے ہو اسی سے مدد مانگی جاتی ہے۔

## ایاتها ۷۸ ۲۲ سُوۡرَةُ الۡحَجِّ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۳ رکوعاتها ۱۰

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿١﴾

| يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اتَّقُوْا | رَبَّكُمْ | اِنَّ | زَلْزَلَةَ | السَّاعَةِ | شَيْءٌ | عَظِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | لوگو | ڈرو | اپنے رب سے | بیشک | زلزلہ | قیامت کا | چیز ہے | بہت بڑی |

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہے۔

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ

| يَوْمَ | تَرَوْنَهَا | تَذْهَلُ | كُلُّ | مُرْضِعَةٍ | عَمَّآ | اَرْضَعَتْ | وَ | تَضَعُ | كُلُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس دن | دیکھو گے اس کو | بھول جائیگی | ہر ایک | دودھ پلانے والی | جس کو | دودھ پلایا | اور | گرادیگی | ہر ایک |

جس دن تم اُسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے بچے سے غافل ہو جائے گی جسے

ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى

| ذَاتِ حَمْلٍ | حَمْلَهَا | وَ | تَرَى | النَّاسَ | سُكٰرٰى | وَ | مَا | هُمْ | بِسُكٰرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمل والی | اپنا حمل | اور | دیکھے گا تو | لوگوں کو | نشہ میں | اور | نہیں | ہوں گے وہ | نشہ میں |

وہ دودھ پلا رہی ہو گی اور ہر حاملہ اپنا حمل ڈال دے گی۔ اور تم لوگوں کو مدہوش دیکھو گے حالانکہ وہ مدہوش

وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿٢﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ

| وَ | لٰكِنَّ | عَذَابَ | اللّٰهِ | شَدِيْدٌ | وَ | مِنَ النَّاسِ | مَنْ | يُّجَادِلُ | فِي اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | عذاب | اللہ کا | سخت ہے | اور | کچھ لوگ | وہ ہیں | جو جھگڑتا ہے | اللہ بارے میں |

نہ ہوں گے بلکہ اللہ تعالیٰ ﷻ کا عذاب بڑا ہی سخت ہوگا۔ مگر لوگوں میں وہ بھی ہیں جو اللہ ﷻ کے بارے میں بغیر کسی علم کے

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿٣﴾ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ

| بِغَيْرِ | عِلْمٍ | وَّ | يَتَّبِعُ | كُلَّ | شَيْطٰنٍ | مَّرِيْدٍ | كُتِبَ | عَلَيْهِ | اَنَّهٗ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بغیر | علم کے | اور | پیروی کرتا ہے | ہر ایک | شیطان | مردود کی | لکھا گیا ہے | اس پر | کہ بیشک وہ | جس نے |

جھگڑا کرتے ہیں اور ہر باغی شیطان کے پیچھے چل پڑتے ہیں۔ جس کے متعلق لکھ دیا گیا کہ جس نے

تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝۴ يٰٓاَيُّهَا

| يٰٓاَيُّهَا | السَّعِيْرِ | عَذَابِ | اِلٰى | يَهْدِيْهِ | وَ | يُضِلُّهٗ | فَاَنَّهٗ | تَوَلَّاهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | دوزخ کی | عذاب | طرف | راہ دکھائے گا اسے | اور | اسے گمراہ کریگا | تو یقیناً وہ | دوستی کریگا |

اسے ساتھی بنایا اسے وہ گمراہ کر دے گا اور اسے جلانے والے عذاب کی راہ دکھائے گا۔ اے لوگو! اگر

النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

| مِّنْ تُرَابٍ | خَلَقْنٰكُمْ | فَاِنَّا | مِّنَ الْبَعْثِ | رَيْبٍ | فِيْ | كُنْتُمْ | اِنْ | النَّاسُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٹی سے | پیدا کیا تم کو | تو ہم نے | اٹھنے سے | شک | میں | ہو تم | اگر | لوگو |

(قیامت کے دن) اٹھائے جانے میں تمہیں شک ہو تو بلاشبہ ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ

| غَيْرِ | وَّ | مُّخَلَّقَةٍ | مِنْ مُّضْغَةٍ | ثُمَّ | مِنْ عَلَقَةٍ | ثُمَّ | مِنْ نُّطْفَةٍ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | اور | نقشہ بنے ہوئے | گوشت کے لوتھڑے سے | پھر | جمے ہوئے خون سے | پھر | نطفہ سے | پھر |

پھر نطفہ سے پھر خون کے لوتھڑے سے پھر گوشت کی بوٹی

مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ

| اَجَلٍ | اِلٰٓى | نَشَآءُ | مَا | فِي الْاَرْحَامِ | وَنُقِرُّ | لَكُمْ | لِّنُبَيِّنَ | مُخَلَّقَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدت | طرف | ہم چاہیں | جو | رحموں میں | اور ٹھہراتے ہیں | تمہارے لیے | تاکہ بیان کریں | نقشہ بنے |

سے جو پوری شکل والی ہوتی ہے اور ادھوری (بھی) تاکہ ہم تمہارے لئے ظاہر کر دیں اور ہم جسے چاہتے ہیں

مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ

| مَّنْ | مِنْكُمْ | وَ | اَشُدَّكُمْ | لِتَبْلُغُوْٓا | ثُمَّ | طِفْلًا | نُخْرِجُكُمْ | ثُمَّ | مُّسَمًّى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہے جو | بعض تم سے | اور | جوانی اپنی کو | تاکہ تم پہنچو | پھر | بچہ | نکالتے ہیں ہم تمہیں | پھر | مقرر کے |

ایک مدتِ مقررہ تک رحموں میں برقرار رکھتے ہیں پھر بچہ بنا کر ہم تمہیں نکالتے ہیں تاکہ تم اپنی

يُتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُتَوَفّٰى | وَمِنْكُمْ | مَّنْ | يُّرَدُّ | اِلٰٓى | اَرْذَلِ | الْعُمُرِ | لِكَيْلَا | يَعْلَمَ | مِنْۢ بَعْدِ |
| فوت کیا جاتا ہے | اور بعض تم سے | وہ ہے جو | لوٹایا جاتا ہے | طرف | نکمی | عمر کے | تاکہ نہ | جانے | بعد |

جوانی کو پہنچ جاؤ اور تم میں سے کچھ لوگ (پہلے ہی) وفات پا جاتے ہیں اور کچھ ایسے ہیں جو نکمی عمر کی

عِلْمٍ شَيْئًا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلْمٍ | شَيْئًا | وَ | تَرَى | الْاَرْضَ | هَامِدَةً | فَاِذَآ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْهَا | الْمَآءَ |
| جاننے کے | کچھ بھی | اور | دیکھتا ہے | زمین کو | مرجھائی ہوئی | پھر جب | اتارتے ہیں ہم | اس پر | پانی |

طرف لوٹا دیے جاتے ہیں تاکہ وہ جاننے کے بعد (بھی) کچھ نہ جانیں اور تو زمین کو دیکھتا ہے کہ وہ خشک پڑی ہے

اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اهْتَزَّتْ | وَ | رَبَتْ | وَ | اَنْۢبَتَتْ | مِنْ كُلِّ | زَوْجٍ | بَهِيْجٍ | ذٰلِكَ | بِاَنَّ |
| تو حرکت کرتی ہے | اور | بڑھتی ہے | اور | اگاتی ہے | ہر ایک | جوڑا | رونق دار | یہ | اس لیے ہے کہ |

تو جب ہم نے اس پر پانی اُتارا تو وہ تروتازہ ہوگئی اور ہر قسم کی نباتات اگا دیں۔ یہ اس لئے ہے کہ

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ﴿۶﴾

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَ | اَنَّهٗ | يُحْيِ | الْمَوْتٰى | وَ | اَنَّهٗ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ |
| اللہ | وہی ہے | سچا | اور | بیشک وہ | زندہ کرتا ہے | مردوں کو | اور | بیشک وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے |

اللہ ﷻ ہی حق ہے اور بیشک وہی مردوں کو زندہ کرے گا اور وہ جو چاہے اس پر قادر ہے۔

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَنَّ | السَّاعَةَ | اٰتِيَةٌ | لَّا | رَيْبَ | فِيْهَا | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَبْعَثُ | مَنْ |
| اور | بیشک | قیامت | آنے والی ہے | نہیں | شک | اس میں | اور | بیشک | اللہ | اٹھائے گا | ان کو جو |

اور اسلئے کہ قیامت آنے والی ہے اس میں شک نہیں ہے اور یہ کہ اللہ ﷻ اٹھائے گا انہیں

فِي الْقُبُوْرِ ﴿۷﴾ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ

| فِي الْقُبُوْرِ | وَ | مِنَ النَّاسِ | مَنْ | يُّجَادِلُ | فِي اللّٰهِ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قبروں میں ہے | اور | بعض لوگ میں سے | وہ ہے جو | جھگڑتا ہے | اللہ کے بارے میں | بغیر | علم کے |

جو قبروں میں ہیں۔ اور کوئی آدمی وہ ہے کہ اللہ ﷻ کے بارے میں یوں جھگڑتا ہے کہ نہ

وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿۸﴾ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ

| وَ | لَا | هُدًى | وَ | لَا | كِتٰبٍ | مُّنِيْرٍ | ثَانِيَ | عِطْفِهٖ | لِيُضِلَّ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | ہدایت کے | اور | نہ | کتاب | روشن کے | پھیرنے والا | اپنے پہلو کو | تاکہ گمراہ کرے | خدا کے رستہ سے |

تو کچھ علم نہ کوئی دلیل اور نہ کوئی روشن کتاب ہے۔ تکبر کرتے ہوئے گردن موڑ لیتا ہے کہ اللہ ﷻ کی راہ سے بھٹکا دے

اللّٰهِ ؕ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ

| لَهٗ | فِي الدُّنْيَا | خِزْيٌ | وَّنُذِيْقُهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | عَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے لیے | دنیا میں | رسوائی ہے | اور چکھائیں گے ہم اسے | دن | قیامت کے | عذاب |

اس کیلئے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلانے والے عذاب کا

الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

| الْحَرِيْقِ | ذٰلِكَ | بِمَا | قَدَّمَتْ | يَدٰكَ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَيْسَ | بِظَلَّامٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلنے کا | یہ | بدلہ اسکا ہے جو | آگے بھیجا | تیرے ہاتھوں نے | اور | بیشک اللہ | اللہ | نہیں ہے | ظلم کرنے والا |

مزہ چکھائیں گے۔ یہ اُن اعمال کی وجہ سے ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں اور یقیناً اللہ ﷻ اپنے بندوں پر

لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ ع

| لِّلْعَبِيْدِ | وَمِنَ | النَّاسِ | مَنْ | يَّعْبُدُ | اللّٰهَ | عَلٰى | حَرْفٍ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بندوں پر | اور بعض | لوگ | ایسے ہیں جو | عبادت کرتے ہیں | اللہ کی | اوپر | کنارے کے | پھر اگر |

ظلم کرنے والا نہیں ہے۔ اور لوگوں میں سے کوئی وہ ہے جو (دل جمعی کے بغیر گویا) کنارے پر رہ کر اللہ ﷻ کی

اَصَابَهٗ خَيْرُ اِطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ اِنْقَلَبَ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصَابَهٗ | خَيْرُ | اِطْمَاَنَّ | بِهٖ | وَ | اِنْ | اَصَابَتْهُ | فِتْنَةُ | اِنْقَلَبَ | عَلٰى |
| پہنچے اسے | بھلائی | تو مطمئن ہو جاتا ہے | اس سے | اور | اگر | پہنچے اسے | آزمائش | پلٹ جاتا ہے | اوپر |

بندگی کرتا ہے پھر اگر اسے کوئی بھلائی نصیب ہو جائے تو وہ اس سے مطمئن ہوجائے اور اگر اسے

وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجْهِهٖ | خَسِرَ | الدُّنْيَا | وَالْاٰخِرَةَ | ذٰلِكَ | هُوَ | الْخُسْرَانُ |
| اپنے چہرے کے | خسارہ اٹھایا | دنیا | اور آخرت کا | یہ ہے | وہ | خسارہ |

کوئی آزمائش پہنچے تو اپنے منہ کے بل پلٹ جائے اس نے دنیا اور آخرت میں نقصان اٹھایا

الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُبِيْنُ | يَدْعُوْا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا | يَضُرُّهٗ | وَمَا | لَا | يَنْفَعُهٗ |
| صریح | پکارتا ہے | سوا | اللہ کے | اس کو جو | نہ | نقصان دے اسے | اور | نہ | نفع دے اسے |

یہی کھلا نقصان ہے۔ وہ اللہ ﷻ کے سوا اس کی عبادت کرتا ہے جو اسے نہ ضرر پہنچا سکتا ہے

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ ۚ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | هُوَ | الضَّلٰلُ | الْبَعِيْدُ | يَدْعُوْا | لَمَنْ | ضَرُّهٗ | اَقْرَبُ | مِنْ نَّفْعِهٖ |
| یہ ہے | وہ | گمراہی | دور کی | پکارتا ہے | اس کو | جس کا نقصان | زیادہ قریب ہے | اس کے نفع سے |

اور نہ نفع یہی انتہا درجے کی گمراہی ہے۔ اللہ ﷻ واحد کو چھوڑ کر ایسے کو پوجتے ہیں جس کے نفع سے نقصان کی

لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَ لَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَبِئْسَ | الْمَوْلٰى | وَ | لَبِئْسَ | الْعَشِيْرُ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُدْخِلُ |
| برا ہے | مولیٰ | اور | برا ہے | رفیق | بیشک | اللہ | داخل کریگا |

توقع زیادہ ہے بے شک کیا ہی بُرا مولیٰ اور بے شک کیا ہی بُرا رفیق ہے۔ بے شک اللہ ﷻ داخل کرے گا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو جو | ایمان لانے | اور عمل کیے | اچھے | باغوں میں | رواں ہیں | ان کے نیچے |

انہیں جو ایمان لائے اور نیک کام کئے باغوں میں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں

الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۱۴ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ

| الْاَنْهٰرُ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْعَلُ | مَا | يُرِيْدُ | مَنْ | كَانَ | يَظُنُّ | اَنْ | لَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | بیشک | اللہ | کرتا ہے | جو | چاہے | جو | ہے | گمان کرتا | یہ کہ | ہرگز نہ |

بے شک اللہ ﷻ جو چاہے کرتا ہے ۔ جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ اللہ تعالیٰ ﷻ

يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ

| يَّنْصُرَهُ | اللّٰهُ | فِي الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ | فَلْيَمْدُدْ | بِسَبَبٍ | اِلَى | السَّمَآءِ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد کریگا اسکی | اللہ | دنیا میں | اور | آخرت میں | تو وہ لٹکائے | ایک رسی | طرف | آسمان کے | پھر |

دنیا اور آخرت میں اس کی ہرگز مدد نہیں فرمائے گا تو اس کو چاہیے کہ ایک رسی آسمان تک لگائے۔ پھر چاہیے

لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۱۵ وَكَذٰلِكَ

| لْيَقْطَعْ | فَلْيَنْظُرْ | هَلْ | يُذْهِبَنَّ | كَيْدُهٗ | مَا | يَغِيْظُ | وَ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کاٹ دے | پھر دیکھے | کیا | لے جاتا ہے | اس کا مکر | جسے | غصہ کھاتا ہے | اور | اسی طرح |

کہ اس کو کاٹ ڈالے۔ پھر چاہیے کہ دیکھے کیا یہ تدبیر اُس کو دور کرنے والی بنتی ہے جو غصہ دلا رہی ہے۔ اور اس طرح ہم نے

اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۱۶ اِنَّ

| اَنْزَلْنٰهُ | اٰيٰتٍ | بَيِّنٰتٍ | وَّاَنَّ | اللّٰهَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يُّرِيْدُ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا ہم نے اسکو | آیتیں | روشن | اور بیشک | اللہ | ہدایت دیتا ہے | جسے | چاہے | بیشک |

اسے (قرآن) واضح دلیلوں کے ساتھ نازل کیا ہے اور اللہ ﷻ جسے چاہتا ہے راہ دکھاتا ہے۔ بے شک جو

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ الَّذِیۡنَ هَادُوۡا وَ الصّٰبِـِٕیۡنَ وَ النَّصٰرٰی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَالَّذِیۡنَ | هَادُوۡا | وَ | الصّٰبِـِٕیۡنَ | وَ | النَّصٰرٰی |
| وہ لوگ جو | ایمان لائے | اور وہ جو | یہودی ہوئے | اور | ستارہ پرست | اور | عیسائی |

ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور صابی اور نصاریٰ

وَالۡمَجُوۡسَ وَالَّذِیۡنَ اَشۡرَکُوۡۤا ۖۗ اِنَّ اللّٰهَ یَفۡصِلُ بَیۡنَهُمۡ یَوۡمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الۡمَجُوۡسَ | وَالَّذِیۡنَ | اَشۡرَکُوۡۤا | اِنَّ | اللّٰهَ | یَفۡصِلُ | بَیۡنَهُمۡ | یَوۡمَ |
| اور | آتش پرست | اور وہ لوگ جو | مشرک ہیں | بیشک | اللہ | فیصلہ کریگا | انکے درمیان | دن |

اور آتش پرست اور جنہوں نے شرک کیا یقیناً اللہ ﷻ ان کے درمیان

الۡقِیٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ شَهِیۡدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡقِیٰمَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰی | کُلِّ | شَیۡءٍ | شَهِیۡدٌ | اَلَمۡ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ |
| قیامت کے | بیشک | اللہ | اوپر | ہر | چیز | گواہ ہے | کیا نہ | دیکھا آپ نے | بیشک | اللہ |

قیامت کے دن فیصلہ فرما دے گا بے شک اللہ ﷻ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا

یَسۡجُدُ لَهٗ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ وَ الشَّمۡسُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَسۡجُدُ | لَهٗ | مَنۡ | فِی | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَنۡ | فِی | الۡاَرۡضِ | وَ | الشَّمۡسُ |
| کو سجدہ کرتے ہیں | اس کو | جو | میں | آسمانوں ہیں | اور | جو | میں | زمین ہیں | اور | سورج |

کہ اللہ ﷻ کیلئے سجدہ کرتے ہیں جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہیں اور سورج

وَالۡقَمَرُ وَالنُّجُوۡمُ وَالۡجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَکَثِیۡرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الۡقَمَرُ | وَالنُّجُوۡمُ | وَ | الۡجِبَالُ | وَ | الشَّجَرُ | وَ | الدَّوَآبُّ | وَ | کَثِیۡرٌ | مِّنَ النَّاسِ |
| اور | چاند | اور ستارے | اور | پہاڑ | اور | درخت | اور | جانور | اور | بہت سے | لوگ بھی |

اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور جاندار اور بہت سے آدمی

وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَالَهٗ

| وَ | كَثِيْرٌ | حَقَّ | عَلَيْهِ | الْعَذَابُ | وَ | مَنْ | يُّهِنِ | اللّٰهُ | فَمَالَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بہت سے وہ ہیں کہ | حق ہوا | ان پر | عذاب | اور | جسے | ذلیل کرے | اللہ | تو نہیں اسکو |

اور بہت سے وہ بھی جن پر عذاب ثابت ہو چکا اور جس کو اللہ ﷻ ذلیل کرے تو اسے کوئی

مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ۱۸ ھٰذٰنِ خَصْمٰنِ

| مِنْ مُّكْرِمٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْعَلُ | مَا | يَشَاۗءُ | ھٰذٰنِ | خَصْمٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی عزت دینے والا | بیشک | اللہ | کرتا ہے | جو | چاہے | یہ | دو جھگڑنے والے ہیں |

عزت دینے والا نہیں بے شک اللہ ﷻ جو چاہتا ہے کردیتا ہے۔ یہ دو فریق ہیں کہ

اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ

| اخْتَصَمُوْا | فِيْ رَبِّهِمْ | فَالَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | قُطِّعَتْ | لَهُمْ | ثِيَابٌ | مِّنْ نَّارٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو جھگڑے | اپنے رب کے بارے میں | پھر وہ جو | کافر ہوئے | کاٹے جائیں گے | ان کیلئے | کپڑے | آگ کے |

اپنے رب میں جھگڑ رہے ہیں تو جو کافر ہوئے ان کیلئے آگ کے کپڑے کاٹے جا چکے ہیں

يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۱۹ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ

| يُصَبُّ | مِنْ فَوْقِ | رُءُوْسِهِمُ | الْحَمِيْمُ | يُصْهَرُ | بِهٖ | مَا | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گرایا جائے گا | اوپر سے | ان کے سروں پر | کھولتا پانی | گل جائے گا | اسکے ساتھ | جو | میں |

اور ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا۔ جس سے پگھل جائے گا جو کچھ

بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۲۰ۭ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۲۱ كُلَّمَآ

| بُطُوْنِهِمْ | وَالْجُلُوْدُ | وَ | لَهُمْ | مَّقَامِعُ | مِنْ حَدِيْدٍ | كُلَّمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| انکے پیٹوں ہے | اور چمڑے | اور | ان کے لیے | گرز ہیں | لوہے کے | جب بھی |

ان کے پیٹوں میں ہے اور ان کی کھالیں۔ اور ان کیلئے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے۔ جب بھی

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ق وَذُوْقُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَادُوْٓا | اَنْ | يَّخْرُجُوْا | مِنْهَا | مِنْ غَمٍّ | اُعِيْدُوْا | فِيْهَا | وَذُوْقُوْا |
| ارادہ کریں گے | یہ کہ | نکل جائیں | اس سے | گھٹن سے | لوٹائے جائیں گے | اس میں | اور چکھو |

وہ غم کے مارے وہاں سے نکلنا چاہیں گے اس میں لوٹا دیئے جائیں گے اور (کہا جائے گا) چکھو

عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ع ۱۲/۹

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابَ | الْحَرِيْقِ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُدْخِلُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| عذاب | جلنے کا | بیشک | اللہ | داخل کریگا | ان کو جو | ایمان لائے | اور | عمل کیے |

جلانے والے عذاب کا مزا۔ بے شک اللہ ﷻ داخل فرمائے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | يُحَلَّوْنَ | فِيْهَا | مِنْ اَسَاوِرَ |
| اچھے | باغوں میں | چلتی ہیں | ان کے نیچے | نہریں | پہنائے جائیں گے | اس میں | کنگن |

کام کئے جنتوں میں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں سونے کے کنگن

مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ط وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ ذَهَبٍ | وَّ | لُؤْلُؤًا | وَ | لِبَاسُهُمْ | فِيْهَا | حَرِيْرٌ | وَ | هُدُوْٓا |
| سونے کے | اور | موتی | اور | ان کا لباس | اس میں | ریشم ہوگا | اور | ہدایت کیے گئے |

موتی پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشم ہو گا۔ اور ان کو (دنیا میں) ہدایت کی گئی

اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ج وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَى | الطَّيِّبِ | مِنَ الْقَوْلِ | وَ | هُدُوْٓا | اِلٰى | صِرَاطِ | الْحَمِيْدِ | اِنَّ |
| طرف | پاکیزہ | بات کی | اور | ہدایت کیے گئے | طرف | راہ | تعریف کیے گئے کی | بیشک |

پاکیزہ بات کی اور حمد کئے ہوئے (رب) کے راستہ کی طرف ان کی رہنمائی کی گئی۔ بیشک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | يَصُدُّوْنَ | عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | وَ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ جو | کافر ہوئے | اور | روکتے ہیں | اللہ کی راہ سے | اور | مسجد | حرام سے |

جنہوں نے کفر کیا اور روکتے ہیں اللہ ﷻ کی راہ اور مسجد حرام سے جسے

الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ

| الَّذِيْ | جَعَلْنٰهُ | لِلنَّاسِ | سَوَآءَ ۨ | الْعَاكِفُ | فِيْهِ | وَ | الْبَادِ | وَ | مَنْ | يُّرِدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | بنایا | ہم نے اسکو | برابر ہے | رہنے والا | اس میں | اور | پردیسی | اور | جو | ارادہ کرے |

ہم نے سب لوگوں کیلئے بنایا ہے اس میں ایک سا حق ہے وہاں کے رہنے والے اور باہر سے آنے والوں کا

فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا ع ۳/۱۰

| فِيْهِ | بِاِلْحَادٍ | بِظُلْمٍ | نُّذِقْهُ | مِنْ عَذَابٍ | اَلِيْمٍ | وَ | اِذْ | بَوَّاْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | الحاد کا | ظلم سے | چکھائیں گے ہم اسے | عذاب | دردناک | اور | جب | جگہ دی ہم نے |

اور جو اس میں کسی زیادتی (اور کفر) کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب چکھائیں گے۔ اور جب ہم نے ابراہیم علیہ السلام کے

لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ

| لِاِبْرٰهِيْمَ | مَكَانَ | الْبَيْتِ | اَنْ | لَا | تُشْرِكْ | بِيْ | شَيْـًٔا | وَ | طَهِّرْ | بَيْتِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم کو | جگہ | بیت اللہ کی | یہ کہ | نہ | شریک بنا | میرے ساتھ | کسی کو | اور | ستھرا کر | میرا گھر |

لیے بیت اللہ ﷻ کی جگہ مقرر کی کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ اور میرے گھر

لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ

| لِلطَّآئِفِيْنَ | وَ | الْقَآئِمِيْنَ | وَ | الرُّكَّعِ | السُّجُوْدِ | وَ | اَذِّنْ | فِي النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طواف کرنے والوں کیلئے | اور | اعتکاف کرنیوالوں کیلئے | اور | رکوع کرنیوالوں کیلئے | سجدہ کرنے والوں کیلئے | اور | اعلان کردو | لوگوں میں |

کو طواف کرنے والوں اور قیام اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔ اور لوگوں میں

بِالْحَجِّ يَأْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّأْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَجِّ | يَأْتُوْكَ | رِجَالًا | وَّعَلٰى | كُلِّ | ضَامِرٍ | يَّأْتِيْنَ | مِنْ كُلِّ | فَجٍّ |
| حج کے لیے | آئینگے تیرے پاس | پیدل | اور اوپر | ہر ایک | لاغر اونٹنی کے | آئیں گے | ہر ایک | راہ |

حج کا اعلان کردو۔ وہ تمہارے پاس پیدل اور اونٹوں پر سوار ہوکر دوردراز

عَمِيْقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمِيْقٍ | لِّيَشْهَدُوْا | مَنَافِعَ | لَهُمْ | وَ | يَذْكُرُوا | اسْمَ | اللّٰهِ | فِيْٓ | اَيَّامٍ |
| گہری کے | تاکہ حاضر ہوں | منافع | اپنے لیے | اور | یاد کریں | نام | اللہ کا | میں | دنوں |

راستوں سے آئیں گے۔ تاکہ ان فائدوں پر گواہ ہوں جو ان کے لیے ہیں۔ اور چند معلوم دنوں میں

مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّعْلُوْمٰتٍ | عَلٰى | مَا | رَزَقَهُمْ | مِّنْ | بَهِيْمَةِ | الْاَنْعَامِ | فَكُلُوْا | مِنْهَا |
| مقرر | اوپر | اس کو جو | ان کو رزق دیا | کچھ | چارپائے | جانوروں سے | تو کھاؤ | اس سے |

ان پر اللہ تعالیٰ ﷻ کا نام لیں جو اُس نے انہیں مویشی چوپایوں میں سے بخشے ہیں۔ پھر ان میں سے خود بھی کھاؤ

وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿٢٨﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَطْعِمُوا | الْبَآئِسَ | الْفَقِيْرَ | ثُمَّ | لْيَقْضُوْا | تَفَثَهُمْ | وَلْيُوْفُوْا |
| اور | کھلاؤ | بھوکے | محتاج کو | پھر | چاہئے کہ دور کریں | اپنی میل کچیل | اور چاہئے کہ پوری کریں |

اور مصیبت زدہ محتاج کو بھی کھلاؤ۔ پھر وہ اپنا میل کچیل دور کریں اور

نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٢٩﴾ ذٰلِكَ ۖ وَمَنْ يُّعَظِّمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُذُوْرَهُمْ | وَ | لْيَطَّوَّفُوْا | بِالْبَيْتِ | الْعَتِيْقِ | ذٰلِكَ | وَ | مَنْ | يُّعَظِّمْ |
| اپنی نذریں | اور | چاہئے کہ طواف کریں | گھر | آزاد کا | یہ ہے | اور | جو | عزت کرے |

اپنی منتیں پوری کریں اور اس قدیم گھر کا طواف کریں۔ حکم یہی ہے اور جو اللہ ﷻ کی

حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُرُمٰتِ اللّٰهِ | فَهُوَ | خَيْرٌ | لَّهٗ | عِنْدَ | رَبِّهٖ | وَ | اُحِلَّتْ | لَكُمُ | الْاَنْعَامُ |
| اللہ کی حرمتوں کی | تو وہ | بہتر ہے | اسکے لیے | نزدیک | اسکے رب کے | اور | حلال کیے گئے | تمہارے لیے | جانور |

شعائر کی تعظیم بجا لائے تو یہ اس کے رب کے پاس اس کیلئے بہتر ہے اور تمہارے لئے

اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مَا | يُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | فَاجْتَنِبُوا | الرِّجْسَ | مِنَ الْاَوْثَانِ |
| مگر | جو | پڑھے جاتے ہیں | تم پر | تو بچو | گندگی | بتوں کی سے |

جاندار حلال کئے گئے بجز ان کے جو تم پر بیان کئے جاتے ہیں پس بچو بتوں

وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۙ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاجْتَنِبُوْا | قَوْلَ | الزُّوْرِ | حُنَفَآءَ | لِلّٰهِ | غَيْرَ | مُشْرِكِيْنَ | بِهٖ | وَ | مَنْ |
| اور بچو | بات | جھوٹی سے | ایک رخ ہوکر | اللہ کیلئے | نہ | شرک کرنیوالے | اسکے ساتھ | اور | جو |

کی نجاست سے اور پرہیز کرو جھوٹی بات سے۔ ایک اللہ ﷻ کے ہو کر رہو اس کے ساتھ شریک کسی کو نہ کرو اور جو

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّشْرِكْ | بِاللّٰهِ | فَكَاَنَّمَا | خَرَّ | مِنَ السَّمَآءِ | فَتَخْطَفُهُ | الطَّيْرُ | اَوْ | تَهْوِيْ |
| شرک کرے | اللہ کے ساتھ | تو گویا | گر پڑا | آسمان سے | پھر اچک لے گئے اسکو | پرندے | اور یا | گرادیں |

اللہ کا شریک کرے وہ گویا گرا آسمان سے کہ پرندے اسے اُچک لے جاتے ہیں

بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهِ | الرِّيْحُ | فِيْ | مَكَانٍ | سَحِيْقٍ | ذٰلِكَ | وَ | مَنْ | يُّعَظِّمْ | شَعَآئِرَ | اللّٰهِ |
| اس کو | ہوائیں | میں | جگہ | گہری | یہ ہے | اور | جو | تعظیم کرے | نشانیوں | اللہ کی |

یا ہوا اسے کسی دور کی جگہ جا پھینکتی ہے۔ حکم یہی ہے اور جو اللہ کے شعائر کی تعظیم کرے

فَإِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوبِ ﴿۳۲﴾ لَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ إِلَىٰ أَجَلٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَإِنَّهَا | مِنْ تَقْوَى | الْقُلُوبِ | لَكُمْ | فِيهَا | مَنَافِعُ | إِلَىٰ أَجَلٍ |
| تو وہ ہے | پرہیزگاری سے | دلوں کی | تمہارے لیے | اس میں | فائدے ہیں | مدت تک |

تو یہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے۔ تمہارے لئے ان میں ایک مقررہ مدت تک فائدے ہیں

ع ۹ ۱۱

مُسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴿۳۳﴾ ع وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسَمًّى | ثُمَّ | مَحِلُّهَا | إِلَى | الْبَيْتِ | الْعَتِيقِ | وَ | لِكُلِّ | أُمَّةٍ | جَعَلْنَا |
| مقرر کی ہوئی | پھر | پہنچنا ہے اس کو | طرف | گھر | آزاد کی | اور | واسطے ہر | امت کے | بنائی ہم نے |

پھر ان کے حلال ہونے کی جگہ اس قدیم گھر (کعبہ) کے پاس ہے۔ اور ہر اُمت کیلئے ہم نے قربانی کا ایک

مَنْسَكًا لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيمَةِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْسَكًا | لِيَذْكُرُوا | اسْمَ | اللَّهِ | عَلَىٰ | مَا | رَزَقَهُمْ | مِنْ بَهِيمَةِ |
| قربانی | تاکہ یاد کریں | نام | اللہ کا | اوپر | اس کے جو | رزق دیا ان کو | چوپائے |

طریقہ مقرر کیا ہے تاکہ چوپائے مویشیوں پر جو اس نے انہیں دیئے ہیں اللہ کا نام لیں ہاں! تمہارا الہ

الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ﴿۳۴﴾ لا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْأَنْعَامِ | فَإِلَٰهُكُمْ | إِلَٰهٌ | وَاحِدٌ | فَلَهُ | أَسْلِمُوا | وَ | بَشِّرِ | الْمُخْبِتِينَ |
| جانوروں سے | سو تمہارا خدا | خدا ہے | ایک | تو اسی کیلئے | جھکو | اور | خوشخبری دو | تواضع کرنے والوں کو |

ایک ہی الہ ہے سو اس کی فرمانبرداری کرو اور (اے رسول ﷺ!) عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری دے دیجئے۔

الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِينَ | إِذَا | ذُكِرَ | اللَّهُ | وَجِلَتْ | قُلُوبُهُمْ | وَ | الصَّابِرِينَ | عَلَىٰ | مَا |
| وہ لوگ جو کہ | جب | ذکر کیا جاتا ہے | اللہ کا | تو ڈر جاتے ہیں | ان کے دل | اور | صبر کرنے والے | اوپر | اسکے جو |

وہ لوگ جو کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپ جاتے ہیں اور مصیبت پر صبر کرنے

أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصَابَهُمْ | وَالْمُقِيْمِي | الصَّلٰوةِ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ |
| پہنچے ان کو | اور قائم کریں والے | نماز کو | اور | اس سے جو | رزق دیا ہم نے ان کو | خرچ کرتے ہیں |

والوں کو اور نماز قائم رکھنے والوں کو اور جو ہمارے دیئے ہوئے رزق سے خرچ کرتے ہیں۔

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْبُدْنَ | جَعَلْنٰهَا | لَكُمْ | مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ | لَكُمْ | فِيْهَا | خَيْرٌ | فَاذْكُرُوا |
| اور قربانی کے جانو | بنایا ہم نے اسکو | تمہارے لیے | اللہ کی نشانیوں سے | تمہارے لیے | اس میں | بھلائی ہے | تو یاد کرو |

اور قربانی کے اونٹ ہم نے تمہارے لئے اللہ کی نشانیوں میں سے مقرر کئے ان میں تمہارے لئے بھلائی ہے

اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْمَ | اللّٰهِ | عَلَيْهَا | صَوَآفَّ | فَاِذَا | وَجَبَتْ | جُنُوْبُهَا | فَكُلُوْا | مِنْهَا |
| نام | اللہ کا | اس پر | صف باندھے کھڑے | پھر جب | گر پڑیں | اس کی کروٹیں | تو کھاؤ | اس سے |

پھر انہیں قطار میں کھڑا کر کے (نحر کرتے وقت) ان پر اللہ کا نام لو تو جب ان کی کروٹیں زمین پر گر جائیں تو ان میں

وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَطْعِمُوا | الْقَانِعَ | وَ | الْمُعْتَرَّ | كَذٰلِكَ | سَخَّرْنٰهَا | لَكُمْ | لَعَلَّكُمْ |
| اور | کھلاؤ | صبر والے کو | اور | مانگنے والے کو | اسی طرح | تابع کردیا ہم نے اسکو | تمہارے لیے | تاکہ تم |

سے کھاؤ اور صبر سے خاموش بیٹھنے والے محتاج اور بے قراری سے مانگنے والے کو اس میں سے کھلاؤ اسی طرح ہم نے ان کو تمہارے

تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشْكُرُوْنَ | لَنْ | يَّنَالَ | اللّٰهَ | لُحُوْمُهَا | وَ | لَا | دِمَآؤُهَا | وَ | لٰكِنْ | يَّنَالُهُ |
| شکر کرو | ہرگز نہیں | پہنچتا | اللہ کو | اس کا گوشت | اور | نہ | اس کا خون | اور | لیکن | پہنچتا ہے اسکو |

لئے مسخر کردیا تاکہ تم شکر ادا کرو۔ اللہ تعالیٰ کو نہ تو ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون بلکہ اللہ تعالیٰ کو تو صرف تمہاری طرف

التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| التَّقْوٰى | مِنْكُمْ | كَذٰلِكَ | سَخَّرَهَا | لَكُمْ | لِتُكَبِّرُوا | اللّٰهَ | عَلٰى | مَا |
| تقوی | تم سے | اسی طرح | تابع کیا اس کو | تمہارے لیے | تاکہ بڑائی بیان کرو تم | اللہ کی | اوپر | اسکے جو |

سے تقوی پہنچتا ہے۔ اس طرح اس نے تمہارے لیے ان کو مسخر کیا ہے تا کہ اللہ تعالی کی دی ہوئی ہدایت

هَدٰىكُمْ ؕ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰىكُمْ | وَ | بَشِّرِ | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُدٰفِعُ | عَنِ الَّذِيْنَ |
| ہدایت دی تم کو | اور | خوشخبری دو | نیکی کرنے والوں کو | بیشک | اللہ | دور کرتا ہے | ان لوگوں سے جو |

پر اس کی بڑائی بیان کرو۔ اور نیکیاں کرنے والوں کو خوشخبری دے دو۔ بے شک اللہ مسلمانوں سے بلاؤں کو دور کرتا ہے۔

اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿٣٨﴾ ع اُذِنَ لِلَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | كُلَّ | خَوَّانٍ | كَفُوْرٍ | اُذِنَ | لِلَّذِيْنَ |
| ایمان لائے | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | ہر | خیانت کار | ناشکرے کو | اجازت دی گئی | انکو جن سے |

بے شک اللہ ہر بڑے خیانت کرنے والے ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔ انہیں جن سے جنگ کی جا رہی ہے

يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۨ ﴿٣٩﴾ لا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُقٰتَلُوْنَ | بِاَنَّهُمْ | ظُلِمُوْا | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | نَصْرِهِمْ | لَقَدِيْرٌ |
| لڑائی کی جاتی ہے | کہ وہ | ظلم کیے گئے | اور | بیشک | اللہ | اوپر | انکی مدد کے | یقیناً قادر ہے |

اجازت دی جاتی ہے کیونکہ ان پر ظلم کیا گیا ہے اور بے شک اللہ ان کی مدد پر قادر ہے۔

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اُخْرِجُوْا | مِنْ دِيَارِهِمْ | بِغَيْرِ | حَقٍّ | اِلَّآ | اَنْ | يَّقُوْلُوْا | رَبُّنَا |
| وہ جو | نکالے گئے | اپنے گھروں سے | بغیر | حق کے | مگر | یہ کہ | انہوں نے کہا | ہمارا رب |

وہ جو اپنے گھروں سے ناحق صرف اس لئے نکال دیئے گئے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمارا رب اللہ ہے

اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ

| اللّٰهُ | وَ | لَوْ | لَا | دَفْعُ | اللّٰهِ | النَّاسَ | بَعْضَهُمْ | بِبَعْضٍ | لَّهُدِّمَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ ہے | اور | اگر | نہ ہوتا | روکنا | اللہ کا | لوگوں کو | ان کے بعض کو | بعض سے | تو گرادی جاتیں |

اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے سے ہٹاتا نہ رہے تو خانقاہیں گرجے عبادت خانے

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ

| صَوَامِعُ | وَ | بِيَعٌ | وَّصَلَوٰتٌ | وَّ | مَسٰجِدُ | يُذْكَرُ | فِيْهَا | اسْمُ | اللّٰهِ | كَثِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خانقاہیں | اور | گرجے | اور کلیسے | اور | مسجدیں | ذکر کیا جاتا ہے | ان میں | نام | اللہ کا | کثرت سے |

اور مسجدیں جن میں اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتا ہے گرا دیئے جائیں

وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾

| وَلَيَنْصُرَنَّ | اللّٰهُ | مَنْ | يَّنْصُرُهٗ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَقَوِيٌّ | عَزِيْزٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ضرور مدد کریگا | اللہ | اسکی جو | مدد کریگا اسکی | بیشک | اللہ | البتہ قوی ہے | غالب ہے |

اور اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اس کی مدد کرتا ہے اللہ قوت والا اور غالب ہے۔

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

| اَلَّذِيْنَ | اِنْ | مَّكَّنّٰهُمْ | فِي | الْاَرْضِ | اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتَوُا | الزَّكٰوةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ جن کو | اگر | ہم جگہ دیں ان کو | میں | زمین | تو قائم کریں | نماز | اور | دیں | زکوٰۃ |

وہ لوگ (ایسے ہیں کہ) اگر ہم انہیں زمین میں سلطنت عطا فرمائیں (تو) وہ نماز قائم کریں گے اور زکوٰۃ دیں گے

وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾

| وَ | اَمَرُوْا | بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | نَهَوْا | عَنِ الْمُنْكَرِ | وَ | لِلّٰهِ | عَاقِبَةُ | الْاُمُوْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | حکم دیں | نیکی کا | اور | روکیں | برائیوں سے | اور | اللہ کیلئے ہے | انجام | کاموں کا |

اور نیکی کا حکم کریں گے اور برائی سے روکیں گے اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | يُّكَذِّبُوْكَ | فَقَدْ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوْحٍ | وَّ | عَادٌ | وَّثَمُوْدُ |
| اور | اگر | جھٹلائیں آپ کو | تو بیشک | جھٹلایا | ان سے پہلے | قوم | نوح نے | اور | عاد نے | اور ثمود نے |

اور اگر یہ (منکرین) آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو بے شک ان سے پہلے قوم نوح اور عاد اور ثمود بھی اپنے رسولوں کو جھٹلا چکے ہیں۔

وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۴۳﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَوْمُ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | قَوْمُ | لُوْطٍ | وَّاَصْحٰبُ | مَدْيَنَ | وَ | كُذِّبَ |
| اور | قوم | ابراہیم نے | اور | قوم | لوط نے | اور اصحاب | مدین نے | اور | جھٹلائے گئے |

اور ابراہیم کی قوم اور لوط کی قوم بھی۔ اور مدین والے بھی اور موسیٰ کی تکذیب ہوئی

مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | فَاَمْلَيْتُ | لِلْكٰفِرِيْنَ | ثُمَّ | اَخَذْتُهُمْ | فَكَيْفَ | كَانَ | نَكِيْرِ |
| موسیٰ | تو مہلت دی میں نے | کافروں کو | پھر | میں نے پکڑا ان کو | تو کس طرح | ہوا | میرا عذاب |

تو میں نے کافروں کو مہلت دی پھر انہیں پکڑا تو پھر کیسی تھی میری سزا۔

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَكَاَيِّنْ | مِّنْ قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَا | وَ | هِيَ | ظَالِمَةٌ | فَهِيَ | خَاوِيَةٌ | عَلٰى |
| تو کتنی ہی | بستیاں ہیں | کہ ہلاکت کیا ہم نے انکو | اور | وہ | ظالم تھیں | تو وہ | گری پڑی ہیں | اوپر |

ہاں کتنی ہی بستیوں کو ہم نے ہلاک کر دیا کیونکہ وہ ظالم تھیں اب وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں

عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُرُوْشِهَا | وَ | بِئْرٍ | مُّعَطَّلَةٍ | وَّ | قَصْرٍ | مَّشِيْدٍ | اَفَلَمْ | يَسِيْرُوْا |
| اپنی چھتوں کے | اور | کنوئیں | برباد شدہ | اور | محل | گچ کیے ہوئے | کیا نہ | پھرے وہ |

اور کنوئیں بیکار اور پختہ محل یونہی ویران پڑے ہیں۔ تو کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ

فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْأَرْضِ | فَتَكُونَ | لَهُمْ | قُلُوبٌ | يَعْقِلُونَ | بِهَا | أَوْ | آذَانٌ | يَسْمَعُونَ |
| زمین میں | تو ہوں | ان کے | دل | جو سمجھیں | انکے ساتھ | یا | کان ہوں | جو سنیں |

ان کے دل ایسے ہو جاتے جن سے وہ سمجھتے یا کان ایسے جن سے وہ سنتے؟

بِهَا ۚ فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَا | فَإِنَّهَا | لَا | تَعْمَى | الْأَبْصَارُ | وَلَٰكِنْ | تَعْمَى | الْقُلُوبُ | الَّتِي | فِي |
| انکے ساتھ | تو بیشک | نہیں | اندھی ہوتیں | آنکھیں | اور لیکن | اندھے ہوتے ہیں | دل | وہ جو کہ | میں |

مگر دراصل آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں

الصُّدُورِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُخْلِفَ اللَّهُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الصُّدُورِ | وَيَسْتَعْجِلُونَكَ | بِالْعَذَابِ | وَ | لَنْ | يُخْلِفَ | اللَّهُ |
| سینوں ہیں | اور جلدی کرتے ہیں آپ سے | عذاب کی | اور | ہرگز نہ | خلاف کریگا | اللہ |

اندھے ہو جاتے ہیں۔ اور یہ لوگ آپ سے عذاب طلب کرنے میں جلدی کرتے ہیں اور اللہ ہرگز اپنے وعدے کے خلاف

وَعْدَهُ ۚ وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ ﴿٤٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعْدَهُ | وَإِنَّ | يَوْمًا | عِنْدَ | رَبِّكَ | كَأَلْفِ | سَنَةٍ | مِمَّا | تَعُدُّونَ |
| اپنا وعدہ | اور بیشک | ایک دن | نزدیک | تمہارے رب کے | مثل ہزار | سال کے ہے | اس سے جو | تم شمار کرتے ہو |

نہیں کرے گا اور بے شک آپ کے رب کے نزدیک ایک دن ہزار سال کی طرح ہے ان دنوں سے جو تم شمار کرتے ہو۔

وَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا ۚ وَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَأَيِّنْ | مِنْ قَرْيَةٍ | أَمْلَيْتُ | لَهَا | وَ | هِيَ | ظَالِمَةٌ | ثُمَّ | أَخَذْتُهَا | وَ |
| اور کتنی ہی | بستیاں ہیں | کہ میں نے مہلت دی | ان کو | اور | وہ | ظالم تھیں | پھر | میں نے ان کو پکڑا | اور |

اور بہت سی بستیاں ہیں جن کو ہم نے مہلت دی اور وہ ظالم تھیں پھر ہم نے انہیں پکڑ لیا اور ہماری ہی

٦ ع ١٠ ١٢

إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿٤٨﴾ قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿٤٩﴾ ج

| إِلَيَّ | الْمَصِيرُ | قُلْ | يَا أَيُّهَا | النَّاسُ | إِنَّمَا | أَنَا | لَكُمْ | نَذِيرٌ | مُبِينٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میری طرف ہی | پھرنا ہے | فرماؤ | اے | لوگو | اسکے سوا نہیں کہ | میں | تمہارے لیے | ڈرانے والا ہوں | صریح |

طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اے حبیب ﷺ فرما دیجئے اے لوگو! میں تو یہی تمہارے لئے کھلا ڈر سنانے والا ہوں۔

فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٥٠﴾

| فَالَّذِينَ | آمَنُوا | وَ | عَمِلُوا | الصَّالِحَاتِ | لَهُمْ | مَغْفِرَةٌ | وَ | رِزْقٌ | كَرِيمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر وہ جو | ایمان لائے | اور | عمل کیے | اچھے | انکے لیے | بخشش ہے | اور | رزق | اچھا |

تو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کیلئے بخشش ہے اور عمدہ رزق۔

وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ

| وَ | الَّذِينَ | سَعَوْا | فِي | آيَاتِنَا | مُعَاجِزِينَ | أُولَٰئِكَ | أَصْحَابُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جو | کوشش کرتے ہیں | میں | ہماری آیتوں | عاجز کرنے والے | یہی لوگ ہیں | اصحاب |

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں ہمیں عاجز کرنے کی کوشش کی وہ

الْجَحِيمِ ﴿٥١﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا

| الْجَحِيمِ | وَمَا | أَرْسَلْنَا | مِنْ قَبْلِكَ | مِنْ | رَسُولٍ | وَ | لَا | نَبِيٍّ | إِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنم | اور نہیں | بھیجا ہم نے | تجھ سے پہلے | کوئی | رسول | اور | نہ کوئی | نبی | مگر |

دوزخی ہوں گے۔ اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا نہ کوئی نبی

إِذَا تَمَنَّىٰ أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ ج فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي

| إِذَا | تَمَنَّىٰ | أَلْقَى | الشَّيْطَانُ | فِي | أُمْنِيَّتِهِ | فَيَنْسَخُ | اللَّهُ | مَا | يُلْقِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | اسکے پڑھاتو | ڈال دیا | شیطان نے | میں | اسکی پڑھائی | تو منسوخ کردیتا ہے | اللہ | جو | ڈالتا ہے |

مگر جب وہ کوئی آرزو کرتا تو شیطان اس کی تمنا میں خلل ڈال دیتا ہے پھر جو کچھ بھی شیطان ڈالتا ہے

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾ لِّيَجْعَلَ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيْطٰنُ | ثُمَّ | يُحْكِمُ | اللّٰهُ | اٰيٰتِهٖ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | لِيَجْعَلَ | مَا |
| شیطان | پھر | مضبوط کرتا ہے | اللہ | اپنی آیتیں | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | تاکہ بنائے | جو |

اللہ اسے ہٹا دیتا ہے اور پھر اللہ اپنی آیتوں کو مستحکم کر دیتا ہے اور اللہ علم والا دانا ہے۔ تاکہ جو شیطان ڈالتا ہے

يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُلْقِي | الشَّيْطٰنُ | فِتْنَةً | لِلَّذِيْنَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | مَرَضٌ | وَ | الْقَاسِيَةِ |
| ڈالتا ہے | شیطان | آزمائش | انکے لیے کہ | میں | انکے دلوں | بیماری ہے | اور | سخت ہیں |

ان لوگوں کیلئے آزمائش کر دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت ہو چکے ہیں

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبُهُمْ | وَ | اِنَّ | الظّٰلِمِيْنَ | لَفِيْ | شِقَاقٍ | بَعِيْدٍ | وَ | لِيَعْلَمَ | الَّذِيْنَ |
| انکے دل | اور | بیشک | ظالم | یقینا | بدبختی | دوری میں ہیں | اور | جانتے ہیں | وہ جو |

یقینا ظلم کرنے والے ضرور دور کے جھگڑے میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور تاکہ یقین کر لیں وہ لوگ

اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْتُوا | الْعِلْمَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ رَّبِّكَ | فَيُؤْمِنُوْا | بِهٖ | فَتُخْبِتَ | لَهٗ |
| دیے گئے | علم | بیشک وہ | حق ہے | آپ کے رب سے | تو وہ ایمان لاتے ہیں | ساتھ اسکے | تو جھک جاتے ہیں | اسکے لیے |

جنہیں علم دیا گیا ہے کہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تو وہ اس پر ایمان لائیں

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبُهُمْ | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَهَادِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِلٰى | صِرَاطٍ |
| ان کے دل | اور | بیشک | اللہ | ہدایت دینے والا ہے | ان کو جو | ایمان لائے | طرف | راہ |

اور اس کی طرف ان کے دل جھک جائیں اور بے شک اللہ ایمان والوں کو سیدھی راہ کی

مُسْتَقِيْمٍ ﴿٥٤﴾ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ

| مُسْتَقِيْمٍ | وَ | لَايَزَالُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فِيْ | مِرْيَةٍ | مِّنْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیدھی کے | اور | ہمیشہ رہیں گے | وہ جو | کافر ہوئے | میں | شک | اس سے |

طرف ہدایت فرماتا ہے۔ اور کافر اس سے ہمیشہ شک میں رہیں گے یہاں تک کہ ان

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ

| حَتّٰى | تَاْتِيَهُمُ | السَّاعَةُ | بَغْتَةً | اَوْ | يَاْتِيَهُمْ | عَذَابُ | يَوْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | آئے انکے پاس | قیامت | اچانک | یا | آئے انکے پاس | عذاب | دن |

پر اچانک قیامت آ جائے یا ان پر ایسے دن کا عذاب آ جائے جس میں اُن کے لیے کوئی

عَقِيْمٍ ﴿٥٥﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ط يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ط

| عَقِيْمٍ | اَلْمُلْكُ | يَوْمَئِذٍ | لِّلّٰهِ | يَحْكُمُ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| جڑ کاٹنے والے کا | بادشاہی | اس دن | اللہ کی ہوگی | فیصلہ کرے گا | ان میں |

بھلائی نہ ہو۔ بادشاہی اس دن اللہ ہی کی ہے وہ ان میں فیصلہ کر دے گا

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٥٦﴾

| فَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | فِيْ | جَنّٰتِ | النَّعِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو وہ جو | ایمان لائے | اور | عمل کیے | اچھے | میں | باغوں میں ہوں گے | نعمت والے |

تو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ نعمتوں والے باغوں میں ہونگے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

| وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | فَاُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جو | منکر ہوئے | اور | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | تو یہ لوگ ہیں | ان کیلئے | عذاب ہے |

اور جن لوگوں نے انکار کیا تھا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کیلئے

ع ٩ مُّهِينٌ ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّهِينٌ | وَ | الَّذِينَ | هَاجَرُوا | فِي | سَبِيلِ | اللَّهِ | ثُمَّ | قُتِلُوا | أَوْ |
| ذلیل کرنے والا | اور | وہ جنہوں نے | ہجرت کی | میں | رستے | اللہ | پھر | قتل ہوئے | یا |

ذلت کا عذاب ہو گا۔ اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی پھر قتل ہو گئے

مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللَّهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَاتُوا | لَيَرْزُقَنَّهُمُ | اللَّهُ | رِزْقًا | حَسَنًا | وَ | إِنَّ | اللَّهَ | لَهُوَ |
| مر گئے | ضرور روزی دے گا انکو | اللہ | روزی | اچھی | اور | بیشک | اللہ | البتہ وہی ہے |

یا مر گئے انہیں اللہ ضرور اچھی روزی دے گا اور اللہ ہی تو

خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿٥٨﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُدْخَلًا يَرْضَوْنَهُ ۗ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خَيْرُ | الرَّازِقِينَ | لَيُدْخِلَنَّهُمْ | مُدْخَلًا | يَرْضَوْنَهُ |
| بہتر | روزی دینے والا | ضرور داخل کرے گا ان کو | ایسی جگہ میں | پسند کرینگے |

بہترین روزی دینے والا ہے۔ اللہ انہیں ضرور ایسی جگہ داخل فرمائے گا جسے وہ پسند کریں گے اور بے شک اللہ

وَإِنَّ اللَّهَ لَعَلِيمٌ حَلِيمٌ ﴿٥٩﴾ ذَٰلِكَ ۖ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | إِنَّ | اللَّهَ | لَعَلِيمٌ | حَلِيمٌ | ذَٰلِكَ | وَ | مَنْ | عَاقَبَ | بِمِثْلِ | مَا |
| اور | بیشک | اللہ | علم والا | حلم والا ہے | یہ ہے | اور | جو | بدلہ لے | مثل | اسکے جو |

بہت جاننے والا نہایت علم والا اور حکمت والا ہے۔ بات یہی ہے اور جس نے اتنی ہی تکلیف پہنچائی جتنی اسے

عُوقِبَ بِهِ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُوقِبَ | بِهِ | ثُمَّ | بُغِيَ | عَلَيْهِ | لَيَنْصُرَنَّهُ | اللَّهُ | إِنَّ | اللَّهَ |
| ظلم ہوا | اس پر | پھر | زیادتی کی جائے | اس پر | تو ضرور مدد کرے گا اسکی | اللہ | بیشک | اللہ |

پہنچائی گئی تھی پھر اس پر زیادتی کی جائے تو یقیناً اللہ اس کی ضرور مدد فرمائے گا بے شک اللہ بہت معاف فرمانے

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿٦٠﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

| لَعَفُوٌّ | غَفُوْرٌ | ذٰلِكَ | بِاَنَّ | اللّٰهَ | يُوْلِجُ | الَّيْلَ | فِي النَّهَارِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاف کرنے والا | بخشنے والا ہے | یہ اس لیے | کہ بیشک | اللہ | داخل کرتا ہے | رات کو | دن میں |

والا بے حد بخشنے والا ہے۔ یہ اس لیے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں

وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿٦١﴾ ذٰلِكَ

| وَ | يُوْلِجُ | النَّهَارَ | فِي الَّيْلِ | وَاَنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | بَصِيْرٌ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | داخل کرتا ہے | دن کو | رات میں | اور بیشک | اللہ | سننے والا | دیکھنے والا ہے | یہ اس لیے |

داخل کرتا ہے۔ اور یقیناً اللہ تعالیٰ خوب سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یہ اس لئے

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ

| بِاَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَاَنَّ | مَا | يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ بیشک | اللہ | وہی ہے | حق | اور بیشک | جنہیں | پکارتے ہیں | اس کے سوا | وہ ہی |

کہ اللہ ہی حق ہے اور اس کے سوا جسے پوجتے ہیں وہی باطل ہے اور

الْبَاطِلُ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

| الْبَاطِلُ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْعَلِيُّ | الْكَبِيْرُ | اَلَمْ تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باطل ہے | اور | بیشک | اللہ | وہی ہے | بلند | بڑا | کیا نہ دیکھا تونے | کہ بیشک | اللہ نے |

اس لئے اور اللہ ہی بلندی کا مالک اور بڑائی والا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ز فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ط اِنَّ

| اَنْزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | فَتُصْبِحُ | الْاَرْضُ | مُخْضَرَّةً | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا | آسمان سے | پانی | تو ہوگئی | زمین | سرسبز | بیشک |

آسمان سے پانی اُتارتا ہے تو زمین سرسبز ہو جاتی ہے بے شک

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿٦٣﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | لَطِيْفٌ | خَبِيْرٌ | لَهٗ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي |
| اللہ | باریک بین | خبردار ہے | اسی کا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور | جو | میں |

اللہ خوب مہربان ہے اور باخبر ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ ع ٥

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَهُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | اَلَمْ تَرَ | اَنَّ |
| زمین ہے | اور | بیشک | اللہ | وہی ہے | بے نیاز | تعریف کیا گیا | کیا نہ دیکھا تو نے | بیشک |

زمین میں ہے اور بے شک اللہ ہی بے نیاز اور بہت تعریف کیا ہوا ہے۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا

اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | سَخَّرَ | لَكُمْ | مَّا | فِي | الْاَرْضِ | وَالْفُلْكَ | تَجْرِيْ | فِي | الْبَحْرِ |
| اللہ نے | تابع کیا | تمہارے لیے | جو کچھ | میں | زمین ہے | اور کشتی کو جو | چلتی ہے | میں | دریا |

کہ اللہ نے زمین کی ہر چیز کو تمہارے فائدے کیلئے اپنے حکم کے تابع رکھا اور کشتیوں کو (بھی)

بِاَمْرِهٖ ؕ وَ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَمْرِهٖ | وَ | يُمْسِكُ | السَّمَآءَ | اَنْ | تَقَعَ | عَلَى | الْاَرْضِ | اِلَّا |
| اس کے حکم سے | اور | روکتا ہے | آسمان کو | کہ وہ | گر نہ پڑے | اوپر | زمین کے | مگر |

کہ وہ دریا میں اس کے حکم سے چلتی ہیں اور وہی آسمان کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہے مگر

بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٥﴾ وَ هُوَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاِذْنِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | بِالنَّاسِ | لَرَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | هُوَ |
| اس کے حکم سے | بیشک | اللہ | لوگوں پر | مہربان | رحم والا ہے | اور | وہ |

اسی کے حکم سے بے شک اللہ لوگوں پر نہایت مہربانی کرنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور وہی ہے

الَّذِیۡۤ اَحۡیَاکُمۡ ۫ ثُمَّ یُمِیۡتُکُمۡ ثُمَّ یُحۡیِیۡکُمۡ ؕ اِنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیۡۤ | اَحۡیَاکُمۡ | ثُمَّ | یُمِیۡتُکُمۡ | ثُمَّ | یُحۡیِیۡکُمۡ | اِنَّ |
| وہ ہے جس نے | زندہ کیا تم کو | پھر | مارتا ہے تم کو | پھر | زندہ کریگا تم کو | بیشک |

جس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا بے شک

الۡاِنۡسَانَ لَکَفُوۡرٌ ﴿۶۶﴾ لِکُلِّ اُمَّۃٍ جَعَلۡنَا مَنۡسَکًا ہُمۡ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاِنۡسَانَ | لَکَفُوۡرٌ | لِکُلِّ | اُمَّۃٍ | جَعَلۡنَا | مَنۡسَکًا | ہُمۡ |
| انسان | ناشکرا ہے | ہرایک | امت کے لیے | بنائے ہم نے | عبادت کے قاعدے کہ | وہ |

انسان بڑا ناشکرا ہے۔ ہر اُمت کیلیۓ ہم نے عبادت کے قاعدے بنا دیۓ کہ وہ

نَاسِکُوۡہُ فَلَا یُنَازِعُنَّکَ فِی الۡاَمۡرِ وَ ادۡعُ اِلٰی رَبِّکَ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَاسِکُوۡہُ | فَلَا | یُنَازِعُنَّکَ | فِی | الۡاَمۡرِ | وَادۡعُ | اِلٰی | رَبِّکَ |
| اس پر چلنے والے ہیں | تو نہ | جھگڑا کرے آپ سے | میں | اس معاملے | اور بلاؤ | طرف | رب اپنے کی |

ان پر چلے تو ہرگز وہ آپ سے اس معاملہ میں جھگڑا نہ کریں اور اپنے رب کی

اِنَّکَ لَعَلٰی ہُدًی مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۶۷﴾ وَ اِنۡ جٰدَلُوۡکَ فَقُلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّکَ | لَعَلٰی | ہُدًی | مُّسۡتَقِیۡمٍ | وَ | اِنۡ | جٰدَلُوۡکَ | فَقُلِ |
| بیشک آپ | اوپر | راہ | سیدھی کے ہیں | اور | اگر | جھگڑا کریں آپ سے | تو فرماؤ |

طرف بلاتے رہیں بے شک آپ سیدھی راہ پر ہیں۔ اور اگر وہ آپ سے (دین کے معاملہ میں) جھگڑیں تو (ان سے)

اللّٰہُ اَعۡلَمُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۶۸﴾ اَللّٰہُ یَحۡکُمُ بَیۡنَکُمۡ یَوۡمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰہُ | اَعۡلَمُ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ | اَللّٰہُ | یَحۡکُمُ | بَیۡنَکُمۡ | یَوۡمَ |
| اللہ | جانتا ہے | جو | تم کرتے ہو | اللہ | فیصلہ کرے گا | تمہارے درمیان | دن |

فرما دیجیۓ اللہ خوب جانتا ہے جو تم کام کرتے ہو۔ اللہ روزِ قیامت کو تمہارے درمیان

الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقِيٰمَةِ | فِيْمَا | كُنْتُمْ | فِيْهِ | تَخْتَلِفُوْنَ | اَلَمْ | تَعْلَمْ | اَنَّ |
| قیامت کے | اس میں کہ | تھے تم | اس میں | جھگڑا کرتے | کیا نہ | جانا تو نے | یہ کہ بیشک |

ان باتوں کا جن میں تم اختلاف کرتے ہو فیصلہ فرما دے گا۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ط اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | فِي | السَّمَآءِ | وَ | الْاَرْضِ | اِنَّ | ذٰلِكَ | فِيْ كِتٰبٍ |
| اللہ | جانتا ہے | جو | میں | آسمان | اور | زمین ہے | بیشک | یہ | کتاب میں ہے |

اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے بے شک یہ ایک کتاب میں ہے

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيْرٌ | وَ | يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا |
| بیشک | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان ہے | اور | پوجتے ہیں | سوا | اللہ کے | جو |

بے شک یہ اللہ پر آسان ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا اُن کی عبادت کرتے ہیں

لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ط وَمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ | يُنَزِّلْ | بِهٖ | سُلْطٰنًا | وَّ | مَا | لَيْسَ | لَهُمْ | بِهٖ | عِلْمٌ | وَ | مَا |
| نہ | اتاری | اس کی | کوئی دلیل | اور | جو | نہیں | ان کو | اس کا | کوئی علم | اور | نہیں |

جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری۔ اور جن کے بارے میں اُنہیں کوئی علم نہیں ہے۔ اور قیامت

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ نَّصِيْرٍ | وَ | اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُنَا | بَيِّنٰتٍ |
| ظالموں کا | کوئی مددگار | اور | جب | پڑھی جاتی ہیں | ان پر | ہماری آیتیں | روشن |

کے دن ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہو گا۔ اور جب ان کافروں پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں

تَعۡرِفُ فِیۡ وُجُوۡہِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوا الۡمُنۡکَرَ ؕ یَکَادُوۡنَ

| تَعۡرِفُ | فِیۡ | وُجُوۡہِ | الَّذِیۡنَ | کَفَرُوا | الۡمُنۡکَرَ | یَکَادُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہچانو گے آپ | میں | چہروں | ان کے | جو کافر ہیں | برائی | قریب ہیں کہ |

تو (اے محبوب ﷺ!) آپ ان کے چہروں پر ناگواری (کے آثار) دیکھتے ہیں قریب ہیں کہ وہ

یَسۡطُوۡنَ بِالَّذِیۡنَ یَتۡلُوۡنَ عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتِنَا ؕ قُلۡ اَفَاُنَبِّئُکُمۡ

| یَسۡطُوۡنَ | بِالَّذِیۡنَ | یَتۡلُوۡنَ | عَلَیۡہِمۡ | اٰیٰتِنَا | قُلۡ | اَفَاُنَبِّئُکُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حملہ کریں | ان پر جو | پڑھتے ہیں | ان پر | ہماری آیتیں | فرماؤ | کیا بتاؤں میں تمہیں |

ان لوگوں پر حملہ کر دیں جو ہماری آیتیں ان پر تلاوت کرتے ہیں اے محبوب ﷺ آپ فرما دیجئے کیا میں تمہیں ایسی چیز

بِشَرٍّ مِّنۡ ذٰلِکُمۡ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَہَا اللّٰہُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا ؕ

| بِشَرٍّ | مِّنۡ ذٰلِکُمۡ | اَلنَّارُ | وَعَدَہَا | اللّٰہُ | الَّذِیۡنَ | کَفَرُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بری چیز | اس سے | وہ آگ ہے کہ | وعدہ کیا اس کا | اللہ نے | ان سے جو | کافر ہیں |

بتاؤں جو تمہارے اس غیظ و غضب سے بھی بدتر ہے وہ (دوزخ کی) آگ ہے جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کیا ہے

۹ ع ۱۰ ۱۶ وَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۷۲﴾ ع یٰۤاَیُّہَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسۡتَمِعُوۡا

| وَ | بِئۡسَ | الۡمَصِیۡرُ | یٰۤاَیُّہَا | النَّاسُ | ضُرِبَ | مَثَلٌ | فَاسۡتَمِعُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | برا ہے | ٹھکانہ | اے | لوگو | بیان کی جاتی ہے | ایک کہاوت | تو غور سے سنو |

اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔ اے لوگو! ایک مثال بیان فرمائی جاتی ہے اسے غور سے سنو

لَہٗ ؕ اِنَّ الَّذِیۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ لَنۡ یَّخۡلُقُوۡا

| لَہٗ | اِنَّ | الَّذِیۡنَ | تَدۡعُوۡنَ | مِنۡ دُوۡنِ | اللّٰہِ | لَنۡ | یَّخۡلُقُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | بیشک | وہ جو | پکارتے ہیں | سوا | اللہ کے | ہرگز نہیں | پیدا کر سکتے |

وہ جنہیں اللہ کے سوا تم پوجتے ہو ایک مکھی نہ بنا سکیں اگرچہ سب کے سب

# ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ

| ذُبَابًا | وَّ | لَوِ | اجْتَمَعُوْا | لَهٗ | وَ | اِنْ | يَّسْلُبْهُمُ | الذُّبَابُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک مکھی | اور | اگرچہ | اکٹھے ہو جائیں سب | اسکے لیے | اور | اگر | چھین لے جائے ان سے | مکھی |

اکٹھے ہو جائیں اور اگر مکھی ان سے کچھ چھین کر لے جائے تو اس سے چھڑا نہ سکیں

# شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَ

| شَيْـًٔا | لَّا | يَسْتَنْقِذُوْهُ | مِنْهُ | ضَعُفَ | الطَّالِبُ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی چیز | نہیں | بچا سکتے اس کو | اس سے | کمزور ہے | طالب | اور |

مدد چاہنے والے بھی کمزور اور جس سے مدد چاہی گئی وہ بھی

# الْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| الْمَطْلُوْبُ | مَا | قَدَرُوا | اللّٰهَ | حَقَّ | قَدْرِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مطلوب | نہ | قدر کی انہوں نے | اللہ کی | حق | اس کے قدر کا | بیشک | اللہ |

کمزور (یعنی بت پرست اور بت)۔ اُن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر ہی نہ پہچانی جیسا کہ اس کی قدر پہچاننے کا حق ہے۔ یقیناً

# لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّ

| لَقَوِيٌّ | عَزِيْزٌ | اَللّٰهُ | يَصْطَفِيْ | مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ | رُسُلًا | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قوت والا | غالب ہے | اللہ | چن لیتا ہے | فرشتوں سے | رسول | اور |

اللہ تعالیٰ ہی قوت والا زبردست ہے۔ اللہ فرشتوں میں سے اور آدمیوں میں سے پیغمبر

# مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾ ج يَعْلَمُ مَا

| مِنَ النَّاسِ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | بَصِيْرٌ | يَعْلَمُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمیوں سے | بیشک | اللہ | سنتا | جانتا ہے | جانتا ہے | جو |

چن لیتا ہے اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے

بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَ مَا خَلۡفَهُمۡ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ | وَ | مَا | خَلۡفَهُمۡ | وَاِلَى | اللّٰهِ | تُرۡجَعُ |
| ان کے آگے ہے | اور | جو | انکے پیچھے ہے | اور طرف | اللہ کی | لوٹائے جاتے ہیں |

جو کچھ اُن کے آگے ہے اور جو کچھ اُن کے پیچھے ہے اور سارے معاملات اللہ تعالیٰ ہی کی

الۡاُمُوۡرُ ﴿۷۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا ارۡكَعُوۡا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الۡاُمُوۡرُ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوا | ارۡكَعُوۡا |
| سب کام | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | رکوع کرو |

طرف لوٹائے جاتے ہیں۔ اے ایمان والو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے

وَاسۡجُدُوۡا وَاعۡبُدُوۡا رَبَّكُمۡ وَافۡعَلُوا الۡخَيۡرَ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَاسۡجُدُوۡا | وَاعۡبُدُوۡا | رَبَّكُمۡ | وَافۡعَلُوا | الۡخَيۡرَ |
| اور سجدہ کرو | اور عبادت کرو | اپنے رب کی | اور کرو | نیکی |

رب کی عبادت کرو اور نیک کام کرتے رہو تاکہ تم

لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿۷۷﴾ (السجدة) وَجَاهِدُوۡا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّكُمۡ | تُفۡلِحُوۡنَ | وَ | جَاهِدُوۡا | فِى | اللّٰهِ | حَقَّ | جِهَادِهٖ | هُوَ |
| تاکہ تم | فلاح پاؤ | اور | جہاد کرو | میں راہ | اللہ کی | حق | جہاد کرنے کا | اس نے |

کامیابی حاصل کر لو۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ حق ہے جہاد کرنے کا اس نے

اجۡتَبٰىكُمۡ وَمَا جَعَلَ عَلَيۡكُمۡ فِى الدِّيۡنِ مِنۡ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اجۡتَبٰىكُمۡ | وَمَا | جَعَلَ | عَلَيۡكُمۡ | فِى | الدِّيۡنِ | مِنۡ |
| چن لیا تم کو | اور نہیں | بنائی | تم پر | میں | دین | کوئی |

تمہیں برگزیدہ کر لیا اور دین میں تم پر کچھ تنگی نہ رکھی (تمہارے لئے)

السجدۃ ۱۰ عند الشافعی

حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِیۡكُمۡ اِبۡرٰهِیۡمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَرَجٍ | مِلَّةَ | اَبِیۡكُمۡ | اِبۡرٰهِیۡمَ | هُوَ | سَمّٰىكُمُ |
| تنگی | دین | تمہارے باپ | ابراہیم کا | اس نے | نام رکھا تمہارا |

تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کا دین (پسند کیا) اس (اللہ) نے تمہارا نام مسلمان رکھا

الۡمُسۡلِمِیۡنَ ۙ مِنۡ قَبۡلُ وَفِیۡ هٰذَا لِیَكُوۡنَ الرَّسُوۡلُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الۡمُسۡلِمِیۡنَ | مِنۡ قَبۡلُ | وَفِیۡ | هٰذَا | لِیَكُوۡنَ | الرَّسُوۡلُ |
| مسلمان | پہلے بھی | اور میں | اس (قرآن) | تا کہ ہو | رسول |

پہلی کتابوں میں اور اس (قرآن) میں تا کہ رسول معظم ﷺ تم پر گواہ

شَهِیۡدًا عَلَیۡكُمۡ وَتَكُوۡنُوۡا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَهِیۡدًا | عَلَیۡكُمۡ | وَ | تَكُوۡنُوۡا | شُهَدَآءَ | عَلَى | النَّاسِ |
| گواہ | تم پر | اور | ہو جاؤ تم | گواہ | اوپر | لوگوں کے |

ہو جائیں اور تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ تو نماز قائم رکھو اور

فَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعۡتَصِمُوۡا بِاللّٰهِ ؕ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاَقِیۡمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَاعۡتَصِمُوۡا | بِاللّٰهِ |
| تو قائم کرو | نماز | اور دو | زکوۃ | اور تھام لو | اللہ کو |

زکوۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کی رسی مضبوطی سے تھام لو

هُوَ مَوۡلٰىكُمۡ ۚ فَنِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ ﴿۷۸﴾ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | مَوۡلٰىكُمۡ | فَنِعۡمَ | الۡمَوۡلٰى | وَ | نِعۡمَ | النَّصِیۡرُ |
| وہ | تمہارا مولیٰ ہے | تو اچھا ہے | مولیٰ | اور | اچھا ہے | مددگار |

وہ تمہارا مالک ہے تو کیا ہی اچھا مالک اور کیا ہی اچھا مددگار ہے۔

الجزء ۱۸

ایاتہا ۱۱۸ ﴿۲۳ سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ ۷۴﴾ رکوعاتہا ۶

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲

| قَدْ | اَفْلَحَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | فِيْ | صَلَاتِهِمْ | خٰشِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | مراد پاگئے | مومن | وہ جو کہ | وہ | میں | اپنی نمازوں میں | گڑگڑاتے ہیں |

بے شک وہ ایمان والے کامیاب ہوئے۔ جو لوگ اپنی نماز میں خوب عاجزی کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴

| وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | عَنِ اللَّغْوِ | مُعْرِضُوْنَ | وَالَّذِيْنَ | هُمْ | لِلزَّكٰوةِ | فٰعِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جو کہ | وہ | بیہودہ باتوں سے | منہ پھیرتے ہیں | اور وہ جو کہ | وہ | زکوۃ | ادا کرتے ہیں |

وہ جو بیکار اور بیہودہ باتوں سے بچتے ہیں۔ وہ جو زکوۃ کی ادائیگی پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا

| وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | لِفُرُوْجِهِمْ | حٰفِظُوْنَ | اِلَّا | عَلٰٓى | اَزْوَاجِهِمْ | اَوْ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جو کہ | وہ | اپنی شرمگاہوں کی | حفاظت کرتے ہیں | مگر | اوپر | اپنی بیویوں کے | یا | وہ جو |

اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ مگر اپنی (منکوحہ) بیویوں پر یا (مملوکہ) باندیوں پر

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝۶ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ

| مَلَكَتْ | اَيْمَانُهُمْ | فَاِنَّهُمْ | غَيْرُ | مَلُوْمِيْنَ | فَمَنِ | ابْتَغٰى | وَرَآءَ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ملک ہیں | انکے دائیں ہاتھ کی | تو یقیناً وہ | نہیں ہیں | ملامت کیے گئے | تو جو | ڈھونڈے | سوا | اس کے |

تو بے شک (اس میں) ان پر کوئی ملامت نہیں۔ تو جو ان کے سوا کچھ اور چاہیں وہی

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ ۝٧ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

| فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْعٰدُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | لِاَمٰنٰتِهِمْ | وَ | عَهْدِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو یہ لوگ | وہ ہیں | حد سے بڑھنے والے | اور | وہ جو کہ | وہ | اپنی امانتوں کی | اور | اپنے عہد کی |

اللہ کی مقرر کردہ حد سے بڑھنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی

رٰعُوْنَ ۙ ۝٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ ۝٩ اُولٰٓئِكَ هُمُ

وقف لازم

| رٰعُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | عَلٰى | صَلَوٰتِهِمْ | يُحَافِظُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رعایت کرتے ہیں | اور | وہ جو کہ | وہ | اوپر | اپنی نمازوں کی | نگہبانی کرتے ہیں | یہ ہی لوگ | وہ ہیں |

رعایت کرتے ہیں۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ یہی لوگ

الْوٰرِثُوْنَ ۙ ۝١٠ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١١

| الْوٰرِثُوْنَ | الَّذِيْنَ | يَرِثُوْنَ | الْفِرْدَوْسَ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وارث | وہ جو کہ | وارث ہونگے | فردوس کے | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے |

ہوں گے۔ جو (جنت) فردوس کے وارث ہوں گے وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۚ ۝١٢ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ

| وَلَقَدْ | خَلَقْنَا | الْاِنْسَانَ | مِنْ سُلٰلَةٍ | مِّنْ طِيْنٍ | ثُمَّ | جَعَلْنٰهُ | نُطْفَةً | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بیشک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | چنی ہوئی | مٹی سے | پھر | بنایا ہم نے اسکو | نطفہ | میں |

اور بے شک ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا۔ پھر ہم نے اُسے ایک محفوظ ٹھکانے

قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝١٣ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

| قَرَارٍ | مَّكِيْنٍ | ثُمَّ | خَلَقْنَا | النُّطْفَةَ | عَلَقَةً | فَخَلَقْنَا | الْعَلَقَةَ | مُضْغَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ | مضبوط | پھر | بنایا ہم نے | نطفہ کو | خون کی پھٹک | پھر بنایا ہم نے | پھٹک کو | گوشت کی بوٹی |

(رحم مادر) میں نطفہ بنا دیا۔ پھر ہم نے نطفے کو جمے ہوئے خون کا لوتھڑا بنایا۔ پھر ہم نے لوتھڑے کو

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ق ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا

| فَخَلَقْنَا | الْمُضْغَةَ | عِظٰمًا | فَكَسَوْنَا | الْعِظٰمَ | لَحْمًا | ثُمَّ | اَنْشَاْنٰهُ | خَلْقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بنایا ہم نے | بوٹی کو | ہڈیاں | تو پہنایا ہم نے | ہڈیوں کو | گوشت | پھر | ہم نے پیدا کیا اسکو | پیدائش |

بوٹی بنا دیا۔ پھر ہم نے بوٹی کی ہڈیاں بنائیں۔ پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا۔ پھر ہم نے اُسے ایک نئی

اٰخَرَ ط فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ

| اٰخَرَ | فَتَبٰرَكَ | اللّٰهُ | اَحْسَنُ | الْخٰلِقِيْنَ | ثُمَّ | اِنَّكُمْ | بَعْدَ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نئی | تو برکت والا ہے | اللہ | بہتر | پیدا کرنے والا | پھر | یقیناً تم | بعد | اسکے کہ |

صورت میں بنا کھڑا کیا۔ پس بڑا ہی برکت والا ہے اللہ تعالیٰ بہترین خالق۔ پھر اس کے بعد تم

لَمَيِّتُوْنَ ﴿١٥﴾ ط ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿١٦﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

| لَمَيِّتُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | تُبْعَثُوْنَ | وَ | لَقَدْ | خَلَقْنَا | فَوْقَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرنے والے ہو | پھر | یقیناً تم | دن | قیامت کے | اٹھائے جاؤ گے | اور | بیشک | ہم نے بنائے | تمہارے اوپر |

مر جاؤ گے۔ پھر تم روزِ قیامت کو اُٹھائے جاؤ گے۔ اور بے شک ہم نے تمہارے اوپر

سَبْعَ طَرَآئِقَ ق وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿١٧﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

| سَبْعَ | طَرَآئِقَ | وَ | مَا | كُنَّا | عَنِ الْخَلْقِ | غٰفِلِيْنَ | وَ | اَنْزَلْنَا | مِنَ السَّمَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سات | راستے | اور | نہیں ہیں | ہم | مخلوق سے | بے خبر | اور | اتارا ہم نے | آسمان سے |

سات آسمان بنائے اور ہم (اپنی) مخلوق سے غافل نہیں۔ اور ہم نے (ایک) اندازے کے مطابق

مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ق وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿١٨﴾ ج

| مَآءً | بِقَدَرٍ | فَاَسْكَنّٰهُ | فِي | الْاَرْضِ | وَ | اِنَّا | عَلٰى | ذَهَابٍ | بِهٖ | لَقٰدِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پانی | اندازے سے | تو ہم نے ٹھہرایا اسکو | میں | زمین | اور | بیشک ہم | اوپر | لے جانے | اسکے کے | البتہ قادر ہیں |

آسمان سے پانی اتارا پھر اسے زمین میں ٹھہرا دیا اور بے شک ہم اس کے لے جانے پر (بھی) قادر ہیں۔

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَنْشَاْنَا | لَكُمْ | بِهٖ | جَنّٰتٍ | مِّنْ نَّخِيْلٍ | وَّ | اَعْنَابٍ | لَكُمْ | فِيْهَا | فَوَاكِهُ |
| پھر پیدا کیے ہم نے | تمہارے لیے | اسکے ذریعے | باغ | کھجوروں کے | اور | انگوروں کے | تمہارے لیے | اس میں | پھل ہیں |

تو اس سے ہم نے تمہارے لئے باغ پیدا کئے کھجوروں اور انگوروں کے تمہارے لئے ان میں بہت سے

كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۱۹ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرَةٌ | وَّ | مِنْهَا | تَاْكُلُوْنَ | وَ | شَجَرَةً | تَخْرُجُ | مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ | تَنْۢبُتُ |
| بہت | اور | اس سے | تم کھاتے ہو | اور | ایک درخت جو | نکلتا ہے | طور سینا سے | اگتا ہے |

میوے ہیں اور تم ان میں سے کھاتے ہو۔ اور وہ درخت (زیتون) پیدا کیا کہ طور سینا میں اگتا ہے

بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۲۰ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالدُّهْنِ | وَ | صِبْغٍ | لِّلْاٰكِلِيْنَ | وَ | اِنَّ | لَكُمْ | فِى الْاَنْعَامِ | لَعِبْرَةً | نُسْقِيْكُمْ |
| تیل کے ساتھ | اور | سالن ہے | کھانے والوں کیلئے | اور | بیشک | تمہارے لیے | چوپایوں میں | عبرت ہے | پلاتے ہیں ہم تم کو |

جو تیل اور کھانے والوں کیلئے سالن لیے ہے۔ اور بے شک چوپایوں میں تمہارے لئے عبرت ہے ہم تمہیں اس میں سے جو ان کے

مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۲۱ وَعَلَيْهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّمَّا | فِىْ بُطُوْنِهَا | وَ | لَكُمْ | فِيْهَا | مَنَافِعُ | كَثِيْرَةٌ | وَّ | مِنْهَا | تَاْكُلُوْنَ | وَ | عَلَيْهَا |
| اس سے جو | انکے پیٹوں میں ہے | اور | تمہارے لیے | اس میں | فائدے ہیں | بہت | اور | اس سے | تم کھاتے ہو | اور | اس پر |

پیٹوں میں دودھ ہوتا ہے پینے کو دیتے ہیں ان میں تمہارے لئے اور بہت سے فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔ اور ان پر

وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۲۲ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ ع

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَلَى | الْفُلْكِ | تُحْمَلُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | نُوْحًا | اِلٰى | قَوْمِهٖ | فَقَالَ | يٰقَوْمِ |
| اور | اوپر | کشتیوں کے | تم سوار ہوتے ہو | اور | بیشک | بھیجا ہم نے | نوح کو | طرف | اسکی قوم کی | تو کہا | اے میری قوم |

اور کشتیوں پر سوار ہوتے ہو۔ اور بیشک ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے فرمایا

اُعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٢٣﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا

| اُعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا لَكُمْ | مِّنْ اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | اَفَلَا | تَتَّقُوْنَ | فَقَالَ | الْمَلَؤُا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عبادت کرو | اللہ کی | نہیں تمہارے لیے | کوئی معبود | اس کے سوا | کیا نہیں | تم ڈرتے | تو کہا | سرداروں نے |

اے میری قوم کے لوگو اللہ کی عبادت کرو اسکے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں تو کیا تم نہیں ڈرتے؟ تو ان کے (مخاطب) لوگوں میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ قَوْمِهٖ | مَا | هٰذَآ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُكُمْ | يُرِيْدُ | اَنْ | يَّتَفَضَّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | کافر تھے | اسکی قوم میں سے | نہیں | یہ | مگر | آدمی ہے | مثل تمہاری | چاہتا ہے | یہ کہ | بڑائی حاصل کرے |

سے کافر سرداروں نے (لوگوں سے) کہا یہ تو (کچھ بھی نہیں) صرف تم جیسے بشر ہیں تم پر برتری حاصل کرنا چاہتے ہیں

عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا

| عَلَيْكُمْ | وَ | لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَاَنْزَلَ | مَلٰٓئِكَةً | مَّا | سَمِعْنَا | بِهٰذَا | فِيْٓ | اٰبَآئِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | اور | اگر | چاہتا | اللہ | تو اتار دیتا | فرشتے | نہیں | سنا ہم نے | یہ | میں | اپنے باپ دادا |

اور اگر اللہ (کسی کو بھیجنا) چاہتا تو فرشتوں کو اُتار دیتا ہم نے تو یہ بات اپنے پہلے آباؤ اجداد میں

الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٢٥﴾

| الْاَوَّلِيْنَ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | رَجُلٌ | بِهٖ | جِنَّةٌ | فَتَرَبَّصُوْا | بِهٖ | حَتّٰى | حِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلوں کے | نہیں | وہ | مگر | ایک مرد ہے | کہ اسکو | جنون ہے | تو انتظار کرو | اسکے متعلق | ایک | وقت تک |

(کسی سے) نہیں سنی۔ یہ تو ایک شخص ہے جس کو جنون ہو گیا ہے۔ پھر اُس کے لیے کچھ وقت انتظار کرو۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿٢٦﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

| قَالَ | رَبِّ | انْصُرْنِيْ | بِمَا | كَذَّبُوْنِ | فَاَوْحَيْنَآ | اِلَيْهِ | اَنِ | اصْنَعِ | الْفُلْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عرض کی | اے میرے رب | مدد کر میری | بدلہ اس کا جو | مجھے انہوں نے جھٹلایا | تو وحی کی ہم نے | اسکی طرف | یہ کہ | بنا | ایک کشتی |

نوح علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! میری مدد فرما اس پر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا۔ سو ہم نے ان کی طرف وحی کی کہ ہماری

بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَعْيُنِنَا | وَ | وَحْيِنَا | فَاِذَا | جَآءَ | اَمْرُنَا | وَفَارَ | التَّنُّوْرُ | فَاسْلُكْ | فِيْهَا | مِنْ كُلٍّ |
| ہماری نظروں کے سامنے | اور | ہماری وحی کے مطابق | تو جب | آیا | ہمارا حکم | اور جوش مارا | تنور نے | تو سوار کر | اس میں | ہر چیز کے |

آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بناؤ پھر جب ہمارا حکم پہنچے اور تنور اُبل پڑے تو اس میں ہر چیز کا

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَوْجَيْنِ | اثْنَيْنِ | وَ | اَهْلَكَ | اِلَّا | مَنْ | سَبَقَ | عَلَيْهِ | الْقَوْلُ | مِنْهُمْ |
| جوڑے | دو دو | اور | اپنے گھر والوں کو بھی | مگر | جس پر | پہلے گزری | اس پر | بات | ان میں سے |

جوڑا اور اپنے گھر والوں کو سوار کر لیں سوائے ان کے جس کی بات طے پا چکی ہے

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۲۷ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تُخَاطِبْنِيْ | فِي الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | اِنَّهُمْ | مُّغْرَقُوْنَ | فَاِذَا | اسْتَوَيْتَ | اَنْتَ |
| اور | نہ | بات کر مجھ سے | ان لوگوں کے بارے میں جو | ظالم ہیں | بیشک وہ | غرق کیے جائیں گے | پھر جب | برابر ہو جائے | تو |

اور ظالموں کے متعلق مجھ سے بات نہ کرنا انہیں غرق ہونا ہی ہے۔ پھر جب تم اور تمہارے

وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | مَّعَكَ | عَلَى | الْفُلْكِ | فَقُلِ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | نَجّٰىنَا | مِنَ الْقَوْمِ |
| اور | جو | تیرے ساتھ ہیں | اوپر | کشتی کے | تو کہہ | سب تعریف | اللہ کیلئے ہے | وہ جس نے | نجات دی ہم کو | قوم |

ساتھی کشتی میں بیٹھ جائیں تو کہنا تعریف اللہ کی ہے جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے

الظّٰلِمِيْنَ ۲۸ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۲۹

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيْنَ | وَ | قُلْ | رَّبِّ | اَنْزِلْنِيْ | مُنْزَلًا | مُّبٰرَكًا | وَ | اَنْتَ | خَيْرُ | الْمُنْزِلِيْنَ |
| ظالم سے | اور | عرض کرو | اے میرے رب | مجھے اتار | اتارنا | برکت والا | اور | تو ہے | بہتر | اتارنے والا |

نجات دی۔ اور عرض کرنا (کہ) اے میرے رب! مجھے برکت والی جگہ اُتار اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

| اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | وَّ | اِنْ | كُنَّا | لَمُبْتَلِيْنَ | ثُمَّ | اَنْشَاْنَا | مِنْۢ بَعْدِهِمْ | قَرْنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | میں | اس کے | نشانیاں ہیں | اور | بیشک | ہم ہیں | ضرور آزمانیوالے ہیں | پھر | پیدا کیے ہم نے | ان کے بعد | زمانے |

(بے شک) اس (قصہ) میں (ہماری معرفت کی) نشانیاں ہیں اور یقیناً ہم (اپنے بندوں کو) ضرور آزمانے والے ہیں۔ پھر ان کے بعد ہم نے

اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

| اٰخَرِيْنَ | فَاَرْسَلْنَا | فِيْهِمْ | رَسُوْلًا | مِّنْهُمْ | اَنِ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تو بھیجے ہم نے | ان میں | رسول | ان میں سے | یہ کہ | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لیے |

دوسری قوم کو پیدا کیا۔ تو ان میں ایک رسول انہیں میں سے بھیجا کہ اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا

ع ۲
مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| مِّنْ اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | اَفَلَا | تَتَّقُوْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلَاُ | مِنْ قَوْمِهِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی معبود | سوا اس کے | کیا نہیں | تم ڈرتے | اور | کہا | سرداروں نے | اس کی قوم سے | وہ جو | کافر ہوئے |

کوئی اللہ نہیں تو کیا تمہیں ڈر نہیں۔ مگر اس کی قوم کے سرداروں نے جنہوں نے انکار کیا اور

وَكَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ

| وَ | كَذَّبُوْا | بِلِقَاۗءِ | الْاٰخِرَةِ | وَ | اَتْرَفْنٰهُمْ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | مَا | هٰذَآ | اِلَّا | بَشَرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جھٹلایا | ملاقات کو | آخرت کی | اور | چین دیا ہم نے انکو | میں | زندگی | دنیا کی | نہیں | یہ | مگر | آدمی ہے |

آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اور جنہیں ہم نے دُنیاوی زندگی میں آسودگی دی تھی کہا یہ محض تمہاری ہی طرح کا بشر ہے

مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ ۙ وَلَئِنْ

| مِّثْلُكُمْ | يَاْكُلُ | مِمَّا | تَاْكُلُوْنَ | مِنْهُ | وَ | يَشْرَبُ | مِمَّا | تَشْرَبُوْنَ | وَ | لَئِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے جیسا | کھاتا ہے | اس سے | جو تم کھاتے ہو | اس سے | اور | پیتا ہے | اس سے جو | تم پیتے ہو | اور | اگر |

جو وہی کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔ اور اگر تم نے اپنی ہی

اَطَعۡتُمۡ بَشَرًا مِّثۡلَكُمۡ اِنَّكُمۡ اِذًا لَّخٰسِرُوۡنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمۡ اَنَّكُمۡ اِذَا مِتُّمۡ

| اَطَعۡتُمۡ | بَشَرًا | مِّثۡلَكُمۡ | اِنَّكُمۡ | اِذًا | لَّخٰسِرُوۡنَ | اَيَعِدُكُمۡ | اَنَّكُمۡ | اِذَا | مِّتُّمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا مانا تم نے | ایک آدمی | اپنے جیسے کا | تو یقیناً تم | اس وقت | گھاٹا اٹھانے والے ہو | وعدہ دیتا ہے تم کو | کہ تم | جب | مر جاؤ گے |

طرح کے بشر کی بات مانی تو تم ضرور نقصان اٹھاؤ گے۔ کیا یہ تمہیں وعدہ دیتے ہیں کہ جب تم مر جاؤ گے

وَكُنۡتُمۡ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمۡ مُّخۡرَجُوۡنَ ﴿۳۵﴾ هَيۡهَاتَ هَيۡهَاتَ لِمَا

| وَ | كُنۡتُمۡ | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | اَنَّكُمۡ | مُّخۡرَجُوۡنَ | هَيۡهَاتَ | هَيۡهَاتَ | لِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہو جاؤ گے | مٹی | اور | ہڈیاں | بیشک تم | نکالے جاؤ گے | کتنی دور ہے | کتنی دور ہے | جو |

اور مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے (اس کے بعد) تم نکالے جاؤ گے۔ بہت دور ہے بہت دور ہے جو تم سے

تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۶﴾ اِنۡ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا وَمَا نَحۡنُ

| تُوۡعَدُوۡنَ | اِنۡ | هِىَ | اِلَّا | حَيَاتُنَا | الدُّنۡيَا | نَمُوۡتُ | وَ | نَحۡيَا | وَمَا | نَحۡنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ دیے جاتے ہو | نہیں | وہ | مگر | ہماری زندگی | دنیا کی | ہم مرتے ہیں | اور | جیتے ہیں | اور نہیں | ہم |

وعدہ کیا جاتا ہے۔ زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے۔ ہم مرتے اور جیتے ہیں اور ہم دوبارہ نہیں

بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ ﴿۳۷﴾ اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨافۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحۡنُ لَهٗ

| بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ | اِنۡ | هُوَ | اِلَّا | رَجُلُ | افۡتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | وَّ | مَا | نَحۡنُ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھائے جائیں گے | نہیں | وہ | مگر | ایک مرد ہے کہ | باندھا اس نے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور | نہیں | ہم | اس پر |

اٹھائے جائیں گے۔ یہ تو شخص ایسا شخص جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور ہم (اس کی) بات

بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِىۡ بِمَا كَذَّبُوۡنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيۡلٍ

| بِمُؤۡمِنِيۡنَ | قَالَ | رَبِّ | انۡصُرۡنِىۡ | بِمَا | كَذَّبُوۡنِ | قَالَ | عَمَّا | قَلِيۡلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لانے والے | کہا | اے میرے رب | مدد کر میری | جو | انہوں نے مجھے جھٹلایا | فرمایا | تھوڑی | مدت کے بعد |

ماننے والے نہیں ہیں۔ پیغمبر نے عرض کی: میرے رب! میری مدد کر کیونکہ انہوں نے مجھے جھٹلا دیا ہے۔ فرمایا: تھوڑا سا وقت

لَيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ ج فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ

| لَيُصْبِحُنَّ | نٰدِمِيْنَ | فَاَخَذَتْهُمُ | الصَّيْحَةُ | بِالْحَقِّ | فَجَعَلْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہو جائینگے | افسوس کرنے والے | تو پکڑا ان کو | چنگھاڑ نے | حق کے ساتھ | تو کردیا ہم نے انکو |

ہے اور وہ ضرور پچھتا کے رہ جائیں گے۔ پس انہیں ہمارے سچے وعدہ کے مطابق خوفناک آواز نے پکڑ لیا تو ہم نے

غُثَآءً ج فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

| غُثَآءً | فَبُعْدًا | لِّلْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | ثُمَّ | اَنْشَاْنَا | مِنْ بَعْدِهِمْ | قُرُوْنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوڑا | تو دوری ہے | قوم | ظالم کو | پھر | پیدا کیے ہم نے | ان کے پیچھے | زمانے |

انہیں خس و خاشاک بنا دیا تو ظالم لوگ دور ہو جائیں۔ پھر ان کے بعد ہم نے اور کئی جماعتیں

اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾ ط مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾ ط ثُمَّ

| اٰخَرِيْنَ | مَا | تَسْبِقُ | مِنْ اُمَّةٍ | اَجَلَهَا | وَ | مَا | يَسْتَاْخِرُوْنَ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوسرے | نہیں | آگے بڑھتی | کوئی امت | اپنی مدت سے | اور | نہیں | پیچھے رہتے | پھر |

پیدا کیں۔ کوئی اُمت اپنی میعاد سے نہ پہلے جائے نہ پیچھے رہے۔ پھر ہم نے

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ط كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

| اَرْسَلْنَا | رُسُلَنَا | تَتْرَا | كُلَّمَا | جَآءَ | اُمَّةً | رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ | فَاَتْبَعْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجے ہم نے | اپنے رسول | پے درپے | جب بھی | آیا | کسی امت کے پاس | اس کا رسول تو جھٹلایا اسکو | تو پیچھے لگائے ہم نے |

اپنے رسول بھیجے ایک کے پیچھے دوسرا جب کسی اُمت کے پاس رسول آیا لوگوں نے اسے جھٹلایا تو ہم بھی ان میں سے بعض کو بعض

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ج فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ

| بَعْضَهُمْ | بَعْضًا | وَّجَعَلْنٰهُمْ | اَحَادِيْثَ | فَبُعْدًا | لِّقَوْمٍ | لَّا | يُؤْمِنُوْنَ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے بعض | بعض کے | کر ڈالا ہم نے ان کو | داستانیں | تو دوری ہے | اس قوم کو جو | نہیں | ایمان لاتے | پھر |

کے پیچھے ہلاک در ہلاک کرتے چلے گئے اور انہیں داستانیں بنا ڈالا تو پھر دوری ہے اُس قوم کے لیے جو کہ ایمان نہیں لاتے۔ پھر

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٥﴾ لا اِلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرْسَلْنَا | مُوْسٰى | وَ | اَخَاهُ | هٰرُوْنَ | بِاٰيٰتِنَا | وَ | سُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ | اِلٰى |
| بھیجا ہم نے | موسیٰ | اور | اسکے بھائی | ہارون کو | اپنی آیتوں | اور | سند | روشن کے ساتھ | طرف |

ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور اس کے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنی نشانیوں اور کھلی دلیل کے ساتھ بھیجا۔ فرعون اور اس

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿٤٦﴾ ج فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِرْعَوْنَ | وَ | مَلَا۟ئِهٖ | فَاسْتَكْبَرُوْا | وَ | كَانُوْا | قَوْمًا | عَالِيْنَ | فَقَالُوْٓا | اَنُؤْمِنُ |
| فرعون کے | اور | اسکے سرداروں کے | تو تکبر کیا انہوں نے | اور | تھے وہ | قوم | غلبہ کرنے والی | تو بولے | کیا ایمان لائیں ہم |

کے سرداروں کی طرف مگر انہوں نے تکبر کیا کہ وہ بڑے سرکش لوگ تھے۔ تو کہنے لگے کیا ہم اپنے جیسے دو بشروں

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿٤٧﴾ ج فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِبَشَرَيْنِ | مِثْلِنَا | وَقَوْمُهُمَا | لَنَا | عٰبِدُوْنَ | فَكَذَّبُوْهُمَا | فَكَانُوْا |
| دو آدمیوں کیلئے | اپنے جیسوں پر | اور ان کی قوم | ہماری | غلامی کرنے والے ہیں | تو جھٹلایا انہوں انکو | تو ہو گئے |

پر ایمان لائیں حالانکہ ان کے لوگ ہماری بندگی کرتے ہیں۔ پس انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا تو فرعون اور آل فرعون ہلاک

مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿٤٨﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٤٩﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | لَعَلَّهُمْ | يَهْتَدُوْنَ |
| ہلاک ہونے والوں سے | اور | بیشک | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | تا کہ | وہ راہ پائیں |

کئے ہوئے لوگوں میں سے ہو گئے۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی تا کہ بنی اسرائیل کے لوگ سیدھے راستے پر چلیں۔

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿٥٠﴾ ع ع ١٨

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنَا | ابْنَ مَرْيَمَ | وَ | اُمَّهٗٓ | اٰيَةً | وَّاٰوَيْنٰهُمَآ | اِلٰى | رَبْوَةٍ | ذَاتِ قَرَارٍ | وَّ | مَعِيْنٍ |
| اور | کیا ہم نے | مریم کے بیٹے کو | اور | اسکی ماں کو | نشانی | اور جگہ دی ہم نے انکو | طرف | ٹیلے کی | جو ٹھہرنے کی جگہ تھی | اور | چشموں والی |

اور ہم نے مریم اور اس کے بیٹے کو نشانی بنا دیا اور انہیں ٹھکانا دیا ایک بلند زمین جو سکون کی جگہ اور نگاہ کے سامنے بہتا پانی۔

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّيْ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | الرُّسُلُ | كُلُوْا | مِنَ الطَّيِّبٰتِ | وَ | اعْمَلُوْا | صَالِحًا | اِنِّيْ | بِمَا |
| اے | رسولو! | کھاؤ | پاکیزہ چیزیں | اور | عمل کرو | نیک | بیشک میں | اسے جو |

اے پیغمبرو! حلال چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو تم جو کچھ کر رہے ہو اس سے میں

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | عَلِيْمٌ | وَ | اِنَّ | هٰذِهٖٓ | اُمَّتُكُمْ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً | وَّاَنَا | رَبُّكُمْ |
| کرتے ہو تم | خبردار ہوں | اور | بیشک | یہ | تمہاری امت | امت ہے | ایک | اور میں | تمہارا رب ہوں |

بخوبی واقف ہوں۔ اور تمہاری یہ اُمت ایک ہی اُمت ہے اور میں تمہارا رب ہوں پس

فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاتَّقُوْنِ | فَتَقَطَّعُوْٓا | اَمْرَهُمْ | بَيْنَهُمْ | زُبُرًا | كُلُّ | حِزْبٍۢ | بِمَا | لَدَيْهِمْ |
| تو مجھ سے ڈرو | تو ٹکڑے کر ڈالا انہوں نے | اپنے کام کے | آپس میں | الگ الگ | ہر | گروہ | جو | اسکے پاس ہے |

مجھ سے ڈرتے رہو۔ تو لوگوں نے اپنے امرِ دین کو آپس میں کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہر گروہ کے لوگ جو کچھ ان کے پاس

فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرِحُوْنَ | فَذَرْهُمْ | فِيْ | غَمْرَتِهِمْ | حَتّٰى | حِيْنٍ | اَيَحْسَبُوْنَ | اَنَّمَا |
| خوش ہے | تو چھوڑ دو ان کو | میں | ان کی مستی | ایک | وقت تک | کیا خیال کرتے ہیں | بیشک |

ہے وہ اس پر مطمئن ہیں۔ تو (اے محبوب ﷺ!) ان (کے کفر) کی غفلت میں آپ انہیں چھوڑ دیں ایک (معین) وقت تک۔ کیا وہ سمجھتے ہیں

نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُمِدُّهُمْ | بِهٖ | مِنْ مَّالٍ | وَّ | بَنِيْنَ | نُسَارِعُ | لَهُمْ | فِي | الْخَيْرٰتِ | بَلْ |
| ہم مدد دیتے ہیں انکو | اسکے ساتھ | مال | اور | بیٹوں سے | جلدی کرتے ہیں ہم | انکے لیے | میں | بھلائیوں | بلکہ |

کہ یقیناً ہم اُنہیں مال اور بیٹوں سے مدد دے رہے ہیں؟ ہم اُنہیں بھلائیاں دینے میں سرگرمِ عمل ہیں۔ بلکہ

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَشْعُرُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | هُمْ | مِّنْ خَشْيَةِ | رَبِّهِمْ | مُّشْفِقُوْنَ |
| نہیں | سمجھتے | بیشک | وہ لوگ | کہ وہ | ڈرے | اپنے رب کے | سہمے رہتے ہیں |

وہ شعور نہیں رکھتے۔ البتہ وہ لوگ جو اپنے رب کے ڈر سے سہمے رہتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِاٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِرَبِّهِمْ |
| اور | وہ لوگ جو کہ | وہ | آیتوں پر | اپنے رب کی | ایمان لاتے ہیں | اور | وہ جو کہ | وہ | اپنے رب کے ساتھ |

اور جو اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو اپنے رب کے ساتھ (کسی کو)

لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يُشْرِكُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْتُوْنَ | مَآ | اٰتَوْا | وَّ | قُلُوْبُهُمْ | وَجِلَةٌ | اَنَّهُمْ | اِلٰى | رَبِّهِمْ |
| شریک نہیں کرتے | اور | وہ جو کہ | دیتے ہیں | جو | دیتے ہیں | اور | ان کے دل | ڈرتے ہیں | بیشک وہ | طرف | اپنے رب کی |

شریک نہیں ٹھہراتے۔ اور وہ جو کچھ دیتے ہیں اس حال میں دیتے ہیں کہ ان کے دل لرزتے جاتے ہیں اس لئے کہ وہ اپنے رب

رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رٰجِعُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | يُسٰرِعُوْنَ | فِى الْخَيْرٰتِ | وَ | هُمْ | لَهَا | سٰبِقُوْنَ |
| لوٹنے والے ہیں | یہ لوگ | دوڑتے ہیں | نیکیوں میں | اور | وہ | اسکے لیے | آگے بڑھنے والے ہیں |

کی طرف پلٹنے والے ہیں۔ یہ لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور یہی کہ سب سے پہلے انہیں پہنچے۔

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | نُكَلِّفُ | نَفْسًا | اِلَّا | وُسْعَهَا | وَلَدَيْنَا | كِتٰبٌ | يَّنْطِقُ | بِالْحَقِّ | وَ | هُمْ |
| اور نہیں | تکلیف دیتے ہم | کسی جان کو | مگر | اسکی طاقت بھر | اور ہمارے پاس | کتاب ہے | جو بولتی ہے | حق کے ساتھ | اور | وہ |

اور ہم کسی نفس کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے جو حق کے

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ

| لَا | يُظْلَمُوْنَ | بَلْ | قُلُوْبُهُمْ | فِيْ غَمْرَةٍ | مِّنْ هٰذَا | وَ | لَهُمْ | اَعْمَالٌ | مِّنْ دُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ظلم کیے جائینگے | بلکہ | ان کے دل | غفلت میں ہیں | اس سے | اور | انکے لیے | کام ہیں | سوا |

ساتھ بتادے گی۔ اور لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ ان کے دل اس بارے میں غفلت میں ہیں اور ان کے پاس اس

ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا

| ذٰلِكَ | هُمْ | لَهَا | عٰمِلُوْنَ | حَتّٰٓى | اِذَآ | اَخَذْنَا | مُتْرَفِيْهِمْ | بِالْعَذَابِ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے | وہ | ان کو | کرنے والے ہیں | یہاں تک کہ | جب | پکڑا ہم نے | ان کے امیروں کو | عذاب میں | تو جبھی |

کے علاوہ بھی کام ہیں جن میں وہ لگے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم ان کے آسودہ حال لوگوں کو عذاب میں پکڑیں گے تو

هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۫ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ

| هُمْ | يَجْـَٔرُوْنَ | لَا تَجْـَٔرُوا | الْيَوْمَ | اِنَّكُمْ | مِّنَّا | لَا | تُنْصَرُوْنَ | قَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | تو وہ فریاد کرنے لگے | فریاد مت کرو | آج کے دن | بیشک تم | ہم سے | نہ | مدد کیے جاؤ گے | بیشک |

وہ فریاد کرنے لگیں گے۔ (ان سے کہا جائے گا) آج فریاد نہ کرو یقیناً ہماری طرف سے تمہاری (کوئی) مدد نہ کی جائے گی۔ بے شک

كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾

| كَانَتْ | اٰيٰتِيْ | تُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | فَكُنْتُمْ | عَلٰٓى | اَعْقَابِكُمْ | تَنْكِصُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھیں | میری آیتیں | پڑھی جاتیں | تم پر | تو تھے تم | اوپر | اپنی ایڑیوں کے | پھر جاتے |

میری آیتیں تم پر پڑھی جاتی تھیں تو تم اپنی ایڑیوں کے بل اُلٹے (پاؤں) بھاگ جاتے تھے۔

مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ

| مُسْتَكْبِرِيْنَ | بِهٖ | سٰمِرًا | تَهْجُرُوْنَ | اَفَلَمْ | يَدَّبَّرُوا | الْقَوْلَ | اَمْ | جَآءَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تکبر کرتے ہوئے | اسکے ساتھ | رات کو | بیہودہ کہانیاں بکتے | کیا نہ | غور کیا انہوں نے | بات پر | یا | آیا انکے پاس |

تکبر کرنے والے بن کر اور اس پر باتیں بناتے ہوئے تم اسے چھوڑ دیتے تھے۔ کیا اُن لوگوں نے اس کلام پر

مَا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ

| مَا | لَمْ | يَاْتِ | اٰبَآءَهُمُ | الْاَوَّلِيْنَ | اَمْ | لَمْ | يَعْرِفُوْا | رَسُوْلَهُمْ | فَهُمْ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | نہ | آیا | انکے باپ دادا | پہلوں پر | یا | نہ | پہچانا انہوں نے | اپنے رسول کو | تو وہ | اس کے |

غور نہیں کیا؟ کیا ان کے پاس وہ آیا جو انکے باپ دادا کے پاس آیا کیا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا اس لئے

مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ

| مُنْكِرُوْنَ | اَمْ | يَقُوْلُوْنَ | بِهٖ | جِنَّةٌ | بَلْ | جَآءَهُمْ | بِالْحَقِّ | وَ | اَكْثَرُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منکر ہیں | کیا | کہتے ہیں کہ | اس کو | دیوانگی ہے | بلکہ | آیا ان کے پاس | حق | اور | اکثر انکے |

اس کا انکار کر رہے ہیں؟ کیا وہ کہتے ہیں کہ اسے جنون ہے؟ نہیں وہ ان کے پاس حق لے کر تشریف لائے ہیں

لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ

| لِلْحَقِّ | كٰرِهُوْنَ | وَ | لَوِ اتَّبَعَ | الْحَقُّ | اَهْوَآءَهُمْ | لَفَسَدَتِ | السَّمٰوٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق کو | ناپسند کرتے ہیں | اور | اگر پیروی کرے | حق | ان کی خواہشوں کی | تو بگڑ جائیں | آسمان |

اور ان میں سے اکثر حق کو ناپسند کرتے ہیں۔ اور اگر حق ان کی خواہشوں کی پیروی کرتا تو یقیناً سب آسمان

وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ

| وَالْاَرْضُ | وَ | مَنْ | فِيْهِنَّ | بَلْ | اَتَيْنٰهُمْ | بِذِكْرِهِمْ | فَهُمْ | عَنْ ذِكْرِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور زمین | اور | جو | ان میں ہے | بلکہ | لائے ہم انکے پاس | ناموری ان کی | تو وہ | ناموری اپنی سے |

اور زمینیں اور جو (بھی) ان میں ہیں ہلاک ہو جاتے بلکہ ہم تو ان کے پاس ان کیلئے نصیحت لائے تو وہ نصیحت

مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧١﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖۗ وَّهُوَ خَيْرُ

| مُّعْرِضُوْنَ | اَمْ | تَسْـَٔلُهُمْ | خَرْجًا | فَخَرَاجُ | رَبِّكَ | خَيْرٌ | وَّ | هُوَ | خَيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منہ پھیرتے ہیں | کیا | مانگتے ہو ان سے | اجرت | تو اجر | آپ کے رب کا | بہتر ہے | اور | وہ | بہتر ہے |

ہی سے منہ پھیرلیتے ہیں۔ کیا آپ ان سے کچھ اجر مانگتے ہیں؟ تو آپ کے رب کا اجر سب سے اچھا ہے اور وہ سب سے بہتر

ربع

الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَ اِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرّٰزِقِيْنَ | وَ | اِنَّكَ | لَتَدْعُوْهُمْ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | وَ | اِنَّ |
| رزق دینے والا | اور | بیشک تم | بلاتے ہو ان کو یقیناً | طرف | راہ | سیدھی کے | اور | بیشک |

روزی دینے والا ہے۔ اور بے شک آپ سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہو۔ اور بے شک

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | عَنِ الصِّرَاطِ | لَنٰكِبُوْنَ | وَ | لَوْ | رَحِمْنٰهُمْ |
| وہ لوگ جو | ایمان نہیں لاتے | قیامت پر | وہ راہ سے | پھر جاتے ہیں | اور | اگر | ہم رحم ان پر |

جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے ضرور سیدھی راہ سے دور ہٹنے والے ہیں۔ اور اگر ہم ان پر رحم کرتے

وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَشَفْنَا | مَا | بِهِمْ | مِّنْ ضُرٍّ | لَّلَجُّوْا | فِيْ | طُغْيَانِهِمْ | يَعْمَهُوْنَ | وَ | لَقَدْ |
| اور | دور کریں ہم | جو | ان کو | تکلیف ہے | تو داخل ہو جائیں | میں | اپنی سرکشی | حیران پھرتے ہیں | اور | بیشک |

اور جو تکلیف انہیں ہے وہ دور کر دیتے تو بھی وہ سرگرداں اپنی سرکشی پر اڑے رہتے۔ اور ہم نے انہیں عذاب میں

اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخَذْنٰهُمْ | بِالْعَذَابِ | فَمَا | اسْتَكَانُوْا | لِرَبِّهِمْ | وَ | مَا | يَتَضَرَّعُوْنَ | حَتّٰى |
| ہم نے پکڑا ان کو | عذاب میں | تو نہ | جھکے وہ سامنے | اپنے رب کے | اور | نہ | زاری کی | یہاں تک کہ |

پکڑا بھی تھا پھر بھی وہ اپنے رب کے آگے نہیں جھکے اور نہ یہ عاجزی اختیار کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ

ع ۴ ۲ ۴

اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ ع وَهُوَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | فَتَحْنَا | عَلَيْهِمْ | بَابًا | ذَا عَذَابٍ | شَدِيْدٍ | اِذَا | هُمْ | فِيْهِ | مُبْلِسُوْنَ | وَ | هُوَ |
| جب | ہم نے کھولا | ان پر | دروازہ | عذاب | سخت کا | جبھی | وہ | اس میں | ناامید تھے | اور | وہ |

جب ہم ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے تو اس وقت وہ ناامید ہو کر رہ جائیں گے۔ اور وہی ہے

الَّذِیْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

| الَّذِیْٓ | اَنْشَاَ | لَكُمُ | السَّمْعَ | وَ | الْاَبْصَارَ | وَ | الْاَفْـِٕدَةَ | قَلِیْلًا | مَّا | تَشْكُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہے جس نے | پیدا کیے | تمہارے لیے | کان | اور | آنکھیں | اور | دل | تھوڑا ہے | جو | شکر کرتے ہو تم |

جس نے بنائے تمہارے لئے کان آنکھیں اور دل (مگر) تم لوگ بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو۔

وَهُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ

| وَ | هُوَ | الَّذِیْ | ذَرَاَكُمْ | فِی الْاَرْضِ | وَ | اِلَیْهِ | تُحْشَرُوْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِیْ | یُحْیٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | وہ ہے جس نے | پھیلایا تم کو | زمین میں | اور | اسکی طرف | تم اکٹھے کیے جاؤ گے | اور | وہ | وہ ہے جو | زندہ کرتا |

اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندگی بخشتا ہے

وَیُمِیْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ

| وَ | یُمِیْتُ | وَ | لَهُ | اخْتِلَافُ | الَّیْلِ | وَالنَّهَارِ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | بَلْ | قَالُوْا | مِثْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مارتا ہے | اور | اسی کیلئے ہے | تبدیلی | رات | اور دن کی | کیا پھر نہیں | سوچتے تم | بلکہ | کہنے لگے | مثل |

اور موت دیتا ہے۔ اور اُسی کے اختیار میں ہے رات اور دن کا بدلنا۔ کیا پھر تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ بلکہ انہوں نے ویسی ہی

مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

| مَا | قَالَ | الْاَوَّلُوْنَ | قَالُوْٓا | ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | ءَاِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکی جو | کہا | پہلوں نے | کہنے لگے | کیا جب | ہم مر جائیں گے | اور | ہو جائینگے | مٹی | اور | ہڈیاں | کیا ہم |

بات کہہ دی جیسی پہلے لوگوں نے کہی تھی۔ انہوں نے کہا کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ

| لَمَبْعُوْثُوْنَ | لَقَدْ | وُعِدْنَا | نَحْنُ | وَاٰبَآؤُنَا | هٰذَا | مِنْ قَبْلُ | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھائے جائینگے | بیشک | وعدہ دیے گئے ہیں | ہم | اور ہمارے باپ دادا | اس کا | پہلے سے | نہیں | یہ | مگر |

دوبارہ اٹھائے جائینگے؟ یہ وعدہ اس سے پہلے ہم سے بھی کیا گیا اور ہمارے باپ دادا سے بھی۔ یہ محض

أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝٨٣ قُلْ لِمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ فِيهَا إِنْ كُنْتُمْ

| اَسَاطِيرُ | الْاَوَّلِيْنَ | قُلْ | لِمَنِ | الْاَرْضُ | وَ | مَنْ | فِيْهَا | اِنْ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داستانیں ہیں | پہلوں کی | فرمادو | کس کی ہے | زمین | اور | جو | اس میں ہے | اگر | ہوتم |

پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ (اے محبوب ﷺ) آپ فرمادیجئے کس کی ملک ہے زمین اور جو کچھ اس میں ہے (بتاؤ)

تَعْلَمُونَ ۝٨٤ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝٨٥ قُلْ مَنْ رَبُّ

| تَعْلَمُوْنَ | سَيَقُوْلُوْنَ | لِلّٰهِ | قُلْ | اَفَلَا | تَذَكَّرُوْنَ | قُلْ | مَنْ | رَبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتے | جلدی کہیں گے | اللہ کی | فرمادو | کیا پھر نہیں | نصیحت پکڑتے | فرمادو | کون ہے | رب |

اگر تم جانتے ہو۔ اب کہیں گے کہ اللہ کی (ملک) ہے آپ فرمادیجئے پھر کیوں نہیں سوچتے۔ فرمادیجئے کون ہے

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝٨٦ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ أَفَلَا

| السَّمٰوٰتِ | السَّبْعِ | وَ | رَبُّ | الْعَرْشِ | الْعَظِيْمِ | سَيَقُوْلُوْنَ | لِلّٰهِ | قُلْ | اَفَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کا | ساتوں | اور | رب | عرش | بڑے کا | ضرور کہیں گے | اللہ | فرمادو | کیا پھر نہیں |

مالک ساتوں آسمان کا اور مالک عرش عظیم کا۔ وہ کہیں گے اللہ مالک ہے ان کا فرما دیجئے تو کیا پھر بھی

تَتَّقُونَ ۝٨٧ قُلْ مَنْ بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ

| تَتَّقُوْنَ | قُلْ | مَنْ | بِيَدِهٖ | مَلَكُوْتُ | كُلِّ شَيْءٍ | وَّهُوَ | يُجِيْرُ | وَلَا | يُجَارُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتے ہوتم (اللہ سے) | فرمادو | کون ہے جسکے | ہاتھ میں ہے | قابو | ہر چیز کا | اور وہ | پناہ دیتا ہے | اور نہیں | پناہ دی جاتی |

تم ڈرتے نہیں ہو؟ فرمادیجئے کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر شے کا اختیار ہے اور جو حفاظت کرتا ہے مگر اس کے مقابلے میں

عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝٨٨ سَيَقُولُونَ لِلَّهِ ۚ قُلْ فَأَنَّىٰ تُسْحَرُونَ ۝٨٩

| عَلَيْهِ | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | سَيَقُوْلُوْنَ | لِلّٰهِ | قُلْ | فَاَنّٰى | تُسْحَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے خلاف | اگر | ہوتم | جانتے | ضرور کہیں گے | اللہ کی | فرمادو | پھر کہاں | جادو کیے جاتے ہو |

حفاظت نہیں کی جاسکتی اگر تم جانتے ہو؟ عنقریب وہ کہیں گے (یہ سب کچھ) اللہ ہی کیلئے ہے فرمائیے پھر تم کدھر سے جادو زدہ ہو جاتے ہو۔

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | اَتَيْنٰهُمْ | بِالْحَقِّ | وَاِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ | مَا اتَّخَذَ | اللّٰهُ | مِنْ وَّلَدٍ | وَّمَا | كَانَ |
| بلکہ | لائے ہم انکے پاس | حق | اور بیشک وہ | جھوٹے ہیں | نہیں بنائی | اللہ نے | کوئی اولاد | اور نہیں | ہے |

بلکہ ہم ان کے پاس حق لائے ہیں اور وہ یقیناً ضرور جھوٹے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور نہ اس کے ساتھ کوئی

مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَهٗ | مِنْ اِلٰهٍ | اِذًا | لَّذَهَبَ | كُلُّ | اِلٰهٍ | بِمَا | خَلَقَ | وَ | لَعَلَا | بَعْضُهُمْ | عَلٰى |
| ساتھ اسکے | کوئی خ | تو اس وقت | لے جاتا | ہر | خدا | جو | اس نے پیدا کیا | اور | ضرور چڑھائی کرتا | بعض ان کا | اوپر |

دوسرا معبود ہے ایسا ہوتا تو ہر خدا اپنی مخلوق لے جاتا اور ضرور ایک دوسرے پر اپنی برتری چاہتا

بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ لا عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضٍ | سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | عَمَّا | يَصِفُوْنَ | عٰلِمِ | الْغَيْبِ | وَ | الشَّهَادَةِ |
| بعض کے | پاک ہے | اللہ | اس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | جاننے والا ہے | غیب | اور | حاضر کا |

پاک ہے اللہ تعالیٰ اس سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ وہ غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے۔ پھر وہ بہت بلند ہے

فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ ع قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ لا رَبِّ فَلَا ربع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَعٰلٰى | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ | قُلْ | رَّبِّ | اِمَّا | تُرِيَنِّيْ | مَا | يُوْعَدُوْنَ | رَبِّ | فَلَا |
| بلند ہے | اس سے جو | وہ شرک کرتے ہیں | عرض کرو | اے میرے رب | اگر | دکھائے تو مجھے | جو وہ | وعدہ دیے جاتے ہیں | تو اے میرے رب | نہ |

اس سے جس کو وہ شریک بناتے ہیں۔ اے محبوب ﷺ فرما دیجیے! اگر تو مجھے وہ عذاب دکھا دے جس کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے۔ تو

تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجْعَلْنِيْ | فِي | الْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | اِنَّا | عَلٰٓى | اَنْ | نُّرِيَكَ | مَا | نَعِدُهُمْ |
| کر مجھ کو | میں | قوم | ظالموں | اور | بیشک ہم | اوپر | اسکے کہ | دکھائیں تجھ کو | جو | وعدہ دیتے ہیں ہم انکو |

میرے رب! مجھے ظالم لوگوں میں شامل نہ فرمانا۔ اور یقیناً ہم آپ کو وہ چیز دکھانے پر قادر ہیں جس کا ہم ان سے وعدہ

لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقٰدِرُوْنَ | اِدْفَعْ | بِالَّتِیْ | هِیَ | اَحْسَنُ | السَّیِّئَةَ | نَحْنُ | اَعْلَمُ | بِمَا |
| البتہ قادر ہیں | روک | ایسی چیز سے کہ | وہ | اچھی ہو | برائی کو | ہم | خوب جانتے ہیں | جو |

فرما رہے ہیں۔ (اے محبوب ﷺ) برائی کو ایسے طریقے سے دور کیجئے جو بہتر ہو ہم خوب جانتے ہیں جو یہ (آپ پر)

یَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾ لا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یَصِفُوْنَ | وَ | قُلْ | رَّبِّ | اَعُوْذُبِكَ | مِنْ هَمَزٰتِ | الشَّیٰطِیْنِ |
| وہ بیان کرتے ہیں | اور | عرض کرو | اے میرے رب | میں پناہ لیتا ہوں تیری | وسوسوں سے | شیطانوں کے |

باتیں بناتے ہیں۔ اور (امت کی تعلیم کیلئے) عرض کیجئے کہ اے میرے رب! میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَعُوْذُبِكَ | رَبِّ | اَنْ | یَّحْضُرُوْنِ | حَتّٰى | اِذَا | جَآءَ | اَحَدَهُمُ | الْمَوْتُ |
| اور | میں پناہ لیتا ہوں تیری | اے میرے رب | یہ کہ | وہ حاضر ہوں میرے پاس | یہاں تک کہ | جب | آتی ہے | ان میں سے ایک کو | موت تو |

اور میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اے میرے رب! کہ وہ میرے پاس آئیں۔ یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آئے

قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لا لَعَلِّیْۤ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | رَبِّ | ارْجِعُوْنِ | لَعَلِّیْۤ | اَعْمَلُ | صَالِحًا | فِیْمَا | تَرَكْتُ | كَلَّا | اِنَّهَا |
| کہتا ہے | اے میرے رب | مجھے واپس کر | تاکہ میں | عمل کروں | نیک | اس میں جو | میں چھوڑ آیا | ہرگز نہیں | بیشک وہ |

کی تو وہ کہے گا، میرے رب! مجھے واپس بھیج۔ تاکہ میں اس (دنیا) میں جسے میں چھوڑ آیا ہوں جا کر اچھے کام کروں نہیں نہیں یہ

كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَلِمَةٌ | هُوَ | قَآئِلُهَا | وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ | بَرْزَخٌ | اِلٰى | یَوْمِ | یُبْعَثُوْنَ | فَاِذَا | نُفِخَ |
| ایک بات ہے | کہ وہ | کہنے والا ہے اسکو | اور ان کے آگے | آڑ ہے | طرف | دن | قیامت کی | تو جب | پھونکا جائے گا |

تو ایک بات ہے جو وہ کہے گا اور ان کے پیچھے ایک پردہ حائل ہوگا اس دن تک جب لوگوں کو اٹھایا جائے گا۔ پھر جب صور پھونکا

فِي الصُّورِ فَلَآ أَنسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُونَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الصُّورِ | فَلَآ | أَنسَابَ | بَيْنَهُمْ | يَوْمَئِذٍ | وَ | لَا | يَتَسَآءَلُونَ | فَمَنْ | ثَقُلَتْ |
| صور میں | تو نہ | نسب ہوگا | انکے درمیان | اس دن | اور | نہ | آپس میں پوچھیں گے | تو جس کا | بھاری ہوا |

جائے گا تو ان کے درمیان نہ قرابتیں رہیں گی اور نہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔ تو جن (کے ترازو) کے پلڑے بھاری

مَوَازِينُهُ فَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰٓئِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَوَازِينُهُ | فَأُولَٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُونَ | وَ | مَنْ | خَفَّتْ | مَوَازِينُهُ | فَأُولَٰٓئِكَ |
| وزن اس کا | تو یہ لوگ | وہی ہیں | مراد پانے والے | اور | جس کا | ہلکا ہوا | تول اس کی | تو یہی |

ہوئے وہی فلاح پانے والے ہوں گے۔ اور جن کے پلڑے ہلکے ہوئے وہی ہیں جنہوں نے اپنے

الَّذِينَ خَسِرُوٓا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَٰلِدُونَ ﴿۱۰۳﴾ ج تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِينَ | خَسِرُوٓا | أَنفُسَهُمْ | فِي جَهَنَّمَ | خَٰلِدُونَ | تَلْفَحُ | وُجُوهَهُمُ |
| لوگ ہیں جنہوں نے | خسارہ دیا | اپنی جانوں کو | دوزخ میں | ہمیشہ رہیں گے | جھلس دے گی | انکے چہروں کو |

آپ کو نقصان میں ڈالا ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ اُن کے چہروں کو آگ جھلس دے گی

النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَٰلِحُونَ ﴿۱۰۴﴾ أَلَمْ تَكُنْ ءَايَٰتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنتُم بِهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارُ | وَ | هُمْ | فِيهَا | كَٰلِحُونَ | أَلَمْ | تَكُنْ | ءَايَٰتِي | تُتْلَىٰ | عَلَيْكُمْ | فَكُنتُم | بِهَا |
| آگ | اور | وہ | اس میں | منہ چڑاتے ہونگے | کیا نہ | تھیں | میری آیتیں | پڑھی جاتی | تم پر | تو تھے تم | ان کو |

اور ان کے جبڑے باہر نکلے ہوں گے۔ فرمایا جائے گا) کیا میری آیتیں تمہیں پڑھ کر سنائی نہ جاتی تھیں مگر تم

تُكَذِّبُونَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّينَ ﴿۱۰۶﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبُونَ | قَالُوا | رَبَّنَا | غَلَبَتْ | عَلَيْنَا | شِقْوَتُنَا | وَ | كُنَّا | قَوْمًا | ضَآلِّينَ |
| جھٹلاتے | کہیں گے | اے ہمارے رب | غالب آئی | ہم پر | ہماری بدبختی | اور | تھے ہم | قوم | گمراہ |

انہیں جھٹلا دیتے تھے؟ وہ کہیں گے ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب تھی اور ہم واقعی گمراہ لوگ تھے۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿١٠٧﴾ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَآ | اَخْرِجْنَا | مِنْهَا | فَاِنْ | عُدْنَا | فَاِنَّا | ظٰلِمُوْنَ | قَالَ | اخْسَئُوْا | فِيْهَا |
| اے ہمارے رب | نکال ہم کو | اس سے | پھر اگر | دوبارہ کریں ہم | تو ہم | ظالم ہونگے | فرمائے گا | دھتکارے پڑے رہو | اس میں |

اے ہمارے رب! ہمیں اس دوزخ سے نکال پھر اگر ہم دوبارہ (کفر کی طرف) لوٹیں تو بے شک ہم ظالم ہیں۔ (رب) فرمائے گا

وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿١٠٨﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تُكَلِّمُوْنِ | اِنَّهٗ | كَانَ | فَرِيْقٌ | مِّنْ عِبَادِيْ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَآ | اٰمَنَّا | فَاغْفِرْ لَنَا |
| اور | نہ | کلام کرو مجھ سے | بیشک | تھا | ایک گروہ | میرے بندوں سے | کہتے تھے | اے ہمارے رب | ہم ایمان لائے | تو بخش ہم کو |

ذلت کے ساتھ اسی میں پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو۔ بے شک میرے بندوں کا ایک گروہ کہتا تھا اے ہمارے رب! ہم ایمان

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَارْحَمْنَا | وَ | اَنْتَ | خَيْرُ | الرّٰحِمِيْنَ | فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ | سِخْرِيًّا | حَتّٰى |
| اور رحم کر ہم پر | اور | تو | سب سے بہتر | رحم کرنے والا ہے | تو پکڑا تم نے ان کو | ٹھٹھا | یہاں تک کہ |

لائے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔ تو تم نے انہیں مذاق بنالیا یہاں تک کہ انہیں مذاق

اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿١١٠﴾ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْسَوْكُمْ | ذِكْرِيْ | وَ | كُنْتُمْ | مِّنْهُمْ | تَضْحَكُوْنَ | اِنِّيْ | جَزَيْتُهُمُ | الْيَوْمَ | بِمَا |
| بھلایا تم کو | میری یاد سے | اور | تھے تم | ان سے | ہنستے | بیشک میں نے | بدلہ دیا ان کو | آج کے دن | بدلہ |

بنانے کے شغل میں میری یاد بھول گئے اور تم ان کا مذاق اڑاتے تھے۔ آج میں نے انہیں ان کے

صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿١١١﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَبَرُوْٓا | اَنَّهُمْ | هُمُ | الْفَآئِزُوْنَ | قٰلَ | كَمْ | لَبِثْتُمْ | فِي الْاَرْضِ | عَدَدَ |
| ان کے صبر کا | بیشک وہ | وہی ہیں | کامیاب | فرمائے گا | کتنا | ٹھہرے تم | زمین میں | گنتی |

صبر کے سبب یہ بدلہ دیا ہے کہ وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم زمین پر کتنے

سِنِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ فَسْئَلِ الْعَآدِّیْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ

| سِنِیْنَ | قَالُوْا | لَبِثْنَا | یَوْمًا | اَوْ | بَعْضَ | یَوْمٍ | فَسْئَلِ | الْعَآدِّیْنَ | قٰلَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سالوں کی | کہیں گے | ہم ٹھہرے | ایک دن | یا | بعض حصہ | دن کا | تو پوچھ | گنتی کرنیوالوں سے | فرمائے گا | نہیں |

سال رہے؟ وہ کہیں گے: "تھوڑی ہی مدت رہے (ہونگے) آپ اعداد و شمار کرنے والوں سے پوچھ لیں۔ (رب)

لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا

| لَّبِثْتُمْ | اِلَّا | قَلِیْلًا | لَّوْ | اَنَّكُمْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | اَفَحَسِبْتُمْ | اَنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھہرے تم | مگر | تھوڑا | کاش کہ | تم | ہوتے | جانتے | کیا خیال کیا تم نے | کہ ہم نے |

فرمائے گا تم نہیں ٹھہرے مگر (بہت) کم کاش تم نے (پہلے) جان لیا ہوتا تو کیا یہ سمجھتے ہو کہ

خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَی اللّٰهُ الْمَلِكُ

| خَلَقْنٰكُمْ | عَبَثًا | وَّ | اَنَّكُمْ | اِلَیْنَا | لَا | تُرْجَعُوْنَ | فَتَعٰلَی | اللّٰهُ | الْمَلِكُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا تم کو | بے کار | اور | تم | ہماری طرف | نہ | پھیرے جاؤ گے | پس بلند ہے | اللہ | بادشاہ |

ہم نے تمہیں بیکار بنایا اور تمہیں ہماری طرف واپس نہیں لوٹایا جائے گا۔ تو بہت بلندی والا ہے اللہ سچا بادشاہ

الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ

| الْحَقُّ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | رَبُّ | الْعَرْشِ | الْكَرِیْمِ | وَ | مَنْ | یَّدْعُ | مَعَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچا | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | رب | عرش | بڑے کا | اور | جو | پکارے | ساتھ | اللہ کے |

کوئی معبود نہیں سوا اس کے وہی عزت والے عرش کا مالک ہے۔ مگر جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کو پکارتا ہے

اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ

| اِلٰهًا | اٰخَرَ | لَا بُرْهَانَ | لَهٗ | بِهٖ | فَاِنَّمَا | حِسَابُهٗ | عِنْدَ | رَبِّهٖ | اِنَّهٗ | لَا یُفْلِحُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معبود | دوسرا | نہیں سند | اسکے لیے | اسکی | تو سوائے اسکے نہیں کہ | اس کا حساب | نزدیک | اسکے رب کے | بیشک | نہیں کامیاب ہوتے |

جس کی کوئی دلیل اس کے پاس نہیں اس کا حساب تو اس کے رب کے پاس ہی ہو گا بے شک کافر

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع

| الرّٰحِمِيْنَ | خَيْرُ | اَنْتَ | وَ | وَارْحَمْ | اغْفِرْ | رَّبِّ | قُلْ | وَ | الْكٰفِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحم کرنے والا ہے | بہتر | تو | اور | اور رحم کر | بخش | اے میرے رب | عرض کرو | اور | کافر |

کامیاب نہیں ہوں گے۔ اور اے حبیب ﷺ یوں عرض کیجیے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما کہ تو ہی بہترین رحم فرمانیوالا ہے۔

اٰیاتھا ۶۴ ۲۴ سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۲ رکوعاتھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ

| لَّعَلَّكُمْ | بَيِّنٰتٍ | اٰيٰتٍ | فِيْهَآ | اَنْزَلْنَا | وَ | فَرَضْنٰهَا | وَ | اَنْزَلْنٰهَا | سُوْرَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تا کہ تم | روشن | آیتیں | اس میں | اتاریں ہم نے | اور | اسکے حکم فرض کیے | اور | کہ ہم نے اسے اتارا | یہ سورۃ ہے |

یہ ایک سورت ہے کہ ہم نے نازل کی ہے اور ہم نے اس میں درج احکام فرض کیے اور ہم نے اس میں روشن آیتیں نازل فرمائیں

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ

| مِائَةَ | مِّنْهُمَا | وَاحِدٍ | كُلَّ | فَاجْلِدُوْا | الزَّانِيْ | وَ | اَلزَّانِيَةُ | تَذَكَّرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سو | ان میں سے | ایک کو | ہر | تو کوڑے لگاؤ | زنا کار مرد | اور | زنا کار عورت | نصیحت پکڑو |

کہ تم یاد رکھو۔ بدکار عورت اور بدکار مرد تم ان میں ہر ایک کو سو کوڑے لگاؤ

جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ

| تُؤْمِنُوْنَ | كُنْتُمْ | اِنْ | اللّٰهِ | فِيْ دِيْنِ | رَاْفَةٌ | بِهِمَا | تَاْخُذْكُمْ | لَا | وَ | جَلْدَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان رکھتے | ہو تم | اگر | اللہ کے | دین میں | رحم | ان پر | پکڑے تم کو | نہ | اور | کوڑا |

اور تمہیں ان پر ترس نہ آئے اللہ کے دین میں اگر تم ایمان لائے ہو

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَلْيَشْهَدْ | عَذَابَهُمَا | طَآئِفَةٌ | مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ |
| اللہ | اور | دن | پچھلے پر | اور حاضر ہوں | ان کی سزا کو | ایک گروہ | ایمان والوں کا |

اللہ اور قیامت کے دن پر اور چاہیے کہ ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کا ایک گروہ حاضر ہو۔

اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۡ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلزَّانِيْ | لَا | يَنْكِحُ | اِلَّا | زَانِيَةً | اَوْ | مُشْرِكَةً | وَّ | الزَّانِيَةُ | لَا | يَنْكِحُهَآ | اِلَّا | زَانٍ |
| زناکار مرد | نہیں | نکاح کرتا | مگر | زناکار | یا | مشرک عورت سے | اور | زناکار عورت | نہیں | نکاح کرتا اسے | مگر | زانی مرد |

زانی مرد صرف زانی عورت یا مشرک عورت سے نکاح کرتا ہے اور زانی عورت سے صرف زانی مرد

اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | مُشْرِكٌ | وَ | حُرِّمَ | ذٰلِكَ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يَرْمُوْنَ |
| یا | مشرک | اور | حرام کیا گیا ہے | یہ | اوپر | مومنوں کے | اور | وہ جو | عیب لگائیں |

یا مشرک مرد ہی نکاح کرتا ہے اور یہ مومنوں پر حرام ہے۔ اور جو لوگ پاکدامن عورتوں

الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْصَنٰتِ | ثُمَّ | لَمْ | يَاْتُوْا | بِاَرْبَعَةِ | شُهَدَآءَ | فَاجْلِدُوْهُمْ | ثَمٰنِيْنَ | جَلْدَةً |
| پاک عورتوں کو | پھر | نہ | لائیں | چار | گواہ | تو کوڑے مارو ان کو | اسی | کوڑے |

پر تہمت لگائیں پھر چار گواہ نہ لا سکیں انہیں اسی کوڑے لگاؤ

وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴﴾ لا اِلَّا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | تَقْبَلُوْا | لَهُمْ | شَهَادَةً | اَبَدًا | وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | اِلَّا | الَّذِيْنَ |
| اور | نہ | قبول کرو | ان کی | گواہی | کبھی بھی | اور | یہی | وہ ہیں | بدکردار لوگ | مگر | وہ جو |

اور ان کی گواہی ہمیشہ کیلئے نامقبول کردو کہ یہی لوگ فاسق ہیں۔ مگر جو لوگ اس کے بعد

تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَابُوْا | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | وَ | اَصْلَحُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَالَّذِيْنَ |
| توبہ کریں | پیچھے | اس کے | اور | درست ہو جائیں | تو بیشک | اللہ | بخشنے والا | رحم کرنے والا ہے | اور وہ جو |

توبہ کر لیں اور اپنی اصلاح کر لیں تو بیشک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور جو لوگ

يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرْمُوْنَ | اَزْوَاجَهُمْ | وَ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهُمْ | شُهَدَآءُ | اِلَّآ | اَنْفُسُهُمْ | فَشَهَادَةُ |
| عیب لگائیں | اپنی بیویوں کو | اور | نہ | ہوں | انکے پاس | گواہ | مگر | انکی اپنی جانیں | تو گواہی ہے |

اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں اور ان کے پاس ان کی جانوں کے سوا گواہ نہ ہوں تو ہر ایک کی گواہی یہ ہے

اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۶﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدِهِمْ | اَرْبَعُ | شَهٰدٰتٍ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | لَمِنَ | الصّٰدِقِيْنَ |
| ان کے ایک کی | چار | گواہیاں | اللہ کے نام سے | کہ بیشک وہ | ہے | سچوں سے |

کہ وہ چار مرتبہ گواہی دے اللہ کی قسم کھا کر کہ بے شک وہ ضرور سچا ہے۔

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۷﴾ وَيَدْرَؤُا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْخَامِسَةُ | اَنَّ | لَعْنَتَ | اللّٰهِ | عَلَيْهِ | اِنْ | كَانَ | مِنَ الْكٰذِبِيْنَ | وَ | يَدْرَؤُا |
| اور | پانچویں بار | بیشک | لعنت ہے | اللہ کی | اس پر | اگر | ہے | جھوٹے لوگوں سے | اور | ہٹائے گا |

اور پانچویں مرتبہ یوں کہے کہ اگر وہ جھوٹا ہوا تو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ عورت سے یوں

عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۙ ﴿۸﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهَا | الْعَذَابَ | اَنْ | تَشْهَدَ | اَرْبَعَ | شَهٰدٰتٍ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ |
| اس عورت سے | سزا کو | یہ کہ | وہ شہادت دے | چار | شہادتیں | اللہ کا نام سے | کہ بیشک وہ | جھوٹے لوگوں سے ہے |

سزا ٹل جائے گی کہ وہ اللہ کا نام لے کر چار بار گواہی دے کہ مرد جھوٹا ہے۔

وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۹﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْخَامِسَةَ | اَنَّ | غَضَبَ | اللّٰهِ | عَلَيْهَآ | اِنْ | كَانَ | مِنَ الصّٰدِقِيْنَ |
| اور | پانچویں بار | بیشک | غضب ہو | اللہ کا | اس پر | اگر | ہو وہ | سچے لوگوں سے |

اور پانچویں مرتبہ یوں کہے کہ اگر یہ سچا ہو تو مجھ پر اللہ کا غضب نازل ہو۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوْ | لَا | فَضْلُ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | وَ | رَحْمَتُهٗ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | تَوَّابٌ |
| حَرَجٌ | وَ | لَا | عَلَى | الْأَعْرَجِ | حَرَجٌ | وَ | لَا | عَلَى | الْمَرِيضِ | حَرَجٌ | وَ | لَا | عَلَىٰ |
| کوئی تنگی | اور | نہ | اوپر | لنگڑے کے | کوئی پابندی | اور | نہ | اوپر | بیمار کے | کوئی مضائقہ | اور | نہ | اوپر |

اور لنگڑے پر کوئی تنگی نہیں اور بیمار پر کوئی تنگی نہیں اور نہ تم پر کہ

أَنْفُسِكُمْ أَنْ تَأْكُلُوا مِنْ بُيُوتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ آبَائِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أُمَّهٰتِكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسِكُمْ | اَنْ | تَاْكُلُوْا | مِنْ بُيُوْتِكُمْ | اَوْ | بُيُوْتِ | اٰبَآئِكُمْ | اَوْ | بُيُوْتِ | اُمَّهٰتِكُمْ |
| تمہارے | یہ کہ | کھاؤتم | اپنے گھروں سے | یا | گھروں | اپنے باپوں کے | یا | گھروں | اپنی ماؤں کے |

تم اپنے گھروں سے کھاؤ یا اپنے باپ دادا کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے

اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | بُيُوْتِ | اِخْوَانِكُمْ | اَوْ | بُيُوْتِ | اَخَوٰتِكُمْ | اَوْ | بُيُوْتِ | اَعْمَامِكُمْ | اَوْ | بُيُوْتِ |
| یا | گھروں | اپنے بھائیوں کے | یا | گھروں | اپنی بہنوں کے | یا | گھروں | اپنے چچوں کے | یا | گھروں |

یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا

عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمّٰتِكُمْ | اَوْ | بُيُوْتِ | اَخْوَالِكُمْ | اَوْ | بُيُوْتِ | خٰلٰتِكُمْ | اَوْ | مَا | مَلَكْتُمْ |
| اپنی پھوپھیوں | یا | گھروں | اپنے ماموؤں کے | یا | گھروں | اپنی خالاؤں کے | یا | جو | مالک ہوتم |

اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا

مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّفَاتِحَهٗٓ | اَوْ | صَدِيْقِكُمْ | لَيْسَ | عَلَيْكُمْ | جُنَاحٌ | اَنْ | تَاْكُلُوْا | جَمِيْعًا |
| انکی کنجیوں کے | یا | اپنے دوست سے | نہیں | تم پر | کوئی گناہ | یہ کہ | کھاؤتم | اکٹھے |

جس گھر کی چابیوں کے تم مالک ہو یا اپنے دوستوں کے گھروں سے۔ تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم مل کر کھاؤ

اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | اَشْتَاتًا | فَاِذَا | دَخَلْتُمْ | بُيُوْتًا | فَسَلِّمُوْا | عَلٰٓى | اَنْفُسِكُمْ | تَحِيَّةً | مِّنْ عِنْدِ |
| یا | جدا جدا | توجب | داخل ہوتم | گھروں میں | توسلام کہو | اوپر | اپنے آدمیوں کے | یہ تحفہ ہے | نزدیک |

یا الگ الگ۔ پھر جب تم گھروں میں داخل ہوا کرو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو۔ دعائے خیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔

اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

| اللّٰهِ | مُبٰرَكَةً | طَيِّبَةً | كَذٰلِكَ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمُ | الْاٰيٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | برکت والا | پاک | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لیے | آیتیں |

بڑی بابرکت اور پاکیزہ (ہے یہ دعا)۔ اس طرح اللہ تعالیٰ تمہارے لیے آیات بیان کرتا ہے

ع ۸ ۱۴ ۱۴

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦١﴾ ع اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

| لَعَلَّكُمْ | تَعْقِلُوْنَ | اِنَّمَا | الْمُؤْمِنُوْنَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تا کہ تم | سمجھو | اس کے سوا نہیں کہ | مومن | وہی ہیں جو | ایمان لائے | اللہ |

تا کہ تم عقل سے کام لو۔ ایمان والے تو وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے

وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى

| وَ | رَسُوْلِهٖ | وَ | اِذَا | كَانُوْا | مَعَهٗ | عَلٰٓى | اَمْرٍ | جَامِعٍ | لَّمْ | يَذْهَبُوْا | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسکے رسول پر | اور | جب | ہوتے ہیں | اسکے ساتھ | اوپر | کام | اکٹھے کیے تو | نہیں | جاتے | یہانتک کہ |

اور جب رسول کے پاس کسی ایسے کام میں حاضر ہوئے ہوں جس کیلئے جمع کیے گئے ہوں تو نہ جائیں جب تک

يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

| يَسْتَاْذِنُوْهُ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَسْتَاْذِنُوْنَكَ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اجازت لیں آپ سے | بیشک | وہ جو | اجازت لیتے ہیں آپ سے | یہی | وہ ہیں جو |

ان سے اجازت نہ لے لیں وہ جو آپ سے اجازت مانگتے ہیں وہی ہیں جو

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ

| يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | فَاِذَا | اسْتَاْذَنُوْكَ | لِبَعْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان رکھتے ہیں | اللہ | اور | اس کے رسول پر | تو جب | اجازت مانگیں آپ سے | اپنے بعض |

اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں پھر جب وہ آپ سے اجازت مانگیں اپنے کسی

شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ط

| شَاْنِهِمْ | فَاْذَنْ | لِّمَنْ | شِئْتَ | مِنْهُمْ | وَ | اسْتَغْفِرْ لَهُمُ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کاموں کیلئے | تو اجازت دو | جسے | چاہو | ان میں سے | اور | بخشش مانگوان کیلئے | اللہ سے |

کام کیلئے تو ان میں جسے آپ چاہیں اجازت دے دیں اور ان کیلئے اللہ سے معافی مانگیں

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ

| اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | لَا | تَجْعَلُوْا | دُعَآءَ | الرَّسُوْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | نہ | کرو | پکارنا | رسول کا |

بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تم لوگ رسول کے بلانے کو اس طرح کا بلانا نہ سمجھو

بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ط قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

| بَيْنَكُمْ | كَدُعَآءِ | بَعْضِكُمْ | بَعْضًا | قَدْ | يَعْلَمُ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپس میں | مثل پکارنے | بعض تمہارے کا | بعض کو | بیشک | جانتا ہے | اللہ | ان کو جو |

جس طرح آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو خوب جانتا ہے جو

يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ج فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ

| يَتَسَلَّلُوْنَ | مِنْكُمْ | لِوَاذًا | فَلْيَحْذَرِ | الَّذِيْنَ | يُخَالِفُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| کھسک جاتے ہیں | تم میں سے | چھپ کر | تو ڈریں | وہ جو | مخالفت کرتے ہیں |

تم میں سے ایک دوسرے کی آڑ لیتے ہوئے چپکے سے چلے جاتے ہیں۔ پھر جو لوگ

عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ

| عَنْ اَمْرِهٖٓ | اَنْ | تُصِيْبَهُمْ | فِتْنَةٌ | اَوْ | يُصِيْبَهُمْ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کے حکم کی | یہ کہ | پہنچے ان کو | کوئی فتنہ | یا | پہنچے ان کو | عذاب |

رسول کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں اُن کو ڈرنا چاہیے کہ اُن پر کوئی آزمائش آجائے یا اُن پر

اَلِيۡمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ قَدۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِيۡمٌ | اَلَاۤ | اِنَّ | لِلّٰهِ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | قَدۡ |
| دردناک | خبردار | بیشک | اللہ ہی کا ہے | جو | آسمانوں میں | اور | زمین میں ہے | بیشک |

دردناک عذاب آجائے۔ سنو! آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ کا ہے

يَعۡلَمُ مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ ؕ وَيَوۡمَ يُرۡجَعُوۡنَ اِلَيۡهِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعۡلَمُ | مَاۤ | اَنۡتُمۡ | عَلَيۡهِ | وَيَوۡمَ | يُرۡجَعُوۡنَ | اِلَيۡهِ |
| جانتا ہے | جو | تم ہو | اس پر | اور جس دن | لوٹیں گے | اسکی طرف |

وہ جانتا ہے جس طرح پر تم ہو اور جس دن تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے

فَيُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۶۴﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيُنَبِّئُهُمۡ | بِمَا | عَمِلُوۡا | وَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيۡءٍ | عَلِيۡمٌ |
| تو بتائے گا انکو | جو | عمل کیے انہوں نے | اور | اللہ | ہر | چیز کو | جانتا ہے |

تو وہ تمہیں بتائے گا جو کام تم نے کیے اور اللہ ہر بات کو جانتا ہے۔

ایاتها ۷۷ — ۲۵ سُوۡرَةُ الۡفُرۡقَانِ مَكِّيَّةٌ ۴۲ — رکوعاتها ۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيۡ نَزَّلَ الۡفُرۡقَانَ عَلٰى عَبۡدِهٖ لِيَكُوۡنَ لِلۡعٰلَمِيۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَبٰرَكَ | الَّذِيۡ | نَزَّلَ | الۡفُرۡقَانَ | عَلٰى | عَبۡدِهٖ | لِيَكُوۡنَ | لِلۡعٰلَمِيۡنَ |
| برکت والا ہے | وہ جس نے | اتارا | قرآن | اوپر | اپنے بندے کے | تا کہ ہو | جہانوں کو |

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے نازل کیا قرآن اپنے خاص بندے پر جو سارے جہان کو

نَذِیْرَا ۙ ۝١ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ

| نَذِیْرًا | الَّذِیْ | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرانے والا | وہ کہ | اس کی | بادشاہی ہے | آسمانوں | اور زمین میں | اور | نہیں |

ڈر سنانے والے ہیں۔ وہ جس کیلئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اور اس نے نہ اختیار فرمائی

یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ

| یَتَّخِذْ | وَلَدًا | وَّ | لَمْ | یَكُنْ | لَّهٗ | شَرِیْكٌ | فِی الْمُلْكِ | وَ | خَلَقَ | كُلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑی اس نے | ولاد | اور | نہیں | ہے | اس کا | کوئی شریک | بادشاہی میں | اور | پیدا کیا | ہر |

کوئی اولاد اور اس کی سلطنت میں کوئی اس کا شریک نہیں اس نے ہر

شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝٢ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا

| شَیْءٍ | فَقَدَّرَهٗ | تَقْدِیْرًا | وَاتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِهٖۤ | اٰلِهَةً | لَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز کو | تو اندازہ کیا | ٹھیک | اور بنائے انہوں نے | اس کے سوا | معبود کہ | نہیں |

چیز کو پیدا کیا پھر اس کا اندازہ مقرر کیا۔ مگر لوگوں نے اس کے علاوہ ایسے معبود بنالیے جو کچھ

یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّهُمْ یُخْلَقُوْنَ وَلَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ

| یَخْلُقُوْنَ | شَیْـًٔا | وَّ | هُمْ | یُخْلَقُوْنَ | وَ | لَا | یَمْلِكُوْنَ | لِاَنْفُسِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کرتے | کچھ | اور | وہ | پیدا کیے جاتے ہیں | اور | نہیں | مالک ہیں | اپنی جانوں کے |

پیدا نہیں کرتے بلکہ خود پیدا کیے جاتے ہیں اور جو اپنے لئے بھی کسی

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا یَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَیٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝٣

| ضَرًّا | وَّ | لَا | نَفْعًا | وَّ | لَا | یَمْلِكُوْنَ | مَوْتًا | وَّ | لَا | حَیٰوةً | وَّ | لَا | نُشُوْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقصان | اور | نہ | نفع کا | اور | نہیں | مالک ہیں | موت کے | اور | نہ | زندگی کے | اور | نہ | اٹھنے کے |

نقصان اور نفع کا اختیار نہیں رکھتے اور نہ موت نہ زندگی اور نہ پھر زندہ اٹھنے کا اختیار رکھتے ہیں۔

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ افْتَرٰىهُ

| وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّآ | اِفْكُ | افْتَرٰىهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کہا | انہوں نے | جو کافر ہیں | نہیں | یہ | مگر | بہتان | جو بنالیا |

اور کافر کہتے ہیں یہ تو صرف جھوٹ ہے جو اس نے گھڑ لیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اس پر اس کی

وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّ زُوْرًا ۚ ۴

| وَ | اَعَانَهٗ | عَلَيْهِ | قَوْمٌ | اٰخَرُوْنَ | فَقَدْ | جَآءُوْ | ظُلْمًا | وَّ | زُوْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مدد کی | اس پر | قوم | دوسری نے | تو بیشک | لائے | ظلم | اور | جھوٹ |

مدد کی ہے ہاں! وہ ظلم اور جھوٹ پر اُتر آئے ہیں۔

وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً

| وَ | قَالُوْٓا | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | اكْتَتَبَهَا | فَهِيَ | تُمْلٰى | عَلَيْهِ | بُكْرَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بولے | کہانیاں ہیں | پہلوں کی | جو لکھالیا ان کو | تو وہ | پڑھی جاتی ہیں | اس پر | صبح |

اور انہوں نے کہا (یہ) پہلے لوگوں کے (جھوٹے) قصے ہیں جو اس (رسول) نے لکھوا لئے ہیں تو وہ صبح اور

وَّ اَصِيْلًا ۵ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ

| وَّ | اَصِيْلًا | قُلْ | اَنْزَلَهُ | الَّذِيْ | يَعْلَمُ | السِّرَّ | فِي السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | شام | فرمادو | اتارا اس کو | اس نے جو | جانتا ہے | پوشیدہ کو | آسمانوں میں |

شام ان پر پڑھے جاتے ہیں۔ (اے محبوب ﷺ) آپ فرما دیں اس قرآن کو تو اس (اللہ) نے اُتارا ہے جو آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۶ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا

| وَالْاَرْضِ | اِنَّهٗ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | وَ | قَالُوْا | مَالِ | هٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور زمین میں | بیشک وہ | ہے | بخشنے والا | مہربان | اور | بولے | کیا ہے | اس |

اور زمین کی ہر پوشیدہ بات جانتا ہے بے شک وہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور بولے اس

معانقہ ۱۰

الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَ يَمْشِىْ فِى الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْ لَاۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلِ | يَاْكُلُ | الطَّعَامَ | وَ | يَمْشِىْ | فِى الْاَسْوَاقِ | لَوْ | لَاۤ |
| رسول کو کہ | کھاتا ہے | کھانا | اور | چلتا ہے | بازاروں میں | کیوں | نہیں |

رسول کو کیا ہوا کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے کیوں نہ اتارا گیا

اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۙ﴿۷﴾ اَوْ يُلْقٰۤى اِلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | اِلَيْهِ | مَلَكٌ | فَيَكُوْنَ | مَعَهٗ | نَذِيْرًا | اَوْ | يُلْقٰۤى | اِلَيْهِ |
| اتارا گیا | اس کی طرف | فرشتہ | کہ ہوتا | ساتھ اس کے | ڈرانے والا | یا | ڈالا جاتا | اسکی طرف |

ان کے ساتھ کوئی فرشتہ کہ ان کے ساتھ ڈر سناتا۔ یا غیب سے انہیں

كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَنْزٌ | اَوْ | تَكُوْنُ | لَهٗ | جَنَّةٌ | يَّاْكُلُ | مِنْهَا | وَ | قَالَ | الظّٰلِمُوْنَ | اِنْ |
| خزانہ | یا | ہوتا | اس کا | باغ | کہ کھاتا | اس سے | اور | بولے | ظالم | نہیں |

خزانہ مل جاتا یا ان کا کوئی باغ ہوتا جس میں سے کھاتے اور ظالم بولے تم تو

تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۸﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | رَجُلًا | مَّسْحُوْرًا | اُنْظُرْ | كَيْفَ | ضَرَبُوْا | لَكَ |
| پیروی کرتے تم | مگر | آدمی | جادو شدہ کی | دیکھ | کیسے | بیان کرتے ہیں | تمہارے لیے |

ایک سحرزدہ شخص کی پیروی کررہے ہو۔ دیکھو! وہ تمہارے لئے کیسی

الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹﴾ ع تَبٰرَكَ الَّذِىْۤ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَمْثَالَ | فَضَلُّوْا | فَلَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | سَبِيْلًا | تَبٰرَكَ | الَّذِىْۤ |
| مثالیں | تو گمراہ ہوئے | تو نہیں | طاقت رکھتے | راہ کی | برکت والا ہے | وہ |

مثالیں بیان کرتے ہیں اور دراصل یہ بھٹک گئے ہیں کہ راہ نہیں پا سکتے۔ بابرکت ہے وہ جو اگر چاہتا تو

اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| اِنْ | شَآءَ | جَعَلَ | لَكَ | خَيْرًا | مِّنْ ذٰلِكَ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | چاہے | بنادے | آپ کیلئے | بہتر | اس سے | باغ | چلتی ہوں | انکے نیچے |

تمہارے لئے ان چیزوں سے بہتر بنا دیتا باغ جن میں

الْاَنْهٰرُ ۙ وَ يَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾ بَلْ كَذَّبُوْا

| الْاَنْهٰرُ | وَ | يَجْعَلْ | لَّكَ | قُصُوْرًا | بَلْ | كَذَّبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | اور | بنائے | آپ کیلئے | محل | بلکہ | جھٹلایا انہوں نے |

نہریں چلتیں اور تمہارے لئے محل بنا دیتا۔ (اور کچھ نہیں) بلکہ

بِالسَّاعَةِ ۚ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿۱۱﴾ ج

| بِالسَّاعَةِ | وَاَعْتَدْنَا | لِمَنْ | كَذَّبَ | بِالسَّاعَةِ | سَعِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کو | اور تیار کی ہم نے | اس کے لیے جو | جھٹلائے | قیامت کو | بھڑکتی آگ |

انہوں نے قیامت کو جھٹلایا اور جس نے قیامت کو جھٹلایا ہم نے اس کیلئے بھڑکتی آگ تیار کی ہے۔

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا

| اِذَا | رَاَتْهُمْ | مِّنْ مَّكَانٍۢ | بَعِيْدٍ | سَمِعُوْا | لَهَا | تَغَيُّظًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | دیکھے گی ان کو | جگہ | دور سے تو | سنیں گے | اس کا | جوش |

جب وہ انہیں دور سے دیکھے گی وہ اس کے غیظ و غضب سے بھڑکنے اور جوش

وَّزَفِيْرًا ﴿۱۲﴾ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا

| وَّ | زَفِيْرًا | وَ | اِذَآ | اُلْقُوْا | مِنْهَا | مَكَانًا | ضَيِّقًا | مُّقَرَّنِيْنَ | دَعَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | آواز | اور | جب | ڈالے جائیں | اس سے | جگہ | تنگ کے | جکڑے ہوئے | پکاریں گے |

وخروش کی آواز سنیں گے۔ اور جب اس کے کسی تنگ جگہ میں زنجیروں میں جکڑے ہوئے ڈالے جائیں تو

هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿١٣﴾ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ

| هُنَالِكَ | ثُبُوْرًا | لَا | تَدْعُوا | الْيَوْمَ | ثُبُوْرًا | وَّاحِدًا | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس جگہ | موت | نہ | مانگو | آج | موت | ایک | اور |

وہاں موت مانگیں گے۔ فرمایا جائے گا آج ایک موت نہ مانگو

ادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿١٤﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ

| ادْعُوْا | ثُبُوْرًا | كَثِيْرًا | قُلْ | اَذٰلِكَ | خَيْرٌ | اَمْ | جَنَّةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مانگو | موتیں | بہت سی | فرماؤ | کیا یہ | بہتر ہے | یا | جنت |

اور بہت سی موتیں مانگو۔ فرما دیجئے کیا یہ بہتر ہے یا وہ ہمیشہ کی

الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ

| الْخُلْدِ | الَّتِيْ | وُعِدَ | الْمُتَّقُوْنَ | كَانَتْ | لَهُمْ | جَزَآءً | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ کی | وہ جو | وعدہ دیے گئے | پرہیزگار | ہے | ان کے لیے | بدلہ | اور |

جنت جس کا اللہ نے ڈرنے والوں سے وعدہ کیا ہے، وہ ہو گی ان کی جزاء اور

مَصِيْرًا ﴿١٥﴾ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ

| مَصِيْرًا | لَهُمْ | فِيْهَا | مَا | يَشَآءُوْنَ | خٰلِدِيْنَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ | ان کیلئے ہے | اس میں | جو | چاہیں | ہمیشہ رہنے والے | ہے |

پہنچنے کی جگہ۔ ان کیلئے وہاں وہ سب کچھ ہو گا جو وہ چاہیں گے اور ہمیشہ رہیں گے یہ

عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا

| عَلٰى | رَبِّكَ | وَعْدًا | مَّسْـُٔوْلًا | وَ | يَوْمَ | يَحْشُرُهُمْ | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | تمہارے رب کے | وعدہ | مانگا گیا | اور | جس دن | اکٹھا کریگا انکو | اور | جن کو وہ |

وعدہ تمہارے رب پر لازم ہے جس کا سوال کیا جا سکتا ہے۔ اور جس دن وہ جمع کرے گا انہیں اور ان کو

يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ

| يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | فَيَقُوْلُ | ءَاَنْتُمْ | اَضْلَلْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| پوجتے ہیں | سوا | اللہ کے | تو فرمائے گا | کیا تم نے | گمراہ کیا |

جن کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں پھر ان (معبودوں) سے فرمائے گا

عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ط ﴿١٧﴾ قَالُوْا

| عِبَادِيْ | هٰٓؤُلَآءِ | اَمْ | هُمْ | ضَلُّوْا | السَّبِيْلَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے بندوں کو | ان کو | یا | وہ | گمراہ ہوئے | راہ سے | کہیں گے |

کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کر دیا یا یہ خود ہی راہ سے بھٹک گئے۔ وہ کہیں گے

سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ

| سُبْحٰنَكَ | مَا | كَانَ | يَنْۢبَغِيْ | لَنَآ | اَنْ | نَّتَّخِذَ | مِنْ دُوْنِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پاک ہے | نہیں | ہے | لائق | ہمارے لیے | یہ کہ | ہم پکڑیں | تیرے سوا |

تو ہر عیب سے پاک ہے ہمیں لائق نہ تھا کہ ہم تیرے سوا

مِنْ اَوْلِيَآءَ وَ لٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا

| مِنْ اَوْلِيَآءَ | وَ | لٰكِنْ | مَّتَّعْتَهُمْ | وَ | اٰبَآءَهُمْ | حَتّٰى | نَسُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی مولی | اور | لیکن | تو نے فائدہ دیا انکے | اور | انکے باپوں کو | یہاں تک | بھول گئے |

دوسروں کو مددگار بنائیں لیکن تو نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو فائدہ پہنچایا یہاں تک کہ انہوں

الذِّكْرَ ج وَ كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿١٨﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا

| الذِّكْرَ | وَ | كَانُوْا | قَوْمًۢا | بُوْرًا | فَقَدْ | كَذَّبُوْكُمْ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذکر | اور | تھے وہ | قوم | ہلاک ہونے والی | تو بیشک | جھٹلا دیا | جو |

نے (تیری) یاد کو فراموش کر دیا اور وہ ہلاک ہونے والے لوگ ہو گئے۔ تو اب معبودوں نے تمہاری بات جھٹلا دی

تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّ لَا نَصْرًا ۚ وَ مَنْ

| تَقُوْلُوْنَ | فَمَا | تَسْتَطِيْعُوْنَ | صَرْفًا | وَّ | لَا | نَصْرًا | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کہتے ہو | تو نہیں | طاقت رکھتے تم | پھیرنے کی | اور | نہ | مدد کرنے کی | اور | جو |

تو اب تم نہ عذاب پھیر سکو نہ اپنی مدد کر سکو اور تم میں

يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

| يَّظْلِمْ | مِّنْكُمْ | نُذِقْهُ | عَذَابًا | كَبِيْرًا | وَ | مَآ | اَرْسَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کرے | تم میں سے | چکھائیں گے ہم اسے | عذاب | بڑا | اور | نہیں | بھیجا ہم نے |

جو ظالم ہیں ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے۔ اور ہم نے آپ سے پہلے

قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ

| قَبْلَكَ | مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ | اِلَّآ | اِنَّهُمْ | لَيَاْكُلُوْنَ | الطَّعَامَ |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ سے پہلے | کوئی بھی رسول | مگر | وہ | کھاتے تھے | کھانا |

جتنے رسول بھیجے سب ایسے ہی تھے کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے

وَيَمْشُوْنَ فِى الْاَسْوَاقِ ۗ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۗ

| وَيَمْشُوْنَ | فِى الْاَسْوَاقِ | وَ | جَعَلْنَا | بَعْضَكُمْ | لِبَعْضٍ | فِتْنَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور چلتے تھے | بازاروں میں | اور | کیا ہم نے | بعض تمہارے کو | بعض کے لیے | آزمائش |

اور ہم نے تم لوگوں کو ایک کو دوسرے کے لیے آزمائش بنایا ہے اور اے لوگو!

اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾ ع

| اَتَصْبِرُوْنَ | وَ | كَانَ | رَبُّكَ | بَصِيْرًا |
|---|---|---|---|---|
| کیا تم صبر کرتے ہو | اور | ہے | آپ کا رب | دیکھنے والا |

کیا تم صبر کرو گے؟ اور اے محبوب ﷺ! آپ کا رب دیکھنے والا ہے۔

الجزء ۱۹

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | لَا | يَرْجُوْنَ | لِقَآءَنَا | لَوْلَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْنَا | الْمَلٰٓئِكَةُ | اَوْ | نَرٰى | رَبَّنَا |
| اور | بولے | وہ جو | نہیں | امید رکھتے | ہماری ملاقات کی | کیوں نہیں | اتارے گئے | ہم پر | فرشتے | یا | دیکھیں ہم | اپنے رب کو |

اور جولوگ ہم سے ملاقات کی اُمید نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں کیوں نہیں ہم پر فرشتے اُتارے گئے یا ہم اپنے رب کو دیکھتے؟ وہ اپنے

لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدِ | اسْتَكْبَرُوْا | فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ | وَعَتَوْ | عُتُوًّا | كَبِيْرًا | يَوْمَ | يَرَوْنَ | الْمَلٰٓئِكَةَ |
| بیشک | بڑے بنے وہ | اپنے جی میں | اورسرکشی کی | سرکشی | بڑی | جس دن | دیکھیں گے | فرشتوں کو |

دلوں میں بہت بڑے بنتے ہیں اور بہت بڑی سرکشی کی۔ جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن مجرموں کیلئے

لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا بُشْرٰى | يَوْمَئِذٍ | لِّلْمُجْرِمِيْنَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | حِجْرًا | مَّحْجُوْرًا | وَ | قَدِمْنَآ |
| خوشی کا نہیں ہوگا | وہ دن | مجرموں کیلئے | اور | کہیں گے | آڑ ہو | روکی ہوئی | اور | متوجہ ہونگے ہم |

کوئی خوشخبری نہ ہوگی اور وہ روکو! روکو! بولیں گے۔ اور انہوں نے جو بھی (نیک) کام کیے ہم ان کی طرف

اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | مَا | عَمِلُوْا | مِنْ عَمَلٍ | فَجَعَلْنٰهُ | هَبَآءً | مَّنْثُوْرًا | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ |
| طرف | اسکی جو | عمل کیے انہوں نے | کوئی عمل | تو بنادیں گے ہم اسکو | غبار | پھیلا ہوا | صاحبان | جنت |

قصد فرمائیں گے پھر ہم انہیں (فضا میں) بکھرے ہوئے (غبار کے) باریک ذرے بنا دیں گے۔ جنت والوں کا اس دن

يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَئِذٍ | خَيْرٌ | مُّسْتَقَرًّا | وَّ | اَحْسَنُ | مَقِيْلًا | وَ | يَوْمَ | تَشَقَّقُ | السَّمَآءُ |
| اس دن | بہتر ہوں گے | ٹھکانے میں | اور | اچھے ہونگے | آرام میں | اور | جس دن | پھٹ جائے گا | آسمان |

بہترین ٹھکانا ہو گا اور نہایت اچھی آرام گاہ۔ اور جس دن پھٹ جائے گا آسمان

بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿٢٥﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ِۨ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ط

| بِالْغَمَامِ | وَ | نُزِّلَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | تَنْزِيْلًا | اَلْمُلْكُ | يَوْمَئِذِ | الْحَقُّ | لِلرَّحْمٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بادلوں سے | اور | اتارے جائینگے | فرشتے | پوری طرح | بادشاہی | اس دن | سچی | رحمان کی ہے |

بادلوں سے اور فرشتے لگاتار اُتارے جائیں گے۔ اس دن سچی بادشاہی رحمٰن کی ہوگی

وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿٢٦﴾ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ

| وَ | كَانَ | يَوْمًا | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | عَسِيْرًا | وَ | يَوْمَ | يَعَضُّ | الظَّالِمُ | عَلٰى | يَدَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہوگا | دن | اوپر | کافروں کے | مشکل | اور | جس دن | کاٹے گا | ظالم | اوپر | اپنے ہاتھوں کے |

اور وہ دن کافروں پر بڑا سخت ہو گا۔ اور جس دن ظالم اپنے ہاتھ چبائے گا اور

يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿٢٧﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ لَمْ

| يَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِى | اتَّخَذْتُ | مَعَ | الرَّسُوْلِ | سَبِيْلًا | يٰوَيْلَتٰى | لَيْتَنِىْ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہے گا | ہائے افسوس | پکڑتا میں | ساتھ | رسول کے | رستہ | اے کاش | افسوس | نہ |

کہے گا اے کاش! میں نے رسول کے ساتھ ہدایت کا راستہ اختیار کیا ہوتا۔ ہائے افسوس! کاش میں نے

اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿٢٨﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِىْ ط

| اَتَّخِذْ | فُلَانًا | خَلِيْلًا | لَقَدْ | اَضَلَّنِىْ | عَنِ الذِّكْرِ | بَعْدَ | اِذْ | جَآءَنِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑتا میں | فلاں کو | دوست | بیشک | گمراہ کیا مجھے | نصیحت سے | بعد | اسکے کہ | آئی میرے پاس |

فلاں کو دوست نہ بنایا ہوتا۔ بے شک میرے پاس نصیحت آ جانے کے بعد اس نے مجھے گمراہ کر دیا

وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿٢٩﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى

| وَ | كَانَ | الشَّيْطٰنُ | لِلْاِنْسَانِ | خَذُوْلًا | وَقَالَ | الرَّسُوْلُ | يٰرَبِّ | اِنَّ | قَوْمِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہے | شیطان | انسان کو | ذلیل کرنے والا | اور عرض کی | رسول نے | اے میرے رب | بیشک | میری قوم نے |

اور شیطان انسان کو بے یار و مددگار چھوڑ دینے والا ہے۔ اور (اس دن یہ) رسول (محمد عربی ﷺ) عرض کریں گے اے میرے

اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۝۳۰ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّخَذُوْا | هٰذَا | الْقُرْاٰنَ | مَهْجُوْرًا | وَ | كَذٰلِكَ | جَعَلْنَا | لِكُلِّ | نَبِيٍّ | عَدُوًّا |
| ٹھہرالیا | اس | قرآن کو | چھوڑا ہوا | اور | اسی طرح | بنائے ہم نے | ہر ایک | نبی کیلئے | دشمن |

رب بے شک میرے (منکر) لوگوں نے (مذاق اڑا کر) اس قرآن کو ترک کر دیا تھا۔ اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کیلئے دشمن بنا

مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ۝۳۱ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ | وَ | كَفٰى | بِرَبِّكَ | هَادِيًا | وَّ | نَصِيْرًا | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| مجرموں سے | اور | کافی ہے | تمہارا رب | ہدایت دینے والا | اور | مددگار | اور | کہا | انہوں نے | جو کافر ہیں |

دیئے تھے مجرم لوگ اور تمہارا رب ہدایت کرنے اور مدد دینے کو کافی ہے۔ اور کافر بولے قرآن ان پر ایک ساتھ

لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚۛ كَذٰلِكَ ۚۛ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ مع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْلَا | نُزِّلَ | عَلَيْهِ | الْقُرْاٰنُ | جُمْلَةً | وَّاحِدَةً | كَذٰلِكَ | لِنُثَبِّتَ | بِهٖ | فُؤَادَكَ |
| کیوں نہ | اتارا گیا | اس پر | قرآن | ایک ہی | دفعہ | اسی طرح | تاکہ ثابت رکھیں ہم | اس سے | تمہارا دل |

کیوں نہ اتار دیا ہم نے یوں ہی بتدریج اسے اُتارا ہے کہ اس سے تمہارا دل مضبوط کریں

وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝۳۲ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَتَّلْنٰهُ | تَرْتِيْلًا | وَلَا | يَاْتُوْنَكَ | بِمَثَلٍ | اِلَّا | جِئْنٰكَ | بِالْحَقِّ | وَاَحْسَنَ |
| اور | ٹھہر ٹھہر کر پڑھا | اس کو | اور نہ | لائینگے تمہارے پاس | کوئی مثال | مگر | لائینگے ہم تمہارے پاس | حق | اور بہتر |

اور ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا۔ اور خواہ وہ تمہارے پاس کوئی مثال بھی لے آئیں ہم تمہارے پاس حقیقت اور بہترین

تَفْسِيْرًا ؕ ۝۳۳ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفْسِيْرًا | اَلَّذِيْنَ | يُحْشَرُوْنَ | عَلٰى | وُجُوْهِهِمْ | اِلٰى | جَهَنَّمَ | اُولٰٓئِكَ |
| تفسیر | وہ لوگ جو | اکٹھے کیے جائیں | اوپر | اپنے مونہوں کے | طرف | جہنم کی | یہ لوگ |

وضاحت لا چکے ہیں۔ جن لوگوں کو جہنم کی طرف ان کے چہروں کے بل اکٹھا کیا جائے گا وہی بدترین مقام میں ہوں گے

ع شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٣٤﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرٌّ | مَّكَانًا | وَ | اَضَلُّ | سَبِيْلًا | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسٰى | الْكِتٰبَ | وَ | جَعَلْنَا |
| برے ہیں | جگہ میں | اور | زیادہ گمراہ | رستے ہیں | اور | بیشک | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | اور | بنایا ہم نے |

اور راہِ راست سے بھٹکے ہوئے ہیں۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی اور ان کے ساتھ ان کے

مَعَهٗۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿٣٥﴾ فَقُلْنَا اذْهَبَاۤ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَهٗ | اَخَاهُ | هٰرُوْنَ | وَزِيْرًا | فَقُلْنَا | اذْهَبَاۤ | اِلَى | الْقَوْمِ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
| اسکے ساتھ | اسکے بھائی | ہارون کو | وزیر | تو کہا ہم نے | جاؤ | طرف | قوم | ان لوگوں کی | جنہوں نے جھٹلایا |

بھائی ہارون علیہ السلام کو مددگار بنایا۔ تو ہم نے فرمایا تم دونوں ان لوگوں کی طرف جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿٣٦﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَا | فَدَمَّرْنٰهُمْ | تَدْمِيْرًا | وَ | قَوْمَ | نُوْحٍ | لَّمَّا | كَذَّبُوا | الرُّسُلَ | اَغْرَقْنٰهُمْ |
| ہماری آیتوں کو | تو ہم نے ہلاک کر دیا انکو | برباد کر کے | اور | قوم | نوح کو | جب | جھٹلایا انہوں نے | رسولوں کو | غرق کر دیا ہم نے انکو |

تو ہم نے انہیں پوری طرح ہلاک کر دیا۔ اور نوح علیہ السلام کی قوم کو جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا ہم نے ان کو غرق کر دیا اور

وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٣٧﴾ وَّعَادًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنٰهُمْ | لِلنَّاسِ | اٰيَةً | وَ | اَعْتَدْنَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | وَ | عَادًا |
| اور | بنایا ہم نے ان کو | لوگوں کیلئے | نشانی | اور | تیار کیا ہم نے | ظالموں کیلئے | عذاب | دردناک | اور | عاد |

انہیں لوگوں کیلئے نشانِ عبرت بنا دیا اور ہم نے ظالموں کیلئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور عاد اور ثمود کو

وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿٣٨﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّثَمُوْدَا۟ | وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ | وَ | قُرُوْنًا | بَيْنَ | ذٰلِكَ | كَثِيْرًا | وَكُلًّا | ضَرَبْنَا | لَهُ |
| اور ثمود | اور کنوئیں والوں کو | اور | زمانے | درمیان | اس کے | بہت | اور ہر ایک | بیان کیں ہم نے | اس کیلئے |

اور کنوئیں والے اور اس کے درمیان بہت سی قومیں۔ اور ہر ایک کے لیے ہم نے

الْاَمْثَالَ ۘ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَمْثَالَ | وَ | كُلًّا | تَبَّرْنَا | تَتْبِيْرًا | وَ | لَقَدْ | اَتَوْا | عَلَى | الْقَرْيَةِ | الَّتِيْٓ | اُمْطِرَتْ |
| مثالیں | اور | ہرایک کو | ہلاک کیا ہم نے | برباد کرکے | اور | بیشک | آئے | اوپر | بستی | ایسی کے جو | برسائی گئی |

مثالیں بیان کیں۔ اور ہرایک کو ہم نے بالکل برباد کردیا۔ اور یہ لوگ اس بستی سے جس پر بدترین بارش برسائی گئی تھی گزر چکے

مَطَرَ السَّوْءِ ۭ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿٤٠﴾ وَاِذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَطَرَ | السَّوْءِ | اَفَلَمْ | يَكُوْنُوْا | يَرَوْنَهَا | بَلْ | كَانُوْا | لَا | يَرْجُوْنَ | نُشُوْرًا | وَ | اِذَا |
| بارش | بری | کیانہیں | تھے وہ | دیکھتے اس کو | بلکہ | تھے وہ | نہ | امید رکھتے | اٹھنے کی | ا | جب |

ہیں تو کیا انہوں نے اس پر غور نہیں کیا؟ نہیں بلکہ وہ دوبارہ اُٹھائے جانے کی اُمید ہی نہیں رکھتے۔ اور (اے حبیب ﷺ) جب

رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿٤١﴾ اِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَاَوْكَ | اِنْ | يَّتَّخِذُوْنَكَ | اِلَّا | هُزُوًا | اَهٰذَا | الَّذِيْ | بَعَثَ | اللّٰهُ | رَسُوْلًا | اِنْ |
| دیکھتے ہیں آپ کو | نہیں | پکڑتے وہ آپ کو | مگر | ٹھٹھا | کیا یہ | وہ ہے جو | بھیجا | اللہ نے | رسول | بیشک |

وہ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ کا مذاق ہی اُڑاتے ہیں (کہتے ہیں) کیا یہی ہیں جنہیں اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ بے شک

كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۭ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَادَ | لَيُضِلُّنَا | عَنْ اٰلِهَتِنَا | لَوْلَآ | اَنْ | صَبَرْنَا | عَلَيْهَا | وَ | سَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ |
| قریب تھا کہ | گمراہ کرتا ہم کو | ہمارے معبودوں سے | اگر نہ ہوتا | یہ کہ | صبر کرتے ہم | اس پر | اور | جلدی | جان لینگے |

قریب تھا کہ یہ ہمارے معبودوں سے ہمیں بہکا دیتے اگر ہم اپنے آپ کو ان (کی پرستش) پر روکے نہ رکھتے اور وہ عنقریب جان

حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٤٢﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِيْنَ | يَرَوْنَ | الْعَذَابَ | مَنْ | اَضَلُّ | سَبِيْلًا | اَرَءَيْتَ | مَنِ | اتَّخَذَ |
| جب | دیکھیں گے | عذاب | کہ کون | گمراہ ہے | رستے سے | کیا دیکھا آپ نے | اسکو جس نے | بنایا |

لیں گے جب عذاب دیکھیں گے کہ راستہ سے بھٹکا ہوا کون تھا۔ کیا آپ نے اسے دیکھا جس نے اپنی خواہش

اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰهَهٗ | هَوٰىهُ | اَفَاَنْتَ | تَكُوْنُ | عَلَيْهِ | وَكِيْلًا | اَمْ | تَحْسَبُ | اَنَّ | اَكْثَرَهُمْ |
| اپنا خدا | اپنی خواہش کو | کیا تم | ہوگے | اس پر | نگہبان | کیا | خیال کرتے تم | بیشک | ان کے اکثر |

نفس کو اپنا خدا بنا لیا تو کیا تم اس کی نگہبانی کا ذمہ لو گے۔ کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ اُن میں سے اکثر لوگ

يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾ ع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْمَعُوْنَ | اَوْ | يَعْقِلُوْنَ | اِنْ | هُمْ | اِلَّا | كَالْاَنْعَامِ | بَلْ | هُمْ | اَضَلُّ | سَبِيْلًا |
| سنتے ہیں | یا | سمجھتے ہیں | نہیں | وہ | مگر | جانوروں کی طرح | بلکہ | وہ | گمراہ ہیں | رستے سے |

سنتے ہیں یا سمجھتے ہیں؟ وہ تو جانوروں کی طرح ہیں بلکہ وہ زیادہ گمراہ ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَمْ | تَرَ | اِلٰى | رَبِّكَ | كَيْفَ | مَدَّ | الظِّلَّ | وَلَوْ | شَآءَ | لَجَعَلَهٗ | سَاكِنًا | ثُمَّ |
| کیا نہ | دیکھا تم نے | طرف | اپنے رب کی | کس طرح | لمبا کیا | سائے کو | اور اگر | چاہتا | تو کرتا اسے | ٹھہرا ہوا | پھر |

کیا آپ نے اپنے رب کو نہیں دیکھا کہ اس نے سائے کو کیسے لمبا کیا ہے؟ اور اگر وہ چاہتا تو اسے ضرور ساکن

جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿۴۵﴾ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿۴۶﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلْنَا | الشَّمْسَ | عَلَيْهِ | دَلِيْلًا | ثُمَّ | قَبَضْنٰهُ | اِلَيْنَا | قَبْضًا | يَّسِيْرًا |
| بنایا ہم نے | سورج کو | اس پر | دلیل | پھر | سمیٹ لیا ہم نے اسکو | اپنی طرف | سمیٹنا | آہستہ آہستہ |

کردیتا پھر ہم نے سورج کو اس کی دلیل بنایا۔ پھر ہم نے آہستہ آہستہ اُس کو اپنی طرف سمیٹ لیا۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الَّيْلَ | لِبَاسًا | وَّالنَّوْمَ | سُبَاتًا | وَّ | جَعَلَ | النَّهَارَ | نُشُوْرًا |
| اور | وہ | وہ ہے کہ جس نے | بنایا | تمہارے لیے | رات کو | لباس | اور نیند کو | آرام | اور | بنایا | دن کو | اٹھنے کیلئے |

اور وہی ہے جس نے رات کو تمہارے لئے پردہ پوش کیا اور نیند کو سکون (کا موجب) اور دن کو چلنے پھرنے کیلئے بنایا۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَرْسَلَ | الرِّيٰحَ | بُشْرًۢا | بَيْنَ يَدَيْ | رَحْمَتِهٖ | وَ | اَنْزَلْنَا | مِنَ السَّمَآءِ |
| اور | وہ | وہ جس نے | بھیجا | ہواؤں کو | خوشخبری دیتی | پہلے | اسکی رحمت سے | اور | اتارا ہم نے | آسمان سے |

اور وہی ہے جس نے اپنی رحمت سے (بارش کی) خوشخبری سنانے والی ہوائیں بھیجیں اور ہم نے آسمان سے

مَآءً طَهُوْرًا ﴿٤٨﴾ لِّنُحْيِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآءً | طَهُوْرًا | لِّنُحْيِۦَ | بِهٖ | بَلْدَةً | مَّيْتًا | وَّ | نُسْقِيَهٗ | مِمَّا | خَلَقْنَآ | اَنْعَامًا |
| پانی | پاک کرنے | تاکہ ہم زندہ کریں | اس سے | شہر | مردہ کو | اور | پلائیں وہ پانی | ان کو جو | پیدا کیے ہم نے | چوپائے |

پاک کرنے والا پانی اُتارا۔ تاکہ ہم اس سے زندہ کریں کسی مردہ شہر کو اور اسے پلائیں اپنے پیدا کیے ہوئے بہت سے

وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿٤٩﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَنَاسِيَّ | كَثِيْرًا | وَ | لَقَدْ | صَرَّفْنٰهُ | بَيْنَهُمْ | لِيَذَّكَّرُوْا | فَاَبٰٓى | اَكْثَرُ | النَّاسِ |
| اور | آدمی | بہت | اور | بیشک | پھیرا اسکو ہم نے | ان میں | تاکہ نصیحت لیں | تو انکار کیا | اکثر | لوگوں نے |

جانوروں اور آدمیوں کو۔ اور بے شک ہم اس کو ان کے درمیان گھماتے رہتے ہیں تاکہ غور و فکر کریں پھر بھی اکثر لوگوں نے بجز

اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٥٠﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ﴿٥١﴾ ۖ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | كُفُوْرًا | وَ | لَوْ | شِئْنَا | لَبَعَثْنَا | فِيْ | كُلِّ | قَرْيَةٍ | نَّذِيْرًا | فَلَا | تُطِعِ | الْكٰفِرِيْنَ |
| مگر | کفر کا | اور | اگر | ہم چاہتے تو | بھیجتے | میں | ہر | بستی میں | ڈرانے والا | تو نہ | کہا مان | کافروں کا |

ناشکری کے کچھ قبول نہ کیا۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیج دیتے۔ پس تم کافروں کی بات نہ مانو اور اسی

وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿٥٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَاهِدْهُمْ | بِهٖ | جِهَادًا | كَبِيْرًا | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | مَرَجَ | الْبَحْرَيْنِ | هٰذَا |
| اور جہاد کر ان سے | اسکے ساتھ | جہاد | بڑا | اور | وہ | وہ جس نے | چلایا | دو دریاؤں کو | یہ |

(قرآن) کے ساتھ ان سے خوب جہاد کرتے جاؤ۔ اور وہی ہے جس نے ملے ہوئے دو دریا جاری کئے

عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذْبٌ | فُرَاتٌ | وَ | هٰذَا | مِلْحٌ | اُجَاجٌ | وَجَعَلَ | بَيْنَهُمَا | بَرْزَخًا | وَ | حِجْرًا |
| میٹھا ہے | خوشگوار | اور | یہ | نمکین | کڑوا | اور بنایا | انکے درمیان | پردہ | اور | آڑ |

یہ میٹھا ہے نہایت شیریں اور یہ کھاری ہے بہت کڑوا اور دونوں کے درمیان پردہ رکھا اور ایک روکاوٹ

مَّحْجُوْرًا ﴿٥٣﴾ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّحْجُوْرًا | وَ | هُوَ | الَّذِیْ | خَلَقَ | مِنَ الْمَآءِ | بَشَرًا | فَجَعَلَهٗ | نَسَبًا | وَ | صِهْرًا |
| روکی ہوئی | او | وہ | وہ جس نے | پیدا کیا | پانی سے | آدمی | توکیا اس کیلئے | نسب | اور | سسرال |

کھڑی کر دی گئی۔ اور وہی ہے جس نے پانی سے آدمی پیدا کیا پھر اس کیلئے نسب اور سسرال (کا رشتہ) بنایا

وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ﴿٥٤﴾ وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَنْفَعُهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَانَ | رَبُّكَ | قَدِیْرًا | وَ | یَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا | یَنْفَعُهُمْ |
| اور ہے | تمہارا رب | قدرت والا | اور | پوجتے ہیں | سوائے | اللہ کے | جو | نہ | نفع دے انہیں |

اور آپ کا رب قدرت والا ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا اُن کی عبادت کرتے ہیں جو اُن کو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں

وَلَا یَضُرُّهُمْ ۭ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰی رَبِّهٖ ظَهِیْرًا ﴿٥٥﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | یَضُرُّهُمْ | وَ | كَانَ | الْكَافِرُ | عَلٰی | رَبِّهٖ | ظَهِیْرًا | وَ | مَآ | اَرْسَلْنٰكَ |
| اور | نہ | نقصان دے انکو | اور | ہے | کافر | اوپر | اپنے رب کے | مددگار | اور | نہیں | بھیجا ہم نے آپ کو |

اور نہ نقصان۔ اور کافر اپنے رب کے خلاف مدد گار بنا ہوا ہے۔ اور ہم نے آپ کو خوشخبری دینے والا

اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ﴿٥٦﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مُبَشِّرًا | وَ | نَذِیْرًا | قُلْ | مَآ | اَسْئَلُكُمْ | عَلَیْهِ | مِنْ اَجْرٍ | اِلَّا | مَنْ | شَآءَ | اَنْ |
| مگر | خوشخبری دیتا | اور | ڈراتا | فرماؤ | نہیں | مانگتا میں تم سے | اس پر | کوئی مزدوری | مگر | جو | چاہے | یہ کہ |

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ فرما دیجئے میں تم سے اس کی کوئی اُجرت نہیں مانگتا مگر جو شخص اپنے رب تک

يَتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۵۷﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَّخِذَ | اِلٰى | رَبِّهٖ | سَبِيْلًا | وَتَوَكَّلْ | عَلَى | الْحَيِّ | الَّذِيْ | لَا يَمُوْتُ | وَسَبِّحْ |
| پکڑلے | طرف | اپنے رب کی | راہ | اور بھروسہ کرو | اوپر | زندہ کے | وہ جو | نہ مرے | اور پاکی بولو |

(پہنچنے کا) راستہ اختیار کرنا چاہتا ہے۔ اور آپ اس ہمیشہ زندہ رہنے والے پر بھروسہ کریں جو کبھی مرے گا نہیں اور اس کی خوبیوں

مع بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرَا ﴿۵۸﴾ ۚ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِحَمْدِهٖ | وَ | كَفٰى | بِهٖ | بِذُنُوْبِ | عِبَادِهٖ | خَبِيْرًا | الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
| اس کی حمد کی | اور | کافی ہے | وہ | گناہوں | اپنے بندوں کے | خبردار | وہ جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو |

کی تسبیح کرو اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے کیلئے کافی ہے۔ جس نے آسمانوں اور زمین اور ان کے

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | فِيْ | سِتَّةِ | اَيَّامٍ | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى | الْعَرْشِ |
| اور | زمین کو | اور | جو | انکے درمیان ہے | میں | چھ | دنوں | پھر | استواء فرمایا | اوپر | عرش کے |

درمیان کی ہر چیز کو چھ دن میں پیدا کیا پھر (اپنی شان کے لائق) عرش پر استواء فرمایا (وہ) رحمٰن ہے تو

اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ | فَسْئَلْ | بِهٖ | خَبِيْرًا | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمُ | اسْجُدُوْا | لِلرَّحْمٰنِ | قَالُوْا |
| وہ رحمٰن ہے | تو پوچھ | اسکے متعلق | خبر والے سے | اور | جب | کہا جائے | ان کو | سجدہ کرو | رحمان کو | کہتے ہیں |

کسی جاننے والے سے اس کی شان پوچھو۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو کہتے ہیں اور رحمٰن کیا ہے

ع ۵ ۱۶ ۳ وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿۶۰﴾ السجدة ع تَبٰرَكَ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | الرَّحْمٰنُ | اَنَسْجُدُ | لِمَا | تَاْمُرُنَا | وَ | زَادَهُمْ | نُفُوْرًا | تَبٰرَكَ | الَّذِيْ |
| اور | کیا ہے | رحمٰن | کیا ہم سجدہ کریں | اسکو جس کو | تم حکم دو ہم کو | اور | زیادہ ہوتی ہے انکو | نفرت | برکت والا ہے | وہ جس نے |

کیا ہم اسے سجدہ کریں جس کا تم ہمیں حکم دیتے ہو اور اس (حکم) نے ان کی نفرت کو اور بڑھا دیا۔ بڑی برکت والا ہے وہ جس

جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿۶۱﴾ وَهُوَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَ | فِي | السَّمَآءِ | بُرُوْجًا | وَّ | جَعَلَ | فِيْهَا | سِرٰجًا | وَّ | قَمَرًا | مُّنِيْرًا | وَ | هُوَ |
| بنایا | میں | آسمان | برجوں کو | اور | بنایا | اس میں | چراغ | اور | چاند | روشن | اور | وہ |

نے آسمان میں برج بنائے اور ان میں چراغ (سورج) رکھا اور چمکتا چاند۔ اور وہی ہے جس نے رات

الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | جَعَلَ | الَّيْلَ | وَالنَّهَارَ | خِلْفَةً | لِّمَنْ | اَرَادَ | اَنْ | يَّذَّكَّرَ | اَوْ | اَرَادَ | شُكُوْرًا |
| وہ ہے جس نے | بنایا | رات | اور دن کو | بدلی رکھی | اس کیلئے جو | چاہے | یہ کہ | نصیحت لے | یا | چاہے | شکرگزاری |

اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے گردش کرنے والا بنایا ہر اُس شخص کے لیے جو ارادہ کرے کہ سبق لے یا ارادہ کرے کہ شکر گزار ہو۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عِبَادُ | الرَّحْمٰنِ | الَّذِيْنَ | يَمْشُوْنَ | عَلَى | الْاَرْضِ | هَوْنًا | وَّ | اِذَا | خَاطَبَهُمُ |
| اور | بندے | رحمٰن کے | وہ ہیں جو | چلتے ہیں | اوپر | زمین کے | نرم چال | اور | جب | کلام کرتے ہیں ان سے |

اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر نرمی سے چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے

الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿۶۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجٰهِلُوْنَ | قَالُوْا | سَلٰمًا | وَ | الَّذِيْنَ | يَبِيْتُوْنَ | لِرَبِّهِمْ | سُجَّدًا | وَّ | قِيَامًا |
| جاہل | کہتے ہیں | سلام | اور | وہ جو | رات گذارتے ہیں | اپنے رب کے سامنے | سجدہ کرتے | اور | قیام کرتے |

بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں ’سلام‘۔ اور جو اپنے رب کے حضور سجدے اور قیام میں راتیں گزارتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَا | اصْرِفْ | عَنَّا | عَذَابَ | جَهَنَّمَ | اِنَّ | عَذَابَهَا | كَانَ |
| اور | وہ جو | عرض کرتے ہیں | اے ہمارے رب | پھیر دے | ہم سے | عذاب | دوزخ کا | بیشک | اس کا عذاب | ہے |

اور جو کہتے ہیں اے ہمارے رب! (آنے والا) جہنم کا عذاب ہم سے پھیر دے بے شک اس کا عذاب چمٹ

غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴿۶۶﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ

| غَرَامًا | اِنَّهَا | سَآءَتْ | مُسْتَقَرًّا | وَّ | مُقَامًا | وَالَّذِيْنَ | اِذَآ | اَنْفَقُوْا | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گلے کا غل ہے | بیشک وہ | برا ہے | ٹھکانا | اور | جگہ | اور وہ کہ | جب | خرچ کرتے ہیں | نہیں |

جانے والی مصیبت ہے۔ بیشک وہ بہت بری جگہ ہے ٹھہرنے اور رہنے کی۔ اور وہ جب خرچ کرتے ہیں نہ حد سے بڑھتے ہیں

يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿۶۷﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ

| يُسْرِفُوْا | وَ | لَمْ | يَقْتُرُوْا | وَ | كَانَ | بَيْنَ | ذٰلِكَ | قَوَامًا | وَالَّذِيْنَ | لَا يَدْعُوْنَ | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فضول خرچ کرتے | اور | نہ | بخل کرتے ہیں | اور | ہے | درمیان | اس کے | اعتدال کی راہ | اور وہ جو | نہیں پکارتے | ساتھ |

اور نہ تنگی کرتے ہیں اور ان دونوں کے درمیان اعتدال پر رہتے ہیں۔ اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ

| اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | وَ | لَا | يَقْتُلُوْنَ | النَّفْسَ | الَّتِيْ | حَرَّمَ | اللّٰهُ | اِلَّا | بِالْحَقِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | معبود | دوسرا | اور | نہیں | قتل کرتے | کسی جان کو | جو | حرام کی | اللہ نے | مگر | حق کے ساتھ |

کو نہیں پوجتے اور اس جان کو جس کی اللہ نے حرمت رکھی ناحق نہیں مارتے

وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ

| وَ | لَا | يَزْنُوْنَ | وَمَنْ | يَّفْعَلْ | ذٰلِكَ | يَلْقَ | اَثَامًا | يُّضٰعَفْ | لَهُ | الْعَذَابُ | يَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | زنا کرتے | اور جو | کرے | ایسا | وہ پڑا | گناہ میں | دگنا کیا جائے گا | اس کیلئے | عذاب | دن |

اور بدکاری نہیں کرتے اور جو یہ کام کرے وہ سزا پائے گا۔ اور قیامت کے دن اس کا عذاب بڑھایا جائے گا

الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا

| الْقِيٰمَةِ | وَ | يَخْلُدْ | فِيْهٖ | مُهَانًا | اِلَّا | مَنْ | تَابَ | وَ | اٰمَنَ | وَ | عَمِلَ | عَمَلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | اور | ہمیشہ رہے | اس میں | ذلیل ہوکر | مگر | جو | توبہ کرے | اور | ایمان لائے | اور | عمل کرے | عمل |

اور وہاں ہمیشہ ذلت میں رہے گا۔ سوائے اس کے جس نے توبہ کر لی اور ایمان لایا اور درست عمل کیے

صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَالِحًا | فَاُولٰٓئِكَ | يُبَدِّلُ | اللّٰهُ | سَيِّاٰتِهِمْ | حَسَنٰتٍ | وَكَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا |
| اچھے | تو یہ لوگ | بدل دیگا | اللہ | ان کی برائیاں | نیکیوں سے | اور ہے | اللہ | بخشنے والا |

تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں میں بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿۷۱﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمًا | وَ | مَنْ | تَابَ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَاِنَّهٗ | يَتُوْبُ | اِلَى | اللّٰهِ | مَتَابًا |
| رحم کرنے والا | اور | جو | توبہ کرے | اور | عمل کرے | نیک | تو وہ | پھرتا ہے | طرف | اللہ کی | پورا پھرنا |

رحم فرمانے والا ہے۔ اور جس نے توبہ کی اور نیک کام کیے تو اس نے اللہ کی طرف وہ رجوع کیا جو رجوع کا حق ہے۔

وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿۷۲﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | لَا | يَشْهَدُوْنَ | الزُّوْرَ | وَ | اِذَا | مَرُّوْا | بِاللَّغْوِ | مَرُّوْا | كِرَامًا | وَ | الَّذِيْنَ |
| اور | وہ جو | نہیں | گواہی دیتے | جھوٹی | اور | جب | گذرتے ہیں | بیہودگی سے | گذرتے ہیں | شرافت سے | اور | وہ کہ |

اور جو لوگ جھوٹی گواہی نہ دیں اور جب بیہودہ کام پر گزریں تو شرافت کے ساتھ گزر جائیں۔ اور یہ وہ لوگ ہیں

اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿۷۳﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | ذُكِّرُوْا | بِاٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | لَمْ | يَخِرُّوْا | عَلَيْهَا | صُمًّا | وَّ | عُمْيَانًا | وَالَّذِيْنَ |
| جب | نصیحت کیے جائیں | آیات | اپنے رب کی | نہیں | گر پڑتے | اس پر | بہرے | اور | اندھے ہو کر | اور وہ جو |

جب انہیں ان کے رب کی آیات سے نصیحت کی جاتی ہے تو ان پر بہرے اندھے ہو کر نہیں گرتے۔ اور وہ جو عرض کرتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَا | هَبْ | لَنَا | مِنْ اَزْوَاجِنَا | وَ | ذُرِّيّٰتِنَا | قُرَّةَ | اَعْيُنٍ | وَّ | اجْعَلْنَا |
| کہتے ہیں | اے ہمارے رب | عطا کر | ہم کو | ہماری بیویوں سے | اور | ہماری اولاد سے | ٹھنڈک | آنکھوں کی | اور | بنا ہم کو |

اے ہمارے رب ہمیں دے ہماری بیویوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں

لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿٧٤﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا

| لِلْمُتَّقِيْنَ | اِمَامًا | اُولٰٓئِكَ | يُجْزَوْنَ | الْغُرْفَةَ | بِمَا | صَبَرُوْا | وَ | يُلَقَّوْنَ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاروں کا | پیشوا | یہ لوگ | بدلہ دے جائیں | بالاخانے | بدلے | صبر کے | اور | ملیں | اس میں |

پرہیزگاروں کا امام بنادے۔ ان لوگوں کو ان کے صبر کے بدلے بالا خانے ملیں گے اور وہاں زندگی کی دُعا اور سلامتی

تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿٧٥﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٧٦﴾ قُلْ

| تَحِيَّةً | وَ | سَلٰمًا | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | حَسُنَتْ | مُسْتَقَرًّا | وَ | مُقَامًا | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحفے | اور | سلام | ہمیشہ رہیں | اس میں | اچھا ہے | ٹھکانا | اور | جگہ | فرمادو |

سے ان کا استقبال ہوگا۔ اور وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے کیا ہی اچھی ہوگی ٹھہرنے اور رہنے کی وہ جگہ۔ فرمادیجئے میرے رب

مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾

| مَا | يَعْبَؤُا | بِكُمْ | رَبِّيْ | لَوْلَا | دُعَآؤُكُمْ | فَقَدْ | كَذَّبْتُمْ | فَسَوْفَ | يَكُوْنُ | لِزَامًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | پرواہ کرتا | تمہاری | میرا رب | اگر نہ ہوا | تمہاری پکار | تو بیشک | تم نے جھٹلایا | تو جلدی ہو | جائے گا | چمٹنے والا |

کو تمہاری کوئی پرواہ نہیں اگر تم اس کی عبادت نہ کرو پھر بے شک تم نے جھٹلایا تو اب عذاب (ہمیشہ کیلئے تم پر) لازم رہے گا۔

## اٰیاتھا ٢٢٧ — ٢٦ سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ ٤٧ — رکوعاتھا ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ﴿١﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا

| طٰسٓمّٓ | تِلْكَ | اٰيٰتُ | الْكِتٰبِ | الْمُبِيْنِ | لَعَلَّكَ | بَاخِعٌ | نَّفْسَكَ | اَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | یہ | آئتیں ہیں | کتاب | روشن کی | شائد آپ | ہلاک کرنے والے ہیں | اپنی جان کو | یہ کہ نہیں |

طٰسٓمّٓ یہ آیتیں ہیں روشن کتاب کی۔ اے حبیب کبریا ﷺ شاید آپ (اس غم میں) اپنی جان (عزیز) ہی

يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝٣ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكُوْنُوْا | مُؤْمِنِيْنَ | اِنْ | نَّشَاْ | نُنَزِّلْ | عَلَيْهِمْ | مِّنَ السَّمَآءِ | اٰيَةً | فَظَلَّتْ |
| ہوئے وہ | ایمان لانے والے | اگر | ہم چاہیں تو | اتاریں | ان پر | آسمان سے | ایسی نشانی کہ | ہو جائیں |

دے بیٹھیں کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے کوئی نشانی اتار دیں جس کے

اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۝٤ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْنَاقُهُمْ | لَهَا | خٰضِعِيْنَ | وَ | مَا | يَاْتِيْهِمْ | مِّنْ ذِكْرٍ | مِّنَ الرَّحْمٰنِ |
| ان کی گردنیں | اس کیلئے | جھکنے والی | اور | نہیں | آتا انکے پاس | کوئی ذکر | رحمٰن سے |

سامنے ان کی گردنیں جھک کر رہ جائیں۔ اور ان کے پاس رحمٰن کی طرف سے کوئی نئی نصیحت

مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۝٥ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحْدَثٍ | اِلَّا | كَانُوْا | عَنْهُ | مُعْرِضِيْنَ | فَقَدْ | كَذَّبُوْا | فَسَيَاْتِيْهِمْ | اَنْۢبٰٓؤُا |
| نیا | مگر | ہوتے ہیں | اس سے | منہ پھیرنے والے | تو بیشک | جھٹلا چکے | تو جلدی آئینگی انکے پاس | خبریں |

نہیں آتی مگر وہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ تو بے شک انہوں نے جھٹلایا تو عنقریب ان کے پاس اس چیز کی

مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٦ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ | اَوَلَمْ | يَرَوْا | اِلَى | الْاَرْضِ | كَمْ | اَنْۢبَتْنَا | فِيْهَا |
| اسکی جو | تھے | اس کو | ٹھٹھا کرتے | کیا نہ | دیکھا انہوں نے | طرف | زمین کی | کتنے | اگائے ہم نے | اس میں |

خبریں آ جائیں گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا انہوں نے زمین کو نہ دیکھا ہم نے اس میں ہر قسم کی عمدہ

مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝٧ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝٨

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ كُلِّ | زَوْجٍ | كَرِيْمٍ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ |
| ہر طرح کے | جوڑے | اچھے | بیشک | اس میں | نشان ہیں | اور | نہیں | ہیں | اکثر ان کے | ایمان لانے والے |

نباتات اُگائی ہیں۔ بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہیں۔

ع ٩ / ٥

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٩﴾ ع وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | وَ | اِذْ | نَادٰى | رَبُّكَ | مُوْسٰى | اَنِ | ائْتِ |
| اور | بیشک | تمہارا رب | وہی ہے | عزت والا | رحم والا | اور | جب | پکارا | تمہارے رب نے | موسیٰ کو | یہ کہ | جا |

اور بے شک تمہارا رب ہی غالب اور رحم فرمانے والا ہے۔ اور جب تمہارے رب نے موسیٰ علیہ السلام کو آواز دی کہ تم

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿١١﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَخَافُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | قَوْمَ | فِرْعَوْنَ | اَلَا | يَتَّقُوْنَ | قَالَ | رَبِّ | اِنِّيْٓ | اَخَافُ |
| قوم | ظالم کے پاس | قوم | فرعون کی | کیا نہیں | ڈرتے تم | بولا | اے میرے رب | بیشک میں | ڈرتا ہوں |

ظالم قوم کے پاس جاؤ۔ فرعون کی قوم کے پاس کیا وہ ڈرتے نہیں؟ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے رب! مجھے خوف

اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿١٢﴾ ؕ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّكَذِّبُوْنِ | وَ | يَضِيْقُ | صَدْرِيْ | وَ | لَا | يَنْطَلِقُ | لِسَانِيْ | فَاَرْسِلْ | اِلٰى |
| یہ کہ | مجھے جھٹلائیں | اور | تنگ ہوتا ہے | میرا سینہ | اور | نہیں | چلتی | میری زبان | تو بھیج | طرف |

ہے کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گے۔ اور میرا سینہ تنگ ہوتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی تو تُو ہارون کو علیہ السلام بھی

هٰرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿١٤﴾ ج قَالَ كَلَّا ج فَاذْهَبَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰرُوْنَ | وَ | لَهُمْ | عَلَيَّ | ذَنْبٌ | فَاَخَافُ | اَنْ | يَّقْتُلُوْنِ | قَالَ | كَلَّا | فَاذْهَبَا |
| ہارون کی | اور | ان کا | مجھ پر | الزام ہے | تو میں ڈرتا ہوں | یہ کہ | مجھے قتل کرینگے | فرمایا | ہرگز نہیں | جاؤ |

رسالت عطا کر دے۔ اور ان کا مجھ پر ایک الزام ہے تو میں ڈرتا ہوں کہیں مجھے قتل نہ کر دیں۔ فرمایا ہرگز نہیں، تم دونوں ہماری

بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿١٥﴾ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَآ | اِنَّا | مَعَكُمْ | مُّسْتَمِعُوْنَ | فَاْتِيَا | فِرْعَوْنَ | فَقُوْلَآ | اِنَّا | رَسُوْلُ | رَبِّ |
| ہماری آیتیں لے کر | ہم | تمہارے ساتھ ہیں | سنتے ہیں | تو جاؤ | فرعون کے پاس | تو کہو | بیشک ہم | رسول ہیں | رب |

نشانیاں لے کر جاؤ، ہم تمہارے ساتھ ہیں اور (سب کچھ) سنتے ہیں۔ پھر تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ۔ پھر تم دونوں کہو: "یقیناً ہم کائنات

الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٧﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا

| الْعٰلَمِيْنَ | اَنْ | اَرْسِلْ | مَعَنَا | بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | قَالَ | اَلَمْ | نُرَبِّكَ | فِيْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہانوں کے | یہ کہ | بھیج | ہمارے ساتھ | اولاد اسرائیل کو | بولا | کیا نہیں | پالا تجھ کو | اپنے گھر میں |

کے رب کے رسول ہیں۔ کہ بنی اسرائیل کو (آزادی دے کر) ہمارے ساتھ بھیج دے۔ فرعون نے کہا (اے موسیٰ علیہ السلام!) کیا

وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ

| وَلِيْدًا | وَ | لَبِثْتَ | فِيْنَا | مِنْ عُمُرِكَ | سِنِيْنَ | وَ | فَعَلْتَ | فَعْلَتَكَ | الَّتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچپن میں | اور | رہا تو | ہمارے اندر | اپنی عمر کے | کئی سال | اور | کیا تونے | وہ کام | جو |

ہم نے تمہارے بچپن میں تمہیں اپنے یہاں پالا نہ تھا اور تم نے ہمارے درمیان اپنی عمر کے کئی سال گزارے۔ پھر تو اپنا وہ کام کر گیا جو کر گیا

فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٢٠﴾

| فَعَلْتَ | وَ | اَنْتَ | مِنَ الْكٰفِرِيْنَ | قَالَ | فَعَلْتُهَآ | اِذًا | وَ | اَنَا | مِنَ الضَّآلِّيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تونے کیا | اور | تو ہے | ناشکروں سے | فرمایا | میں نے کیا تھا | اس وقت | اور | مجھے | کہ راہ کی خبر نہیں تھی |

اور تو ناشکروں میں ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا جب میں نے وہ کام کیا میں بے خبر تھا۔

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ

| فَفَرَرْتُ | مِنْكُمْ | لَمَّا | خِفْتُكُمْ | فَوَهَبَ | لِيْ | رَبِّيْ | حُكْمًا | وَجَعَلَنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو میں بھاگ کیا | تم میں سے | جب | میں تم سے ڈرا | تو دیدیا | مجھے | میرے رب نے | حکم | اور بنایا مجھے |

پھر میں تمہارے دائرہ اختیار سے نکل گیا جب میں تمہارے (ارادوں) سے خوف زدہ ہوا پھر میرے رب نے مجھے (علم و)

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢١﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ

| مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ | وَ | تِلْكَ | نِعْمَةٌ | تَمُنُّهَا | عَلَيَّ | اَنْ | عَبَّدْتَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبروں سے | اور | یہ | نعمت ہے | کہ تو احسان رکھتا ہے | مجھ پر | یہ کہ | تونے غلام بنایا |

حکمت دی اور مجھے رسول بنایا۔ مگر یہ ہے وہ نعمت جس کا تو مجھے احسان جتلاتا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل

بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ﴿ؕ۲۲﴾ قَالَ فِرۡعَوۡنُ وَ مَا رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿ؕ۲۳﴾ قَالَ رَبُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِیۡۤ | اِسۡرَآءِیۡلَ | قَالَ | فِرۡعَوۡنُ | وَ | مَا | رَبُّ | الۡعٰلَمِیۡنَ | قَالَ | رَبُّ |
| اولاد | یعقوب کو | کہا | فرعون نے | اور | کون ہے | رب | جہانوں کا | فرمایا | رب |

کو غلام بنا رکھا ہے۔ فرعون نے کہا اور کیا ہے رب العالمین۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا (وہ) رب ہے

السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَهُمَا ؕ اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | وَمَا | بَیۡنَهُمَا | اِنۡ | کُنۡتُمۡ | مُّوۡقِنِیۡنَ | قَالَ | لِمَنۡ |
| آسمانوں | اور | زمین کا | اور جو | انکے درمیان ہے | اگر | ہو تم | یقین کرنے والے | بولا | ان سے |

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اپنے آس پاس والوں سے بولا

حَوۡلَهٗۤ اَلَا تَسۡتَمِعُوۡنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّکُمۡ وَ رَبُّ اٰبَآئِکُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَوۡلَهٗۤ | اَلَا | تَسۡتَمِعُوۡنَ | قَالَ | رَبُّکُمۡ | وَرَبُّ | اٰبَآئِکُمُ | الۡاَوَّلِیۡنَ | قَالَ | اِنَّ |
| جو اسکے اردگرد تھے | کیا نہیں | تم سنتے | فرمایا | رب تمہارا | اور رب | تمہارے باپ دادا | پہلوں کا | بولا | بیشک |

کیا تم غور سے سنتے نہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (وہی) تمہارا (بھی) رب اور تمہارے پہلے باپ داداؤں کا۔ وہ بولا بے

رَسُوۡلَکُمُ الَّذِیۡۤ اُرۡسِلَ اِلَیۡکُمۡ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوۡلَکُمُ | الَّذِیۡۤ | اُرۡسِلَ | اِلَیۡکُمۡ | لَمَجۡنُوۡنٌ | قَالَ | رَبُّ | الۡمَشۡرِقِ |
| تمہارا رسول | وہ جو | بھیجا گیا | طرف تمہاری | یقیناً دیوانہ ہے | فرمایا | رب | مشرق کا |

شک تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے دیوانہ ہے۔ اس نے کہا مشرق اور مغرب اور جو کچھ بھی ان کے

وَ الۡمَغۡرِبِ وَ مَا بَیۡنَهُمَا ؕ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذۡتَ اِلٰـهًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الۡمَغۡرِبِ | وَ | مَا | بَیۡنَهُمَا | اِنۡ | کُنۡتُمۡ | تَعۡقِلُوۡنَ | قَالَ | لَئِنِ | اتَّخَذۡتَ | اِلٰـهًا |
| اور | مغرب کا | اور | جو | انکے درمیان ہے | اگر | ہو تم | سمجھتے | بولا | اگر | پکڑا تو نے | کوئی خدا |

درمیان ہے ان کا رب ہے اگر تم عقل رکھتے ہو۔ (فرعون) بولا (اے موسیٰ علیہ السلام!) اگر تم نے میرے سوا کسی دوسرے کو معبود

غَیۡرِیۡ لَاَجۡعَلَنَّکَ مِنَ الۡمَسۡجُوۡنِیۡنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ اَوَلَوۡ جِئۡتُکَ بِشَیۡءٍ

| غَیۡرِیۡ | لَاَجۡعَلَنَّکَ | مِنَ الۡمَسۡجُوۡنِیۡنَ | قَالَ | اَوَلَوۡ | جِئۡتُکَ | بِشَیۡءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے سوا | تو کردوں گا میں تجھے | قیدیوں میں سے | فرمایا | کیا اگرچہ | لاؤں تیرے پاس | کوئی دلیل |

بنایا تو میں ضرور تمہیں قیدیوں میں شامل کر دوں گا۔ (موسیٰ علیہ السلام نے) فرمایا اگرچہ میں تیرے پاس کوئی روشن

مُّبِیۡنٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ فَاۡتِ بِہٖۤ اِنۡ کُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ ﴿۳۱﴾ فَاَلۡقٰی عَصَاہُ فَاِذَا

| مُّبِیۡنٍ | قَالَ | فَاۡتِ | بِہٖۤ | اِنۡ | کُنۡتَ | مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ | فَاَلۡقٰی | عَصَاہُ | فَاِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روشن | بولا | لا | وہ | اگر | ہے تو | سچے لوگوں سے | تو ڈالا | اپنی لاٹھی کو | تو جبھی |

چیز (بھی) لے آؤں؟ کہا تو لاؤ اگر سچے ہو۔ تو آپ نے (اسی وقت) اپنا عصا زمین پر ڈال دیا جو

ہِیَ ثُعۡبَانٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۳۲﴾ وَّ نَزَعَ یَدَہٗ فَاِذَا ہِیَ بَیۡضَآءُ لِلنّٰظِرِیۡنَ ﴿۳۳﴾ قَالَ

| ہِیَ | ثُعۡبَانٌ | مُّبِیۡنٌ | وَ | نَزَعَ | یَدَہٗ | فَاِذَا | ہِیَ | بَیۡضَآءُ | لِلنّٰظِرِیۡنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | اژدہا تھا | ظاہر | اور | کھینچا | اپنا ہاتھ | تو اچانک | وہ | سفید تھا | دیکھنے والوں کیلئے | بولا |

اچانک کھلم کھلا (زبردست) اژدھا بن گیا۔ اور اپنا ہاتھ نکالا تو وہ دیکھنے والوں کیلئے سفید چمکنے والا ہو گیا۔ فرعون اپنے اردگرد

لِلۡمَلَاِ حَوۡلَہٗۤ اِنَّ ہٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِیۡمٌ ﴿۳۴﴾ یُّرِیۡدُ اَنۡ یُّخۡرِجَکُمۡ مِّنۡ اَرۡضِکُمۡ

| لِلۡمَلَاِ | حَوۡلَہٗۤ | اِنَّ | ہٰذَا | لَسٰحِرٌ | عَلِیۡمٌ | یُّرِیۡدُ | اَنۡ | یُّخۡرِجَکُمۡ | مِّنۡ اَرۡضِکُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرداروں سے | جو اسکے اردگرد تھے | بیشک | یہ | جادوگر ہے | جاننے والا | چاہتا ہے | یہ کہ | نکالے تم کو | تمہاری زمین سے |

سرداروں سے کہنے لگا یہ تو یقیناً ایک ماہر جادوگر ہے۔ اپنے جادو کے ذریعہ تمہارے ملک سے تمہیں نکالنا

بِسِحۡرِہٖ ﴿ۖ﴾ فَمَاذَا تَاۡمُرُوۡنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوۡۤا اَرۡجِہۡ وَ اَخَاہُ وَ ابۡعَثۡ فِی الۡمَدَآئِنِ

| بِسِحۡرِہٖ | فَمَاذَا | تَاۡمُرُوۡنَ | قَالُوۡۤا | اَرۡجِہۡ | وَ | اَخَاہُ | وَابۡعَثۡ | فِی الۡمَدَآئِنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے جادو سے | تو کیا | فیصلہ کرتے ہو | بولے | مہلت دے اس کو | اور | اسکے بھائی کو | اور بھیج | شہروں میں |

چاہتے ہیں تو (اب) تم کیا مشورہ دیتے ہو۔ وہ بولے انہیں اور ان کے بھائی (ہارون علیہ السلام) کو روکے رہو اور (اپنے ملک کے) شہروں

خٰشِرِیْنَ ﴿۳۶﴾ یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِیْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ

| خٰشِرِیْنَ | یَاْتُوْكَ | بِكُلِّ | سَحَّارٍ | عَلِیْمٍ | فَجُمِعَ | السَّحَرَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکٹھا کرنے والے | لائیں تیرے پاس | ہر ایک | بڑے جادوگر | دانا کو | تو جمع کیے گئے | جادوگر |

میں (جادوگروں کو) جمع کرنے والے (آدمی) بھیج دو۔ وہ ہر ماہر جادوگر کو تیرے پاس لے آئیں۔ تو جمع کیے گئے جادوگر ایک مقرر

لِمِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِیْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا

| لِمِیْقَاتِ | یَوْمٍ | مَّعْلُوْمٍ | وَّقِیْلَ | لِلنَّاسِ | هَلْ | اَنْتُمْ | مُّجْتَمِعُوْنَ | لَعَلَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وقت | دن | مقرر کے | اور کہا گیا | لوگوں کو | کیا | تم | اکٹھے ہوگے | تاکہ ہم |

دن کے وعدہ پر۔ اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم بھی جمع ہو گے۔ تاکہ ہم جادوگروں

نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا

| نَتَّبِعُ | السَّحَرَةَ | اِنْ | كَانُوْا | هُمُ | الْغٰلِبِیْنَ | فَلَمَّا | جَآءَ | السَّحَرَةُ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے لگیں | جادوگروں کے | اگر | ہوں وہ | وہ | غالب | پھر جب | آئے | جادوگر | بولے |

کی پیروی کریں اگر وہی جیت جائیں؟ پھر جادوگر جب آئے تو فرعون سے کہنے لگے

لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا

| لِفِرْعَوْنَ | اَئِنَّ | لَنَا | لَاَجْرًا | اِنْ | كُنَّا | نَحْنُ | الْغٰلِبِیْنَ | قَالَ | نَعَمْ | وَاِنَّكُمْ | اِذًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون سے | کیا بیشک | ہمارے لیے | مزدوری ہوگی | اگر | ہوں | ہم | غالب | کہا | ہاں | اور بیشک تم | اس وقت |

کیا ہمیں کچھ مزدوری ملے گی اگر ہم (موسیٰ علیہ السلام پر) غالب آگئے۔ اس نے کہا ہاں اور اس وقت یقیناً تم ضرور (میرے)

لَّمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَاَلْقَوْا

| لَّمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ | قَالَ | لَهُمْ | مُّوْسٰى | اَلْقُوْا | مَاۤ | اَنْتُمْ | مُّلْقُوْنَ | فَاَلْقَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقربین میں ہوگے | فرمایا | ان سے | موسیٰ نے | ڈالو | جو | تم | ڈالنے والے ہو | تو ڈالیں انہوں نے |

مقربین میں سے ہو جاؤ گے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے فرمایا ڈالو جو تمہیں ڈالنا ہے۔ تو انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں

حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى

| حِبَالَهُمْ | وَعِصِيَّهُمْ | وَ | قَالُوْا | بِعِزَّةِ | فِرْعَوْنَ | اِنَّا | لَنَحْنُ | الْغٰلِبُوْنَ | فَاَلْقٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی رسیاں | اور اپنی لاٹھیاں | اور | بولے | قسم عزت | فرعون کی | بیشک | ہم | غالب ہونگے | تو ڈالا |

ڈالیں اور بولے فرعون کی عزت کی قسم، بیشک ہماری ہی جیت ہے۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے

مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ

| مُوْسٰى | عَصَاهُ | فَاِذَا | هِيَ | تَلْقَفُ | مَا | يَاْفِكُوْنَ | فَاُلْقِيَ | السَّحَرَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ نے | اپنا عصا | تو جبھی | وہ | نگلتا تھا | جو | وہ بناتے تھے | تو ڈالے گئے | جادوگر |

اپنا عصا پھینکا تو تب یکایک وہ نگلنے لگا جو جھوٹ وہ گھڑتے تھے۔ اور جادوگر سجدے میں

سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾

| سٰجِدِيْنَ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | رَبِّ | مُوْسٰى | وَ | هٰرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سجدے میں | بولے | ہم ایمان لائے | رب | جہانوں پر | جو رب ہے | موسیٰ | اور | ہارون کا |

گر گئے۔ کہنے لگے ہم رب العلمین پر ایمان لائے۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کے رب پر۔

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ

| قَالَ | اٰمَنْتُمْ | لَهٗ | قَبْلَ | اَنْ | اٰذَنَ | لَكُمْ | اِنَّهٗ | لَكَبِيْرُكُمُ | الَّذِيْ | عَلَّمَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولا | تم ایمان لائے | اس پر | پہلے | اس سے کہ | اجازت دوں میں | تم کو | بیشک وہ | بڑا ہے تمہارا | جس نے | سکھایا تمہیں |

فرعون بولا کیا تم اس پر ایمان لائے قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دوں بے شک وہ تمہارا بڑا ہے

السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ؕ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

| السِّحْرَ | فَلَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | لَاُقَطِّعَنَّ | اَيْدِيَكُمْ | وَاَرْجُلَكُمْ | مِّنْ خِلَافٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جادو | تو جلدی | جانو گے تم | ضرور کاٹوں گا میں | تمہارے ہاتھ | اور تمہارے پاؤں | برخلاف |

جس نے تمہیں جادو سکھایا عنقریب تم جان لو گے مجھے قسم ہے بے شک میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت سے

وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٩﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ؗ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿٥٠﴾ ج

| وَ | لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ | اَجْمَعِيْنَ | قَالُوْا | لَا | ضَيْرَ | اِنَّآ | اِلٰى | رَبِّنَا | مُنْقَلِبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ضرور سولی دوں گا تم کو | سب کو | بولے | نہیں | کوئی فکر | بیشک ہم | طرف | اپنے رب کی | پھرنے والے ہیں |

کٹواؤں گا اور تم سب کو ضرور سولی دوں گا۔ وہ بولے کچھ حرج نہیں ہم اپنے رب کی طرف واپس پلٹنے والے ہیں۔

اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥١﴾ ط ع

ع ٦ ٢

| اِنَّا | نَطْمَعُ | اَنْ | يَّغْفِرَ | لَنَا | رَبُّنَا | خَطٰيٰنَآ | اَنْ | كُنَّآ | اَوَّلَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک ہم | امید رکھتے ہیں | یہ کہ | بخش دے | ہمیں | ہمارا رب | ہماری خطائیں | یہ کہ | ہوں ہم | پہلے | ایمان والے |

ہم خواہش کرتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں ہمارے قصور بخش دے کہ ہم ایمان والوں میں پہلے ہیں۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٥٢﴾ فَاَرْسَلَ

| وَاَوْحَيْنَآ | اِلٰى | مُوْسٰٓى | اَنْ | اَسْرِ | بِعِبَادِيْٓ | اِنَّكُمْ | مُّتَّبَعُوْنَ | فَاَرْسَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وحی کی ہم نے | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ | رات کو لے جا | میرے بندوں کو | بیشک تم | تم پیچھا کیے جاؤ گے | تو بھیجے |

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ رات کو میرے بندوں کو لے کر چلو یقیناً تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔ تو فرعون نے جمع کرنے

فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٥٣﴾ ج اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿٥٤﴾ لا

| فِرْعَوْنُ | فِى | الْمَدَآئِنِ | حٰشِرِيْنَ | اِنَّ | هٰٓؤُلَآءِ | لَشِرْذِمَةٌ | قَلِيْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون نے | میں | شہروں | اکٹھے کرنے والے | بیشک | یہ | جماعت ہے | تھوڑی |

والے لوگوں کو شہروں میں بھیج دیا۔ (اس نے کہا) کہ بے شک یہ لوگ (بنی اسرائیل) تھوڑی سی جماعت ہیں۔

وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿٥٥﴾ لا وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾ ط فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ

| وَ | اِنَّهُمْ | لَنَا | لَغَآئِظُوْنَ | وَ | اِنَّا | لَجَمِيْعٌ | حٰذِرُوْنَ | فَاَخْرَجْنٰهُمْ | مِّنْ جَنّٰتٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک وہ | ہمیں | غصہ دلاتے ہیں | اور | ہم | سب | چوکنے ہیں | تو ہم نے انہیں نکالا | باغوں |

اور یہ لوگ ہمیں سخت غضبناک کر رہے ہیں۔ اور بے شک ہم سب ساز و سامان کے ساتھ ہیں۔ یوں ہم نے انہیں نکال دیا

وَّعُيُوۡنٍ ۙ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوۡزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيۡمٍ ۙ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَاَوۡرَثۡنٰهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عُيُوۡنٍ | وَ | كُنُوۡزٍ | وَ | مَقَامٍ | كَرِيۡمٍ | كَذٰلِكَ | وَ | اَوۡرَثۡنٰهَا |
| اور | چشموں سے | اور | خزانوں | اور | جگہ | اچھی سے | ایسا ہی ہے | اور | وارث کیلئے اسکا |

باغوں اور چشموں سے۔ اور خزانوں اور عمدہ و اعلیٰ مکانوں سے۔ اسی طرح کیا ہم نے اور ان ساز و سامان کا وارث

بَنِيۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ؕ﴿۵۹﴾ فَاَتۡبَعُوۡهُمۡ مُّشۡرِقِيۡنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الۡجَمۡعٰنِ قَالَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِيۡ | اِسۡرَآءِيۡلَ | فَاَتۡبَعُوۡهُمۡ | مُّشۡرِقِيۡنَ | فَلَمَّا | تَرَآءَ | الۡجَمۡعٰنِ | قَالَ |
| اولاد | یعقوب کو | تو پیچھے لگے ان کے | صبح ہوتے | پھر جب | دیکھ لیا | دونوں نے | کہا |

بنی اسرائیل کو کر دیا۔ پھر انہوں نے صبح ہوتے ہی ان کا پیچھا کیا۔ پھر جب دونوں گروہوں کا آمنا سامنا ہوا

اَصۡحٰبُ مُوۡسٰٓى اِنَّا لَمُدۡرَكُوۡنَ ۚ﴿۶۱﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِىَ رَبِّىۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصۡحٰبُ مُوۡسٰى | اِنَّا | لَمُدۡرَكُوۡنَ | قَالَ | كَلَّا | اِنَّ | مَعِىَ | رَبِّىۡ |
| موسیٰ کے ساتھیوں نے | بیشک ہم | پکڑے گئے | فرمایا موسیٰ نے | ہرگز نہیں | بیشک | میرے ساتھ | میرا رب ہے |

موسیٰ علیہ السلام والوں نے کہا یقیناً ہم جکڑ لیے گئے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یوں نہیں بے شک میرا رب میرے ساتھ ہے وہ جلد ہی

سَيَهۡدِيۡنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى اَنِ اضۡرِبْ بِّعَصَاكَ الۡبَحۡرَ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَيَهۡدِيۡنِ | فَاَوۡحَيۡنَاۤ | اِلٰى | مُوۡسٰى | اَنِ | اضۡرِبْ | بِّعَصَاكَ | الۡبَحۡرَ |
| وہ جلدی راہ دکھائے گا مجھے | تو وحی کی ہم نے | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ | مار | اپنا عصا | دریا کو |

میری رہنمائی کرے گا۔ سو ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ اپنا عصا سمندر پر مارو

فَانۡفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرۡقٍ كَالطَّوۡدِ الۡعَظِيۡمِ ۚ﴿۶۳﴾ وَاَزۡلَفۡنَا ثَمَّ الۡاٰخَرِيۡنَ ۚ﴿۶۴﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانۡفَلَقَ | فَكَانَ | كُلُّ | فِرۡقٍ | كَالطَّوۡدِ | الۡعَظِيۡمِ | وَاَزۡلَفۡنَا | ثَمَّ | الۡاٰخَرِيۡنَ |
| تو پھٹ گیا | تو ہو گیا | ہر | حصہ | مثل پہاڑ | بڑے کی | اور قریب کیا ہم نے | اس جگہ | دوسروں کو |

چنانچہ وہ پھٹ گیا اور ہر حصہ بڑے پہاڑ کی طرح تھا۔ اور دوسروں کو ہم قریب لے آئے۔

وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾ ج ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾ ط

| وَ | اَنْجَيْنَا | مُوْسٰى | وَ | مَنْ | مَّعَهٗ | اَجْمَعِيْنَ | ثُمَّ | اَغْرَقْنَا | الْاٰخَرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نجات دی ہم نے | موسیٰ کو | اور | جو | انکے ساتھ تھے | سب کو | پھر | غرق کیا ہم نے | دوسروں کو |

اور ہم نے موسیٰ اور ان کے سب ساتھیوں کو نجات دی۔ پھر دوسروں (فرعون والوں) کو غرق کر دیا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

| اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | میں | اس | یقیناً نشانی ہے | اور | نہیں | تھے | اکثر ان کے | ایمان لانیوالے | اور | بیشک | تمہارا رب | وہی ہے |

بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان والے نہیں تھے۔ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت

ع ٤/١٠ وقف لازم

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ

| الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | وَاتْلُ | عَلَيْهِمْ | نَبَاَ | اِبْرٰهِيْمَ | اِذْ | قَالَ | لِاَبِيْهِ | وَ | قَوْمِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عزت والا | رحم کرنے والا | اور پڑھو | ان پر | خبر | ابراہیم کی | جب | کہا اس نے | اپنے باپ | اور | اپنی قوم کو |

والا مہربان ہے۔ اور انہیں ابراہیم علیہ السلام کی خبر سناؤ۔ جب اس نے اپنے باپ (چچا آزر) اور اپنی قوم سے کہا

مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ

| مَا | تَعْبُدُوْنَ | قَالُوْا | نَعْبُدُ | اَصْنَامًا | فَنَظَلُّ | لَهَا | عٰكِفِيْنَ | قَالَ | هَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا | پوجتے ہو تم | بولے | ہم پوجتے ہیں | بتوں کو | تو ہوتے ہیں | ان پر | دھرنا مارنے والے | فرمایا | کیا |

یہ تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ انہوں نے کہا ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں تو ہم انہی کیلئے (پرستش پر) جم کر بیٹھنے والے ہیں۔ فرمایا کیا وہ تمہاری

يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾ لا اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَاۤ

| يَسْمَعُوْنَكُمْ | اِذْ تَدْعُوْنَ | اَوْ | يَنْفَعُوْنَكُمْ | اَوْ | يَضُرُّوْنَ | قَالُوْا | بَلْ | وَجَدْنَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنتے ہیں وہ تمہاری | جب تم پکارتے ہو | یا | فائدہ دیتے ہیں تم کو | یا | نقصان | بولے | بلکہ | ہم نے پایا |

(فریاد) سنتے ہیں؟ جب تم (انہیں) پکارو۔ یا تمہارا کچھ بھلا برا کرتے ہیں۔ وہ بولے اے ابراہیم علیہ السلام ہم نے اپنے

اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰبَآءَنَا | كَذٰلِكَ | يَفْعَلُوْنَ | قَالَ | اَفَرَءَيْتُمْ | مَا | كُنْتُمْ | تَعْبُدُوْنَ | اَنْتُمْ |
| اپنے باپ دادا کو | ایسا ہی | کرتے | فرمایا | کیا دیکھا تم نے | جو | ہو تم | پوجتے | تم |

باپ دادا کو ایسا ہی کرتے پایا۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کیا تم نے غور کیا کہ جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ تم اور تمہارے

وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٧﴾ الَّذِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اٰبَآؤُكُمُ | الْاَقْدَمُوْنَ | فَاِنَّهُمْ | عَدُوٌّ لِّيْٓ | اِلَّا | رَبَّ | الْعٰلَمِيْنَ | الَّذِيْ |
| اور | تمہارے باپ دادا | پہلے | تو وہ | دشمن ہیں میرے | مگر | رب | جہانوں کا | وہ جس نے |

اگلے آباؤ اجداد۔ تو بلاشبہ وہ میرے دشمن ہیں مگر سب جہانوں کا مالک (وہی میرا کارساز ہے)۔ وہ جس نے مجھے

خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿٧٨﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾ وَاِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَنِيْ | فَهُوَ | يَهْدِيْنِ | وَالَّذِيْ | هُوَ | يُطْعِمُنِيْ | وَ | يَسْقِيْنِ | وَ | اِذَا |
| مجھے پیدا کیا | تو وہی | مجھے راہ دیگا | اور وہ جو | وہ | مجھے کھلاتا ہے | اور | پلاتا ہے | اور | جب |

پیدا کیا تو وہ میری رہنمائی فرماتا ہے۔ اور وہ جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ اور جب

مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿٨٠﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْٓ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرِضْتُ | فَهُوَ | يَشْفِيْنِ | وَ | الَّذِيْ | يُمِيْتُنِيْ | ثُمَّ | يُحْيِيْنِ | وَ | الَّذِيْٓ |
| میں بیمار ہوتا ہوں | تو وہ | مجھے شفا دیتا ہے | اور | وہ جو | مجھے وفات دے گا | پھر | زندہ کرے گا | اور | وہ کہ |

میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔ اور وہی مجھے موت دے گا پھر مجھے زندہ کرے گا۔ اور وہی ہے جس سے

اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَطْمَعُ | اَنْ | يَّغْفِرَ لِيْ | خَطِيْٓـَٔتِيْ | يَوْمَ | الدِّيْنِ | رَبِّ | هَبْ | لِيْ | حُكْمًا |
| میں امید رکھتا ہوں | یہ کہ | بخشے گا مجھے | میرے گناہ | دن | قیامت کے | اے میرے رب | دیدے | مجھے | حکم |

میں آرزو کرتا ہوں کہ روزِ جزاء کو میری خطائیں بخش دے گا۔ اے میرے رب مجھے دانائی اور حکمت عطا فرما

وَاَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ ﴿۸۳﴾ وَاجۡعَلۡ لِّیۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِی الۡاٰخِرِیۡنَ ﴿۸۴﴾

| وَ | اَلۡحِقۡنِیۡ | بِالصّٰلِحِیۡنَ | وَاجۡعَلۡ | لِّیۡ | لِسَانَ | صِدۡقٍ | فِیۡ | الۡاٰخِرِیۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ملا مجھ کو | نیکوں سے | اور بنا | میرے لیے | زبان | سچی | میں | پچھلوں کے |

اور مجھے صالحین کے ساتھ ملا دے۔ اور میرے لئے میرے بعد آنے والوں میں ذکر جمیل جاری رکھ۔

وَاجۡعَلۡنِیۡ مِنۡ وَّرَثَۃِ جَنَّۃِ النَّعِیۡمِ ﴿۸۵﴾ وَاغۡفِرۡ لِاَبِیۡۤ اِنَّہٗ کَانَ مِنَ الضَّآلِّیۡنَ ﴿۸۶﴾

| وَ | اجۡعَلۡنِیۡ | مِنۡ وَّرَثَۃِ | جَنَّۃِ | النَّعِیۡمِ | وَاغۡفِرۡ | لِاَبِیۡۤ | اِنَّہٗ | کَانَ | مِنَ الضَّآلِّیۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بنا مجھے | وارثوں سے | جنت کے | نعمتوں والی | اور بخش | میرے باپ کو | بیشک وہ | ہے | گمراہوں سے |

اور مجھے بہشت کی نعمتوں کے وارثوں میں سے کردے۔ اور میرے باپ (چچا آزر) کو بخش دے وہ گمراہ ہے۔

وَلَا تُخۡزِنِیۡ یَوۡمَ یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۸۷﴾ یَوۡمَ لَا یَنۡفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوۡنَ ﴿۸۸﴾

| وَلَا | تُخۡزِنِیۡ | یَوۡمَ | یُبۡعَثُوۡنَ | یَوۡمَ | لَا | یَنۡفَعُ | مَالٌ | وَّ | لَا | بَنُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | ذلیل کرنا مجھے | جس دن | اٹھائے جائینگے | جس دن | نہ | نفع دے گا | مال | اور | نہ | بیٹے |

اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا جب لوگ زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے۔ جس دن نہ مال نفع دے گا اور نہ بیٹے۔

اِلَّا مَنۡ اَتَی اللّٰہَ بِقَلۡبٍ سَلِیۡمٍ ﴿۸۹﴾ وَاُزۡلِفَتِ الۡجَنَّۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۹۰﴾ وَبُرِّزَتِ

| اِلَّا | مَنۡ | اَتَی | اللّٰہَ | بِقَلۡبٍ | سَلِیۡمٍ | وَاُزۡلِفَتِ | الۡجَنَّۃُ | لِلۡمُتَّقِیۡنَ | وَ | بُرِّزَتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | جو | لایا | اللہ کے پاس | دل | سلامتی والا | اور قریب کی جائے گی | جنت | پرہیزگاروں کیلئے | اور | ظاہر کی جائے گی |

مگر جو اللہ کی بارگاہ میں قلب سلیم لے کر حاضر ہوا۔ اور پرہیزگاروں کیلئے جنت قریب کی جائے گی۔ اور ظاہر کی جائے گی

الۡجَحِیۡمُ لِلۡغٰوِیۡنَ ﴿۹۱﴾ وَقِیۡلَ لَہُمۡ اَیۡنَمَا کُنۡتُمۡ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۹۲﴾ مِنۡ دُوۡنِ

| الۡجَحِیۡمُ | لِلۡغٰوِیۡنَ | وَ | قِیۡلَ | لَہُمۡ | اَیۡنَمَا | کُنۡتُمۡ | تَعۡبُدُوۡنَ | مِنۡ دُوۡنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ | گمراہوں کیلئے | اور | کہا جائے گا | ان کو | کہاں ہے جو | تھے تم | پوجتے | سوا |

دوزخ گمراہوں کیلئے۔ اور ان سے کہا جائے گا کہاں ہیں وہ جن کو تم پوجتے تھے۔ جو اللہ تعالیٰ کے سوا تمہارے معبود تھے، کیا وہ

اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ؕ﴿٩٣﴾ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۙ﴿٩٤﴾

| اللّٰهِ | هَلْ | يَنْصُرُوْنَكُمْ | اَوْ | يَنْتَصِرُوْنَ | فَكُبْكِبُوْا | فِيْهَا | هُمْ | وَ | الْغَاوٗنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | کیا | وہ مدد کرتے ہیں تمہاری | اور یا | بدلہ لیتے ہیں | تو اوندھے ہوں | اس میں | وہ | اور | گمراہ |

تمہاری مدد کرتے ہیں؟ یا کوئی بدلہ لے سکتے ہیں۔ پس وہ سب بت اور سارے گمراہ لوگ جہنم میں اوندھے منہ ڈال دیے جائیں گے۔

وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ؕ﴿٩٥﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ۙ﴿٩٦﴾ تَاللّٰهِ

| وَ | جُنُوْدُ | اِبْلِيْسَ | اَجْمَعُوْنَ | قَالُوْا | وَ | هُمْ | فِيْهَا | يَخْتَصِمُوْنَ | تَاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لشکر | ابلیس کا | سارا | کہیں گے | اور | وہ | اس میں | جھگڑیں گے | اللہ کی قسم |

اور ابلیس کی ساری فوجیں (بھی)۔ وہ (مشرک) دوزخ میں آپس میں جھگڑتے ہوئے کہیں گے۔ خدا کی قسم بے شک ہم

اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿٩٧﴾ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَمَآ اَضَلَّنَآ

| اِنْ | كُنَّا | لَفِيْ ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | اِذْ | نُسَوِّيْكُمْ | بِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | وَ | مَآ | اَضَلَّنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | ہم تھے | گمراہی میں | کھلی | جب | ہم برابر کرتے تھے تم کو | رب | جہانوں کے ساتھ | اور | نہ | گمراہ کیا ہم کو |

کھلی گمراہی میں تھے۔ جب کہ (اے بتو! ہم) تمہیں رب العالمین کے برابر ٹھہراتے تھے۔ اور ہمیں تو صرف

اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ۙ﴿١٠٠﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿١٠١﴾

| اِلَّا | الْمُجْرِمُوْنَ | فَمَا | لَنَا | مِنْ شَافِعِيْنَ | وَ | لَا | صَدِيْقٍ | حَمِيْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | مجرموں نے | تو نہیں | ہمارے لیے کوئی | سفارش کرنے والا | اور | نہ | دوست | غمخوار |

مجرموں نے گمراہ کیا۔ اب ہمارا کوئی سفارشی نہیں۔ اور نہ کوئی سچا و غم خوار دوست۔

فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٢﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا

| فَلَوْ | اَنَّ | لَنَا | كَرَّةً | فَنَكُوْنَ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | ہو | ہمارے لیے | دوبارہ جانا | تو ہوں ہم | ایمان لانے والے | بیشک | اس میں | نشانی ہے | اور | نہیں |

تو کاش اگر دنیا میں واپس جانا ہمارے لئے ہوتا تو ہم مؤمن ہو جاتے۔ بے شک اس میں ضرور نشانی ہے

كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ ع ع ۵ ۲۶ ۹

| كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | اکثر ان کے | ایمان والے | اور | بیشک | تمہارا رب | وہی ہے | عزت والا | رحم کرنے والا |

اور ان میں اکثر ایمان والے نہ تھے۔ اور بے شک تمہارا رب وہی عزت والا مہربان ہے۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٠٥﴾ ۚ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ

| كَذَّبَتْ | قَوْمُ | نُوْحِ | الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | نُوْحٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھٹلایا | قوم | نوح نے | پیغمبروں کو | جب | کہا | ان کو | ان کے بھائی | نوح نے |

نوح علیہ السلام کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا۔ جب انہیں ان کے (قومی) بھائی نوح علیہ السلام نے فرمایا

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٠٦﴾ ۚ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٠٧﴾ ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٠٨﴾ ۚ وَمَاۤ

| اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّىْ | لَكُمْ | رَسُوْلٌ | اَمِيْنٌ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَاَطِيْعُوْنِ | وَمَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیوں نہیں | ڈرتے تم | بیشک میں | تمہارے لیے | رسول ہوں | امانت دار | تو ڈرو | اللہ سے | اور پیروی کرو میری | اور نہیں |

کیا تم ڈرتے نہیں؟ بے شک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں اس

اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ ۚ

| اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَيْهِ | مِنْ اَجْرٍ | اِنْ | اَجْرِىَ | اِلَّا | عَلٰى | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مانگتا میں تم سے | اس پر | کوئی اجر | نہیں | میرا اجر | مگر | اوپر | رب | جہانوں کے |

پر تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا میرا اجر تو اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١١٠﴾ ؕ قَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿١١١﴾ ؕ

| فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِيْعُوْنِ | قَالُوْۤا | اَنُؤْمِنُ | لَكَ | وَ | اتَّبَعَكَ | الْاَرْذَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ڈرو | اللہ سے | اور | حکم مانو میرا | بولے | کیا ایمان لائیں ہم | تجھ پر | اور | پیرو ہوئے تیرے | کمینے لوگ |

تو اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔ وہ کہنے لگے کیا ہم تیری بات مان لیں جب کہ تمہارے پیروکار تو بہت معمولی قسم کے لوگ ہیں۔

قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٢﴾ إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | وَ | مَا | عِلْمِي | بِمَا | كَانُوا | يَعْمَلُونَ | إِنْ | حِسَابُهُمْ | إِلَّا | عَلَىٰ | رَبِّي |
| فرمایا | اور | نہیں | مجھے معلوم | جو | ہیں وہ | کرتے | نہیں | ان کا حساب | مگر | اوپر | میرے رب کے |

نوح علیہ السلام نے فرمایا مگر مجھے کیا معلوم کہ وہ کیا کام کرتے ہیں؟ ان کا حساب تو صرف میرے رب ہی کے ذمہ ہے اگر

لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿١١٣﴾ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٤﴾ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿١١٥﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | تَشْعُرُونَ | وَ | مَا | أَنَا | بِطَارِدِ | الْمُؤْمِنِينَ | إِنْ | أَنَا | إِلَّا | نَذِيرٌ | مُبِينٌ |
| کاش | تم سمجھو | اور | نہیں | میں | چھوڑنے والا | مومنوں کو | نہیں | میں | مگر | ڈرانے والا | کھلا |

تمہیں شعور ہو۔ اور میں ایمان والوں کو (اپنے سے) دور کرنے والا نہیں۔ میں تو ایک کھلا ڈرانے والا ہوں۔

قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ﴿١١٦﴾ قَالَ رَبِّ إِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوا | لَئِنْ | لَمْ | تَنْتَهِ | يَا نُوحُ | لَتَكُونَنَّ | مِنَ الْمَرْجُومِينَ | قَالَ | رَبِّ | إِنَّ |
| بولے | اگر | نہ | باز آئے | اے نوح | تو ہوگے تم | سنگسار ہونے والوں میں سے | عرض کی | اے میرے رب | بیشک |

بولے اے نوح علیہ السلام اگر تم باز نہ آئے تو ضرور سنگسار کیے جاؤ گے۔ نوح علیہ السلام نے عرض کی میرے رب!

قَوْمِي كَذَّبُونِ ﴿١١٧﴾ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ مَعِيَ النصف

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمِي | كَذَّبُونِ | فَافْتَحْ | بَيْنِي | وَ | بَيْنَهُمْ | فَتْحًا | وَنَجِّنِي | وَ | مَنْ | مَعِيَ |
| میری قوم نے | مجھے جھٹلایا | تو فیصلہ کر دے | میرے | اور | انکے درمیان | آخری فیصلہ | اور نجات دے مجھے | اور | ان کو جو | میرے ساتھ ہیں |

میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا ہے۔ اب میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کر دے اور مجھے اور مومنوں کو

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾ فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١١٩﴾ ثُمَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُؤْمِنِينَ | فَأَنْجَيْنَاهُ | وَ | مَنْ | مَعَهُ | فِي الْفُلْكِ | الْمَشْحُونِ | ثُمَّ |
| ایمان والے لوگ | تو ہم نے اسے نجات دی | اور | ان کو | جو اسکے ساتھ تھے | کشتی میں | بھری ہوئی | پھر |

جو میرے ساتھ ہیں بچالے۔ تو ہم نے انہیں نجات دی اور ان لوگوں کو جو بھری ہوئی کشتی میں ان کے ساتھ تھے۔ پھر اس

اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِیْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

| اَغْرَقْنَا | بَعْدُ | الْبٰقِیْنَ | اِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | لَاٰیَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے غرق کیا | اسکے بعد | باقی لوگوں کو | بیشک | اس میں | نشانی ہے | اور | نہیں | تھے | اکثر ان کے |

کے بعد ہم نے باقی لوگوں کو غرق کر دیا۔ بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر

ع ۱۸/۱۰ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۲۲﴾ ع كَذَّبَتْ عَادُ ۨ

| مُّؤْمِنِیْنَ | وَاِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِیْزُ | الرَّحِیْمُ | كَذَّبَتْ | عَادُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والے | اور بیشک | تمہارا رب | وہ | عزت والا ہے | رحم کرنے والا | جھٹلایا | عاد نے |

مسلمان نہ تھے۔ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت والا مہربان ہے۔ (قوم) عاد نے

الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اِنِّیْ لَكُمْ

| الْمُرْسَلِیْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | هُوْدٌ | اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّیْ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسولوں کو | جب | فرمایا | ان کو | ان کے بھائی | ہود نے | کیا نہیں | ڈرتے تم | بیشک میں | تمہارے لیے |

رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان سے ان کے (قومی) بھائی ہود علیہ السلام نے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بے شک میں تمہارے لئے

رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۲۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾ وَمَاۤ اَسْئَلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ

| رَسُوْلٌ | اَمِیْنٌ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَاَطِیْعُوْنِ | وَ | مَاۤ | اَسْئَلُكُمْ | عَلَیْهِ | مِنْ اَجْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول ہوں | امانت دار | تو ڈرو | اللہ سے | اور پیروی کرو میری | اور | نہیں | مانگتا میں تم سے | اس پر | کوئی اجر |

امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر کچھ اُجرت نہیں مانگتا

اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۷﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِیْعٍ اٰیَةً

| اِنْ | اَجْرِیَ | اِلَّا | عَلٰی | رَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ | اَتَبْنُوْنَ | بِكُلِّ | رِیْعٍ | اٰیَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | میرا اجر | مگر | اوپر | رب | جہانوں کے | کیا بناتے ہو تم | ہر | بلندی پر | نشان |

میرا اُجر تو اس پر ہے جو سارے جہان کا رب۔ کیا تم ہر اونچے ٹیلے پر ایک یادگار تعمیر کرتے ہو تفاخر اور

تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَاِذَا بَطَشْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْبَثُوْنَ | وَ | تَتَّخِذُوْنَ | مَصَانِعَ | لَعَلَّكُمْ | تَخْلُدُوْنَ | وَ | اِذَا | بَطَشْتُمْ |
| کھیل کیلئے | اور | بناتے ہو | محل | تا کہ تم | ہمیشہ رہو | اور | جب | تم پکڑتے ہو |

فضول مشغلوں کے لیے۔ اور بڑی بڑی عمارتیں کھڑی کرتے ہو کہ شاید تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔ اور جب تم کسی پر ہاتھ

بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَطَشْتُمْ | جَبَّارِيْنَ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِيْعُوْنِ | وَ | اتَّقُوا | الَّذِيْٓ | اَمَدَّكُمْ |
| پکڑتے ہو | جابرانہ | تو ڈرو | اللہ سے | اور | حکم مانو میرا | اور | ڈرو | اس سے جس نے | مدد دی تم کو |

ڈالتے ہو تو سختی اور ظلم سے پکڑتے ہو۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور اس سے ڈرو جس نے تمہاری ایسی چیزوں

بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۳۴﴾ اِنِّيْٓ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | تَعْلَمُوْنَ | اَمَدَّكُمْ | بِاَنْعَامٍ | وَّ | بَنِيْنَ | وَ | جَنّٰتٍ | وَّعُيُوْنٍ | اِنِّيْٓ |
| جو | تم جانتے ہو | مدد دی تم کو | چوپایوں | اور | بیٹوں | اور | باغوں | اور چشموں سے | بیشک میں |

سے مدد کی جو تم جانتے ہو۔ اور تمہاری مدد کی جانوروں اور بیٹوں سے۔ اور باغوں اور چشموں سے۔ میں تم پر

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳۵﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخَافُ | عَلَيْكُمْ | عَذَابَ | يَوْمٍ | عَظِيْمٍ | قَالُوْا | سَوَآءٌ | عَلَيْنَآ | اَوَعَظْتَ | اَمْ |
| ڈرتا ہوں | تم پر | عذاب | دن | بڑے سے | بولے | برابر ہے | ہم پر | کیا وعظ کرے تو | یا |

ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ وہ کہنے لگے ہمارے لئے برابر ہے کہ تو ہمیں نصیحت کرے یا

لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَمَا نَحْنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ | تَكُنْ | مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّا | خُلُقُ | الْاَوَّلِيْنَ | وَ | مَا | نَحْنُ |
| نہ | ہو تو | وعظ کرنے والوں سے | نہیں | یہ | مگر | عادت ہے | پہلوں کی | اور | نہیں | ہم |

نصیحت کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ یہ تو بس پہلے لوگوں کی عادت ہے۔ اور ہمیں

بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ

| بِمُعَذَّبِيْنَ | فَكَذَّبُوْهُ | فَاَهْلَكْنٰهُمْ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب کیے جائینگے | تو جھٹلایا انہوں نے اسکو | تو ہلاک کیا ہم نے انکو | بیشک | اس میں | نشانی ہے | اور | نہیں | تھے |

عذاب نہیں دیا جائے گا۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے انہیں ہلاک کیا بے شک ضرور نشانی ہے اور ان میں

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ع ١٨/١١

| اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | كَذَّبَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکثر ان کے | ایمان لانے والے | اور | بیشک | تمہارا رب | وہی ہے | عزت والا | رحم والا | جھٹلایا |

اکثر مسلمان نہ تھے۔ اور بے شک تمہارا رب ہی عزت والا مہربان ہے۔ (قوم) ثمود نے

ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّيْ

| ثَمُوْدُ | الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | صٰلِحٌ | اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثمود نے | پیغمبروں کو | جب | فرمایا | ان کو | بھائی ان کے | صالح نے | کیا نہیں | ڈرتے تم | بیشک میں |

رسولوں کو جھٹلایا۔ جب ان کے (قومی) بھائی صالح علیہ السلام نے ان سے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بے شک میں

لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ

| لَكُمْ | رَسُوْلٌ | اَمِيْنٌ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَاَطِيْعُوْنِ | وَ | مَآ | اَسْئَلُكُمْ | عَلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لیے | رسول ہوں | امانتدار | تو ڈرو | اللہ سے | اور حکم مانو میرا | اور | نہیں | مانگتا میں تم سے | اس پر |

تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر

مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا

| مِنْ اَجْرٍ | اِنْ | اَجْرِيَ | اِلَّا | عَلٰى | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | اَتُتْرَكُوْنَ | فِيْ مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی اجر | نہیں ہے | میرا اجر | مگر | اوپر | رب | جہانوں کے | کیا چھوڑے جاؤ گے | اس میں |

کچھ اُجرت نہیں مانگتا میرا اُجر تو اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔ کیا تم یہاں کی نعمتوں میں چین سے

هٰهُنَآ اٰمِنِیْنَ ﴿۱۴۶﴾ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰهُنَآ | اٰمِنِیْنَ | فِیْ | جَنّٰتٍ | وَّ | عُیُوْنٍ | وَّ | زُرُوْعٍ | وَّ | نَخْلٍ | طَلْعُهَا |
| اس جگہ | چین سے | میں | باغوں | اور | چشموں کے | اور | کھیتوں | اور | کھجوروں میں | جن کے خوشے |

چھوڑ دیئے جاؤ گے۔ باغوں اور چشموں میں۔ کھیتوں اور کھجوروں میں جن کے خوشے

هَضِیْمٌ ﴿۱۴۸﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا فٰرِهِیْنَ ﴿۱۴۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَضِیْمٌ | وَ | تَنْحِتُوْنَ | مِنَ الْجِبَالِ | بُیُوْتًا | فٰرِهِیْنَ | فَاتَّقُوْا | اللّٰهَ |
| نرم و نازک ہیں | اور | تراشتے ہو تم | پہاڑوں سے | گھر | اکڑتے ہوئے | تو ڈرو | اللہ سے |

نرم و نازک ہوتے ہیں۔ اور تم پہاڑوں کو تراش تراش کر پرتکلف مکانات بنا رہے ہو۔ تو اللہ سے ڈرو

وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾ وَلَا تُطِیْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِیْنَ یُفْسِدُوْنَ فِی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَطِیْعُوْنِ | وَ | لَا | تُطِیْعُوْٓا | اَمْرَ | الْمُسْرِفِیْنَ | الَّذِیْنَ | یُفْسِدُوْنَ | فِی |
| اور | اطاعت کرو میری | اور | نہ | اطاعت کرو | حکم | حد سے بڑھنے والوں کی | وہ جو | فساد کرتے ہیں | میں |

اور میری اطاعت کرو۔ اور حد سے بڑھنے والوں کے کہنے پر نہ چلو۔ وہ زمین میں فساد پھیلاتے

الْاَرْضِ وَلَا یُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ | لَا | یُصْلِحُوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّمَآ | اَنْتَ | مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ | مَآ |
| زمین | اور | نہیں | درستی کرتے | بولے | اسکے سوا نہیں | تو ہے | جادو کیے گیوں سے | نہیں |

ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔ وہ کہنے لگے تم تو ان میں سے ہو جن پر جادو کر دیا گیا ہے۔ تم

اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰیَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هٰذِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتَ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُنَا | فَاْتِ | بِاٰیَةٍ | اِنْ | كُنْتَ | مِنَ الصّٰدِقِیْنَ | قَالَ | هٰذِهٖ |
| تو | مگر | بشر | ہمارے جیسا | تو لے آؤ | کوئی نشانی | اگر | ہو تم | سچے لوگوں سے | فرمایا | یہ |

تو محض ہماری طرح کے بشر ہو پس تم کوئی معجزہ لے آؤ اگر تم سچے ہو۔ صالح علیہ السلام نے فرمایا: "یہ

نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَاقَةٌ | لَّهَا | شِرْبٌ | وَّ | لَكُمْ | شِرْبُ | يَوْمٍ | مَّعْلُوْمٍ | وَ | لَا | تَمَسُّوْهَا | بِسُوْٓءٍ |
| اونٹنی ہے | اسکے لیے | پینا ہے | اور | تمہارے لیے | پینا ہے | دن | مقرر کا | اور | نہ | چھوو اس کو | برائی سے |

ایک اونٹنی ہے۔ایک اس کے پینے کا دن ہے اور ایک مقرر دن تمہارے پینے کا۔ اور اسے برائی کے ساتھ نہ

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥٦﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿١٥٧﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَاْخُذَكُمْ | عَذَابُ | يَوْمٍ | عَظِيْمٍ | فَعَقَرُوْهَا | فَاَصْبَحُوْا | نٰدِمِيْنَ |
| تو پکڑیگا تم کو | عذاب | دن | بڑے کا | تو کونچیں کاٹیں انہوں نے اسکی | تو ہو گئے | نادم |

چھوؤ کہ بڑے دن کا عذاب تمہیں پکڑ لے گا۔ اس پر انہوں نے اس کی کوچیں کاٹ ڈالیں پھر صبح کو پچھتاتے رہ گئے۔

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ط وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَخَذَهُمُ | الْعَذَابُ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ |
| تو پکڑا ان کو | عذاب نے | بیشک | اس میں | نشانی ہے | اور | نہیں | ہیں | اکثر ان کے |

تو انہیں عذاب نے آلیا بے شک اس میں ضرور نشانی ہے اور ان میں اکثر

ع ٨/١٩/١٢ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٥٨﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٥٩﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | كَذَّبَتْ | قَوْمُ | لُوْطِ |
| ایمان والے | اور | بیشک | تمہارا رب | وہ ہے | عزت والا | رحم کرنے والا | جھٹلایا | قوم | لوط نے |

مسلمان نہ تھے۔ اور بیشک تمہارا رب ہی غالب اور رحم فرمانے والا ہے۔ قوم لوط نے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٦٠﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾ اِنِّيْ لَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | لُوْطٌ | اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّيْ | لَكُمْ |
| رسولوں کو | جب | فرمایا | ان کو | ان کے بھائی | لوط نے | کیا نہیں | ڈرتے تم | بیشک میں | تمہارے لیے |

رسولوں کو جھٹلایا۔ جب اُن کے قومی بھائی لوط علیہ السلام نے اُن سے فرمایا: "کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟ بیشک میں تمہارے لئے

رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ

| رَسُوْلٌ | اَمِیْنٌ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِیْعُوْنِ | وَ | مَآ | اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَیْهِ | مِنْ اَجْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول ہوں | امانتدار | تو ڈرو | اللہ سے | اور | حکم مانو میرا | اور | نہیں | مانگتا میں تم سے | اس پر | کوئی اجرت |

امانت دار رسول ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔ اور میں اس پر تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا میرا اَجر تو

اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۵﴾

| اِنْ | اَجْرِیَ | اِلَّا | عَلٰی | رَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ | اَتَاْتُوْنَ | الذُّكْرَانَ | مِنَ الْعٰلَمِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | میرا اجر | مگر | اوپر | رب | جہانوں کے | کیا آتے ہو تم | مردوں کے پاس | جہانوں والوں سے |

اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔ کیا جہان والوں میں سے تم ہی (شہوت پرستی کے لیے) مردوں کے پاس جاتے ہو۔

وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

| وَ | تَذَرُوْنَ | مَا | خَلَقَ | لَكُمْ | رَبُّكُمْ | مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ | بَلْ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چھوڑتے ہو تم | جو | پیدا کیں | تمہارے لیے | تمہارے رب نے | تمہاری بیویاں | بلکہ | تم |

اور تمہارے رب نے جو بیویاں تمہارے لئے پیدا کی ہیں انہیں چھوڑ دیتے ہو؟ نہیں بلکہ تم حد سے نکلنے

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِیْنَ ﴿۱۶۷﴾

| قَوْمٌ | عٰدُوْنَ | قَالُوْا | لَئِنْ | لَّمْ | تَنْتَهِ | یٰلُوْطُ | لَتَكُوْنَنَّ | مِنَ الْمُخْرَجِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم ہو | حد سے گزرنے والی | بولے | اگر | نہ | باز آیا تو | اے لوط | تو ہوگا | نکالے گیوں سے |

والے لوگ ہو۔ انہوں نے کہا اے لوط علیہ السلام! اگر آپ (ان باتوں سے) باز نہ آئے تو ضرور آپ (بھی) بستی سے نکالے ہوئے لوگوں میں سے ہو جائیں گے۔

قَالَ اِنِّیْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِیْنَ ﴿۱۶۸﴾ رَبِّ نَجِّنِیْ وَ اَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

| قَالَ | اِنِّیْ | لِعَمَلِكُمْ | مِّنَ الْقَالِیْنَ | رَبِّ | نَجِّنِیْ | وَ | اَهْلِیْ | مِمَّا | یَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
تک نہ پہنچ سکیں گے ہماری نشانیوں کے باعث آپ دونوں اور آپ کی اتباع کرنے والے غالب رہیں گے۔ تو جب

جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَهُمْ | مُّوْسٰى | بِاٰيٰتِنَا | بَيِّنٰتٍ | قَالُوْا | مَا | هٰذَآ | اِلَّا | سِحْرٌ | مُّفْتَرًى |
| آیا انکے پاس | موسیٰ | ہماری آیتیں | روشن لے کر | بولے | نہیں | یہ | مگر | جادو | بنایا گیا |

موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس ہماری کھلی نشانیاں لے کر پہنچے تو انہوں نے کہا یہ تو گھڑا ہوا جادو ہے

وَمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | سَمِعْنَا | بِهٰذَا | فِيْٓ | اٰبَآئِنَا | الْاَوَّلِيْنَ | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | رَبِّيْٓ | اَعْلَمُ |
| اور نہیں | سنا ہم نے | یہ | میں | اپنے باپ دادا | پہلوں | اور | فرمایا | موسیٰ نے | میرا رب | خوب جانتا ہے |

اور ہم نے یہ باتیں اپنے پہلے باپ دادا سے نہیں سنیں۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میرا رب

بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَنْ | جَآءَ | بِالْهُدٰى | مِنْ عِنْدِهٖ | وَمَنْ | تَكُوْنُ | لَهٗ | عَاقِبَةُ | الدَّارِ |
| اس کو جو | لایا | ہدایت | اسکی طرف سے | اور جس کیلئے | ہوتا ہے | اس کیلئے | آخرت کا | گھر |

خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لایا اور جس کیلئے آخرت کا گھر ہو گا

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ | الظّٰلِمُوْنَ | وَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ | يٰٓاَيُّهَا | الْمَلَاُ | مَا |
| بیشک وہ | نہیں | کامیاب ہوتے | ظالم | اور | کہا | فرعون نے | اے | درباریو | نہیں |

بے شک ظالم لوگ کامیاب نہیں ہوتے۔ اور فرعون بولا اے درباریو! میں تمہارے لئے

عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِمْتُ | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرِيْ | فَاَوْقِدْ لِيْ | يٰهَامٰنُ | عَلَى | الطِّيْنِ |
| جانتا میں | تمہارے لیے | کوئی | معبود | سوا اپنے | تو آگ جلا میرے لیے | اے ہامان | اوپر | مٹی کے |

اپنے سوا کوئی خدا نہیں جانتا تو اے ہامان میرے لئے مٹی کو پکا کر ایک محل

فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ

| وَاِنِّيْ | مُوْسٰى | اِلٰهِ | اِلٰٓى | اَطَّلِعُ | لَّعَلِّيْٓ | صَرْحًا | لِّيْ | فَاجْعَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بیشک میں | موسیٰ کے | خدا کی | طرف | دیکھوں | تا کہ میں | ایک محل | میرے لیے | تو بنا |

بنا کہ شاید میں موسیٰ کے خدا کو جھانک کر دیکھوں اور بے شک

لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ

| الْاَرْضِ | فِي | جُنُوْدُهٗ | وَ | هُوَ | وَاسْتَكْبَرَ | مِنَ الْكٰذِبِيْنَ | لَاَظُنُّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین | میں | اسکے لشکر نے | اور | اس نے | اور تکبر کیا | جھوٹے لوگوں سے | خیال کرتا ہوں اسکو |

میرے گمان میں تو وہ جھوٹا ہے۔ اور اس نے اور اس کے لشکروں نے زمین میں ناحق تکبر کیا

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ

| وَجُنُوْدَهٗ | فَاَخَذْنٰهُ | لَا يُرْجَعُوْنَ | اِلَيْنَا | اَنَّهُمْ | ظَنُّوْٓا | وَ | الْحَقِّ | بِغَيْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اسکے لشکروں کو | تو پکڑا ہم نے اسکو | نہ لوٹائے جائینگے | ہماری طرف | کہ وہ | خیال کیا انہوں نے | اور | حق کے | بغیر |

اور سمجھے کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔ پھر ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑا

فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

| الظّٰلِمِيْنَ | عَاقِبَةُ | كَانَ | كَيْفَ | فَانْظُرْ | فِي الْيَمِّ | فَنَبَذْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کا | انجام | ہوا | کیسا | تو دیکھ | دریا میں | تو پھینک دیا ہم نے انکو |

اور انہیں لہروں میں پھینک دیا پھر دیکھو کہ ظالموں کا انجام کیسا ہوا۔

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

| الْقِيٰمَةِ | وَيَوْمَ | النَّارِ | اِلَى | يَّدْعُوْنَ | اَئِمَّةً | جَعَلْنٰهُمْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | اور دن | آگ کی | طرف | بلاتے ہیں | پیشوا | بنایا ہم نے ان کو | اور |

اور ہم نے انہیں پیشوا بنایا جو آگ کی طرف بلاتے ہیں اور قیامت کے دن ان کی

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ

| لَا | يُنْصَرُوْنَ | وَ | اَتْبَعْنٰهُمْ | فِيْ | هٰذِهِ | الدُّنْيَا | لَعْنَةً | وَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | مدد دیے جائیں گے | اور | پیچھے لگا دی ہم نے ان کے | میں | اس | دنیا | لعنت | اور | دن | قیامت کے | وہ |

مدد نہیں کی جائے گی۔ اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور قیامت کے دن وہ

مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ

| مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | مِنْۢ بَعْدِ | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدحالوں میں سے ہوں گے | اور | بیشک | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | بعد | اسکے کہ |

بدحالوں میں سے ہوں گے۔ اور ہم نے پہلی امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد

اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً

| اَهْلَكْنَا | الْقُرُوْنَ | الْاُوْلٰى | بَصَآئِرَ | لِلنَّاسِ | وَ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہلاک کیے ہم نے | زمانے | پہلے | دکھانے والی راہ | لوگوں کو | اور | ہدایت | اور | رحمت |

موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی لوگوں کے لیے بصیرتیں ہدایت اور رحمت

لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى

| لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ | مَا | كُنْتَ | بِجَانِبِ | الْغَرْبِيِّ | اِذْ | قَضَيْنَآ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ وہ | نصیحت لیں | اور | نہیں | تھا تو | طرف | غربی کے | جبکہ | حکم بھیجا | طرف |

تاکہ وہ سبق حاصل کریں۔ اور آپ طور کی جانب مغرب میں موجود نہ تھے جب کہ

مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ لا وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا

| مُوْسَى | الْاَمْرَ | وَمَا | كُنْتَ | مِنَ الشّٰهِدِيْنَ | وَ | لٰكِنَّآ | اَنْشَاْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ کی | رسالت کا | اور نہیں | تھے آپ | حاضر لوگوں سے | اور | لیکن | پیدا کیے ہم نے |

موسیٰ علیہ السلام کو رسالت کا حکم بھیجا اور اس وقت آپ گواہوں میں سے نہ تھے۔ بلکہ ہم نے کئی نسلیں پیدا کیں

قُرُوۡنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيۡهِمُ الۡعُمُرُ ۚ وَمَا كُنۡتَ ثَاوِيًا فِىۡۤ اَهۡلِ مَدۡيَنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُرُوۡنًا | فَتَطَاوَلَ | عَلَيۡهِمُ | الۡعُمُرُ | وَ | مَا | كُنۡتَ | ثَاوِيًا | فِىۡۤ | اَهۡلِ | مَدۡيَنَ |
| زمانے | تو دراز ہوئی | ان پر | زندگی | اور | نہیں | تھے تم | ٹھہرنے والا | میں | اہل | مدین |

پھر ان پر لمبا زمانہ گزر گیا اور نہ آپ اہل مدین میں رہتے تھے

تَتۡلُوۡا عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰـكِنَّا كُنَّا مُرۡسِلِيۡنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنۡتَ بِجَانِبِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتۡلُوۡا | عَلَيۡهِمۡ | اٰيٰتِنَا | وَ | لٰكِنَّا | كُنَّا | مُرۡسِلِيۡنَ | وَمَا | كُنۡتَ | بِجَانِبِ |
| پڑھتا | ان پر | ہماری آیتیں | اور | لیکن | ہم ہیں | بھیجنے والے | اور نہیں | تھے تم | جانب |

کہ انہیں ہماری آیتیں سناتے بلکہ ہم ہی خبر دینے والے تھے۔ اور آپ طور کے کنارے پر نہ تھے

الطُّوۡرِ اِذۡ نَادَيۡنَا وَلٰـكِنۡ رَّحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الطُّوۡرِ | اِذۡ | نَادَيۡنَا | وَلٰكِنۡ | رَّحۡمَةً | مِّنۡ رَّبِّكَ | لِتُنۡذِرَ | قَوۡمًا | مَّاۤ |
| طور کی | جب | ہم نے پکارا | اور لیکن | رحمت | تمہارے رب کی | تا کہ ڈراؤ | اس قوم کو کہ | نہیں |

جب ہم نے آواز دی لیکن یہ تمہارے رب کی رحمت ہے کہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جس کے پاس

اَتٰٮهُمۡ مِّنۡ نَّذِيۡرٍ مِّنۡ قَبۡلِكَ لَعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُوۡنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوۡلَاۤ اَنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتٰهُمۡ | مِّنۡ نَّذِيۡرٍ | مِّنۡ قَبۡلِكَ | لَعَلَّهُمۡ | يَتَذَكَّرُوۡنَ | وَ | لَوۡ | لَاۤ | اَنۡ |
| آیا انکے پاس | ڈرانے والا | تم سے پہلے | تا کہ وہ | نصیحت پکڑیں | اور | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ |

آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا شاید وہ نصیحت حاصل کریں۔ اور (ہم کوئی رسول نہ بھیجتے) اگر

تُصِيۡبَهُمۡ مُّصِيۡبَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ فَيَقُوۡلُوۡا رَبَّنَا لَوۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُصِيۡبَهُمۡ | مُّصِيۡبَةٌ | بِمَا | قَدَّمَتۡ | اَيۡدِيۡهِمۡ | فَيَقُوۡلُوۡا | رَبَّنَا | لَوۡ |
| پہنچتی ان کو | مصیبت | بسبب اسکے جو | آگے بھیجا | انکے ہاتھوں نے | تو کہتے ہیں | اے ہمارے رب | کیوں |

یہ بات نہ ہوتی کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے ان کے اعمال بد کی وجہ سے جو انہوں نے کئے ہیں تو وہ یہ کہنے لگیں کہ اے ہمارے

لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾

| لَوْلَآ | اَرْسَلْتَ | اِلَيْنَا | رَسُوْلًا | فَنَتَّبِعَ | اٰيٰتِكَ | وَ | نَكُوْنَ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | بھیجا تو نے | ہماری طرف | رسول | تو پیروی کرتے ہم | تیری آیتوں کی | اور | ہوتے ہم | ایمان والوں سے |

رب! تو نے کیوں نہ بھیجا ہماری طرف کوئی رسول تو ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ہم ایمان لانے والوں میں سے ہو جاتے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

| فَلَمَّا | جَآءَهُمُ | الْحَقُّ | مِنْ عِنْدِنَا | قَالُوْا | لَوْ | لَآ | اُوْتِيَ | مِثْلَ | مَآ | اُوْتِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو جب | آیا ان کے پاس | حق | ہماری طرف سے | بولے | کیوں | نہ | دیا گیا | مثل | اسکے جو | دیا گیا |

پھر جب ہماری طرف سے ان کے پاس حق آیا وہ (کفار مکہ) کہنے لگے کہ اس رسول رحمت ﷺ کو ان (نشانیوں) جیسی (نشانیاں) کیوں نہیں دی گئیں جو

مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا

| مُوْسٰى | اَوَ | لَمْ | يَكْفُرُوْا | بِمَآ | اُوْتِيَ | مُوْسٰى | مِنْ قَبْلُ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ کو | کیا | نہ | انکار کیا انہوں نے | اس کا جو | دیا گیا | موسیٰ کو | پہلے سے | بولے |

موسیٰ علیہ السلام کو دی گئیں تھی کیا انہوں نے کفر نہیں کیا تھا ان نشانیوں کے ساتھ جو اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کو دی گئیں تھیں انہوں نے کہا (قرآن اور تورات) دونوں

سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وقفہ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ

| سِحْرٰنِ | تَظٰهَرَا | وَقَالُوْٓا | اِنَّا | بِكُلٍّ | كٰفِرُوْنَ | قُلْ | فَاْتُوْا | بِكِتٰبٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو جادو ہیں | مددگار آپس میں | اور بولے | ہم | ہر ایک کا | انکار کرتے ہیں | فرماؤ | لاؤ | کوئی کتاب |

جادو ہیں جو ایک دوسرے کی پشت پناہی کرتے ہیں اور وہ بولے بیشک ہم (دونوں میں سے) ہر ایک کے منکر ہیں۔ اے محبوب ﷺ

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾

| مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ | هُوَ | اَهْدٰى | مِنْهُمَآ | اَتَّبِعْهُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی طرف سے | کہ وہ | زیادہ ہدایت والی ہو | ان سے | میں اسکی پیروی کروں گا | اگر | ہو تم | سچے |

فرما دیجیے تو اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ جو ان دونوں کتابوں سے زیادہ ہدایت کی ہو میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم سچے ہو۔

فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ۭ وَمَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنْ | لَّمْ | يَسْتَجِيْبُوْا | لَكَ | فَاعْلَمْ | اَنَّمَا | يَتَّبِعُوْنَ | اَهْوَآءَهُمْ | وَمَنْ |
| پھر اگر | نہ | قبول کریں | تمہارا فرمانا | تو جان لو | کہ اسکے سوا نہیں کہ | وہ پیروی کرتے ہیں | اپنے خواہشوں کی | اور کون |

پھر اگر وہ یہ تمہارا فرمانا قبول نہ کریں تو جان لو کہ بس وہ اپنی خواہشوں ہی کے پیچھے ہیں

اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَضَلُّ | مِمَّنِ | اتَّبَعَ | هَوٰىهُ | بِغَيْرِ | هُدًى | مِّنَ اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| زیادہ گمراہ ہے | اس سے | جو پیروی کرے | اپنی خواہش کی | بغیر | ہدایت کے | اللہ سے | بیشک | اللہ |

اور اس سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو اپنی خواہش کی پیروی کرے اللہ کی ہدایت سے جدا ہیں

ع ۸

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | لَقَدْ | وَصَّلْنَا | لَهُمُ | الْقَوْلَ | لَعَلَّهُمْ |
| نہیں | ہدایت دیتا | قوم | ظالم کو | اور | بیشک | مسلسل اتاری ہم نے | ان کیلئے | بات | تا کہ وہ |

بے شک اللہ ہدایت نہیں فرماتا ظالم لوگوں کو۔ اور ہم نے اپنا قول انہیں پہنچا دیا ہے

النصف

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَذَكَّرُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ | مِنْ قَبْلِهٖ | هُمْ | بِهٖ | يُؤْمِنُوْنَ |
| نصیحت پکڑیں | وہ کہ | دی ہم نے انکو | کتاب | اس سے پہلے | وہ | اس پر | ایمان لاتے ہیں |

تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی تھی وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں۔

وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | يُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِهٖٓ | اِنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ رَّبِّنَآ | اِنَّا | كُنَّا |
| اور | جب | پڑھی جاتی ہے | ان پر | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اس پر | بیشک وہ | حق ہے | ہمارے رب کی طرف سے | بیشک ہم | تھے |

اور جب یہ (کتاب) ان پر پڑھی جاتی ہے وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے بے شک وہی حق ہے ہمارے رب کی طرف سے

مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ۝۵۳ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا

| مِنْ قَبْلِهٖ | مُسْلِمِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | يُؤْتَوْنَ | اَجْرَهُمْ | مَّرَّتَيْنِ | بِمَا | صَبَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے پہلے ہی | فرمانبردار | یہ | دیے جائینگے | اپنا اجر | دُگنا | بدلہ | انکے صبر کا |

یقیناً ہم اس سے پہلے ہی فرمانبردار ہو چکے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ان کا اجر دو مرتبہ دیا جائے گا ان کے صبر کی بنا پر اور وہ برائی

وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۵۴ وَاِذَا

| وَ | يَدْرَءُوْنَ | بِالْحَسَنَةِ | السَّيِّئَةَ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | وَ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ ٹالتے ہیں | نیکی سے | برائی کو | اور | اس سے جو | ہم نے دیا انکو وہ | خرچ کرتے ہیں | اور | جب |

کو دفع کرتے ہیں بھلائی کے ذریعے اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا وہ اس سے (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں۔ اور جب

سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۫

| سَمِعُوا | اللَّغْوَ | اَعْرَضُوْا | عَنْهُ | وَ | قَالُوْا | لَنَآ | اَعْمَالُنَا | وَ | لَكُمْ | اَعْمَالُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنتے ہیں | بیہودہ بات | منہ پھیرتے ہیں | اس سے | اور | کہتے ہیں | ہمارے لیے | ہمارے عمل | اور | تمہارے لیے | تمہارے عمل |

بیہودہ بات سنتے ہیں اس سے منہ موڑ لیتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۫ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ۝۵۵ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ

| سَلٰمٌ | عَلَيْكُمْ | لَا | نَبْتَغِي | الْجٰهِلِيْنَ | اِنَّكَ | لَا | تَهْدِيْ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلام ہو | تم پر | نہیں | ہم چاہتے ہیں | جاہلوں کو | بیشک تو | نہیں | ہدایت دیتا | جسے |

تمہارے عمل بس تم پر سلام ہو ہم کو جاہلوں سے کوئی غرض نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جسے آپ (راہ ہدایت پر لاتا)

اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ

| اَحْبَبْتَ | وَ | لٰكِنَّ | اللّٰهَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم چاہو | اور | لیکن | اللہ | ہدایت دیتا ہے | جسے | چاہے | اور | وہ | خوب جانتا ہے |

چاہتے ہیں اسے راہ ہدایت پر آپ خود نہیں لاتے بلکہ جسے اللہ چاہتا ہے (آپکے ذریعے) راہ ہدایت پر چلا دیتا ہے اور وہ راہ ہدایت

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْمُهْتَدِيْنَ | وَ | قَالُوْٓا | اِنْ | نَّتَّبِعِ | الْهُدٰى | مَعَكَ | نُتَخَطَّفْ | مِنْ اَرْضِنَا |
| ہدایت پانے والوں کو | اور | بولے | اگر | پیروی کریں | ہدایت کی | تمہارے ساتھ تو | اُچک لیے جائیں ہم | اپنی زمین |

پانے والوں سے خوب واقف ہے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہارے ہمراہ اس ہدایت کی پیروی کریں تو اپنی زمین سے اُچک

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَ | لَمْ | نُمَكِّنْ | لَّهُمْ | حَرَمًا | اٰمِنًا | يُّجْبٰٓى | اِلَيْهِ | ثَمَرٰتُ | كُلِّ |
| سے کیا | نہ | جگہ دی ہم نے | ان کو | حرم میں | امن والے | کھنچے آتے ہیں | اسکی طرف | پھل | ہر |

لئے جائیں کیا ہم نے ان کیلئے ایک پُر امن حرم قائم نہیں کیا جس کی طرف ہر قسم کے پھل ہماری جناب سے رزق بن کر کھنچے چلے

شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْءٍ | رِّزْقًا | مِّنْ لَّدُنَّا | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا |
| چیز کے | رزق ہے | ہماری طرف سے | اور | لیکن | اکثر ان کے | نہیں | جانتے | اور | کتنی | ہلاک کیں ہم نے |

آتے ہیں مگر ان میں اکثر علم نہیں رکھتے؟ اور ہم نے بہت سی وہ بستیاں تباہ کر دیں جو اپنی عیش عشرت میں اترانے لگی تھیں۔ ہم نے

مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَرْيَةٍ | بَطِرَتْ | مَعِيْشَتَهَا | فَتِلْكَ | مَسٰكِنُهُمْ | لَمْ | تُسْكَنْ |
| بستیاں | جو اکڑیں | اپنی معیشت پر | تو یہ ہیں | ان کے گھر | نہ | آباد ہوئے |

ان کو ہلاک کر ڈالا اب یہ ہیں ان کے گھر جو ان کے بعد کم ہی

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْۢ بَعْدِهِمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | وَ | كُنَّا | نَحْنُ | الْوٰرِثِيْنَ | وَ | مَا | كَانَ | رَبُّكَ |
| بعد ان کے | مگر | تھوڑے | اور | تھے | ہم ہی | وارث | اور | نہیں | ہے | آپ کا رب |

آباد ہوئے اور ہم ہی ان کے وارث ہوئے۔ اور آپ کا رب بستیوں

مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ج

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُهْلِكَ | الْقُرٰى | حَتّٰى | يَبْعَثَ | فِيْٓ اُمِّهَا | رَسُوْلًا | يَّتْلُوْا | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتِنَا |
| ہلاک کرنے والا | بستیوں کو | یہاں تک کہ | بھیجیں ہم | اس کے مرکز میں | رسول جو | پڑھے | ان پر | ہماری آیتیں |

کو ہلاک کرنے والا نہیں جب تک ان بستیوں کے مرکز میں کسی رسول کو نہ بھیج دے جو ان پر ہماری آیتیں پڑھے

وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | كُنَّا | مُهْلِكِي | الْقُرٰٓى | اِلَّا | وَ | اَهْلُهَا | ظٰلِمُوْنَ | وَمَآ | اُوْتِيْتُمْ |
| اور | نہیں | ہم | ہلاک کرنے والے | بستیوں کو | مگر | اس حال میں کہ | اس کے رہنے والے | ظالم ہوں | اور جو | دیے گئے تم |

اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں مگر اس حال میں کہ ان کے بسنے والے ظالم ہوں۔ اور جو کچھ (بھی) تمہیں

مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ج وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | شَيْءٍ | فَمَتَاعُ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | زِيْنَتُهَا | وَ | مَا | عِنْدَ | اللّٰهِ | خَيْرٌ |
| کوئی | بھی چیز | تو سامان ہے | زندگی کا | دنیا کی | اور | سنگار | اور | جو | پاس | اللہ کے ہے | بہتر ہے |

دیا گیا تو وہ دنیوی زندگی کا سامان اور اس کی زینت ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور سب سے

وَّاَبْقٰى ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ ع ۶

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاَبْقٰى | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | اَفَمَنْ | وَّعَدْنٰهُ | وَعْدًا | حَسَنًا | فَهُوَ |
| اور باقی رہنے والا ہے | کیا پھر نہیں | سوچتے تم | کیا پھر وہ آدمی | کہ جسکو وعدہ دیا ہم نے | وعدہ | اچھا | تو وہ |

زیادہ باقی رہنے والا ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں۔ پھر کیا وہ شخص جس سے ہم نے اچھا وعدہ کیا ہو پھر وہ اُس کو

لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاقِيْهِ | كَمَنْ | مَّتَّعْنٰهُ | مَتَاعَ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | ثُمَّ | هُوَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ |
| ملنے والا ہے اسکو | اس جیسا ہے | کہ فائدہ دیا ہم نے اسکو | سامان | زندگی کا | دنیا کی | پھر | وہ | دن | قیامت کے |

پانے والا ہو اُس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جس کو ہم نے دنیا کی زندگی کا فائدہ دیا ہو؟ پھر وہ قیامت کے

مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ | وَيَوْمَ | يُنَادِيْهِمْ | فَيَقُوْلُ | اَيْنَ | شُرَكَآءِيَ | الَّذِيْنَ |
| حاضر کیا جائے گا | اور جس دن | پکارے گا ان کو | تو فرمائے گا | کہاں ہیں | میرے شریک | وہ جو کہ |

دن حاضر کیے جانے والوں میں سے ہے۔ اور جس دن انہیں پکارے گا تو فرمائے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | تَزْعُمُوْنَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | حَقَّ | عَلَيْهِمُ | الْقَوْلُ | رَبَّنَا | هٰٓؤُلَآءِ |
| تھے تم | خیال کرتے | کہیں گے | وہ جو کہ | حق ہوئی | ان پر | بات | اے ہمارے رب | یہ ہیں |

جنہیں تم گمان کرتے تھے۔ جن پر بات ثابت ہو چکی وہ کہیں گے:" اے ہمارے ربّ! یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہمیں گمراہ

الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اَغْوَيْنَا | اَغْوَيْنٰهُمْ | كَمَا | غَوَيْنَا | تَبَرَّاْنَآ | اِلَيْكَ | مَا |
| وہ جنہیں | ہم نے گمرہ کیا | گمراہ کیا ہم نے ان کو | جیسے | ہم گمراہ تھے | ہم بیزار ہیں | تیری طرف | نہیں |

کیا۔ ہم نے ان کو اس طرح بہکایا جس طرح ہم خود بہکے ہوئے تھے۔ ہم آپ کے سامنے براءت کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ لوگ

كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْٓا | اِيَّانَا | يَعْبُدُوْنَ | وَقِيْلَ | ادْعُوْا | شُرَكَآءَكُمْ | فَدَعَوْهُمْ |
| تھے وہ | ہماری | پوجا کرتے | اور فرمایا جائے گا | پکارو | شریکوں اپنے کو | تو پکاریں گے انکو |

صرف ہماری عبادت نہیں کرتے تھے"۔ اور کہا جائے گا اپنے شریکوں کو بلاؤ پھر وہ انہیں بلائیں گے

فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمْ | يَسْتَجِيْبُوْا | لَهُمْ | وَ | رَاَوُا | الْعَذَابَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | كَانُوْا |
| تو نہ | جواب دیں گے | ان کو | اور | دیکھیں گے | عذاب | کاش | وہ | ہوتے |

مگر وہ انہیں جواب نہیں دیں گے اور وہ عذاب کو دیکھ لیں گے کاش!

# يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَهْتَدُوْنَ | وَ | يَوْمَ | يُنَادِيْهِمْ | فَيَقُوْلُ | مَاذَآ | اَجَبْتُمُ |
| راہ پاتے | اور | جس دن | پکارے گا ان کو | تو فرمائے گا | کیا | جواب دیا تم نے |

وہ ہدایت پر ہوتے۔ اور جس دن اللہ انہیں پکار کر ارشاد فرمائے گا تم نے رسولوں

# الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُرْسَلِيْنَ | فَعَمِيَتْ | عَلَيْهِمُ | الْاَنْۢبَآءُ | يَوْمَئِذٍ | فَهُمْ |
| رسولوں کو | تو اندھی ہو جائیں گی | ان پر | خبریں | اس دن | تو وہ |

کو کیا جواب دیا۔ تو اس دن ان پر پوشیدہ ہو جائیں کی خبریں تو وہ ایک دوسرے سے

# لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَتَسَآءَلُوْنَ | فَاَمَّا | مَنْ | تَابَ | وَ | اٰمَنَ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَعَسٰٓى |
| نہ | سوال کریں گے | تو وہ | جس نے | توبہ کی | اور | ایمان لایا | اور | عمل کیے | اچھے | تو قریب ہے |

پوچھ بھی نہ سکیں گے۔ تو وہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھا کام کیا قریب ہے

# اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يَّكُوْنَ | مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ | وَ | رَبُّكَ | يَخْلُقُ | مَا | يَشَآءُ |
| یہ کہ | ہو | نجات پانے والوں سے | اور | تمہارا رب | پیدا کرتا ہے | جو | چاہے |

کہ وہ کامیاب ہونے والوں میں سے ہو گا۔ اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے اور جسے چاہے

# وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَخْتَارُ | مَا | كَانَ | لَهُمُ | الْخِيَرَةُ | سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | وَتَعٰلٰى | عَمَّا |
| اور | پسند فرماتا ہے | جو | ہے | ان کا | کوئی اختیار | پاک ہے | اللہ | اور بلند ہے | اس سے |

منتخب فرماتا ہے ان بتوں کا کچھ اختیار نہیں اور اللہ تعالیٰ پاک ہے اور بلند وبرتر ہے اس سے

يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُشْرِكُوْنَ | وَ | رَبُّكَ | يَعْلَمُ | مَا | تُكِنُّ | صُدُوْرُهُمْ | وَ | مَا | يُعْلِنُوْنَ |
| جو شرک کرتے ہیں | اور | تمہارا رب | جانتا ہے | جو | چھپاتے ہیں | سینے ان کے | اور | جو | ظاہر کرتے ہیں |

جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ اور تمہارا رب جانتا ہے جو ان کے سینے چھپا لیتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | اللّٰهُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | لَهُ | الْحَمْدُ | فِى الْاُوْلٰى | وَ | الْاٰخِرَةِ | وَ | لَهُ |
| اور | وہ | اللہ ہے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | اسکی | تعریف ہے | دنیا میں | اور | آخرت میں | اور | اسی کا |

اور وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی الہ نہیں دنیا اور آخرت میں تعریف اسی کی ہے اور حکم بھی اس کا ہے

الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحُكْمُ | وَاِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | جَعَلَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمُ |
| حکم ہے | اور طرف اسکی | پھیرے جاؤ گے | فرماؤ | کیا دیکھا تم نے | اگر | بنادے | اللہ | تم پر |

اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اے محبوب ﷺ فرمایئے بتاؤ اگر اللہ تم پر

الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّيْلَ | سَرْمَدًا | اِلٰى يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | مَنْ | اِلٰهٌ | غَيْرُ | اللّٰهِ | يَاْتِيْكُمْ |
| رات | ہمیشہ کی | دن تک | قیامت کے | کون | خدا ہے | سوا | اللہ کے جو | لا دے تم کو |

ہمیشہ کیلئے قیامت کے دن تک رات کر دے اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہارے پاس (دن کی)

بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِضِيَآءٍ | اَفَلَا | تَسْمَعُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | جَعَلَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمُ |
| روشنی | کیا پھر نہیں | سنتے تم | تم فرماؤ | کیا دیکھا تم نے | اگر | بنادے | اللہ | تم پر |

روشنی لے آئے تو کیا تم نہیں سنتے؟ اے حبیب ﷺ فرمایئے (ذرا یہ تو) بتاؤ اگر اللہ تم پر

النَّهَارَ سَرۡمَدًا اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَةِ مَنۡ اِلٰهٌ غَیۡرُ اللّٰهِ یَاۡتِیۡکُمۡ بِلَیۡلٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّهَارَ | سَرۡمَدًا | اِلٰی یَوۡمِ | الۡقِیٰمَةِ | مَنۡ | اِلٰهٌ | غَیۡرُ | اللّٰهِ | یَاۡتِیۡکُمۡ | بِلَیۡلٍ |
| دن | ہمیشہ کا | دن تک | قیامت کے | کون | خدا ہے | سوا | اللہ کے | جو لادے تم کو | رات کہ |

ہمیشہ کیلئے قیامت کے دن تک دن کر دے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہارے پاس رات لے آئے

تَسۡکُنُوۡنَ فِیۡهِ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۷۲﴾ وَ مِنۡ رَّحۡمَتِهٖ جَعَلَ لَکُمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسۡکُنُوۡنَ | فِیۡهِ | اَفَلَا | تُبۡصِرُوۡنَ | وَ | مِنۡ رَّحۡمَتِهٖ | جَعَلَ | لَکُمُ |
| آرام پاؤ تم | اس میں | کیا پھر نہیں | دیکھتے تم | اور | اس کی رحمت ہے کہ | بنائی | تمہارے لیے |

جس میں تم آرام کرو تو کیا تم نہیں دیکھتے؟ اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے

الَّیۡلَ وَ النَّهَارَ لِتَسۡکُنُوۡا فِیۡهِ وَ لِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَ لَعَلَّکُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّیۡلَ | وَ | النَّهَارَ | لِتَسۡکُنُوۡا | فِیۡهِ | وَ | لِتَبۡتَغُوۡا | مِنۡ فَضۡلِهٖ | وَ | لَعَلَّکُمۡ |
| رات | اور | دن کو کہ | آرام پاؤ | اس میں | اور | تا کہ ڈھونڈو | اس کا فضل | اور | تا کہ تم |

رات اور دن بنائے کہ رات میں آرام کرو اور دن میں اس کا فضل تلاش کرو اور تا کہ تم

تَشۡکُرُوۡنَ ﴿۷۳﴾ وَ یَوۡمَ یُنَادِیۡهِمۡ فَیَقُوۡلُ اَیۡنَ شُرَکَآءِیَ الَّذِیۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشۡکُرُوۡنَ | وَ | یَوۡمَ | یُنَادِیۡهِمۡ | فَیَقُوۡلُ | اَیۡنَ | شُرَکَآءِیَ | الَّذِیۡنَ |
| شکر کرو | اور | جس دن | پکارے گا ان کو | تو فرمائے گا | کہاں ہیں | میرے شریک | وہ جو |

شکر گزار ہو جاؤ۔ اور جس دن انہیں پکارے گا تو فرمائے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کا

کُنۡتُمۡ تَزۡعُمُوۡنَ ﴿۷۴﴾ وَ نَزَعۡنَا مِنۡ کُلِّ اُمَّةٍ شَهِیۡدًا فَقُلۡنَا هَاتُوۡا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کُنۡتُمۡ | تَزۡعُمُوۡنَ | وَ | نَزَعۡنَا | مِنۡ کُلِّ | اُمَّةٍ | شَهِیۡدًا | فَقُلۡنَا | هَاتُوۡا |
| تھے تم | خیال کرتے | اور | نکالیں گے ہم | ہر ایک | گروہ سے | گواہ | تو فرمائینگے ہم | لاؤ |

تم گمان رکھتے تھے۔ اور ہم ہر اُمت میں سے ایک گواہ نکالیں گے پھر فرمائینگے اپنی دلیل لاؤ

بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ ع ١٥

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُرْهَانَكُمْ | فَعَلِمُوْٓا | اَنَّ | الْحَقَّ | لِلّٰهِ | وَ | ضَلَّ | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ |
| اپنی دلیل | تو جان لیں گے | بیشک | حق | اللہ کیلئے ہے | اور | کھوئی جائینگی | ان سے | جو | تھے وہ | جھوٹ بناتے |

تو وہ جان لیں گے کہ حق اللہ ہی کے پاس ہے اور جو باتیں انہوں نے گھڑ رکھی تھیں ان سے جاتی رہیں گی۔

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | قَارُوْنَ | كَانَ | مِنْ قَوْمِ | مُوْسٰى | فَبَغٰى | عَلَيْهِمْ | وَ | اٰتَيْنٰهُ | مِنَ الْكُنُوْزِ |
| بیشک | قارون | تھا | قوم | موسیٰ سے | تو سرکشی کی اسنے | ان پر | اور | دیئے تھے ہم نے اسکو | اتنے خزانے |

قارون موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے تھا مگر اس نے ان کے خلاف بغاوت کی اور ہم نے اسے

مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اِنَّ | مَفَاتِحَهٗ | لَتَنُوْٓاُ | بِالْعُصْبَةِ | اُولِي | الْقُوَّةِ | اِذْ | قَالَ | لَهٗ |
| کہ | بیشک | اس کی کنجیاں | بوجھل ہوتیں | جماعت | صاحب | قوت پر | جب | کہا | اس کو |

اتنا خزانہ دیا تھا کہ اس کی کنجیاں ایک طاقتور جماعت پر بھاری تھیں جب

قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿٧٦﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمُهٗ | لَا | تَفْرَحْ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْفَرِحِيْنَ | وَ | ابْتَغِ | فِيْمَآ |
| اسکی قوم نے | نہ | اترا | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | اترانے والوں کو | اور | ڈھونڈ | اس میں جو |

اس کی قوم نے اسے کہا اترا مت اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جو کچھ تجھے

اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتٰىكَ | اللّٰهُ | الدَّارَ | الْاٰخِرَةَ | وَ | لَا | تَنْسَ | نَصِيْبَكَ | مِنَ الدُّنْيَا |
| دیا تجھ کو | اللہ نے | گھر | آخرت کا | اور | نہ | بھول | اپنا حصہ | دنیا سے |

اللہ نے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر طلب کر اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھول اور احسان کر جیسا اللہ نے

وَ اَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَ لَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَحْسِنْ | كَمَآ | اَحْسَنَ | اللّٰهُ | اِلَيْكَ | وَ | لَا | تَبْغِ | الْفَسَادَ | فِي |
| اور | احسان کر | جیسے | احسان کیا | اللہ نے | تجھ پر | اور | نہ | ڈھونڈ | فساد | میں |

تجھ پر احسان فرمایا اور زمین میں فساد (کی راہ) تلاش نہ کر

الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْمُفْسِدِيْنَ | قَالَ | اِنَّمَآ | اُوْتِيْتُهٗ |
| زمین | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | فساد کرنے والوں کو | بولا | اسکے سوا نہیں | دیا گیا ہوں میں یہ مال |

بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ وہ کہنے لگا یہ تو مجھے صرف ایک

عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | عِلْمٍ | عِنْدِيْ | اَوَ | لَمْ | يَعْلَمْ | اَنَّ | اللّٰهَ | قَدْ | اَهْلَكَ | مِنْ قَبْلِهٖ |
| بوجہ | علم | اپنے کے | کیا | نہ | جانا اس نے | بیشک | اللہ نے | یقینا | ہلاک کردیں | اس سے پہلے |

علم کی وجہ سے ملا ہے جو میرے پاس ہے کیا اس نے نہیں جانا کہ اللہ نے اس سے پہلے بہت سی قوموں

مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّ اَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَ لَا يُسْئَلُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْقُرُوْنِ | مَنْ | هُوَ | اَشَدُّ | مِنْهُ | قُوَّةً | وَّ | اَكْثَرُ | جَمْعًا | وَ | لَا | يُسْئَلُ |
| کئی سنگتیں | کہ | وہ | زیادہ سخت تھیں | اس سے | طاقت میں | اور | زیادہ تھیں | جتھے میں | اور | نہیں | پوچھے جائینگے |

کو ہلاک کر دیا جو قوت میں اس سے بھی زیادہ تھیں اور (مال) جمع کرنے میں اس سے بہت زیادہ اور مجرموں سے ان کے

عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ ذُنُوْبِهِمْ | الْمُجْرِمُوْنَ | فَخَرَجَ | عَلٰى | قَوْمِهٖ | فِيْ | زِيْنَتِهٖ |
| اپنے گناہوں سے | مجرم لوگ | تو نکلا | اوپر | اپنی قوم کے | میں | اپنی زینت |

گناہوں کے بارے میں (تحقیق کیلئے) سوال نہ کیا جائے گا۔ تو اپنی قوم پر نکلا اپنی آرائش میں

قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | الَّذِيْنَ | يُرِيْدُوْنَ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | يٰلَيْتَ | لَنَا | مِثْلَ | مَآ | اُوْتِيَ |
| کہا | ان لوگوں نے جو | چاہتے تھے | زندگی | دنیا کی | اے کاش | ہمیں بھی ملتا | مثل | اسکے جو | دیا گیا ہے |

بولے وہ جو دنیا کی زندگی چاہتے ہیں کسی طرح ہم کو بھی ایسا ملتا جیسا

قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَارُوْنُ | اِنَّهٗ | لَذُوْحَظٍّ | عَظِيْمٍ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْعِلْمَ |
| قارون | بیشک وہ | حصے والا ہے | بڑے کا | اور | کہا | ان لوگوں نے جو | دیے گئے | علم |

قارون کو ملا بے شک اس کا بڑا نصیب ہے۔ اور بولے وہ جنہیں علم دیا گیا

وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰهَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيْلَكُمْ | ثَوَابُ | اللّٰهِ | خَيْرٌ | لِّمَنْ | اٰمَنَ | وَعَمِلَ | صَالِحًا | وَ | لَا | يُلَقّٰهَآ |
| افسوس تم پر | ثواب | اللہ کا | بہتر ہے | اسکے لیے جو | ایمان لائے | اور کام کرے | نیک | اور | نہیں | دیا جاتا وہ |

خرابی ہو تمہاری اللہ کا ثواب بہتر ہے اس کیلئے جو ایمان لائے اور اچھے کام کرے اور یہ انہیں کو ملتا ہے

اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۟ قف فَمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | الصّٰبِرُوْنَ | فَخَسَفْنَا | بِهٖ | وَ | بِدَارِهِ | الْاَرْضَ | فَمَا |
| مگر | صبر والوں کو | تو دھنسا دیا ہم نے | اس کو | اور | اس کے گھر کو | زمین میں | تو نہ |

جو صبر والے ہیں۔ پھر ہم نے اسے اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا

كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | لَهٗ | مِنْ | فِئَةٍ | يَّنْصُرُوْنَهٗ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَ | مَا | كَانَ | مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ |
| تھی | اس کی | کوئی | جماعت جو | مدد کرتی اس کی | سوا | اللہ کے | اور | نہ | ہوا وہ | بدلہ لینے والوں سے |

پھر اس کے پاس اللہ کے سوا کوئی جماعت نہ تھی جو اس کی مدد کرتی اور نہ وہ اپنا بچاؤ کر سکتا تھا۔

وَ اَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَصْبَحَ | الَّذِيْنَ | تَمَنَّوْا | مَكَانَهٗ | بِالْاَمْسِ |
| اور | صبح کی | انہوں نے جو | خواہش کرتے تھے | اس کے مرتبہ کی | کل |

اور کل تک جو لوگ اس کے مرتبے کی آرزو کرتے تھے

يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | وَيْكَاَنَّ | اللّٰهَ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ |
| کہتے تھے | عجیب بات ہے کہ | اللہ | پھیلاتا ہے | رزق | جس کے لیے | چاہے | اپنے | بندوں سے |

کہنے لگے ہائے! یہ اللہ ہی ہے جو جس کا چاہے رزق فراخ کر دیتا ہے

وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَقْدِرُ | لَوْ | لَآ | اَنْ | مَّنَّ | اللّٰهُ | عَلَيْنَا | لَخَسَفَ | بِنَا | وَيْكَاَنَّهٗ |
| اور | تنگ کرتا ہے | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ | احسان فرماتا | اللہ | ہم پر | تو دھنسا دیتا | ہم کو بھی | عجیب معاملہ ہے |

یا کم کر دیتا ہے اگر اللہ ہم پر احسان نہ فرماتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا افسوس!

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُفْلِحُ | الْكٰفِرُوْنَ | تِلْكَ | الدَّارُ | الْاٰخِرَةُ | نَجْعَلُهَا | لِلَّذِيْنَ |
| نہیں | خلاصی پاتے | کافر لوگ | یہ ہے | گھر | آخرت کا | کرتے ہیں ہم یہ | ان کیلئے جو |

کافر کامیاب نہیں ہوتے۔ یہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کیلئے (مخصوص) کرتے ہیں جو

لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُرِيْدُوْنَ | عُلُوًّا | فِي الْاَرْضِ | وَ | لَا | فَسَادًا | وَ | الْعَاقِبَةُ |
| نہیں | چاہتے | تکبر | زمین میں | اور | نہ | فساد | اور | انجام |

زمین میں سرکشی کا ارادہ نہیں کرتے اور نہ فساد کا اور نیک انجام

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ

| لِلْمُتَّقِيْنَ | مَنْ | جَآءَ | بِالْحَسَنَةِ | فَلَهٗ | خَيْرٌ | مِّنْهَا | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاروں کیلئے ہے | جو | لائے گا | نیکی | تواس کیلئے | بہتر ہے | اس سے | اور | جو |

پرہیزگاروں کیلئے ہے۔ جو نیکی لائے تو اس کیلئے صلہ ہے اس نیکی سے بہتر اور جو

جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا

| جَآءَ | بِالسَّيِّئَةِ | فَلَا | يُجْزَى | الَّذِيْنَ | عَمِلُوا | السَّيِّاٰتِ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لائے گا | برائی | تو نہ | بدلہ دیا جائے گا | ان کو جنہوں نے | عمل کیے | برے | مگر |

برائی لے کر آئے تو برائی کرنے والوں کو بدلہ نہیں دیا جائے گا مگر

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ

| مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْ | فَرَضَ | عَلَيْكَ | الْقُرْاٰنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی جو | تھے وہ | کرتے | بیشک | وہ جس نے | فرض کیا | آپ پر | قرآن |

جتنا وہ کرتے تھے۔ بیشک جس نے آپ پر قرآن فرض کیا

لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى

| لَرَآدُّكَ | اِلٰى | مَعَادٍ | قُلْ | رَّبِّيْٓ | اَعْلَمُ | مَنْ | جَآءَ | بِالْهُدٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً پھیرنے والا ہے آپ کو | طرف | پھرنے کی جگہ کے | فرماؤ | میرا رب | خوب جانتا ہے | جو | لایا | ہدایت |

وہ تمہیں پھر لے جائے گا جہاں لوٹنا چاہتے ہو فرما دیجئے میرا رب خوب جانتا ہے اسے جو ہدایت لایا

وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى

| وَ | مَنْ | هُوَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | وَ | مَا | كُنْتَ | تَرْجُوْٓا | اَنْ | يُّلْقٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کہ | وہ | میں | گمراہی | ظاہر کیلئے | اور | نہیں | تھے تم | امید رکھتے | یہ کہ | ڈالی جائے گی |

اور جو کھلی گمراہی میں ہے۔ (اے مخاطب) اور تم امید نہ رکھتے تھے کہ

اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | الْكِتٰبُ | اِلَّا | رَحْمَةً | مِّنْ رَّبِّكَ | فَلَا | تَكُوْنَنَّ | ظَهِيْرًا |
| آپ کی طرف | کتاب | مگر | رحمت ہے | تمہارے رب کی | تو نہ | ہو تو | مددگار |

کتاب تم پر بھیجی جائے کی ہاں تمہارے رب نے رحمت فرمائی تو تم ہرگز کافروں کی

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْكٰفِرِيْنَ | وَ | لَا | يَصُدُّنَّكَ | عَنْ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | بَعْدَ | اِذْ | اُنْزِلَتْ |
| کافروں کا | اور | نہ | روکے تم کو | آیات | الٰہی سے | بعد | اسکے کہ | اتاری گئیں |

پشت پناہی نہ کرنا۔ اور کوئی تمہیں اللہ کی آیتوں سے اس کے بعد کہ وہ

اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٨٧﴾ ج

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | وَادْعُ | اِلٰى | رَبِّكَ | وَ | لَا | تَكُوْنَنَّ | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ |
| آپ کی طرف | آپ بلائیں | طرف | اپنے رب کی | اور | نہ | ہو تم | مشرکوں سے |

تمہاری طرف نازل کر دی گئی ہیں نہ روکے اور اپنے رب کی طرف بلا ؤاور مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہونا۔

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ قف كُلُّ شَيْءٍ وقف لازم

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَدْعُ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | كُلُّ | شَيْءٍ |
| اور | نہ | پکار | ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرے کو | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی | ہر | چیز |

اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کو نہ پکارو اس کے سوا کوئی خدا نہیں اس کی ذات کے سوا ہر شے

هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ط لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٨﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَالِكٌ | اِلَّا | وَجْهَهٗ | لَهُ | الْحُكْمُ | وَ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ |
| ہلاک ہونیوالی ہے | سوائے | اسکی ذات کے | اسی کا | حکم ہے | اور | اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے |

ہلاک ہونے والی ہے حکم اسی کی چلتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

آیاتہا ۶۹ — ۲۹ سُوْرَۃُ العَنْکَبُوْتِ مَکِّیَّۃٌ ۸۵ — رکوعاتہا ۷

# بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ

| الٓمّٓ | اَحَسِبَ | النَّاسُ | اَنْ | یُّتْرَکُوْٓا | اَنْ یَّقُوْلُوْٓا | اٰمَنَّا | وَھُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓ | کیا خیال کیا ہے | لوگوں نے | یہ کہ | چھوڑ دیے جائینگے | یہ کہ کہیں | ہم ایمان لائے | اور وہ |

الٓمّٓ۔ کیا لوگوں نے یہ گمان کر رکھا ہے کہ انہوں نے صرف اس وعدے پر کہ ہم ایمان لائے ہیں ہم انہیں بغیر آزمائے ہوئے

لَا یُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ فَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰہُ

| لَا | یُفْتَنُوْنَ | وَ | لَقَدْ | فَتَنَّا | الَّذِیْنَ | مِنْ قَبْلِھِمْ | فَلَیَعْلَمَنَّ | اللّٰہُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | آزمائے جائینگے | اور | بیشک | آزمایا ہم نے | ان کو | جو ان سے پہلے تھے | تو ضرور ظاہر کرے گا | اللہ |

اسی طرح چھوڑ دیں گے؟ مگر ہم نے ان سے پہلے لوگوں کو بھی آزمایا تھا پس اللہ ان لوگوں کو (سب پر)

الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْکٰذِبِیْنَ ﴿۳﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ

| الَّذِیْنَ | صَدَقُوْا | وَ | لَیَعْلَمَنَّ | الْکٰذِبِیْنَ | اَمْ | حَسِبَ | الَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو جو | سچے ہیں | اور | ضرور ظاہر کرے گا | جھوٹوں کو | کیا | گمان کرتے ہیں | وہ جو |

ظاہر کر کے رہے گا جو سچ کہتے ہیں اور وہ جھوٹوں کو بھی ضرور ظاہر کردے گا۔ کیا ان لوگوں نے جو برے

یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا یَحْکُمُوْنَ ﴿۴﴾ مَنْ کَانَ

| یَعْمَلُوْنَ | السَّیِّاٰتِ | اَنْ | یَّسْبِقُوْنَا | سَآءَ | مَا | یَحْکُمُوْنَ | مَنْ | کَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے ہیں | برے کام | یہ کہ | عاجز کر دیں گے ہم کو | برا ہے | جو | فیصلہ کرتے ہیں | جو | ہے |

کام کرتے ہیں سمجھ لیا ہے کہ وہ ہم سے آگے نکل جائیں گے؟ کیسا برا فیصلہ وہ کرتے ہیں۔ جو اللہ سے ملنے

يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ⑤

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرْجُوْا | لِقَآءَ | اللّٰهِ | فَاِنَّ | اَجَلَ | اللّٰهِ | لَاٰتٍ | وَ | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ |
| امید رکھتا | ملاقات | اللہ کی کا | تو بیشک | وقت مقرر | اللہ کا | آنے والا ہے | اور | وہ | سنتا | جانتا ہے |

کی اُمید رکھتا ہو تو بے شک اللہ کا مقرر کیا ہوا وقت ضرور آنے والا ہے اور وہ بہت سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ⑥

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | جَاهَدَ | فَاِنَّمَا | يُجَاهِدُ | لِنَفْسِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَغَنِيٌّ | عَنِ الْعٰلَمِيْنَ |
| اور | جو | کوشش کرے | تو اسکے سوا نہیں کہ | وہ کوشش کریگا | اپنی جان کیلئے | بیشک | اللہ | بے پرواہ ہے | جہان والوں سے |

اور جو (راہِ حق میں) کوشش کرے وہ اپنے ہی نفع کیلئے کوشش کرے گا بے شک اللہ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | لَنُكَفِّرَنَّ | عَنْهُمْ |
| اور | وہ جو | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے | تو دور کریں گے ہم | ان سے |

اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ہم ضرور ان کی

سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑦

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سَيِّاٰتِهِمْ | وَ | لَنَجْزِيَنَّهُمْ | اَحْسَنَ | الَّذِيْ | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ |
| ان کی برائیاں | اور | ضرور بدلہ دیں گے ہم انکو | اچھا | اس کا جو | تھے | عمل کرتے |

برائیاں اتار دیں گے اور ضرور انہیں اس کام پر بدلا دیں گے جو ان کے سب کاموں میں اچھا تھا۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | وَصَّيْنَا | الْاِنْسَانَ | بِوَالِدَيْهِ | حُسْنًا | وَ | اِنْ | جَاهَدٰكَ | لِتُشْرِكَ |
| اور | ہم نے حکم دیا | انسان کو | اسکے ماں باپ کیلئے | بھلائی کا | اور | اگر | جھگڑا کریں آپ سے | کہ شرک کرے تو |

اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کا حکم فرمایا اور اگر وہ آپ پر (یہ) کوشش کریں

بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِیْ | مَا | لَیْسَ | لَكَ | بِهٖ | عِلْمٌ | فَلَا | تُطِعْهُمَا | اِلَیَّ | مَرْجِعُكُمْ | فَاُنَبِّئُكُمْ |
| میرے ساتھ | کہ | نہیں | تجھ کو | اس کا | کوئی علم | تو نہ | کہا مان ان کا | میری طرف ہے | تمہارا پھرنا | تو بتاؤں گا تم کو |

کہ تم میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہراؤ جس کا تجھے علم نہیں توان کا کہا نہ مان میری ہی طرف تمہارا پلٹنا ہے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | وَ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
| جو | تھے تم | عمل کرتے | اور | وہ جو | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے |

تو میں بتا دوں گا تمہیں جو تم کرتے تھے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور درست عمل کرتے رہے

لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ ﴿۹﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنُدْخِلَنَّهُمْ | فِی | الصّٰلِحِیْنَ | وَ | مِنَ النَّاسِ | مَنْ | یَّقُوْلُ | اٰمَنَّا |
| ضرور داخل کریں گے ہم انکو | میں | نیکوں | اور | لوگوں میں سے بعض | وہ ہے جو | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے |

انہیں ہم نیک لوگوں میں شامل کر لیں گے۔ اور کچھ لوگ وہ بھی ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ پر

بِاللّٰهِ فَاِذَاۤ اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | فَاِذَاۤ | اُوْذِیَ | فِی اللّٰهِ | جَعَلَ | فِتْنَةَ | النَّاسِ | كَعَذَابِ | اللّٰهِ |
| اللہ پر | تو جب | تکلیف دی جاتی ہے | اللہ کی راہ میں | تو ٹھہراتے ہیں | فتنے | لوگوں میں | مثل عذاب | اللہ کے |

ایمان لے آئیں ہیں پھر جب انہیں اللہ کی راہ میں ایذاء دی گئی تو لوگوں کے فتنے کو اللہ کی سزا کی

وَلَىِٕنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَیَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَیْسَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَىِٕنْ | جَآءَ | نَصْرٌ | مِّنْ رَّبِّكَ | لَیَقُوْلُنَّ | اِنَّا | كُنَّا | مَعَكُمْ | اَوَ | لَیْسَ |
| اور | اگر | آئے | مدد | تمہارے رب کی | تو ضرور کہیں گے | بیشک ہم | تھے | تمہارے ساتھ | کیا | نہیں |

طرح لے لیتے ہیں اور اگر تمہارے رب کی مدد پہنچ گئی تو ضرور کہہ دیں گے ہم تو تمہارے ساتھ تھے مگر کیا

اللّٰهُ بِاَعۡلَمَ بِمَا فِیۡ صُدُوۡرِ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۰﴾ وَ لَیَعۡلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِیۡنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | بِاَعۡلَمَ | بِمَا | فِیۡ صُدُوۡرِ | الۡعٰلَمِیۡنَ | وَ | لَیَعۡلَمَنَّ | اللّٰهُ | الَّذِیۡنَ |
| اللہ | جاننے والا | اسکو جو | سینوں میں | جہان والوں کے ہے | اور | ضرور ظاہر کرے گا | اللہ | ان کو |

اللہ کو خوب معلوم نہیں جو دنیا والوں کے سینوں میں ہے۔ اور اللہ ضرور ظاہر فرما دے گا

اٰمَنُوۡا وَ لَیَعۡلَمَنَّ الۡمُنٰفِقِیۡنَ ﴿۱۱﴾ وَ قَالَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لِلَّذِیۡنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوۡا | وَ | لَیَعۡلَمَنَّ | الۡمُنٰفِقِیۡنَ | وَ | قَالَ | الَّذِیۡنَ | کَفَرُوۡا | لِلَّذِیۡنَ |
| جوایمان لائے | اور | ضرور ظاہر کرے گا | منافقوں کو | اور | کہا | انہوں نے جو | کافر ہیں | ان کو جو |

ایمان والوں کو اور ضرور ظاہر فرما دے گا منافقوں کو۔ اور کافروں نے ایمان والوں سے کہا تم ہمارے

اٰمَنُوا اتَّبِعُوۡا سَبِیۡلَنَا وَ لۡنَحۡمِلۡ خَطٰیٰکُمۡ ؕ وَ مَا هُمۡ بِحٰمِلِیۡنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوا | اتَّبِعُوۡا | سَبِیۡلَنَا | وَلۡنَحۡمِلۡ | خَطٰیٰکُمۡ | وَ | مَا | هُمۡ | بِحٰمِلِیۡنَ |
| مومن ہیں | پیروی کرو | ہمارے راستہ کی | اور ہم اٹھالیں گے | تمہارے گناہ | اور | نہیں | وہ | اٹھانے والے |

راستہ کی پیروی کرو اور ہم تمہارے گناہوں کا بوجھ اٹھا لیں گے حالانکہ وہ ان کے

مِنۡ خَطٰیٰهُمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ ؕ اِنَّهُمۡ لَکٰذِبُوۡنَ ﴿۱۲﴾ وَ لَیَحۡمِلُنَّ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ خَطٰیٰهُمۡ | مِّنۡ شَیۡءٍ | اِنَّهُمۡ | لَکٰذِبُوۡنَ | وَ | لَیَحۡمِلُنَّ |
| گناہ ان کے | کچھ بھی | بیشک وہ | جھوٹے ہیں | اور | ضرور اٹھائینگے وہ |

گناہوں کے بوجھ میں سے کچھ بھی نہ اٹھا سکیں گے یقیناً وہ ضرور جھوٹے ہیں۔ اور بے شک ضرور اپنے

اَثۡقَالَهُمۡ وَ اَثۡقَالًا مَّعَ اَثۡقَالِهِمۡ ۫ وَ لَیُسۡـَٔلُنَّ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ عَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَثۡقَالَهُمۡ | وَاَثۡقَالًا | مَّعَ | اَثۡقَالِهِمۡ | وَ | لَیُسۡـَٔلُنَّ | یَوۡمَ | الۡقِیٰمَةِ | عَمَّا |
| اپنے بوجھ | اور بوجھ | ساتھ | اپنے بوجھ کے | اور | ضرور پوچھے جائینگے | دن | قیامت کے | اس سے جو |

بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور بوجھ اور ضرور قیامت کے دن پوچھے جائیں گے جو

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ ع

| كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | نُوْحًا | اِلٰى | قَوْمِهٖ | فَلَبِثَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے وہ | بہتان باندھتے | اور | بیشک | بھیجا ہم نے | نوح کو | طرف | اسکی قوم کے | تو رہا وہ |

کچھ بہتان اٹھاتے تھے۔ اور بے شک ہم نے نوح علیہ السلام کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ

فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ

| فِيْهِمْ | اَلْفَ | سَنَةٍ | اِلَّا | خَمْسِيْنَ | عَامًا | فَاَخَذَهُمُ | الطُّوْفَانُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں | ہزار | برس | مگر | پچاس | سال (کم) | تو پکڑا ان کو | طوفان نے |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اَنۡكَرَ | الۡاَصۡوَاتِ | لَصَوۡتُ | الۡحَمِيۡرِ | اَلَمۡ | تَرَوۡا | اَنَّ |
| بیشک | بدترین | آوازوں سے | آواز | گدھے کی ہے | کیا نہ | دیکھا تم نے | بیشک |

سب آوازوں میں بُری آواز گدھے کی ہے۔ کیا تم نے نہ دیکھا کہ

اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمۡ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ وَاَسۡبَغَ عَلَيۡكُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | سَخَّرَ لَكُمۡ | مَّا | فِى السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِى الۡاَرۡضِ | وَاَسۡبَغَ | عَلَيۡكُمۡ |
| اللہ نے | تابع کیا تمہارے لیے | جو کچھ | آسمانوں میں ہے | اور | جو | زمین میں ہے | اور پوری کیں | تم پر |

اللہ نے تمہارے لئے کام میں لگائے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور اس نے اپنی

نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نِعَمَهٗ | ظَاهِرَةً | وَّ | بَاطِنَةً | وَ | مِنَ النَّاسِ | مَنۡ | يُّجَادِلُ | فِى | اللّٰهِ | بِغَيۡرِ | عِلۡمٍ |
| اپنی نعمتیں | ظاہری | اور | باطنی | اور | بعض لوگوں میں سے | وہ جو کہ | جھگڑتا ہے | میں | اللہ | بغیر | علم کے |

ظاہری اور باطنی نعمتیں تم پر پوری کردیں ہیں اور بعض آدمی اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں یوں کہ ان کے پاس

وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيۡرٍ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمُ اتَّبِعُوۡا مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ قَالُوۡا

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | هُدًى | وَّ | لَا | كِتٰبٍ | مُّنِيۡرٍ | وَاِذَا | قِيۡلَ | لَهُمُ | اتَّبِعُوۡا | مَاۤ | اَنۡزَلَ | اللّٰهُ | قَالُوۡا |
| اور | نہ | ہدایت | اور | نہ | کتاب | روشن کے | اور جب | کہا جاتا ہے | ان کو | پیروی کرو | اسکی جو | اتارا | اللہ نے | کہتے ہیں |

نہ علم نہ عقل اور نہ کوئی روشن کتاب ہے۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل

بَلۡ نَتَّبِعُ مَا وَجَدۡنَا عَلَيۡهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوۡ كَانَ الشَّيۡطٰنُ يَدۡعُوۡهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلۡ | نَتَّبِعُ | مَا | وَجَدۡنَا | عَلَيۡهِ | اٰبَآءَنَا | اَوَلَوۡ | كَانَ | الشَّيۡطٰنُ | يَدۡعُوۡهُمۡ |
| بلکہ | پیروی کرینگے ہم | اسکی جو | پایا ہم نے | اس پر | اپنے باپ دادا کو | کیا اگرچہ | ہو | شیطان | بلاتا ان کو |

کیا ہے تو کہتے ہیں نہیں بلکہ ہم اس کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا کیا! اگرچہ شیطان انہیں بھڑکتی

اِلٰی عَذَابِ السَّعِیۡرِ ﴿٢١﴾ وَمَنۡ یُّسۡلِمۡ وَجۡهَهٗۤ اِلَی اللّٰهِ وَهُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰی | عَذَابِ | السَّعِیۡرِ | وَ | مَنۡ | یُّسۡلِمۡ | وَجۡهَهٗۤ | اِلَی | اللّٰهِ | وَهُوَ |
| طرف | عذاب | دوزخ کی | اور | جو | جھکا دے | اپنا چہرہ | طرف | اللہ کی | اور وہ ہو |

آگ کے عذاب کی طرف بلا رہا ہو؟ مگر جس نے اپنا چہرہ اللہ کے سامنے جھکا دیا اور وہ

مُحۡسِنٌ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰی ؕ وَاِلَی اللّٰهِ عَاقِبَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحۡسِنٌ | فَقَدِ | اسۡتَمۡسَكَ | بِالۡعُرۡوَةِ | الۡوُثۡقٰی | وَ | اِلَی | اللّٰهِ | عَاقِبَةُ |
| نیک | تو بیشک | تھامی اس نے | گرہ | مضبوط | اور | طرف | اللہ کی ہے | انجام |

نیک بھی ہوا تو اس نے مضبوط سہارا تھام لیا اور سارے کاموں کا انجام تو اللہ کے

الۡاُمُوۡرِ ﴿٢٢﴾ وَمَنۡ كَفَرَ فَلَا یَحۡزُنۡكَ كُفۡرُهٗ ؕ اِلَیۡنَا مَرۡجِعُهُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاُمُوۡرِ | وَ | مَنۡ | كَفَرَ | فَلَا | یَحۡزُنۡكَ | كُفۡرُهٗ | اِلَیۡنَا | مَرۡجِعُهُمۡ |
| کاموں کا | اور | جو | کفر کرے | تو نہ | غمگین کرے آپ کو | اس کا کفر | ہماری طرف ہے | ان کا لوٹنا |

پاس ہی ہے۔ اور جو کفر کرے تو اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کرے انہیں ہماری ہی طرف لوٹنا ہے

فَنُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿٢٣﴾ نُمَتِّعُهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَنُنَبِّئُهُمۡ | بِمَا | عَمِلُوۡا | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِیۡمٌ | بِذَاتِ | الصُّدُوۡرِ | نُمَتِّعُهُمۡ |
| تو ہم بتا دینگے انکو | وہ کچھ جو | عمل کیے انہوں نے | بیشک | اللہ | جانتا ہے | جو | سینوں میں ہے | ہم فائدہ دینگے انکو |

پھر ہم انہیں بتا دیں گے ان کے سب عمل بے شک اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ سینوں میں ہے۔ ہم انہیں تھوڑا سا فائدہ

قَلِیۡلًا ثُمَّ نَضۡطَرُّهُمۡ اِلٰی عَذَابٍ غَلِیۡظٍ ﴿٢٤﴾ وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِیۡلًا | ثُمَّ | نَضۡطَرُّهُمۡ | اِلٰی | عَذَابٍ | غَلِیۡظٍ | وَ | لَئِنۡ | سَاَلۡتَهُمۡ | مَّنۡ |
| تھوڑا | پھر | بے بس کرینگے ان کو | طرف | عذاب | سخت کی | اور | اگر | تو ان سے پوچھے کہ | کس نے |

اٹھانے (کا موقع) دیں گے پھر ہم انہیں بے اختیار کردیں گے سخت عذاب کی طرف۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ

| خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | قُلِ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا | آسمانوں | اور | زمین کو | تو ضرور کہیں گے | اللہ نے | فرمادو | سب خوبیاں | اللہ کیلئے ہے | بلکہ |

بنائے آسمان اور زمین تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے فرما دیجئے سب خوبیاں اللہ کو ہی ہیں

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکثر ان کے | نہیں | جانتے | اللہ ہی کیلئے ہے | جو | میں | آسمانوں | اور | زمین | بیشک | اللہ |

بلکہ ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے بے شک اللہ ہی

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

| هُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | وَ | لَوْ | اَنَّ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | مِنْ شَجَرَةٍ | اَقْلَامٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہے | بے پروا | تعریف کیا گیا | اور | اگر | بیشک | جو | میں | زمین ہے | درخت | قلمیں ہوں |

بے نیاز ہے تعریف کیا گیا ہے۔ اور اگر وہ سب درخت جو زمین میں ہیں قلم بن جائیں

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ۭ

| وَّ | الْبَحْرُ | يَمُدُّهٗ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | سَبْعَةُ | اَبْحُرٍ | مَّا | نَفِدَتْ | كَلِمٰتُ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سمندر | سیاہی ہوں اسکی | بعد اس کے | سات | سمندر اور بھی | تو نہ | ختم ہوں | کلمات | اللہ کے |

اور سمندر کو سات سمندروں کی مدد کے ساتھ سیاہی بنادیں تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں گی

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ

| اِنَّ | اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | مَا | خَلْقُكُمْ | وَ | لَا | بَعْثُكُمْ | اِلَّا | كَنَفْسٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | عزت والا ہے | حکمت والا | نہیں | تمہاری پیدائش | اور | نہ | تمہارا اٹھنا | مگر | مانند جان |

اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ تم انسانوں کا پیدا کرنا اور تمہارا دوبارہ زندہ کرنا ایک نفس کی طرح ہے۔

وَّاحِدَةٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاحِدَةٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | بَصِيْرٌ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يُوْلِجُ | الَّيْلَ |
| جان ایک کی | بیشک | اللہ | سننے والا | دیکھنے والا ہے | کیا نہ | دیکھا تونے | بیشک | اللہ | داخل کرتا ہے | رات کو |

یقیناً اللہ تعالیٰ خوب سننے والا دیکھنے والا ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں

فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ كُلٌّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي النَّهَارِ | وَ | يُوْلِجُ | النَّهَارَ | فِي الَّيْلِ | وَسَخَّرَ | الشَّمْسَ | وَ | الْقَمَرَ | كُلٌّ |
| دن میں | اور | داخل کرتا ہے | دن کو | رات میں | اور مسخر کیا | سورج | اور | چاند کو | ہر ایک |

اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور اس نے سورج اور چاند مسخر کر دیئے ہر ایک مقرر کی ہوئی

يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّجْرِيْٓ | اِلٰٓى | اَجَلٍ | مُّسَمًّى | وَّاَنَّ | اللّٰهَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | ذٰلِكَ |
| چلتا ہے | طرف | مدت | مقرر کی | اور بیشک | اللہ | جو | تم کرتے ہو اس سے | خبردار ہے | یہ |

میعاد تک چل رہا ہے اور یہ کہ اللہ ان سب کاموں سے خوب خبردار ہے جو تم کرتے ہو۔ یہ اس لئے کہ

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَاَنَّ | مَا | يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهِ | الْبَاطِلُ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ |
| اس لیے کہ | اللہ | وہی | حق ہے | اور بیشک | جس کو | پکارتے ہیں | اس کے سوا | وہ باطل ہے | اور | بیشک | اللہ |

اللہ ہی حق ہے اور اللہ کو چھوڑ کر جنہیں یہ پوجتے ہیں سب بے حقیقت ہیں اور اس لئے کہ اللہ ہی

ع هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | الْعَلِيُّ | الْكَبِيْرُ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | الْفُلْكَ | تَجْرِيْ | فِي الْبَحْرِ | بِنِعْمَتِ |
| وہی ہے | بلند | بڑا | کیا نہ | دیکھا آپ نے کہ | بیشک | کشتیاں | چلتی ہیں | دریا میں | فضل |

بہت بلند ہے نہایت بڑائی والا۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ کشتی دریا میں چلتی ہے اللہ کے فضل سے تا کہ وہ تمہیں

اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | لِيُرِيَكُمْ | مِّنْ اٰيٰتِهٖ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّكُلِّ | صَبَّارٍ | شَكُوْرٍ |
| خداوندی سے | تا کہ دکھائے تم کو | اپنی نشانیاں | بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | واسطے ہر ایک | صبر کرنے والے | شکرگزار کے |

وہ اپنی کچھ نشانیاں دکھائے بے شک اس میں نشانیاں ہیں ہر بڑے صبر کرنے والے شکرگزار کے لیے۔

وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | غَشِيَهُمْ | مَّوْجٌ | كَالظُّلَلِ | دَعَوُا | اللّٰهَ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ | الدِّيْنَ | فَلَمَّا |
| اور | جب | ڈھانپتی ہے انکو | موج | مانند پہاڑوں کی | تو پکارتے ہیں | اللہ کو | خالص کر کے | اس کیلئے | دین | پھر جب |

اور جب اُن پر کوئی موج سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہے وہ اپنے دین کو اُس کے لیے خالص کرنے والے بن کر اللہ تعالیٰ کو

نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَجّٰهُمْ | اِلَى | الْبَرِّ | فَمِنْهُمْ | مُّقْتَصِدٌ | وَ | مَا | يَجْحَدُ | بِاٰيٰتِنَآ | اِلَّا | كُلُّ |
| نجات دیتا ہے انکو | طرف | خشکی کے | تو بعض ان سے | میانہ رو ہیں | اور | نہیں | انکار کرتا | ہماری آیتوں کو | مگر | ہر ایک |

پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف بچا کر لے آتا ہے تو اُن میں سے کچھ ہی راہِ راست پر قائم رہتے ہیں۔ اور ہماری

خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَتَّارٍ | كَفُوْرٍ | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اتَّقُوْا | رَبَّكُمْ | وَاخْشَوْا | يَوْمًا | لَا | يَجْزِيْ |
| بڑا بے وفا | ناشکرا | اے | لوگو | ڈرو | اپنے رب سے | اور ڈرو | اس دن سے کہ | نہ | کام آئے گا |

آیات کا انکار نہیں کرتا مگر ہر بدعہد ناشکرا۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو اور اس دن کی فکر کرو جب کوئی باپ اپنے بیٹے کے

وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالِدٌ | عَنْ وَّلَدِهٖ | وَ | لَا | مَوْلُوْدٌ | هُوَ | جَازٍ | عَنْ وَّالِدِهٖ | شَيْـًٔا | اِنَّ | وَعْدَ |
| باپ | اپنے بیٹے کے | اور | نہ | بیٹا | وہ | کام آنے والا ہے | اپنے باپ کے | کچھ بھی | بیشک | وعدہ |

بدلے میں کام نہیں آئے گا اور نہ بیٹا ہی اپنے باپ کے بدلے میں کچھ کام آئے گا اللہ کا وعدہ سچا ہے

اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ

| اللّٰهِ | حَقٌّ | فَلَا | تَغُرَّنَّكُمُ | الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا | وَ | لَا | يَغُرَّنَّكُمْ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | سچا ہے | تو نہ | دھوکہ دے تم کو | دنیا کی زندگی | اور | نہ | دھوکا دے تم کو | اللہ کے بارے |

پس دنیا کی زندگی تمہیں دھوکا نہ دے اور نہ وہ بڑا دھوکے باز (شیطان) اللہ کے بارے

الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ج وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ج

| الْغَرُوْرُ | اِنَّ | اللّٰهَ | عِنْدَهٗ | عِلْمُ | السَّاعَةِ | وَ | يُنَزِّلُ | الْغَيْثَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھوکے باز | بیشک | اللہ | اسکے پاس ہے | علم | قیامت کا | اور | اتارتا ہے | بارش |

میں تمہیں دھوکا دے۔ بے شک اللہ ہی کے پاس اس گھڑی کا علم ہے اور وہ بارش برساتا ہے

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ط وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ط

| وَ | يَعْلَمُ | مَا | فِي الْاَرْحَامِ | وَ | مَا | تَدْرِيْ | نَفْسٌ | مَّاذَا | تَكْسِبُ | غَدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جانتا ہے | جو | رحموں میں ہے | اور | نہیں | جانتا | کوئی جان | کیا | کرے گا | کل |

اور جانتا ہے جو ماؤں کے پیٹ میں ہے اور کسی کو خبر نہیں کہ وہ کل کیا کمائے گا

ع وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾ ع

| وَ | مَا | تَدْرِيْ | نَفْسٌ | بِاَيِّ | اَرْضٍ | تَمُوْتُ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | خَبِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | جانتا | کوئی جان | کونسی | زمین میں | مرے گا | بیشک | اللہ | جاننے والا | خبروالا ہے |

اور کسی کو خبر نہیں کہ کس زمین میں مرے گا اللہ علم والا خبردار ہے۔

## آیاتها ۳۰ — ۳۲ سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ ۷۵ — رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ ﴿۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓ | تَنْزِيْلُ | الْكِتٰبِ | لَا | رَيْبَ | فِيْهِ | مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ | اَمْ | يَقُوْلُوْنَ |
| ال م | اتاری گئی ہے | کتاب | نہیں | شک | اس میں | پروردگار جہانوں کی طرف سے | کیا | کہتے ہیں |

الٓمّٓ۔ اس کتاب کا نزول جس میں کوئی شک نہیں رب کائنات کی طرف سے ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افْتَرٰىهُ | بَلْ | هُوَ | الْحَقُّ | مِنْ رَّبِّكَ | لِتُنْذِرَ | قَوْمًا | مَّآ | اَتٰىهُمْ | مِّنْ نَّذِيْرٍ |
| بنالیا ہے اسکو | بلکہ | وہ | حق ہے | تمہارے رب کی طرف سے | کہ تو ڈرائے | اس قوم کو | کہ نہیں | آیا انکے پاس | کوئی ڈرانیوالا |

اسے گھڑ لیا ہے؟ نہیں بلکہ یہ تمہارے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جس کے پاس آپ سے پہلے کوئی

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ قَبْلِكَ | لَعَلَّهُمْ | يَهْتَدُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
| تم سے پہلے | تاکہ وہ | ہدایت پائیں | اللہ | وہ ہے جس نے | پیدا کیا | آسمانوں |

ڈرانے والا نہیں آیا تاکہ وہ ہدایت یافتہ ہو جائیں۔ اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى | الْعَرْشِ |
| اور | زمین کو | اور | جو | انکے درمیان ہے | چھ دنوں میں | پھر | استوا فرمایا | اوپر | عرش کے |

اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں بنایا پھر عرش پر استوا فرمایا اس کے سوا تمہارا کوئی

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | لَكُمْ | مِّنْ دُوْنِهٖ | مِنْ وَّلِيٍّ | وَّ | لَا | شَفِيْعٍ | اَفَلَا | تَتَذَكَّرُوْنَ | يُدَبِّرُ | الْاَمْرَ |
| نہیں | تمہارے لیے | اس کے سوا | کوئی حمایتی | اور | نہ | سفارشی | کیا پھر بھی نہیں | نصیحت لیتے تم | تدبیر فرماتا ہے | کام کی |

دوست نہیں اور نہ کوئی سفارش کرنے والا تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرو گے؟ وہ آسمان سے زمین تک

مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الۡاَرۡضِ ثُمَّ يَعۡرُجُ اِلَيۡهِ فِىۡ يَوۡمٍ كَانَ مِقۡدَارُهٗۤ اَلۡفَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ السَّمَآءِ | اِلَى | الۡاَرۡضِ | ثُمَّ | يَعۡرُجُ | اِلَيۡهِ | فِىۡ | يَوۡمٍ | كَانَ | مِقۡدَارُهٗۤ | اَلۡفَ |
| آسمان سے | طرف | زمین کی | پھر | رجوع فرمائے گا | طرف اسکے | میں | ایسے دن میں | کہ ہے | مقدار اس کی | ہزار |

معاملات کی تدبیر فرماتا ہے۔ پھر وہ اُس کی طرف اوپر جاتی ہے ایک ایسے دن میں جس کی مقدار ایک ہزار سال ہے

سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوۡنَ ۝۵ ذٰلِكَ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ الۡعَزِيۡزُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَنَةٍ | مِّمَّا | تَعُدُّوۡنَ | ذٰلِكَ | عٰلِمُ | الۡغَيۡبِ | وَ | الشَّهَادَةِ | الۡعَزِيۡزُ |
| سال | اس سے جو | تم گنتے ہو | یہ ہے | جاننے والا | غیب کا | اور | حاضر کا | عزت والا |

اس میں سے جو تم گنتے ہو۔ وہی ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا بڑا غالب

الرَّحِيۡمُ ۝۶ الَّذِىۡۤ اَحۡسَنَ كُلَّ شَىۡءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحِيۡمُ | الَّذِىۡۤ | اَحۡسَنَ | كُلَّ شَىۡءٍ | خَلَقَهٗ | وَ | بَدَاَ | خَلۡقَ | الۡاِنۡسَانِ |
| مہربان | وہ جس نے | اچھا کیا | ہر شے کی | پیدائش کو | اور | شروع کی | پیدائش | انسان کی |

بے حد رحم فرمانے والا۔ وہ جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی تخلیق کی ابتداء

مِنۡ طِيۡنٍ ۝۷ ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَهٗ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِيۡنٍ ۝۸ ثُمَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ طِيۡنٍ | ثُمَّ | جَعَلَ | نَسۡلَهٗ | مِنۡ سُلٰلَةٍ | مِّنۡ مَّآءٍ | مَّهِيۡنٍ | ثُمَّ |
| مٹی سے | پھر | بنایا | اس کی نسل کو | خلاصہ | پانی سے | ذلیل | پھر |

مٹی سے فرمائی۔ پھر اس کی نسل چلائی ایک حقیر پانی کے خلاصہ سے۔ پھر

سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيۡهِ مِنۡ رُّوۡحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَوّٰىهُ | وَ | نَفَخَ | فِيۡهِ | مِنۡ رُّوۡحِهٖ | وَ | جَعَلَ | لَكُمُ | السَّمۡعَ | وَ | الۡاَبۡصَارَ |
| برابر کیا اسکو | اور | پھونکی | اس میں | اپنی روح | اور | بنائے | تمہارے لیے | کان | اور | آنکھیں |

اسے درست کیا اور اس نے اس میں اپنی روح پھونکی اور تمہارے لئے کان آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑨ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَفْـِٕدَةَ | قَلِيْلًا | مَّا | تَشْكُرُوْنَ | وَ | قَالُوْۤا | ءَاِذَا | ضَلَلْنَا | فِي الْاَرْضِ | ءَاِنَّا |
| اور | دل | تھوڑا ہے | جو | شکر کرتے ہو تم | اور | بولے | کیا جب | مل جائینگے ہم | زمین میں | کیا ہم |

اور دل بنائے (مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو۔ اور وہ کہتے ہیں کیا جب ہم زمین میں گم ہو چکے ہوں گے

لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ۬ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ⑩ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَفِيْ خَلْقٍ | جَدِيْدٍ | بَلْ | هُمْ | بِلِقَآئِ | رَبِّهِمْ | كٰفِرُوْنَ | قُلْ | يَتَوَفّٰىكُمْ |
| البتہ پیدائش میں | نئی کے ہونگے | بلکہ | وہ | ملاقات سے | اپنے رب کی | منکر ہیں | فرمادو | فوت کرتاہے تم کو |

تو کیا ہم ایک نئی پیدائش میں ہوں گے؟ نہیں بلکہ وہ تو اپنے رب سے ملنے کے ہی منکر ہیں۔ اے حبیب ﷺ فرمادیجئے تم پر جو

مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ⑪ ع وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ ع ۱۱ ۱۴

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّلَكُ | الْمَوْتِ | الَّذِيْ | وُكِّلَ | بِكُمْ | ثُمَّ | اِلٰى | رَبِّكُمْ | تُرْجَعُوْنَ | وَلَوْ | تَرٰۤى | اِذِ |
| فرشتہ | موت کا | جو | مقرر کیا ہے | تم پر | پھر | طرف | اپنے رب کی | پھیرے جاؤ گے | اور اگر | آپ دیکھیں | جب |

موت کا فرشتہ مقرر کیا گیا ہے تمہاری روح قبض کرے گا پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور اگر آپ دیکھیں جب

الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمُوْنَ | نَاكِسُوْا | رُءُوْسِهِمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | رَبَّنَاۤ | اَبْصَرْنَا | وَ | سَمِعْنَا |
| مجرم | جھکائے ہونگے | اپنے سر | پاس | رب اپنے کے | اے ہمارے رب | ہم نے دیکھا | اور | ہم نے سنا |

مجرم اپنے رب کے حضور اپنے سر جھکائے ہوں گے ہیں گے اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا تو ہمیں واپس لوٹا دے

فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ⑫ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَارْجِعْنَا | نَعْمَلْ | صَالِحًا | اِنَّا | مُوْقِنُوْنَ | وَ | لَوْ شِئْنَا | لَاٰتَيْنَا | كُلَّ | نَفْسٍ |
| تو لوٹا ہم کو | ہم کام کرینگے | اچھے | بیشک ہم | یقین لائے | اور | اگر ہم چاہتے | تو دیتے | ہر | جان کو |

کہ ہم نیکی کریں، بے شک ہم یقین کرنے والے ہوں گے۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر نفس کو اس کی ہدایت دیتے۔

هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

| هُدٰىهَا | وَ | لٰكِنْ | حَقَّ | الْقَوْلُ | مِنِّيْ | لَاَمْلَـَٔنَّ | جَهَنَّمَ | مِنَ الْجِنَّةِ | وَ | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت اسکی | اور | لیکن | حق ہوئی | بات | مجھ سے کہ | ضرور بھروں گا میں | دوزخ | جنوں سے | اور | آدمیوں سے |

لیکن میری طرف سے بات حق ثابت ہوئی کہ میں جہنم کو ضرور جنوں اور انسانوں

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ

| اَجْمَعِيْنَ | فَذُوْقُوْا | بِمَا | نَسِيْتُمْ | لِقَآءَ | يَوْمِكُمْ | هٰذَا | اِنَّا | نَسِيْنٰكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب سے | تو چکھو | بدلہ اس کا جو | بھولے تم | ملاقات | اپنے دن | اس کی | بیشک ہم | بھلا دیا تم کو |

سب سے بھر دوں گا۔ پھر چکھو مزہ اس وجہ سے کہ تم نے اُس دن کی ملاقات کو بھلا دیا۔ یقیناً ہم نے بھی تمہیں بھلا دیا ہے۔

وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

| وَ | ذُوْقُوْا | عَذَابَ | الْخُلْدِ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّمَا | يُؤْمِنُ | بِاٰيٰتِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چکھو | عذاب | ہمیشہ کا | بدلہ اسکا جو | تھے تم | عمل کرتے | اسکے سوا نہیں | ایمان لاتے ہیں | ہماری آیتوں پر |

اور چکھو ہمیشہ کے عذاب کا مزہ اس وجہ سے جو تم عمل کرتے تھے۔ بے شک ہماری آیتوں پر صرف وہ لوگ

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

| الَّذِيْنَ | اِذَا | ذُكِّرُوْا | بِهَا | خَرُّوْا | سُجَّدًا | وَ | سَبَّحُوْا | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ کہ | جب | نصیحت کیے جائیں | انکے ساتھ | تو گر پڑیں | سجدے میں | اور | تسبیح کہتے ہیں | ساتھ حمد کے | اپنے رب کی | اور | وہ |

ایمان رکھتے ہیں جب انہیں ان کے ذریعے سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

| لَا | يَسْتَكْبِرُوْنَ | تَتَجَافٰى | جُنُوْبُهُمْ | عَنِ الْمَضَاجِعِ | يَدْعُوْنَ | رَبَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | تکبر کرتے | الگ رہتے ہیں | ان کے پہلو | بستروں سے | پکارتے ہیں | اپنے رب کو |

بیان کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں اور وہ اپنے رب کو ڈر اور اُمید سے

خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَوْفًا | وَّ | طَمَعًا | وَّ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | فَلَا | تَعْلَمُ | نَفْسٌ | مَّآ |
| خوف سے | اور | امید سے | اور | اس سے | جو ہم نے انکو دیا ہے وہ | خرچ کرتے ہیں | تو نہیں | جانتا | کوئی آدمی | جو |

پکارتے ہیں اور اس میں سے جو ہم نے انہیں دیا ہے خرچ کرتے ہیں۔ تو کسی کو نہیں معلوم کہ ان کیلئے آنکھوں کی

اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْفِيَ | لَهُمْ | مِّنْ قُرَّةِ | اَعْيُنٍ | جَزَآءًۢ | بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | اَفَمَنْ | كَانَ |
| چھپائی گئی ہے | ان کیلئے | ٹھنڈک | آنکھوں کی | بدلہ | اس کا جو | تھے | عمل کرتے | تو کیا جو | ہو |

کس طرح کی ٹھنڈک پوشیدہ رکھی گئی ہے بدلہ ہے اس کا جو وہ (نیک) کام کرتے تھے۔ کیا پھر جو شخص ایمان والا ہو

مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وقف غفران

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنًا | كَمَنْ | كَانَ | فَاسِقًا | لَا | يَسْتَوٗنَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| مومن | وہ اس جیسا ہے جو | ہو | فاسق | نہیں ہیں | برابر | پھر وہ | جو | ایمان لائے |

اُس شخص جیسا ہو سکتا ہے جو نافرمان ہے؟ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ رہے وہ لوگ جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۡ نُزُلًاۢ بِمَا كَانُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | فَلَهُمْ | جَنّٰتُ | الْمَاْوٰى | نُزُلًا | بِمَا | كَانُوْا |
| اور عمل کیے | اچھے | تو ان کے لیے | جنت میں | رہنے کے | مہمانی ہیں | اس کی جو | تھے وہ |

اور جنہوں نے نیک عمل کیے تو اُن کے لیے جنت کی قیام گاہیں ہیں مہمان نوازی کے طور پر اس کی وجہ سے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْمَلُوْنَ | وَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | فَسَقُوْا | فَمَاْوٰىهُمُ | النَّارُ | كُلَّمَآ |
| عمل کرتے | اور | رہے | وہ جو | فاسق ہیں | تو ان کی جگہ | آگ ہے | جب بھی |

جو وہ کام کرتے تھے۔ رہے وہ جو نافرمان ہیں ان کا ٹھکانا آگ ہے جب بھی

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا

| اَرَادُوْٓا | اَنْ | يَّخْرُجُوْا | مِنْهَآ | اُعِيْدُوْا | فِيْهَا | وَ | قِيْلَ | لَهُمْ | ذُوْقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادہ کرینگے | یہ کہ | نکل جائیں | اس سے | لوٹائے جائیں گے | اس میں | اور | کہا جائے گا | ان کو | چکھو |

اس میں سے نکلنا چاہیں گے پھر اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے

عَذَابَ النَّارِ الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ

| عَذَابَ | النَّارِ | الَّذِیْ | كُنْتُمْ | بِهٖ | تُكَذِّبُوْنَ | وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ | مِّنَ الْعَذَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | آگ کا | وہ جس کو | تم | تھے | جھٹلاتے | اور ضرور چکھائینگے ہم انکو | عذاب |

فرمایا جائے گا چکھو اس آگ کا عذاب جسے تم جھٹلاتے تھے۔ اور ہم انہیں اس بڑے عذاب کے علا

الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾

| الْاَدْنٰى | دُوْنَ | الْعَذَابِ | الْاَكْبَرِ | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہلکا | پہلے | عذاب | بڑے سے | تاکہ وہ | لوٹ آئیں |

وہ چھوٹے عذاب کا کچھ مزہ بھی ضرور چکھائیں گے کہ شاید وہ راہ حق کی طرف لوٹ آئیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا

| وَ | مَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | ذُكِّرَ | بِاٰيٰتِ | رَبِّهٖ | ثُمَّ | اَعْرَضَ | عَنْهَا | اِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کون | زیادہ ظالم ہے | اس سے جو | نصیحت دیا گیا | ساتھ آیات | اپنے رب کے | پھر | منہ پھیرا | اس سے | بیشک ہم |

اور اس سے بڑا ظالم کون ہے جسے اس کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی گئی پھر وہ ان سے کنارہ کر گیا

مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

| مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ | مُنْتَقِمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مجرموں سے | بدلہ لینے والے ہیں | اور | بیشک | عطا فرمائی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب |

ہم ان مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب عطا فرمائی تو

فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ

| فلا تکن | فی مریۃ | من لقآئہ | وجعلنٰہ | ھدًی | لبنی |
|---|---|---|---|---|---|
| تو نہ ہو و تم | شک میں | اس کی ملاقات سے | اور بنایا ہم نے اس کتاب کو | ہدایت | واسطے اولاد |

اس کے ملنے سے آپ شک میں نہ رہیں اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کیلئے

اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا

| اسرآءیل | و | جعلنا | منھم | ائمۃ | یھدون | بامرنا | لما |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یعقوب کے | اور | بنائے ہم نے | ان میں سے | امام جو | ہدایت دیتے | ہمارے حکم سے | جب |

ہدایت بنایا۔ اور ہم نے ان میں سے کچھ پیشوا بنائے کہ وہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے رہیں

صَبَرُوْا ۛ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ

| صبروا | و | کانوا | بایٰتنا | یوقنون | ان | ربک | ھو | یفصل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صبر کیا | اور | تھے | ہماری آیتوں کا | یقین کرتے | بیشک | تمہارا رب | وہ | فیصلہ کرے گا |

جب کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے۔ بے شک تمہارا رب قیامت کے دن

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ

| بینھم | یوم | القیٰمۃ | فیما | کانوا | فیہ | یختلفون | اولم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں | دن | قیامت کے | جس میں | وہ تھے | اس میں | اختلاف کرتے | کیا نہ |

ان میں فیصلہ فرما دے گا جس بات میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اور کیا انہیں اس پر

يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ

| یھد لھم | کم | اھلکنا | من قبلھم | من القرون | یمشون |
|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت ہوئی انکو | کتنے | ہلاک کیں ہم نے | ان سے پہلے | کئی سنگتیں | کہ چلتے ہیں |

ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں کہ آج یہ

فِیْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ ؕ اَفَلَا یَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِیْ مَسٰكِنِهِمْ | اِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | لَاٰیٰتٍ | اَفَلَا | یَسْمَعُوْنَ | اَوَلَمْ | یَرَوْا | اَنَّا |
| ان کے گھروں میں | بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | تو کیا نہیں | سنتے | کیا نہ | دیکھا انہوں نے | کہ ہم |

ان کے گھروں میں چل پھر رہے ہیں بے شک اس میں ضرور نشانیاں ہیں تو کیا سنتے نہیں۔ اور کیا انہوں نے

نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَسُوْقُ | الْمَآءَ | اِلَى | الْاَرْضِ | الْجُرُزِ | فَنُخْرِجُ | بِهٖ | زَرْعًا | تَاْكُلُ | مِنْهُ |
| چلاتے ہیں | پانی کو | طرف | زمین | خشک کی | تو نکالتے ہیں ہم | اس سے | کھیتی کو | کھاتے ہیں | اس سے |

غور نہیں کیا کہ ہم پانی کو خشک زمین کی طرف بھیجتے ہیں پھر اس کے ذریعے سے کھیتی اگاتے ہیں جسے ان کے جاندار

ثلثة

اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْعَامُهُمْ | وَاَنْفُسُهُمْ | اَفَلَا | یُبْصِرُوْنَ | وَ | یَقُوْلُوْنَ | مَتٰى | هٰذَا | الْفَتْحُ |
| ان کے مویشی | اور وہ خود بھی | تو کیا نہیں | دیکھتے | اور | کہتے ہیں | کب ہے | یہ | فیصلہ |

اور وہ خود کھاتے ہیں تو کیا وہ دیکھیں گے نہیں؟ اور وہ کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہو گا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ یَوْمَ الْفَتْحِ لَا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِیْمَانُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِیْنَ | قُلْ | یَوْمَ | الْفَتْحِ | لَا | یَنْفَعُ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْۤا | اِیْمَانُهُمْ |
| اگر | ہو تم | سچے | فرما دیں | دن | فیصلے کا وہ ہے کہ | نہ | نفع دے گا | ان کو جو | کافر ہیں | ان کا ایمان |

اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان (لانا) نفع نہ دے گا اور نہ ان کو

ع ۳

وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | هُمْ | یُنْظَرُوْنَ | فَاَعْرِضْ | عَنْهُمْ | وَانْتَظِرْ | اِنَّهُمْ | مُّنْتَظِرُوْنَ |
| اور | نہ | وہ | مہلت دیے جائیں | تو منہ پھیر لو | ان سے | اور انتظار کرو | وہ بھی | انتظار میں ہیں |

مہلت دی جائے گی۔ پس آپ ان سے منہ پھیر لیجئے اور انتظار کیجئے بے شک وہ (بھی) انتظار کر رہے ہیں۔

ایاتھا ۷۳ — ۳۳ سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ ۹۰ — رکوعاتھا ۹

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

| يٰۤاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اتَّقِ | اللّٰهَ | وَ | لَا | تُطِعِ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ | الْمُنٰفِقِيْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | غیب کی خبریں بتانیوالے نبی | ڈرو | اللہ سے | اور | نہ | کہا مانو | کافروں کا | اور | منافقوں کا | بیشک | اللہ | ہے |

اے غیب بتانے والے نبی ﷺ! اللہ کا یونہی خوف رکھنا اور کافروں اور منافقوں کی بات نہ ماننا بے شک اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

| عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | وَّاتَّبِعْ | مَا | يُوْحٰۤى | اِلَيْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا | حکمت والا | اور پیروی کرو | اسکی جو | وحی کی گئی | آپ کی طرف | آپ کے رب سے | بیشک | اللہ | ہے |

علم و حکمت والا ہے۔ اور اس کی پیروی کرنا جو آپ کے رب کی طرف سے آپ کو وحی ہوتی ہے اے لوگو! اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿۲﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾ مَا

| بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرًا | وَ | تَوَكَّلْ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | وَكِيْلًا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے جو | تم کرتے ہو | خبردار | اور | بھروسہ کرو | اوپر | اللہ کے | اور | کافی ہے | اللہ | کارساز | نہیں |

تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ﷻ پر ہی توکل رکھو اور اللہ کارساز ہونے کے لیے کافی ہے۔ اللہ نے کسی

جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ

| جَعَلَ | اللّٰهُ | لِرَجُلٍ | مِّنْ قَلْبَيْنِ | فِيْ جَوْفِهٖ | وَ | مَا | جَعَلَ | اَزْوَاجَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنائے | اللہ نے | کسی آدمی کے | دو دل | اس کے پیٹ میں | اور | نہیں | بنایا | تمہاری بیویوں کو |

آدمی کے اندر دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری بیویوں کو جن کو تم ماں کہہ دیتے ہو

اڵّٰٓیۡ تُظٰھِرُوۡنَ مِنۡھُنَّ اُمَّھٰتِکُمۡ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدۡعِیَآءَکُمۡ اَبۡنَآءَکُمۡ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الّٰٓیۡ | تُظٰھِرُوۡنَ | مِنۡھُنَّ | اُمَّھٰتِکُمۡ | وَ | مَا | جَعَلَ | اَدۡعِیَآءَکُمۡ | اَبۡنَآءَکُمۡ |
| وہ | کہ ظہار کرو تم | ان سے | تمہاری مائیں | اور | نہیں | بنایا | کہ تمہارے لے پالکوں کو | بیٹے تمہارے |

تمہاری مائیں بنایا ہے اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے بیٹے بنایا ہے

ذٰلِکُمۡ قَوۡلُکُمۡ بِاَفۡوَاھِکُمۡ ؕ وَاللّٰہُ یَقُوۡلُ الۡحَقَّ وَھُوَ یَھۡدِی السَّبِیۡلَ ۝

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِکُمۡ | قَوۡلُکُمۡ | بِاَفۡوَاھِکُمۡ | وَ | اللّٰہُ | یَقُوۡلُ | الۡحَقَّ | وَ | ھُوَ | یَھۡدِی | السَّبِیۡلَ |
| یہ | بات ہے | تمہارے مونہوں کی | اور | اللہ | فرماتا ہے | حق | اور | وہ | دکھاتا ہے | راستہ |

یہ تمہارے منہ کی بات ہے اور اللہ حق بات فرماتا ہے اور وہی راہ دکھاتا ہے۔

اُدۡعُوۡھُمۡ لِاٰبَآئِہِمۡ ھُوَ اَقۡسَطُ عِنۡدَ اللّٰہِ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ تَعۡلَمُوۡۤا اٰبَآءَھُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُدۡعُوۡھُمۡ | لِاٰبَآئِہِمۡ | ھُوَ | اَقۡسَطُ | عِنۡدَ | اللّٰہِ | فَاِنۡ | لَّمۡ | تَعۡلَمُوۡۤا | اٰبَآءَھُمۡ |
| پکارو ان کو | انکے باپوں کے نام پر | وہ | بہت انصاف کی بات ہے | نزدیک | اللہ کے | پھر اگر | نہ | جانو تم | باپ ان کے تو |

ان (منہ بولے بیٹوں) کو ان کے باپ ہی کا بیٹا کہہ کر بلایا کرو یہ اللہ کے نزدیک بہت ہی انصاف کی بات ہے پھر

فَاِخۡوَانُکُمۡ فِی الدِّیۡنِ وَمَوَالِیۡکُمۡ ؕ وَلَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ فِیۡمَاۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِخۡوَانُکُمۡ | فِی الدِّیۡنِ | وَمَوَالِیۡکُمۡ | وَ | لَیۡسَ | عَلَیۡکُمۡ | جُنَاحٌ | فِیۡمَاۤ |
| تو بھائی ہیں تمہارے | دین میں | اور دوست ہیں تمہارے | اور | نہیں | تم پر | گناہ | اس میں جو |

اگر ان کے باپ کے نام معلوم نہ ہوں تو دین میں وہ تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست اور تم پر کوئی گناہ نہیں

اَخۡطَاۡتُمۡ بِہٖ ۙ وَلٰکِنۡ مَّا تَعَمَّدَتۡ قُلُوۡبُکُمۡ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوۡرًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخۡطَاۡتُمۡ | بِہٖ | وَلٰکِنۡ | مَّا | تَعَمَّدَتۡ | قُلُوۡبُکُمۡ | وَ | کَانَ | اللّٰہُ | غَفُوۡرًا |
| غلطی سے کہو | تم | اور لیکن | اس پر جو | جان بوجھ کر کریں | تمہارے دل | اور | ہے | اللہ | بخشنے والا |

اس بات میں جو بلا قصد تم نے کہی ہاں وہ (بری بات ضرور گناہ ہے) جس کا قصد کیا تمہارے دلوں نے اور اللہ بہت بخشنے والا ہے

رَّحِيْمًا ۝٥ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمًا | اَلنَّبِيُّ | اَوْلٰى | بِالْمُؤْمِنِيْنَ | مِنْ اَنْفُسِهِمْ | وَ | اَزْوَاجُهٗ |
| مہربان | یہ نبی | زیادہ مالک ہے | مسلمانوں کا | ان کی جان سے | اور | اس کی بیویاں |

حد رحم فرمانے والا ہے۔ یہ نبی محترم ﷺ ایمان والوں کے ساتھ ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہیں اور ان کی

اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُمَّهٰتُهُمْ | وَ | اُولُوا الْاَرْحَامِ | بَعْضُهُمْ | اَوْلٰى | بِبَعْضٍ | فِيْ كِتٰبِ | اللّٰهِ |
| انکی مائیں ہیں | اور | قرابت والے | بعض انکے | زیادہ حقدار ہیں | بعض کے | کتاب میں | اللہ کے |

بیویاں مؤمنوں کی مائیں ہیں اور رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دوسرے) مسلمانوں اور مہاجروں کی

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الْمُهٰجِرِيْنَ | اِلَّآ | اَنْ | تَفْعَلُوْٓا | اِلٰٓى | اَوْلِيٰٓئِكُمْ | مَّعْرُوْفًا |
| مومنوں سے | اور | مہاجروں سے | مگر | یہ کہ | کرو تم | طرف | اپنے دوستوں کی | بھلائی |

بہ نسبت آپس میں ایک دوسرے سے زیادہ قریب ہیں مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں پر

كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝٦ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | ذٰلِكَ | فِى الْكِتٰبِ | مَسْطُوْرًا | وَ | اِذْ | اَخَذْنَا | مِنَ النَّبِيّٖنَ |
| ہے | یہ | کتاب میں | لکھا ہوا | اور | جب | لیا ہم نے | نبیوں سے |

احسان کرو یہ کتاب (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے۔ اور اے محبوب ﷺ یاد کرو جب ہم نے

مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِيْثَاقَهُمْ | وَ | مِنْكَ | وَ | مِنْ نُّوْحٍ | وَّ | اِبْرٰهِيْمَ | وَمُوْسٰى | وَ | عِيْسٰى | ابْنِ |
| خاص ان کا عہد | اور | آپ سے | اور | نوح سے | اور | ابراہیم سے | اور موسیٰ سے | اور | عیسیٰ | بیٹے |

نبیوں سے عہد لیا اور آپ ﷺ سے اور نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام بن

مَرْيَمَ ۖ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرْيَمَ | وَ | اَخَذْنَا | مِنْهُمْ | مِّيْثَاقًا | غَلِيْظًا | لِيَسْـَٔلَ | الصّٰدِقِيْنَ |
| مریم سے | اور | لیا ہم نے | ان سے | عہد | مضبوط | تاکہ پوچھے | سچوں |

مریم سے اور ہم نے ان سے پکا عہد لیا ہے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ سچے لوگوں سے اُن کی سچائی کے بارے میں سوال کرے۔

عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ صِدْقِهِمْ | وَ | اَعَدَّ | لِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
| انکے سچ کے متعلق | اور | تیار کیا | کافروں کے لیے | عذاب | دردناک | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

اور کافروں کے لیے اُس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی

اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اذْكُرُوْا | نِعْمَةَ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | اِذْ | جَآءَتْكُمْ | جُنُوْدٌ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | رِيْحًا |
| یاد کرو | احسان | اللہ کا | تم پر | جبکہ | آئے تمہارے پاس | لشکر | تو بھیجی ہم نے | ان پر | آندھی |

وہ نعمت یاد کرو جب تم پر لشکر آ پہنچے تو ہم نے ان پر آندھی اور وہ لشکر جو تم نے نہیں

وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ اِذْ جَآءُوْكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّجُنُوْدًا | لَّمْ | تَرَوْهَا | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرًا | اِذْ | جَآءُوْكُمْ |
| اور ایسے لشکر کہ | نہ | دیکھا تم نے انکو | اور | ہے | اللہ | اسکو جو | کرتے ہو تم | دیکھنے والا | جب | آئے تم پر |

دیکھے بھیجے اور اللہ دیکھ رہا تھا جو تم کر رہے تھے۔ جب وہ تم پر

مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ فَوْقِكُمْ | وَ | مِنْ اَسْفَلَ | مِنْكُمْ | وَ | اِذْ | زَاغَتِ | الْاَبْصَارُ | وَ | بَلَغَتِ |
| تمہارے اوپر سے | اور | نیچے کے رخ سے | تم سے | اور | جب | پتھرا گئیں | آنکھیں | اور | پہنچے |

تمہارے اوپر سے اور تمہارے نیچے سے آ پہنچے اور جب آنکھیں پھر گئیں اور

الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝١٠ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ

| الْقُلُوْبُ | الْحَنَاجِرَ | وَ | تَظُنُّوْنَ | بِاللّٰهِ | الظُّنُوْنَا | هُنَالِكَ | ابْتُلِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دل | گلوں تک | اور | خیال کیا تم نے | اللہ کے متعلق | برے خیال | اس وقت | آزمائے گئے |

دل حلق کو پہنچ گئے اور تم اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ وہ مقام تھا جہاں مسلمانوں کی

الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝١١ وَ اِذْ يَقُوْلُ

| الْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | زُلْزِلُوْا | زِلْزَالًا | شَدِيْدًا | وَ | اِذْ | يَقُوْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومن | اور | ہلائے گئے | ہلانا | سخت | اور | جب | کہنے لگے |

آزمائش کی گئی اور وہ نہایت سختی سے ہلا دیئے گئے۔ اور جب کہا

الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ

| الْمُنٰفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | مَّا | وَعَدَنَا | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منافق | اور | وہ کہ | میں | ان کے دلوں | بیماری ہے | نہیں | وعدہ کیا ہم سے | اللہ نے |

منافقوں نے اور ان لوگوں نے جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری تھی کہ اللہ اور اس کے رسول نے

وَ رَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ۝١٢ وَ اِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

| وَ | رَسُوْلُهٗۤ | اِلَّا | غُرُوْرًا | وَ | اِذْ | قَالَتْ | طَّآئِفَةٌ | مِّنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسکے رسول نے | مگر | دھوکے کا | اور | جب | کہا | ایک گروہ نے | ان میں سے |

ہم سے (فتح کا) وعدہ نہیں کیا تھا مگر دھوکہ دینے کیلیے۔ اور ان میں سے ایک گروہ نے کہا اے مدینہ والو!

يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

| يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ | لَا | مُقَامَ | لَكُمْ | فَارْجِعُوْا | وَيَسْتَاْذِنُ | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے مدینے کے رہنے والو | نہیں | مقابلہ ہوسکے گا | تم سے | تو واپس ہو جاؤ | اور اجازت مانگتا تھا | ایک گروہ | ان میں سے |

یہاں تمہارے ٹھہرنے کی جگہ نہیں تم گھروں کو واپس چلو اور ان میں سے ایک گروہ نبی ﷺ سے اذن مانگتا تھا

النَّبِیَّ یَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُیُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَمَا هِیَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ اِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّبِیَّ | یَقُوْلُوْنَ | اِنَّ | بُیُوْتَنَا | عَوْرَةٌ | وَمَا | هِیَ | بِعَوْرَةٍ | اِنْ |
| نبی سے | کہتے تھے | بیشک | ہمارے گھر | غیر محفوظ ہیں | اور نہیں تھے | وہ | غیر محفوظ | نہیں |

یہ کہہ کر کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں اور حالانکہ وہ غیر محفوظ بے حفاظت نہ تھے وہ

یُّرِیْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿١٣﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَیْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یُرِیْدُوْنَ | اِلَّا | فِرَارًا | وَ | لَوْ | دُخِلَتْ | عَلَیْهِمْ | مِنْ | اَقْطَارِهَا |
| چاہتے تھے | مگر | بھاگنا | اور | اگر | داخل ہوں | ان پر | اس سے | کناروں سے |

بھاگنے کے سوا اور کچھ ارادہ نہ کررہے تھے۔ اور اگر مدینہ کے اطراف سے اُن پر کوئی شخص آتا پھر ان سے

ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا یَسِیْرًا ﴿١٤﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | سُئِلُوا | الْفِتْنَةَ | لَاٰتَوْهَا | وَ | مَا | تَلَبَّثُوْا | بِهَاۤ | اِلَّا | یَسِیْرًا |
| پھر | ان سے مطالبہ ہو | فتنے کا | تو ارتکاب کریں اس کا | اور | نہ | ٹھہریں | اسکے مقابل | مگر | تھوڑے |

فتنے کا سوال کیا جاتا تو یہ اُسے ضرور کرگزرتے اور اُس سے م ہی رکتے۔

وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا یُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ | كَانُوْا | عَاهَدُوا | اللّٰهَ | مِنْ قَبْلُ | لَا | یُوَلُّوْنَ | الْاَدْبَارَ |
| اور | بیشک | تھے | عہد کر چکے | اللہ سے | اس سے پہلے کہ | نہ | پھیریں گے | پیٹھ |

اور وہ اس سے پہلے اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے

وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ﴿١٥﴾ قُلْ لَّنْ یَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | عَهْدُ | اللّٰهِ | مَسْئُوْلًا | قُلْ | لَنْ | یَّنْفَعَكُمُ | الْفِرَارُ | اِنْ |
| اور | ہے | عہد | اللہ کا | پوچھا گیا | فرمادو | ہرگز نہ | فائدہ دیگا تم کو | بھاگنا | اگر |

اور اللہ کے عہد کی پرسش کی جائیگی۔ فرما دیجئے اگر تم قتل یا موت سے بھاگے تو

فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾

| فَرَرْتُمْ | مِّنَ الْمَوْتِ | اَوِالْقَتْلِ | وَ | اِذًا | لَّا | تُمَتَّعُوْنَ | اِلَّا | قَلِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم بھاگو | موت سے | یا قتل سے | اور | اس وقت | نہ | فائدہ دیے جاؤ گے | مگر | تھوڑا |

بھاگنا تمہیں نفع نہ دے گا اور اس صورت میں بھی تم کم ہی فائدے حاصل کرو گے۔

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ

| قُلْ | مَنْ | ذَاالَّذِيْ | يَعْصِمُكُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | اِنْ | اَرَادَ | بِكُمْ | سُوْٓءًا | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرما دو | کون ہے | وہ جو | بچائے تم کو | اللہ سے | اگر | ارادہ کرے | تمہارے متعلق | برائی کا | یا |

فرما دیجئے تمہیں کون بچائے گا اللہ سے اگر وہ تمہیں تکلیف پہنچانا چاہے یا تم پر

اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

| اَرَادَ | بِكُمْ | رَحْمَةً | وَ | لَا | يَجِدُوْنَ | لَهُمْ | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلِيًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادہ کرے | تمہارے متعلق | رحمت کا | اور | نہیں | پائیں گے وہ | اپنے لیے | سوا | اللہ کے | حامی |

رحمت کا ارادہ فرمائے اور وہ اللہ کے سوا کسی اپنے کو حمایت کرنے والا نہ پائیں گے

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَاۗىِٕلِيْنَ

| وَّ | لَا | نَصِيْرًا | قَدْ | يَعْلَمُ | اللّٰهُ | الْمُعَوِّقِيْنَ | مِنْكُمْ | وَ | الْقَاۗىِٕلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | مددگار | بیشک | جانتا ہے | اللہ | روکنے والوں کو | تم میں سے | اور | کہنے والوں کو |

اور نہ کوئی مدد گار۔ بے شک اللہ جانتا ہے تم میں سے ان کو جو (جہاد سے) روکتے ہیں اور

لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾

| لِاِخْوَانِهِمْ | هَلُمَّ | اِلَيْنَا | وَلَا | يَاْتُوْنَ | الْبَاْسَ | اِلَّا | قَلِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے بھائیوں سے | آ جاؤ | ہماری طرف | اور نہیں | آتے | لڑائی کو | مگر | تھوڑے |

اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں ہماری طرف آ جاؤ اور لڑائی میں نہیں آتے مگر بہت کم۔

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنْظُرُونَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أَشِحَّةً | عَلَيْكُمْ | فَإِذَا | جَاءَ | الْخَوْفُ | رَأَيْتَهُمْ | يَنْظُرُونَ |
| بخیل ہیں | تم پر | پھر جب | آتا ہے | خوف | دیکھو گے تم ان کو | دیکھتے ہیں |

تمہاری مدد میں بخل کرتے ہیں پھر جب ڈر کا وقت آئے تم انہیں دیکھو گے تمہاری

إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلَيْكَ | تَدُورُ | أَعْيُنُهُمْ | كَالَّذِي | يُغْشَىٰ | عَلَيْهِ | مِنَ الْمَوْتِ | فَإِذَا |
| تمہاری طرف | پھرتی ہیں | ان کی آنکھیں | جیسے اس کی کہ | غشی طاری ہو | اس پر | موت کی | پھر جب |

طرف یوں نظر کرتے ہیں کہ ان کی آنکھیں گھوم رہی ہیں جیسے کسی پر موت چھائی ہو پھر جب

ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَهَبَ | الْخَوْفُ | سَلَقُوكُمْ | بِأَلْسِنَةٍ | حِدَادٍ | أَشِحَّةً | عَلَى |
| چلا جاتا ہے | خوف | طعنہ دیتے ہیں تم کو | ساتھ زبانوں | تیز کے | بخیل ہیں | اوپر |

ڈر کا وقت نکل جائے تو آپ کی گستاخی کرنے لگیں تیز زبان سے مال غنیمت کے لالچ میں

الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْخَيْرِ | أُولَٰئِكَ | لَمْ | يُؤْمِنُوا | فَأَحْبَطَ | اللَّهُ | أَعْمَالَهُمْ |
| بھلائی کے | یہ لوگ | نہیں | ایمان لائے | تو ضائع کر دیے | اللہ نے | ان کے عمل |

یہ لوگ ایمان لائے ہی نہیں تو اللہ نے ان کے عمل اکارت کر دیے

وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٩﴾ يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | ذَٰلِكَ | عَلَى | اللَّهِ | يَسِيرًا | يَحْسَبُونَ | الْأَحْزَابَ |
| اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | خیال کرتے ہیں | لشکروں کو کہ |

اور یہ اللہ کو آسان ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ فوجیں ابھی نہیں گئیں۔

لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي

| لَمْ يَذْهَبُوْا | وَ | اِنْ | يَّاْتِ | الْاَحْزَابُ | يَوَدُّوْا | لَوْ | اَنَّهُمْ | بَادُوْنَ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں گئے | اور | اگر | آجائیں | لشکر | پسند کرتے ہیں | کاش | وہ | رہنے والے ہوں | میں |

اور اگر فوجیں پھر آجائیں، وہ پسند کریں گے کہ کاش وہ دیہاتیوں کے ساتھ

الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا

| الْاَعْرَابِ | يَسْاَلُوْنَ | عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ | وَ | لَوْ | كَانُوْا | فِيْكُمْ | مَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیہاتوں | پوچھیں | خبریں تمہاری | اور | اگر | ہوتے | تم میں تو | نہ |

صحرا میں رہنے والے ہوں۔ وہ تمہارے حالات کے بارے میں پوچھتے رہیں۔ اور اگر یہ تمہارے

قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ۝۲۰ ع لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ ع ۲ ۱۲ ۱۸

| قٰتَلُوْٓا | اِلَّا | قَلِيْلًا | لَقَدْ | كَانَ | لَكُمْ | فِيْ رَسُوْلِ | اللّٰهِ | اُسْوَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑتے | مگر | تھوڑے | بیشک | ہے | تمہارے لیے | رسول میں | اللہ کے | نمونہ |

درمیان رہیں تو بہت کم ہی لڑیں گے۔ یقیناً تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ ہے ہر اُس شخص کے لیے

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ

| حَسَنَةٌ | لِّمَنْ | كَانَ | يَرْجُوا | اللّٰهَ | وَ | الْيَوْمَ | الْاٰخِرَ | وَ | ذَكَرَ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھا | اس کیلئے جو | ہے | امید رکھتا | اللہ کی | اور | دن | آخرت کی | اور | یاد کرے | اللہ کو |

جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کی اُمید رکھتا ہو اور اللہ تعالیٰ کو

كَثِيْرًا ۝۲۱ ۭ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا

| كَثِيْرًا | وَ | لَمَّا | رَاَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | الْاَحْزَابَ | قَالُوْا | هٰذَا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت | اور | جب | دیکھا | مسلمانوں نے | لشکروں کو | بول اٹھے | یہ | وہ ہے جو |

کثرت سے یاد کرے۔ اور جب مؤمنوں نے لشکر کو دیکھا تو بول اُٹھے یہ ہے وہ جس کا

وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ؕ وَمَا زَادَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَدَنَا | اللّٰهُ | وَرَسُوْلُهٗ | وَصَدَقَ | اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ | وَ | مَا | زَادَهُمْ |
| وعدہ دیا ہم کو | اللہ نے | اور اسکے رسول نے | اور سچ فرمایا | اللہ نے | اور | اسکے رسول نے | اور | نہ | زیادہ کیا انکو |

ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا اور اس بات سے انکی قوت

اِلَّاۤ اِیْمَانًا وَّتَسْلِیْمًا ﴿۲۲﴾ؕ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّاۤ | اِیْمَانًا | وَّتَسْلِیْمًا | مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ | رِجَالٌ | صَدَقُوْا |
| مگر | ایمان | اور فرمانبرداری | مومنوں میں سے کچھ | مرد ہیں جنہوں نے | سچ کر دکھایا |

ایمانی و فرمانبرداری میں اور اضافہ کر دیا۔ ایمان والوں میں سے کچھ ایسے سچے لوگ ہیں جنہوں نے سچ کر دکھایا

مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَیْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰی نَحْبَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | عَاهَدُوا | اللّٰهَ | عَلَیْهِ | فَمِنْهُمْ | مَّنْ | قَضٰی | نَحْبَهٗ |
| جو | عہد کیا تھا انہوں نے | اللہ سے | اس کا | تو بعض ان سے | وہ ہیں جو | پوری کر چکے | نذر اپنی |

اس عہد کو جو اللہ سے کیا تھا تو ان میں سے کوئی تو اپنی نذر پوری کر چکا

وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِیْلًا ﴿۲۳﴾ۙ لِّیَجْزِیَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | یَّنْتَظِرُ | وَ | مَا | بَدَّلُوْا | تَبْدِیْلًا | لِّیَجْزِیَ | اللّٰهُ |
| اور | بعض ان سے | وہ ہیں جو | منتظر ہیں | اور | نہ | تبدیل کی انہوں نے | کوئی تبدیلی | تاکہ بدلہ دے | اللہ |

اور ان میں سے کوئی انتظار کر رہا ہے اور انہوں نے ردوبدل نہیں کیا۔ تاکہ اللہ

الصّٰدِقِیْنَ بِصِدْقِهِمْ وَیُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِیْنَ اِنْ شَآءَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰدِقِیْنَ | بِصِدْقِهِمْ | وَ | یُعَذِّبَ | الْمُنٰفِقِیْنَ | اِنْ | شَآءَ |
| سچوں کو | ان کے سچ کا | اور | سزا دے | منافقوں کو | اگر | چاہے |

سچوں کو ان کے سچ کا اجر عطا فرمائے اور اگر چاہے منافقوں کو عذاب دے

اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ﴿۲۴﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | يَتُوْبَ | عَلَيْهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا |
| یا | توبہ قبول کرے | ان کی | بیشک | اللہ | ہے | بخشنے والا | مہربان |

یا ان پر رجوع برحمت ہو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَدَّ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِغَيْظِهِمْ | لَمْ | يَنَالُوْا | خَيْرًا |
| اور | لوٹا دیا | اللہ نے | ان کو | جو کافر ہیں | انکے غصے کے ساتھ | نہ | پائی انہوں نے | کوئی بھلائی |

اور اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا اُن کے غصے کے ساتھ پھیر دیا۔

وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَفَى | اللّٰهُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | الْقِتَالَ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | قَوِيًّا |
| اور | کفایت کی | اللہ نے | مومنوں سے | لڑائی کی | اور | ہے | اللہ | زبردست |

وہ کوئی فائدہ حاصل نہ کر سکے۔ اور مومنوں کی طرف سے لڑنے کے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہو گیا اور اللہ تعالیٰ قوت

عَزِيْزًا ۚ﴿۲۵﴾ وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَزِيْزًا | وَ | اَنْزَلَ | الَّذِيْنَ | ظَاهَرُوْهُمْ | مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ |
| عزت والا | اور | اتارا | ان کو جنہوں نے | مدد کی ان کی | اہل کتاب میں سے |

والا زبردست ہے۔ اور جن اہل کتاب نے ان کی مدد کی تھی

مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | صَيَاصِيْهِمْ | وَ | قَذَفَ | فِيْ قُلُوْبِهِمُ | الرُّعْبَ |
| ان کے | قلعوں سے | اور | ڈالا | ان کے دلوں میں | رعب |

انہیں ان کے قلعوں سے اُتارا اور ان کے دلوں میں رعب ڈالا ان میں

فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَ تَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿٢٦﴾ وَاَوْرَثَكُمْ

| فَرِيْقًا | تَقْتُلُوْنَ | وَ | تَاْسِرُوْنَ | فَرِيْقًا | وَاَوْرَثَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| ایک گروہ کو | تم قتل کرتے ہو | اور | قید کرتے ہو | ایک گروہ کو | اور وارث بنایا تم کو |

ایک گروہ کو قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید۔ اور تمہیں ان کی زمین

اَرْضَهُمْ وَ دِيَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ

| اَرْضَهُمْ | وَ | دِيَارَهُمْ | وَ | اَمْوَالَهُمْ | وَاَرْضًا | لَّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی زمین کا | اور | ان کے گھروں کا | اور | ان کے مالوں کا | اور زمین کا ۔ | نہ |

ان کے گھروں ان کے مالوں اور اس زمین کا جسے تم نے پامال بھی نہیں

تَطَئُوْهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢٧﴾

ع ۲

| تَطَئُوْهَا | وَكَانَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| روندا تم نے اسکو | اور ہے | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر |

کیا وارث بنا دیا اور اللہ ہر بات پر قادر ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ

| يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | قُلْ | لِّاَزْوَاجِكَ | اِنْ | كُنْتُنَّ | تُرِدْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | غیب بتانے والے نبی | فرمادیں | اپنی بیویوں سے | اگر | ہو تم | چاہتی |

اے غیب کی خبریں بتانے والے محبوب ﷺ! اپنی بیویوں سے فرمائیں کہ اگر تم

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ

| الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | وَ | زِيْنَتَهَا | فَتَعَالَيْنَ | اُمَتِّعْكُنَّ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زندگی | دنیا کی | اور | اس کی زینت | تو آجاؤ | میں سامان دوں تم کو | اور |

دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ! میں تمہیں سازوسامان دوں

أُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾ وَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ

| أُسَرِّحْكُنَّ | سَرَاحًا | جَمِيْلًا | وَ | اِنْ | كُنْتُنَّ | تُرِدْنَ | اللّٰهَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھوڑ دوں تم کو | چھوڑنا | اچھا | اور | اگر | ہو تم | چاہتی | اللہ کو | اور |

اور کہیں خوش اسلوبی سے رخصت کردوں۔ اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول

رَسُوْلَهٗ وَ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ

| رَسُوْلَهٗ | وَ | الدَّارَ | الْاٰخِرَةَ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | اَعَدَّ | لِلْمُحْسِنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے رسول کو | اور | گھر | پچھلے کو | تو بیشک | اللہ نے | تیار کیا ہے | نیک عورتوں کیلئے |

اور آخرت کے گھر کا ارادہ رکھتی ہو تو بے شک اللہ نے تم میں سے نیکی کرنے والیوں کیلئے

مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ

| مِنْكُنَّ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | يٰنِسَآءَ | النَّبِيِّ | مَنْ | يَّاْتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | اجر | بڑا | اے عورتوں | نبی کی | جو | ارتکاب کرے |

بہت بڑا اجر تیار کیا ہے۔ اے نبی کی بیویو اگر تم میں سے کوئی

مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ

| مِنْكُنَّ | بِفَاحِشَةٍ | مُّبَيِّنَةٍ | يُّضٰعَفْ | لَهَا | الْعَذَابُ |
|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | بے حیائی | کھلی کا | دگنا ملے | اس کو | عذاب |

حیا کیخلاف کھلی جرأت کرے اسے دگنا عذاب دیا جائے گا

ضِعْفَيْنِ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾

| ضِعْفَيْنِ | وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کئی گنا | اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان |

اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے۔

وَمَنْ یَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | یَّقْنُتْ | مِنْكُنَّ | لِلّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | وَ | تَعْمَلْ | صَالِحًا | نُّؤْتِهَآ | اَجْرَهَا |
| اور | جو | فرمانبردار ہے | تم میں سے | اللہ کا | اور | اسکے رسول کا | اور | عمل کرتا ہے | اچھے | ہم دینگے ہم اسکو | اس کا اجر |

اور تم میں سے جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اور نیک عمل کرے اُس کو ہم اُس کا دوگنا اجر دیں گے۔ اور

مَرَّتَیْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِیْمًا ﴿۳۱﴾ یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرَّتَیْنِ | وَ | اَعْتَدْنَا | لَهَا | رِزْقًا | كَرِیْمًا | یٰنِسَآءَ | النَّبِیِّ | لَسْتُنَّ | كَاَحَدٍ |
| دگنا | اور | تیار کیا ہے ہم نے | اس کیلئے | رزق | اچھا | اے بیویو | نبی کی | تم نہیں ہو | دوسری |

اُس کے لیے ہم نے باعزت رزق تیار کر رکھا ہے۔ اے نبی رحمت کی بیویو! تم دوسری عورتوں میں سے کسی

مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَیْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَیَطْمَعَ الَّذِیْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ النِّسَآءِ | اِنِ | اتَّقَیْتُنَّ | فَلَا تَخْضَعْنَ | بِالْقَوْلِ | فَیَطْمَعَ | الَّذِیْ |
| عورتوں جیسی | اگر | تم پرہیزگار رہو | تو نہ نرمی کرو | بات میں | کہ لالچ کرے گا | وہ کہ |

طرح نہیں ہو اگر تم اللہ سے ڈرتی رہو تو (اجنبی مرد سے) بات کرنے میں ایسی نرمی نہ کرنا کہ جسکے

فِیْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۳۲﴾ ج وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِكُنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِیْ قَلْبِهٖ | مَرَضٌ | وَّ | قُلْنَ | قَوْلًا | مَّعْرُوْفًا | وَ | قَرْنَ | فِیْ بُیُوْتِكُنَّ |
| اسکے دل میں | بیماری ہے | اور | کہو | بات | بھلی | اور | ٹھہری رہو | اپنے گھروں میں |

دل میں بیماری ہے وہ لالچ کرے اور ہاں اچھی بات کہو۔ اور اپنے گھروں میں قرار سے رہو

وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِیْنَ الزَّكٰوةَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا تَبَرَّجْنَ | تَبَرُّجَ | الْجَاهِلِیَّةِ | الْاُوْلٰى | وَ | اَقِمْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتِیْنَ | الزَّكٰوةَ |
| اور | بے پردہ نہ رہو | بے پردگی | جاہلیت | پہلے کی | اور | قائم کرو | نماز | اور | دو | زکوٰۃ |

اور پہلے دور جاہلیت میں جس طرح عورتیں بے پردہ ہوتی تھیں تم اپنی زینت ظاہر نہ کرو۔ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو

وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

| وَاَطِعْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | اِنَّمَا | يُرِيْدُ | اللّٰهُ | لِيُذْهِبَ | عَنْكُمُ | الرِّجْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور حکم مانو | اللہ کا | اور | اسکے رسول کا | اسکے سوا نہیں کہ | چاہتا ہے | اللہ | دور کردے | تم سے | ہر ناپاکی |

اور اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ تم اہلِ بیت سے ہر قسم کی ناپاکی

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿٣٣﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ

| اَهْلَ | الْبَيْتِ | وَيُطَهِّرَكُمْ | تَطْهِيْرًا | وَاذْكُرْنَ | مَا | يُتْلٰى | فِيْ بُيُوْتِكُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے اہل | بیت | اور پاک کرے تم کو | پاک کرنا | اور یاد کرو | جو | پڑھا جاتا ہے | تمہارے گھروں میں |

کو دور کر دے اور تمہیں پوری طرح پاک کر دے۔ اور اللہ کی آیتیں اور حکمت کی باتیں جو تمہارے

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿٣٤﴾ اِنَّ ع ٢ ١

| مِنْ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَ | الْحِكْمَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | لَطِيْفًا | خَبِيْرًا | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیات | الٰہی سے | اور | حکمت سے | بیشک | اللہ | ہے | باریک بین | خبردار | بیشک |

گھروں میں سنائی جاتی ہیں انہیں یاد کرتی رہو بے شک اللہ باریک بین اور باخبر ہے۔ بے شک

الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ

| الْمُسْلِمِيْنَ | وَ | الْمُسْلِمٰتِ | وَالْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتِ | وَالْقٰنِتِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان مرد | اور | مسلمان عورتیں | اور ایمان لانے والے مرد | اور | ایمان لانے والی عورتیں | اور عاجزی کرنے والے مرد |

مسلمان مرد اور اور مسلمان عورتیں اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں

وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ

| وَالْقٰنِتٰتِ | وَالصّٰدِقِيْنَ | وَالصّٰدِقٰتِ | وَالصّٰبِرِيْنَ | وَالصّٰبِرٰتِ |
|---|---|---|---|---|
| اور عاجزی کرنے والی عورتیں | اور سچ بولنے والے مرد | اور سچ بولنے والی عورتیں | اور صبر کرنے والے مرد | اور صبر کرنے والی عورتیں |

اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صبر کرنے والے مرد

وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ

| وَالْخٰشِعِيْنَ | وَالْخٰشِعٰتِ | وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ | وَالْمُتَصَدِّقٰتِ |
|---|---|---|---|
| اور عاجزی کرنیوالے مرد | اور عاجزی کرنیوالی عورتیں | اور صدقہ کرنے والے مرد | اور صدقہ کرنے والی عورتیں |

اور صبر کرنے والی عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد

وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ

| وَالصَّآئِمِيْنَ | وَالصّٰٓئِمٰتِ | وَالْحٰفِظِيْنَ | فُرُوْجَهُمْ | وَالْحٰفِظٰتِ |
|---|---|---|---|---|
| اور روزہ رکھنے والے مرد | اور روزہ رکھنے والی عورتیں | اور حفاظت کرنے والے مرد | اپنی شرمگاہوں کی | اور حفاظت کرنے والی عورتیں |

اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزے دار مرد اور روزے دار عورتیں اور شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے

وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا

| وَ | الذّٰكِرِيْنَ | اللّٰهَ | كَثِيْرًا | وَ | الذّٰكِرٰتِ | اَعَدَّ | اللّٰهُ | لَهُمْ | مَّغْفِرَةً | وَ | اَجْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یاد کرنیوالے | اللہ کو | بہت | اور | یاد کرنیوالیاں | تیار کر رکھا ہے | اللہ نے | ان کیلئے | بخشش | اور | اجر |

والی عورتیں اور اللہ کو بہت یاد کرنے والے مرد اور (اللہ کو بہت) یاد کرنے والی عورتیں اللہ نے ان (سب) کیلئے بخشش اور بہت بڑا

عَظِيْمًا ﴿٣٥﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ

| عَظِيْمًا | وَ | مَا | كَانَ | لِمُؤْمِنٍ | وَ | لَا | مُؤْمِنَةٍ | اِذَا | قَضَى | اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا | اور | نہیں | ہے | واسطے کسی مومن مرد | اور | نہ | مومن عورت کے | جب کہ | فیصلہ فرمادے | اللہ | اور | اس کا رسول |

ثواب تیار کیا ہے۔ اور نہ کسی مسلمان مرد اور نہ کسی مسلمان عورت کو یہ حق ہے کہ جب اللہ اور اس کے رسول

اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

| اَمْرًا | اَنْ | يَّكُوْنَ | لَهُمُ | الْخِيَرَةُ | مِنْ اَمْرِهِمْ | وَ | مَنْ | يَّعْصِ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی کام کا | یہ کہ | ہو | ان کیلئے | اختیار | ان کے کام کا | اور | جو | نافرمانی کرے | اللہ کی |

ایک کام کا فیصلہ فرمادیں تو اس کے بعد بھی ان کیلئے اپنے (اس) کام میں کوئی اختیار ہو اور جو نافرمانی کرے

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ

| وَ | رَسُوْلَهٗ | فَقَدْ | ضَلَّ | ضَلٰلًا | مُّبِیْنًا | وَ | اِذْ | تَقُوْلُ | لِلَّذِیْۤ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسکے رسول کی | بیشک | گمراہ ہوا | گمراہی | کھلی | اور | جب | آپ فرماتے تھے | اس کو کہ | انعام کیا | اللہ نے |

اللہ اور اس کے رسول کی تو بے شک وہ کھلی گمراہی میں بہک گیا۔ اور اے محبوب ﷺ! یاد کیجئے جب آپ اس شخص زید بن

عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ

| عَلَیْهِ | وَاَنْعَمْتَ | عَلَیْهِ | اَمْسِكْ | عَلَیْكَ | زَوْجَكَ | وَاتَّقِ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر | اور انعام کیا آپ نے | اس پر | روک رکھ | اپنے لیے | اپنی بیوی | اور ڈر | اللہ سے |

حارث سے فرماتے تھے جسے اللہ نے نعمت دی اور آپ نے اسے نعمت دی کہ اپنی بیوی زینب اپنے پاس

وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ

| وَتُخْفِیْ | فِیْ نَفْسِكَ | مَا | اللّٰهُ | مُبْدِیْهِ | وَ | تَخْشَى | النَّاسَ | وَاللّٰهُ | اَحَقُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور آپ چھپاتے تھے | اپنے دل میں | جو | اللہ | ظاہر کرنے والا تھا | اور | آپ کو اندیشہ تھا | لوگوں سے | اور اللہ | زیادہ حقدار ہے |

رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور تم اپنے دل میں رکھتے تھے جسے اللہ کا ظاہر کرنا منظور تھا اور تمہیں لوگوں کے طعنے کا

اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَیْ

| اَنْ | تَخْشٰىهُ | فَلَمَّا | قَضٰى | زَیْدٌ | مِّنْهَا | وَطَرًا | زَوَّجْنٰكَهَا | لِكَیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ڈرتے آپ اس سے | تو جب | پوری کرلی | زید نے | اس سے | حاجت | تو ہم نے وہ آپ کے نکاح میں دیدی | تا کہ |

اندیشہ تھا اور اللہ زیادہ حق دار ہے کہ اس کا خوف رکھو پھر جب زید نے اسے طلاق دے کر اپنے سے الگ کرلیا

لَا یَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ حَرَجٌ فِیْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِیَآىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا

| لَا | یَكُوْنَ | عَلَى | الْمُؤْمِنِیْنَ | حَرَجٌ | فِیْۤ اَزْوَاجِ | اَدْعِیَآىِٕهِمْ | اِذَا | قَضَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | ہو | اوپر | مومنوں کے | تنگی | بیویوں میں | ان کے لے پالکوں کی | جبکہ | پوری کریں |

تو ہم نے وہ تمہارے نکاح میں دے دی کہ مسلمانوں پر کچھ حرج نہ رہے ان کے لے پالکوں کی بیویوں

مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُنَّ | وَطَرًا | وَ | كَانَ | اَمْرُ | اللّٰهِ | مَفْعُوْلًا | مَا | كَانَ | عَلَى | النَّبِيِّ | مِنْ |
| ان سے | حاجت | اور | ہے | حکم | اللہ کا | پورا ہونے والا | نہیں | ہے | اوپر | نبی کے | کوئی |

میں جب اُن سے اُن کا طلاق وعدت کا کام ختم ہو جائے اور اللہ کا حکم ہو کر رہتا ہے۔ نبی ﷺ کیلئے اس میں کوئی حرج نہیں جو اللہ

حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۭ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرَجٍ | فِيْمَا | فَرَضَ | اللّٰهُ | لَهٗ | سُنَّةَ | اللّٰهِ | فِي | الَّذِيْنَ | خَلَوْا | مِنْ قَبْلُ |
| حرج | اس میں جو | مقرر کر دیا | اللہ نے | اس کیلئے | دستور | اللہ کا | میں | ان جو | گزرے | پہلے |

تعالیٰ نے اُن کیلئے فرض کر دیا ہو۔ اللہ تعالیٰ کا دستور ہے اُن لوگوں کے بارے میں جو اس سے پہلے گزر چکے۔

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۨ ﴿۳۸﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | اَمْرُ | اللّٰهِ | قَدَرًا | مَّقْدُوْرَا | الَّذِيْنَ | يُبَلِّغُوْنَ | رِسٰلٰتِ | اللّٰهِ |
| اور | ہے | حکم | اللہ کا | مقرر کیا ہوا | اندازہ | وہ جو | پہنچاتے ہیں | پیغام | اللہ کا |

اور اللہ تعالیٰ کا حکم ایک قطعی طے شدہ فیصلہ ہوتا ہے۔ وہ لوگ اللہ کے پیغامات پہنچاتے تھے

وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَخْشَوْنَهٗ | وَ | لَا | يَخْشَوْنَ | اَحَدًا | اِلَّا | اللّٰهَ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | حَسِيْبًا |
| اور ڈرتے ہیں اس سے | اور | نہیں | ڈرتے | کسی اور سے | سوا | اللہ کے | اور | کافی ہے | اللہ | حساب لینے والا |

اور اس کا ڈر رکھتے تھے کسی سے نہیں ڈرتے تھے اور حساب لینے کیلئے اللہ کافی ہے۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانَ | مُحَمَّدٌ | اَبَآ | اَحَدٍ | مِّنْ رِّجَالِكُمْ | وَلٰكِنْ | رَّسُوْلَ | اللّٰهِ |
| نہیں | ہیں | محمد ﷺ | باپ | کسی کے | تمہارے مردوں میں سے | اور لیکن | رسول ہیں | اللہ کے |

محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں

ع ۵ ۲

وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| وَ | خَاتَمَ | النَّبِيّٖنَ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ختم کرنیوالے ہیں | نبیوں کے | اور | ہے | اللہ | ہر | چیز کا | جاننے والا | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

اور خاتم النبیین ہیں اور اللہ ہر بات کا علم رکھتا ہے۔ اے ایمان والو! تم

اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ

| اذْكُرُوا | اللّٰهَ | ذِكْرًا | كَثِيْرًا | وَّ | سَبِّحُوْهُ | بُكْرَةً | وَّ | اَصِيْلًا | هُوَ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذکر کرو | اللہ کا | ذکر | بہت | اور | پاکی بولو اس کی | صبح | اور | شام | وہ | وہ ہے جو |

اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کیا کرو۔ اور اس کی تسبیح بیان کیا کرو صبح اور شام۔ وہی ہے جو

يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

| يُصَلِّيْ | عَلَيْكُمْ | وَ | مَلٰٓئِكَتُهٗ | لِيُخْرِجَكُمْ | مِّنَ الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درود بھیجتا ہے | تم پر | اور | اسکے فرشتے | تا کہ تم کو نکالے | اندھیروں سے | طرف | روشنی کی |

تم پر درود بھیجتا ہے اور اُس کے فرشتے بھی تا کہ وہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لائے۔

وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ

| وَ | كَانَ | بِالْمُؤْمِنِيْنَ | رَحِيْمًا | تَحِيَّتُهُمْ | يَوْمَ | يَلْقَوْنَهٗ | سَلٰمٌ | وَ | اَعَدَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہے وہ | مومنوں پر | مہربان | ان کا تحفہ | جس دن | ملیں گے اسے | سلام ہوگا | اور | تیار کیا ہے |

اور وہ مومنوں پر رحم کرنے والا ہے۔ اُن کا استقبال سلام سے ہوگا جس دن وہ اُس سے ملیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ نے

لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا

| لَهُمْ | اَجْرًا | كَرِيْمًا | يٰۤاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اِنَّآ | اَرْسَلْنٰكَ | شَاهِدًا | وَّ | مُبَشِّرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کیلئے | اجر | اچھا | اے | غیب کی خبریں بتانے والے نبی | بیشک | بھیجا ہم نے آپ کو | حاضر ناظر | اور | خوشخبری دیتا |

اُن کے لیے باعزت اجر تیار کر رکھا ہے۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے نبی ﷺ! ہم نے آپ کو گواہی دینے والا خوشخبری

وَّنَذِيْرًا ﴿٤٥﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿٤٦﴾ وَبَشِّرِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَذِيْرًا | وَّ | دَاعِيًا | اِلَى | اللّٰهِ | بِاِذْنِهٖ | وَ | سِرَاجًا | مُّنِيْرًا | وَ | بَشِّرِ |
| اور | ڈرسنانا | اور | بلانے والا | طرف | اللہ کی | اسکے حکم سے | اور | چراغ | روشن | اور | خوشخبری دو |

دینے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اللہ کے اذن سے اللہ کی طرف بلانے والا اور منور کرنے والا آفتاب (بنا کر بھیجا)۔ اور ایمان

الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿٤٧﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | بِاَنَّ | لَهُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | فَضْلًا | كَبِيْرًا | وَ | لَا | تُطِعِ | الْكٰفِرِيْنَ |
| مومنوں کو | کہ بیشک | ان کیلئے ہے | اللہ کی طرف سے | فضل | بڑا | اور | نہ | کہا مانو | کافروں کا |

والوں کو خوشخبری سنا دیجئے کہ ان کیلئے اللہ کا بڑا فضل ہے۔ اور آپ کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانیں

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٤٨﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمُنٰفِقِيْنَ | وَدَعْ | اَذٰىهُمْ | وَ | تَوَكَّلْ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | وَكِيْلًا |
| اور منافقوں کا | اور درگزر کرو | انکی تکلیف دہی کو | اور | بھروسہ کرو | اوپر | اللہ کے | اور | کافی ہے | اللہ | کارساز |

اور ان کے تکلیف پہنچانے کو نظر انداز فرما دیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں اور اللہ کافی ہے کارساز۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِذَا | نَكَحْتُمُ | الْمُؤْمِنٰتِ | ثُمَّ | طَلَّقْتُمُوْهُنَّ | مِنْ قَبْلِ |
| اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | جب | نکاح کرو تم | مومن عورتوں سے | پھر | طلاق دو ان کو | پہلے |

اے ایمان والو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو پھر انہیں چھونے سے پہلے چھوڑ دو

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تَمَسُّوْهُنَّ | فَمَا | لَكُمْ | عَلَيْهِنَّ | مِنْ | عِدَّةٍ | تَعْتَدُّوْنَهَا |
| اس سے کہ | ہاتھ لگاؤ تم ان کو | تو نہیں | تمہارے لیے | ان پر | کوئی | عدت | کہ تم انکی عدت شمار کرو |

تو تمہارے لئے ان پر کچھ عدت نہیں جسے تم پورا کرو بس انہیں

فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا ﴿۲۹﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَتِّعُوْهُنَّ | وَسَرِّحُوْهُنَّ | سَرَاحًا | جَمِیْلًا | یٰۤاَیُّهَا | النَّبِیُّ | اِنَّاۤ |
| تو فائدہ دو ان کو | اور چھوڑ دو ان کو | چھوڑنا | اچھا | اے | غیب بتانے والے نبی | بیشک ہم نے |

خوب فائدہ دو اور اچھی طرح سے رخصت کردو۔ اے غیب کی خبریں بتانے والے

اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِیْۤ اٰتَیْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْلَلْنَا | لَكَ | اَزْوَاجَكَ | الّٰتِیْۤ | اٰتَیْتَ | اُجُوْرَهُنَّ | وَ | مَا | مَلَكَتْ |
| حلال کیں | تمہارے لیے | تمہاری بیویاں | وہ کہ | دیا تم نے | مہران کا | اور | جو | ملکیت میں آئیں |

نبی ﷺ ! ہم نے آپ کیلئے وہ بیویاں حلال کی ہیں جن کا حق مہر آپ ادا کر چکے ہیں اور اسی طرح وہ عورتیں

یَمِیْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَیْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَمِیْنُكَ | مِمَّاۤ | اَفَآءَ | اللّٰهُ | عَلَیْكَ | وَ | بَنٰتِ | عَمِّكَ | وَ | بَنٰتِ | عَمّٰتِكَ | وَ | بَنٰتِ |
| تمہارے ہاتھ میں | اس سے جو | غنیمت دی | اللہ نے | تمہیں | اور | بیٹیاں | تمہارے چچا کی | اور | بیٹیاں | تمہاری پھوپھیوں کی | اور | بیٹیاں |

جو آپ کی ملک میں اُس مالِ غنیمت کے ذریعے آئی ہیں جو اللہ نے عطا کیا اور آپ کے چچا کی بیٹیاں

خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِیْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَالِكَ | وَ | بَنٰتِ | خٰلٰتِكَ | الّٰتِیْ | هَاجَرْنَ | مَعَكَ | وَامْرَاَةً | مُّؤْمِنَةً |
| تمہارے ماموں کی | اور | بیٹیاں | تمہاری خالاؤں کی | وہ جنہوں نے | ہجرت کی | تمہارے ساتھ | اور عورت | مومن |

اور پھوپھیوں کی بیٹیاں اور ماموؤں کی بیٹیاں اور خالاؤں کی بیٹیاں اور جنہوں نے آپ کے معیت

اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِیِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | وَّهَبَتْ | نَفْسَهَا | لِلنَّبِیِّ | اِنْ | اَرَادَ | النَّبِیُّ | اَنْ | یَّسْتَنْكِحَهَا | خَالِصَةً |
| اگر | نذر کرے | اپنا نفس | نبی کو | اگر | چاہے | نبی | یہ کہ | نکاح کرے | یہ خاص آپ کیلئے ہے |

میں ہجرت کی ہے اور جس وقت کوئی ایمان والی عورت اپنے آپ کو نبی کیلئے ہبہ کر دے اگر نبی چاہیں

لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ

| لَّكَ | مِنْ دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | قَدْ | عَلِمْنَا | مَا | فَرَضْنَا | عَلَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لیے | سوائے | مومنوں کے | بیشک | ہم نے جانا | جو | فرض کیا ہے | ان پر |

تو اُس سے نکاح کر سکتے ہیں یہ خاص آپ کے لیے ہے نہ کہ دوسرے مومنوں کیلئے بیشک ہم جانتے ہیں کہ

فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ

| فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ | وَ | مَا | مَلَكَتْ | اَيْمَانُهُمْ | لِكَيْلَا | يَكُوْنَ | عَلَيْكَ | حَرَجٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیویوں کے بارے میں | اور | جو | مالک ہیں | ان کے ہاتھ | تا کہ نہ | ہو | تم پر | تنگی |

ہم نے ان کی بیویوں اور کنیزوں کے لیے کیا چیز فرض کر رکھی ہے یہ اس لیے ہے کہ آپ کی حرج میں مبتلا نہ ہوں

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۰﴾ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُــْٔوِيْٓ

| وَكَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | تُرْجِيْ | مَنْ | تَشَآءُ | مِنْهُنَّ | وَتُــْٔوِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ہے | اللہ | بخشنے والا | مہربان | آپ الگ کریں | جسے | چاہیں | ان میں سے | اور قریب رکھیں |

اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا انتہائی مہربان ہے۔ آپ ان بیویوں میں سے جس کو چاہیں الگ کر دیں اور جس کو چاہیں

اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

| اِلَيْكَ | مَنْ | تَشَآءُ | وَ | مَنِ | ابْتَغَيْتَ | مِمَّنْ | عَزَلْتَ | فَلَا | جُنَاحَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی طرف | جسے | چاہیں | اور | جسے | طلب کریں | ان سے جنہیں | دور کیا | تو نہیں | گناہ |

اپنے پاس جگہ دے دیں۔ اور جس کو آپ اپنے پاس طلب کریں اُن میں سے جن کو آپ نے الگ کر دیا تھا

عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ

| عَلَيْكَ | ذٰلِكَ | اَدْنٰٓى | اَنْ | تَقَرَّ | اَعْيُنُهُنَّ | وَ | لَا | يَحْزَنَّ | وَ | يَرْضَيْنَ | بِمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ پر | یہ | بہت قریب ہے | یہ کہ | ٹھنڈی رہیں | انکی آنکھیں | اور | نہ | غم کھائیں | اور | خوش رہیں | اس پر جو |

تو آپ پر کوئی گناہ نہیں۔ یہ اس بات کے زیادہ قریب ہے کہ اُن کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور وہ رنجیدہ نہیں ہوں گی

اٰتَیْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتَیْتَهُنَّ | كُلُّهُنَّ | وَ | اللّٰهُ | یَعْلَمُ | مَا | فِیْ قُلُوْبِكُمْ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلِیْمًا |
| عطا فرماؤ انہیں | سب کو | اور | اللہ | جانتا ہے | جو | تمہارے دلوں میں ہے | اور | ہے | اللہ | جاننے والا |

اور وہ اس پر راضی رہیں گی جو کچھ بھی آپ اُن سب کو دیں گے۔ اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ علم

حَلِیْمًا ﴿۵۱﴾ لَا یَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَ لَاۤ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَلِیْمًا | لَا | یَحِلُّ | لَكَ | النِّسَآءُ | مِنْۢ بَعْدُ | وَ | لَاۤ | اَنْ | تَبَدَّلَ | بِهِنَّ |
| حلم والا | نہیں | حلال | تمہارے لیے | عورتیں | ان کے بعد | اور | نہ | یہ کہ | تبدیل کرو تم | انکے ساتھ |

والا بردبار ہے۔ اس کے بعد اور عورتیں تمہارے لئے حلال نہ ہوں گی اور نہ یہ کہ آپ ان کی بجائے

مِنْ اَزْوَاجٍ وَّ لَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ یَمِیْنُكَ ؕ وَ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ اَزْوَاجٍ | وَّ | لَوْ | اَعْجَبَكَ | حُسْنُهُنَّ | اِلَّا | مَا | مَلَكَتْ | یَمِیْنُكَ | وَ | كَانَ |
| بیویاں | اور | اگرچہ | پسند آئے تمہیں | ان کا حسن | مگر | جو | مالک ہو | تمہارا ہاتھ | اور | ہے |

اور بیویاں بدل لیں اگرچہ ان کا حسن آپ کو کتنا ہی اچھا معلوم ہو سوائے ان کے جن پر (جنگ میں) تمہارا

اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ رَّقِیْبًا ﴿۵۲﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا ع ۱۲ ۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَلٰی | كُلِّ | شَیْءٍ | رَّقِیْبًا | یٰۤاَیُّهَا | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَدْخُلُوْا |
| اللہ | اوپر | ہر | شے کے | نگہبان ہے | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | نہ | داخل ہو |

قبضہ ہو جائے اور اللہ ہر بات کا نگران ہے۔ اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو جب تک تمہیں

بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّاۤ اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰی طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُیُوْتَ | النَّبِیِّ | اِلَّاۤ | اَنْ | یُّؤْذَنَ | لَكُمْ | اِلٰی طَعَامٍ | غَیْرَ | نٰظِرِیْنَ | اِنٰىهُ |
| گھروں میں | نبی کے | مگر | یہ کہ | اجازت ہو | تم کو | کھانے کیلئے | نہ | انتظار کرنیوالے | اسکے پکنے کا |

کھانے کیلئے نہ بلایا جائے کھانا پکنے کا انتظار نہ کرتے رہو ہاں جب بلائے جاؤ تو آجاؤ

وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لٰكِنْ | اِذَا | دُعِيْتُمْ | فَادْخُلُوْا | فَاِذَا | طَعِمْتُمْ | فَانْتَشِرُوْا | وَ | لَا | مُسْتَاْنِسِيْنَ |
| اور | لیکن | جب | بلائے جاؤ تم | تو داخل ہو | تو جب | کھالو | تو چلے جاؤ | اور | نہ | دل بہلانے والے |

پھر جب کھانا کھا چکو تو (فوراً) منتشر ہو جاؤ اور (وہاں بیٹھے) باتوں میں دل نہ

لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى النَّبِىَّ فَيَسْتَحْىٖ مِنْكُمْ ۫ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِحَدِيْثٍ | اِنَّ | ذٰلِكُمْ | كَانَ | يُؤْذِى | النَّبِىَّ | فَيَسْتَحْىٖ | مِنْكُمْ | وَ | اللّٰهُ |
| باتوں میں | بیشک | یہ | ہے | تکلیف دیتا | نبی کو | تو وہ شرماتے ہیں | تم سے | اور | اللہ |

بہلاؤ بے شک یہ نبی کو تکلیف دیتا ہے تو وہ تم سے شرماتے ہیں اور اللہ حق فرمانے سے حیا

لَا يَسْتَحْىٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَسْتَحْىٖ | مِنَ الْحَقِّ | وَ | اِذَا | سَاَلْتُمُوْهُنَّ | مَتَاعًا | فَسْـَٔلُوْهُنَّ | مِنْ وَّرَآءِ |
| نہیں | شرماتا | حق کہنے سے | اور | جب | مانگو تم ان سے کوئی | سامان | تو مانگو ان سے | پیچھے |

نہیں فرماتا اور جب تم نبی کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو یہ تمہارے دلوں

حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِجَابٍ | ذٰلِكُمْ | اَطْهَرُ | لِقُلُوْبِكُمْ | وَ | قُلُوْبِهِنَّ | وَ | مَا | كَانَ | لَكُمْ |
| پردے کے | یہ | بہت پاکیزہ ہے | تمہارے دلوں کیلئے | اور | انکے دلوں کیلئے | اور | نہیں | ہے | تمہارا حق |

اور ان کے دلوں کیلئے بہت ہی پاکیزگی کا سبب ہے اور تمہیں لائق نہیں کہ اللہ کے رسول کو تکلیف پہنچاؤ

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تُؤْذُوْا | رَسُوْلَ اللّٰهِ | وَ | لَآ | اَنْ | تَنْكِحُوْٓا | اَزْوَاجَهٗ | مِنْۢ بَعْدِهٖٓ | اَبَدًا |
| یہ کہ | تکلیف دو | اللہ کے رسول کو | اور | نہ | یہ کہ | نکاح کرو | ان کی بیویوں سے | اس کے بعد | کبھی بھی |

اور نہ یہ کہ ان کے بعد کبھی ان کی بیویوں سے نکاح کرو (ابد تک) بے شک تمہاری

إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيمًا ﴿٥٣﴾ إِنْ تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ

| إِنَّ | ذٰلِكُمْ | كَانَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | عَظِيمًا | إِنْ | تُبْدُوا | شَيْئًا | أَوْ | تُخْفُوهُ | فَإِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | یہ | ہے | نزدیک | اللہ کے | بڑی بات | اگر | تم ظاہر کرو | کسی چیز کو | یا | چھپاؤ اس کو | تو بیشک |

یہ بات اللہ کے نزدیک بہت بڑی ہے۔ اگر تم کوئی چیز ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ تو بے شک اللہ

اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٥٤﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ

| اللّٰهَ | كَانَ | بِكُلِّ شَيْءٍ | عَلِيمًا | لَا | جُنَاحَ | عَلَيْهِنَّ | فِي آبَائِهِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | ہے | ہر چیز کو | جاننے والا | نہیں | گناہ | ان پر | ان کے باپوں میں |

ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ (ان لوگوں سے) عورتوں پر پردہ نہ کرنے میں

وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ

| وَ | لَا | أَبْنَائِهِنَّ | وَلَا | إِخْوَانِهِنَّ | وَ | لَا | أَبْنَاءِ | إِخْوَانِهِنَّ | وَ | لَا | أَبْنَاءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | انکے بیٹوں کے | اور نہ | انکے بھائیوں کے | اور | نہ | بیٹوں | انکے بھائیوں کے | اور | نہ | بیٹوں |

کوئی مضائقہ نہیں ان کے باپ سے اور بیٹوں سے اور بھائیوں سے اور بھتیجوں سے اور بھانجوں سے

أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِينَ اللّٰهَ ۚ

| أَخَوَاتِهِنَّ | وَلَا | نِسَائِهِنَّ | وَ | لَا | مَا | مَلَكَتْ | أَيْمَانُهُنَّ | وَ | اتَّقِينَ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکی بہنوں کے | اور نہ | انکی عورتوں کے | اور | نہ | جو | مالک ہیں | انکے ہاتھ | اور | ڈرو | اللہ سے |

اور اپنی دین کی عورتوں سے اور اپنی کنیزوں سے اور اللہ سے ڈرتے رہو

إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿٥٥﴾ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ

| إِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلَىٰ | كُلِّ | شَيْءٍ | شَهِيدًا | إِنَّ | اللّٰهَ | وَ | مَلَائِكَتَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | ہے | اوپر | ہر | چیز کے | گواہ | بیشک | اللہ | اور | اسکے فرشتے |

بے شک ہر چیز اللہ کے سامنے ہے۔ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُصَلُّوْنَ | عَلَى | النَّبِيِّ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | صَلُّوْا | عَلَيْهِ | وَسَلِّمُوْا |
| درود بھیجتے ہیں | اوپر | غیب بتانے والے نبی کے | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | درود بھیجو | اس پر | اور سلام بھیجو |

درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی معظم ﷺ) پر اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود اور خوب

تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسْلِيْمًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | لَعَنَهُمُ | اللّٰهُ | فِي الدُّنْيَا |
| سلام کہنا | بیشک | وہ جو | تکلیف دیتے ہیں | اللہ کو | اور | اسکے رسول کو | لعنت ہے ان پر | اللہ کی | دنیا میں |

سلام بھیجو۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی ہے

وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاٰخِرَةِ | وَ | اَعَدَّ | لَهُمْ | عَذَابًا | مُّهِيْنًا | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| اور | آخرت میں | اور | تیار کیا ہے | ان کیلئے | عذاب | ذلیل کرنے والا | اور | وہ جو | ستاتے ہیں | مومنوں کو |

اور ان کیلئے رسوا کن عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جو لوگ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو

ع ٤ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿٥٨﴾ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُؤْمِنٰتِ | بِغَيْرِ | مَا اكْتَسَبُوْا | فَقَدِ | احْتَمَلُوْا | بُهْتَانًا | وَ | اِثْمًا | مُّبِيْنًا |
| اور | مومن عورتوں کو | بغیر | ان کے کچھ کیے | تو بیشک | اٹھایا انہوں نے | بہتان | اور | گناہ | کھلا |

بغیر ان کے کچھ کئے تکلیف دیتے ہیں انہوں نے بے شک بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھا لیا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | قُلْ | لِّاَزْوَاجِكَ | وَ | بَنٰتِكَ | وَ | نِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ | يُدْنِيْنَ |
| اے | نبی | فرمادیجئے | اپنی بیویوں سے | اور | اپنی بیٹیوں سے | اور | مسلمان عورتوں سے کہ | لٹکا کر رکھیں |

اے غیب بتانے والے نبی معظم ﷺ! اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں کو حکم دیں کہ وہ اپنی

عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۭ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِنَّ | مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ | ذٰلِكَ | اَدْنٰٓى | اَنْ | يُّعْرَفْنَ | فَلَا يُؤْذَيْنَ |
| اپنے منہ پر | اپنی چادریں | یہ | بہت قریب ہے | یہ کہ | پہچانی جائیں | تو نہ ستائی جائیں |

چادروں کا کچھ حصہ اپنے (منہ) پر لٹکائے رہیں یہ (پردہ) اس کے بہت قریب ہے کہ وہ پہچان لی جائیں تو انہیں تکلیف نہ پہنچائی

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | لَئِنْ | لَّمْ | يَنْتَهِ | الْمُنٰفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ |
| اور | ہے | اللہ | بخشنے والا | مہربان | اگر | نہ | باز آئے | منافق | اور | وہ کہ جس کے |

جائے اور اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اگر منافق باز نہ آئے اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (شک کی) بیماری

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | وَّ | الْمُرْجِفُوْنَ | فِي | الْمَدِيْنَةِ | لَنُغْرِيَنَّكَ | بِهِمْ | ثُمَّ |
| ان کے دلوں میں | بیماری ہے | اور | افواہیں اڑانے والے | میں | مدینہ | تو غلبہ دینگے ہم آپ کو | ان پر | پھر |

ہے اور مدینہ میں جھوٹی افواہیں اڑانے والے تو (اے محبوب ﷺ) ہم ضرور آپ کو ان پر (اس طرح) مسلط فرما دیں گے کہ اس

لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا معانقة ۱۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُجَاوِرُوْنَكَ | فِيْهَآ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مَّلْعُوْنِيْنَ | اَيْنَمَا | ثُقِفُوْٓا | اُخِذُوْا |
| نہ | پاس رہ سکیں گے آپ کے | اس میں | مگر | تھوڑے | لعنتی ہیں | جہاں بھی | پائے جائیں | پکڑے جائیں |

کے بعد مدینہ میں وہ آپ کے پاس نہ ٹھہر سکیں گے مگر بہت کم۔ پھٹکارے ہوئے جہاں کہیں ملیں پکڑے جائیں گے اور بری

وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قُتِّلُوْا | تَقْتِيْلًا | سُنَّةَ | اللّٰهِ | فِي الَّذِيْنَ | خَلَوْا | مِنْ قَبْلُ | وَ | لَنْ | تَجِدَ |
| اور | قتل کیے جائیں | گن گن کر | دستور ہے | اللہ کا | ان لوگوں میں جو | گذر چکے | پہلے | اور | ہرگز نہ | پاؤ گے تم |

طرح قتل کیے جائیں گے۔ اللہ کا دستور چلا آتا ہے ان لوگوں میں جو پہلے گزر گئے اور تم اللہ کا

لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِسُنَّةِ اللّٰهِ | تَبْدِيْلًا | يَسْـَٔلُكَ | النَّاسُ | عَنِ السَّاعَةِ | قُلْ | اِنَّمَا | عِلْمُهَا |
| اللہ کے دستور میں | کوئی تبدیلی | پوچھتے ہیں آپ سے | لوگ | قیامت کے متعلق | فرمادیں | اسکے سوا نہیں کہ | اس کا علم |

دستور ہرگز بدلتا نہ پاؤ گے۔ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ فرمائیے کہ یقیناً اس

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ اللّٰهِ | وَ | مَا يُدْرِيْكَ | لَعَلَّ | السَّاعَةَ | تَكُوْنُ قَرِيْبًا | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اللہ کے پاس ہے | اور | تم کیا جانو | شائد | قیامت | قریب ہو | بیشک | اللہ نے |

کا علم تو صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ اور تمہیں کیا خبر شاید کہ قیامت قریب ہی ہو؟۔ بے شک اللہ نے

لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَنَ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ | اَعَدَّ | لَهُمْ | سَعِيْرًا | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا |
| لعنت کی | کافروں پر | اور | تیار کیا | ان کیلئے | بھڑکتا جہنم | ہمیشہ رہیں | اس میں | ہمیشہ تک |

کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کیلئے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے (وہاں)

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَجِدُوْنَ | وَلِيًّا | وَ | لَا | نَصِيْرًا | يَوْمَ | تُقَلَّبُ | وُجُوْهُهُمْ | فِى النَّارِ |
| نہیں | پائیں گے کوئی | حمایتی | اور | نہ | مددگار | جس دن | الٹ پلٹ ہونگے | انکے چہرے | آگ میں |

نہ پائیں گے کوئی حمایت کرنے والا اور نہ مددگار۔ جس دن ان کے منہ آگ میں پلٹائے جائیں گے بولیں گے

يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | يٰلَيْتَنَآ | اَطَعْنَا | اللّٰهَ | وَ | اَطَعْنَا | الرَّسُوْلَا | وَ | قَالُوْا | رَبَّنَآ |
| کہیں گے | اے کاش | ہم حکم مانتے | اللہ کا | اور | حکم مانتے | رسول کا | اور | کہیں گے | اے ہمارے رب |

اے کاش ہم اطاعت کرتے اللہ کی اور اطاعت کرتے رسول کی۔ اور کہیں گے اے ہمارے رب!

إِنَّآ أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَأَضَلُّونَا ٱلسَّبِيلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ

| اِنَّآ | اَطَعْنَا | سَادَتَنَا | وَكُبَرَآءَنَا | فَاَضَلُّوْنَا | السَّبِيْلَا | رَبَّنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے | کہا مانا | اپنے سرداروں کا | اور اپنے بڑوں کا | تو گمراہ کیا انہوں نے ہم کو | راہ سے | اے ہمارے رب |

ہم اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کے کہنے پر چلے تو انہوں نے ہمیں راستے سے بہکا دیا۔ اے ہمارے رب!

ءَاتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ ٱلْعَذَابِ وَٱلْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا ﴿٦٨﴾ ع يَـٰٓأَيُّهَا ع ۸ ۵

| اٰتِهِمْ | ضِعْفَيْنِ | مِنَ الْعَذَابِ | وَ | الْعَنْهُمْ | لَعْنًا | كَبِيْرًا | يٰٓاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دے ان کو | دُگنا | عذاب | اور | لعنت کر ان پر | لعنت | بڑی | اے |

انہیں آگ کا دوگنا عذاب دے اور ان پر بڑی لعنت کر۔ اے ایمان والو!

ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ ءَاذَوْا۟ مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ ٱللَّهُ مِمَّا

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | اٰذَوْا | مُوْسٰى | فَبَرَّاَهُ | اللّٰهُ | مِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائے ہو | نہ | ہو جاؤ | انکی طرح جنہوں نے | ستایا | موسیٰ کو | تو بری کیا اسے | اللہ نے | اس سے جو |

اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو اذیت دی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اُس کی برات کر دی اُن باتوں سے جو لوگوں

قَالُوا۟ ۚ وَكَانَ عِندَ ٱللَّهِ وَجِيهًا ﴿٦٩﴾ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟

| قَالُوْا | وَكَانَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَجِيْهًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انہوں نے کہا | اور ہے وہ | پاس | اللہ کے | عزت والا | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو |

نے ان کے بارے میں کہی تھیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ باعزت تھے۔ اے ایمان والو!

ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَقُولُوا۟ قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٧٠﴾ يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَـٰلَكُمْ

| اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَقُوْلُوْا | قَوْلًا | سَدِيْدًا | يُّصْلِحْ | لَكُمْ | اَعْمَالَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرو | اللہ سے | اور کہو | بات | سیدھی | درست کرے گا | تمہارے لیے | تمہارے عمل |

اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ اور سیدھی بات کیا کرو۔ (اللہ) تمہارے لئے تمہارے اعمال کو درست فرما دے گا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

| وَيَغْفِرْ | لَكُمْ | ذُنُوبَكُمْ | وَ | مَنْ | يُطِعِ | اللّٰهَ | وَ | رَسُولَهُ | فَقَدْ | فَازَ | فَوْزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بخشے گا | تم کو | تمہارے گناہ | اور | جو | فرمانبرداری کرے | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی | تو بیشک | کامیاب ہوا | کامیابی |

اور تمہارے لئے تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے تو بے شک وہ بڑی کامیابی سے ساتھ

عَظِيمًا ﴿۷۱﴾ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

| عَظِيمًا | إِنَّا | عَرَضْنَا | الْأَمَانَةَ | عَلَى | السَّمٰوٰتِ | وَالْأَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑی | بیشک ہم نے | پیش کیا | امانت کو | اوپر | آسمانوں | اور زمین کے |

کامیاب ہوا۔ بے شک ہم نے امانت کو پیش کیا آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر تو وہ اس کے اٹھانے

وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا

| وَ | الْجِبَالِ | فَأَبَيْنَ | أَنْ | يَحْمِلْنَهَا | وَ | أَشْفَقْنَ | مِنْهَا | وَ | حَمَلَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پہاڑوں کے | تو انکار کیا انہوں نے | یہ کہ | اٹھائیں اس کو | اور | ڈر گئے | اس سے | اور | اٹھالیا اس کو |

پر آمادہ نہ ہوئے اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسے اٹھا لیا

الْإِنْسَانُ ۖ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ﴿۷۲﴾ لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ

| الْإِنْسَانُ | إِنَّهُ | كَانَ | ظَلُومًا | جَهُولًا | لِيُعَذِّبَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| انسان نے | بیشک وہ | ہے | ظالم | نادان | تاکہ سزا دے | اللہ |

بے شک وہ بڑی زیادتی کرنے والا نادان ہے۔ تاکہ اللہ عذاب دے

الْمُنٰفِقِينَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوبَ

| الْمُنٰفِقِينَ | وَالْمُنٰفِقٰتِ | وَالْمُشْرِكِينَ | وَالْمُشْرِكٰتِ | وَ | يَتُوبَ |
|---|---|---|---|---|---|
| منافق مردکو | اور منافق عورتوں کو | اور مشرک مردوں کو | اور مشرک عورتوں کو | اور | توبہ قبول کرے |

منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو اور اللہ توبہ قبول فرمائے

اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۷۳ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتِ | وَكَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا |
| اللہ | اوپر | مومنوں کے | اور | مومن عورتوں کے | اور ہے | اللہ | بخشنے والا | مہربان |

مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کی اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اٰیاتھا ۵۴ — ۳۴ سُوْرَۃُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ ۵۸ — رکوعاتھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | لَهٗ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي الْاَرْضِ | وَ | لَهُ | الْحَمْدُ |
| سب تعریفیں | اللہ ہی کو ہیں | وہ کہ | اسی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے | اور | جو | زمین میں ہے | اور | اسی کی | تعریف ہے |

تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے جس کا وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۱ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْاٰخِرَةِ | وَ | هُوَ | الْحَكِيْمُ | الْخَبِيْرُ | يَعْلَمُ | مَا | يَلِجُ | فِي الْاَرْضِ |
| آخرت میں | اور | وہ ہے | حکمت والا | خبردار | جانتا ہے | جو | داخل ہوتا ہے | زمین میں |

اور اُسی کیلئے آخرت میں حمد ہے۔اور وہ دانا باخبر ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں جاتا ہے

وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يَخْرُجُ | مِنْهَا | وَ | مَا | يَنْزِلُ | مِنَ السَّمَاۗءِ | وَمَا | يَعْرُجُ | فِيْهَا | وَ | هُوَ |
| اور | جو | نکلتا ہے | اس سے | اور | جو | اترتا ہے | آسمان سے | اور جو | چڑھتا ہے | اس میں | اور | وہ |

اور جو زمین سے نکلتا ہے اور جو آسمان سے اترتا ہے اور جو چڑھتا ہے اور

الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ﴿۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحِيْمُ | الْغَفُوْرُ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَا | تَاْتِيْنَا | السَّاعَةُ | قُلْ | بَلٰى |
| رحم کرنے والا | بخشنے والا ہے | اور | کہا | انہوں نے جو | کافر ہیں | نہیں | آئے گی ہم پر | قیامت | فرمادو | کیوں نہیں |

وہی ہے مہربان بخشنے والا۔ اور کافر کہتے ہیں وہ گھڑی ہم پر نہیں آئے گی فرمادیجئے کیوں نہیں!

وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَرَبِّيْ | لَتَاْتِيَنَّكُمْ | عٰلِمِ | الْغَيْبِ | لَا | يَعْزُبُ | عَنْهُ | مِثْقَالُ | ذَرَّةٍ |
| قسم ہے میرے رب کی | ضرور آئے گی تمہارے پاس | وہ جاننے والا ہے | غیب کا | نہیں | چھپی رہتی | اس سے | برابر | ایک ذرے |

قسم ہے میرے عالم الغیب رب کی! وہ تم پر ضرور آئے گی ذرہ برابر شئے اس سے

فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | لَا | فِي الْاَرْضِ | وَ | لَآ | اَصْغَرُ | مِنْ ذٰلِكَ | وَ | لَآ | اَكْبَرُ | اِلَّا |
| آسمانوں میں | اور | نہ | زمین میں | اور | نہ | چھوٹی | اس سے | اور | نہ | بڑی | مگر |

نہ آسمانوں میں اوجھل ہوتی ہے اور نہ زمین میں اور نہ کوئی چھوٹی اور نہ بڑی کوئی چیز ہے مگر وہ ایک

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳﴾ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ كِتٰبٍ | مُّبِيْنٍ | لِّيَجْزِيَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
| کتاب میں ہے | صاف بتانیوالی | تاکہ بدلہ دے | ان کو | جو ایمان لائے | اور عمل کیے | نیک |

واضح کتاب میں لکھی ہے۔ تاکہ وہ ان لوگوں کو جزاء دے جو ایمان لاتے اور درست عمل کرتے ہیں

اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰۗىِٕكَ | لَهُمْ | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | رِزْقٌ | كَرِيْمٌ | وَ | الَّذِيْنَ | سَعَوْ | فِيْٓ | اٰيٰتِنَا |
| یہ لوگ | ان کیلئے | بخشش ہے | اور | رزق | اچھا | اور | وہ جو | کوشش کریں | میں | ہماری آیتوں |

انکی کیلئے بخشش اور باعزت روزی ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے ہماری آیتوں کے بارے میں

مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ⑤ وَيَرَى الَّذِيْنَ

| مُعٰجِزِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | مِّنْ رِّجْزٍ | اَلِيْمٌ | وَيَرَى | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عاجز کرنیوالے | یہی لوگ ہیں | ان کیلئے | عذاب ہے | سخت سے | دردناک | اور دیکھتے ہیں | وہ جنہیں |

مقابلہ کرتے ہوئے کوشش کی ان کیلئے (سخت) عذاب ہے دردناک عذاب میں سے۔ اور جن لوگوں کو علم دیا گیا

اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى

| اُوْتُوا | الْعِلْمَ | الَّذِيْٓ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | هُوَ | الْحَقَّ | وَ | يَهْدِيْٓ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیا گیا ہے | علم | وہ جو | اتارا گیا | آپکی طرف | آپ کے رب کی طرف سے | وہ | حق ہے | اور | راہ دکھاتا ہے | طرف |

وہ جانتے ہیں کہ جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا وہی حق ہے اور وہ بڑی عزت والے

صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ⑥ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى

| صِرَاطِ | الْعَزِيْزِ | الْحَمِيْدِ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | هَلْ | نَدُلُّكُمْ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ | عزت والے | تعریف کیے گئے کی | اور | کہا | انہوں نے جو | کافر ہیں | کیا | بتائیں ہم تم کو | وہ |

سب خوبیوں والے کے راستہ کی طرف ہدایت کرتا ہے۔ اور کافر بولے کیا ہم تمہیں ایسا مرد بتا دیں جو تمہیں خبر دے
| ان کے ہاتھ | اور | گواہی دینگے | ان کے پاؤں | بدلہ اس کا کہ | تھے | کمائی کرتے | اور | اگر | ہم چاہیں | تو مٹا دیں |

سے کلام کریں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے ان کاموں کی جو وہ کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہتے تو انکی آنکھوں

عَلٰۤى اَعۡيُنِهِمۡ فَاسۡتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبۡصِرُوۡنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوۡ نَشَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰۤى | اَعۡيُنِهِمۡ | فَاسۡتَبَقُوا | الصِّرَاطَ | فَاَنّٰى | يُبۡصِرُوۡنَ | وَ | لَوۡ | نَشَآءُ |
| ان کی | آنکھیں | تو دوڑیں | راستہ کی طرف | تو کہاں | دیکھیں گے | اور | اگر | ہم چاہیں |

کے نشان تک مٹا دیتے پھر وہ راستے کیطرف دوڑتے تو وہ کہاں دیکھ سکتے تھے۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی

لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمَسَخْنٰهُمْ | عَلٰى | مَكَانَتِهِمْ | فَمَا | اسْتَطَاعُوْا | مُضِيًّا | وَ | لَا | يَرْجِعُوْنَ |
| تو مسخ کردیں انکو | اوپر | ان کی جگہ کے | تو نہ | طاقت رکھیں | آگے بڑھنے کی | اور | نہ | پیچھے ہٹنے کی |

جگہ ان کی صورتیں بدل دیتے پھر وہ نہ تو آگے کو گزرتے اور نہ ہی پیچھے لوٹ سکتے۔

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | نُّعَمِّرْهُ | نُنَكِّسْهُ | فِي الْخَلْقِ | اَفَلَا | يَعْقِلُوْنَ | وَمَا | عَلَّمْنٰهُ | الشِّعْرَ | وَمَا |
| اور جسے | ہم بڑی عمر دیں اسکو | الٹا پھیر دیں ہم اسے | پیدائش میں | کیا پھر نہیں | عقل کرتے | اور نہیں | سکھایا ہم نے اسکو | شعر | اور نہ وہ |

اور جسے ہم لمبی عمر دیتے ہیں اسے قوت مزاج میں واپس (بچپن کی طرف) پلٹا دیتے ہیں یا پھر بھی وہ عقل سے کام نہیں لیتے۔ اور ہم نے انہیں

يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَنْۢبَغِيْ | لَهٗ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | ذِكْرٌ | وَّقُرْاٰنٌ | مُّبِيْنٌ | لِّيُنْذِرَ | مَنْ | كَانَ | حَيًّا | وَّيَحِقَّ |
| لائق ہے | اسکے | نہیں | وہ | مگر | نصیحت | اور قرآن | روشن | تاکہ ڈرائے | اسکو جو | ہو | زندہ | اور حق ہے |

(رسول کو) شعر کہنا نہیں سکھایا اور نہ یہ ان کیلئے مناسب ہے، یہ تو صرف ایک نصیحت اور واضح قرآن ہے۔ تاکہ وہ ہر اس شخص کو

الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَوْلُ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | اَوَلَمْ | يَرَوْا | اَنَّا | خَلَقْنَا | لَهُمْ | مِّمَّا | عَمِلَتْ | اَيْدِيْنَآ |
| بات | اوپر | کافروں کے | کیا نہ | دیکھا انہوں نے کہ | ہم نے | پیدا کیے | ان کیلئے | اس سے | جو بنائے | ہمارے ہاتھوں نے |

خبردار کرائے جو زندہ ہو اور انکار کرنے والوں پر حجت قائم ہو جائے۔ کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے دست قدرت سے بنائی ہوئی مخلوق میں

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْعَامًا | فَهُمْ | لَهَا | مٰلِكُوْنَ | وَ | ذَلَّلْنٰهَا | لَهُمْ | فَمِنْهَا | رَكُوْبُهُمْ | وَ | مِنْهَا |
| چوپائے | تو وہ | انکے | مالک ہیں | اور | تابع کیا ہم نے انکو | ان کا | تو بعض ان میں سے | انکی سواریاں ہیں | اور | بعض سے |

ان کیلئے مویشی پیدا کیے تو وہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے انہیں ان کے تابع کر دیا تو ان میں سے کچھ ان کی سواریاں ہیں اور بعض کو

يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَاْكُلُوْنَ | وَ | لَهُمْ | فِيْهَا | مَنَافِعُ | وَ | مَشَارِبُ | اَفَلَا | يَشْكُرُوْنَ | وَ | اتَّخَذُوْا |
| وہ کھاتے ہیں | اور | ان کیلئے | اس میں | فائدے ہیں | اور | پینا ہے | توکیا نہیں | شکر کرتے | اور | پکڑے انہوں نے |

ان میں سے وہ کھاتے ہیں۔ اوران کیلئے ان میں کئی طرح کے فوائد اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ شکر نہیں کریں گے۔اور انہوں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اٰلِهَةً | لَّعَلَّهُمْ | يُنْصَرُوْنَ | لَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | نَصْرَهُمْ | وَهُمْ |
| سوائے | اللہ کے | معبود | تاکہ وہ | مدد کیے جائیں | نہیں | طاقت رکھتے | مدد ان کی | اور وہ |

نے اللہ کے سوا اور خدا ٹھہرا لئے کہ شاید ان کی مدد ہو۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ ان کے وہ لشکر ہیں

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وقف لازم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | جُنْدٌ | مُّحْضَرُوْنَ | فَلَا | يَحْزُنْكَ | قَوْلُهُمْ | اِنَّا | نَعْلَمُ | مَا | يُسِرُّوْنَ |
| ان کا | لشکر ہیں | حاضر کیے گئے | تو نہ | غم میں ڈالے تم کو | ان کی بات | ہم | جانتے ہیں | جو | چھپاتے ہیں |

جو حاضر کیے جائیں گے۔ پس ان کی بات تمہیں غمگین نہ کرے، ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يُعْلِنُوْنَ | اَوَلَمْ | يَرَ | الْاِنْسَانُ | اَنَّا | خَلَقْنٰهُ | مِنْ نُّطْفَةٍ | فَاِذَا | هُوَ | خَصِيْمٌ |
| اور | جو | ظاہر کرتے ہیں | کیا نہ | دیکھا | انسان نے | کہ ہم نے | پیدا کیا اسکو | نطفہ سے | تو جبھی | وہ ہے | جھگڑالو |

اور جو وہ کھلم کھلا کہتے ہیں۔ کیا انسان نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا تو اچانک وہ کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٌ | وَ | ضَرَبَ | لَنَا | مَثَلًا | وَّ | نَسِيَ | خَلْقَهٗ | قَالَ | مَنْ | يُّحْيِ | الْعِظَامَ |
| صریح | اور | بیان کی | ہمارے لیے | کہاوت | اور | بھول گیا | اپنی پیدائش | بولا | کون | زندہ کرے گا | ہڈیوں کو |

جھگڑالو (ہو گیا) ہے۔ اور ہمارے لئے مثال بیان کرنے لگا اور بھول گیا اپنی پیدائش کو کہنے لگا کون زندہ کرے گا ہڈیوں کو جب

وَّهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ

| وَ | هِيَ | رَمِيْمٌ | قُلْ | يُحْيِيْهَا | الَّذِيْٓ | اَنْشَاَهَآ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | وَ | هُوَ | بِكُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ ہوں | بوسیدہ | فرما دیجئے | زندہ کرے گا انکو | وہ جس نے | پیدا کیا ان کو | پہلی | مرتبہ | اور | وہ | ہر ایک |

وہ بوسیدہ ہو ہو چکی ہوں گی۔ فرما دیجئے انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے پہلی بار انہیں پیدا کیا تھا اور اسے

خَلْقٍ عَلِيْمُ ﴿۷۹﴾ ۙ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ

| خَلْقٍ | عَلِيْمٌ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ | نَارًا | فَاِذَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مخلوق کو | جاننے والا ہے | وہ جس نے | بنائی | تمہارے لیے | سبز درخت سے | آگ | تو جبھی |

ہر مخلوق کا علم ہے۔ جس نے تمہارے سرسبز درخت سے آگ پیدا کی،

اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

| اَنْتُمْ | مِّنْهُ | تُوْقِدُوْنَ | اَوَ | لَيْسَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم | اس سے | جلاتے ہو | کیا | نہیں | وہ جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو |

جبھی تم اسے سلگاتے ہو۔ اور کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو بنایا اس پر قادر نہیں کہ ان کی طرح

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ

| بِقٰدِرٍ | عَلٰٓى | اَنْ | يَّخْلُقَ | مِثْلَهُمْ | بَلٰى | وَ | هُوَ | الْخَلّٰقُ | الْعَلِيْمُ | اِنَّمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قادر | اوپر | اسکے کہ | پیدا کرے | انکی مثل | کیوں نہیں | اور | وہ ہے | پیدا کرنے والا | جاننے والا | اسکے سوا نہیں |

اور بھی بنا دے؟ کیوں نہیں! اور وہی تو سب سے بڑا بنانے والا اور علم والا ہے۔ جب وہ کسی

اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ

| اَمْرُهٗٓ | اِذَآ | اَرَادَ | شَيْـًٔا | اَنْ | يَّقُوْلَ | لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ | فَسُبْحٰنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کا حکم | جب | ارادہ کرتا ہے | کسی چیز کا | یہ کہ | فرماتا ہے | اس کو | ہو جا | تو وہ ہو جاتا ہے | تو پاک ہے |

چیز کا ارادہ فرمالیتا ہے تو اس کا حکم صرف یہ ہوتا ہے کہ اسے فرماتا ہے 'ہو جا' اور وہ چیز ہو جاتی ہے۔ تو پاک ہے

وقف غفران

الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْ | بِیَدِهٖ | مَلَكُوْتُ | كُلِّ | شَیْءٍ | وَّ | اِلَیْهِ | تُرْجَعُوْنَ |
| وہ کہ | اسکے ہاتھ میں ہے | بادشاہی | ہر | چیز کی | اور | اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے |

وہ ذات جس کے دستِ قدرت میں ہر چیز کی حکومت ہے اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

اٰیاتھا ۱۸۲ | (۳۷) سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّیَّةٌ (۵۶) | رکوعاتھا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ المنزل ۶

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالصّٰٓفّٰتِ | صَفًّا | فَالزّٰجِرٰتِ | زَجْرًا | فَالتّٰلِیٰتِ | ذِكْرًا | اِنَّ | اِلٰهَكُمْ |
| قسم ہے صف باندھنے والے فرشتوں کی | آراستہ ہوکر | پھر ڈانٹنے والوں کی | جھڑک کر | پھر پڑھنے والوں کی | قرآن کو | بیشک | تمہارا معبود |

قسم ہے قطار در قطار صف باندھنے والوں کی۔ پھر بادلوں کو کھینچ کر لے جانے والی یا برائیوں پر سختی سے جھڑکنے والی جماعتوں کی۔ پھر تلاوت کرنے والوں کی۔ بے

لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوَاحِدٌ | رَبُّ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | مَا | بَیْنَهُمَا | وَ | رَبُّ | الْمَشَارِقِ | اِنَّا |
| ایک ہے | رب ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور | جو | انکے درمیان ہے | اور | رب ہے | مشرقوں کا | بیشک ہم نے |

شک تمہارا خدا ایک ہی ہے۔ آسمانوں اور زمین کا رب اور جو کچھ انکے درمیان ہے اور وہ رب ہے ہر مشرق (اور ہر مغرب) کا۔ بے شک

زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ الْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَیَّنَّا | السَّمَآءَ | الدُّنْیَا | بِزِیْنَةِ | الْكَوَاكِبِ | وَ | حِفْظًا | مِّنْ كُلِّ | شَیْطٰنٍ |
| زینت دی | آسمان | دنیا کو | زینت | ستاروں کی | اور | حفاظت | ہر ایک | شیطان |

ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین فرمایا۔ اور سرکش شیطان سے

مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾

| مَّارِدٍ | لَا | يَسَّمَّعُوْنَ | إِلَى | الْمَلَا | الْأَعْلٰى | وَيُقْذَفُوْنَ | مِنْ كُلِّ | جَانِبٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرکش سے | نہیں | سن سکتے | طرف | عالم | بالا کے | اور ہٹے جاتے ہیں | ہر ایک | طرف سے |

اس کو محفوظ رکھا۔ عالم بالا کی طرف کان نہیں لگا سکتے اور ان پر ہر طرف سے مار چلائی جاتی ہے۔

دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ

| دُحُوْرًا | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | وَّاصِبٌ | إِلَّا | مَنْ | خَطِفَ | الْخَطْفَةَ | فَأَتْبَعَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھتکارے ہوئے | اور | ان کیلئے | عذاب ہے | لازم ہونے والا | مگر | جس نے | اچک لیا | جھپٹنا | تو پیچھے لگا ہے |

بھگانے کیلئے اور ان کیلئے ہمیشہ کا عذاب ہے۔ مگر کوئی شیطان کوئی بات اُچک لے تو ایک دہکتا ہوا انگارہ

شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا

| شِهَابٌ | ثَاقِبٌ | فَاسْتَفْتِهِمْ | أَهُمْ | أَشَدُّ | خَلْقًا | أَمْ | مَنْ | خَلَقْنَا | إِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انگارہ | چمکتا ہوا | تو پوچھ ان سے | کیا وہ | سخت ہیں | پیدائش میں | یا | جو | ہم نے پیدا کیا | بیشک ہم |

اس کا پیچھا کرتا ہے۔ تو ان (مشرکین) سے پوچھئے کیا ان کی پیدائش زیادہ قوت والی ہے یا ان کی جنہیں (ان کے علاوہ) ہم

خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَإِذَا ذُكِّرُوْا

| خَلَقْنٰهُمْ | مِّنْ طِيْنٍ | لَّازِبٍ | بَلْ | عَجِبْتَ | وَيَسْخَرُوْنَ | وَ | إِذَا | ذُكِّرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو پیدا کیا | مٹی | چپکنے والی سے | بلکہ | تم نے تعجب کیا | اور وہ مذاق کرتے ہیں | اور | جب | نصیحت کی جائیں |

نے پیدا کیا بیشک ہم نے انہیں چپکنے والی مٹی سے پیدا کیا۔ بلکہ تم نے تعجب کیا اور وہ مذاق اُڑاتے ہیں۔ اور جب انہیں نصیحت

لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَإِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوْا إِنْ هٰذَا إِلَّا سِحْرٌ

| لَا | يَذْكُرُوْنَ | وَ | إِذَا | رَاَوْا | اٰيَةً | يَّسْتَسْخِرُوْنَ | وَقَالُوْا | إِنْ | هٰذَا | إِلَّا | سِحْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | نصیحت لیتے | اور | جب | دیکھتے ہیں | کوئی نشانی | تو وہ ٹھٹھا کرتے ہیں | اور بولے | نہیں | یہ | مگر | جادو |

کی جاتی ہے تو نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں مذاق اڑاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں یہ تو کھلا

مُّبِيْنٌ ۝١٥ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝١٦ اَوَ اٰبَآؤُنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٌ | ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | ءَاِنَّا | لَمَبْعُوْثُوْنَ | اَوَ | اٰبَآؤُنَا |
| ظاہر | کیا جب | ہم مرجائینگے | اور | ہوجائینگے | مٹی | اور | ہڈیاں | کیا ہم | اٹھائے جائینگے | کیا | باپ دادا ہمارے |

جادو ہے۔ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر اُٹھا دیئے جائیں گے۔ اور کیا ہمارے پہلے

الْاَوَّلُوْنَ ۝١٧ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۝١٨ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَوَّلُوْنَ | قُلْ | نَعَمْ | وَ | اَنْتُمْ | دَاخِرُوْنَ | فَاِنَّمَا | هِيَ | زَجْرَةٌ | وَّاحِدَةٌ | فَاِذَا | هُمْ |
| پہلے کے | فرمادیں | ہاں | اور | تم | ذلیل ہوگے | اسکے سوا نہیں کہ | وہ | ڈانٹ ہوگی | ایک | تو جبھی | وہ |

باپ دادا (بھی)؟ فرما دیجئے ہاں اور تم (زندہ ہو کر) ذلیل ہو گے۔ یقیناً وہ تو ایک ہی جھڑک ہو گی جبھی

يَنْظُرُوْنَ ۝١٩ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝٢٠ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَنْظُرُوْنَ | وَ | قَالُوْا | يٰوَيْلَنَا | هٰذَا | يَوْمُ | الدِّيْنِ | هٰذَا | يَوْمُ | الْفَصْلِ | الَّذِيْ |
| دیکھتے ہونگے | اور | کہیں گے | ہائے افسوس | یہ ہے | دن | قیامت کا | یہ ہے | دن | فیصلے کا | وہ جو کہ |

وہ دیکھنے لگیں گے۔ اور کہیں گے ہائے ہماری خرابی ان سے کہا جائے گا یہ انصاف کا دن ہے۔ یہی فیصلے کا دن ہے جسے تم جھٹلایا

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝٢١ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا ع ۱ ۲۱ ۵

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | بِهٖ | تُكَذِّبُوْنَ | اُحْشُرُوا | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | وَ | اَزْوَاجَهُمْ | وَ | مَا | كَانُوْا |
| تھے تم | اس کو | جھٹلاتے | اکٹھا کرو | ان کو جو | ظالم ہیں | اور | انکے ساتھیوں کو | اور | جن کو | تھے وہ |

کرتے تھے۔ اکٹھا کرو، ظالموں کو اور ان جیسوں کو اور جن کی

يَعْبُدُوْنَ ۝٢٢ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝٢٣ الربع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | فَاهْدُوْهُمْ | اِلٰى | صِرَاطِ | الْجَحِيْمِ |
| پوجتے | سوائے | اللہ کے | تو راہ دکھاؤ ان کو | طرف | راہ | دوزخ کی |

وہ عبادت کرتے تھے۔ اللہ کو چھوڑ کر یہ جن کی عبادت کرتے تھے ان سب کو دوزخ کی طرف پر لے چلو۔

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ

| وَقِفُوْهُمْ | اِنَّهُمْ | مَّسْـُٔوْلُوْنَ | مَا لَكُمْ | لَا | تَنَاصَرُوْنَ | بَلْ | هُمُ | الْيَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھڑا کرو ان کو | بیشک وہ | پوچھے جائیں گے | کیا ہے تم کو | کہ نہیں | مدد کرتے آپس میں | بلکہ | وہ | آج کے دن |

اور (ذرا) انہیں ٹھہراؤ بیشک ان سے پوچھا جائیگا۔ تمہیں کیا ہوا ایک دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے۔ بلکہ آج تو وہ سر

مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالُوْٓا

| مُسْتَسْلِمُوْنَ | وَ | اَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | يَّتَسَآءَلُوْنَ | قَالُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمانبردار ہیں | اور | متوجہ ہوا | بعض ان کا | اوپر | بعض کے | سوال کرتے | کہیں گے |

جھکائے کھڑے ہوں گے۔ اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر پوچھ رہے ہیں۔ یہ کہہ رہے ہیں

اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَمَا

| اِنَّكُمْ | كُنْتُمْ | تَاْتُوْنَنَا | عَنِ الْيَمِيْنِ | قَالُوْا | بَلْ | لَّمْ | تَكُوْنُوْا | مُؤْمِنِيْنَ | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک تم | تھے | آتے ہم کو | دائیں جانب سے | کہیں گے | بلکہ | نہ | تھے تم | مومن | اور نہیں |

تم ہی تو ہمارے پاس دائیں طرف سے آتے تھے۔ (ان کے پیشوا) کہیں گے (ہمارا کچھ قصور نہیں) بلکہ تم خود ہی ایمان لانے والے نہ تھے۔

كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا

| كَانَ | لَنَا | عَلَيْكُمْ | مِّنْ | سُلْطٰنٍ | بَلْ | كُنْتُمْ | قَوْمًا | طٰغِيْنَ | فَحَقَّ | عَلَيْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھا | ہمارا | تم پر | کوئی | قابو | بلکہ | تھے تم | قوم | سرکش | تو حق ہوئی | ہم پر |

اور ہمارا تم پر کچھ دباؤ نہ تھا بلکہ تم خود ہی سرکش لوگ تھے۔ تو ثابت ہوئی ہم پر

قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿٣٢﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ

| قَوْلُ | رَبِّنَا | اِنَّا | لَذَآئِقُوْنَ | فَاَغْوَيْنٰكُمْ | اِنَّا | كُنَّا | غٰوِيْنَ | فَاِنَّهُمْ | يَوْمَئِذٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بات | ہمارے رب کی | بیشک ہم | چکھنے والے ہیں | تو گمراہ کیا ہم نے تم کو | بیشک | ہم تھے | گمراہ | تو وہ | اس دن |

ہمارے رب کی بات، ہم نے (عذاب) کا مزہ ضرور چکھنا ہے۔ تو ہم نے تمہیں گمراہ کیا یقیناً ہم خود گمراہ تھے۔ چنانچہ اس دن

فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ

| فِي الْعَذَابِ | مُشْتَرِكُوْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَفْعَلُ | بِالْمُجْرِمِيْنَ | اِنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب میں | شریک ہونگے | بیشک ہم | اسی طرح | کرتے ہیں | مجرموں کے ساتھ | بیشک وہ |

وہ عذاب میں باہم شریک ہوں گے۔ ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کریں گے۔ یقیناً وہ

كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا

| كَانُوْٓا | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | اللّٰهُ | يَسْتَكْبِرُوْنَ | وَيَقُوْلُوْنَ | اَئِنَّا | لَتَارِكُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے | جب | کہا جاتا | ان کو | نہیں کوئی | معبود | مگر | اللہ | تو تکبر کرتے تھے | اور کہتے تھے | کیا ہم | چھوڑنے والے ہیں |

ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کرتے تھے۔ اور کہتے تھے کیا ہم ایک شاعر دیوانے کے

اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾

| اٰلِهَتِنَا | لِشَاعِرٍ | مَّجْنُوْنٍ | بَلْ | جَآءَ | بِالْحَقِّ | وَ | صَدَّقَ | الْمُرْسَلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے معبودوں کو | شاعر کیلئے | دیوانے | بلکہ | آئے | حق لے کر | اور | تصدیق کی | رسولوں کی |

کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑ سکتے ہیں۔ بلکہ وہ تو حق لائے ہیں اور انہوں نے رسولوں کی تصدیق فرمائی۔

اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾

| اِنَّكُمْ | لَذَآئِقُوا | الْعَذَابِ | الْاَلِيْمِ | وَ | مَا | تُجْزَوْنَ | اِلَّا | مَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک تم | چکھنے والے ہو | عذاب | دردناک | اور | نہ | بدلا دیئے جاؤ گے تم | مگر | جو | تھے تم | کرتے |

یقیناً تم دردناک عذاب چکھنے والے ہو۔ اور تمہیں صرف اپنے عملوں کا ہی بدلہ دیا جائے گا۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ

| اِلَّا | عِبَادَ | اللّٰهِ | الْمُخْلَصِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | رِزْقٌ | مَّعْلُوْمٌ | فَوَاكِهُ | وَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | بندے | اللہ کے | چنے ہوئے | یہ لوگ | ان کیلئے | رزق ہے | مقرر | میوے ہیں | اور | وہ |

مگر جو اللہ تعالیٰ کے منتخب بندے ہیں۔ انہی کیلئے معلوم رزق ہے۔ (اعلیٰ درجہ کے) میوے ہیں

مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۴۴﴾ یُطَافُ

| مُّكْرَمُوْنَ | فِیْ جَنّٰتِ | النَّعِیْمِ | عَلٰی سُرُرٍ | مُّتَقٰبِلِیْنَ | یُطَافُ |
|---|---|---|---|---|---|
| عزت کیے جائیں | باغوں میں | نعمت والے | تختوں پر ہوں گے | آمنے سامنے | دور چلے گا |

اور وہ بڑے معزز ہوں گے۔ نعمت والے باغوں میں۔ تختوں پر ہوں گے آمنے سامنے۔ ان پر چیف

عَلَیْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِیْنٍ ﴿۴۵﴾ بَیْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّ

| عَلَیْهِمْ | بِكَاْسٍ | مِّنْ مَّعِیْنٍ | بَیْضَآءَ | لَذَّةٍ | لِّلشّٰرِبِیْنَ | لَا | فِیْهَا | غَوْلٌ | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | پیالے کا | شراب سے | سفید کا | لذیذ ہوگا | پینے والوں کیلئے | نہ ہوگا | اس میں | خمار | اور |

ولذیذ مشروب کا دور چلے گا۔ شفاف پینے والوں کیلئے سراسر لذت ہوگی۔ نہ اس میں کوئی ضرر یا سر کا چکرانا ہوگا

لَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِیْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ

| لَا | هُمْ | عَنْهَا | یُنْزَفُوْنَ | وَ | عِنْدَهُمْ | قٰصِرٰتُ | الطَّرْفِ | عِیْنٌ | كَاَنَّهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | ان کو | اس سے | سر درد ہوگا | اور | پاس انکے ہونگی | نیچی | نگاہ والی عورتیں | موٹی آنکھوں والی | گویا وہ |

اور نہ وہ اس سے بہکیں گے۔ اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی بڑی آنکھوں والی (بیویاں) ہوں گی۔ بڑی آنکھوں والیاں

بَیْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ

| بَیْضٌ | مَّكْنُوْنٌ | فَاَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰی | بَعْضٍ | یَّتَسَآءَلُوْنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انڈے ہیں | چھپے ہوئے | تو توجہ کرے گا | بعض ان کا | اوپر | بعض کے | سوال کرتے | کہے گا |

گویا وہ انڈے ہیں پوشیدہ رکھے ہوئے۔ تو ان میں ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر آپس میں سوال کریں گے۔ ان میں کہنے

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ كَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ﴿۵۱﴾ یَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ ﴿۵۲﴾

| قَآئِلٌ | مِّنْهُمْ | اِنِّیْ | كَانَ | لِیْ | قَرِیْنٌ | یَّقُوْلُ | اَئِنَّكَ | لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک کہنے والا | ان میں سے | بیشک | تھا | میرا | ایک ساتھی | کہتا تھا | کیا تو | سچ مانتا ہے |

والا کہے گا میرا ایک ساتھی تھا۔ جو کہتا تھا کہ کیا تو تصدیق کرنے والوں میں سے ہے؟

ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيۡنُوۡنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلۡ اَنۡتُمۡ

| ءَاِذَا | مِتۡنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | ءَاِنَّا | لَمَدِيۡنُوۡنَ | قَالَ | هَلۡ | اَنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا جب | ہم مرجائینگے | اور | ہوجائینگے | مٹی | اور | ہڈیاں | کیا ہم | بدلہ دیے جائینگے | کہے گا | کیا | تم |

کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہوکر رہ جائیں گے کیا ہم ضرور بدلہ پائیں گے؟ وہ کہے گا کیا تم جھانک کر (اسے)

مُّطَّلِعُوۡنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِىۡ سَوَآءِ الۡجَحِيۡمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنۡ كِدۡتَّ

| مُّطَّلِعُوۡنَ | فَاطَّلَعَ | فَرَاٰهُ | فِىۡ سَوَآءِ | الۡجَحِيۡمِ | قَالَ | تَاللّٰهِ | اِنۡ | كِدۡتَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھانکنے والے ہو | تو جھانکے گا | تو دیکھے گا اسکو | درمیان میں | دوزخ کے | کہے گا | خدا کی قسم | بیشک | قریب تھا توکہ |

دیکھو گے؟ پھر جھانکا تو اسے بھڑکتی آگ کے بیچ میں دیکھا۔ کہا خدا کی قسم قریب تھا کہ تو

لَتُرۡدِيۡنِ ﴿۵۶﴾ وَلَوۡلَا نِعۡمَةُ رَبِّىۡ لَكُنۡتُ مِنَ الۡمُحۡضَرِيۡنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحۡنُ

| لَتُرۡدِيۡنِ | وَ | لَوۡ | لَا | نِعۡمَةُ | رَبِّىۡ | لَكُنۡتُ | مِنَ الۡمُحۡضَرِيۡنَ | اَفَمَا | نَحۡنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہلاک کرتا مجھ کو | اور | اگر | نہ | احسان ہوتا | میرے رب کا | تو ہوتا میں | حاضر کیے ہوؤں سے | کیا پھر نہیں | ہم |

مجھے ہلاک کردے۔ اور اگر میرے رب کی مہربانی نہ ہوتی تو میں بھی ان میں ہوتا جو حاضر کئے گئے ہیں۔ تو کیا اب ہم نہیں

بِمَيِّتِيۡنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوۡتَتَنَا الۡاُوۡلٰى وَمَا نَحۡنُ بِمُعَذَّبِيۡنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

| بِمَيِّتِيۡنَ | اِلَّا | مَوۡتَتَنَا | الۡاُوۡلٰى | وَ | مَا | نَحۡنُ | بِمُعَذَّبِيۡنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرنے والے | مگر | موت ہماری | پہلی | اور | نہیں | ہم | سزا دیے گئے | بیشک | یہ | البتہ ہے |

مریں گے۔ اپنی پہلی موت کے سوا؟ اور ہمیں (کبھی) عذاب نہ ہو گا؟ بے شک ضرور یہی

الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثۡلِ هٰذَا فَلۡيَعۡمَلِ الۡعٰمِلُوۡنَ ﴿۶۱﴾ اَذٰلِكَ خَيۡرٌ نُّزُلًا

| الۡفَوۡزُ | الۡعَظِيۡمُ | لِمِثۡلِ هٰذَا | فَلۡيَعۡمَلِ | الۡعٰمِلُوۡنَ | اَذٰلِكَ | خَيۡرٌ | نُّزُلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کامیابی | بڑی | مثل اس کی | چاہیے کہ عمل کریں | عمل کرنیوالے | کیا یہ | بہتر ہے | مہمانی |

بڑی کامیابی ہے۔ ایسے ہی نیک اعمال کرنے والوں کو نیک اعمال کرنے چاہیں۔ تو یہ مہمانی اچھی ہے

أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْ | شَجَرَةُ | الزَّقُّوْمِ | اِنَّا | جَعَلْنٰهَا | فِتْنَةً | لِّلظّٰلِمِيْنَ | اِنَّهَا | شَجَرَةٌ |
| یا | درخت | تھوہر کا | بیشک ہم نے | بنایا اس کو | آزمائش | ظالموں کیلئے | بیشک وہ | درخت ہے |

یا تھوہر کا درخت۔ ہم نے اسے ظالموں کیلئے ایک فتنہ و عذاب بنایا ہے۔ وہ ایک درخت ہے

تَخْرُجُ فِيْٓ أَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَخْرُجُ | فِيْٓ اَصْلِ | الْجَحِيْمِ | طَلْعُهَا | كَاَنَّهٗ | رُءُوْسُ | الشَّيٰطِيْنِ |
| نکلتا ہے | جڑ میں | دوزخ کے | اس کے پھل | گویا کہ وہ | سر ہیں | شیطانوں کے |

جو دوزخ کی تہ سے نکلتا ہے۔ اس کے شگوفے ایسے ہیں جیسے شیطانوں کے سر۔

فَإِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّهُمْ | لَاٰكِلُوْنَ | مِنْهَا | فَمَالِـُٔوْنَ | مِنْهَا | الْبُطُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّ | لَهُمْ | عَلَيْهَا | لَشَوْبًا |
| بیشک وہ | کھانیوالے ہیں | اس سے | تو بھرنیوالے ہیں | اس سے | پیٹ | پھر | بیشک | ان کیلئے | اس پر | البتہ موئی ہے |

پس بے شک وہ اس سے کھائیں گے پھر اس سے پیٹ بھریں گے۔ پھر بے شک ان کیلئے اس پر کھولتے

مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ حَمِيْمٍ | ثُمَّ | اِنَّ | مَرْجِعَهُمْ | لَاِلَى | الْجَحِيْمِ | اِنَّهُمْ | اَلْفَوْا | اٰبَآءَهُمْ |
| کھولتے پانی کی | پھر | بیشک | ان کا لوٹنا ہے | طرف | دوزخ کی | بیشک انہوں نے | پایا | باپوں اپنے کو |

پانی کی آمیزش ہے۔ پھر انکی بازگشت ضرور بھڑکتی آگ کیطرف ہے۔ انہوں نے اپنے باپ دادا کو

ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَآلِّيْنَ | فَهُمْ | عَلٰٓى | اٰثٰرِهِمْ | يُهْرَعُوْنَ | وَ | لَقَدْ | ضَلَّ | قَبْلَهُمْ | اَكْثَرُ |
| گمراہ | تو وہ | اوپر | قدموں انکے کے | دوڑتے ہیں | اور | بیشک | گمراہ ہوئے | ان سے پہلے | اکثر |

گمراہ پایا۔ اور اب ان ہی کے آثار قدم پر اندھا دھند بھاگے جا رہے ہیں۔ اور بیشک ان سے قبل اکثر پہلے

اَلْاَوَّلِیْنَ ﴿۷۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِیْهِمْ مُّنْذِرِیْنَ ﴿۷۲﴾ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَوَّلِیْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | فِیْهِمْ | مُّنْذِرِیْنَ | فَانْظُرْ | كَیْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| پہلے لوگ | اور | بیشک | بھیجے ہم نے | ان میں | ڈرانے والے | تو دیکھو | کیسا ہوا | ہوا | انجام |

لوگ گمراہ ہو گئے۔ اور یقیناً ہم نے ان میں ڈر سنانے والے (رسول) بھیجے۔ تو دیکھو ڈرائے جانے والوں کا

الْمُنْذَرِیْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُنْذَرِیْنَ | اِلَّا | عِبَادَ | اللّٰهِ | الْمُخْلَصِیْنَ | وَ | لَقَدْ | نَادٰىنَا | نُوْحٌ | فَلَنِعْمَ |
| ڈرائے ہوؤں کا | مگر | بندے | اللہ کے | خالص | اور | بیشک | پکارا ہم کو | نوح نے | تو ہم کیا ہی اچھے ہیں |

کیسا انجام ہوا۔ مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے۔ اور نوح علیہ السلام نے ہمیں پکارا پھر ہم کتنے اچھے

الْمُجِیْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّیْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِیْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُجِیْبُوْنَ | وَ | نَجَّیْنٰهُ | وَ | اَهْلَهٗ | مِنَ الْكَرْبِ | الْعَظِیْمِ | وَجَعَلْنَا |
| قبول فرمانیوالے | اور | نجات دی ہم نے اسکو | اور | اسکے گھر والوں کو | سختی سے | بڑی | اور بنایا ہم نے |

جواب دینے والے ہیں۔ اور ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو بڑی گھبراہٹ سے بچا لیا۔ اور ہم نے ان کی

ذُرِّیَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِیْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذُرِّیَّتَهٗ | هُمُ | الْبٰقِیْنَ | وَتَرَكْنَا | عَلَیْهِ | فِی | الْاٰخِرِیْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰی | نُوْحٍ | فِی |
| اسکی اولاد کو | وہی | باقی رہنے والے | اور چھوڑا ہم نے | اس پر | میں | پچھلوں کے | سلام ہو | اوپر | نوح کے | میں |

اولاد ہی کو باقی رکھا۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان کا ذکر خیر چھوڑا۔ سلام ہیں نوح علیہ السلام پر

الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۱﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلَمِیْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِی | الْمُحْسِنِیْنَ | اِنَّهٗ | مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ |
| جہانوں کے | بیشک ہم | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں | نیکوں کو | بیشک وہ | ہمارے مومن بندوں میں سے ہے |

جہاں والوں میں۔ بے شک ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیک لوگوں کو۔ وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہے۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾ وَ اِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾ اِذْ جَآءَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اَغْرَقْنَا | الْاٰخَرِيْنَ | وَ | اِنَّ | مِنْ شِيْعَتِهٖ | لَاِبْرٰهِيْمَ | اِذْ | جَآءَ | رَبَّهٗ |
| پھر | ہم نے غرق کیا | پچھلوں کو | اور | پھر | اس گروہ سے | ابراہیم ہے | جب | لایا | اپنے رب کے پاس |

پھر ہم نے باقی دوسروں کو ڈبو دیا۔ اور بے شک ابراہیم علیہ السلام اسی پیغمبروں کے گروہ میں سے ہیں۔ جب وہ نہایت

رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٨٥﴾ ج

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِقَلْبٍ | سَلِيْمٍ | اِذْ | قَالَ | لِاَبِيْهِ | وَقَوْمِهٖ | مَاذَا | تَعْبُدُوْنَ |
| دل | سلامتی والا | جب | فرمایا | اپنے باپ کو | اور اپنی قوم کو | کیا | پوجتے ہو تم |

پاکیزہ دل کے ساتھ اپنے رب کے حضور حاضر ہوئے۔ جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے فرمایا تم کیا پوجتے ہو۔

اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿٨٦﴾ ط فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَئِفْكًا | اٰلِهَةً | دُوْنَ | اللّٰهِ | تُرِيْدُوْنَ | فَمَا | ظَنُّكُمْ | بِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | فَنَظَرَ |
| کیا جھوٹے | خدا | سوا | اللہ کے | چاہتے ہو | تو کیا | خیال ہے تمہارا | رب | جہانوں کے متعلق | تو دیکھا اس نے |

کیا بہتان باندھ کر اللہ کے سوا اور خدا چاہتے ہو۔ پھر تمہارا رب کائنات کے متعلق کیا خیال ہے؟ پھر اس نے

نَظْرَةً فِى النُّجُوْمِ ﴿٨٨﴾ لا فَقَالَ اِنِّىْ سَقِيْمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿٩٠﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَظْرَةً | فِى النُّجُوْمِ | فَقَالَ | اِنِّىْ | سَقِيْمٌ | فَتَوَلَّوْا | عَنْهُ | مُدْبِرِيْنَ |
| ایک بار | ستاروں میں | تو کہا | بیشک میں | بیمار ہوں | تو پھر گئے | اس سے | پیٹھ دے کر |

ستاروں پر ایک نگاہ ڈالی۔ تو فرمایا بے شک میں بیمار ہونے والا ہوں۔ تو وہ ان سے پیٹھ پھیر کر چلے گئے۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٩١﴾ ج مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿٩٢﴾ فَرَاغَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرَاغَ | اِلٰٓى | اٰلِهَتِهِمْ | فَقَالَ | اَلَا | تَاْكُلُوْنَ | مَا | لَكُمْ | لَا | تَنْطِقُوْنَ | فَرَاغَ |
| تو چلا | طرف | انکے معبودوں کے | تو کہا | کیوں نہیں | تم کھاتے | کیا ہے | تم کو | نہیں | بولتے تم | مائل ہوا |

پھر ان کے خداؤں کی طرف چھپ کر چلے تو فرمایا تم کیوں نہیں کھاتے ہو۔ تمہیں کیا ہوا کہ نہیں بولتے۔ پھر وہ

عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْۤا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا

| عَلَيْهِمْ | ضَرْبًا | بِالْيَمِيْنِ | فَاَقْبَلُوْۤا | اِلَيْهِ | يَزِفُّوْنَ | قَالَ | اَتَعْبُدُوْنَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | مارتے ہوئے | دائیں ہاتھ سے | تو آئے | اسکی طرف | دوڑتے | فرمایا | کیا پوجتے ہو | جو کچھ |

داہنے ہاتھ سے انہیں ضربیں لگانے لگے۔ تب وہ ان کے پاس بھاگے ہوئے آئے۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کیا تم ان بتوں کو

تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ

| تَنْحِتُوْنَ | وَ | اللّٰهُ | خَلَقَكُمْ | وَ | مَا | تَعْمَلُوْنَ | قَالُوا | ابْنُوْا | لَهٗ | بُنْيَانًا | فَاَلْقُوْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تراشتے ہو تم | اور | اللہ نے | پیدا کیا تم کو | اور | جو | تم کرتے ہو | بولے | بناؤ | اس کیلئے | ایک عمارت | تو ڈالو اسکو |

پوجتے ہو جنہیں خود تراشتے ہو۔ حالانکہ تمہیں اور تمہارے سب کاموں کو اللہ ہی نے پیدا فرمایا۔ بولے اس کیلئے ایک عمارت بناؤ

فِي الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَقَالَ اِنِّيْ

| فِي الْجَحِيْمِ | فَاَرَادُوْا | بِهٖ | كَيْدًا | فَجَعَلْنٰهُمُ | الْاَسْفَلِيْنَ | وَ | قَالَ | اِنِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھڑکتی آگ میں | تو چاہا انہوں نے | اسکے ساتھ | تدبیر کرنا | کر دیا ہم نے ان کو | ذلیل | اور | کہا | بیشک میں |

پھر اسے بھڑکتی آگ میں ڈال دو۔ تو انہوں نے ان کے خلاف ایک چال چلنا چاہی ہم نے انہیں نیچا دکھا دیا۔ اور فرمایا میں اپنے

ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

| ذَاهِبٌ | اِلٰى | رَبِّيْ | سَيَهْدِيْنِ | رَبِّ | هَبْ | لِيْ | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانے والا ہوں | طرف | اپنے رب کی | وہ جلدی مجھ کو راہ دکھائے گا | اے میرے رب | عنایت کر | مجھ کو | نیک لڑکا |

رب کی طرف جا رہا ہوں وہ مجھے راہ دکھائے گا۔ اے میرے رب! مجھے ایک صالح (بچہ) عطا فرما۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْۤ اَرٰى

| فَبَشَّرْنٰهُ | بِغُلٰمٍ | حَلِيْمٍ | فَلَمَّا | بَلَغَ | مَعَهُ | السَّعْيَ | قَالَ | يٰبُنَيَّ | اِنِّيْۤ | اَرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہم نے بشارت دی اسے | لڑکے کی | بردبار | تو جب | پہنچا | اسکے ساتھ | بھاگ دوڑ کو | کہا | اے میرے بیٹے | بیشک میں نے | دیکھا ہے |

تو ہم نے انہیں حلم والے لڑکے کی بشارت دی۔ تو جب وہ (صاحبزادے) ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ چلنے پھرنے کی عمر کو پہنچے فرمایا

فِى الْمَنَامِ اَنِّىْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ز

| فِى الْمَنَامِ | اَنِّىْٓ | اَذْبَحُكَ | فَانْظُرْ | مَاذَا | تَرٰى | قَالَ | يٰٓاَبَتِ | افْعَلْ | مَا | تُؤْمَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خواب میں | کہ میں | تجھے ذبح کرتا ہوں | تو تو دیکھ | کیا | خیال ہے | بولا | اے میرے باپ | کر | جو | حکم دیا جائے تو |

اے میرے بیٹے! بے شک میں نے خواب میں دیکھا کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں تو (اب) تم غور کرو تمہاری کیا رائے ہے (بیٹے نے) عرض کی اے

سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ

| سَتَجِدُنِىْٓ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مِنَ الصّٰبِرِيْنَ | فَلَمَّآ | اَسْلَمَا | وَ | تَلَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی پائیگا مجھے | اگر | چاہے | اللہ | صابروں سے | تو جب | فرمانبردار ہو گئے | اور | لٹایا اسکو |

میرے باپ جان! آپ کیجئے وہ کام جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے انشاء اللہ عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔ تو جب ان دونوں

لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ج وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾لا قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ج اِنَّا كَذٰلِكَ

| لِلْجَبِيْنِ | وَ | نَادَيْنٰهُ | اَنْ | يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ | قَدْ | صَدَّقْتَ | الرُّءْيَا | اِنَّا | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیشانی کے بل | اور | آواز دی ہم نے اسکو | یہ کہ | اے ابراہیم | بیشک | تو نے سچ کر دکھایا | خواب کو | بیشک ہم | اس طرح |

نے ہمارے حکم پر گردن جھکا دی اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹایا۔ اور ہم نے ندا فرمائی کہ اے ابراہیم علیہ السلام۔ تو نے خواب سچ کر

نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ

| نَجْزِى | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ | الْبَلٰٓؤُا | الْمُبِيْنُ | وَ | فَدَيْنٰهُ | بِذِبْحٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ دیتے ہیں | نیکوں کو | بیشک | یہ | وہ ہے | امتحان | کھلا | اور | فدیہ ہم نے اسکا دیا | قربانی |

دکھایا نیکی کرنے والوں کو ہم اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہی تو کھلی آزمائش تھی۔ اور ہم نے بہت بڑی قربانی ان کے

عَظِيْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ۖ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾

| عَظِيْمٍ | وَ | تَرَكْنَا | عَلَيْهِ | فِى | الْاٰخِرِيْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰٓى | اِبْرٰهِيْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑی سے | اور | چھوڑا ہم نے | اس پر | میں | پچھلوں | سلام ہو | اوپر | ابراہیم کے |

فدیہ میں دے دی۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان کا ذکر جمیل باقی رکھا۔ سلام ہو ابراہیم پر۔

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

| كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّهٗ | مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|
| ایسا ہی | بدلہ دیتے ہیں ہم | نیکوں کو | بیشک وہ | ہمارے مومن بندوں میں سے ہے |

ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیک لوگوں کو۔ بے شک وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہے۔

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

| وَ | بَشَّرْنٰهُ | بِاِسْحٰقَ | نَبِيًّا | مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ | وَبٰرَكْنَا | عَلَيْهِ | وَ | عَلٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | خوشخبری دی ہم نے اسکو | اسحاق کی | وہ غیب کی خبریں بتانیوالے نبی | نیک لوگوں میں سے | اور برکت دی ہم نے | اسے | اور | اوپر |

اور ہم نے انہیں ایک غیب کی خبریں بتانے والے نبی اسحاق علیہ السلام کی بشارت دی۔ اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام پر بہت

اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ع وَلَقَدْ ۳ ع ۹ ۷

| اِسْحٰقَ | وَ | مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا | مُحْسِنٌ | وَّ | ظَالِمٌ | لِّنَفْسِهٖ | مُبِيْنٌ | وَ | لَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسحاق کے | اور | ان کی اولاد سے | کچھ نیک ہیں | اور | کچھ ظالم | اپنی جان کے | کھلے | اور | بیشک |

برکتیں فرمائیں اور ان کی اولاد میں سے کچھ نیک لوگ ہیں اور کچھ اپنی جانوں پر کھلا ظلم کرنے والے۔ اور بے شک ہم نے

مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ج وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ

| مَنَنَّا | عَلٰى | مُوْسٰى | وَ | هٰرُوْنَ | وَ | نَجَّيْنٰهُمَا | وَ | قَوْمَهُمَا | مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے احسان فرمایا | اوپر | موسیٰ | اور | ہارون کے | اور | نجات دی ہم نے انکو | اور | ان کی قوم کو | بڑی مصیبت سے |

احسان فرمایا موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر۔ اور انہیں اور ان کی قوم کو بڑی تکلیف سے

الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ج وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ج وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ

| وَ | نَصَرْنٰهُمْ | فَكَانُوْا | هُمُ | الْغٰلِبِيْنَ | وَ | اٰتَيْنٰهُمَا | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہم نے انکی مدد کی | تو ہوئے | وہی | غالب | اور | عطا فرمائی ہم نے انکو | کتاب |

نجات بخشی۔ اور ان کی ہم نے مدد فرمائی تو وہی غالب ہوئے۔ اور انہیں روشن

الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي

| الْمُسْتَبِيْنَ | وَهَدَيْنٰهُمَا | الصِّرَاطَ | الْمُسْتَقِيْمَ | وَ | تَرَكْنَا | عَلَيْهِمَا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روشن | اور دکھائی ہم نے انکو | راہ | سیدھی | اور | چھوڑا ہم نے | ان پر | میں |

کتاب دی۔ اور سیدھے راستے کی طرف ان کی رہنمائی کی۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان دونوں کا

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

| الْاٰخِرِيْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰى | مُوْسٰى | وَ | هٰرُوْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پچھلوں | سلام ہو | اوپر | موسیٰ | اور | ہارون کے | بیشک ہم | اسی طرح | بدلا دیتے ہیں |

ذکر خیر چھوڑا۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر سلام ہو۔ بے شک ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ

| الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّهُمَا | مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ | وَاِنَّ | اِلْيَاسَ | لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| نیکوں کو | بیشک وہ دونوں | ہمارے مومن بندوں میں سے ہیں | اور بیشک | الیاس | پیغمبروں میں سے ہیں |

نیکی کرنے والوں کو بے شک وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور الیاس علیہ السلام بھی

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ

| اِذْ | قَالَ | لِقَوْمِهٖ | اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اَتَدْعُوْنَ | بَعْلًا | وَ | تَذَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | فرمایا | اپنی قوم کو | کیا نہیں | ڈرتے تم | کیا پکارتے ہو | بعل کو | اور | چھوڑتے ہو |

پیغمبروں میں سے تھے۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ کیا بعل (نامی بت) کی عبادت کرتے ہو

اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ

| اَحْسَنَ | الْخٰلِقِيْنَ | اللّٰهَ | رَبَّكُمْ | وَ | رَبَّ | اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ | فَكَذَّبُوْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہترین | پیدا کرنے والے | اللہ کو | رب ہے تمہارا | اور | رب ہے | تمہارے پہلے باپ دادا کا | تو جھٹلایا اسکو |

اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑتے ہو۔ اللہ کو جو تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا تو وہ

فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّهُمْ | لَمُحْضَرُوْنَ | اِلَّا | عِبَادَ | اللّٰهِ | الْمُخْلَصِيْنَ | وَ | تَرَكْنَا | عَلَيْهِ |
| تو وہی ہوئے | حاضر کیے گئے | مگر | بندے | اللہ کے | چنے ہوئے | اور | چھوڑا ہم نے | اس پر |

ضرور حاضر کر دیے جائیں گے۔ سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندے کے۔ اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي | الْاٰخِرِيْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰٓى | اِلْ يَاسِيْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِي |
| میں | پچھلوں | سلام ہو | اوپر | الیاس کے | بیشک ہم | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں |

ان کیلئے اس کی تعریف چھوڑ دی۔ الیاس پر سلام ہو۔ بے شک ہم نیکی کرنے والوں کو اسیطرح

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّهٗ | مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | لُوْطًا | لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ |
| نیکوں کو | بیشک وہ | ہمارے مومن بندوں سے ہے | اور | بیشک | لوط | پیغمبروں میں سے ہے |

جزا دیتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے (کامل) ایمان والے بندوں میں سے ہیں۔ اور بے شک لوط علیہ السلام پیغمبروں میں سے ہے

اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | نَجَّيْنٰهُ | وَ | اَهْلَهٗ | اَجْمَعِيْنَ | اِلَّا | عَجُوْزًا | فِي الْغٰبِرِيْنَ |
| جب | نجات دی ہم نے اسکو | اور | اسکے گھر والوں کو | سب کو | مگر | ایک بڑھیا | پچھلوں میں |

جب کہ ہم نے انہیں اور ان کے سب گھر والوں کو نجات بخشی۔ سوائے پیچھے رہنے والوں

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿١٣٧﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | دَمَّرْنَا | الْاٰخَرِيْنَ | وَ | اِنَّكُمْ | لَتَمُرُّوْنَ | عَلَيْهِمْ | مُّصْبِحِيْنَ |
| پھر | ہلاک کیا ہم نے | دوسروں کو | اور | بیشک تم | گزرتے ہو | ان پر | صبح |

میں ایک بڑھیا کے۔ پھر دوسروں کو برباد کر دیا۔ اور (اے اہل مکہ) بے شک تم ان (کی بستیوں

وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ ع وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ ط

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بِالَّيْلِ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | وَاِنَّ | يُوْنُسَ | لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ |
| اور | شام | کیا پھر نہیں | عقل رکھتے تم | اور بیشک | یونس | پیغمبروں میں سے ہیں |

سے صبح کو گزرتے ہو۔ اور رات کو (بھی) تو کیا تم نہیں سمجھتے؟ اور بے شک یونس بھی پیغمبروں میں سے ہے۔

اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ لا فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ ج

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | اَبَقَ | اِلَى | الْفُلْكِ | الْمَشْحُوْنِ | فَسَاهَمَ | فَكَانَ | مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ |
| جب | گیا | طرف | کشتی | بھری ہوئی کے | تو قرعہ ڈالا | تو ہو گیا | دھکیلے ہوؤں سے |

جب کہ بھری کشتی کی طرف نکل گئے۔ پھر قرعہ ڈلوایا تو وہ مات کھانے والوں میں تھے۔

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَالْتَقَمَهُ | الْحُوْتُ | وَ | هُوَ | مُلِيْمٌ | فَلَوْ | لَآ | اَنَّهٗ | كَانَ | مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ |
| تو نگل گئی اسے | مچھلی | اور | وہ تھا | ملامت کیا گیا | پھر اگر | نہ | ہوتا | وہ | تسبیح کرنے والوں سے |

پھر مچھلی نے ان کو لقمہ بنا لیا اور اپنے تئیں ملامت کر رہے تھے۔ تو اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے۔

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ ج نصف فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَلَبِثَ | فِيْ بَطْنِهٖ | اِلٰى يَوْمِ | يُبْعَثُوْنَ | فَنَبَذْنٰهُ | بِالْعَرَآءِ | وَ |
| تو ٹھہرتا | اس کے پیٹ میں | دن تک | اٹھائے جائیں | تو ڈال دیا ہم نے اسکو | میدان میں | اور |

تو ضرور اس مچھلی کے پیٹ میں رہتے اس دن تک جس میں لوگ اٹھائے جائیں گے۔ پھر ہم نے انہیں چٹیل میدان پر ڈال دیا

هُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ ج وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ ج وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | سَقِيْمٌ | وَ | اَنْۢبَتْنَا | عَلَيْهِ | شَجَرَةً | مِّنْ يَّقْطِيْنٍ | وَ | اَرْسَلْنٰهُ | اِلٰى |
| وہ | بیمار تھا | اور | اگایا ہم نے | اس پر | درخت | کدو کا | اور | بھیجا ہم نے اسکو | طرف |

اور وہ بیمار تھے۔ اور ہم نے اس پر کدو کا پیڑ اگایا۔ اور اسے ایک لاکھ

مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿١٤٧﴾ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِائَةِ اَلْفٍ | اَوْ | يَزِيْدُوْنَ | فَاٰمَنُوْا | فَمَتَّعْنٰهُمْ | اِلٰى حِيْنٍ | فَاسْتَفْتِهِمْ |
| ایک لاکھ کے | یا | وہ زیادہ تھے | تو ایمان لائے | تو ہم نے فائدہ دیا | ایک وقت تک | تو پوچھ ان سے |

یا زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا۔ چنانچہ وہ ایمان لے آئے اور ہم نے انہیں ایک وقت تک سازوسامان دیا۔ تو ان سے پوچھئے

اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿١٤٩﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِرَبِّكَ | الْبَنَاتُ | وَ | لَهُمُ | الْبَنُوْنَ | اَمْ | خَلَقْنَا | الْمَلٰٓئِكَةَ | اِنَاثًا | وَّ | هُمْ |
| کیا تمہارے رب کیلئے | بیٹیاں ہیں | اور | ان کیلئے | بیٹے | یا | پیدا کیا ہم نے | فرشتوں کو | عورتیں | اور | وہ |

کیا تمہارے رب کیلئے بیٹیاں ہیں؟ اور ان کیلئے بیٹے؟ کیا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا اور وہ

شٰهِدُوْنَ ﴿١٥٠﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شٰهِدُوْنَ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | مِّنْ اِفْكِهِمْ | لَيَقُوْلُوْنَ | وَلَدَ اللّٰهُ | وَ | اِنَّهُمْ |
| موجود تھے | خبردار | بیشک وہ | اپنے بہتان سے | کہتے ہیں | اولاد ہے اللہ کی | اور | بیشک وہ |

اس وقت حاضر تھے؟ سنتے ہو بے شک وہ اپنے بہتان سے کہتے ہیں کہ اللہ کی اولاد ہے اور بیشک

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ كَيْفَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكٰذِبُوْنَ | اَصْطَفَى | الْبَنَاتِ | عَلَى | الْبَنِيْنَ | مَا لَكُمْ | كَيْفَ |
| جھوٹے ہیں | کیا پسند کیا اس نے | بیٹوں کو | اوپر | بیٹوں کے | کیا ہے تم کو | کیسے |

ضرور وہ جھوٹے ہیں۔ کیا اس نے بیٹوں کے مقابلے میں بیٹیوں کو چن لیا ہے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے

تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْكُمُوْنَ | اَفَلَا | تَذَكَّرُوْنَ | اَمْ | لَكُمْ | سُلْطٰنٌ | مُّبِيْنٌ | فَاْتُوْا | بِكِتٰبِكُمْ |
| حکم کرتے ہو | کیا نہیں | نصیحت پکڑتے | یا | تمہارے پاس | سند ہے | کھلی | تو لاؤ | اپنی کتاب |

تم کس طرح کا فیصلہ کرتے ہو؟ تو کیا تم فکر سے کام نہیں لیتے؟ کیا تمہارے پاس کوئی روشن دلیل ہے؟ تو اپنی کتاب

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ

| إِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَ | جَعَلُوْا | بَيْنَهٗ | وَبَيْنَ | الْجِنَّةِ | نَسَبًا | وَ | لَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | ہو تم | سچے | اور | بنایا انہوں نے | اسکے درمیان | اور درمیان | جنوں کے | رشتہ | اور | بیشک |

لاؤ اگر سچے ہو۔ اور اس میں اور جنوں میں رشتہ ٹھہرایا اور بے شک جنوں و معلوم ہے

عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

| عَلِمَتِ | الْجِنَّةُ | اِنَّهُمْ | لَمُحْضَرُوْنَ | سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | عَمَّا | يَصِفُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جان لیا | جنوں نے | کہ وہ | حاضر کیے جائینگے | پاک ہے | اللہ | اس سے جو | بیان کرتے ہیں |

کہ وہ ضرور حاضر کیے جائیں گے۔ پاک ہے اللہ ان باتوں سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ

| اِلَّا | عِبَادَ | اللّٰهِ | الْمُخْلَصِيْنَ | فَاِنَّكُمْ | وَ | مَا | تَعْبُدُوْنَ | مَآ | اَنْتُمْ | عَلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | بندے | اللہ کے | چنے ہوئے | تو تم | اور | جو کچھ | تم پوجا کرتے ہو | نہیں | تم | اس کو |

سوائے اس کے چنے ہوئے بندوں کے۔ تو بے شک تم اور جن کی (اللہ کے سوا) تم عبادت کرتے ہو۔ اللہ کے خلاف تم کسی

بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ

| بِفٰتِنِيْنَ | اِلَّا | مَنْ | هُوَ | صَالِ | الْجَحِيْمِ | وَ | مَا | مِنَّآ | اِلَّا | لَهٗ | مَقَامٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ کرنیوالے | مگر | اسے کہ | وہ | داخل ہونے والا ہے | جہنم میں | اور | نہیں | کوئی بھی | مگر | اس کیلئے | مقام ہے |

کو گمراہ کرنے والے نہیں۔ مگر اسے جو بھڑکتی ہوئی آگ میں جانے والا ہے۔ اور فرشتے کہتے ہیں ہم میں ہر ایک کا ایک مقام

مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنْ

| مَّعْلُوْمٌ | وَّ | اِنَّا | لَنَحْنُ | الصَّآفُّوْنَ | وَ | اِنَّا | لَنَحْنُ | الْمُسَبِّحُوْنَ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقرر | اور | بیشک | ہم | صف باندھے ہیں | اور | بیشک | ہم | تسبیح کرنیوالے ہیں | اور | بیشک |

معلوم ہے۔ اور ہم صف باندھے ہوئے ہیں۔ اور ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔ اور یقیناً

كَانُوۡا لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوۡ اَنَّ عِنۡدَنَا ذِكۡرًا مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ

| كَانُوۡا | لَيَقُوۡلُوۡنَ | لَوۡ | اَنَّ | عِنۡدَنَا | ذِكۡرًا | مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ | لَكُنَّا | عِبَادَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے | کہتے | اگر | بیشک | ہمارے پاس ہوتا | ذکر | پہلوں کے | تو ہوتے ہم | بندے | اللہ کے |

وہ (دورِ جاہلیت میں) ضرور کہا کرتے تھے۔ اگر ہمارے پاس پہلے لوگوں کی کوئی نصیحت ہوتی۔ تو ضرور ہم اللہ کے چنے

الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوۡا بِهٖ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۷۰﴾ وَلَقَدۡ سَبَقَتۡ كَلِمَتُنَا

| الۡمُخۡلَصِيۡنَ | فَكَفَرُوۡا | بِهٖ | فَسَوۡفَ | يَعۡلَمُوۡنَ | وَ | لَقَدۡ | سَبَقَتۡ | كَلِمَتُنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چنے ہوئے | تو کفر کیا انہوں نے | اسکے ساتھ | تو جلدی | جانیں گے | اور | بیشک | گزر چکی | ہماری بات |

اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں زبردست دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ فرما دیجئے: میں اللہ ہی کی

اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ⑭ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ

| اَعْبُدُ | مُخْلِصًا | لَّهٗ | دِيْنِيْ | فَاعْبُدُوْا | مَا | شِئْتُمْ | مِّنْ دُوْنِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں عبادت کرتا ہوں | خالص کر کے | اس کیلئے | اپنی عبادت | تو تم عبادت کرو | جس کی | تم چاہو | اس کے سوا |

عبادت کرتا ہوں اپنے دین کو اسی کے لیے خالص رکھتے ہوئے۔ اب تم اس کے سوا جس کی چاہو عبادت کرو

قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

| قُلْ | اِنَّ | الْخٰسِرِيْنَ | الَّذِيْنَ | خَسِرُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| فرمادیں | بیشک | خسارہ والے | وہ ہیں جنہوں نے | خسارہ دیا | اپنی جانوں کو |

فرما دیجئے نقصان اٹھانے والے وہ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو

وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ⑮

| وَ | اَهْلِيْهِمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اَلَا | ذٰلِكَ | هُوَ | الْخُسْرَانُ | الْمُبِيْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اپنے گھروالوں کو | دن | قیامت کے | خبردار | یہ ہے | وہ | خسارہ | کھلا |

اور اپنے گھر والوں کو روزِ قیامت کو نقصان میں ڈالا سنو! یہی کھلا نقصان ہے

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ

| لَهُمْ | مِّنْ فَوْقِهِمْ | ظُلَلٌ | مِّنَ النَّارِ | وَ | مِنْ تَحْتِهِمْ | ظُلَلٌ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کیلئے | ان کے اوپر | پہاڑ ہیں | آگ کے | اور | ان کے نیچے | پہاڑ ہیں | یہ جس سے |

ان کیلئے ان کے اوپر آگ کے سائے ہوں گے اور ان کے نیچے بھی سائے اس بات سے

يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا

| يُخَوِّفُ | اللّٰهُ | بِهٖ | عِبَادَهٗ | يٰعِبَادِ | فَاتَّقُوْنِ | وَ | الَّذِيْنَ | اجْتَنَبُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈراتا ہے | اللہ | اس سے | اپنے بندوں کو | اے میرے بندو | مجھ سے ڈرو | اور | وہ جو | بچے |

اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے پس اے میرے بندو! مجھ سے ڈرو۔ اور جو لوگ

الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ

| الطَّاغُوْتَ | اَنْ | يَّعْبُدُوْهَا | وَاَنَابُوْٓا | اِلَى | اللّٰهِ | لَهُمُ | الْبُشْرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بتوں سے | یہ کہ | پوجیں ان کو | اور رجوع کیا | طرف | اللہ کی | ان کے لیے | خوشخبری ہے |

بتوں کی عبادت سے بچے رہے اور اللہ کی طرف جھکے انہی کیلئے بشارت ہے

فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ

| فَبَشِّرْ | عِبَادِ | الَّذِيْنَ | يَسْتَمِعُوْنَ | الْقَوْلَ | فَيَتَّبِعُوْنَ | اَحْسَنَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو خوشخبری دو | میرے بندوں کو | وہ جو | سنتے ہیں | بات | تو پیروی کرتے ہیں | اسکی اچھی |

تو خوشخبری سنا دیجئے میرے بندوں کو۔ جو غور سے سنتے ہیں بات کو پھر اس کے بہتر کی پیروی کرتے ہیں

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾

| اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | هَدٰىهُمُ | اللّٰهُ | وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمْ | اُولُوا | الْاَلْبَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہی | وہ لوگ ہیں کہ | ہدایت کی ان کو | اللہ نے | اور | یہی | وہ ہیں | صاحب | عقل |

وہی لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت فرمائی اور وہی عقل مند ہیں۔

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ أَفَأَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَفَمَنْ | حَقَّ | عَلَيْهِ | كَلِمَةُ | الْعَذَابِ | أَفَأَنْتَ | تُنْقِذُ | مَنْ |
| تو کیا جس پر | حق ہوئی | اس پر | بات | عذاب کی | تو کیا تو | بچائے گا | اسے جو |

تو کیا وہ جس پر عذاب کی بات ثابت ہو چکی نجات والوں کے برابر ہو جائے گا تو کیا تم ہدایت دے کر آگ کے

فِي النَّارِ ﴿۱۹﴾ لَكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي النَّارِ | لَكِنِ | الَّذِينَ | اتَّقَوْا | رَبَّهُمْ | لَهُمْ | غُرَفٌ | مِنْ | فَوْقِهَا |
| آگ میں ہے | لیکن | وہ جو | ڈرے | اپنے رب سے | ان کیلئے | بالاخانے ہیں | ان کے | اوپر بھی |

مستحق کو بچا لو گے۔ لیکن جو اپنے رب سے ڈرے ان کیلئے بالا خانے ہیں ان پر

غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۬ؕ وَعْدَ اللَّهِ ؕ لَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُرَفٌ | مَبْنِيَّةٌ | تَجْرِي | مِنْ | تَحْتِهَا | الْأَنْهَارُ | وَعْدَ | اللَّهِ | لَا |
| بالاخانے | بنے ہوئے | بہتی ہیں | ان کے | نیچے | نہریں | وعدہ ہے | اللہ کا | نہیں |

بالا خانے بنے ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں اللہ کا وعدہ ہے

يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ﴿۲۰﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُخْلِفُ | اللَّهُ | الْمِيعَادَ | أَلَمْ | تَرَ | أَنَّ | اللَّهَ | أَنْزَلَ | مِنَ السَّمَاءِ |
| خلاف کرتا | اللہ | وعدے کا | کیا نہ | دیکھا تو نے | بیشک | اللہ نے | اتارا | آسمان سے |

اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ اے انسان کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا

مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَاءً | فَسَلَكَهُ | يَنَابِيعَ | فِي الْأَرْضِ | ثُمَّ | يُخْرِجُ | بِهِ | زَرْعًا |
| پانی | تو چلایا اسے | چشموں میں | زمین میں | پھر | نکالتا ہے | اس سے | کھیتی |

پھر اسے زمین میں اس کے چشمے رواں رکھے پھر اس کے ذریعے سے کھیتی

مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّخْتَلِفًا | اَلْوَانُهٗ | ثُمَّ | يَهِيْجُ | فَتَرٰىهُ | مُصْفَرًّا | ثُمَّ | يَجْعَلُهٗ |
| مختلف ہیں | اس کے رنگ | پھر | خشک ہوتی ہے | تو دیکھے اسے | زرد رنگ ہے | پھر | کر دیتا ہے اسے |

جس کے رنگ الگ الگ ہوتے ہیں اُگاتا ہے پھر وہ پک جاتی ہے پھر تو اسے زرد دیکھتا ہے پھر وہ اسے

ع

حُطَامًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰی لِاُولِی الْاَلْبَابِ ۝۲۱ اَفَمَنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حُطَامًا | اِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | لَذِكْرٰی | لِاُولِی | الْاَلْبَابِ | اَفَمَنْ |
| ریزہ ریزہ | بیشک | اس میں | نصیحت ہے | واسطے صاحب | عقل کے | کیا جس کا |

چورا چورا کر دیتا ہے بے شک اس میں عقل والوں کیلئے ایک نصیحت ہے۔ تو کیا وہ جس کا

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرَحَ | اللّٰهُ | صَدْرَهٗ | لِلْاِسْلَامِ | فَهُوَ | عَلٰی | نُوْرٍ | مِّنْ رَّبِّهٖ | فَوَيْلٌ |
| کھول دیا | اللہ نے | سینہ اس کا | اسلام کے لیے | تو وہ | اوپر | نور کے ہے | اپنے رب کی طرف سے | تو خرابی ہے ان کیلئے |

سینہ اللہ نے فرمانبرداری کیلئے کھول دیا ہو اور وہ اپنے رب کی نور میں ہے؟ مگر افسوس ان پر

لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۲۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْقٰسِيَةِ | قُلُوْبُهُمْ | مِّنْ ذِكْرِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | فِیْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ |
| سخت ہیں | ان کے دل | ذکر | الٰہی سے | یہی ہیں | میں | گمراہی | ظاہر |

جن کے دل اللہ کی یاد کیلئے سخت ہو چکے ہیں وہ کھلی گمراہی میں ہیں۔

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ ۖ تَقْشَعِرُّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَللّٰهُ | نَزَّلَ | اَحْسَنَ | الْحَدِيْثِ | كِتٰبًا | مُّتَشَابِهًا | مَّثَانِیَ | تَقْشَعِرُّ |
| اللہ نے | اتاری | بہترین | بات | کتاب کی صورت میں | ملتی جلتی | دوہرے بیان والی | رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں |

اللہ ہی نے بہترین کلام نازل فرمایا ہے (ایسی) کتاب جس کی سب باتیں آپس میں ایک جیسی ہیں

مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ

| مِنْهُ | جُلُوْدُ | الَّذِيْنَ | يَخْشَوْنَ | رَبَّهُمْ | ثُمَّ | تَلِيْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | کھالوں کے | ان کے جو | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | پھر | نرم ہوتے ہیں |

بار بار دہرائی ہوئی اس سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں ان لوگوں کے جسموں پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں

جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى

| جُلُوْدُهُمْ | وَقُلُوْبُهُمْ | اِلٰى | ذِكْرِ | اللّٰهِ | ذٰلِكَ | هُدَى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کھالیں ان کی | اور دل | طرف | ذکر | الٰہی کے | یہ | ہدایت ہے |

پھر ان کی کھالیں اور ان کے دل نرم ہو جاتے ہیں اللہ کے ذکر کی طرف یہ اللہ کی ہدایت ہے

اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

| اللّٰهِ | يَهْدِيْ | بِهٖ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | ہدایت دیتاہے | اس کی | جسے | چاہے | اور | جسے | گمراہ کرے | اللہ | تو نہیں | اس کو |

جسے چاہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اسے کوئی

مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ

| مِنْ هَادٍ | اَفَمَنْ | يَّتَّقِيْ | بِوَجْهِهٖ | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | يَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی ہدایت دینے والا | کیا جو | بچے گا | اپنے چہرے سے | برے | عذاب سے | دن |

ہدایت دینے والا نہیں۔ تو کیا وہ شخص جو قیامت کے دن برے عذاب سے اپنے چہرے

الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

| الْقِيٰمَةِ | وَ | قِيْلَ | لِلظّٰلِمِيْنَ | ذُوْقُوْا | مَا | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | اور | فرمایا جائے گا | ظالموں کو | چکھو | جو کچھ | تم تے |

کو ڈھال بنائے گا اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ (اب اس کا مزہ)

# تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَكْسِبُوْنَ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | فَاَتٰىهُمُ |
| کماتے | جھٹلایا | ان لوگوں نے جو | ان سے پہلے تھے | تو آیا ان پر |

چکھو جو کچھ تم کماتے تھے۔ ان سے پہلوں نے جھٹلایا تو انہیں عذاب

# الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابُ | مِنْ حَيْثُ | لَا يَشْعُرُوْنَ | فَاَذَاقَهُمُ | اللّٰهُ |
| عذاب | جہاں سے | انہیں خبر نہیں تھی | تو چکھایا ان کو | اللہ نے |

آیا جہاں سے انہیں خبر نہ تھی۔ اور اللہ نے انہیں دنیا

# الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْخِزْيَ | فِي الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | لَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ |
| ذلت | زندگی میں | دنیا کی | اور | البتہ عذاب | آخرت کا |

کی زندگی میں رسوائی کا مزہ چکھایا اور بے شک آخرت کا عذاب سب

# اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْبَرُ | لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | ضَرَبْنَا | لِلنَّاسِ | فِيْ |
| بہت بڑا ہے | اگر | وہ ہوں | جانتے | اور | بیشک | بیان کی ہم نے | لوگوں کیلئے | میں |

سے بڑا ہے کیا اچھا تھا اگر وہ جانتے۔ اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں کیلئے

# هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ ج

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | الْقُرْاٰنِ | مِنْ كُلِّ | مَثَلٍ | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ |
| اس | قرآن | ہر طرح کی | مثالیں | تاکہ وہ | نصیحت پکڑیں |

ہر قسم کی مثالیں بیان کر دی ہیں تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

وقف لازم

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ

| قُرْاٰنًا | عَرَبِيًّا | غَيْرَ | ذِيْ عِوَجٍ | لَعَلَّهُمْ | يَتَّقُوْنَ | ضَرَبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قرآن ہے | عربی | نہیں اس میں | کوئی بھی | تاکہ وہ | ڈریں | بیان فرمائی |

یہ ایک عربی زبان میں نازل شدہ قرآن ہے جس میں ٹیڑھا پن نہیں تاکہ وہ ڈر جائیں۔ اللہ نے

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا

| اللّٰهُ | مَثَلًا | رَّجُلًا | فِيْهِ | شُرَكَآءُ | مُتَشٰكِسُوْنَ | وَ | رَجُلًا | سَلَمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ تعالیٰ نے | مثال | ایک آدمی کی | اس میں | شریک ہیں | کئی بدخو | اور | ایک آدمی | پورا |

ایک غلام کی مثال بیان فرمائی جس میں کئی آدمی شریک ہیں جو آپس میں سخت اختلاف رکھتے ہیں اور ایک غلام ایسا ہے

لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ

| لِرَجُلٍ | هَلْ | يَسْتَوِيٰنِ | مَثَلًا | اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک آدمی کا ہے | کیا | دونوں برابر ہیں | مثال میں | سب تعریفیں | اللہ کی ہیں | بلکہ |

جو پورا ایک ہی آدمی کی ملک میں ہے کیا ان دونوں کا حال یکساں ہے؟ سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں بلکہ ان (مشرکوں)

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ

| اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | اِنَّكَ | مَيِّتٌ | وَ | اِنَّهُمْ | مَيِّتُوْنَ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکثر ان کے | نہیں | جانتے | بیشک تم بھی | انتقال فرمانے والے ہو | اور | بیشک وہ بھی | مرنے والے ہیں | پھر |

کے اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اے حبیب ﷺ آپ اس دنیا سے (ظاہری) پردہ فرماؤ گے اور یقیناً انہیں بھی مرنا ہے۔ پھر

اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ع ۲ ۱۴

| اِنَّكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | عِنْدَ | رَبِّكُمْ | تَخْتَصِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تم | دن | قیامت کے | پاس | اپنے رب کے | جھگڑو گے |

تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | كَذَبَ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | كَذَّبَ | بِالصِّدْقِ | اِذْ | جَآءَهٗ |
| تو کون | اس سے بڑھ کر ظالم | اس سے جو | جھوٹ باندھے | اوپر | اللہ کے | اور | جھٹلائے | سچائی کو | جب | آئے اس کے پاس |

تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور حق کو جھٹلائے جب اس کے پاس آئے

اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِىْ جَآءَ بِالصِّدْقِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَيْسَ | فِىْ جَهَنَّمَ | مَثْوًى | لِّلْكٰفِرِيْنَ | وَ | الَّذِىْ | جَآءَ | بِالصِّدْقِ |
| کیا نہیں ہے | جہنم میں | ٹھکانا | کافروں کا | اور | وہ جو | لے | سچائی |

کیا جہنم میں کافروں کا ٹھکانا نہیں ہے۔ اور جو سچائی لے کر آئے

وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | صَدَّقَ | بِهٖٓ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُتَّقُوْنَ | لَهُمْ | مَّا | يَشَآءُوْنَ | عِنْدَ |
| اور | تصدیق کی | ان کی | یہ لوگ | وہی ہیں | پرہیزگار | ان کیلئے ہے | جو | وہ چاہیں | نزدیک |

اور اس کی تصدیق کی وہی پرہیز گار لوگ ہیں۔ انہیں ان کے رب کے ہاں

رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّهِمْ | ذٰلِكَ | جَزٰٓؤُا | الْمُحْسِنِيْنَ | لِيُكَفِّرَ | اللّٰهُ | عَنْهُمْ | اَسْوَاَ |
| انکے رب کے | یہ | بدلہ ہے | نیکوں کا | تاکہ دور کرے | اللہ | ان سے | برے سے برا |

جو وہ چاہیں گے ملے گا یہ نیکی کرنے والوں کا بدلہ ہے۔ تاکہ اللہ دور کر دے ان سے ان کی برائیاں

الَّذِىْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِىْ كَانُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِىْ | عَمِلُوْا | وَيَجْزِيَهُمْ | اَجْرَهُمْ | بِاَحْسَنِ | الَّذِىْ | كَانُوْا |
| وہ جو | انہوں نے کیا | اور بدلہ دے ان کو | اجر ان کا | اچھا | اس کا جو | تھے وہ |

جو انہوں نے کیں اور انہیں ان کا ثواب دے ان کے بہترین کاموں کے باعث جو

يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْمَلُوْنَ | اَلَيْسَ | اللّٰهُ | بِكَافٍ | عَبْدَهٗ | وَ | يُخَوِّفُوْنَكَ | بِالَّذِيْنَ |
| عمل کرتے | کیا نہیں ہے | اللہ | کافی | اپنے بندے کو | اور | ڈراتے ہیں آپ کو | ان سے جو |

وہ کرتے تھے۔ کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں اور وہ اللہ کے سوا اپنے دوسرے معبودوں سے آپ کو ڈراتے ہیں

مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ ۚ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِهٖ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ | مِنْ هَادٍ | وَ | مَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ |
| اس کے سواہیں | اور | جسے | گمراہ کرے | اللہ | تو نہیں | اس کو | کوئی ہدایت دینے والا | اور | جسے | ہدایت دے | اللہ |

اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اس کیلئے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں۔ اور جسے اللہ ہدایت دے اسے

فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | لَهٗ | مِنْ مُّضِلٍّ | اَلَيْسَ | اللّٰهُ | بِعَزِيْزٍ | ذِي انْتِقَامٍ | وَ | لَئِنْ |
| تو نہیں | اس کو | کوئی گمراہ کرنے والا | کیا نہیں | اللہ | عزت والا | بدلہ لینے والا | اور | اگر |

کوئی بہکانے والا نہیں کیا اللہ تعالیٰ زبردست بدلہ لینے والا نہیں۔ اور اگر آپ ان

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاَلْتَهُمْ | مَّنْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | قُلْ |
| آپ ان پوچھیں | کس نے | پیدا کیے | آسمان | اور زمین | تو ضرور کہیں گے | اللہ نے | فرمادیں |

سے دریافت فرمائیں کہ آسمان اور زمین کس نے بنائے تو ضرور کہیں گے اللہ نے فرما دیجئے

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَرَءَيْتُمْ | مَّا | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اِنْ | اَرَادَنِيَ | اللّٰهُ | بِضُرٍّ | هَلْ |
| بھلا بتاؤ تو | جن کو | پکارتے ہو | سوا | اللہ کے | اگر | ارادہ کرے میرے لیے | اللہ | تکلیف کا | کیا |

بھلا بتاؤ تو وہ جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہچانا چاہے تو کیا

هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ

| هُنَّ | كٰشِفٰتُ | ضُرِّهٖٓ | اَوْ | اَرَادَنِيْ | بِرَحْمَةٍ | هَلْ | هُنَّ | مُمْسِكٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | دور کردینگے | اسکی تکلیف | یا | ارادہ کرے میرے لیے | اپنی رحمت کا | کیا | وہ | بند کرینگے |

وہ اس کی بھیجی تکلیف کو روک سکتے ہیں یا وہ مجھ پر رحمت فرمانا چاہے تو کیا وہ اس کی رحمت

رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿٣٨﴾ قُلْ

| رَحْمَتِهٖ | قُلْ | حَسْبِيَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِ | يَتَوَكَّلُ | الْمُتَوَكِّلُوْنَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کی رحمت کو | فرمادو | کافی ہے مجھے کو | اللہ | اسی پر | بھروسہ کریں | بھروسہ کرنیوالے | فرمادیں |

کو روک رکھیں گے فرما دیجئے مجھے اللہ کافی ہے بھروسے والے اس پر بھروسا کرتے ہیں۔ فرما دیجئے

يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٩﴾ ۙ

| يٰقَوْمِ | اعْمَلُوْا | عَلٰى | مَكَانَتِكُمْ | اِنِّيْ | عَامِلٌ | فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے میری قوم | عمل کرو | اوپر | اپنی جگہ کے | بیشک میں | عمل کرتا ہوں | تو جلدی | جان لوگے تم |

اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کرو میں بھی عمل کر رہا ہوں اور تم جلدی (انجام کو) جان لو گے۔

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٤٠﴾ اِنَّآ

| مَنْ | يَّاْتِيْهِ | عَذَابٌ | يُّخْزِيْهِ | وَ | يَحِلُّ | عَلَيْهِ | عَذَابٌ | مُّقِيْمٌ | اِنَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ کون ہے | آتا ہے اسکو | عذاب | جو رسوا کرے اسکو | اور | اترتا ہے | اس پر | عذاب | دائمی | بیشک ہم نے |

(کہ) کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور کس پر دائمی عذاب اترتا ہے؟ بے شک ہم

اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ

| اَنْزَلْنَا | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | لِلنَّاسِ | بِالْحَقِّ | فَمَنِ | اهْتَدٰى | فَلِنَفْسِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتاری | آپ پر | کتاب | لوگوں کیلئے | حق کے ساتھ | تو جس نے | ہدایت پائی | تو اپنی جان کیلئے |

نے حق کے ساتھ لوگوں کیلئے آپ پر قرآن اُتارا تو جس نے ہدایت قبول کی تو اپنے ہی نفع کیلئے

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٤١﴾ اَللّٰهُ ع ۱

| وَ | مَنْ | ضَلَّ | فَاِنَّمَا | يَضِلُّ | عَلَيْهَا | وَ | مَآ اَنْتَ | عَلَيْهِمْ | بِوَكِيْلٍ | اَللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | گمراہ ہوا | تو اسکے سوا نہیں کہ | گمراہ ہوگا | اپنے اوپر | اور | نہیں ہو تم | ان کے | ذمہ دار | اللہ |

اور جو گمراہ ہوا وہ اپنے ہی نقصان کیلئے گمراہ ہوا اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں۔ اللہ جانوں کو

يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ

| يَتَوَفَّى | الْاَنْفُسَ | حِيْنَ مَوْتِهَا | وَ | الَّتِيْ | لَمْ تَمُتْ | فِيْ مَنَامِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وفات دیتا ہے | جانوں کو | ان کی موت کے وقت | اور | وہ جو | نہ مریں | اپنی نیند میں |

ان کی موت کے وقت قبض کرتا ہے اور جنہیں موت نہیں آئی انہیں ان کی نیند کی حالت میں پھر اسے

فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

| فَيُمْسِكُ | الَّتِيْ | قَضٰى | عَلَيْهَا | الْمَوْتَ | وَ | يُرْسِلُ | الْاُخْرٰٓى | اِلٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو روک رکھا ہے | اس کو کہ | فیصلہ ہو گیا | اس پر | موت کا | اور | بھیجتا ہے | دوسری کو | طرف |

روک لیتا ہے جس پر موت کا حکم صادر ہو چکا ہو اور دوسری جانوں کو ایک

اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمِ

| اَجَلٍ | مُّسَمًّى | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يَّتَفَكَّرُوْنَ | اَمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدت | مقرر کے | بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | واسطے قوم | سوچنے والی کے | کیا |

وقتِ مقرر تک چھوڑ دیتا ہے بیشک اس میں ضرور نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے جو فکر سے کام لیتے ہیں۔ کیا

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا

| اتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | شُفَعَآءَ | قُلْ | اَوَ | لَوْ | كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ | شَيْـًٔا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنائے انہوں نے | سوائے | اللہ کے | سفارشی | فرماؤ | کیا | اگرچہ | اختیار نہ رکھتے ہوں | کچھ |

انہوں نے اللہ کے مقابل کچھ سفارشی بنا رکھے ہیں فرما دیجئے کیا اگرچہ وہ کسی چیز کے مالک نہ ہوں

وَّلَا یَعۡقِلُوۡنَ ﴿۴۳﴾ قُلۡ لِّلّٰہِ الشَّفَاعَۃُ جَمِیۡعًا ؕ لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | یَعۡقِلُوۡنَ | قُلۡ | لِلّٰہِ | الشَّفَاعَۃُ | جَمِیۡعًا | لَہٗ | مُلۡکُ | السَّمٰوٰتِ |
| اور | نہ | سمجھتے ہوں | فرماؤ | اللہ کیلئے ہے | سفارش | ساری | اسی کی | بادشاہی ہے | آسمانوں کی |

اور نہ عقل رکھیں۔ فرما دیجئے شفاعت تو سب اللہ کے ہاتھ میں ہے اسی کیلئے ہے آسمانوں

وَالۡاَرۡضِ ؕ ثُمَّ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۴۴﴾ وَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَحۡدَہُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الۡاَرۡضِ | ثُمَّ | اِلَیۡہِ | تُرۡجَعُوۡنَ | وَ | اِذَا | ذُکِرَ | اللّٰہُ | وَحۡدَہُ |
| اور | زمین کی | پھر | اسی کی طرف | لوٹائے جاؤ گے تم | اور | جب | ذکر کیا جاتا ہے | اللہ | اکیلے کا |

اور زمین کی بادشاہی پھر تمہیں اسی کی طرف پلٹنا ہے۔ مگر جب اللہ وحدہٗ کا ذکر کیا جاتا ہے

اشۡمَاَزَّتۡ قُلُوۡبُ الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَۃِ ۚ وَ اِذَا ذُکِرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اشۡمَاَزَّتۡ | قُلُوۡبُ | الَّذِیۡنَ | لَا | یُؤۡمِنُوۡنَ | بِالۡاٰخِرَۃِ | وَ | اِذَا | ذُکِرَ |
| توسٹ جاتے ہیں | دل | ان کے جو | نہیں | ایمان لاتے | قیامت پر | اور | جب | ذکر کیا جاتا ہے |

تو جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے ان کے دل تنگ ہوتے ہیں اور جب اس کے علاوہ

الَّذِیۡنَ مِنۡ دُوۡنِہٖۤ اِذَا ہُمۡ یَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰہُمَّ فَاطِرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیۡنَ | مِنۡ دُوۡنِہٖۤ | اِذَا | ہُمۡ | یَسۡتَبۡشِرُوۡنَ | قُلِ | اللّٰہُمَّ | فَاطِرَ |
| ان کا جو | سوا اس کے ہیں | تو اس وقت | وہ | خوش ہوتے ہیں | عرض کرو | اے اللہ | پیدا کرنیوالے |

ان بتوں کا ذکر کیا جاتا ہے (جن کو وہ پوجتے ہیں) تو وہ خوشیاں مناتے ہیں۔ آپ عرض کیجئے اے اللہ!

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ عٰلِمَ الۡغَیۡبِ وَالشَّہَادَۃِ اَنۡتَ تَحۡکُمُ بَیۡنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | عٰلِمَ | الۡغَیۡبِ | وَ | الشَّہَادَۃِ | اَنۡتَ | تَحۡکُمُ | بَیۡنَ |
| آسمانوں کے | اور | زمین کے | جاننے والے | غیب کے | اور | حاضر کے | تو | فیصلہ فرمائے گا | درمیان |

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے غائب اور حاضر کو جاننے والے! تو ہی اپنے بندوں کے درمیان

عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا

| عِبَادِكَ | فِي مَا | كَانُوا | فِيهِ | يَخْتَلِفُونَ | وَلَوْ | أَنَّ | لِلَّذِينَ | ظَلَمُوا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے بندوں کے | اس میں جو | تھے | اس میں | اختلاف کرتے | اور اگر | یہ کہ | ان لوگوں کیلئے ہو | جو ظالم ہیں | جو |

ان باتوں کا فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اور اگر ظالموں کیلئے وہ سب کچھ ہوتا

فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَّمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوٓءِ الْعَذَابِ

| فِي | الْأَرْضِ | جَمِيعًا | وَّ | مِثْلَهُ | مَعَهُ | لَافْتَدَوْا | بِهٖ | مِنْ سُوٓءِ الْعَذَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | زمین ہے | سب | اور | مثل اس کی | اسکے ساتھ | تو فدیہ دیں | اس کا | برے عذاب سے |

جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ ہی اس کے برابر تو اسے قیامت کے دن برے عذاب سے رہائی کے بدلے میں

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ﴿۴۷﴾

| يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَبَدَا | لَهُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | مَا | لَمْ | يَكُونُوا | يَحْتَسِبُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | قیامت کے | اور ظاہر ہوگا | ان کیلئے | اللہ سے | جو | نہ | تھے | خیال کرتے |

ضرور دے دیتے اور ان کیلئے اللہ کی طرف سے وہ (عذاب) ظاہر ہو گا جس کا وہ گمان (بھی) نہ کرتے تھے۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوا بِهٖ

| وَبَدَا | لَهُمْ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوا | وَ | حَاقَ | بِهِمْ | مَّا | كَانُوا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ظاہر ہوگی | ان کیلئے | برائی اس کی | جو | کمایا | اور | گھیرلے گا | ان کو | جو | تھے | اس کو |

اور ان کیلئے (ان کی) وہ برائیاں ظاہر ہوں گی جو انہوں نے کیں. اور انہیں وہ (عذاب) گھیر لے گا

يَسْتَهْزِءُونَ ﴿۴۸﴾ فَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنٰهُ

| يَسْتَهْزِءُونَ | فَإِذَا | مَسَّ | الْإِنْسَانَ | ضُرٌّ | دَعَانَا | ثُمَّ | إِذَا | خَوَّلْنٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھٹھا کرتے | پھر جب | پہنچتی ہے | آدمی کو | کوئی تکلیف | پکارتا ہے ہم کو | پھر | جب | عطا فرمائیں ہم اسکو |

جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ پھر جب آدمی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے پھر جب اسے ہم

نِعۡمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَاۤ اُوۡتِيۡتُهٗ عَلٰى عِلۡمٍ ؕ بَلۡ هِىَ فِتۡنَةٌ وَّلٰـكِنَّ

| نِعۡمَةً | مِّنَّا | قَالَ | اِنَّمَاۤ | اُوۡتِيۡتُهٗ | عَلٰى | عِلۡمٍ | بَلۡ | هِىَ | فِتۡنَةٌ | وَّ | لٰـكِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نعمت | اپنی پاس سے | تو کہتا ہے | سوا اس کے نہیں کہ | دیا گیا ہوں میں | اوپر | علم کے | بلکہ | وہ | آزمائش ہے | اور | لیکن |

اپنے پاس سے کوئی نعمت عطا فرمائیں کہتا ہے یہ تو مجھے ایک علم کی بدولت ملی ہے بلکہ وہ

اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۴۹﴾ قَدۡ قَالَهَا الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَمَاۤ اَغۡنٰى

| اَكۡثَرَهُمۡ | لَا | يَعۡلَمُوۡنَ | قَدۡ | قَالَهَا | الَّذِيۡنَ | مِنۡ قَبۡلِهِمۡ | فَمَاۤ | اَغۡنٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکثر ان کے | نہیں | جانتے | بیشک | کہا تھا یہ | ان لوگوں نے جو | ان سے پہلے تھے | تو نہ | کام آیا |

تو آزمائش ہے مگر ان میں اکثر کو علم نہیں۔ ان سے اگلے بھی ایسے ہی کہہ چکے تو ان کا کمایا

عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمۡ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوۡا ؕ

| عَنۡهُمۡ | مَّا | كَانُوۡا | يَكۡسِبُوۡنَ | فَاَصَابَهُمۡ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے | جو | تھے | کماتے | تو پہنچی ان کو | برائی | اسکی جو | کمایا انہوں نے |

ان کے کچھ کام نہ آیا۔ ہاں ان کی کمائی کی برائیاں ان پر آ پڑیں

وَالَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا مِنۡ هٰٓؤُلَاۤءِ سَيُصِيۡبُهُمۡ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوۡا ۙ وَمَا

| وَ | الَّذِيۡنَ | ظَلَمُوۡا | مِنۡ هٰٓؤُلَاۤءِ | سَيُصِيۡبُهُمۡ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوۡا | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جن لوگوں نے | ظلم کیا | ان میں سے | جلد پہنچیں گی انہیں | برائیاں | جو | کمایا انہوں نے | اور نہیں |

اور ان لوگوں میں جو ظالم ہیں ان پر بھی ان کی کمائی کی برائیاں آ پڑیں گی اور

هُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمۡ يَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ

| هُمۡ | بِمُعۡجِزِيۡنَ | اَوَلَمۡ | يَعۡلَمُوۡۤا | اَنَّ | اللّٰهَ | يَبۡسُطُ | الرِّزۡقَ | لِمَنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | عاجز کرنیوالے | کیا نہ | جانا انہوں نے | کہ | اللہ | کشادہ کرتا ہے | رزق | جس کا |

وہ (ہمیں) عاجز نہیں کر سکتے۔ اور کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کا چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے

يَشَآءُ وَيَقۡدِرُ ۚ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ۝۵۲ قُلۡ ع ۱۱ / ۲

| يَشَآءُ | وَ | يَقۡدِرُ | اِنَّ | فِىۡ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوۡمٍ | يُّؤۡمِنُوۡنَ | قُلۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہے | اور | تنگ فرماتا ہے | بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | واسطے قوم | مومن کے | آپ فرمادیں |

اور تنگ کردیتا ہے؟ بے شک اس بات میں ایمان والے لوگوں کیلئے کئی نشانیاں ہیں۔ آپ فرما دیجئے

يٰعِبَادِىَ الَّذِيۡنَ اَسۡرَفُوۡا عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ

| يٰعِبَادِىَ | الَّذِيۡنَ | اَسۡرَفُوۡا | عَلٰٓى | اَنۡفُسِهِمۡ | لَا | تَقۡنَطُوۡا | مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے میرے بندو | جنہوں نے | ظلم کیا ہے | اوپر | اپنی جانوں کے | نہ | مایوس ہوں | اللہ کی رحمت سے |

اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کرلی اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا

اِنَّ اللّٰهَ يَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِيۡعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ

| اِنَّ | اللّٰهَ | يَغۡفِرُ | الذُّنُوۡبَ | جَمِيۡعًا | اِنَّهٗ | هُوَ | الۡغَفُوۡرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | بخش دے گا | گناہ | سارے | بیشک وہ | وہی ہے | بخشنے والا |

بے شک اللہ سب گناہ معاف کر دیتا ہے بے شک وہی بہت بخشنے والا

الرَّحِيۡمُ ۝۵۳ وَاَنِيۡبُوۡۤا اِلٰى رَبِّكُمۡ وَاَسۡلِمُوۡا لَهٗ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّاۡتِيَكُمُ

| الرَّحِيۡمُ | وَ | اَنِيۡبُوۡۤا | اِلٰى رَبِّكُمۡ | وَ | اَسۡلِمُوۡا | لَهٗ | مِنۡ قَبۡلِ | اَنۡ | يَّاۡتِيَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان | اور | رجوع کرو | اپنے رب کی طرف | اور | فرمانبردار ہو جاؤ | اسکے | پہلے | اس سے کہ | آئے تم پر |

بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اس کے فرمانبردار ہو جاؤ اس سے پہلے

الۡعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنۡصَرُوۡنَ ۝۵۴ وَاتَّبِعُوۡۤا اَحۡسَنَ مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ

| الۡعَذَابُ | ثُمَّ | لَا | تُنۡصَرُوۡنَ | وَ | اتَّبِعُوۡۤا | اَحۡسَنَ | مَاۤ | اُنۡزِلَ | اِلَيۡكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | پھر | نہ | مدد کی جائیگی | اور | پیروی کرو | اچھی | جو | اتاری گئی | تمہاری طرف |

کہ تم پر عذاب آئے پھر تمہاری کوئی مدد نہ کی جائے گی۔ اور اس بہترین (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہارے رب سے تمہاری

مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ رَّبِّكُمْ | مِّنْ | قَبْلِ | اَنْ | يَّاْتِيَكُمُ | الْعَذَابُ | بَغْتَةً | وَ | اَنْتُمْ |
| تمہارے رب کی طرف سے | اس سے | پہلے | کہ | تم پر آئے | عذاب | اچانک | اور | تم |

طرف اتاری گئی ہے قبل اس کے کہ عذاب تم پر اچانک آ جائے اور تمہیں

لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا تَشْعُرُوْنَ | اَنْ | تَقُوْلَ | نَفْسٌ | يّٰحَسْرَتٰى | عَلٰى | مَا | فَرَّطْتُّ |
| خبر نہ ہو | یہ کہ | کہے | کوئی جان | ہائے افسوس | اوپر | اسکے جو | کوتاہی کی میں نے |

خبر بھی نہ ہو۔ کہ کوئی شخص کہے ہائے افسوس اس کی اور کوتاہی پر جو میں نے

فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ | وَ | اِنْ | كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ | اَوْ | تَقُوْلَ | لَوْ اَنَّ | اللّٰهَ |
| اللہ کے بارے میں | اور | بیشک | میں ہنسی بنایا کرتا تھا | یا | کہے | یہ کہ اگر | اللہ |

اللہ کے حق (اطاعت) میں کی اور یقیناً میں تو مذاق اڑانے والوں میں سے تھا۔ یا کہے اگر اللہ مجھے

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰىنِيْ | لَكُنْتُ | مِنَ الْمُتَّقِيْنَ | اَوْ | تَقُوْلَ | حِيْنَ | تَرَى | الْعَذَابَ |
| ہدایت دیتا مجھ کو | تو ہوتا میں | پرہیزگاروں میں سے | یا | کہے | جبکہ | دیکھے | عذاب |

ہدایت دے دیتا تو میں ضرور پرہیزگاروں میں ہو جاتا۔ یا کہے جب وہ عذاب کو

لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | اَنَّ | لِيْ | كَرَّةً | فَاَكُوْنَ | مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ | بَلٰى | قَدْ | جَآءَتْكَ |
| کاش کہ | ہو | میرے لیے | دوسری مرتبہ جانا | تو ہو جاؤں میں | نیک لوگوں میں سے | کیوں نہیں | بیشک | آئیں تیرے پاس |

دیکھے اگر مجھے دوبارہ موقع ملے تو میں نیکی کرنے والوں میں ہو جاؤں گا۔ ہاں کیوں نہیں تیرے پاس میری

اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ

| اٰيٰتِيْ | فَكَذَّبْتَ | بِهَا | وَاسْتَكْبَرْتَ | وَ | كُنْتَ | مِنَ الْكٰفِرِيْنَ | وَ | يَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میری آیتیں | تو جھٹلا دیا تونے | ان کو | اور تکبر کیا | اور | تھا تو | کافروں میں سے | اور | دن |

آیتیں پہنچیں تو تو نے انہیں جھٹلایا اور تو تکبر کرتا رہا اور تو انکار کرنے والوں میں سے تھا۔ اور قیامت کے دن

الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ

| الْقِيٰمَةِ | تَرَى | الَّذِيْنَ | كَذَبُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | وُجُوْهُهُمْ | مُّسْوَدَّةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | دیکھوگے تم | ان کو جنہوں نے | جھوٹ بولا | اوپر | اللہ کے | ان کے منہ | سیاہ ہوں گے |

آپ ان لوگوں کو دیکھیں گے جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا کہ ان کے چہرے سیاہ ہوں گے

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ

| اَلَيْسَ | فِيْ جَهَنَّمَ | مَثْوًى | لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ | وَ | يُنَجِّي | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں ہے | جہنم میں | ٹھکانہ | مغروروں کیلئے | اور | نجات دے گا | اللہ | ان کو جو |

کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں۔ اور اللہ بچائے گا

اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۡ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ

| اتَّقَوْا | بِمَفَازَتِهِمْ | لَا | يَمَسُّهُمُ | السُّوْٓءُ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | اَللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگار ہیں | انکی کامیابی سے | نہیں | پہنچے گی ان کو | کوئی تکلیف | اور | نہ | وہ | غم کھائیں گے | اللہ |

پرہیزگاروں کو ان کی نجات کی جگہ نہ انہیں عذاب چھوئے اور نہ انہیں غم ہو۔ اللہ ہر چیز کا

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۡ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ

| خَالِقُ | كُلِّ شَيْءٍ | وَّ | هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | وَّكِيْلٌ | لَهٗ | مَقَالِيْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کرنے والا ہے | ہر چیز کو | اور | وہ | اوپر | ہر | چیز کے | مختار ہے | اسی کیلئے ہیں | کنجیاں |

پیدا کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز کا مختار ہے۔ آسمانوں اور زمین کی کنجیاں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کی | اور | زمین کی | اور | وہ جو | منکر ہیں | آیات | خداوندی سے | یہی |

اسی کے پاس ہیں اور جو لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں

ع ٧ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٣﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا

| هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | قُلْ | اَفَغَيْرَ | اللّٰهِ | تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ | اَعْبُدُ | اَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہیں | خسارہ اٹھانیوالے | فرمادیں | کیا سوائے | اللہ کے | حکم دیتے ہو مجھے | کہ میں پوجوں | اے |

وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔ فرما دیجئے کیا پھر بھی اے نادانو! تم چاہتے ہو کہ میں اللہ کے علاوہ کسی اور کی

الْجٰهِلُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ

| الْجٰهِلُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اُوْحِيَ | اِلَيْكَ | وَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِكَ | لَئِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاہلو | اور | بیشک | وحی کی گئی | تمہاری طرف | اور | طرف | ان کی جو | تم سے پہلے تھے | اگر |

عبادت کروں؟ اور بے شک وحی کی گئی آپ کی طرف اور ان لوگوں کی طرف جو آپ سے پہلے تھے کہ (اے مخاطب) اگر تو نے

اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ

| اَشْرَكْتَ | لَيَحْبَطَنَّ | عَمَلُكَ | وَ | لَتَكُوْنَنَّ | مِنَ الْخٰسِرِيْنَ | بَلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شرک کیا تو نے | تو اکارت جائینگے | تیرے عمل | اور | ہو گا تو | نقصان والوں سے | بلکہ |

اللہ کے ساتھ شرک کیا تو تیرے سب عمل ضرور ضائع ہو جائیں گے اور تو ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائے گا۔ بلکہ

اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ

| اللّٰهَ | فَاعْبُدْ | وَكُنْ | مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ | وَ | مَا | قَدَرُوا | اللّٰهَ | حَقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ ہی کی | عبادت کر | اور ہوجا | شکرگذاروں سے | اور | نہ | قدر کی انہوں نے | اللہ کی | حق |

اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر کرنے والوں میں سے ہوجا۔ اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ کی جیسا اس کا حق تھا

قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ

| قَدْرِهٖ | وَالْاَرْضُ | جَمِيْعًا | قَبْضَتُهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَ | السَّمٰوٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے قدر کا | اور زمین | ساری | اسکی مٹھی میں ہوگی | دن | قیامت کے | اور | آسمان |

اور وہ قیامت کے دن ساری زمین کو سمیٹ دے گا اور اس کی قدرت سے سارے آسمان

مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَنُفِخَ

| مَطْوِيّٰتٌۢ | بِيَمِيْنِهٖ | سُبْحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ | وَنُفِخَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لپیٹے ہوں گے | اسکے دائیں ہاتھ میں | پاک ہے وہ | اور | بلند ہے | اس سے جو | شرک کرتے ہیں | اور پھونکا جائے گا |

لپیٹ دیئے جائیں گے اور اللہ ان کے شرک سے پاک اور برتر ہے۔ اور صور پھونکا جائے گا

فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

| فِي الصُّوْرِ | فَصَعِقَ | مَنْ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَنْ | فِي | الْاَرْضِ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صور میں | تو بیہوش ہو جائے گا | جو | میں | آسمانوں ہے | اور | جو | میں | زمین ہے | مگر |

تو بیہوش ہو جائیں گے سب جتنے آسمانوں میں ہیں اور جتنے زمین میں مگر

مَنْ شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿٦٨﴾

| مَنْ | شَاۗءَ | اللّٰهُ | ثُمَّ | نُفِخَ | فِيْهِ | اُخْرٰى | فَاِذَا | هُمْ | قِيَامٌ | يَّنْظُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جسے | چاہے | اللہ | پھر | پھونکا جائے گا | اس میں | دوسری مرتبہ | تو اچانک | وہ | کھڑے | دیکھتے ہوں گے |

جسے اللہ چاہے پھر وہ دوبارہ پھونکا جائے گا جبھی وہ دیکھتے ہوئے کھڑے ہو جائیں گے۔

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْۗءَ

| وَ | اَشْرَقَتِ | الْاَرْضُ | بِنُوْرِ رَبِّهَا | وَ | وُضِعَ | الْكِتٰبُ | وَ | جِايْۗءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چمک اٹھے گی | زمین | اپنے رب کے نور سے | اور | رکھی جائے گی | کتاب | اور | لایا جائے گا |

اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور کتاب رکھ دی جائے گی

بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾

| بِالنَّبِيّٖنَ | وَ | الشُّهَدَآءِ | وَ | قُضِيَ | بَيْنَهُمْ | بِالْحَقِّ | وَ | هُمْ | لَا | يُظْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نبیوں کو | اور | گواہوں کو | اور | فیصلہ کیا جائے گا | ان میں | انصاف سے | اور | وہ | نہ | ظلم کیے جائینگے |

اور نبیوں اور گواہوں کو لایا جائے گا اور لوگوں کے درمیان حق پر فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا۔

ربع ع وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾

| وَ | وُفِّيَتْ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّا | عَمِلَتْ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَفْعَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پورا دیا جائے گا | ہر | آدمی کو | جو | عمل کیا اس نے | اور | وہ | خوب جانتا ہے | جو | وہ کرتے ہیں |

اور ہر ایک کو اس کے عملوں کا پورا بدلہ دے دیا جائے گا اور وہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا

| وَ | سِيْقَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْۤا | اِلٰى | جَهَنَّمَ | زُمَرًا | حَتّٰۤى | اِذَا | جَآءُوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہانکے جائینگے | وہ جو | کافر ہیں | طرف | جہنم کی | گروہ گروہ | یہاں تک کہ | جب | آئیں اسکے پاس |

اور کافر دوزخ کی طرف گروہ در گروہ ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ اس

فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَاۤ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

| فُتِحَتْ | اَبْوَابُهَا | وَ | قَالَ | لَهُمْ | خَزَنَتُهَاۤ | اَلَمْ | يَاْتِكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھولے جائینگے | اسکے دروازے | اور | کہیں گے | ان کو | اسکے داروغہ | کیا نہ | آئے تمہارے پاس | رسول | تم میں سے |

پر پہنچیں گے (پھر) اس کے دروازے کھولے جائیں گے تو اس کے داروغے ان سے کہیں گے کیا تمہارے پاس

يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا

| يَتْلُوْنَ | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِ | رَبِّكُمْ | وَ | يُنْذِرُوْنَكُمْ | لِقَآءَ | يَوْمِكُمْ | هٰذَا | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھتے | تم پر | آیتیں | تمہارے رب کی | اور | تم کو ڈراتے | ملاقات | تمہارے دن | اس سے | کہیں گے |

تم میں سے رسول نہیں آئے جو تم پر تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھتے اور اس دن کے پیش

بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧١﴾ قِيْلَ

| بَلٰى | وَ | لٰكِنْ | حَقَّتْ | كَلِمَةُ | الْعَذَابِ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | قِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیوں نہیں | اور | لیکن | حق ہوئی | بات | عذاب کی | اوپر | کافروں کے | فرمایا جائے گا |

آنے سے کہیں ڈراتے وہ کہیں گے کیوں نہیں مگر عذاب کا حکم کافروں پر ثابت ہو گیا۔ فرمایا جائے گا

ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

| ادْخُلُوْٓا | اَبْوَابَ | جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | فَبِئْسَ | مَثْوَى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہو | دروازے میں | دوزخ کے | ہمیشہ رہیں | اس میں | تو برا ہے | ٹھکانہ |

داخل ہو جاؤ جہنم کے دروازوں میں ہمیشہ اس میں رہنے کیلئے تو کیا ہی برا ٹھکانا ہے

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٧٢﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ

| الْمُتَكَبِّرِيْنَ | وَ | سِيْقَ | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | رَبَّهُمْ | اِلَى | الْجَنَّةِ | زُمَرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تکبر کرنیوالوں کا | اور | چلائے جائینگے | وہ جو | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | طرف | جنت کی | گروہ گروہ |

تکبر کرنے والوں کا۔ اور جو اپنے رب سے ڈرتے تھے ان کی سواریاں گروہ درگروہ جنت کی طرف چلائی جائیں گی

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا

| حَتّٰٓى | اِذَا | جَآءُوْهَا | وَفُتِحَتْ | اَبْوَابُهَا | وَ | قَالَ | لَهُمْ | خَزَنَتُهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | جب | آئیں اس کو | اور کھولے جائیں | اسکے دروازے | اور | کہیں | ان کو | اسکے داروغہ |

یہاں تک کہ جب وہاں پہنچیں گے اور اسکے دروازے کھلے ہوئے ہوں گے اور اسکے داروغہ ان سے کہیں گے

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿٧٣﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ

| سَلٰمٌ | عَلَيْكُمْ | طِبْتُمْ | فَادْخُلُوْهَا | خٰلِدِيْنَ | وَ | قَالُوا | الْحَمْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلام ہو | تم پر | مبارک ہو | داخل ہو اس میں | ہمیشہ رہنے والے | اور | کہیں گے | سب تعریفیں |

سلام ہو تم پر خوش و خرم رہو سو جنت میں جاؤ ہمیشہ رہنے کیلئے۔ اور وہ کہیں گے سب خوبیاں

لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | الَّذِیْ | صَدَقَنَا | وَعْدَهٗ | وَ | اَوْرَثَنَا | الْاَرْضَ | نَتَبَوَّاُ | مِنَ الْجَنَّةِ |
| اللہ کو ہیں | جس نے | سچ کردیا ہم سے | وعدہ اپنا | اور | وارث کیا ہم کو | زمین کا | ہم جگہ پکڑتے ہیں | جنت سے |

اللہ کو جس نے اپنا وعدہ ہم سے سچا کیا اور ہمیں اس زمین کا وارث کیا کہ ہم جنت میں رہیں

حَیْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَیْثُ | نَشَآءُ | فَنِعْمَ | اَجْرُ | الْعٰمِلِیْنَ | وَ | تَرَى | الْمَلٰٓئِكَةَ |
| جہاں | ہم چاہیں | تو اچھا ہے | اجر | عمل کرنے والوں کا | اور | تم دیکھو گے | فرشتوں کو |

جہاں چاہیں تو کیا ہی اچھا ثواب ہے نیک کاموں کا۔ اور اے حبیب کبریا ﷺ آپ فرشتوں

حَآفِّیْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَآفِّیْنَ | مِنْ حَوْلِ | الْعَرْشِ | یُسَبِّحُوْنَ | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ |
| حلقہ کیے | آس پاس | عرش کے | تسبیح کرتے ہیں | ساتھ تعریف | اپنے رب کے |

کو دیکھیں گے کہ عرش کے گرد حلقہ بنائے اپنے رب کی تعریف میں لگے ہوئے ہیں اور لوگوں کے

وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِیْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۵﴾ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قُضِیَ | بَیْنَهُمْ | بِالْحَقِّ | وَ | قِیْلَ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ |
| اور | فیصلہ کردیا جائے گا | ان میں | انصاف سے | اور | کہا جائے گا | سب تعریفیں | اللہ کی ہیں | رب ہے | سب جہانوں کا |

درمیان حق پر فیصلہ کردیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ تعریف اللہ کی جو سارے جہان کا رب ہے۔

ایاتہا ۸۵ ﴿۴۰ سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ ۶۰﴾ رکوعاتہا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿١﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٢﴾ غَافِرِ الذَّنْبِ

| حٰمٓ | تَنْزِيْلُ | الْكِتٰبِ | مِنَ اللّٰهِ | الْعَزِيْزِ | الْعَلِيْمِ | غَافِرِ | الذَّنْبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰمٓ | اتارنا ہے | کتاب کا | اللہ کی طرف سے | عزت والے | حکمت والے | بخشنے والا | گناہوں |

حٰمٓ یہ کتاب نازل کی گئی ہے اللہ کی طرف سے جو عزت والا علم والا۔ جو گناہ بخشنے والا

وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ

| وَ | قَابِلِ | التَّوْبِ | شَدِيْدِ | الْعِقَابِ | ذِي الطَّوْلِ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | اِلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قبول کرنیوالا | توبہ کا | سخت | عذاب والا | بڑے انعام والا | نہیں کوئی | معبود | مگر | وہی | اسی کی طرف |

توبہ قبول کرنے والا سخت سزا دینے والا اورقدرت والا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی

الْمَصِيْرُ ﴿٣﴾ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ

| الْمَصِيْرُ | مَا | يُجَادِلُ | فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَلَا | يَغْرُرْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھرنا ہے | نہیں | جھگڑتے | اللہ کی آیتوں میں | مگر | وہ جو | کافر ہیں | تو نہ | دھوکے میں ڈالے تجھ |

طرف واپسی ہوگی۔ اللہ کی آیتوں میں کافروں کے سوا کوئی جھگڑا نہیں کرتا مگر ان کا شہروں میں چ

تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿٤﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ

| تَقَلُّبُهُمْ | فِي الْبِلَادِ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوْحٍ | وَّ | الْاَحْزَابُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا پھرنا | شہروں میں | جھٹلایا | ان سے پہلے | قوم | نوح نے | اور | گروہوں |

پھرنا تمہیں مغالطہ میں نہ ڈالے۔ ان لوگوں سے پہلے نوح علیہ السلام کے (منکر) لوگوں اور ان کے ب

مِنْۢ بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۭ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا

| مِنْۢ بَعْدِهِمْ | وَ | هَمَّتْ | كُلُّ | اُمَّةٍ | بِرَسُوْلِهِمْ | لِيَاْخُذُوْهُ | وَجٰدَلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے بعد کے | اور | قصد کیا | ہر | امت نے | اپنے رسول سے | کہ پکڑیں اس کو | اور جھگڑ |

بہت سی جماعتوں نے (حق کو) جھٹلایا اور ہر اُمت نے ارادہ کیا کہ وہ لوگ اپنے رسول کو اپنی گرفت میں لے

بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ قف فَكَيْفَ كَانَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَاطِلِ | لِيُدْحِضُوْا | بِهِ | الْحَقَّ | فَاَخَذْتُهُمْ | فَكَيْفَ | كَانَ |
| باطل سے | کہ ٹال دیں | اس سے | حق کو | تو میں نے ان کو پکڑا | تو کیسا | ہوا |

اور انہوں نے باطل کے ذریعہ جھگڑا کیا تاکہ اس کے ساتھ حق کو مغلوب کر دیں تو میں نے انہیں پکڑ لیا تو میرا

عِقَابِ ۵ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِقَابِ | وَ | كَذٰلِكَ | حَقَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | عَلَى | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا |
| میرا عذاب | اور | اسی طرح | حق ہوئی | بات | آپ کے رب کی | اوپر | ان کے جو | کافر ہیں |

عذاب کیسا (عبرتناک) تھا۔ اور اسی طرح آپ کے رب کا حکم ان لوگوں پر ثابت ہو گیا جنہوں نے کفر کیا

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّهُمْ | اَصْحٰبُ النَّارِ | اَلَّذِيْنَ | يَحْمِلُوْنَ | الْعَرْشَ | وَ | مَنْ | حَوْلَهٗ |
| کہ وہ | دوزخی ہیں | وہ جو | اٹھاتے ہیں | عرش کو | اور | جو | اسکے گرد ہیں |

کہ وہ دوزخی ہیں۔ وہ جو عرش اٹھاتے ہیں اور جو اس کے گرد ہیں اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اس کی

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسَبِّحُوْنَ | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِهٖ | وَ | يَسْتَغْفِرُوْنَ | لِلَّذِيْنَ |
| تسبیح کہتے ہیں | ساتھ حمد کے | اپنے رب کی | اور | ایمان لاتے ہیں | اس پر | اور | بخشش مانگتے ہیں | ان کیلئے جو |

تسبیح بیان کرتے اور اس پر ایمان لاتے اور اس طرح مسلمانوں کی مغفرت مانگتے ہیں

اٰمَنُوْا ج رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | رَبَّنَا | وَسِعْتَ | كُلَّ | شَيْءٍ | رَّحْمَةً | وَ | عِلْمًا | فَاغْفِرْ | لِلَّذِيْنَ |
| مومن ہیں | اے ہمارے رب | سمائی ہے تو نے | ہر | چیز کو | رحمت | اور | علم میں | تو بخش دے | ان کو جو |

اے ہمارے رب! تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔ تو انہیں بخش دے جنہوں نے

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۷﴾ رَبَّنَا

| تَابُوْا | وَ | اتَّبَعُوْا | سَبِيْلَكَ | وَقِهِمْ | عَذَابَ | الْجَحِيْمِ | رَبَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توبہ کریں | اور | پیروی کریں | تیری راہ کی | اور بچا ان کو | عذاب | جہنم سے | اے ہمارے رب |

توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ اے ہمارے رب!

وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

| وَاَدْخِلْهُمْ | جَنّٰتِ عَدْنِ | الَّتِيْ | وَعَدْتَّهُمْ | وَ | مَنْ | صَلَحَ | مِنْ اٰبَآئِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور داخل کر ان کو | ہمیشہ کی جنت میں | کہ جس کا | تو نے ان سے وعدہ کیا | اور | جو کوئی | نیک ہیں | انکے باپوں سے |

اور انہیں بسنے کے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کو جو نیک ہوں ان کے

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۸﴾ لا وَقِهِمُ

| وَ | اَزْوَاجِهِمْ | وَ | ذُرِّيّٰتِهِمْ | اِنَّكَ | اَنْتَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | وَ | قِهِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | انکی بیویوں سے | اور | انکی اولاد سے | بیشک | تو ہی ہے | عزت والا | حکمت والا | اور | بچا ان کو |

باپ دادا اور بیویوں اور اولاد میں سے ان کو بھی بے شک تو ہی عزت و حکمت والا ہے۔ اور انہیں

السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ

| السَّيِّاٰتِ | وَ | مَنْ | تَقِ | السَّيِّاٰتِ | يَوْمَئِذٍ | فَقَدْ | رَحِمْتَهٗ | وَ | ذٰلِكَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائیوں سے | اور | جسے | بچایا تو نے | برائیوں سے | اس دن | تو بیشک | تو نے رحم فرمایا اس پر | اور | یہ | وہی ہے |

برائیوں سے بچا جسے تو نے اس دن برائیوں سے بچا لیا اس پر تو نے رحم فرمایا اور یہ

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ

| الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يُنَادَوْنَ | لَمَقْتُ | اللّٰهِ | اَكْبَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کامیابی | بڑی | بیشک | وہ جو | کافر ہوئے | پکارے جائیں گے | کہ ناراضگی | اللہ کی | بہت بڑی ہے |

بڑی کامیابی ہے۔ وہ جو کافر ہیں ان کو آواز دی جائے گی بے شک اللہ کی بیزاری تمہاری اپنی بیزاری سے

مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ﴿١٠﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ مَّقْتِكُمْ | اَنْفُسَكُمْ | اِذْ | تُدْعَوْنَ | اِلَى الْاِيْمَانِ | فَتَكْفُرُوْنَ |
| تمہاری ناراضگی سے | اپنی جانوں پر | جب | بلایا جاتا تم کو | ایمان کی طرف | تو تم کفر کرتے |

بڑھ کر ہوتی تھی جب تمہیں ایمان کی طرف بلایا جاتا تھا اور تم انکار کر دیتے تھے۔

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | رَبَّنَآ | اَمَتَّنَا | اثْنَتَيْنِ | وَ | اَحْيَيْتَنَا | اثْنَتَيْنِ | فَاعْتَرَفْنَا | بِذُنُوْبِنَا |
| کہیں گے | اے ہمارے رب | مارا تو نے ہم کو | دو مرتبہ | اور | زندہ کیا ہم کو | دو مرتبہ | ہم نے اقرار کیا | اپنے گناہوں کا |

وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے ہمیں دو بار موت دی اور دو بار ہمیں زندہ فرمایا تو اب ہم نے اپنے گناہوں

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿١١﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَهَلْ | اِلٰى | خُرُوْجٍ | مِّنْ | سَبِيْلٍ | ذٰلِكُمْ | بِاَنَّهٗ | اِذَا | دُعِيَ | اللّٰهُ |
| تو کیا | طرف | نکلنے کی ہے | کوئی | راہ | یہ | اس لیے کہ | جب | پکارا جاتا | اللہ |

کا اقرار کر لیا تو کیا دوزخ سے نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟ یہ (عذاب) اس لئے ہوا کہ جب اللہ واحد پکارا جاتا تھا

وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَحْدَهٗ | كَفَرْتُمْ | وَ | اِنْ | يُّشْرَكْ | بِهٖ | تُؤْمِنُوْا | فَالْحُكْمُ | لِلّٰهِ | الْعَلِيِّ |
| اکیلے کو | تو تم کفر کرتے | اور | اگر | شرک کیا جاتا | اسکے ساتھ | تم ایمان لاتے | تو حکم | اللہ | بلند |

تو تم انکار کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ (کسی کو) شریک کیا جاتا تو تم مان لیتے تھے تو فیصلہ صرف اللہ کیلئے ہے جو بہت بلند بہت

الْكَبِيْرِ ﴿١٢﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكَبِيْرِ | هُوَ | الَّذِيْ | يُرِيْكُمْ | اٰيٰتِهٖ | وَ | يُنَزِّلُ | لَكُمْ | مِّنَ السَّمَآءِ | رِزْقًا |
| بڑے کا ہے | وہ | وہ ہے جو | دکھاتا ہے تم کو | اپنی نشانیاں | اور | اتارتا ہے | تمہارے لیے | آسمان سے | رزق |

ہی بڑا ہے۔ وہی ہے کہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لئے آسمان سے روزی اتارتا ہے

وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنۡ يُّنِيۡبُ ﴿۱۳﴾ فَادۡعُوا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يَتَذَكَّرُ | اِلَّا | مَنۡ | يُّنِيۡبُ | فَادۡعُوا | اللّٰهَ | مُخۡلِصِيۡنَ | لَهُ | الدِّيۡنَ |
| اور | نہیں | نصیحت لیتے | مگر | جو | رجوع کریں | تو پکارو | اللہ کو | خالص کرکے | اس کیلئے | دین |

اور نصیحت نہیں مانتا مگر جو رجوع (الی اللہ) میں رہتا ہے۔ تو اللہ کی بندگی کرو خالص اس کے بندے ہوکر اگرچہ

وَلَوۡ كَرِهَ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيۡعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الۡعَرۡشِ ۚ يُلۡقِى الرُّوۡحَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوۡ | كَرِهَ | الۡكٰفِرُوۡنَ | رَفِيۡعُ | الدَّرَجٰتِ | ذُو الۡعَرۡشِ | يُلۡقِى | الرُّوۡحَ |
| اور | اگرچہ | ناپسند کریں | کافر | بلند | درجات والا | عرش کا مالک | ڈالتا ہے | روح |

یہ کافروں کو ناگوار ہی گزرے۔ وہ درجے بلند کرنے والا اور عرش کا مالک ہے اپنے امر کی روح اپنے

مِنۡ اَمۡرِهٖ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ لِيُنۡذِرَ يَوۡمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ ۙ يَوۡمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ اَمۡرِهٖ | عَلٰى | مَنۡ يَّشَآءُ | مِنۡ عِبَادِهٖ | لِيُنۡذِرَ | يَوۡمَ | التَّلَاقِ | يَوۡمَ |
| اپنے حکم سے | اوپر | جس کے چاہے | اپنے بندوں میں سے | تاکہ ڈرائے | دن | ملاقات سے | جس دن |

بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے القاء کرتا ہے تاکہ ملاقات کے دن سے ڈرائے۔ جس دن

هُمۡ بٰرِزُوۡنَ ۚ لَا يَخۡفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنۡهُمۡ شَىۡءٌ ؕ لِمَنِ الۡمُلۡكُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمۡ | بٰرِزُوۡنَ | لَا | يَخۡفٰى | عَلَى | اللّٰهِ | مِنۡهُمۡ | شَىۡءٌ | لِمَنِ | الۡمُلۡكُ |
| وہ | نکلیں گے | نہیں | چھپی ہوگی | اوپر | اللہ کے | ان کی | کوئی چیز | کس کی ہے | بادشاہی |

لوگ سامنے نکل آئیں گے ان کی کوئی بات اللہ سے چھپی نہ ہو گی آج

الۡيَوۡمَ ؕ لِلّٰهِ الۡوَاحِدِ الۡقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلۡيَوۡمَ تُجۡزٰى كُلُّ نَفۡسٍۢ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡيَوۡمَ | لِلّٰهِ | الۡوَاحِدِ | الۡقَهَّارِ | اَلۡيَوۡمَ | تُجۡزٰى | كُلُّ | نَفۡسٍ | بِمَا |
| آج کے دن | اللہ | اکیلے | زبردست کی ہے | آج | بدلہ دیا جائے گا | ہر | آدمی کو | جو کچھ |

بادشاہت کس کی ہے؟ اکیلے زبردست اللہ کی۔ آج ہر ایک کو بدلہ دیا جائے گا

كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَسَبَتْ | لَاظُلْمَ | الْيَوْمَ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَرِيْعُ | الْحِسَابِ |
| اس نے کمایا | زیادتی نہیں کسی پر | آج | بیشک | اللہ | جلدی | حساب لینے والا ہے |

اس کی کمائی کا آج کسی پر ظلم نہیں ہوگا بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَنْذِرْهُمْ | يَوْمَ | الْاٰزِفَةِ | اِذِ | الْقُلُوْبُ | لَدَى | الْحَنَاجِرِ | كٰظِمِيْنَ | مَا |
| اور ڈراؤ ان کو | دن | قریب سے | جب | دل | پاس | گلے کے ہونگے | غم میں بھرے | نہیں |

اور (اے حبیب ﷺ!) انہیں قریب آنے والی (قیامت) کے دن سے ڈرایئے جب دل غم سے منہ کو آجائیں گے

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ﴿۱۸﴾ ؕ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ حَمِيْمٍ | وَّ | لَا | شَفِيْعٍ | يُّطَاعُ | يَعْلَمُ | خَآئِنَةَ | الْاَعْيُنِ |
| ظالموں کا | کوئی دوست | اور | نہ | سفارشی | جو کہا مانا جائے | جانتا ہے | چوری | آنکھوں کی |

ظالموں کا نہ کوئی دوست ہوگا نہ سفارشی جس کی بات مانی جائے۔ اللہ جانتا ہے چوری چھپے کی نگاہ

وَمَا تُخْفِى الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾ وَاللّٰهُ يَقْضِىْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | تُخْفِى | الصُّدُوْرُ | وَ | اللّٰهُ | يَقْضِىْ | بِالْحَقِّ | وَ | الَّذِيْنَ |
| اور | جو | چھپاتے ہیں | سینے | اور | اللہ | فیصلہ فرمائے گا | حق کے ساتھ | اور | وہ جن کو |

اور جو کچھ سینوں میں چھپا ہے۔ اور اللہ سچا فیصلہ فرماتا ہے اور اس کے سوا جن کو

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَىْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ | لَا | يَقْضُوْنَ | بِشَىْءٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | السَّمِيْعُ |
| پوجتے ہیں | اس کے سوا | نہیں | فیصلہ کرسکتے | کسی چیز کا | بیشک | اللہ | وہ ہے | سننے والا |

پوجتے ہیں وہ کچھ فیصلہ نہیں کرتے بے شک اللہ ہی سننے والا اور

الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ ع اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ ع ۱۱/۷

| الْبَصِيْرُ | اَوَلَمْ | يَسِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ | فَيَنْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھنے والا | کیا نہ | سیر کی انہوں نے | زمین میں | کر دیکھتے | کیسا ہوا | تھا | انجام |

دیکھنے والا ہے۔ اور کیا وہ زمین پر چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا

الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا

| الَّذِيْنَ | كَانُوْا | مِنْ قَبْلِهِمْ | كَانُوْا | هُمْ | اَشَدَّ | مِنْهُمْ | قُوَّةً | وَ | اٰثَارًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا جو | تھے | ان سے پہلے | تھے | وہ | سخت | ان سے | قوت میں | اور | نشانیوں میں |

جو ان سے پہلے تھے وہ قوت میں اور زمین پر نشان چھوڑنے میں ان سے بڑھ کر تھے مگر اللہ نے انہیں

فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾

| فِي الْاَرْضِ | فَاَخَذَهُمُ | اللّٰهُ | بِذُنُوْبِهِمْ | وَ | مَا | كَانَ | لَهُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | مِنْ وَّاقٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین میں | تو پکڑا ان کو | اللہ نے | انکے گناہوں کے سبب | اور | نہیں | تھا | ان کیلئے | اللہ سے | کوئی بچانے والا |

ان کے گناہوں کے بدلے میں پکڑ لیا اور انہیں اللہ سے چھڑانے والا کوئی نہ تھا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا

| ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَكَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|
| یہ | اس لیے کہ وہ | آئے تھے ان کے پاس | انکے رسول | دلائل لے کر | تو انکار کیا انہوں نے |

یہ اس لئے کہ ان کے رسول ان کے پاس واضح نشانیاں لائے تھے مگر وہ نہ مانے

فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

| فَاَخَذَهُمُ | اللّٰهُ | اِنَّهٗ | قَوِيٌّ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پکڑا ان کو | اللہ نے | بیشک وہ | زبردست | سخت | عذاب والا ہے | اور | بیشک | بھیجا ہم نے |

پھر اللہ نے انہیں پکڑ لیا وہ طاقتور اور سخت سزا دینے والا ہے۔ اور بے شک ہم نے

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | بِاٰيٰتِنَا | وَ | سُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَهَامٰنَ |
| موسیٰ کو | اپنی نشانیوں سے | اور | سند | روشن سے | طرف | فرعون کے | اور ہامان |

موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں اور روشن دلیل کے ساتھ بھیجا۔ فرعون اور ہامان اور قارون

وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَارُوْنَ | فَقَالُوْا | سٰحِرٌ | كَذَّابٌ | فَلَمَّا | جَآءَهُمْ | بِالْحَقِّ | مِنْ عِنْدِنَا |
| اور | قارون کے | تو بولے | جادوگر ہے | جھوٹا | پھر جب | لایا ان کے پاس | حق | ہماری طرف سے |

کی طرف تو انہوں نے کہا (یہ) جادوگر ہے بڑا جھوٹا۔ پھر جب وہ ان پر ہمارے پاس سے حق لائے بولے

قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوا | اقْتُلُوْٓا | اَبْنَآءَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ | وَ | اسْتَحْيُوْا |
| تو بولے | قتل کردو | بیٹے | ان کے | جو ایمان لائے | اسکے ساتھ | اور | زندہ رکھو |

جو اس پر ایمان لائے ان کے بیٹے قتل کرو اور عورتیں زندہ رکھو

نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نِسَآءَهُمْ | وَ | مَا | كَيْدُ | الْكٰفِرِيْنَ | اِلَّا | فِيْ ضَلٰلٍ | وَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ |
| ان کی عورتیں کو | اور | نہیں | داؤ | کافروں کا | مگر | بھٹکتا پھرتا | اور | بولا | فرعون |

اور ان کافروں کی تدبیر ضائع ہی جانے والی تھی۔ اور فرعون بولا

ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَرُوْنِيْٓ | اَقْتُلْ | مُوْسٰى | وَلْيَدْعُ | رَبَّهٗ | اِنِّيْٓ | اَخَافُ | اَنْ | يُّبَدِّلَ |
| مجھے چھوڑ دو | میں قتل کردوں | موسیٰ کو | اور وہ بلا لائے | اپنے رب کو | بیشک میں | ڈرتا ہوں | یہ کہ | بدل دے |

مجھے چھوڑ دو میں موسیٰ علیہ السلام کو قتل کروں اور وہ اپنے رب کو پکارے میں ڈرتا ہوں کہیں

دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿٢٦﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دِيْنَكُمْ | اَوْ | اَنْ | يُّظْهِرَ | فِي الْاَرْضِ | الْفَسَادَ | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | اِنِّيْ |
| تمہارا دین | یا | یہ کہ | پھیلائے | زمین میں | فساد | اور | فرمایا | موسیٰ نے | بیشک میں |

وہ تمہارا دین نہ بدل دے یا زمین میں فساد مچائے۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں

عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٢٧﴾ ع ع ۲/۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُذْتُ | بِرَبِّيْ | وَ | رَبِّكُمْ | مِّنْ كُلِّ | مُتَكَبِّرٍ | لَّا | يُؤْمِنُ | بِيَوْمِ الْحِسَابِ |
| پناہ لیتا ہوں | اپنے رب کی | اور | تمہارے رب کی | ہر ایک | متکبر سے جو | نہ | ایمان رکھتا ہو | یوم حساب پر |

ہر متکبر سے جو روزِ حساب کو نہیں مانتا اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ لیتا ہوں۔

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ | مِّنْ اٰلِ | فِرْعَوْنَ | يَكْتُمُ | اِيْمَانَهٗ | اَتَقْتُلُوْنَ |
| اور | کہا | ایک مرد مسلمان نے | آل | فرعون سے | چھپائے ہوئے تھا | اپنا ایمان | کیا قتل کرتے ہو |

اور آلِ فرعون میں سے ایک مؤمن شخص نے جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا کہا کیا تم ایک شخص کو

رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلًا | اَنْ | يَّقُوْلَ | رَبِّيَ | اللّٰهُ | وَ | قَدْ | جَآءَكُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | مِنْ رَّبِّكُمْ |
| اس آدمی کو جو | یہ کہ | کہتا ہے | میرا رب | اللہ ہے | اور | بیشک | لایا تمہارے پاس | دلیلیں | تمہارے رب کی طرف سے |

اس لئے قتل کر دو گے کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح

وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | يَّكُ | كَاذِبًا | فَعَلَيْهِ | كَذِبُهٗ | وَاِنْ | يَّكُ | صَادِقًا | يُّصِبْكُمْ | بَعْضُ |
| اور | اگر | ہوگا | جھوٹا | تو اس پر ہوگا | اس کا جھوٹ | اور اگر | ہے وہ | سچا | تو پہنچے گی تم کو | بعض |

نشانی لایا ہے اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کا جھوٹ اسی پر پڑے گا اور اگر وہ سچا ہے تو جس چیز سے وہ تمہیں ڈراتا ہے

الَّذِیْ یَعِدُکُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْ | یَعِدُکُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | یَهْدِیْ | مَنْ | هُوَ | مُسْرِفٌ | كَذَّابٌ |
| وہ سزا جو | وعدہ دیتا ہے تم کو | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | اس کو جو | ہو | حد سے بڑھنے والا | جھوٹا |

وہ عذاب تم پر پہنچ کر رہے گا بے شک اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا جو حد سے نکلنے والا اور بڑا جھوٹا ہو۔

یٰقَوْمِ لَکُمُ الْمُلْکُ الْیَوْمَ ظٰهِرِیْنَ فِی الْاَرْضِ ۫ فَمَنْ یَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یٰقَوْمِ | لَکُمُ | الْمُلْکُ | الْیَوْمَ | ظٰهِرِیْنَ | فِی الْاَرْضِ | فَمَنْ | یَّنْصُرُنَا | مِنْۢ بَاْسِ |
| اے میری قوم | تمہارے لیے | بادشاہی ہے | آج | غالب ہو | زمین میں | تو کون | مدد کرے گا ہماری | عذاب |

اے میرے لوگو! آج سلطنت تمہاری ہے (اس حال میں کہ) تم زمین میں غلبہ رکھتے ہو تو کون ہماری مدد کرے گا اللہ کے

اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ مَاۤ اُرِیْکُمْ اِلَّا مَاۤ اَرٰی وَمَاۤ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اِنْ | جَآءَنَا | قَالَ | فِرْعَوْنُ | مَاۤ | اُرِیْکُمْ | اِلَّا | مَاۤ | اَرٰی | وَ | مَاۤ |
| اللہ سے | اگر | ہمارے پاس آگیا | کہا | فرعون نے | نہیں | دکھاتا میں تم کو | مگر | جو | خود دیکھتا ہوں | اور | نہیں |

عذاب سے اگر وہ ہم پر آجائے فرعون بولا میں تو تمہیں وہی رائے دیتا ہوں جسے خود (صحیح) سمجھتا ہوں اور میں

اَهْدِیْکُمْ اِلَّا سَبِیْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِیْۤ اٰمَنَ یٰقَوْمِ اِنِّیْۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْدِیْکُمْ | اِلَّا | سَبِیْلَ | الرَّشَادِ | وَ | قَالَ | الَّذِیْۤ | اٰمَنَ | یٰقَوْمِ | اِنِّیْۤ |
| دکھاتا میں تم کو | مگر | راہ | بھلائی کی | اور | کہا | اس نے جو | ایمان لایا | اے میری قوم | بیشک میں |

تمہاری رہنمائی نہیں کرتا مگر کامیابی کے راستہ کی طرف۔ اور جو ایمان والا تھا کہنے لگا اے میرے لوگو! بے شک

اَخَافُ عَلَیْکُمْ مِّثْلَ یَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخَافُ | عَلَیْکُمْ | مِّثْلَ | یَوْمِ | الْاَحْزَابِ | مِثْلَ | دَاْبِ | قَوْمِ | نُوْحٍ |
| ڈرتا ہوں | تم پر | مثل | دن | گروہ کے | مثل | عادت | قوم | نوح کے |

میں تم پر پہلے گروہوں کے جیسے دن کا خوف رکھتا ہوں۔ جیسا حشر گزرا نوح علیہ السلام کی قوم

وَّعَادٍ وَّثَمُودَ وَالَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۚ وَمَا اللّٰهُ يُرِيدُ ظُلْمًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | عَادٍ | وَّ | ثَمُودَ | وَالَّذِينَ | مِنْ بَعْدِهِمْ | وَ | مَا | اللّٰهُ | يُرِيدُ | ظُلْمًا |
| اور | عاد کے | اور | ثمود کے | اور ان کے جو | بعد ان کے ہوئے | اور | نہیں | اللہ | چاہتا | ظلم |

اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد اوروں پر اور اللہ بندوں پر

لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ إِنِّيٓ أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّونَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْعِبَادِ | وَ | يٰقَوْمِ | إِنِّيٓ | أَخَافُ | عَلَيْكُمْ | يَوْمَ | التَّنَادِ | يَوْمَ | تُوَلُّونَ |
| بندوں پر | اور | اے میری قوم | بیشک میں | ڈرتا ہوں | تم پر | دن | پکارے | جس دن | پھروگے |

ظلم نہیں چاہتا۔ اور اے میری قوم میں تم پر چیخ وپکار کے دن سے ڈرتا ہوں جس دن پکار مچے گی۔ جس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو

مُدْبِرِينَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُدْبِرِينَ | مَا | لَكُمْ | مِّنَ اللّٰهِ | مِنْ عَاصِمٍ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ |
| پیٹھ دیتے | نہیں | تمہارے لیے | اللہ سے | کوئی بچانے والا | اور | جسے | گمراہ کرے | اللہ |

گے تمہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا مگر جسے اللہ گمراہ کر دے اسے راہ دکھانے

فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | لَهُ | مِنْ هَادٍ | وَ | لَقَدْ | جَآءَكُمْ | يُوسُفُ | مِنْ قَبْلُ | بِالْبَيِّنٰتِ |
| تو نہیں | اس کو | کوئی ہدایت دینے والا | اور | بیشک | آئے تمہارے پاس | یوسف | پہلے | دلائل لے کر |

والا کوئی نہیں ہوتا۔ اور اس سے پہلے یوسف علیہ السلام تمہارے پاس واضح نشانیوں کیساتھ آچکے

فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ۚ حَتّٰىٓ إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا زِلْتُمْ | فِي شَكٍّ | مِّمَّا | جَآءَكُمْ | بِهٖ | حَتّٰىٓ | إِذَا | هَلَكَ | قُلْتُمْ | لَنْ | يَّبْعَثَ |
| تو ہمیشہ رہے تم | شک میں | اس سے جو | آیا تمہارے | پاس | یہاں تک کہ | جب | وہ فوت ہوئے | تو تم نے کہا | ہرگز نہ | بھیجے گا |

مگر جو کچھ وہ لائے اس پر تم شک ہی کرتے رہے یہاں تک کہ جب وہ وفات پاگئے تو تم کہنے لگے اس کے بعد

اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ

| اللّٰهُ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | رَسُوْلًا | كَذٰلِكَ | يُضِلُّ | اللّٰهُ | مَنْ | هُوَ | مُسْرِفٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بعد اس کے | کوئی رسول | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ | اس کو جو | ہو | حد سے گزرنے والا |

اللہ کوئی رسول نہیں بھیجے گا اس طرح اللہ اسے جو حد سے نکلنے والا اور شک کرنے والا ہو

مُّرْتَابُ ۚ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ

| مُّرْتَابٌ | الَّذِيْنَ | يُجَادِلُوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | بِغَيْرِ | سُلْطٰنٍ | اَتٰىهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شک کرنیوالا | وہ جو | جھگڑتے ہیں | آیتوں میں | الٰہی کے | بغیر | سند کے | جو ان کے پاس ہو |

گمراہ کر دیتا ہے۔ جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے رہتے ہیں بغیر اس کے کہ ان کے پاس کوئی دلیل

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

| كَبُرَ | مَقْتًا | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | عِنْدَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | كَذٰلِكَ | يَطْبَعُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت بڑی | ناراضگی ہے | نزدیک | اللہ کے | اور | نزدیک | ان کے جو | مومن ہیں | اسی طرح | مہر کر دے گا | اللہ |

آئی ہو (ان کا یہ جھگڑا) بہت بڑی خفگی کا سبب ہے اللہ کے نزدیک اور ایمان والوں کے نزدیک

عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ

| عَلٰى | كُلِّ | قَلْبِ | مُتَكَبِّرٍ | جَبَّارٍ | وَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ | يٰهَامٰنُ | ابْنِ | لِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | ہر | دل | متکبر کے | سخت گیر کے | اور | بولا | فرعون | اے ہامان | بنا | میرے لیے |

اسی طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے مغرور سرکش کے دل پر۔ اور فرعون نے کہا اے ہامان! میرے لئے

صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۙ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ

| صَرْحًا | لَّعَلِّيْٓ | اَبْلُغُ | الْاَسْبَابَ | اَسْبَابَ | السَّمٰوٰتِ | فَاَطَّلِعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| محل | تاکہ میں | پہنچوں | راہوں پر | راستے | آسمانوں کے | تو میں جھانکوں |

ایک بلند عمارت بنا تاکہ میں راستوں کو پہنچ جاؤں۔ (یعنی) آسمانوں کے راستوں پر پھر میں موسیٰ علیہ السلام کے

اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّىْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى | اِلٰهِ | مُوْسٰى | وَ | اِنِّىْ | لَاَظُنُّهٗ | كَاذِبًا | وَ | كَذٰلِكَ | زُيِّنَ | لِفِرْعَوْنَ |
| طرف | خدا | موسیٰ کے | اور | بیشک میں | اسے خیال کرتا ہوں | جھوٹا | اور | اسی طرح | زینت دی گئی | فرعون کیلئے |

خدا کو جھانک کر دیکھ سکوں اور میں تو اسے جھوٹا ہی سمجھتا ہوں اور اس طرح فرعون کیلئے اس کی

سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِىْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ ع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُوْٓءُ | عَمَلِهٖ | وَ | صُدَّ | عَنِ السَّبِيْلِ | وَ | مَا | كَيْدُ | فِرْعَوْنَ | اِلَّا | فِىْ تَبَابٍ |
| برے | عمل اس کے | اور | روکا گیا | راہ سے | اور | نہیں | مکر | فرعون کا | مگر | ہلاکت میں |

بدعملی خوشنما کردی گئی اور وہ (اللہ کی) راہ سے روک دیا گیا اور فرعون کی پرفریب تدبیر محض ہلاکت ہی میں تھی۔

وَقَالَ الَّذِىْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ ج يٰقَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِىْٓ | اٰمَنَ | يٰقَوْمِ | اتَّبِعُوْنِ | اَهْدِكُمْ | سَبِيْلَ | الرَّشَادِ | يٰقَوْمِ |
| اور | بولا | وہ جو کہ | ایمان لایا تھا | اے میری قوم | میری پیروی کرو | راہ دکھاؤں تم کو | راستہ | بھلائی کا | اے میری قوم |

اور وہ ایمان والا بولا اے میری قوم! میرے پیچھے چلو میں تمہیں بھلائی کی راہ بتاؤں۔ اے میری قوم!

اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ؗ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِىَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | هٰذِهِ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | مَتَاعٌ | وَّ | اِنَّ | الْاٰخِرَةَ | هِىَ | دَارُ | الْقَرَارِ |
| اسکے سوا نہیں کہ | یہ | زندگی | دنیا کی | (تھوڑا) فائدہ ہے | اور | بیشک | آخرت کا | یہ | گھر ہے | رہنے کا |

دنیا کی یہ زندگی تو صرف سازوسامان ہے اور آخرت ہی ٹھہرنے کا گھر ہے۔

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | عَمِلَ | سَيِّئَةً | فَلَا | يُجْزٰٓى | اِلَّا | مِثْلَهَا | وَ | مَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا |
| جس نے | عمل کیا | برا | نہ | دیا جائیگا بدلہ | مگر | اسی جیسا | اور | جو کوئی | عمل کرے | اچھا |

جس نے برا عمل کیا اسے اسی کی مانند جزا دی جائے گی اور جس مرد یا عورت

مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

| مِنْ ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | وَ | هُوَ | مُؤْمِنٌ | فَاُولٰٓئِكَ | يَدْخُلُوْنَ | الْجَنَّةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرد ہو | یا | عورت ہو | اور | وہ ہو | مومن | تو یہی لوگ | داخل ہونگے | جنت میں |

نے درست عمل کیا اور وہ مومن بھی ہوا تو وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے

يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ

| يُرْزَقُوْنَ | فِيْهَا | بِغَيْرِ | حِسَابٍ | وَ | يٰقَوْمِ | مَا لِيْٓ | اَدْعُوْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ رزق دیے جائینگے | اس میں | بے | حساب | اور | اے میری قوم | کیا ہوا مجھے | میں بلاتا ہوں تمہیں |

جہاں انہیں بے حساب رزق دیا جائے گا۔ اور اے میرے لوگو! مجھے کیا ہوا کہ میں تمہیں نجات کی

اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ

| اِلَى النَّجٰوةِ | وَ | تَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَى النَّارِ | تَدْعُوْنَنِيْ | لِاَكْفُرَ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نجات کی طرف | اور | تم مجھے بلاتے ہو | آگ کی طرف | تم مجھے بلاتے ہو | کہ میں انکار کروں | اللہ کا |

طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے جہنم کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے بلاتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں

وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ

| وَ | اُشْرِكَ | بِهٖ | مَا | لَيْسَ | لِيْ | بِهٖ | عِلْمٌ | وَّ | اَنَا | اَدْعُوْكُمْ | اِلَى | الْعَزِيْزِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | میں شریک ٹھہراؤں | اسکے ساتھ | جو | نہیں | مجھے | اس کا | کوئی علم | اور | میں | بلاتا ہوں تمہیں | طرف | غالب |

اور ایسی چیز کو اللہ کا شریک ٹھہراؤں جس کا مجھے علم نہیں اور میں تمہیں بڑی عزت والے بہت بخشنے والے (رب)

الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا

| الْغَفَّارِ | لَا | جَرَمَ | اَنَّمَا | تَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَيْهِ | لَيْسَ | لَهٗ | دَعْوَةٌ | فِي الدُّنْيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والے کے | نہیں | کوئی شک | یہ کہ | تم بلاتے ہو مجھے | اسکی طرف | نہیں | اس کیلئے | بلانا | دنیا میں |

کی طرف بلاتا ہوں۔ کوئی شک نہیں کہ یقیناً جس کی طرف مجھے بلاتے ہو ایسا بلانا نہیں

وَلَا فِی الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَی اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِیْنَ هُمْ

| وَ | لَا | فِی الْاٰخِرَةِ | وَ | اَنَّ | مَرَدَّنَآ | اِلَی | اللّٰهِ | وَ | اَنَّ | الْمُسْرِفِیْنَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | آخرت میں | اور | یہ کہ | پھرنا ہے ہمیں | طرف | اللہ کی | اور | یہ کہ | حد سے بڑھنے والے | وہی ہیں |

کام کا نہیں دنیا میں نہ آخرت میں اور یہ ہمارا پھرنا اللہ کی طرف ہے اور یہ کہ حد سے

اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ؕ وَاُفَوِّضُ

| اَصْحٰبُ النَّارِ | فَسَتَذْكُرُوْنَ | مَآ | اَقُوْلُ | لَكُمْ | وَ | اُفَوِّضُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آگ والے | سو تم جلد یاد کرو گے | جو | میں کہتا ہوں | تمہیں | اور | میں سونپتا ہوں |

گزرنے والے ہی دوزخی ہیں۔ جو کچھ میں تم سے کہہ رہا ہوں جلد ہی اسے یاد کرو گے اور میں اپنے

اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا

| اَمْرِیْٓ | اِلَی | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | بَصِیْرٌۢ | بِالْعِبَادِ | فَوَقٰىهُ | اللّٰهُ | سَیِّاٰتِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنا کام | طرف | اللہ کے | بیشک | اللہ | دیکھنے والا ہے | بندوں کو | سو اسے بچالیا | اللہ نے | برائیاں سے | جو |

کام اللہ کو سونپتا ہوں بے شک اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔ پھر اللہ نے اسے ان کی

مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ ج اَلنَّارُ یُعْرَضُوْنَ

| مَكَرُوْا | وَ | حَاقَ | بِاٰلِ فِرْعَوْنَ | سُوْٓءُ | الْعَذَابِ | اَلنَّارُ | یُعْرَضُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داؤ کرتے تھے | اور | گھیر لیا | فرعون والوں کو | برے | عذاب نے | آگ کے | وہ حاضر کیے جاتے ہیں |

چالوں کی برائیوں سے بچا لیا اور آلِ فرعون کو برے عذاب نے گھیر لیا۔ آگ جس پر وہ

عَلَیْهَا غُدُوًّا وَّعَشِیًّا ج وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ قف اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ

| عَلَیْهَا | غُدُوًّا | وَّ | عَشِیًّا | وَ | یَوْمَ | تَقُوْمُ | السَّاعَةُ | اَدْخِلُوْٓا | اٰلَ فِرْعَوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر | صبح | اور | شام | اور | جس دن | قائم ہوگی | قیامت | داخل کرو تم | فرعون والوں کو |

صبح شام پیش کیے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا) ڈال دو

أَشَدَّ الْعَذَابِ (۴٦) وَ إِذْ يَتَحَاجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أَشَدَّ | الْعَذَابِ | وَ | إِذْ | يَتَحَاجُّوْنَ | فِي النَّارِ | فَيَقُوْلُ |
| شدید ترین | عذاب | اور | جب | وہ باہم جھگڑیں گے | آگ میں | تو کہیں گے |

آلِ فرعون کو سخت ترین عذاب میں۔ اور جب وہ دوزخ میں آپس میں جھگڑیں گے تو

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الضُّعَفٰٓؤُا | لِلَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْٓا | إِنَّا | كُنَّا | لَكُمْ | تَبَعًا | فَهَلْ | أَنْتُمْ | مُّغْنُوْنَ |
| کمزور | ان لوگوں سے | جو بڑے بنتے تھے | بیشک | ہم تھے | تمہارے | تابع | تو کیا | تم | دور کردو گے |

کمزور لوگ تکبر کرنے والوں سے کہیں گے بے شک ہم تمہارے ہی پیروکار تھے تو کیا تم

عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ (۴٧) قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا إِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ إِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنَّا | نَصِيْبًا | مِّنَ النَّارِ | قَالَ | الَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْٓا | إِنَّا | كُلٌّ | فِيْهَآ | إِنَّ |
| ہم سے | کچھ حصہ | آگ کا | کہیں گے | وہ لوگ جو | بڑے بنتے تھے | بیشک ہم | سب | اس میں ہیں | بیشک |

آگ کا کوئی حصہ ہم سے دور کر سکتے ہو۔ تکبر کرنے والے کہیں گے ہم سب (اسی) آگ میں ہیں بے شک

اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ (۴٨) وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰه | قَدْ | حَكَمَ | بَيْنَ | الْعِبَادِ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | فِي النَّارِ | لِخَزَنَةِ |
| اللّٰه | کرچکا | فیصلہ | درمیان | بندوں کے | اور | کہیں گے | وہ لوگ جو | آگ میں ہیں | داروغہ کو |

اللّٰه نے بندوں کے درمیان (قطعی) فیصلہ فرما دیا ہے۔ اور جو آگ میں ہیں اس کے داروغوں سے

جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ (۴٩) قَالُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | ادْعُوْا | رَبَّكُمْ | يُخَفِّفْ | عَنَّا | يَوْمًا | مِّنَ الْعَذَابِ | قَالُوْٓا |
| جہنم کے | تم دعا کرو | اپنے رب سے | ہلکا کردے | ہم سے | ایک دن | عذاب سے | وہ کہیں گے |

کہیں گے اپنے رب سے دُعا کرو ہم پر عذاب کا ایک دن ہلکا کر دے۔ وہ کہیں گے کیا

اَوَلَمۡ تَكُ تَاۡتِيۡكُمۡ رُسُلُكُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوۡا بَلٰى ؕ قَالُوۡا فَادۡعُوۡا ۚ

| اَوَلَمۡ | تَكُ | تَاۡتِيۡكُمۡ | رُسُلُكُمۡ | بِالۡبَيِّنٰتِ | قَالُوۡا | بَلٰى | قَالُوۡا | فَادۡعُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | تھے | آئے تمہارے پاس | تمہارے رسول | نشانیوں کیساتھ | وہ کہیں گے | ہاں | وہ کہیں گے | تو تم پکارو |

تمہارے پاس تمہارے رسول روشن نشانیاں نہیں لائے تھے وہ کہیں گے کیوں نہیں پھر تم ہی دعا کرو

وَمَا دُعٰٓؤُا الۡكٰفِرِيۡنَ اِلَّا فِىۡ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا لَنَنۡصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيۡنَ ع ۱۳/۵

| وَ | مَا | دُعٰٓؤُا | الۡكٰفِرِيۡنَ | اِلَّا | فِىۡ ضَلٰلٍ | اِنَّا | لَنَنۡصُرُ | رُسُلَنَا | وَالَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | پکارتے | کافر | مگر | گمراہی میں | بیشک ہم | ضرور مدد کرتے ہیں | اپنے رسولوں کی | اور ان کی جو |

اور کافروں کی دعا تو اکارت ہی جانے والی ہے۔ بے شک ہم اپنے رسولوں اور ایمان والوں

اٰمَنُوۡا فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَيَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡاَشۡهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوۡمَ لَا يَنۡفَعُ

| اٰمَنُوۡا | فِى | الۡحَيٰوةِ | الدُّنۡيَا | وَيَوۡمَ | يَقُوۡمُ | الۡاَشۡهَادُ | يَوۡمَ | لَا | يَنۡفَعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | میں | زندگی | دنیا کے | اور جس دن | کھڑے ہونگے | گواہ | وہ دن | نہ | نفع دے گا |

کو ضرور مدد دیں گے دنیا کی زندگی میں بھی اور اس دن بھی جب گواہ کھڑے ہوں گے۔ جس دن ظالموں کو

الظّٰلِمِيۡنَ مَعۡذِرَتُهُمۡ وَلَهُمُ اللَّعۡنَةُ وَلَهُمۡ سُوۡٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدۡ

| الظّٰلِمِيۡنَ | مَعۡذِرَتُهُمۡ | وَ | لَهُمُ | اللَّعۡنَةُ | وَ | لَهُمۡ | سُوۡٓءُ | الدَّارِ | وَ | لَقَدۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کو | ان کا عذر | اور | ان کیلئے | لعنت ہے | اور | ان کیلئے | برا ہے | گھر | اور | بیشک |

ان کی معذرت فائدہ نہ دے گی اور ان پر لعنت پڑے گی اور ان کے لیے بدترین گھر ہوگا۔ اور بے شک ہم نے

اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡهُدٰى وَاَوۡرَثۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى

| اٰتَيۡنَا | مُوۡسَى | الۡهُدٰى | وَ | اَوۡرَثۡنَا | بَنِىۡۤ | اِسۡرَآءِيۡلَ | الۡكِتٰبَ | هُدًى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عطا فرمائی ہم نے | موسیٰ کو | رہنمائی | اور | وارث کیا ہم نے | اولاد | یعقوب کو | کتاب کا | ہدایت |

موسیٰ علیہ السلام کو رہنمائی عطا فرمائی اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب کا

وَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ذِكْرٰى | لِاُولِى الْاَلْبَابِ | فَاصْبِرْ | اِنَّ | وَعْدَ | اللّٰهِ | حَقٌّ | وَّاسْتَغْفِرْ |
| اور | نصیحت | عقلمندوں کے لیے | تو صبر کرو | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اور بخشش مانگو |

عقل مندوں کو رہنمائی اور نصیحت کیلئے۔ تو اے محبوب ﷺ! صبر کرو بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنی امت

لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِىِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِذَنْۢبِكَ | وَسَبِّحْ | بِحَمْدِ | رَبِّكَ | بِالْعَشِىِّ | وَالْاِبْكَارِ | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
| اپنوں کے گناہ کی | اور پاکی بولو | ساتھ حمد کے | اپنے رب کے | شام کو | اور صبح کو | بیشک | وہ جو |

کے گناہوں کی معافی چاہو اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے صبح اور شام اسکی تسبیح بیان کرو۔ وہ جو اللہ کی آیتوں میں

يُجَادِلُوْنَ فِىْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِىْ صُدُوْرِهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُجَادِلُوْنَ | فِىْۤ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | بِغَيْرِ | سُلْطٰنٍ | اَتٰىهُمْ | اِنْ | فِىْ صُدُوْرِهِمْ |
| جھگڑتے ہیں | آیتوں میں | اللہ کی | بغیر | سند کے | جو انہیں ملی ہو | نہیں | ان کے دلوں میں |

جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو انہیں ملی ہو ان کے دلوں میں نہیں

اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | كِبْرٌ | مَّا | هُمْ | بِبَالِغِيْهِ | فَاسْتَعِذْ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | السَّمِيْعُ |
| مگر | تکبر | جو نہیں | وہ | اس کو پانے والے | تو پناہ مانگو | اللہ کی | بیشک وہ | وہی ہے | سننے والا |

مگر ایک بڑائی کی ہوس جسے نہ پہنچیں گے تو تم اللہ کی پناہ مانگو بے شک وہی

الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَصِيْرُ | لَخَلْقُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | اَكْبَرُ | مِنْ خَلْقِ النَّاسِ |
| دیکھنے والا | یقیناً پیدائش | آسمانوں | اور | زمین کی | بہت بڑی ہے | آدمیوں کی پیدائش سے |

سنتا دیکھتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کا بنانا انسانوں کے بنانے سے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | مَا | يَسْتَوِي | الْاَعْمٰى |
| اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | جانتے | اور | نہیں | برابر | اندھا |

زیادہ بڑا کام ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور اندھا اور دیکھنے والا برابر نہیں ہوتے

وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبَصِيْرُ | وَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | وَ | لَا | الْمُسِيْٓءُ |
| اور | دیکھنے والا | اور وہ جو | ایمان لائے | اور | عمل کیے | اچھے | اور | نہ | بدکار |

اور نہ وہ جو ایمان لاتے اور اچھے عمل کرتے ہیں اور برے لوگ مگر تم

قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلًا | مَّا | تَتَذَكَّرُوْنَ | اِنَّ | السَّاعَةَ | لَاٰتِيَةٌ | لَا | رَيْبَ | فِيْهَا | وَلٰكِنَّ |
| تھوڑا ہے | جو | نصیحت لیتے ہو تم | بیشک | قیامت | آنے والی ہے | نہیں | شک | اس میں | اور لیکن |

کم ہی نصیحت لیتے ہو۔ بے شک قیامت ضرور آئے گی اس میں کوئی شک نہیں لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | قَالَ | رَبُّكُمُ | ادْعُوْنِيْٓ | اَسْتَجِبْ |
| اکثر | لوگ | نہیں | ایمان لاتے | اور | فرمایا | تمہارے رب نے | مجھے پکارو | میں قبول کرونگا |

اکثر لوگ یقین نہیں رکھتے۔ اور آپ ﷺ کے رب نے فرمایا میرے حضور دعا کرو

لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَسْتَكْبِرُوْنَ | عَنْ عِبَادَتِيْ | سَيَدْخُلُوْنَ |
| تمہاری دعا | بیشک | وہ جو | تکبر کرتے ہیں | میری عبادت سے | جلدی داخل ہونگے |

میں (ضرور) قبول کروں گا بے شک جو لوگ میری بندگی سے تکبر کرتے ہیں عنقریب وہ ذلیل ہونے کی حالت میں

ع ۶ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ

| جَهَنَّمَ | دٰخِرِيْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الَّيْلَ | لِتَسْكُنُوْا | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنم میں | ذلیل ہوکر | اللہ | وہ ہے جس نے | بنایا | تمہارے لیے | رات کو | تاکہ تم آرام پاؤ | اس میں |

ضرور جہنم میں داخل ہوں گے۔ اللہ ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی کہ اس میں آرام پاؤ

وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

| وَ | النَّهَارَ | مُبْصِرًا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَذُوْ فَضْلٍ | عَلَى | النَّاسِ | وَلٰكِنَّ | اَكْثَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دن کو | جاگنے کیلئے | بیشک | اللہ | فضل والا ہے | اوپر | لوگوں کے | اور لیکن | اکثر |

اور دن روشن بنایا بے شک اللہ لوگوں پر فضل والا ہے لیکن بہت

وقف لازم النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٦١﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ

| النَّاسِ | لَا يَشْكُرُوْنَ | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | خَالِقُ | كُلِّ | شَيْءٍ | لَآ | اِلٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگ | شکر نہیں کرتے | یہ ہے تمہارا | اللہ | تمہارا پالنے والا | پیدا کرنے والا | ہر | شے کا | نہیں | کوئی معبود |

آدمی شکر نہیں کرتے۔ وہ ہے اللہ تمہارا رب ہر چیز کا بنانے والا اس کے

اِلَّا هُوَ ۫ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٦٢﴾ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

| اِلَّا | هُوَ | فَاَنّٰى | تُؤْفَكُوْنَ | كَذٰلِكَ | يُؤْفَكُ | الَّذِيْنَ | كَانُوْا | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | وہی | تو کہاں | اوندھے جاتے ہو | یوں ہی | اوندھے ہوتے ہیں | وہ جو | تھے | آیات | اسی کا |

سوا کسی کی بندگی نہیں تو کہاں بھٹکے جاتے ہو۔ اس طرح وہ لوگ بھٹکتے ہیں جو ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُوْنَ ﴿٦٣﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ

| يَجْحَدُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ | قَرَارًا | وَّالسَّمَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکار کرتے | اللہ | وہ ہے جس نے | بنایا | تمہارے لیے | زمین کو | قرار کی جگہ | اور آسمان کو |

انکار کرتے ہیں۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو

بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ

| بِنَآءً | وَّ | صَوَّرَكُمْ | فَاَحْسَنَ | صُوَرَكُمْ | وَ | رَزَقَكُمْ | مِّنَ الطَّيِّبٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھت | اور | صورتیں بنائیں تمہاری | تو اچھی بنائیں | صورتیں تمہاری | اور | روزی دی تم کو | پاکیزہ چیزوں سے |

چھت بنایا اور تمہاری شکل و صورت بنائی پھر تمہاری شکلوں کو خوبصورت بنایا اور تمہیں پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ

| ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | فَتَبٰرَكَ | اللّٰهُ | رَبُّ | الْعٰلَمِيْنَ | هُوَ | الْحَيُّ | لَآ | اِلٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ ہے تمہارا | اللہ | تمہارا رب | سو برکت والا ہے | اللہ | رب | جہانوں کا | وہی | زندہ ہے | نہیں | کوئی معبود |

یہ ہے اللہ تمہارا رب تو برکت والا ہے اللہ سارے جہان کا رب۔ وہی زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

| اِلَّا | هُوَ | فَادْعُوْهُ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ | الدِّيْنَ | اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | وہی | تو اسی کو پکارو | خالص کر کے | اسی کیلئے | دین | تمام تعریفیں | اللہ | رب |

تو اسی کی عبادت کرو اس کیلئے بندگی کو خالص کرتے ہوئے تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جو سب

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

| الْعٰلَمِيْنَ | قُلْ | اِنِّيْ | نُهِيْتُ | اَنْ | اَعْبُدَ | الَّذِيْنَ | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہانوں کی ہیں | فرماؤ | بیشک میں | منع کیا گیا ہوں | یہ کہ | میں پوجوں | ان کو جن کو | تم پکارتے ہو | سوائے |

جہانوں کا رب ہے۔ فرما دیجئے مجھے روکا گیا ہے ان کی عبادت سے جنہیں تم پوجتے ہو اللہ کو چھوڑ کر جب

اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۫ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ

| اللّٰهِ | لَمَّا | جَآءَنِيَ | الْبَيِّنٰتُ | مِنْ رَّبِّيْ | وَ | اُمِرْتُ | اَنْ | اُسْلِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | جبکہ | آئیں میرے پاس | روشن دلیلیں | میرے رب کی طرف سے | اور | میں حکم کیا گیا ہوں | یہ کہ | جھک جاؤں |

کہ میرے رب کی طرف سے میرے پاس روشن دلیلیں آ گئیں اور مجھے حکم ہوا کہ رب العالمین

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | مِّنْ تُرَابٍ | ثُمَّ | مِنْ نُّطْفَةٍ |
| واسطے رب | جہانوں کے | وہ | وہ ہے جس نے | پیدا کیا تم کو | مٹی سے | پھر | نطفہ سے |

کے حضور جھک جاؤں۔ وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے بنایا پھر پانی کی بوند سے پھر خون کے لوتھڑے سے

ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | مِنْ عَلَقَةٍ | ثُمَّ | يُخْرِجُكُمْ | طِفْلًا | ثُمَّ | لِتَبْلُغُوْٓا | اَشُدَّكُمْ | ثُمَّ |
| پھر | جمے ہوئے خون سے | پھر | نکالتا ہے تم کو | بچہ بنا کر | پھر | تا کہ پہنچو | جوانی اپنی کو | پھر |

پھر تمہیں نکالتا ہے بچہ بنا کر پھر تمہیں باقی رکھتا ہے کہ اپنی جوانی کو پہنچو پھر اس لئے کہ

لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتَكُوْنُوْا | شُيُوْخًا | وَ | مِنْكُمْ | مَّنْ | يُّتَوَفّٰى | مِنْ قَبْلُ | وَ | لِتَبْلُغُوْٓا |
| تا کہ ہو جاؤ | بوڑھے | اور | بعض تم میں سے | وہ ہیں جو | فوت ہو جاتے ہیں | پہلے اس سے | اور | تا کہ پہنچو تم |

بوڑھے ہو اور تم میں کوئی پہلے ہی اٹھا لیا جاتا ہے اور اس لئے کہ تم

اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجَلًا | مُّسَمًّى | وَ | لَعَلَّكُمْ | تَعْقِلُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | يُحْيٖ | وَ | يُمِيْتُ | فَاِذَا |
| مدت | مقرر کو | اور | تا کہ تم | سمجھو | وہ | وہ ہے جو | زندہ کرتا ہے | اور | مارتا ہے | تو جب |

ایک مقرر وعدہ تک پہنچو اور اس لئے کہ تم سمجھو۔ وہی ہے کہ زندہ کرتا اور مارتا ہے پھر جب کوئی

قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۶۸﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَضٰٓى | اَمْرًا | فَاِنَّمَا | يَقُوْلُ | لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ | اَلَمْ | تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ |
| حکم فرماتا ہے | کسی کام کا | تو اسکے سوا نہیں کہ | فرماتا ہے | اس کو | ہو جا | تو ہو جاتا ہے | کیا نہ | دیکھا آپ نے | طرف | ان کی جو |

حکم فرماتا ہے تو اس سے یہی کہتا ہے کہ ہو جا جبھی وہ ہو جاتا ہے۔ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا

معانقة ۱۳

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ۶۹ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| يُجَادِلُوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | اَنّٰى | يُصْرَفُوْنَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑتے ہیں | آیتوں میں | اللہ کی | کہاں | پھیرے جاتے ہیں | وہ | جنہوں نے جھٹلایا |

جو ہماری آیتوں کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں؟ وہ کدھر پھرے جا رہے ہیں؟ وہ لوگ جنہوں نے کتاب کو

بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۷۰ اِذِ

| بِالْكِتٰبِ | وَ | بِمَآ | اَرْسَلْنَا | بِهٖ | رُسُلَنَا | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ | اِذِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب کو | اور | اس کو جو | بھیجا ہم نے | اسکے ساتھ | اپنے رسولوں کو | تو عنقریب | جان لیں گے | جب |

اور اس چیز کو جس کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا جھٹلا دیا ہاں وہ جلد ہی جان لیں گے۔ جب ان کی

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ؕ يُسْحَبُوْنَ ۷۱ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ

| الْاَغْلٰلُ | فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ | وَ | السَّلٰسِلُ | يُسْحَبُوْنَ | فِي الْحَمِيْمِ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| طوق ہونگے | ان کی گردنوں میں | اور | زنجیریں | گھسیٹے جائینگے | کھولتے پانی میں | پھر |

گردنوں میں طوق ہوں گے اور زنجیریں اس حال میں وہ گھسیٹے جائیں گے۔ سخت گرم پانی میں پھر (بھڑکتی)

فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۷۲ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۷۳

| فِي | النَّارِ | يُسْجَرُوْنَ | ثُمَّ | قِيْلَ | لَهُمْ | اَيْنَ | مَا | كُنْتُمْ | تُشْرِكُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | آگ | دھکائے جائینگے | پھر | فرمایا جائے گا | ان کو | کہاں ہیں | جو | تھے تم | شریک بناتے |

آگ میں وہ جھونک دیئے جائیں گے۔ پھر ان سے فرمایا جائے گا کہاں گئے وہ جو تم شریک بناتے تھے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ

| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | قَالُوْا | ضَلُّوْا | عَنَّا | بَلْ | لَّمْ | نَكُنْ | نَّدْعُوْا | مِنْ قَبْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوائے | اللہ کے | کہیں گے | وہ گم ہوگئے | ہم سے | بلکہ | نہیں | تھے ہم | پوجتے | اس سے پہلے |

اللہ کے مقابل کہیں گے وہ تو ہم سے گم ہو گئے بلکہ ہم پہلے کچھ پوجتے ہی نہ تھے۔

شَيْـًٔا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | كَذٰلِكَ | يُضِلُّ | اللّٰهُ | الْكٰفِرِيْنَ | ذٰلِكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ |
| کچھ | ایسے ہی | گمراہ کرتا ہے | اللہ | کافروں کو | یہ | اس لیے کہ | تم تھے |

اور اللہ اسی طرح کافروں کو گمراہی میں ڈالتا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ تم

تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفْرَحُوْنَ | فِي الْاَرْضِ | بِغَيْرِ | الْحَقِّ | وَ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَمْرَحُوْنَ |
| خوش ہوتے | زمین میں | بغیر | حق کے | اور | بدلہ اس کا کہ | تھے تم | اتراتے |

زمین میں ناحق خوشیاں مناتے تھے اور اس لئے کہ تم اتراتے تھے۔

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُدْخُلُوْٓا | اَبْوَابَ | جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | فَبِئْسَ | مَثْوَى |
| داخل ہو جاؤ | دروازوں میں | جہنم کے | ہمیشہ رہیں | اس میں | تو برا ہے | ٹھکانہ |

دوزخ کے دروازوں میں وہاں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ ہاں تکبر کرنے والوں کی بستی کیا ہی

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُتَكَبِّرِيْنَ | فَاصْبِرْ | اِنَّ | وَعْدَ | اللّٰهِ | حَقٌّ | فَاِمَّا | نُرِيَنَّكَ | بَعْضَ |
| تکبر والوں کا | تو آپ صبر کریں | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | تو اگر | دکھائیں ہم آپ کو | بعض حصہ |

بُری ہے۔ تو (اے حبیب ﷺ) آپ (ان کی ایذا رسانیوں پر) صبر فرمائیں بیشک اللہ کا وعدہ حق ہے تو اگر ہم دکھا دیں آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصہ جس کا

الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | نَعِدُهُمْ | اَوْ | نَتَوَفَّيَنَّكَ | فَاِلَيْنَا | يُرْجَعُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا |
| اس عذاب کا | جو وعدہ دیتے ہم انکو | یا | ہم تمہیں وفات دیں | تو ہماری طرف | لوٹائے جائینگے | اور | بیشک | ہم نے بھیجے |

ہم ان سے وعدہ فرماتے ہیں یا (اس سے پہلے ہی) ہم آپ کو ظاہری وفات دے دیں (عذاب ان سے ٹل نہیں سکتا) کیونکہ یہ ہماری ہی طرف واپس لائے جائیں گے۔

رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رُسُلًا | مِّنْ قَبْلِكَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | قَصَصْنَا | عَلَيْكَ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | لَّمْ |
| رسول | آپ سے پہلے | ان میں سے بعض | جس کسی کا | احوال بیان کیا ہم نے | آپ پر | اور | ان میں سے | کسی کا | نہیں |

اور بیشک ہم نے آپ سے پہلے (بھی) رسول بھیجے ان میں سے بعض کا حال ہم نے آپ پر بیان فرما دیا

نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَقْصُصْ | عَلَيْكَ | وَ | مَا | كَانَ | لِرَسُوْلٍ | اَنْ | يَّاْتِيَ | بِاٰيَةٍ | اِلَّا |
| بیان کیا ہم نے | آپ پر | اور | نہیں | ہے | کسی رسول کیلئے | یہ کہ | لائے | کوئی نشانی | مگر |

اور بعض کا حال ان میں سے آپ پر بیان نہیں فرمایا اور کسی رسول کیلئے نہ تھا کہ وہ کوئی نشانی لے آئے

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاِذْنِ اللّٰهِ | فَاِذَا | جَآءَ | اَمْرُ | اللّٰهِ | قُضِيَ | بِالْحَقِّ | وَ | خَسِرَ | هُنَالِكَ |
| اللہ کے حکم سے | تو جب | آئے گا | حکم | اللہ کا | تو فیصلہ ہوگا | انصاف سے | اور | نقصان اٹھائینگے | اس جگہ |

مگر اللہ کے اذن سے، پھر جب امرِ الٰہی آ جائے گا تو حق کے ساتھ فیصلہ ہو گا اور وہاں باطل

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا ع ۸ ۱۰ ۱۲

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُبْطِلُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَنْعَامَ | لِتَرْكَبُوْا |
| باطل پرست لوگ | اللہ | وہ ہے جس نے | بنائے | تمہارے لیے | چوپائے | تا کہ تم سوار ہو |

والے نقصان اٹھائیں گے۔ اللہ ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے بنائے کہ کسی

مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهَا | وَ | مِنْهَا | تَاْكُلُوْنَ | وَ | لَكُمْ | فِيْهَا | مَنَافِعُ | وَ | لِتَبْلُغُوْا |
| ان میں سے بعض | اور | بعض کو | کھاؤ | اور | تمہارے لیے | اس میں | کتنے ہی فائدے ہیں | اور | تا کہ پہنچو |

پر سوار ہو اور کسی کا گوشت کھاؤ۔ اور تمہارے لئے ان میں کتنے ہی فائدے ہیں اور اس

عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ عَلَيْهَا وَ عَلَى الْفُلْكِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهَا | حَاجَةً | فِيْ صُدُوْرِكُمْ | وَ | عَلَيْهَا | وَ | عَلَى الْفُلْكِ |
| اس پر | ضرورت کو | اپنے دل کی مرادوں کو | اور | ان پر | اور | کشتیوں پر |

کہ تم ان کی پیٹھ پر اپنے دل کی مرادوں کو پہنچو اور ان پر اور کشتیوں

تُحْمَلُوْنَ ۸۰ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ۸۱

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُحْمَلُوْنَ | وَ | يُرِيْكُمْ | اٰيٰتِهٖ | فَاَيَّ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | تُنْكِرُوْنَ |
| سوار ہوتے ہو | اور | دکھاتا ہے تم کو | اپنی نشانیاں | تو کس | نشانی کا | اللہ کی | انکار کرتے ہو |

پر سوار ہوتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے پھر تم اللہ کی کون کون سی نشانیوں کا انکار کروگے؟

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَلَمْ | يَسِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ | فَيَنْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| کیا نہیں | پھرے وہ | زمین میں | کہ دیکھیں | کیسا | ہوا | انجام |

تو کیا وہ زمین پر چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے کہ ان سے پہلوں کا انجام کیسا ہوا؟

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَ اَشَدَّ قُوَّةً وَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | كَانُوْٓا | اَكْثَرَ | مِنْهُمْ | وَ | اَشَدَّ | قُوَّةً | وَّ |
| ان کا جو | ان سے پہلے تھے | تھے وہ | زیادہ | ان سے | اور | سخت | قوت میں | اور |

وہ ان سے تعداد میں زیادہ تھے اور قوت اور

اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۸۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰثَارًا | فِي الْاَرْضِ | فَمَآ | اَغْنٰى | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ |
| نشان ہیں انکے | زمین میں | تو نہ | کام آیا | ان کے | جو | تھے وہ | کرتے |

زمین پر نشان چھوڑنے میں بڑھ کر مگر ان کی کمائی ان کے کام نہ آئی۔

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ

| فَلَمَّا | جَآءَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَرِحُوْا | بِمَا | عِنْدَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| توجب | آئے انکے پاس | ان کے رسول | دلائل کے ساتھ | خوش ہوئے | اس پر جو | پاس ان کے تھا |

تو جب ان کے رسول ان کے پاس روشن دلیلیں لائے (تو) وہ خوش ہوتے رہے اس

مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾ فَلَمَّا

| مِّنَ الْعِلْمِ | وَ | حَاقَ | بِهِمْ | مَّا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| علم سے | اور | گھیرلیا | ان کو | اس نے کہ | تھے | اس کا | مذاق اڑاتے | پھر جب |

علم پر جو ان کے پاس تھا اور انہیں گھیر لیا اسی (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔ پھر جب

رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

| رَاَوْا | بَاْسَنَا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَحْدَهٗ | وَ | كَفَرْنَا | بِمَا | كُنَّا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھا انہوں نے | ہمارا عذاب | تو بولے | ایمان لائے ہم | اللہ پر | اکیلے پر | اور | انکار کیا ہم نے | اس کا | کرتے تھے ہم | اسکے ساتھ |

انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا بولے ہم ایمان لائے اللہ پر جو ایک ہے اور ہم نے اس کا انکار کیا جسے ہم اس کا

مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ

| مُشْرِكِيْنَ | فَلَمْ | يَكُ | يَنْفَعُهُمْ | اِيْمَانُهُمْ | لَمَّا | رَاَوْا | بَاْسَنَا | سُنَّتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریک ٹھہراتے | تو نہ | ہوا کہ | نفع دیتا ان کو | ان کا ایمان | جب | دیکھا انہوں نے | ہمارا عذاب | یہی دستور ہے |

شریک ٹھہراتے تھے۔ تو ان کے ایمان نے انہیں کام نہ دیا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا اللہ کا

اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع

| اللّٰهِ | الَّتِيْ | قَدْ | خَلَتْ | فِيْ عِبَادِهٖ | وَخَسِرَ | هُنَالِكَ | الْكٰفِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | جو | بیشک | گزر چکا | اسکے بندوں میں | اور نقصان اٹھایا | اس جگہ | کافروں نے |

دستور ہے جو اس کے بندوں میں گزر چکا اور وہاں کافر خسارے میں رہے۔

آیاتہا ۵۴ ﴿۴۱ سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَکِّیَّۃٌ ۶۱﴾ رکوعاتہا ۶

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ

| حٰمٓ | تَنْزِيْلٌ | مِّنَ الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ | كِتٰبٌ | فُصِّلَتْ | اٰيٰتُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰمٓ | یہ اتارا ہے | بڑے رحم والے | مہربان کا | یہ کتاب ہے کہ | مفصل ہیں | اس کی آیتیں |

حٰمٓ یہ نازل کیا ہوا ہے بڑے رحم والے مہربان کا۔ ایک کتاب جس کی آیتیں کھول کر بیان کر دی گئیں ہیں

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا فَاَعْرَضَ

| قُرْاٰنًا | عَرَبِيًّا | لِّقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ | بَشِيْرًا | وَّنَذِيْرًا | فَاَعْرَضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قرآن | عربی زبان میں | واسطے قوم | علم والی کے | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | تو منہ پھیرا |

عربی زبان کا قرآن اس قوم کیلئے [illegible] علم رکھتی ہے۔ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا مگر ان میں سے

اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ

| اَكْثَرُهُمْ | فَهُمْ | لَا | يَسْمَعُوْنَ | وَقَالُوْا | قُلُوْبُنَا | فِيْٓ | اَكِنَّةٍ | مِّمَّا | تَدْعُوْنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکثران کے نے | تو وہ | نہیں | سنتے | اور بولے | ہمارے دل | میں | غلاف ہیں | اس سے جو | آپ بلاتے ہیں ہم کو |

اکثر نے کنارہ کر لیا ہے سو وہ سنتے ہی نہیں۔ اور انہوں نے کہا ہمارے دل تو اس سے پردوں میں ہیں جس کی طرف آپ ہمیں

اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا

| اِلَيْهِ | وَ | فِيْٓ اٰذَانِنَا | وَقْرٌ | وَّ | مِنْۢ بَيْنِنَا | وَ | بَيْنِكَ | حِجَابٌ | فَاعْمَلْ | اِنَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس کی طرف | اور | ہمارے کانوں میں | بوجھ ہے | اور | ہمارے درمیان | اور | تمہارے درمیان | پردہ ہے | تو تم عمل کرو | بیشک ہم |

بلاتے ہیں اور ہمارے کانوں میں گرانی ہے اور ہمارے اور آپ کے درمیان (مضبوط) پردہ ہے تو آپ (اپنا) کام کریں بے

عٰمِلُوْنَ ۝۵ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

| عٰمِلُوْنَ | قُلْ | اِنَّمَآ | اَنَا | بَشَرٌ | مِّثْلُكُمْ | يُوْحٰٓى | اِلَيَّ | اَنَّمَآ | اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمل کرنیوالے ہیں | فرماؤ | اسکے سوا نہیں کہ | میں | آدمی ہوں | تمہارے جیسا | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | کہ یقینا | تمہارا خدا | خدا |

شک ہم (اپنا) کام کر رہے ہیں۔ فرما دیجئے ظاہراً آدمی ہونے میں میں تم جیسا آدمی ہی ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ

وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝۶ لا

| وَّاحِدٌ | فَاسْتَقِيْمُوْٓا | اِلَيْهِ | وَ | اسْتَغْفِرُوْهُ | وَوَيْلٌ | لِّلْمُشْرِكِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک ہے | تو سیدھے رہو | اس کی طرف | اور | بخشش مانگو اس سے | اور خرابی ہے | مشرکوں کے لیے |

(میرا اور) تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے تو اس کی طرف سیدھے رہو اور اس سے معافی مانگو اور مشرکوں کیلئے ہلاکت ہے۔

الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۷ اِنَّ

| الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ | وَهُمْ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | كٰفِرُوْنَ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | نہیں | دیتے | زکوٰۃ | اور وہ | آخرت کا | وہ | انکار کرتے ہیں | بیشک |

وہ جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔ بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۸ ع قُلْ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | اَجْرٌ | غَيْرُ | مَمْنُوْنٍ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائے | اور عمل کیے | اچھے | ان کیلئے | اجر ہے | نہ | ختم ہونے والا | فرما دیجیے |

جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کیلئے بے انتہا ثواب ہے۔ فرما دیجئے

اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ

| اَئِنَّكُمْ | لَتَكْفُرُوْنَ | بِالَّذِيْ | خَلَقَ | الْاَرْضَ | فِيْ يَوْمَيْنِ | وَتَجْعَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا تم | انکار کرتے ہو | اس ذات کا جس نے | پیدا کیا | زمین کو | دو دنوں میں | اور بناتے ہو |

کیا تم اس کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دنوں میں بنایا اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو؟

لَهٗۤ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۹ۚ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهٗ | اَنْدَادًا | ذٰلِكَ | رَبُّ | الْعٰلَمِيْنَ | وَ | جَعَلَ | فِيْهَا | رَوَاسِيَ | مِنْ فَوْقِهَا |
| اس کا | ہمسر | یہ ہے | پالنے والا | جہانوں کا | اور | بنائے | اس میں | لنگر ڈالے | اسکے اوپر سے |

حالانکہ وہی سارے جہان کا رب ہے۔ اور اس نے اس میں اوپر سے مضبوط پہاڑ رکھے ہیں

وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بٰرَكَ | فِيْهَا | وَ | قَدَّرَ | فِيْهَآ | اَقْوَاتَهَا | فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ | سَوَآءً |
| اور | برکت رکھی | اس میں | اور | اندازہ رکھا | اس میں | انکی روزی کا | چار دنوں میں | برابر ہے |

اور اس میں برکتیں رکھی ہیں اور اس میں اس کی غذاؤں کا اندازہ چار دنوں میں ٹھہرایا ہے وہ طلب

لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۱۰ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلسَّآئِلِيْنَ | ثُمَّ | اسْتَوٰٓى | اِلَى | السَّمَآءِ | وَ | هِيَ | دُخَانٌ | فَقَالَ | لَهَا |
| مانگنے والوں کیلئے | پھر | قصد فرمایا | طرف | آسمان کی | اور | وہ | دھواں تھا | تو فرمایا | اس کو |

کرنے والوں کیلئے برابر ہے۔ پھر قصد فرمایا آسمان کی طرف اور وہ دھواں تھا تو اس کو

وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۝۱۱

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِلْاَرْضِ | ائْتِيَا | طَوْعًا | اَوْ كَرْهًا | قَالَتَآ | اَتَيْنَا | طَآئِعِيْنَ |
| اور | زمین کو | آؤ | خوشی سے | یا مجبور ہوکر | بولے | ہم آئے | خوشی سے |

اور زمین کو فرمایا کہ دونوں حاضر ہو جاؤ خوشی سے یا ناخوشی سے دونوں نے کہا ہم حاضر ہوئے خوشی سے۔

فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَضٰىهُنَّ | سَبْعَ | سَمٰوَاتٍ | فِيْ يَوْمَيْنِ | وَ | اَوْحٰى | فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ |
| تو بنایا ان کو | سات | آسمان | دو دنوں میں | اور | وحی کی | اور ہر آسمان میں |

تو انکو پورے سات آسمان بنا دیا دو دن میں اور ہر آسمان میں اسی آسمان سے متعلق کاموں کا حکم بھیجا

اَمْرَهَا ۭ وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ۭ ذٰلِكَ

| اَمْرَهَا | وَ | زَيَّنَّا | السَّمَآءَ | الدُّنْيَا | بِمَصَابِيْحَ | وَحِفْظًا | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی کے کام کی | اور | ہم نے سجایا | آسمان | دنیا کو | چراغوں سے | اور حفاظت کیلئے | یہ ہے |

اور ہم نے دنیا کے آسمان کو چراغوں سے مزین فرمایا اور اسے محفوظ کر دیا یہ اندازہ مقرر کیا ہوا ہے

تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۱۲﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً

| تَقْدِيْرُ | الْعَزِيْزِ | الْعَلِيْمِ | فَاِنْ | اَعْرَضُوْا | فَقُلْ | اَنْذَرْتُكُمْ | صٰعِقَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھیرایا ہوا | عزت والے | جاننے والے کا | تو اگر | منہ پھیریں | تو فرما دیجئے | میں نے تم کو ڈرایا | ایک کڑک سے |

بڑے زبردست بہت علم والے کا۔ پھر اگر وہ منہ پھیریں تو آپ فرما دیں کہ میں تمہیں ڈراتا ہوں ایک زبردست

مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۭ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

| مِّثْلَ | صٰعِقَةِ | عَادٍ | وَّثَمُوْدَ | اِذْ | جَآءَتْهُمُ | الرُّسُلُ | مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثل | کڑک | عاد | اور ثمود کے | جب | آئے انکے پاس | رسول | ان کے آگے سے |

کڑک سے جیسی کڑک عاد اور ثمود پر آئی تھی۔ جب ان کے آگے یا ان کے پیچھے رسول آئے

وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا

| وَ | مِنْ خَلْفِهِمْ | اَلَّا | تَعْبُدُوْٓا | اِلَّا | اللّٰهَ | قَالُوْا | لَوْ | شَآءَ | رَبُّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ان کے پیچھے سے | نہ | پوجو | مگر | اللہ کو | بولے | اگر | چاہتا | ہمارا رب |

کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو بولے ہمارا رب چاہتا

لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ

| لَاَنْزَلَ | مَلٰۗىِٕكَةً | فَاِنَّا | بِمَآ | اُرْسِلْتُمْ | بِهٖ | كٰفِرُوْنَ | فَاَمَّا | عَادٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اتارتا | فرشتے | تو ہم | اس چیز سے | جو بھیجے گئے ہو تم | اس کے | منکر ہیں | تو پھر | عاد نے |

تو فرشتے اُتارتا تو جو کچھ تم لے کر بھیجے گئے ہم اسے نہیں مانتے۔ ہاں وہ جو عاد تھے

فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَكْبَرُوْا | فِي الْاَرْضِ | بِغَيْرِ | الْحَقِّ | وَ | قَالُوْا | مَنْ | اَشَدُّ | مِنَّا | قُوَّةً |
| تکبر کیا | زمین میں | بغیر | حق کے | اور | بولے | کون ہے | زیادہ | ہم سے | طاقت |

انہوں نے زمین پر ناحق تکبر کیا اور کہا ہم سے زیادہ طاقتور کون ہے؟

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَكَانُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَلَمْ | يَرَوْا | اَنَّ | اللّٰهَ | الَّذِيْ | خَلَقَهُمْ | هُوَ | اَشَدُّ | مِنْهُمْ | قُوَّةً | وَ | كَانُوْا |
| کیا نہیں | دیکھتے | کہ | اللہ | وہ جس نے | پیدا کیا ان کو | وہ | بہت زیادہ | ان سے | طاقتور | اور | تھے |

مگر کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ اللہ جس نے انہیں پیدا کیا ہے ان سے زیادہ طاقتور ہے؟ اور وہ

بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَا | يَجْحَدُوْنَ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | رِيْحًا | صَرْصَرًا | فِيْٓ اَيَّامٍ |
| ہماری آیتوں کا | انکار کرتے | تو بھیجی ہم نے | ان پر | آندھی | تند و تیز | دنوں میں |

ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ سو ہم نے منحوس دنوں میں ان پر خوفناک تند و تیز ہوا چلائی

نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نَّحِسَاتٍ | لِّنُذِيْقَهُمْ | عَذَابَ | الْخِزْيِ | فِي الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا |
| منحوس | کہ چکھائیں ہم ان کو | عذاب | رسوائی کا | زندگی میں | دنیا کی |

تاکہ انہیں دنیا کی زندگی میں رسوائی کے عذاب کا مزہ چکھائیں

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا ثَمُوْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ | اَخْزٰى | وَ | هُمْ | لَا | يُنْصَرُوْنَ | وَ | اَمَّا | ثَمُوْدُ |
| اور یقیناً عذاب | آخرت کا | بہت رسوا کن ہے | اور | وہ | نہ | مدد دیے جائیں گے | اور | وہ جو | ثمود تھے |

اور آخرت کا عذاب تو زیادہ رسوا کن ہو گا اور انہیں مدد نہیں ملے گی۔ اور رہے ثمود کے لوگ تو

فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ

| فَهَدَيْنٰهُمْ | فَاسْتَحَبُّوا | الْعَمٰى | عَلَى | الْهُدٰى | فَاَخَذَتْهُمْ | صٰعِقَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہم نے راہ دکھائی انکو | تو پسند کیا انہوں نے | اندھا رہنے کو | اوپر | ہدایت کے | تو پکڑا ان کو | کڑک نے |

ہم نے انہیں ہدایت فرمائی تو انہوں نے گمراہی کو ہدایت پر ترجیح دی تو انہیں سخت

الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| الْعَذَابِ الْهُوْنِ | بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | وَ | نَجَّيْنَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذلت کے عذاب کی | بدلے اسکے جو | تھے وہ | کرتے | اور | نجات دی ہم نے | ان کو جو | ایمان لائے |

ذلت کے عذاب کی کڑک نے پکڑ لیا اس کے سبب جو وہ کرتے تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا

وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ ع ۲ ۱۶

| وَ | كَانُوْا | يَتَّقُوْنَ | وَيَوْمَ | يُحْشَرُ | اَعْدَآءُ | اللّٰهِ | اِلَى النَّارِ | فَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تھے | پرہیزگار | اور جس دن | اکٹھے کیے جائینگے | دشمن | اللہ تعالیٰ کے | آگ کی طرف | تو وہ |

جو ایمان لائے اور وہ ڈرتے تھے۔ اور جس دن اللہ کے دشمن آگ کی طرف ہانکے جائیں گے تو پھر ان کو

يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ

| يُوْزَعُوْنَ | حَتّٰى | اِذَا مَا | جَآءُوْهَا | شَهِدَ | عَلَيْهِمْ | سَمْعُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| روکے جائینگے | یہاں تک کہ | جب وہ | آئینگے اسکے پاس تو | گواہی دینگے | ان پر | ان کے کان |

ایک جگہ روک لیا جائیگا۔ یہاں تک کہ پچھلے آ ملیں یہاں تک کہ جب وہاں پہنچیں گے ان کے کان

وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ

| وَاَبْصَارُهُمْ | وَ | جُلُوْدُهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَقَالُوْا | لِجُلُوْدِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ان کی آنکھیں | اور | ان کے چمڑے | جو | تھے وہ | کام کرتے | اور کہیں گے | اپنی کھالوں سے |

اور ان کی آنکھیں اور ان کے چمڑے سب ان پر ان کے کئے کی گواہی دیں گے۔ اور وہ اپنی جلدوں سے کہیں گے کہ تم

**لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۖ قَالُوٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِىٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَىْءٍ وَّهُوَ**

| لِمَ | شَهِدْتُّمْ | عَلَيْنَا | قَالُوٓا | اَنْطَقَنَا | اللّٰهُ | الَّذِىٓ | اَنْطَقَ | كُلَّ | شَىْءٍ | وَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیوں | گواہی دی تم نے | ہم پر | کہیں گے | بلوایا ہم کو | اللہ نے | جس نے | گویائی بخشی | ہر | چیز کو | اور | اسی نے |

ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟ وہ کہیں گی ہمیں اس اللہ نے بولنے کی طاقت دی ہے جس نے ہر چیز کو بولنے کی طاقت دی ہے اور

**خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ**

| خَلَقَكُمْ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | وَ اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | وَ | مَا | كُنْتُمْ | تَسْتَتِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا تم کو | پہلی | مرتبہ | اور اسی کی طرف | لوٹائے جاؤ گے تم | اور | جو | تھے تم | چھپتے |

اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ مگر تم اس لئے تو نہیں چھپاتے تھے

**اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ**

| اَنْ | يَّشْهَدَ | عَلَيْكُمْ | سَمْعُكُمْ | وَ | لَآ | اَبْصَارُكُمْ | وَ | لَا | جُلُوْدُكُمْ | وَلٰكِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | گواہی دینگے | تم پر | تمہارے کان | اور | نہ | آنکھیں تمہاری | اور | نہ | چمڑے تمہارے | اور لیکن |

کہ تمہارے کان تمہاری آنکھیں اور تمہاری جلدیں تمہارے خلاف گواہی دیں گی بلکہ

**ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ**

| ظَنَنْتُمْ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَعْلَمُ | كَثِيْرًا | مِّمَّا | تَعْمَلُوْنَ | وَ | ذٰلِكُمْ | ظَنُّكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خیال کیا تم نے | کہ بیشک | اللہ | نہیں | جانتا | بہت سی | وہ چیزیں جو | کرتے ہو تم | اور | یہ | تمہارا خیال تھا |

تم خیال کرتے تھے کہ اللہ تمہارے بہت سے عملوں کو نہیں جانتا۔ اور تمہارے اسی گمان نے

**الَّذِىْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ**

| الَّذِىْ | ظَنَنْتُمْ | بِرَبِّكُمْ | اَرْدٰىكُمْ | فَاَصْبَحْتُمْ | مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | خیال کیا تم نے | اپنے رب کے متعلق | ہلاک کر دیا اس نے تم کو | تو ہو گئے تم | خسارہ اٹھانے والوں میں سے | تو اگر |

جو تم نے اپنے رب کے بارے میں کیا تمہیں ہلاک کر دیا تو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئے۔ تو اگر

يَّصۡبِرُوۡا فَالنَّارُ مَثۡوًى لَّهُمۡ ۚ وَاِنۡ يَّسۡتَعۡتِبُوۡا فَمَا هُمۡ مِّنَ الۡمُعۡتَبِيۡنَ ﴿۲۴﴾

| يَّصۡبِرُوۡا | فَالنَّارُ | مَثۡوًى | لَّهُمۡ | وَ | اِنۡ | يَّسۡتَعۡتِبُوۡا | فَمَا | هُمۡ | مِّنَ الۡمُعۡتَبِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صبر کریں وہ | تو آگ | ٹھکانہ ہے | ان کا | اور | اگر | معافی مانگیں | تو نہیں | وہ | معاف کیے جائیں گے |

وہ صبر کریں تب بھی آگ ان کا ٹھکانا ہے اور اگر وہ (اللہ کو) راضی کرنا چاہیں تو ان کی یہ بات قبول نہ کی جائے گی۔

وَقَيَّضۡنَا لَهُمۡ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوۡا لَهُمۡ مَّا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ

| وَ | قَيَّضۡنَا | لَهُمۡ | قُرَنَآءَ | فَزَيَّنُوۡا | لَهُمۡ | مَّا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مقرر کیے ہم نے | ان کے لیے | ساتھی | تو سجائے انہوں نے | ان کے لیے | جو ان کے آگے تھے |

اور ہم نے ان پر کچھ ساتھی متعین کئے انہوں نے انہیں بلا کر دکھایا جو ان کے آگے ہے

وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَحَقَّ عَلَيۡهِمُ الۡقَوۡلُ فِىۡۤ اُمَمٍ قَدۡ

| وَ | مَا | خَلۡفَهُمۡ | وَ | حَقَّ | عَلَيۡهِمُ | الۡقَوۡلُ | فِىۡۤ اُمَمٍ | قَدۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | ان کے پیچھے تھے | اور | حق ہوئی | ان پر | بات | گروہوں میں | جو بیشک |

اور جو ان کے پیچھے اور ان پر بات پوری ہوئی ان گروہوں کے ساتھ جو

خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ ۚ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا

| خَلَتۡ | مِنۡ قَبۡلِهِمۡ | مِّنَ الۡجِنِّ | وَالۡاِنۡسِ | اِنَّهُمۡ | كَانُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|
| گزر چکے | ان سے پہلے | جنوں میں سے | اور انسانوں سے | بیشک وہ | تھے |

ان سے پہلے گزر چکے جن اور آدمیوں کے بے شک وہ

خٰسِرِيۡنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَا تَسۡمَعُوۡا لِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ ع ۱۴

| خٰسِرِيۡنَ | وَقَالَ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | لَا | تَسۡمَعُوۡا | لِهٰذَا | الۡقُرۡاٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خسارہ اٹھانیوالے | اور بولے | وہ جو | کافر تھے | نہ | سنو | اس | قرآن کو |

نقصان اٹھانے والے تھے۔ اور کافر بولے یہ قرآن نہ سنو اور اس (کی قرأت کے اوقات)

وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿٢٦﴾ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْغَوْا | فِيْهِ | لَعَلَّكُمْ | تَغْلِبُوْنَ | فَلَنُذِيْقَنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| اور | شور کرو | اس میں | تا کہ تم | غالب رہو | تو ہم ضرور چکھائینگے | ان کو | جو کافر تھے |

اور اس میں بیہودہ غل غپاڑہ مچاؤ شاید کہ یونہی تم غالب آ جاؤ۔ سو ہم ضرور ان کافروں کو

عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابًا | شَدِيْدًا | وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ | اَسْوَاَ | الَّذِيْ | كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ |
| عذاب | سخت | اور ضرور بدلہ دینگے ہم ان کو | برا | اس کا | وہ جو کام کرتے تھے |

سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے اور ضرور انہیں ان کے بدترین عملوں کا بدلہ دیں گے۔

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | جَزَآءُ | اَعْدَآءِ | اللّٰهِ | النَّارُ | لَهُمْ | فِيْهَا | دَارُ | الْخُلْدِ |
| یہ | بدلہ ہے | دشمنان | خدا کا | آگ | ان کے لیے | اس میں | گھر ہے | ہمیشہ کا |

یہ ہو گا اللہ کے دشمنوں کا بدلہ (یعنی) آگ اس میں ان کیلئے ہمیشہ کا گھر ہو گا

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزَآءً | بِمَا | كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | يَجْحَدُوْنَ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| بدلہ ہے | اس کا جو | تھے | ہماری آیتوں کا | انکار کرتے | اور | کہیں گے | وہ جو | کافر ہیں |

بدلہ اس بات کا کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے

رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَآ | اَرِنَا | الَّذَيْنِ | اَضَلّٰنَا | مِنَ الْجِنِّ | وَالْاِنْسِ | نَجْعَلْهُمَا |
| اے ہمارے رب | دکھا ہم کو | وہ دونوں فریق | جنہوں نے گمراہ کیا ہم کو | جنوں میں سے | اور انسانوں سے | کہ ہم کر دیں انکو |

اے ہمارے رب! ہمیں جنوں اور انسانوں میں سے وہ دونوں دکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا کہ ہم انہیں (پامال) کر دیں

تَحۡتَ اَقۡدَامِنَا لِيَكُوۡنَا مِنَ الۡاَسۡفَلِيۡنَ ۝۲۹ اِنَّ الَّذِيۡنَ

| تَحۡتَ | اَقۡدَامِنَا | لِيَكُوۡنَا | مِنَ الۡاَسۡفَلِيۡنَ | اِنَّ | الَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| نیچے | اپنے قدموں کے | تاکہ ہوں | وہ ذلیل لوگوں سے | بیشک | وہ جنہوں نے |

اپنے قدموں کے نیچے تاکہ وہ سب سے زیادہ ذلیل ہونے والوں میں سے ہو جائیں۔ بے شک جن لوگوں نے کہا

قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا تَتَنَزَّلُ عَلَيۡهِمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا

| قَالُوۡا | رَبُّنَا | اللّٰهُ | ثُمَّ | اسۡتَقَامُوۡا | تَتَنَزَّلُ | عَلَيۡهِمُ | الۡمَلٰٓئِكَةُ | اَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | ہمارا رب | اللہ ہے | پھر | جمے رہے | اترتے ہیں | ان پر | فرشتے | یہ کہ نہ |

ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ (اس پر مضبوطی سے) قائم رہے ان پر فرشتے اُترتے ہیں کہ نہ

تَخَافُوۡا وَلَا تَحۡزَنُوۡا وَاَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّةِ الَّتِىۡ كُنۡتُمۡ

| تَخَافُوۡا | وَ | لَا | تَحۡزَنُوۡا | وَ | اَبۡشِرُوۡا | بِالۡجَنَّةِ | الَّتِىۡ | كُنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خوف کرو | اور | نہ | غم کھاؤ | اور | خوشخبری حاصل کرو | جنت کی | جو | تھے تم |

خوف کرو اور نہ غمگین ہو اور اس جنت کے ساتھ خوش ہو جاؤ جس کا تم سے

تُوۡعَدُوۡنَ ۝۳۰ نَحۡنُ اَوۡلِيٰٓـؤُكُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَفِى الۡاٰخِرَةِ ۚ

| تُوۡعَدُوۡنَ | نَحۡنُ | اَوۡلِيٰٓـؤُكُمۡ | فِى الۡحَيٰوةِ | الدُّنۡيَا | وَ | فِى الۡاٰخِرَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ دیے جاتے | ہم | دوست ہیں تمہارے | زندگی میں | دنیا کے | اور | آخرت میں |

وعدہ کیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے دوست ہیں دنیا کی زندگی میں اور

وَلَكُمۡ فِيۡهَا مَا تَشۡتَهِىۡۤ اَنۡفُسُكُمۡ وَلَكُمۡ فِيۡهَا مَا

| وَلَكُمۡ | فِيۡهَا | مَا | تَشۡتَهِىۡۤ | اَنۡفُسُكُمۡ | وَ | لَكُمۡ | فِيۡهَا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تمہارے لیے ہے | اس میں | جو | چاہے | تمہارا جی | اور | تمہارے لیے ہے | اس میں | جو کچھ |

آخرت میں اور تمہارے لئے ہے اس میں جو تمہارا جی چاہے اور جو مانگو گے تمہارے لئے

تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا ع

| تَدَّعُوْنَ | نُزُلًا | مِّنْ غَفُوْرٍ | رَّحِيْمٍ | وَ | مَنْ | اَحْسَنُ | قَوْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم مانگو | مہمانی ہے | بخشنے والے کی طرف سے | مہربان | اور | کون | بہتر ہے | بات میں |

اس میں ہوگا۔ بخشنے والے مہربان کی طرف سے ہے۔ اور اس سے اچھا قول کس کا ہے

مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾

| مِّمَّنْ | دَعَآ | اِلَى اللّٰهِ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | وَّقَالَ | اِنَّنِيْ | مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے جو | بلائے | اللہ کی طرف | اور | کام کرے | اچھے | اور کہے | بیشک میں | فرمانبرداروں میں ہوں |

جس نے اللہ کی طرف بلایا اور درست عمل کرتا رہا اور کہا میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

وَلَا تَسْتَوِى الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ

| وَ | لَا | تَسْتَوِى | الْحَسَنَةُ | وَلَا | السَّيِّئَةُ | اِدْفَعْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | برابر | نیکی | اور نہ | برائی | ٹال دے |

اور اچھائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتیں اسے اس بات سے دور کر

بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ

| بِالَّتِيْ | هِيَ | اَحْسَنُ | فَاِذَا | الَّذِيْ | بَيْنَكَ | وَ | بَيْنَهٗ | عَدَاوَةٌ | كَاَنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح سے | وہ | اچھی ہو | تو پھر | وہ جو کہ | تیرے درمیان | اور | اسکے درمیان | دشمنی ہے | گویا کہ وہ |

جو بہت عمدہ ہو تو وہ شخص جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے ایسا ہو جائے گا جیسے وہ

وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا

| وَلِيٌّ | حَمِيْمٌ | وَ | مَا | يُلَقّٰهَآ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | صَبَرُوْا | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوست ہے | گہرا | اور | نہیں | توفیق ہوتی اسکی | مگر | ان کو جو | صابر ہیں | اور نہیں |

گہرا دوست ہو۔ اور یہ خوبی نہیں دی جاتی مگر انہی لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا اور یہ خوبی نہیں

يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يُلَقّٰىهَآ | اِلَّا | ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ | وَاِمَّا | يَنْزَغَنَّكَ | مِنَ الشَّيْطٰنِ |
| توفیق ہوتی اسکی | مگر | بڑے نصیب والے کو | اور اگر | وسوسہ آئے تجھ کو | شیطان کی طرف سے |

عطا کی جاتی مگر بڑے نصیب والوں کو۔ اور (اے مخاطب!) اگر شیطان کی طرف سے تجھے کوئی

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ط اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نَزْغٌ | فَاسْتَعِذْ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | السَّمِيْعُ |
| کوئی وسوسہ | تو پناہ مانگ | اللہ کی | بیشک وہ | وہی ہے | سننے والا |

وسوسہ پہنچے تو (فوراً) اللہ کی پناہ لے بے شک وہی خوب سننے والا بہت

الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ط

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَلِيْمُ | وَ | مِنْ اٰيٰتِهِ | الَّيْلُ | وَ | النَّهَارُ | وَالشَّمْسُ | وَالْقَمَرُ |
| جاننے والا | اور | اسکی نشانیوں میں سے | رات ہے | اور | دن ہے | اور سورج | اور چاند ہے |

جاننے والا ہے۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہیں رات اور دن اور سورج اور چاند

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا تَسْجُدُوْا | لِلشَّمْسِ | وَ | لَا | لِلْقَمَرِ | وَ | اسْجُدُوْا | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | خَلَقَهُنَّ |
| مت سجدہ کرو | سورج کو | اور | نہ | چاند کو | اور | سجدہ کرو | اللہ کو | جس نے | پیدا کیا ان کو |

سجدہ نہ کرو سورج کو اور نہ چاند کو اور اللہ ہی کو سجدہ کرو جس نے اسے پیدا کیا

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | اِيَّاهُ | تَعْبُدُوْنَ | فَاِنِ | اسْتَكْبَرُوْا | فَالَّذِيْنَ | عِنْدَ |
| اگر | ہو تم | خاص اس کی | عبادت کرتے | تو اگر | تکبر کریں | تو وہ جو | پاس |

اگر تم اس کے بندے ہو۔ تو اگر یہ تکبر کریں

۲ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ۝۳۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | يُسَبِّحُوْنَ | لَهٗ | بِالَّيْلِ | وَالنَّهَارِ | وَ | هُمْ | لَا | يَسْـَٔمُوْنَ |
| تیرے رب کے ہیں | تسبیح کرتے ہیں | اس کی | رات | اور دن | اور | وہ | نہیں | تھکتے |

تو وہ جو تمہارے رب کے پاس فرشتے ہیں رات دن اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں اور اکتاتے نہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مِنْ اٰيٰتِهٖ | اَنَّكَ | تَرَى | الْاَرْضَ | خَاشِعَةً | فَاِذَآ | اَنْزَلْنَا |
| اور | اس کی نشانیوں میں سے ہے | کہ تو | دیکھتا ہے | زمین کو | دبی ہوئی | تو جب | اتارتے ہیں ہم |

اور اس کی نشانیوں میں یہ بھی ہے کہ آپ زمین خشک دیکھتے ہیں پھر جب ہم اس پر

عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۭ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهَا | الْمَآءَ | اهْتَزَّتْ | وَرَبَتْ | اِنَّ | الَّذِيْٓ | اَحْيَاهَا | لَمُحْيِ |
| اس پر | پانی | تو لہلہاتی ہے | اور پھولتی ہے | بیشک | وہ جس نے | زندہ کیا اس کو | وہ زندہ کرنے والا ہے |

پانی برساتے ہیں تو وہ سرسبز و شاداب ہوجاتی ہے اور نمو پانے لگتی ہے بے شک وہ جس نے

الْمَوْتٰى ۭ اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۳۹ اِنَّ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتٰى | اِنَّهٗ | عَلٰي | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
| مُردوں کو | بیشک وہ | اوپر | ہر | شے کے | قادر ہے | بیشک | وہ جو |

اسے زندہ کیا وہ مردوں کو بھی ضرور زندہ کرے گا وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جو لوگ ہماری آیتوں

يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يُلْحِدُوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِنَا | لَا يَخْفَوْنَ | عَلَيْنَا | اَفَمَنْ | يُّلْقٰى | فِي النَّارِ |
| ٹیڑھے چلتے ہیں | ہماری آیتوں میں | چھپے نہیں | ہم سے | تو کیا جو | ڈالا جائے گا | آگ میں |

میں کج روی کرتے ہیں وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں تو کیا وہ

خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرٌ | اَمْ | مَّنْ | يَّاْتِيْٓ | اٰمِنًا | يَّوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اِعْمَلُوْا | مَا |
| بہتر ہے | یا | وہ جو | آئے گا | امان سے | دن | قیامت کے | عمل کرو | جو |

جو آگ میں ڈالا جائے گا بہتر ہے یا وہ جو روزِ قیامت کو امن میں رہے گا؟

شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شِئْتُمْ | اِنَّهٗ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
| تم چاہو | بیشک وہ | اس کو | جو تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | بیشک | وہ جو |

تم جو چاہو کرو وہ تمہارے عملوں کو دیکھ رہا ہے۔ بیشک جنہوں نے

كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَ اِنَّهٗ لَكِتٰبٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | بِالذِّكْرِ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | وَ | اِنَّهٗ | لَكِتٰبٌ |
| کافر ہوئے | قرآن سے | جب | آیا ان کے پاس | اور | بیشک وہ | کتاب ہے |

قرآن کے ساتھ کفر کیا جب وہ ان کے پاس آ گیا اور بیشک وہ (قرآن) ضرور بڑی

عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَزِيْزٌ | لَا | يَاْتِيْهِ | الْبَاطِلُ | مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ | وَ | لَا |
| عزت والی | نہیں | آتا اسکے پاس | باطل | اس کے آگے سے | اور | نہ |

عزت والی کتاب ہے۔ اس (قرآن) کے پاس باطل نہیں آ سکتا نہ اس کے سامنے سے اور نہ اس کے

مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا يُقَالُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ خَلْفِهٖ | تَنْزِيْلٌ | مِّنْ حَكِيْمٍ | حَمِيْدٍ | مَا | يُقَالُ |
| اسکے پیچھے سے | اتارا گیا ہے | حکمت والے کی طرف سے | تعریف کیے گئے | نہیں | فرمایا جاتا |

پیچھے سے نازل کیا ہوا ہے بڑی حکمت والے خوب حمد کیے ہوئے (رب) کا۔ (اے حبیب ﷺ!) جو

لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

| لَكَ | اِلَّا | مَا | قَدْ | قِيْلَ | لِلرُّسُلِ | مِنْ قَبْلِكَ | اِنَّ | رَبَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کو | مگر | وہی | جو | فرمایا جاتا تھا | رسولوں کو | آپ سے پہلے | بیشک | تمہارا رب |

آپ سے کہی جاتی ہیں (یہ) وہی باتیں ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی جا چکی ہیں بے شک آپ کا رب

لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ (۴۳) وَلَوْ جَعَلْنٰهُ

| لَذُوْ مَغْفِرَةٍ | وَ | ذُوْ عِقَابٍ | اَلِيْمٍ | وَ | لَوْ | جَعَلْنٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشش والا ہے | اور | عذاب | دردناک والا ہے | اور | اگر | بناتے ہم اس کو |

ضرور معافی والا (بھی) ہے اور دردناک سزا دینے والا (بھی) ہے۔ اور اگر ہم اس (کتاب)

قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ

| قُرْاٰنًا | اَعْجَمِيًّا | لَقَالُوْا | لَوْ | لَا | فُصِّلَتْ | اٰيٰتُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قرآن | عجمی زبان میں | تو کہتے | کیوں | نہیں | مفصل | اس کی آیتیں |

کو عجمی زبان کا قرآن بنا دیتے تو یقیناً یہ کہتے کہ اس کی آیتیں واضح طور پر بیان کیوں نہیں کی گئیں کیا

ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ

| ءَاَعْجَمِيٌّ | وَعَرَبِيٌّ | قُلْ | هُوَ | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | هُدًى | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا عجمی قرآن | اور عربی نبی | فرماؤ | وہ | ان کیلئے جو | مومن ہیں | ہدایت | اور |

کتاب عجمی ہے اور رسول عربی ہے (اس لیے اے محبوب مکرم! ہم نے قرآن عجمی [illegible] آپ کی [illegible]

شِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ

| شِفَآءٌ | وَ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | فِيْٓ اٰذَانِهِمْ | وَقْرٌ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شفاء ہے | اور | وہ جو | نہیں | ایمان لاتے | ان کے کانوں میں | بوجھ ہے | اور |

زبان میں اتار دیا ہے)۔ فرما دیجیے: وہ (قرآن) ایمان والوں کیلئے ہدایت (بھی) ہے اور شفا (بھی) ہے اور جو لوگ ایمان نہیں

هُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ

| هُوَ | عَلَيْهِمْ | عَمًى | اُولٰۗىِٕكَ | يُنَادَوْنَ | مِنْ مَّكَانٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| وہ | ان پر | اندھاپن ہے | یہ لوگ | پکارے جاتے ہیں | جگہ سے |

رکھتے ان کے کانوں میں بہرے پن کا بوجھ ہے وہ ان کے حق میں نابینا پن (بھی) ہے (گویا) وہ لوگ کسی دور کی جگہ سے

بَعِيْدٍ ۝۴۴ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَ ع ۵ ۱۲/۱۹

| بَعِيْدٍ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | فَاخْتُلِفَ | فِيْهِ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دور کی | اور | بیشک | عطا فرمائی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | تو اختلاف کیا گیا | اس میں | اور |

پکارے جاتے ہیں۔ اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی پھر اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر

لَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ

| لَوْلَا | كَلِمَةٌ | سَبَقَتْ | مِنْ رَّبِّكَ | لَقُضِيَ | بَيْنَهُمْ | وَ | اِنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر نہ ہوتی | بات جو | پہلے گذر چکی | تمہارے رب کی طرف سے | تو فیصلہ ہو جاتا | انکے درمیان | اور | بیشک وہ |

تمہارے رب کی طرف سے پہلے ہی بات طے نہ ہو چکی ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا اور اب وہ اس کے بارے میں

لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝۴۵ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَاۗءَ

| لَفِيْ شَكٍّ | مِّنْهُ | مُرِيْبٍ | مَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَلِنَفْسِهٖ | وَ | مَنْ | اَسَاۗءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ شک میں ہیں | اس سے | متردد ہیں | جو | عمل کرے | نیک | تو اسی کیلئے ہے | اور | جو | برا کرے |

ایک پریشان کن شک میں پڑے ہیں۔ جس نے درست عمل کیا وہ اس کے اپنے لئے ہے اور جس نے

فَعَلَيْهَا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝۴۶

| فَعَلَيْهَا | وَ | مَا | رَبُّكَ | بِظَلَّامٍ | لِّلْعَبِيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو اسی پر ہے | اور | نہیں | تمہارا رب | ظلم کرنے والا | بندوں پر |

برا کام کیا وہ اسی کے خلاف ہے اور تمہارا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے

اِلَيۡهِ يُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرٰتٍ مِّنۡ اَكۡمَامِهَا وَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيۡهِ | يُرَدُّ | عِلۡمُ | السَّاعَةِ | وَمَا | تَخۡرُجُ | مِنۡ ثَمَرٰتٍ | مِّنۡ اَكۡمَامِهَا | وَمَا |
| اسی کی طرف | لوٹایا جاتا ہے | علم | قیامت کا | اور جو | نکلتا ہے | کوئی پھل | اپنے غلافوں سے | اور نہ |

قیامت کا علم اسی کی طرف لوٹایا جاتا ہے اور پھلوں میں سے کوئی پھل اپنے غلافوں سے باہر نہیں آتا اور کوئی مادہ حاملہ نہیں ہوتی اور

تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلۡمِهٖ ؕ وَيَوۡمَ يُنَادِيۡهِمۡ اَيۡنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحۡمِلُ | مِنۡ اُنۡثٰى | وَ | لَا | تَضَعُ | اِلَّا | بِعِلۡمِهٖ | وَيَوۡمَ | يُنَادِيۡهِمۡ | اَيۡنَ |
| حاملہ ہوتی ہے | کوئی مادہ | اور | نہ | جنتی ہے | مگر | اس کے علم سے | اور جس دن | پکارے گا ان کو | کہاں ہیں |

نہ کوئی مادہ بچہ جنتی ہے مگر سب اس کے علم میں ہے اور جس دن اللہ انہیں ندا فرمائے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں وہ کہیں گے (اے

شُرَكَآءِىۡ ۙ قَالُوۡۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنۡ شَهِيۡدٍ ۚ ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شُرَكَآءِىۡ | قَالُوۡۤا | اٰذَنّٰكَ | مَا | مِنَّا | مِنۡ شَهِيۡدٍ | وَضَلَّ | عَنۡهُمۡ | مَّا |
| میرے شریک | کہیں گے | ہم تجھ سے کہہ چکے | نہیں | ہم میں سے | کوئی گواہ | اور گم ہو گیا | ان سے | جو |

رب!) ہم تیری بارگاہ میں عرض کر چکے کہ ہم میں سے کوئی گواہی دینے والا نہیں (کہ وہ تیرے شریک ہیں)۔ اور گم ہو جائیں گے

كَانُوۡا يَدۡعُوۡنَ مِنۡ قَبۡلُ وَظَنُّوۡا مَا لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِيۡصٍ ﴿۴۸﴾ لَا يَسۡـَٔمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوۡا | يَدۡعُوۡنَ | مِنۡ قَبۡلُ | وَظَنُّوۡا | مَا | لَهُمۡ | مِّنۡ مَّحِيۡصٍ | لَا | يَسۡـَٔمُ |
| تھے | پکارتے | پہلے | اور سمجھ لیے | کہ نہیں | ان کیلئے | کوئی بھاگنے کی جگہ نہیں | نہیں | تھکتا |

ان سے وہ سب جن کی وہ پہلے (دنیا میں) پوجا کرتے تھے اور سمجھ لیں گے کہ انہیں بھاگنے کا کوئی موقع نہیں۔ آدمی

الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ الۡخَيۡرِ ۟ وَاِنۡ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوۡسٌ قَنُوۡطٌ ﴿۴۹﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاِنۡسَانُ | مِنۡ دُعَآءِ الۡخَيۡرِ | وَ | اِنۡ | مَّسَّهُ | الشَّرُّ | فَيَـُٔوۡسٌ | قَنُوۡطٌ |
| انسان | بھلائی مانگنے سے | اور | اگر | پہنچے اس کو | برائی | تو ہوتا ہے ناامید | مایوس |

بھلائی مانگنے سے نہیں اکتاتا اور کوئی برائی پہنچے تو ناامید آس توڑ کر بیٹھ جاتا ہے۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَئِنْ | اَذَقْنٰهُ | رَحْمَةً | مِّنَّا | مِنْۢ بَعْدِ | ضَرَّآءَ | مَسَّتْهُ | لَيَقُوْلَنَّ | هٰذَا | لِيْ |
| اور اگر | ہم اس کو چکھائیں | رحمت | اپنی طرف سے | بعد | تکلیف کے | جو پہنچی اسکو | تو ضرور کہے گا | یہ | میرے لئے |

اور اگر ہم اسے کچھ اپنی رحمت کا مزہ دیں اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچی تھی تو کہے گا یہ تو میری ہے

وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَآ | اَظُنُّ | السَّاعَةَ | قَآئِمَةً | وَّلَئِنْ | رُّجِعْتُ | اِلٰى | رَبِّيْٓ | اِنَّ | لِيْ | عِنْدَهٗ |
| اور نہیں | خیال کرتا میں | قیامت کو | قائم ہونے والی | اور اگر | میں لوٹایا گیا | طرف | اپنے رب کی | بیشک | میرے لیے | اسکے پاس |

اور میرے گمان میں قیامت قائم نہ ہوگی اور اگر میں رب کی طرف لوٹایا بھی گیا تو ضرور میرے لئے

لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۫ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَلْحُسْنٰى | فَلَنُنَبِّئَنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِمَا | عَمِلُوْا | وَ | لَنُذِيْقَنَّهُمْ | مِّنْ عَذَابٍ |
| خوبی ہی ہے | تو ہم ضرور خبر دینگے | ان کو جو | کافر ہوئے | جو | انہوں نے کیا | اور | ضرور چکھائینگے ہم انکو | عذاب |

اس کے پاس بھلائی ہی ہے تو ضرور ہم بتا دیں گے کافروں کو جو انہوں نے کیا اور ضرور انہیں سخت ترین عذاب (کا مزہ)

غَلِيْظٍ ⑤٠ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَلِيْظٍ | وَ | اِذَآ | اَنْعَمْنَا | عَلَى | الْاِنْسَانِ | اَعْرَضَ | وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ |
| سخت | اور | جب | ہم انعام کرتے ہیں | اوپر | انسان کے | منہ پھیرتا ہے | اور دور ہٹ جاتا ہے اپنی طرف |

چکھائیں گے۔ اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ کنارہ کر جاتا ہے اور کروٹ پھیر لیتا ہے

وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ⑤١ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | مَسَّهُ | الشَّرُّ | فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | كَانَ | مِنْ عِنْدِ |
| اور | جب | اسے پہنچتی ہے | تکلیف | تو چوڑی دعا کرنیوالا ہے | فرماؤ | کیا دیکھا تم نے | اگر | ہو | پاس سے |

اور جب اسے برائی پہنچتی ہے تو وہ لمبی چوڑی دعائیں مانگنے لگتا ہے۔ فرمادیجئے کیا تم نے غور کیا کہ اگر یہ (قرآن) اللہ کیطرف

اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِیْ شِقَاقٍۢ بَعِیْدٍ ﴿۵۲﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | ثُمَّ | كَفَرْتُمْ | بِهٖ | مَنْ | اَضَلُّ | مِمَّنْ | هُوَ | فِیْ شِقَاقٍ | بَعِیْدٍ |
| اللہ کے | پھر | تم منکر ہوگئے | اس کے | تو کون | زیادہ گمراہ ہے | اس سے کہ | وہ | ضد میں ہے | دور کی |

ہے ہوا پھر تم نے اسکا انکار کیا تو اس سے بڑا گمراہ کون ہو سکتا ہے جو انتہا درجے کی مخالفت میں پڑا ہوا ہے۔

سَنُرِیْهِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى یَتَبَیَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَنُرِیْهِمْ | اٰیٰتِنَا | فِی الْاٰفَاقِ | وَ | فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ | حَتّٰى | یَتَبَیَّنَ | لَهُمْ | اَنَّهُ |
| جلدی دکھائیں گے ہم انکو | اپنی آیتیں | دنیا بھر میں | اور | ان کی جانوں میں | یہاں تک | ظاہر ہو جائے | ان کیلئے کہ | بیشک وہ |

عنقریب ہم انہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں گے (عالم کے) اطراف میں اور ان کے نفسوں میں یہاں تک کہ ان پر ظاہر

الْحَقُّ ؕ اَوَ لَمْ یَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَاۤ اِنَّهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَقُّ | اَوَ لَمْ | یَكْفِ | بِرَبِّكَ | اَنَّهٗ | عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | شَهِیْدٌ | اَلَاۤ | اِنَّهُمْ |
| حق ہے | کیا نہیں | کافی | آپ کا رب | بیشک وہ | اوپر | ہر | چیز کے | گواہ ہے | خبردار | بیشک وہ |

ہو جائے کہ یقیناً وہی (قرآن) حق ہے (اے حبیب ﷺ!) کیا (انہیں) یہ کافی نہیں کہ آپ کا رب ہر چیز پر گواہ ہے۔ سن لو بے

ع فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ﴿۵۴﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِیْ مِرْیَةٍ | مِّنْ لِّقَآءِ | رَبِّهِمْ | اَلَاۤ | اِنَّهٗ | بِكُلِّ | شَیْءٍ | مُّحِیْطٌ |
| شک میں ہیں | ملاقات کے | اپنے رب کی | خبردار | بیشک وہ | ہر | چیز کو | گھیرنے والا ہے |

شک ان کفار کو اپنے رب کے حضور پیش ہونے میں شک ہے خبردار! بے شک وہ (اپنے علم و قدرت سے) ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔

آیاتہا ۵۳ — ۴۲ سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی مَکِّیَّۃٌ ۶۲ — رکوعاتہا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ (۱) عٓسٓقٓ (۲) كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰمٓ | عٓسٓقٓ | كَذٰلِكَ | يُوْحِيْٓ | اِلَيْكَ | وَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِكَ |
| حٰمٓ | عٓسٓقٓ | ایسے ہی | وحی کرتا ہے | آپ کی طرف | اور | طرف | ان کی جو | آپ سے پہلے تھے |

حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ اللہ غالب و دانا اسی طرح آپ کی طرف (دلائل ومضامین) بھیجتا ہے جس طرح آپ سے پہلے

اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۳) لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | لَهٗ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي الْاَرْضِ | وَ | هُوَ |
| اللہ | عزت والا | حکمت والا | اسی کا ہے | جو | آسمانوں میں ہے | اور جو | زمین میں ہے | اور | وہ |

(پیغمبروں) کی طرف وحی بھیجتا رہا ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین پر ہے اور وہ عالی مرتبہ

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ (۴) تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَلِيُّ | الْعَظِيْمُ | تَكَادُ | السَّمٰوٰتُ | يَتَفَطَّرْنَ | مِنْ فَوْقِهِنَّ | وَ | الْمَلٰۗىِٕكَةُ |
| بلند ہے | حکمت والا | قریب ہے کہ | آسمان | شق ہو جائیں | اپنے اوپر سے | اور | فرشتے |

اور صاحب عظمت ہے۔ قریب ہے کہ (ہیبت الٰہیہ سے) آسمان اپنے اوپر سے پھٹ جائیں اور فرشتے اپنے رب

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسَبِّحُوْنَ | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَيَسْتَغْفِرُوْنَ | لِمَنْ | فِي الْاَرْضِ | اَلَآ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| تسبیح کرتے ہیں | ساتھ حمد کے | اپنے رب کے | اور بخشش مانگتے ہیں | ان کیلئے جو | زمین میں ہے | خبردار | بیشک | اللہ |

کیساتھ اسکی پاکی بیان کرتے ہیں اور زمین والوں کیلئے بخشش مانگتے ہیں سن لو یقیناً اللہ ہی

هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (۵) وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | الْغَفُوْرُ | الرَّحِيْمُ | وَ | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِهٖٓ | اَوْلِيَاۗءَ | اللّٰهُ |
| وہی ہے | بخشنے والا | مہربان | اور | وہ جنہوں نے | بنا رکھے ہیں | اللہ کے سوا | والی | اللہ |

بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو دوست بنایا اللہ ان (کے اعمال)

حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ۝٦ وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا

| حفیظ | علیہم | و | ما | انت | علیہم | بوکیل | و | کذلک | اوحینا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نگہبان ہے | ان پر | اور | نہیں | تم | ان کے | ذمہ دار | اور | ایسے ہی | وحی کی ہم نے |

پر نگران ہے اور آپ ان کافروں کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی زبان میں

إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ

| الیک | قرآنا عربیا | لتنذر | ام القری | و | من | حولها | و | تنذر | یوم | الجمع |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کی طرف | عربی قرآن | تاکہ تم ڈراؤ | مکہ والوں کو | اور | جو | اسکے گرد ہیں | اور | تم ڈراؤ | دن | قیامت کے |

قرآن کی وحی کی تاکہ آپ مکہ والوں کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ارد گرد رہتے ہیں ڈر سنا سکیں اور آپ جمع ہونے کے اس دن کا

لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ۝٧ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ

| لا | ریب | فیہ | فریق | فی الجنۃ | و | فریق | فی السعیر | ولو | شاء | اللہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | شک | اس میں | ایک گروہ | جنت میں | اور | ایک گروہ | دوزخ میں | اور اگر | چاہے | اللہ |

خوف دلائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگا۔ اور اللہ چاہتا تو

لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ ۚ

| لجعلہم | امۃ | واحدۃ | و | لکن | یدخل | من | یشاء | فی رحمتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو بناتے ان کو | امت | ایک | اور | لیکن | داخل کرتا ہے | جسے | چاہے | اپنی رحمت میں |

ان سب کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن اللہ اپنی رحمت میں لیتا ہے جسے چاہے

وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝٨ أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ

| و | الظلمون | ما | لہم | من ولی | و | لا | نصیر | ام | اتخذوا | من دونہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ظالم | نہیں | ان کیلئے | کوئی دوست | اور | نہ | مددگار | کیا | ٹھہراتے ہیں | اللہ کے سوا |

اور ظالموں کا نہ کوئی دوست ہے نہ مددگار۔ کیا انہوں نے اس کے علاوہ رفیق بنا رکھے ہیں؟

اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

| اَوْلِيَآءَ | فَاللّٰهُ | هُوَ | الْوَلِيُّ | وَ | هُوَ | يُحْيِ | الْمَوْتٰى | وَ | هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| والی | تو اللہ | وہی ہے | والی | اور | وہی | زندہ کرتا ہے | مُردوں کو | اور | وہ | اوپر | ہر | شے کے |

مگر اللہ ہی رفیق ہے اور وہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝۹ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ ع ۱۹ ۲

| قَدِيْرٌ | وَ | مَا | اخْتَلَفْتُمْ | فِيْهِ | مِنْ شَيْءٍ | فَحُكْمُهٗٓ | اِلَى | اللّٰهِ | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قادر ہے | اور | جو | اختلاف کرو تم | اس میں | کچھ بھی | تو اس کا فیصلہ | طرف | اللہ کے ہے | یہ ہے | اللہ |

قادر ہے۔ اور جو اختلاف بھی تم کسی بات میں کرتے ہو اس کا فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے یہ ہے اللہ میرا رب

رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ڰ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

| رَبِّيْ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْتُ | وَ | اِلَيْهِ | اُنِيْبُ | فَاطِرُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرا رب | اسی پر | میں نے بھروسہ کیا | اور | اسی کی طرف | میں رجوع کرتا ہوں | پیدا کرنے والا | آسمانوں کا | اور زمین کا |

اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا اس نے تم میں سے تمہارے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ

| جَعَلَ | لَكُمْ | مِّنْ اَنْفُسِكُمْ | اَزْوَاجًا | وَّ | مِنَ الْاَنْعَامِ | اَزْوَاجًا | يَذْرَؤُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنایا | تم کو | تمہاری اپنی جانوں سے | جوڑے | اور | چوپایوں سے | جوڑے | پھیلاتا ہے تم کو |

جوڑے بنائے اور مویشیوں کے جوڑے اس (تدبیر) سے (زمین میں) تمہیں پھیلاتا ہے، اس کی مثل کوئی چیز نہیں اور وہ

فِيْهِ ۭ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝۱۱ لَهٗ مَقَالِيْدُ

| فِيْهِ | لَيْسَ | كَمِثْلِهٖ | شَيْءٌ | وَ | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْبَصِيْرُ | لَهٗ | مَقَالِيْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | نہیں ہے | اس کی مثل | کوئی چیز | اور | وہ ہے | سننے والا | دیکھنے والا | اسی کیلئے ہیں | کنجیاں |

(ہر بات) بہت سننے والا (ہر چیز کو) خوب دیکھنے والا ہے۔ وہی مالک ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ بِكُلِّ

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَ | يَقْدِرُ | اِنَّهٗ | بِكُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کی | اور | زمین کی | وسیع کرتا ہے | رزق | جس کیلئے | چاہے | اور | تنگ فرماتا ہے | بیشک وہ | ہر |

آسمانوں اور زمینوں کی کنجیوں کا جس کیلئے چاہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور (جس کیلئے چاہے) تنگ کر دیتا ہے بے شک وہ ہر چیز

شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ

| شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | شَرَعَ | لَكُمْ | مِّنَ الدِّيْنِ | مَا | وَصّٰى | بِهٖ | نُوْحًا | وَّالَّذِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز کو | جانتا ہے | مقرر کیا | تمہارے لیے | دین | جس کا | حکم دیا تھا | اس کا | نوح کو | اور وہ جو |

کو خوب جاننے والا ہے۔ تمہارے لئے دین کا وہ راستہ مقرر فرمایا جس کا حکم اس نے نوح علیہ السلام کو دیا اور جو ہم نے آپ کی طرف

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ

| اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ | وَمَا | وَصَّيْنَا | بِهٖٓ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | مُوْسٰى | وَعِيْسٰٓى | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وحی کی ہم نے | آپکی طرف | اور جو | حکم دیا ہم نے | اس کا | ابراہیم | اور | موسیٰ | اور عیسیٰ کو | یہ کہ |

وحی کی اور جس کا حکم ہم نے ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کو دیا کہ دین پر قائم رہو اور

اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ

| اَقِيْمُوا | الدِّيْنَ | وَ | لَا تَتَفَرَّقُوْا | فِيْهِ | كَبُرَ | عَلَى | الْمُشْرِكِيْنَ | مَا | تَدْعُوْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھیک رکھو | دین | اور | پھوٹ نہ ڈالو | اس میں | بڑی بات ہے | اوپر | مشرکوں کے | جو | بلاتے ہو ان کو |

اس میں تفرقہ نہ ڈالو مشرکوں پر بہت ہی گراں ہے وہ جس کی طرف تم انہیں بلاتے ہو اور

اِلَيْهِ ۭ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾

| اِلَيْهِ | اَللّٰهُ | يَجْتَبِيْٓ | اِلَيْهِ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | يَهْدِيْٓ | اِلَيْهِ | مَنْ | يُّنِيْبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف اسکی | اللہ | چن لیتا ہے | اپنی طرف | جسے | چاہے | اور | ہدایت دیتا ہے | اپنی طرف اسکو | جو | رجوع کرے |

اللہ اپنے قرب کیلئے چن لیتا ہے جسے چاہے اور اپنی طرف راہ دیتا ہے اسے جو رجوع کرتا ہے۔

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | تَفَرَّقُوْٓا | اِلَّا | مِنْۢ بَعْدِ | مَا جَآءَهُمُ | الْعِلْمُ | بَغْيًۢا | بَيْنَهُمْ | وَلَوْلَا | كَلِمَةٌ |
| عَلٰی | سُوْقِهٖ | یُعْجِبُ | الزُّرَّاعَ | لِیَغِیْظَ | بِهِمُ | الْكُفَّارَ | وَعَدَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اپنے ساق کے | پسند آتی ہے | کسانوں کو | کہ غصہ دلائے | انکے ساتھ | کافروں کو | وعدہ کیا | اللہ نے |

ہوگئی کاشتکاروں کو بہت اچھی لگتی ہے تاکہ ان کی وجہ سے کافروں کے دل جلائے اللہ نے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ﴿٢٩﴾ ع

| الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | مِنْهُمْ | مَّغْفِرَةً | وَّ | اَجْرًا | عَظِیْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے جو | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | ان میں سے | بخشش ہے | اور | اجر ہے | بڑا |

ان میں ایمان والوں اور نیک کام کرنے والوں سے مغفرت اور بڑے اجر کا وعدہ فرمایا ہے۔

## آیاتها ١٨ ۔ ٤٩ سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ ١٠٦ ۔ ركوعاتها ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا

| يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُقَدِّمُوْا | بَيْنَ يَدَيِ | اللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | وَاتَّقُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | نہ | بڑھو | آگے | اللہ | اور | اسکے رسول کے | اور ڈرو |

اے ایمان والو! اللہ اور اسکے رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا

| اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَرْفَعُوْۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | بیشک | اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | نہ | بلند کرو |

بیشک اللہ خوب سنتا خوب جانتا ہے۔ اے ایمان والو اپنی آواز کو غیب بتانے والے نبی ﷺ کی آواز سے

اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ

| اَصْوَاتَكُمْ | فَوْقَ | صَوْتِ | النَّبِيِّ | وَ | لَا | تَجْهَرُوْا | لَهٗ | بِالْقَوْلِ | كَجَهْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی آوازیں | اوپر | آواز | غیب بتانے والے نبی کے | اور | نہ | چلاؤ | آپ کے سامنے | بات میں | جیسے چلاتے ہو |

بلند نہ کرو اور ان کے ساتھ اس طرح بلند آواز سے بات (بھی) نہ کیا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز کے ساتھ

بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝۲ اِنَّ

| بَعْضِكُمْ | لِبَعْضٍ | اَنْ | تَحْبَطَ | اَعْمَالُكُمْ | وَ | اَنْتُمْ | لَا تَشْعُرُوْنَ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے بعض | سامنے بعض کے | یہ کہ | اکارت نہ ہوجائیں | تمہارے عمل | اور | تم کو | خبر نہ ہو | بیشک |

بات کرتے ہو ایسا نہ ہو کہ کہیں تمہارے سارے اعمال ہی غارت ہو جائیں اور تمہیں شعور تک بھی نہ ہو۔ جو

الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

| الَّذِيْنَ | يَغُضُّوْنَ | اَصْوَاتَهُمْ | عِنْدَ | رَسُوْلِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ جو | نیچی رکھتے ہیں | اپنی آوازیں | نزدیک | رسول | اللہ کے | یہی وہ ہیں | جن کو |

لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس اپنی آوازیں نیچی رکھتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن

امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۳﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امْتَحَنَ | اللّٰهُ | قُلُوْبَهُمْ | لِلتَّقْوٰى | لَهُمْ | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ | اِنَّ |
| جانچ لیا | اللہ نے | ان کے دلوں کو | پرہیزگاری کیلئے | ان کیلئے | بخشش ہے | اور | اجر | بڑا | بیشک |

کے دل اللہ نے تقویٰ کیلئے جانچ لئے ہیں ان کیلئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔ جو

الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يُنَادُوْنَكَ | مِنْ وَّرَآءِ | الْحُجُرٰتِ | اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْقِلُوْنَ |
| وہ لوگ جو | پکارتے ہیں آپ کو | باہر سے | حجروں کے | اکثر ان کے | نہیں | عقل رکھتے |

لوگ آپ ﷺ کو حجروں کے باہر سے آوازیں دیتے ہیں ان میں اکثر عقل نہیں رکھتے۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | صَبَرُوْا | حَتّٰى | تَخْرُجَ | اِلَيْهِمْ | لَكَانَ | خَيْرًا | لَّهُمْ | وَ | اللّٰهُ |
| اور | اگر | وہ | صبر کرتے | یہاں تک کہ | آپ نکلتے | انکی طرف | تو ہوتا | بہتر | ان کیلئے | اور | اللہ |

اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ (خود) ان کی طرف باہر تشریف لے آتے تو ضرور ان کیلئے بہت اچھا ہوتا اور اللہ بہت بخشنے

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِنْ | جَآءَكُمْ | فَاسِقٌۢ | بِنَبَاٍ |
| بخشنے والا | مہربان ہے | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | اگر | لائے تمہارے پاس | فاسق آدمی | کوئی خبر |

والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اے ایمان والو! اگر فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو (اس کی)

فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَبَيَّنُوْۤا | اَنْ | تُصِيْبُوْا | قَوْمًۢا | بِجَهَالَةٍ | فَتُصْبِحُوْا | عَلٰى | مَا | فَعَلْتُمْ |
| تو تحقیق کرلیا کرو | یہ کہ | ایذا نہ دے بیٹھو | کسی قوم کو | بے علمی میں | تو ہو جاؤ | اوپر | اسکے جو | کیا تم نے |

تحقیق کر لو (کہیں ایسا نہ ہو) کہ تم کسی قوم کو لاعلمی میں (ناحق) تکلیف پہنچا بیٹھو پھر اپنے کئے پر

نٰدِمِيْنَ ۝٦ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نٰدِمِيْنَ | وَاعْلَمُوْٓا | اَنَّ | فِيْكُمْ | رَسُوْلَ | اللّٰهِ | لَوْ | يُطِيْعُكُمْ | فِيْ كَثِيْرٍ |
| ندامت کرنیوالے | اور جان لو | بیشک | تم میں | رسول ہیں | اللہ کے | اگر | تمہاری خوشی چاہیں | بہت میں |

پچھتاتے رہ جاؤ۔ اور جان لو کہ تم میں اللہ کے رسول موجود ہیں بہت معاملوں میں اگر یہ تمہاری

مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ الْاَمْرِ | لَعَنِتُّمْ | وَلٰكِنَّ | اللّٰهَ | حَبَّبَ | اِلَيْكُمُ | الْاِيْمَانَ | وَزَيَّنَهٗ |
| معاملوں میں | تو تم مشقت میں پڑو | اور لیکن | اللہ تعالیٰ نے | پسند کرایا | تمہیں | ایمان | اور سجایا اس کو |

خوشی (کے لیے بات مان) لیں تو تم ضرور مشقت میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے تمہیں ایمان کی

فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ قُلُوْبِكُمْ | وَ | كَرَّهَ | اِلَيْكُمُ | الْكُفْرَ | وَ | الْفُسُوْقَ | وَ | الْعِصْيَانَ | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ |
| تمہارے دلوں میں | اور | ناپسند کرایا | تمہیں | کفر | اور | حکم عدولی | اور | نافرمانی | یہی لوگ ہیں جو | وہ |

محبت عطا فرمائی ہے اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کر دیا اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگواری

الرّٰشِدُوْنَ ۝٧ۙ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرّٰشِدُوْنَ | فَضْلًا | مِّنَ اللّٰهِ | وَ | نِعْمَةً | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ |
| راہ پر ہیں | فضل ہے | اللہ کی طرف سے | اور | احسان | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے |

کر دی ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں۔ اللہ کا فضل اور احسان اور اللہ علم ور حمت والا ہے۔

وَاِنْ طَاۗىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | طَاۗىِٕفَتٰنِ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | اقْتَتَلُوْا | فَاَصْلِحُوْا | بَيْنَهُمَا | فَاِنْ |
| اور | اگر | دو گروہ | مسلمانوں کے | لڑ پڑیں آپس میں | تو صلح کراؤ | ان میں | پھر اگر |

اور اگر مومنوں کے دو گروہ آپس میں لڑ جائیں تو ان کے درمیان صلح کرا دو پھر اگر

# بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰی

| بَغَتْ | اِحْدٰىهُمَا | عَلَى | الْاُخْرٰى | فَقَاتِلُوْا | الَّتِیْ | تَبْغِیْ | حَتّٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زیادتی کرے | ایک ان میں سے | اوپر | دوسری کے | تو لڑو | جو کہ | زیادتی کرتا ہے | یہاں تک |

ان میں سے ایک دوسرے کے خلاف سرکشی کرے تو اس سے جو سرکشی کرتا ہے لڑو یہاں تک کہ

# تَفِیْٓءَ اِلٰٓی اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا بِالْعَدْلِ

| تَفِیْٓءَ | اِلٰٓی | اَمْرِ | اللّٰهِ | فَاِنْ | فَآءَتْ | فَاَصْلِحُوْا | بَیْنَهُمَا | بِالْعَدْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پلٹ آئے | طرف | حکم | اللہ کے | پھر اگر | پلٹ آئے | تو صلح کراؤ | ان میں | انصاف سے |

وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے پھر اگر وہ لوٹ آئے تو دونوں کے درمیان برابری کی بنا پر صلح کرا دو

# وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ

| وَ | اَقْسِطُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | یُحِبُّ | الْمُقْسِطِیْنَ | اِنَّمَا | الْمُؤْمِنُوْنَ | اِخْوَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | انصاف کرو | بیشک | اللہ | پسند کرتا ہے | انصاف کرنیوالوں | بیشک | مسلمان | بھائی بھائی ہیں |

اور انصاف کرو اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ مؤمن تو بس بھائی بھائی ہیں

# فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع یٰۤاَیُّهَا

| فَاَصْلِحُوْا | بَیْنَ | اَخَوَیْكُمْ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ | تُرْحَمُوْنَ | یٰۤاَیُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو صلح کراؤ | درمیان | اپنے بھائیوں کے | اور | ڈرو | اللہ سے | تاکہ تم | رحم کیے جاؤ | اے |

پس اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرا دو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اے

# الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤی اَنْ یَّكُوْنُوْا خَیْرًا

| الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا | لَا | یَسْخَرْ | قَوْمٌ | مِّنْ قَوْمٍ | عَسٰۤی | اَنْ | یَّكُوْنُوْا | خَیْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے ایمان والو | نہ | ہنسی کرے | کوئی قوم | کسی قوم سے | قریب ہے | یہ کہ | ہوں | بہتر |

ایمان والو! مردوں کا کوئی گروہ دوسرے گروہ کا مذاق نہ اڑائے بعید نہیں کہ وہ ان (مذاق اڑانے والوں

مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ

| مِّنْهُمْ | وَ | لَا | نِسَآءٌ | مِّنْ نِّسَآءٍ | عَسٰٓى | اَنْ | يَّكُنَّ | خَيْرًا | مِّنْهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | اور | نہ | کوئی عورت | کسی عورت سے | قریب ہے | یہ کہ | ہوں | بہتر | ان سے |

سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں کا (مذاق اڑایا کریں) عجب نہیں کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور آپس میں

وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

| وَ | لَا تَلْمِزُوْٓا | اَنْفُسَكُمْ | وَ | لَا تَنَابَزُوْا | بِالْاَلْقَابِ | بِئْسَ | الِاسْمُ | الْفُسُوْقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | طعنہ مت دو | آپس میں | اور | نہ رکھو | برے نام | برا | نام | فسق ہے |

طعنہ زنی نہ کیا کرو اور نہ ایک دوسرے کو برے القاب سے بلاؤ کیا ہی برا نام ہے

بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۱﴾ يٰٓاَيُّهَا

| بَعْدَ | الْاِيْمَانِ | وَمَنْ | لَّمْ يَتُبْ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعد | ایمان کے | اور جو | توبہ نہ کرے | تو یہی | وہ | ظالم ہیں | اے |

ایمان کے بعد فاسق کہلانا اور جو لوگ توبہ نہ کریں تو وہی ظلم کرنے والے ہیں۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اجْتَنِبُوْا | كَثِيْرًا | مِّنَ الظَّنِّ | اِنَّ | بَعْضَ | الظَّنِّ | اِثْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائے ہو | بچو | بہت | گمانوں سے | بیشک | بعض | گمان | گناہ ہیں |

ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو بے شک بعض گمان گناہ ہیں اور (عیبوں کی) جستجو نہ کرو اور ایک دوسرے

وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ

| لَا | تَجَسَّسُوْا | وَ | لَا | يَغْتَبْ | بَّعْضُكُمْ بَعْضًا | اَيُحِبُّ | اَحَدُكُمْ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | جاسوسی کرو | اور | نہ | غیبت کرو | ایک دوسرے کی | کیا پسند کرتا ہے | کوئی تم میں سے | یہ کہ |

غیبت (بھی) نہ کرو کیا تم میں کوئی پسند کرے گا کہ وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے؟ تو تم اس

يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّاْكُلَ | لَحْمَ | اَخِيْهِ | مَيْتًا | فَكَرِهْتُمُوْهُ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | تَوَّابٌ |
| کھائے | گوشت | اپنے بھائی | مردہ کا | تو ناپسند کروگے تم اسکو | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | توبہ قبول کرنیوالا |

سے (انتہائی) کراہت (محسوس) کرتے ہو اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ توبہ کو بہت قبول کرنے والا بے حد

رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمٌ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | اِنَّا | خَلَقْنٰكُمْ | مِّنْ ذَكَرٍ | وَّ | اُنْثٰى | وَ | جَعَلْنٰكُمْ |
| مہربان ہے | اے | لوگو | بیشک ہم نے | پیدا کیا تم کو | ایک مرد سے | اور | ایک عورت سے | اور | بنایا ہم نے تم کو |

رحم فرمانے والا ہے۔ اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں شاخیں اور قبیلے کیا

شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ۚ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۗ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شُعُوْبًا | وَّ | قَبَآئِلَ | لِتَعَارَفُوْا | اِنَّ | اَكْرَمَكُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | اَتْقٰىكُمْ | اِنَّ |
| شاخیں | اور | قبیلے | تاکہ پہچان رکھو | بیشک | معزز تم میں سے | نزدیک | اللہ کے | زیادہ پرہیزگار ہے | بیشک |

تاکہ آپس میں پہچان رکھو بے شک اللہ کے یہاں تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیز گار ہے بے شک

اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۗ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | خَبِيْرٌ | قَالَتِ | الْاَعْرَابُ | اٰمَنَّا | قُلْ | لَّمْ | تُؤْمِنُوْا | وَ | لٰكِنْ |
| اللہ | جاننے والا | خبردار ہے | کہا | بدوں نے | ہم ایمان لائے | آپ کہیں | نہیں | تم ایمان لائے | اور | لیکن |

اللہ جاننے والا خبر دار ہے۔ دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے فرما دیجئے تم ایمان تو نہ لائے

قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۗ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُوْلُوْۤا | اَسْلَمْنَا | وَلَمَّا | يَدْخُلِ | الْاِيْمَانُ | فِيْ قُلُوْبِكُمْ | وَ | اِنْ | تُطِيْعُوا | اللّٰهَ |
| کہو | ہم مطیع ہوئے | اور ابھی نہیں | داخل ہوا | ایمان | تمہارے دلوں میں | اور | اگر | اطاعت کروگے | اللہ |

ہاں یوں کہو کہ ہم مطیع ہوئے اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں کہاں داخل ہوا اور اگر تم اللہ

وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

| وَرَسُوْلَهٗ | لَا يَلِتْكُمْ | مِّنْ اَعْمَالِكُمْ | شَيْـًٔا | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے رسول کی | نہیں کمی کرے گا | تمہارے اعمال میں | کچھ بھی | بیشک | اللہ | بخشنے والا |

اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو گے تو اللہ تمہارے کسی عمل کا تمہیں نقصان نہ دے گا بیشک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ

| رَّحِيْمٌ | اِنَّمَا | الْمُؤْمِنُوْنَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | ثُمَّ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان ہے | بیشک | مومن تو | وہ ہیں جو | ایمان لائے | اللہ پر | اور | اس کے رسول پر | پھر | نہیں |

مہربان ہے۔ مومن تو صرف وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول

يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ

| يَرْتَابُوْا | وَ | جٰهَدُوْا | بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ | فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | اُولٰۗىِٕكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا شک | اور | جہاد کیا | اپنے مالوں سے | اور | اپنی جانوں سے | اللہ کی راہ میں | یہی لوگ ہیں |

پر ایمان لائے پھر شک نہیں کیا اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے

هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿١٥﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا

| هُمُ | الصّٰدِقُوْنَ | قُلْ | اَتُعَلِّمُوْنَ | اللّٰهَ | بِدِيْنِكُمْ | وَ | اللّٰهُ | يَعْلَمُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | سچے | فرمائیں | کیا بتاتے ہو تم | اللہ کو | اپنا دین | اور | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ |

جہاد کیا، وہی سچے ہیں۔ فرما دیجئے کیا تم اللہ کو اپنے دین کی خبر دیتے ہو؟ مگر اللہ جانتا ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٦﴾ يَمُنُّوْنَ

| فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي الْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | يَمُنُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں میں | اور | جو کچھ | زمین میں ہے | اور | اللہ | ہر | چیز کا | جاننے والا ہے | احسان رکھتے ہیں |

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین پر ہے اور اللہ ہر بات کو جاننے والا ہے۔ (اے حبیب ﷺ!) آپ پر

عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ

| عَلَيْكَ | اَنْ | اَسْلَمُوْا | قُلْ | لَا | تَمُنُّوْا | عَلَيَّ | اِسْلَامَكُمْ | بَلِ | اللّٰهُ | يَمُنُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ پر | یہ کہ | مسلمان ہوئے | آپ فرمادیں | نہ | احسان رکھو | مجھ پر | اپنے اسلام کا | بلکہ | اللہ | احسان رکھتا ہے |

احسان جتاتے ہیں کہ وہ مسلمان ہو گئے آپ فرما دیجئے اپنے اسلام کا احسان مجھ پر نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر

عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

| عَلَيْكُمْ | اَنْ | هَدٰىكُمْ | لِلْاِيْمَانِ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | یہ کہ | ہدایت دی تم کو | ایمان کی | اگر | ہو تم | سچے | بیشک | اللہ | جانتا ہے |

احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کیطرف ہدایت فرمائی اگر (واقعی) تم سچے ہو۔ بے شک اللہ جانتا ہے

غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۸ ۱۴

| غَيْبَ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | بَصِيْرٌ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غیب | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور | اللہ | دیکھتا ہے | جو تم | عمل کرتے ہو |

آسمانوں اور زمین کے سب غیب اور اللہ خوب دیکھتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔

اٰیاتہا ۴۵ — ۵۰ سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ ۳۴ — رکوعاتہا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَاۗءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ منزل ۷

| قٓ | وَ | الْقُرْاٰنِ | الْمَجِيْدِ | بَلْ | عَجِبُوْٓا | اَنْ | جَاۗءَهُمْ | مُنْذِرٌ | مِنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قٓ | قسم ہے | قرآن | بزرگ کی | بلکہ | تعجب کیا انہوں نے | یہ کہ | آیا ان کے پاس | ڈرانے والا | انہی میں سے |

قٓ عزت والے قرآن کی قسم۔ بلکہ انہیں اس کا تعجب ہوا کہ ان کے پاس انہی میں سے ایک ڈر سنانے

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ﴿٢﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَالَ | الْكٰفِرُوْنَ | هٰذَا | شَيْءٌ | عَجِيْبٌ | ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | ذٰلِكَ |
| تو کہا | کافروں نے | یہ | چیز | عجیب ہے | کیا جب | ہم مر جائیں گے | اور | ہو جائیں گے | مٹی | یہ |

والا تشریف لایا تو کافر بولے یہ تو عجیب بات ہے۔ کیا جب ہم مر کے مٹی ہو جائیں دوبارہ اٹھیں گے؟ یہ

رَجْعٌ بَعِيْدٌ ﴿٣﴾ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجْعٌ | بَعِيْدٌ | قَدْ | عَلِمْنَا | مَا | تَنْقُصُ | الْاَرْضُ | مِنْهُمْ | وَ | عِنْدَنَا |
| لوٹنا ہے | دور کی بات | بیشک | ہم نے جانا | جو | کم کرتی ہے | زمین | ان میں سے | اور | ہمارے پاس |

پلٹنا بعید ہے۔ ہم جانتے ہیں جو کچھ زمین ان میں سے کم کرتی ہے اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے

كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿٤﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كِتٰبٌ | حَفِيْظٌ | بَلْ | كَذَّبُوْا | بِالْحَقِّ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | فَهُمْ | فِيْٓ اَمْرٍ |
| کتاب ہے | نگہبان | بلکہ | انہوں نے جھٹلایا | حق کو | جب | آیا ان کے پاس | تو وہ | کام میں |

جس میں سب کچھ محفوظ ہے۔ بلکہ انہوں نے حق کو جھٹلایا جب وہ ان کے پاس آگیا تو اب وہ الجھن اور اضطراب کی بات میں

مَّرِيْجٍ ﴿٥﴾ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّرِيْجٍ | اَفَلَمْ | يَنْظُرُوْٓا | اِلَى | السَّمَآءِ | فَوْقَهُمْ | كَيْفَ | بَنَيْنٰهَا | وَزَيَّنّٰهَا | وَ | مَا |
| متردد ہیں | تو کیا نہیں | دیکھا انہوں نے | طرف | آسمان کی | اپنے اوپر | کس طرح | ہم نے بنایا اسکو | اور زینت دی اسکو | اور | نہیں |

پڑے ہوئے ہیں۔ تو کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان نہ دیکھا ہم نے اسے کیسا بنایا اور کس طرح اسے آراستہ کیا اور

لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿٦﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهَا | مِنْ فُرُوْجٍ | وَ | الْاَرْضَ | مَدَدْنٰهَا | وَاَلْقَيْنَا | فِيْهَا | رَوَاسِيَ | وَ | اَنْۢبَتْنَا |
| اس میں | کوئی رخنہ | اور | زمین کو | پھیلایا ہم نے | اور ڈالے | اس میں | لنگر | اور | اگائے ہم نے |

اس میں کوئی شگاف بھی نہیں۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں لنگر ڈالے اور

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝٧ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝٨

| فِيْهَا | مِنْ كُلِّ | زَوْجٍ | بَهِيْجٍ | تَبْصِرَةً | وَّ | ذِكْرٰى | لِكُلِّ | عَبْدٍ | مُّنِيْبٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | ہر طرح کے | جوڑے | بارونق | دیکھنے کیلئے | اور | نصیحت ہے | واسطے ہر ایک | بندے | رجوع کرنے والے کیلئے |

اس میں ہر بارونق جوڑا اُگایا۔ بصیرت اور نصیحت ہے ہر رجوع والے بندے کیلئے۔

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝٩

| وَنَزَّلْنَا | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | مُّبٰرَكًا | فَاَنْۢبَتْنَا | بِهٖ | جَنّٰتٍ | وَّ | حَبَّ | الْحَصِيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اتارا ہم نے | بلندی سے | پانی | برکت والا | تو اگائے ہم نے | اس سے | باغ | اور | اناج | کاٹا جاتا ہے |

اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی اُتارا ہے پھر اس سے باغ اور کئی فصلوں کے دانے اُگائے ہیں۔

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝١٠ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً

| وَالنَّخْلَ | بٰسِقٰتٍ | لَّهَا | طَلْعٌ | نَّضِيْدٌ | رِّزْقًا | لِّلْعِبَادِ | وَ | اَحْيَيْنَا | بِهٖ | بَلْدَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کھجوریں | بلند | ان کے | خوشے ہیں | تہ بہ تہ | رزق | بندوں کیلئے | اور | زندہ کیا ہم نے | اس سے | شہر |

اور لمبی لمبی کھجوریں جن کے خوشے تہ بہ تہ ہوتے ہیں۔ (اپنے) بندوں کی روزی کیلئے اور اس (پانی) سے ہم نے مردہ شہر کو زندہ

مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝١١ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ

| مَّيْتًا | كَذٰلِكَ | الْخُرُوْجُ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوْحٍ | وَّ | اَصْحٰبُ الرَّسِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مردہ کو | اسی طرح | نکلنا ہے | جھٹلایا | اس سے پہلے | قوم | نوح نے | اور | کنویں والوں نے |

کیا اسی طرح (مرنے کے بعد تمہارا قبروں سے) نکلنا ہے۔ جھٹلایا ان سے پہلے نوح علیہ السلام کے (منکر) لوگوں نے اور (اندھے)

وَثَمُوْدُ ۝١٢ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝١٣ وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ

| وَ | ثَمُوْدُ | وَ | عَادٌ | وَّ | فِرْعَوْنُ | وَ | اِخْوَانُ لُوْطٍ | وَّ | اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ثمود نے | اور | عاد نے | اور | فرعون نے | اور | لوط کے ہم قوموں نے | اور | بن کے رہنے والوں نے |

کنوئیں والوں اور ثمود نے۔ اور عاد اور فرعون اور لوط کے ہم قوموں نے۔ اور ایکہ والوں اور (شاہ یمن اسعد ابو کریب) تبع

وَقَوۡمُ تُبَّعٍؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيۡدِ ﴿١٤﴾ اَفَعَيِيۡنَا

| وَ | قَوۡمُ | تُبَّعٍ | كُلٌّ | كَذَّبَ | الرُّسُلَ | فَحَقَّ | وَعِيۡدِ | اَفَعَيِيۡنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قوم | تبع نے | سب نے | جھٹلایا | رسولوں کو | تو ثابت ہو گیا | میرے عذاب کا وعدہ | کیا ہم تھک گئے |

(الحمیری) کی قوم نے ان میں ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرے عذاب کا وعدہ ثابت ہو گیا۔ تو کیا ہم پہلی بار

بِالۡخَلۡقِ الۡاَوَّلِؕ بَلۡ هُمۡ فِىۡ لَبۡسٍ مِّنۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ﴿١٥﴾ وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا

| بِالۡخَلۡقِ | الۡاَوَّلِ | بَلۡ | هُمۡ | فِىۡ لَبۡسٍ | مِّنۡ خَلۡقٍ | جَدِيۡدٍ | وَ | لَقَدۡ | خَلَقۡنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدائش | پہلی سے | بلکہ | وہ | شک میں ہیں | پیدائش | نئی سے | اور | بیشک | پیدا کیا ہم نے |

بنانے سے تھک گئے ہیں؟ نہیں مگر وہ کسی نئے بنانے سے شک میں ہیں۔ اور ہم نے انسان کو بنایا ہے

الۡاِنۡسَانَ وَنَعۡلَمُ مَا تُوَسۡوِسُ بِهٖ نَفۡسُهٗ ۖۚ وَنَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَيۡهِ

| الۡاِنۡسَانَ | وَنَعۡلَمُ | مَا | تُوَسۡوِسُ | بِهٖ | نَفۡسُهٗ | وَ | نَحۡنُ | اَقۡرَبُ | اِلَيۡهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انسان کو | اور ہم جانتے ہیں | جو | وسوسہ ڈالتا ہے | اس کو | اس کا نفس | اور | ہم | زیادہ قریب ہیں | اس کی طرف |

اور جانتے ہیں جو وسوسے اس کا دل اٹھاتا ہے اور ہم اس کی شہ رگ سے زیادہ

مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِيۡدِ ﴿١٦﴾ اِذۡ يَتَلَقَّى الۡمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَعَنِ الشِّمَالِ

| مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِيۡدِ | اِذۡ | يَتَلَقَّى | الۡمُتَلَقِّيٰنِ | عَنِ الۡيَمِيۡنِ | وَ | عَنِ الشِّمَالِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شاہ رگ سے بھی | جب | ملتے ہیں | دو ملنے والے | دائیں سے | اور | بائیں سے |

اس کے قریب ہیں۔ جب (اس کے ہر قول وفعل کو) لے لیتے ہیں دو (فرشتے) لینے والے (ایک) داہنی طرف اور (دوسرا)

قَعِيۡدٌ ﴿١٧﴾ مَا يَلۡفِظُ مِنۡ قَوۡلٍ اِلَّا لَدَيۡهِ رَقِيۡبٌ عَتِيۡدٌ ﴿١٨﴾ وَجَآءَتۡ

| قَعِيۡدٌ | مَا | يَلۡفِظُ | مِنۡ قَوۡلٍ | اِلَّا | لَدَيۡهِ | رَقِيۡبٌ | عَتِيۡدٌ | وَجَآءَتۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیٹھے ہوئے | نہیں | بولتا | کوئی لفظ | مگر | اس کے پاس | نگہبان ہیں | تیار | اور آئی |

بائیں طرف بیٹھا ہوتا ہے۔ وہ زبان سے کوئی بات نہیں کہتا مگر اس کے پاس (اس کا) نگہبان لکھنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔ اور آئی

سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿١٩﴾ وَنُفِخَ

| سَكْرَةُ | الْمَوْتِ | بِالْحَقِّ | ذٰلِكَ | مَا | كُنْتَ | مِنْهُ | تَحِيْدُ | وَ | نُفِخَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے ہوشی | موت کی | ساتھ حق کے | یہ | وہ ہے جو | تو تھا | اس سے | بھاگتا | اور | پھونکا گیا |

موت کی سختی حق کے ساتھ یہ ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔ اور صور

فِي الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿٢٠﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ

| فِي الصُّوْرِ | ذٰلِكَ | يَوْمُ | الْوَعِيْدِ | وَ | جَآءَتْ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّعَهَا | سَآئِقٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صور میں | یہ | دن ہے | عذاب کے وعدے کا | اور | آئے گا | ہر | آدمی | اسکے ساتھ | ہانکنے والا |

پھونکا گیا یہ ہے وعدۂ عذاب کا دن۔ اور ہر شخص اپنے ساتھ ایک ہانکنے والا اور ایک

وَّشَهِيْدٌ ﴿٢١﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ

| وَّ | شَهِيْدٌ | لَقَدْ | كُنْتَ | فِيْ غَفْلَةٍ | مِّنْ هٰذَا | فَكَشَفْنَا | عَنْكَ | غِطَآءَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | گواہ | بیشک | تھا تو | غفلت میں | اس سے | تو ہم نے اٹھایا | تجھ سے | پردہ تیرا |

گواہ لئے آ گیا۔ تو تو اس سے غافل تھا اب ہم نے تجھ سے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے تو آج

فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ؕ ﴿٢٣﴾ اَلْقِيَا

| فَبَصَرُكَ | الْيَوْمَ | حَدِيْدٌ | وَ | قَالَ | قَرِيْنُهٗ | هٰذَا | مَا | لَدَيَّ | عَتِيْدٌ | اَلْقِيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نظر تیری | آج کے دن | تیز ہے | اور | کہے گا | اس کا ساتھی | یہ ہے | جو | میرے پاس | تیار ہے | ڈال دو |

تیری نظر خوب تیز ہے۔ اور اس کا (عمر بھر کا) ساتھی (فرشتہ) کہے گا یہ ہے (اس کا اعمال نامہ) جو میرے پاس تیار ہے۔ (دونوں

فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٢٤﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿٢٥﴾ الَّذِيْ

| فِيْ جَهَنَّمَ | كُلَّ | كَفَّارٍ | عَنِيْدٍ | مَّنَّاعٍ | لِّلْخَيْرِ | مُعْتَدٍ | مُّرِيْبٍ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنم میں | ہر ایک | کافر | ضدی کو | منع کرنیوالا | بھلائی سے | حد سے بڑھنے والا | شک کرنیوالا ہے | وہ جس |

فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) ڈال دو جہنم میں ہر بڑے ناشکرے سرکش کو۔ جو بھلائی سے بہت روکنے والا حد سے بڑھنے والا شک کرنے والا۔ جس

جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲٦﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | فَاَلْقِيٰهُ | فِي الْعَذَابِ | الشَّدِيْدِ | قَالَ | قَرِيْنُهٗ |
| بنایا | ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرا | توڈالواس کو | عذاب میں | سخت | کہے گا | اس کا ساتھی |

اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ٹھہرایا تو تم دونوں اسے سخت عذاب میں ڈالو۔ اس کا ساتھی کہتا ہے

رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَا | مَآ | اَطْغَيْتُهٗ | وَ | لٰكِنْ | كَانَ | فِيْ ضَلٰلٍۭ | بَعِيْدٍ | قَالَ | لَا | تَخْتَصِمُوْا |
| اے ہمارے رب | نہیں | سرکش بنایا میں نے اسکو | اور | لیکن | تھا | گمراہی میں | دور کی | فرمائے گا | نہ | جھگڑو |

ہمارے رب! میں نے اسے سرکش نہیں بنایا بلکہ وہ خود ہی بہت دور کی گمراہی میں تھا۔ اللہ فرماتا ہے کہ میرے حضور جھگڑا مت کرو

لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَدَيَّ | وَ | قَدْ | قَدَّمْتُ | اِلَيْكُمْ | بِالْوَعِيْدِ | مَا | يُبَدَّلُ | الْقَوْلُ | لَدَيَّ | وَمَآ | اَنَا |
| میرے پاس | اور | بیشک | آگے بھیجے میں نے | تمہاری طرف | عذاب کے وعدے | نہیں | بدلتی | بات | میرے پاس | اور نہیں | میں |

حالانکہ میں تمہاری طرف پہلے ہی عذاب کی وعید بھیج چکا ہوں۔ میرے حضور (میری) بات بدلی نہیں جاتی اور نہ میں

ع ۲ ۱۴ ۱٦ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾ يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِظَلَّامٍ | لِّلْعَبِيْدِ | يَوْمَ | نَقُوْلُ | لِجَهَنَّمَ | هَلِ | امْتَلَاْتِ | وَ | تَقُوْلُ | هَلْ | مِنْ |
| ظلم کرنیوالا | بندوں پر | جس دن | ہم فرمائینگے | دوزخ کو | کیا | تو بھر گئی | اور | عرض کرے گی | کیا | کچھ |

بندوں پر ظلم کرنے والا ہوں۔ (یاد کیجئے) جس دن ہم جہنم سے فرمائیں گے کیا تو بھر گئی؟ اور وہ عرض کرے گی کیا کچھ

مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّزِيْدٍ | وَ | اُزْلِفَتِ | الْجَنَّةُ | لِلْمُتَّقِيْنَ | غَيْرَ | بَعِيْدٍ | هٰذَا | مَا | تُوْعَدُوْنَ |
| اور بھی ہے | اور | قریب کی جائے گی | جنت | پرہیزگاروں کیلئے | نہیں ہوگی | دور | یہ ہے | جو | وعدہ دیئے جاتے ہو تم |

اور مزید ہے؟ اور پاس لائی جائے گی جنت پرہیزگاروں کے کہ ان سے دور نہ ہوگی۔ یہ ہے وہ جس کا تم وعدہ دیئے جاتے

لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ

| لِكُلِّ | اَوَّابٍ | حَفِيْظٍ | مَنْ خَشِيَ | الرَّحْمٰنَ | بِالْغَيْبِ | وَجَآءَ | بِقَلْبٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ہر ایک | رجوع کرنیوالے | نگہداشت والے | جو ڈرا | رحمٰن سے | بن دیکھے | اور لایا | دل |

ہو ہر رجوع لانے والے نگہداشت والے کیلئے۔ وہ جو رحمٰن سے بن دیکھے ڈرتا تھا اور جو توجہ دینے والا دل

مُّنِيْبِۨ ﴿۳۳﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

| مُّنِيْبٍ | ادْخُلُوْهَا | بِسَلٰمٍ | ذٰلِكَ | يَوْمُ | الْخُلُوْدِ | لَهُمْ | مَّا | يَشَآءُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رجوع کرنیوالا | داخل ہوجاؤ اس میں | سلامتی سے | یہ ہے | دن | ہمیشہ کا | ان کیلئے ہے | جو | چاہیں |

لے کر آیا ہے۔ جنتیوں سے فرمایا جائے گا اس میں سلامتی سے داخل ہو جاؤ یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ ان کیلئے وہاں ہر وہ چیز

فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

| فِيْهَا | وَ | لَدَيْنَا | مَزِيْدٌ | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ | مِّنْ قَرْنٍ | هُمْ | اَشَدُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں | اور | ہمارے پاس | زیادہ بھی ہے | اور | کتنے ہی | ہلاک کیں ہم نے | ان سے پہلے | کتنی سنگتیں | وہ | زیادہ سخت تھے |

ہوگی جسے وہ چاہیں گے اور ہمارے پاس (اس سے بھی) زیادہ ہے۔ اور ہم نے ان (کفارِ مکہ) سے پہلے بہت سی قومیں ہلاک کر

مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

| مِنْهُمْ | بَطْشًا | فَنَقَّبُوْا | فِي الْبِلَادِ | هَلْ | مِنْ مَّحِيْصٍ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | پکڑ میں | پھر پھرے وہ | شہروں میں | کیا | پائی کوئی پناہ کی جگہ | بیشک | اس میں |

دیں جو گرفت کی قوت میں ان سے زیادہ طاقتور تھیں تو انہوں نے (دنیا کے) شہروں کو چھان مارا ہے کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟ بے شک

لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ

| لَذِكْرٰى | لِمَنْ | كَانَ | لَهٗ | قَلْبٌ | اَوْ | اَلْقَى | السَّمْعَ | وَ | هُوَ | شَهِيْدٌ | وَ | لَقَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت ہے | اس کیلئے | کہ ہو | اس کیلئے | دل | یا | ڈالے | کان | اور | وہ ہو | حاضر | اور | بیشک |

اس میں نصیحت ہے اس کیلئے جو دل رکھتا ہو یا کان لگائے اور متوجہ ہو۔ اور بے شک ہم نے

خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقْنَا | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ | وَّ | مَا | مَسَّنَا |
| پیدا کیا ہم نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور | جو | انکے درمیان ہے | چھ دنوں میں | اور | نہ | پہنچی ہم کو |

آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں بنایا اور تھکان ہمارے

مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ لُّغُوْبٍ | فَاصْبِرْ | عَلٰى | مَا | يَقُوْلُوْنَ | وَ | سَبِّحْ | بِحَمْدِ | رَبِّكَ | قَبْلَ |
| کوئی تھکاوٹ | تو صبر کر | اوپر | اسکے جو | کہتے ہیں | اور | تسبیح بیان کر | ساتھ حمد کے | اپنے رب کی | پہلے |

پاس نہیں پھٹکی۔ پس جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں اس پر صبر کریں اور اپنے رب کی تعریف کیا کریں

طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾ ج وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طُلُوْعِ | الشَّمْسِ | وَ | قَبْلَ | الْغُرُوْبِ | وَمِنَ الَّيْلِ | فَسَبِّحْهُ | وَ |
| طلوع ہونے سے | سورج کے | اور | پہلے | غروب ہونے کے | اور رات کے کچھ حصہ میں | اس کی تسبیح کرو | اور |

سورج نکلنے سے پہلے اور غروب ہونے سے پہلے۔ اور رات کے کچھ حصے میں اور سجدوں کے بعد بھی اس کی

اَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾ لا يَّوْمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَدْبَارَ السُّجُوْدِ | وَ | اسْتَمِعْ | يَوْمَ | يُنَادِ | الْمُنَادِ | مِنْ مَّكَانٍ | قَرِيْبٍ | يَّوْمَ |
| نمازوں کے بعد | اور | سنو | جس دن | آواز دے گا | آواز دینے والا | جگہ سے | قریب کی | جس دن |

تسبیح کریں۔ اور (اے سننے والے!) کان لگا کر سن جس دن پکارنے والا قریب کی جگہ سے پکارے گا۔ جس دن یقیناً وہ

يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْمَعُوْنَ | الصَّيْحَةَ | بِالْحَقِّ | ذٰلِكَ | يَوْمُ | الْخُرُوْجِ | اِنَّا | نَحْنُ | نُحْيٖ |
| سنیں گے | چنگھاڑ | حق کے ساتھ | یہ ہے | دن | نکلنے کا | بیشک | ہم | زندہ کرتے ہیں |

چیخ کی آواز سنیں گے یہ دن ہے (قبروں سے) باہر آنے کا ہے۔ بیشک ہم ہی زندہ رکھتے ہیں

وَنُمِيۡتُ وَاِلَيۡنَا الۡمَصِيۡرُ ﴿۴۳﴾ يَوۡمَ تَشَقَّقُ الۡاَرۡضُ عَنۡهُمۡ سِرَاعًا

| وَنُمِيۡتُ | وَ | اِلَيۡنَا | الۡمَصِيۡرُ | يَوۡمَ | تَشَقَّقُ | الۡاَرۡضُ | عَنۡهُمۡ | سِرَاعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مارتے ہیں | اور | ہماری طرف ہے | پھرنا | جس دن | پھٹ جائے گی | زمین | ان سے | جلدی سے |

اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے۔ جس دن زمین ان سے پھٹے گی تو جلدی کرتے ہوئے نکلیں گے

ذٰلِكَ حَشۡرٌ عَلَيۡنَا يَسِيۡرٌ ﴿۴۴﴾ نَحۡنُ اَعۡلَمُ بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ وَمَاۤ اَنۡتَ

| ذٰلِكَ | حَشۡرٌ | عَلَيۡنَا | يَسِيۡرٌ | نَحۡنُ | اَعۡلَمُ | بِمَا | يَقُوۡلُوۡنَ | وَ | مَاۤ | اَنۡتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ ہے | حشر | اوپر ہمارے | آسان | ہم | خوب جانتے ہیں | جو | کہتے ہیں | اور | نہیں | تم |

یہ حشر (کا دن) ہے ہم کو آسان ہے۔ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہتے ہیں اور آپ

عَلَيۡهِمۡ بِجَبَّارٍ ۚ فَذَكِّرۡ بِالۡقُرۡاٰنِ مَنۡ يَّخَافُ وَعِيۡدِ ﴿۴۵﴾ ع

| عَلَيۡهِمۡ | بِجَبَّارٍ | فَذَكِّرۡ | بِالۡقُرۡاٰنِ | مَنۡ | يَّخَافُ | وَعِيۡدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | جبر کرنیوالے | تو نصیحت کر | ساتھ قرآن کے | جو کوئی | ڈرے | میرے دھمکی سے |

ان پر جبر کرنے والے نہیں ہیں پس قرآن سے نصیحت فرمایئے اسے جو میری تنبیہ سے ڈرتا ہے۔

## اٰياتها ٦٠ — ٥١ سُوۡرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ ٦٧ — رکوعاتها ٣

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرۡوًا ﴿۱﴾ فَالۡحٰمِلٰتِ وِقۡرًا ﴿۲﴾ فَالۡجٰرِيٰتِ يُسۡرًا ﴿۳﴾

| وَ | الذّٰرِيٰتِ | ذَرۡوًا | فَالۡحٰمِلٰتِ | وِقۡرًا | فَالۡجٰرِيٰتِ | يُسۡرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے | بکھیرتی ہیں | بکھیرنا | پھر اٹھاتی ہیں | بوجھ | پھر چلتی ہیں | نرمی سے |

اڑا کر بکھیر دینے والی ہواؤں کی قسم۔ اور (بادل کا) بوجھ اٹھانے والی بدلیوں کی قسم۔ اور آہستہ آہستہ چلنے والی کشتیوں کی قسم۔

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۙ﴿۴﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ﴿۵﴾ وَّ اِنَّ الدِّيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَالْمُقَسِّمٰتِ | اَمْرًا | اِنَّمَا | تُوْعَدُوْنَ | لَصَادِقٌ | وَّ | اِنَّ | الدِّيْنَ |
| پھر تقسیم کرنیوالیاں | حکم سے | اسکے سوا نہیں کہ | تم وعدہ دیے گئے ہو | سچا ہے | اور | بیشک | انصاف |

پھر کام تقسیم کرنے والے فرشتوں کی قسم۔ بیشک جس امر کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور سچا ہے۔ اور بے شک جزاء ضرور

لَوَاقِعٌ ۗ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۙ﴿۷﴾ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۙ﴿۸﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَوَاقِعٌ | وَالسَّمَآءِ | ذَاتِ الْحُبُكِ | اِنَّكُمْ | لَفِيْ قَوْلٍ | مُّخْتَلِفٍ |
| ہونا ہے | قسم ہے آسمان کی | راستوں والے | بیشک تم | البتہ بات میں | مختلف ہو |

واقع ہوگی۔ آرائش والے آسمان کی قسم۔ تم مختلف بات میں ہو۔

يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۗ﴿۹﴾ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ هُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّؤْفَكُ | عَنْهُ | مَنْ | اُفِكَ | قُتِلَ | الْخَرّٰصُوْنَ | الَّذِيْنَ | هُمْ |
| پھیرا جاتا ہے | اس سے | جو | پھیرا گیا | مارے جائیں | تراشنے والے دل سے | وہ کہ | وہ |

اس سے وہی پھرتا ہے جو پھیر دیا گیا۔ ہلاک ہوں قیاس سے حکم لگانے والے۔ جو غفلت میں

فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۙ﴿۱۱﴾ يَسْئَلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۗ﴿۱۲﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ غَمْرَةٍ | سَاهُوْنَ | يَسْئَلُوْنَ | اَيَّانَ | يَوْمُ الدِّيْنِ | يَوْمَ | هُمْ | عَلَى |
| مستی میں | بھولے ہوئے ہیں | پوچھتے ہیں | کب ہوگا | انصاف کا دن | جس دن | وہ | اوپر |

بھولے ہوئے ہیں۔ پوچھتے ہیں روز جزا کب ہو گا۔ اس دن ہو گا جس دن وہ

النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | يُفْتَنُوْنَ | ذُوْقُوْا | فِتْنَتَكُمْ | هٰذَا | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | بِهٖ |
| آگ کے | تپائے جائیں گے | چکھو | اپنا تپنا | یہ | وہ ہے | کہ تھے تم | اس کی |

آگ پر تپائے جائیں گے۔ اور فرمایا جائے گا اپنی سزا کا مزہ چکھو یہی وہ عذاب ہے جسے تم

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ لا

| تَسْتَعْجِلُوْنَ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ | فِيْ جَنّٰتٍ | وَّعُيُوْنٍ |
|---|---|---|---|---|
| جلدی کرتے | بیشک | پرہیزگار | باغوں میں | اور چشموں میں ہوں گے |

جلدی مانگتے تھے۔ پرہیز گار لوگ باغوں اور چشموں کے درمیان ہوں گے۔

اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ

| اٰخِذِيْنَ | مَآ | اٰتٰىهُمْ | رَبُّهُمْ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَبْلَ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لیں گے | جو | دے گا ان کو | ان کا رب | بیشک وہ | تھے | پہلے | اس سے |

لے رہے ہوں گے جو ان کا رب انہیں دے گا بے شک وہ اس سے پہلے

مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾ ؕ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

| مُحْسِنِيْنَ | كَانُوْا | قَلِيْلًا | مِّنَ الَّيْلِ | مَا يَهْجَعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| نیکوکار | تھے وہ | تھوڑا | رات سے | جو سوتے |

نیک لوگ تھے۔ وہ رات کو کم سوتے تھے۔

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ

| وَ | بِالْاَسْحَارِ هُمْ | يَسْتَغْفِرُوْنَ | وَ | فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ |
|---|---|---|---|---|
| اور | پچھلی رات وہ | بخشش مانگتے | اور | ان کے مالوں میں |

اور رات کے پچھلے پہروں میں مغفرت طلب کرتے تھے۔ اور ان کے اموال میں

حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾ وَفِي الْاَرْضِ

| حَقٌّ | لِّلسَّآئِلِ | وَ | الْمَحْرُوْمِ | وَ | فِي الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|
| حق ہے | سائل کیلئے | اور | بے نصیب کا | اور | زمین میں |

حق تھا سائل اور محروم کا۔ اور زمین میں نشانیاں ہیں

اٰیٰتٌ لِّلۡمُوۡقِنِیۡنَ ۝۲۰ وَ فِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ۝۲۱

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اٰیٰتٌ | لِّلۡمُوۡقِنِیۡنَ | وَ | فِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ | اَفَلَا | تُبۡصِرُوۡنَ |
| نشانیاں ہیں | یقین والوں کیلئے | اور | تمہاری جانوں میں | کیا نہیں | دیکھتے تم |

یقین والوں کے لیے۔ اور خود تمہاری ذات میں تو کیا تم دیکھتے نہیں؟

وَ فِی السَّمَآءِ رِزۡقُکُمۡ وَ مَا تُوۡعَدُوۡنَ ۝۲۲ فَوَ رَبِّ السَّمَآءِ وَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | فِی السَّمَآءِ | رِزۡقُکُمۡ | وَ | مَا | تُوۡعَدُوۡنَ | فَوَرَبِّ السَّمَآءِ | وَ |
| اور | آسمان میں | تمہارا رزق ہے | اور | جو | تم وعدہ دیئے جاتے ہو | تو قسم ہے آسمانوں کے رب کی | اور |

اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ تو قسم آسمان اور زمین کے رب کی

الۡاَرۡضِ اِنَّہٗ لَحَقٌّ مِّثۡلَ مَاۤ اَنَّکُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ ۝۲۳ ع هَلۡ اَتٰىكَ ع ۲۳/۱۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَرۡضِ | اِنَّہٗ | لَحَقٌّ | مِّثۡلَ | مَاۤ | اَنَّکُمۡ | تَنۡطِقُوۡنَ | هَلۡ | اَتٰىكَ |
| زمین کے | بیشک وہ | حق ہے | مثل | اس کی | کہ تم | بولتے ہو | کیا | آئی تمہارے پاس |

بے شک یہ (قرآن) ضرور حق ہے جیسا کہ تمہارا بولنا۔ (اے محبوب ﷺ!) کیا آپ کے

حَدِیۡثُ ضَیۡفِ اِبۡرٰهِیۡمَ الۡمُکۡرَمِیۡنَ ۝۲۴ اِذۡ دَخَلُوۡا عَلَیۡهِ وقف لازم

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حَدِیۡثُ | ضَیۡفِ | اِبۡرٰهِیۡمَ | الۡمُکۡرَمِیۡنَ | اِذۡ | دَخَلُوۡا | عَلَیۡهِ |
| بات | مہمانوں کی | ابراہیم کے | عزت والوں کی | جب | داخل ہوئے | اس پر |

پاس ابراہیم علیہ السلام کے معزز مہمانوں کی خبر آئی؟ جب وہ اس کے پاس

فَقَالُوۡا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوۡمٌ مُّنۡکَرُوۡنَ ۝۲۵ ۚ فَرَاغَ اِلٰۤی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَالُوۡا | سَلٰمًا | قَالَ | سَلٰمٌ | قَوۡمٌ | مُّنۡکَرُوۡنَ | فَرَاغَ | اِلٰۤی |
| پس بولے | سلام | کہا | سلام | قوم تھی | ناشناسا | تو گیا | طرف |

آکر بولے سلام کہا سلام ناشناسا لوگ ہیں۔ پھر اپنے گھر گئے تو

اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۙ﴿۲۶﴾ فَقَرَّبَهٗۤ اِلَيْهِمْ قَالَ

| اَهْلِهٖ | فَجَآءَ | بِعِجْلٍ | سَمِيْنٍ | فَقَرَّبَهٗۤ | اِلَيْهِمْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے گھر کے | تو لایا | بچھڑا | فربا | پھر قریب کیا اس کو | ان کی طرف | کہا |

ایک فربہ بچھڑا لے آئے۔ اور اسے ان کو پیش کیا اور کہا کیا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ

| اَلَا | تَاْكُلُوْنَ | فَاَوْجَسَ | مِنْهُمْ | خِيْفَةً | قَالُوْا | لَا | تَخَفْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | کھاتے تم | تو چھپایا | ان سے | ڈر کو | بولے | نہ | ڈریے |

تم کھاؤ گے نہیں؟ پھر انہوں نے ان سے ڈر محسوس کیا انہوں نے کہا ڈرو مت

وَ بَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ

| وَ | بَشَّرُوْهُ | بِغُلٰمٍ | عَلِيْمٍ | فَاَقْبَلَتِ | امْرَاَتُهٗ | فِيْ صَرَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بشارت دی اس کو | لڑکے کی | علم والے | تو آئی | اس کی بیوی | حیرت میں |

اور انہیں ایک علم والے لڑکے کی بشارت دی۔ تو ان کی بیوی فریاد کرتی ہوئی آئیں

فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَ قَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا

| فَصَكَّتْ | وَجْهَهَا | وَ | قَالَتْ | عَجُوْزٌ | عَقِيْمٌ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تو اس نے ہاتھ مارا | اپنے چہرے پر | اور | بولی | بڑھیا | بانجھ | کہنے لگے |

پھر (تعجب سے) اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہا مجھ بوڑھی بانجھ (کے لڑکا ہو گا؟) وہ بولے

كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾

| كَذٰلِكِ | قَالَ | رَبُّكِ | اِنَّهٗ | هُوَ | الْحَكِيْمُ | الْعَلِيْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح | کہا ہے | تمہارے رب نے | بیشک وہ | وہی ہے | حکمت والا | جاننے والا |

ایسا ہی آپ کے رب نے فرمایا بے شک وہی بڑی حکمت والا بہت علم والا ہے۔

الجزء ۲۷

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝۳۱ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى

| قَالَ | فَمَا | خَطْبُكُمْ | اَيُّهَا | الْمُرْسَلُوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّآ | اُرْسِلْنَآ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | پھر کیا | کام ہے تمہیں | اے | فرشتو | بولے | ہم | بھیجے گئے ہیں | طرف |

ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تو اے فرشتو! تم کس کام سے آئے ہو۔ بولے ہم ایک مجرم قوم کی طرف

قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ۝۳۲ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ۝۳۳

| قَوْمٍ | مُّجْرِمِيْنَ | لِنُرْسِلَ | عَلَيْهِمْ | حِجَارَةً | مِّنْ طِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| قوم | مجرم کی | تاکہ چھوڑیں ہم | ان پر | پتھر | گارے سے بنے ہوئے |

بھیجے گئے ہیں۔ تاکہ ان پر مٹی کے بنے ہوئے پتھر برسائیں۔

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ۝۳۴ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا

| مُّسَوَّمَةً | عِنْدَ | رَبِّكَ | لِلْمُسْرِفِيْنَ | فَاَخْرَجْنَا | مَنْ | كَانَ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشاندار ہیں | نزدیک | تمہارے رب کے | حد سے بڑھنے والوں کیلئے | تو نکالے ہم نے | جو | تھے | اس میں |

جن پر حد سے نکلنے والوں کیلئے تمہارے رب کے ہاں نشان لگا دیئے گئے ہیں۔ تو ہم نے ان سب کو نکال لیا جو اس (بستی)

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۳۵ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۳۶

| مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | فَمَا | وَجَدْنَا | فِيْهَا | غَيْرَ | بَيْتٍ | مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مومنوں سے | تو نہ | پایا ہم نے | اس میں | سوائے | ایک گھر کے | مسلمانوں سے |

میں ایمان والے تھے۔ تو ہم نے اس میں مسلمانوں کے ایک گھر کے سوا (اور کوئی گھر) نہ پایا۔

وَ تَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ

| وَ | تَرَكْنَا | فِيْهَآ | اٰيَةً | لِّلَّذِيْنَ | يَخَافُوْنَ | الْعَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چھوڑی ہم نے | اس میں | نشانی | ان کیلئے جو | ڈرتے ہیں | عذاب |

اور ہم نے اس میں نشانی باقی رکھی ان کیلئے جو دردناک عذاب

الۡاَلِیۡمَ ﴿۳۷﴾ وَفِیۡ مُوۡسٰۤی اِذۡ اَرۡسَلۡنٰہُ اِلٰی فِرۡعَوۡنَ بِسُلۡطٰنٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَلِیۡمَ | وَ | فِیۡ مُوۡسٰی | اِذۡ | اَرۡسَلۡنٰہُ | اِلٰی | فِرۡعَوۡنَ | بِسُلۡطٰنٍ |
| دردناک سے | اور | موسیٰ میں | جبکہ | بھیجا ہم نے اس کو | طرف | فرعون کی | ساتھ سند |

سے ڈرتے ہیں۔ اور موسیٰ علیہ السلام میں جب ہم نے انہیں روشن دلیل کے ساتھ فرعون کے

مُّبِیۡنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰی بِرُکۡنِہٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذۡنٰہُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِیۡنٍ | فَتَوَلّٰی | بِرُکۡنِہٖ | وَ | قَالَ | سٰحِرٌ | اَوۡ | مَجۡنُوۡنٌ | فَاَخَذۡنٰہُ |
| روشن کے | تو پھر گیا | اپنے لشکر سمیت | اور | بولا | جادوگر ہے | یا | دیوانہ | تو ہم نے |

پاس بھیجا۔ مگر اس نے اپنے اقتدار کی وجہ سے منہ موڑ لیا اور کہنے لگا وہ جادوگر ہے یا دیوانہ ہے۔ پھر ہم نے

وَجُنُوۡدَہٗ فَنَبَذۡنٰہُمۡ فِی الۡیَمِّ وَہُوَ مُلِیۡمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِیۡ عَادٍ اِذۡ اَرۡسَلۡنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجُنُوۡدَہٗ | فَنَبَذۡنٰہُمۡ | فِی الۡیَمِّ | وَ | ہُوَ | مُلِیۡمٌ | وَ | فِیۡ عَادٍ | اِذۡ | اَرۡسَلۡنَا |
| اسکے لشکر کو | تو ہم نے پھینک دیا انکو | دریا میں | اور | وہ تھا | ملامت کیا گیا | اور | عاد میں | جبکہ | بھیجی ہم نے |

اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا اور اسے سمندر کی لہروں میں ڈال دیا اور ملامت زدہ تھا۔ اور عاد (کی قوم) میں (بھی عبرت کی

عَلَیۡہِمُ الرِّیۡحَ الۡعَقِیۡمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنۡ شَیۡءٍ اَتَتۡ عَلَیۡہِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَیۡہِمُ | الرِّیۡحَ | الۡعَقِیۡمَ | مَا | تَذَرُ | مِنۡ شَیۡءٍ | اَتَتۡ | عَلَیۡہِ |
| ان پر | آندھی | خشک | نہیں | چھوڑتی تھی | کسی شے کو | کہ آتی | اس پر |

نشانیاں ہیں) جب کہ ہم نے ان پر رحمت سے خالی ہوا بھیجی۔ وہ جس چیز پر سے گزری اسے اسے

اِلَّا جَعَلَتۡہُ کَالرَّمِیۡمِ ﴿۴۲﴾ وَفِیۡ ثَمُوۡدَ اِذۡ قِیۡلَ لَہُمۡ تَمَتَّعُوۡا حَتّٰی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | جَعَلَتۡہُ | کَالرَّمِیۡمِ | وَ | فِیۡ ثَمُوۡدَ | اِذۡ | قِیۡلَ | لَہُمۡ | تَمَتَّعُوۡا | حَتّٰی |
| مگر | کر چھوڑتی اس کو | گلی ہوئی چیز کی طرح | اور | ثمود میں | جبکہ | کہا گیا | ان سے | فائدہ اٹھاؤ | ایک |

بوسیدہ چیز کی طرح کر دیا۔ اور ثمود (کی قوم) میں (بھی نشانی ہے) جب ان سے فرمایا گیا ایک

حِیْنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ

| حِیْنٍ | فَعَتَوْا | عَنْ اَمْرِ | رَبِّهِمْ | فَاَخَذَتْهُمُ | الصّٰعِقَةُ | وَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وقت تک | تو سرکشی کی انہوں نے | حکم سے | اپنے رب کے | تو پکڑا ان کو | کڑک نے | اور وہ |

خاص وقت تک فائدہ اٹھالو۔ تو انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی پھر ان کو پکڑ لیا اچانک ٹوٹ پڑنے والے عذاب

یَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِیَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِیْنَ ﴿۴۵﴾

| یَنْظُرُوْنَ | فَمَا | اسْتَطَاعُوْا | مِنْ قِیَامٍ | وَّ | مَا | كَانُوْا | مُنْتَصِرِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھ رہے تھے | تو نہ | طاقت رکھی انہوں نے | کھڑا رہنے کی | اور | نہ | ہوئے وہ | بدلہ لینے والے |

نے اور وہ آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ پھر نہ وہ اس عذاب کے سامنے ٹھہر سکتے تھے اور نہ بدلہ لے سکتے تھے۔

ع ۲۲ ۲ ۱
وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۴۶﴾ ع وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا

| وَ | قَوْمَ | نُوْحٍ | مِّنْ قَبْلُ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمًا | فٰسِقِیْنَ | وَ | السَّمَآءَ | بَنَیْنٰهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قوم | نوح | ان سے پہلے | بیشک وہ | تھے | لوگ | فاسق | اور | آسمان | بنایا ہم نے اسکو |

اور اس سے پہلے قوم نوح علیہ السلام (کے ساتھ یہی ہوا) وہ ایک بدکار قوم تھی۔ اور ہم نے آسمان کو (اپنی) قدرت سے بنایا

بِاَیْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾

| بِاَیْىدٍ | وَّ | اِنَّا | لَمُوْسِعُوْنَ | وَالْاَرْضَ | فَرَشْنٰهَا | فَنِعْمَ | الْمٰهِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہاتھوں سے | اور | بیشک ہم | وسعت دینے والے ہیں | اور زمین کو | ہم نے فرش کیا اس کو | تو کیا ہی اچھے ہیں | بچھانے والے |

اور بے شک ہم ضرور وسیع قدرت والے ہیں۔ اور زمین کو ہم نے (فرش بنا کر) بچھایا تو ہم کیا ہی اچھے بچھانے والے ہیں۔

وَمِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوْٓا اِلَی

| وَ | مِنْ | كُلِّ | شَیْءٍ | خَلَقْنَا | زَوْجَیْنِ | لَعَلَّكُمْ | تَذَكَّرُوْنَ | فَفِرُّوْٓا | اِلَی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہر | ایک | چیز کے | پیدا کیے ہم نے | جوڑے | تاکہ تم | نصیحت پکڑو | تو دوڑو | طرف |

اور ہم نے ہر چیز کے دو جوڑے بنائے کہ تم دھیان کرو۔ تو اللہ کی طرف دوڑو

اللّٰهِ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۰﴾ ۚ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اِنِّیْ | لَكُمْ | مِّنْهُ | نَذِیْرٌ | مُّبِیْنٌ | وَ | لَا تَجْعَلُوْا | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ |
| اللہ کی | بیشک میں | تمہارے لئے | اسکی طرف سے | ڈرانیوالا ہوں | صریح | اور | نہ بناؤ | ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرا |

بے شک میں اس کی طرف سے تمہارے لئے صریح ڈر سنانے والا ہوں۔ اور اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا خدا

اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۱﴾ ۚ كَذٰلِكَ مَآ اَتَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنِّیْ | لَكُمْ | مِّنْهُ | نَذِیْرٌ | مُّبِیْنٌ | كَذٰلِكَ | مَآ | اَتَی | الَّذِیْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ |
| بیشک میں | تمہارے لئے | اسکی طرف سے | ڈرانیوالا ہوں | صریح | اسی طرح | نہ | آیا | ان کے پاس | جو ان سے پہلے تھے |

نہ بناؤ میں اس کی طرف سے تمہیں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ اسی طرح جو رسول بھی ان سے پہلے لوگوں کے پاس آیا

مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ ۚ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ رَّسُوْلٍ | اِلَّا | قَالُوْا | سَاحِرٌ | اَوْ | مَجْنُوْنٌ | اَتَوَاصَوْا | بِهٖ | بَلْ هُمْ |
| کوئی رسول | مگر | کہا انہوں نے | جادوگر ہے | یا | دیوانہ | کیا وصیت کی آپس میں | اس کی | بلکہ وہ |

انہوں نے یہی کہا وہ جادوگر ہے یا دیوانہ۔ کیا انہوں نے ایک دوسرے کو اس بات کی وصیت کر دی تھی بلکہ

قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾ ۚ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾ ۫ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمٌ | طَاغُوْنَ | فَتَوَلَّ | عَنْهُمْ | فَمَآ | اَنْتَ | بِمَلُوْمٍ | وَّ | ذَكِّرْ | فَاِنَّ |
| لوگ ہیں | سرکش | تو منہ پھیرو | ان سے | تو نہیں | آپ پر | کچھ الزام | اور | نصیحت کرو | پس بیشک |

وہ سرکشی کرنے والے لوگ ہیں۔ تو (اے محبوب ﷺ) آپ ان سے توجہ ہٹالیں تو آپ پر کوئی ملامت نہیں۔ اور آپ نصیحت

الذِّكْرٰی تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۵﴾ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الذِّكْرٰی | تَنْفَعُ | الْمُؤْمِنِیْنَ | وَ | مَا | خَلَقْتُ | الْجِنَّ | وَالْاِنْسَ |
| نصیحت | فائدہ دیتی ہے | مسلمانوں کو | اور | نہیں | پیدا کیا میں نے | جنوں کو | اور انسانوں کو |

کرتے رہیں بیشک نصیحت مومنوں کو فائدہ دیتی ہے۔ اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے

إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾ مَا أُرِيدُ مِنْهُم مِّن رِّزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَن

| اِلَّا | لِيَعْبُدُوْنِ | مَآ | اُرِيْدُ | مِنْهُمْ | مِّنْ | رِّزْقٍ | وَّمَآ | اُرِيْدُ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | تاکہ وہ میری عبادت کریں | نہیں | چاہتا میں | ان سے | کچھ | رزق | اور نہیں | چاہتا میں | یہ کہ |

پیدا کیا کہ وہ میری عبادت کریں۔ میں ان سے کوئی رزق نہیں چاہتا اور نہ چاہتا ہوں کہ وہ

يُطْعِمُونِ ﴿٥٧﴾ إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ ﴿٥٨﴾ فَإِنَّ

| يُطْعِمُوْنِ | اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الرَّزَّاقُ | ذُو | الْقُوَّةِ | الْمَتِيْنُ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھانا کھلائیں مجھ کو | بیشک | اللہ | وہی ہے | روزی دینے والا | صاحب | قوت | قدرت والا | تو بیشک |

مجھے کھلائیں۔ بے شک اللہ خود ہی بڑا رزق دینے والا قوت والا اختیار والا ہے۔ تو یقیناً (ان)

لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذَنُوبًا مِّثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ ﴿٥٩﴾

| لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا | ذَنُوْبًا | مِّثْلَ | ذَنُوْبِ | اَصْحٰبِهِمْ | فَلَا | يَسْتَعْجِلُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کیلئے | ایک باری ہے | مثل | باری | انکے ساتھیوں کے | تو نہ | جلدی کریں مجھ سے |

ظالموں کیلئے (بھی عذاب کا) حصہ ہے ان کے ساتھیوں کے حصے کی طرح تو (یہ) مجھ سے جلدی طلب نہ کریں۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِن يَوْمِهِمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ﴿٦٠﴾ ع

| فَوَيْلٌ | لِّلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ يَّوْمِهِمُ | الَّذِيْ | يُوْعَدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو خرابی ہے | ان کی جو | کافر ہوئے | ان کے اس دن سے | کہ اس کا | وعدہ دیے جاتے ہیں |

تو کافروں کیلئے تباہی ہے ان کے اس دن سے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

آیاتها ۴۹ | ۵۲ سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ ۷۶ | رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالطُّوْرِ ۝١ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝٢ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝٣ وَّالْبَيْتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الطُّوْرِ | وَ | كِتٰبٍ | مَّسْطُوْرٍ | فِيْ رَقٍّ | مَّنْشُوْرٍ | وَّالْبَيْتِ |
| قسم ہے | طور کی | اور | کتاب | لکھی ہوئی کی | دفتر میں | کھلے | اور بیت |

(کوہ) طور کی قسم۔ اور لکھی ہوئی کتاب کی قسم۔ جو کھلے اوراق میں ہے۔ اور آباد

الْمَعْمُوْرِ ۝٤ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝٥ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝٦ اِنَّ عَذَابَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَعْمُوْرِ | وَ | السَّقْفِ | الْمَرْفُوْعِ | وَ | الْبَحْرِ | الْمَسْجُوْرِ | اِنَّ | عَذَابَ |
| معمور کی | اور | چھت | بلند کی | اور | سمندر کی | سلگائے ہوئے | بیشک | عذاب |

گھر کی قسم۔ اور اونچی چھت کی قسم۔ اور جوش مارتے ہوئے سمندر کی قسم۔ بیشک آپ کے رب کا عذاب

رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝٧ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝٨ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝٩ وَّتَسِيْرُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | لَوَاقِعٌ | مَّا | لَهٗ | مِنْ | دَافِعٍ | يَّوْمَ | تَمُوْرُ | السَّمَآءُ | مَوْرًا | وَّ | تَسِيْرُ |
| آپ کے رب کا | ضرور ہونا ہے | نہیں | اس کو | کوئی | ٹالنے والا | جس دن | ہلے گا | آسمان | ہلنا | اور | چلیں گے |

ضرور واقع ہونے والا ہے۔ اسے کوئی ٹالنے والا نہیں ہے۔ جس دن آسمان تھرتھرائے گا۔ اور پہاڑ

الْجِبَالُ سَيْرًا ۝١٠ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝١١ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِبَالُ | سَيْرًا | فَوَيْلٌ | يَّوْمَئِذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | فِيْ خَوْضٍ |
| پہاڑ | چلنا | تو خرابی ہے | اس دن | جھٹلانیوالوں کیلئے | وہ لوگ جو کہ | وہ | مشغلہ میں |

چلنے لگیں گے۔ تو اس دن جھٹلانے والوں کیلئے بڑی تباہی ہے۔ جو لوگ بیہودہ مشغلہ میں

يَّلْعَبُوْنَ ۝١٢ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝١٣ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

وقف لازم

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّلْعَبُوْنَ | يَوْمَ | يُدَعُّوْنَ | اِلٰى | نَارِ | جَهَنَّمَ | دَعًّا | هٰذِهِ | النَّارُ | الَّتِيْ | كُنْتُمْ | بِهَا |
| کھیلتے ہیں | جس دن | دھکادیے جائینگے | طرف | آگ کی | جہنم کے | دھکیلے کیلئے | یہ | آگ | وہ ہے | کہتے تم | اس کو |

کھیل رہے ہیں۔ جس دن جہنم کی طرف دھکا دے کر دھکیلے جائیں گے۔ یہ ہے وہ آگ

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبُوْنَ | اَفَسِحْرٌ | هٰذَآ | اَمْ | اَنْتُمْ | لَا | تُبْصِرُوْنَ | اِصْلَوْهَا |
| جھٹلاتے | کیا پھر جادو ہے | یہ | یا | تم | نہیں | دیکھتے | داخل ہو اس میں |

تم جھٹلاتے تھے۔ تو کیا یہ جادو ہے یا تمہیں نظر نہیں آتا؟ اس میں داخل ہو جاؤ

فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاصْبِرُوْٓا | اَوْ | لَا تَصْبِرُوْا | سَوَآءٌ | عَلَيْكُمْ | اِنَّمَا | تُجْزَوْنَ | مَا | كُنْتُمْ |
| تو صبر کرو | یا | نہ صبر کرو | برابر ہے | تم پر | سوا اسکے نہیں | بدلہ دیئے جاؤ گے | جو | تھے تم |

اور پھر صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لئے برابر ہے تمہیں تمہارے عملوں کا بدلہ ہی

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ | فِيْ جَنّٰتٍ | وَّ | نَعِيْمٍ | فٰكِهِيْنَ | بِمَآ | اٰتٰىهُمْ | رَبُّهُمْ |
| عمل کرتے | بیشک | پرہیزگار | باغوں میں | اور | نعمتوں میں ہوں گے | خوش ہوں گے | اس سے جو | دیا ان کو | انکے رب نے |

دیا جا رہا ہے۔ بے شک متقی لوگ جنتوں اور نعمتوں میں ہوں گے۔ خوش ہو رہے ہونگے اپنے رب کی عطاؤں سے

وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓــًٔا بِمَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَوَقٰىهُمْ | رَبُّهُمْ | عَذَابَ | الْجَحِيْمِ | كُلُوْا | وَ | اشْرَبُوْا | هَنِيْٓــًٔا | بِمَا | كُنْتُمْ |
| اور بچایا ان کو | انکے رب نے | عذاب | جہنم سے | کھاؤ | اور | پیو | خوشگوار | بدلہ اس کا | کہ تھے تم |

اور ان کا رب انہیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ کھاؤ اور پیو مزے سے اپنے ان اعمال کی وجہ سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | مُتَّكِـِٕيْنَ | عَلٰى | سُرُرٍ | مَّصْفُوْفَةٍ | وَزَوَّجْنٰهُمْ | بِحُوْرٍ | عِيْنٍ |
| عمل کرتے | تکیہ لگائے ہوں گے | اوپر | تختوں کے | جو قطار میں ہوں گے | اور بیاہ دیں گے ہم انکو | حور سے | موٹی آنکھ والی |

جو تم کرتے تھے۔ صف بہ صف بچھے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ان کی زوجیت میں دے دیں گے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | اتَّبَعَتْهُمْ | ذُرِّيَّتُهُمْ | بِاِيْمَانٍ | اَلْحَقْنَا بِهِمْ | ذُرِّيَّتَهُمْ | وَ | مَآ |
| اور | وہ جو | ایمان لائے | اور | پیچھے لگی انکے | ان کی اولاد | ایمان کے ساتھ | ملا دیں گے ہم انکے ساتھ | انکی اولادکو | اور | نہ |

اور جو لوگ ایمان لائے اور جن کی اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کی، ان کی اولاد کو ہم ان سے

اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَتْنٰهُمْ | مِّنْ عَمَلِهِمْ | مِّنْ | شَيْءٍ | كُلُّ | امْرِئٍ | بِمَا | كَسَبَ | رَهِيْنٌ |
| کم کریں گے ہم | انکے عملوں میں سے | کوئی | چیز | ہر | آدمی | اسکے ساتھ جو | کمایا اس نے | گرفتار ہے |

ملا دیں گے اور ہم ان کے عملوں سے کچھ بھی کم نہ کریں گے ہر شخص اپنے ہی عمل (کی سزا و جزا) میں گرفتار ہوگا۔

وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَمْدَدْنٰهُمْ | بِفَاكِهَةٍ | وَّلَحْمٍ | مِّمَّا | يَشْتَهُوْنَ | يَتَنَازَعُوْنَ | فِيْهَا | كَاْسًا | لَا |
| اور | مدد کی ہم نے انکی | میوے | اور گوشت سے | جو | چاہیں گے | آپس میں لینگے ایک دوسرے | اس میں | جام | نہ |

اور ہم انہیں پھل اور گوشت جو وہ پسند کریں گے، دیتے رہیں گے۔ وہاں یہ لوگ لپک کر (شراب طہور کے) جام لے رہے

لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَغْوٌ | فِيْهَا | وَلَا تَاْثِيْمٌ | وَيَطُوْفُ | عَلَيْهِمْ | غِلْمَانٌ | لَّهُمْ | كَاَنَّهُمْ | لُؤْلُؤٌ |
| بیہودگی ہوگی | اس میں | اور نہ گناہ | اور پھریں گے | ان پر | خدمت گار | ان کے | گویا وہ | موتی ہیں |

ہوں گے اس میں نہ کوئی بیہودگی ہوگی اور نہ گناہ کا کام۔ اور ان کے خاص غلام (خدمت کیلئے) ان کے گرد پھرتے ہوں گے گویا وہ

مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّكْنُوْنٌ | وَ | اَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | يَّتَسَآءَلُوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّا | كُنَّا |
| چھپے ہوئے | اور | منہ کیا | ان کے بعض نے | اوپر | بعض کے | سوال کرتے ہوئے | کہیں گے | بیشک ہم | تھے |

چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہیں۔ اور ان میں ایک نے دوسرے کی طرف منہ کیا پوچھتے ہوئے۔ بولے بے شک ہم اس سے

قَبْلُ فِیْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِیْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا وَ وَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

| قَبْلُ | فِیْٓ اَهْلِنَا | مُشْفِقِیْنَ | فَمَنَّ | اللّٰهُ | عَلَیْنَا | وَ | وَقٰىنَا | عَذَابَ | السَّمُوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے پہلے | اپنے گھروالوں میں | سہمے ہوئے | تو احسان کیا | اللہ نے | ہم پر | اور | بچایا ہم کو | عذاب | گرم ہوا (لُو) سے |

پہلے اپنے گھروں میں سہمے ہوئے تھے۔ پھر اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں جھلسا دینے والی ہوا کے عذاب سے بچا لیا۔

ع ۲۸/۲

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ﴿۲۸﴾ فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ

| اِنَّا | كُنَّا | مِنْ قَبْلُ | نَدْعُوْهُ | اِنَّهٗ | هُوَ | الْبَرُّ | الرَّحِیْمُ | فَذَكِّرْ | فَمَآ | اَنْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | ہم تھے | ان سے پہلے | عبادت کرتے اسکی | بیشک وہ | وہی ہے | احسان کرنیوالا | مہربان | تو نصیحت کرو | تو نہیں | آپ |

بے شک پہلے بھی ہم اسے ہی پکارا کرتے تھے کہ وہی احسان کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے حبیب ﷺ تو آپ نصیحت

بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾ اَمْ یَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ

| بِنِعْمَتِ | رَبِّكَ | بِكَاهِنٍ | وَّ | لَا مَجْنُوْنٍ | اَمْ | یَقُوْلُوْنَ | شَاعِرٌ | نَّتَرَبَّصُ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نعمت سے | اپنے رب کے | کاہن | اور | نہ مجنون | یا | کہتے ہیں | شاعر ہے | ہم انتظار کرتے ہیں | اسکے متعلق |

فرماتے رہیں کہ آپ اپنے رب کے فضل سے نہ کاہن ہیں اور نہ دیوانے۔ کیا (منکرین) کہتے ہیں یہ شاعر ہیں ہمیں ان پر

رَیْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ ﴿۳۱﴾ اَمْ

| رَیْبَ | الْمَنُوْنِ | قُلْ | تَرَبَّصُوْا | فَاِنِّیْ | مَعَكُمْ | مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ | اَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گردش کی | زمانے کے | فرماؤ | انتظار کرو | تو بیشک میں بھی | تمہارے ساتھ | انتظار کرنیوالوں میں سے ہوں | یا |

زمانے کے حادثوں کا انتظار کر رہے ہیں۔ فرما دیجئے انتظار کیے جاؤ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار میں ہوں۔ کیا ان کی

تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾ اَمْ یَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ

| تَاْمُرُهُمْ | اَحْلَامُهُمْ | بِهٰذَآ | اَمْ | هُمْ | قَوْمٌ | طَاغُوْنَ | اَمْ | یَقُوْلُوْنَ | تَقَوَّلَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم دیتی ہیں انکو | ان کی عقلیں | اس کا | یا | وہ | لوگ ہیں | سرکش | یا | کہتے ہیں | بنا لیا ہے خود اس نے اسکو |

عقلیں انہیں یہی بتاتی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں۔ یا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اسے اپنی طرف سے بنا لیا ہے؟

بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٣٤﴾ اَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | فَلْيَاْتُوْا | بِحَدِيْثٍ | مِّثْلِهٖ | اِنْ | كَانُوْا | صٰدِقِيْنَ | اَمْ |
| بلکہ | نہیں | ایمان لاتے | تو چاہئے کہ لائیں | ایک بات | اس جیسی | اگر | ہیں وہ | سچے | یا |

نہیں بلکہ وہ مانتے نہیں۔ اچھا! وہ بھی اس کی مثل کوئی بات لے آئیں اگر وہ سچے ہیں؟ کیا وہ

خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خُلِقُوْا | مِنْ غَيْرِ | شَيْءٍ | اَمْ | هُمُ | الْخٰلِقُوْنَ | اَمْ | خَلَقُوا | السَّمٰوٰتِ |
| پیدا کئے گئے ہیں | بغیر کسی | چیز کے | یا | وہ ہیں | پیدا کرنیوالے | یا | پیدا کیا انہوں نے | آسمانوں کو |

کسی شے کے بغیر پیدا کئے گئے؟ یا وہ (خود) خالق ہیں۔ کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضَ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿٣٦﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | بَلْ | لَا | يُوْقِنُوْنَ | اَمْ | عِنْدَهُمْ | خَزَآئِنُ | رَبِّكَ | اَمْ | هُمُ |
| اور | زمین کو | بلکہ | نہیں | یقین کرتے | یا | پاس ان کے | خزانے ہیں | تمہارے رب کے | یا | وہ ہیں |

کو پیدا کیا؟ بلکہ وہ یقین نہیں رکھتے۔ یا ان کے پاس تمہارے رب کے خزانے ہیں

الْمُصَۜيْطِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُصَۜيْطِرُوْنَ | اَمْ | لَهُمْ | سُلَّمٌ | يَّسْتَمِعُوْنَ | فِيْهِ | فَلْيَاْتِ | مُسْتَمِعُهُمْ |
| ذمہ دار | یا | ان کے پاس | سیڑھی ہے | سن لیتے ہیں | اس میں | تو لے آئے | ان کا سننے والا |

یا وہ داروغہ ہیں۔ یا ان کے پاس کوئی زینہ ہے جس میں چڑھ کر سن لیتے ہیں تو ان کا سننے والا

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿٣٩﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِسُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ | اَمْ | لَهُ | الْبَنٰتُ | وَ | لَكُمُ | الْبَنُوْنَ | اَمْ | تَسْـَٔلُهُمْ | اَجْرًا | فَهُمْ |
| کوئی سند | روشن | یا | اس کیلئے | بیٹیاں ہیں | اور | تمہارے لئے | بیٹے | یا | مانگتے ہو ان سے | اجرت | تو وہ |

کوئی روشن دلیل لائے۔ یا اس کی بیٹیاں ہیں اور تمہارے بیٹے؟ کیا آپ ان سے اُجرت طلب کرتے

مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ۝ۭ۴۰ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ۝ۭ۴۱ اَمْ

| مِّنْ مَّغْرَمٍ | مُّثْقَلُوْنَ | اَمْ | عِنْدَهُمُ | الْغَيْبُ | فَهُمْ | يَكْتُبُوْنَ | اَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاوان سے | بوجھل ہیں | یا | پاس ان کے | غیب ہے | سو وہ | لکھتے ہیں | یا |

اور وہ تاوان کے بوجھ تلے دبے جا رہے ہیں۔ کیا ان کے پاس غیب ہے؟ کہ وہ لکھ رہے ہیں۔ یا وہ

يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۭ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ۝ۭ۴۲ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ

| يُرِيْدُوْنَ | كَيْدًا | فَالَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | هُمُ | الْمَكِيْدُوْنَ | اَمْ | لَهُمْ | اِلٰهٌ | غَيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتے ہیں | مکر کرنا | تو وہ جو | کافر ہوئے | وہی | مکر میں آئیں گے | یا | ان کیلئے | معبود ہے | سوا |

فریب دینا چاہتے ہیں؟ تو کفر کرنے والے خود ہی اپنے دام فریب میں مبتلا ہیں۔ یا اللہ کے سوا ان کا

اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۴۳ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ

| اللّٰهِ | سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ | وَ | اِنْ | يَّرَوْا | كِسْفًا | مِّنَ السَّمَاۗءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | پاک ہے | اللہ | اس سے جو | شرک کرتے ہیں | اور | اگر | دیکھیں | ٹکڑا | آسمان سے |

کوئی اور خدا ہے اللہ پاک ہے ان کے شرک سے۔ اور اگر آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتا

سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ۝۴۴ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

| سَاقِطًا | يَّقُوْلُوْا | سَحَابٌ | مَّرْكُوْمٌ | فَذَرْهُمْ | حَتّٰى | يُلٰقُوْا | يَوْمَهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گرتا ہوا | کہیں | بادل ہے | تہ بہ تہ | سو چھوڑ دو ان کو | یہاں تک کہ | ملیں | اپنے دن کو |

دیکھیں تو کہیں گے تہہ بہ تہہ بادل ہے۔ پس آپ انہیں (ان کے حال پر) چھوڑ دیجئے یہاں تک کہ وہ اپنا

الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ۝ۙ۴۵ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ

| الَّذِيْ | فِيْهِ | يُصْعَقُوْنَ | يَوْمَ | لَا | يُغْنِيْ | عَنْهُمْ | كَيْدُهُمْ | شَيْـًٔا | وَّ | لَا هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ دن | جس میں | بیہوش ہوجائینگے | جس دن | نہ | کام آئے گا | ان کا | مکر ان کا | کچھ بھی | اور | نہ وہ |

وہ دن دیکھیں جس میں ان کے ہوش اڑ جائیں گے۔ جس دن ان کا فریب ان کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ

يُنصَرُونَ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُنصَرُونَ | وَ | إِنَّ | لِلَّذِينَ | ظَلَمُوا | عَذَابًا | دُونَ | ذَٰلِكَ | وَ | لَٰكِنَّ | أَكْثَرَهُمْ |
| مدد دیے جائینگے | اور | بیشک | ان کیلئے جو | ظالم ہیں | عذاب ہے | سوا | اس کے بھی | اور | لیکن | اکثر ان کے |

انہیں مدد ملے گی۔ اور بے شک ظالموں کیلئے اس (عذابِ آخرت) سے پہلے ایک (اور) عذاب ہے لیکن ان کے اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَعْلَمُونَ | وَاصْبِرْ | لِحُكْمِ | رَبِّكَ | فَإِنَّكَ | بِأَعْيُنِنَا | وَ | سَبِّحْ | بِحَمْدِ |
| نہیں | جانتے | اور صبر کرو | واسطے حکم | اپنے رب کے | پس بیشک آپ | ہماری نگاہ میں ہو | اور | تسبیح بیان کرو | ساتھ حمد کے |

نہیں جانتے۔ اور (اے محبوب ﷺ!) آپ اپنے رب کے فیصلہ پر ٹھہرے رہیں بے شک آپ ہماری حفاظت میں ہیں اور اپنے

رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿٤٨﴾ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ ﴿٤٩﴾ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | حِينَ | تَقُومُ | وَ | مِنَ اللَّيْلِ | فَسَبِّحْهُ | وَ | إِدْبَارَ | النُّجُومِ |
| اپنے رب کی | جب تم | کھڑے ہو | اور | رات کے کچھ حصہ میں | اسکی تسبیح بیان کرو | اور | پیٹھ دیتے وقت | تاروں کے |

رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کیجئے جب آپ کھڑے ہوں۔ اور کچھ رات میں اس کی تسبیح کیجئے اور جب تارے چھپتے ہیں۔

## ایاتها ۶۲ ۵۳ سُورَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ ۲۳ رکوعاتها ۳

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ ﴿١﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ ﴿٢﴾ وَمَا يَنطِقُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالنَّجْمِ | إِذَا | هَوَىٰ | مَا | ضَلَّ | صَاحِبُكُمْ | وَ | مَا | غَوَىٰ | وَ | مَا | يَنطِقُ |
| قسم ہے تارے کی | جب | اترے | نہ | بہکے | تمہارے صاحب | اور | نہ | بے راہ چلے | اور | نہیں | بولتے وہ |

اس پیارے چمکتے تارے محمد ﷺ کی قسم جب یہ معراج سے نیچے اترے۔ تمہارے صاحب نہ (کبھی) راہ بھولے اور نہ (کبھی) راہ سے بھٹکے

عَنِ الْهَوٰى ۳ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰى ۴ۙ عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰى ۵ۙ

| عَنِ الْهَوٰى | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | وَحْیٌ | یُّوْحٰى | عَلَّمَهٗ | شَدِیْدُ | الْقُوٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی خواہش سے | نہیں | وہ | مگر | وحی ہے جو | وحی کی گئی | سکھایا اس کو | سخت | قوت والے نے |

اور وہ اپنی خواہش سے کلام نہیں کرتے۔ ان کا بولنا سراسر وحی خدا ہوتا ہے جو انہیں کی جاتی ہے۔ انہیں سکھایا (اللہ) سخت قوتوں والے نے۔

ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۶ۙ وَ هُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۷ؕ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۸ۙ

| ذُوْمِرَّةٍ | فَاسْتَوٰى | وَ | هُوَ | بِالْاُفُقِ | الْاَعْلٰى | ثُمَّ | دَنَا | فَتَدَلّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صاحب طاقت نے | پھر قصد فرمایا | اور | وہ | کنارے | بلند پر تھا | پھر | قریب ہوا | پھر لٹکا |

بہت زبردست نے پھر اس (اللہ) نے استویٰ فرمایا۔ اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ (یعنی عالم خلق کی انتہا) پر تھے۔ پھر وہ (رب العزت اپنے

فَكَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰى ۹ۚ فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ۱۰ؕ مَا

| فَكَانَ | قَابَ | قَوْسَیْنِ | اَوْ | اَدْنٰى | فَاَوْحٰى | اِلٰى | عَبْدِهٖ | مَاۤ | اَوْحٰى | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر ہو گیا | بہ قدر | دو کمان کے | بلکہ | اس سے بھی قریب | تو وحی فرمائی | طرف | اپنے بندے کی | جو | وحی فرمائی | نہیں |

حبیب ﷺ سے) قریب ہوا پھر اور زیادہ قریب ہو گیا۔ پھر (محب اور حبیب میں) دو کمان کی مقدار فاصلہ رہ گیا بلکہ اس سے بھی کم ہو گیا۔ تب اس نے

كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۱۱ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا یَرٰى ۱۲ وَ لَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً

| كَذَبَ | الْفُؤَادُ | مَا | رَاٰى | اَفَتُمٰرُوْنَهٗ | عَلٰى | مَا | یَرٰى | وَلَقَدْ | رَاٰهُ | نَزْلَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھٹلایا | دل نے | جو | اس نے دیکھا | کیا تم اس سے جھگڑتے ہو | اس پر | جو | دیکھا | اور بیشک | دیکھا اس نے اسکو | ایک مرتبہ |

اپنے بندے کو وحی فرمائی جو (بھی) وحی فرمائی۔ قلب مبارک نے اس کے خلاف نہ کہا جو (چشم اقدس نے) دیکھا۔ تو کیا تم ان سے اس پر جھگڑتے ہو جو

اُخْرٰى ۱۳ۙ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۱۴ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۱۵ؕ اِذْ

| اُخْرٰى | عِنْدَ | سِدْرَةِ | الْمُنْتَهٰى | عِنْدَهَا | جَنَّةُ | الْمَاْوٰى | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور (دوسرے مرتبہ) | نزدیک | سدرۃ | المنتہیٰ کے | پاس اس کے ہے | جنت | الماویٰ | جب |

انہوں نے دیکھا۔ اور انہوں نے تو وہ جلوہ دوبارہ دیکھا۔ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔ اس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔ جب

يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَاٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَغْشَى | السِّدْرَةَ | مَا | يَغْشٰى | مَا | زَاغَ | الْبَصَرُ | وَ | مَا | طَغٰى | لَقَدْ | رَاٰى |
| چھا رہا تھا | سدرہ پر | جو | چھا رہا تھا | نہ | پھری | آنکھ | اور | نہ | حد سے بڑھی | بیشک | دیکھیں اس نے |

اس بیری پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا۔ نہ ایک طرف مائل ہوئی نظر اور نہ حد (ادب) سے بڑھی۔ بے شک انہوں نے

مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ اٰيٰتِ | رَبِّهِ | الْكُبْرٰى | اَفَرَءَيْتُمُ | اللّٰتَ | وَ | الْعُزّٰى | وَ | مَنٰوةَ | الثَّالِثَةَ |
| بعض نشانیاں | اپنے رب کی | بڑی بڑی | کیا تم نے دیکھا | لات | اور | عزیٰ کو | اور | منات کو | تیسری |

اپنے رب کی بڑی نشانیاں ضرور دیکھیں۔ تو کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ۔ اور اس تیسری

الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿٢١﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿٢٢﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُخْرٰى | اَلَكُمُ | الذَّكَرُ | وَ | لَهُ | الْاُنْثٰى | تِلْكَ | اِذًا | قِسْمَةٌ | ضِيْزٰى |
| پچھلی کو | کیا تمہارے لئے | بیٹے ہیں | اور | اس کیلئے | بیٹیاں | یہ | اس وقت | تقسیم ہے | ٹیڑھی |

منات کو۔ کیا تمہارے لئے لڑکے ہیں اور اس کیلئے لڑکیاں؟ پھر تو یہ تقسیم بڑی نامناسب ہے۔

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | هِيَ | اِلَّآ | اَسْمَآءٌ | سَمَّيْتُمُوْهَآ | اَنْتُمْ | وَ | اٰبَآؤُكُمْ | مَّآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | بِهَا |
| نہیں | وہ | مگر | نام ہیں جو | تم نے رکھے ہیں انکے | تم نے | اور | باپ دادا تمہارے نے | نہیں | اتاری | اللہ نے | اس کی |

یہ تو صرف نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں اللہ نے ان کے بارے میں

مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ سُلْطٰنٍ | اِنْ | يَّتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | الظَّنَّ | وَ | مَا | تَهْوَى | الْاَنْفُسُ | وَ | لَقَدْ |
| کوئی سند | نہیں | پیروی کرتے وہ | مگر | گمان کی | اور | اسکی جو | چاہیں | نفس | اور | بیشک |

کوئی دلیل نہیں اتاری وہ پیروی کرتے ہیں گمان اور اپنی نفسانی خواہشوں کی حالانکہ یقیناً ان کے پاس

جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿۲۳﴾ اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾ فَلِلّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَهُمْ | مِّنْ رَّبِّهِمْ | الْهُدٰى | اَمْ | لِلْاِنْسَانِ | مَا | تَمَنّٰى | فَلِلّٰهِ |
| آئی انکے پاس | انکے رب کی طرف سے | ہدایت | کیا | انسان کیلئے ہے | جو | چاہے | تو اللہ ہی کیلئے ہے |

ان کے رب کی طرف سے ہدایت آ چکی ہے۔ کیا انسان کو وہ سب کچھ مل جاتا ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے؟ تو آخرت

الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِی السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِیْ شَفَاعَتُهُمْ ع ۲۵/۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةُ | وَ | الْاُوْلٰى | وَ | كَمْ مِّنْ | مَّلَكٍ | فِی السَّمٰوٰتِ | لَا | تُغْنِیْ | شَفَاعَتُهُمْ |
| آخرت | اور | دنیا | اور | کتنے ہی | فرشتے ہیں | آسمانوں میں | نہیں | کام آتی | ان کی سفارش |

اور دنیا سب کا مالک اللہ ہی ہے۔ اور کتنے ہی فرشتے ہیں آسمانوں میں کہ ان کی سفارش کچھ کام نہیں

شَیْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ یَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَرْضٰى ﴿۲۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَیْـًٔا | اِلَّا | مِنْۢ بَعْدِ | اَنْ | یَّاْذَنَ | اللّٰهُ | لِمَنْ | یَّشَآءُ | وَ | یَرْضٰى | اِنَّ | الَّذِیْنَ |
| کچھ بھی | مگر | بعد اسکے | کہ | اجازت دے | اللہ | جس کو | چاہے | اور | پسند کرے | بیشک | وہ جو |

آئی مگر جب کہ اللہ اجازت دے دے جس کیلئے چاہے اور پسند فرمائے۔ جو لوگ آخرت کو نہیں

لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَیُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِیَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾ وَمَا لَهُمْ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | یُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | لَیُسَمُّوْنَ | الْمَلٰٓئِكَةَ | تَسْمِیَةَ | الْاُنْثٰى | وَ | مَا | لَهُمْ | بِهٖ |
| نہیں | ایمان لائے | آخرت پر | وہ نام رکھتے ہیں | فرشتوں کے | نام | عورتوں کے | اور | نہیں | ان کو | اس کا |

مانتے وہ فرشتوں کو عورتوں کے نام سے موسوم کردیتے ہیں۔ مگر انہیں اس کا

مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ عِلْمٍ | اِنْ | یَّتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | الظَّنَّ | وَ | اِنَّ | الظَّنَّ | لَا | یُغْنِیْ | مِنَ الْحَقِّ |
| کوئی علم | نہیں | پیروی کرتے | مگر | گمان کی | اور | بیشک | گمان | نہیں | کام آتا | حق سے |

کوئی علم نہیں، وہ محض وہم و گمان کے پیچھے چلتے ہیں اور وہم و گمان حق کے مقابلے میں

شَيْـًٔا ۚ ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | فَاَعْرِضْ | عَنْ مَّنْ | تَوَلّٰى | عَنْ ذِكْرِنَا | وَ | لَمْ | يُرِدْ | اِلَّا | الْحَيٰوةَ |
| کچھ بھی | سو منہ پھیرو | اس سے جس نے | منہ پھیرا | یاد ہماری سے | اور | نہ | چاہا | مگر | زندگی |

کچھ کام نہیں آتا۔ تو آپ اپنی توجہ اس سے ہٹالیں جس نے ہماری یاد سے روگردانی کی اور سوائے دنیا کی زندگی کے اور کوئی

الدُّنْيَا ۭ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | ذٰلِكَ | مَبْلَغُهُمْ | مِّنَ الْعِلْمِ | اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِمَنْ | ضَلَّ |
| دنیا کی | یہ ہے | ان کی پہنچ | علم سے | بیشک | تمہارا رب | وہ | خوب جانتا ہے | اس کو جو | گمراہ ہوا |

مقصد نہیں رکھتا۔ یہ حد ہے ان کے علم کی رسائی کی بے شک آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے جو اس کی

عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ سَبِيْلِهٖ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِمَنِ | اهْتَدٰى | وَ | لِلّٰهِ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا |
| اس کی راہ سے | اور | وہ | خوب جانتا ہے | اسکو کہ جس نے | راہ پائی | اور | اللہ ہی کا ہے | جو کچھ | آسمانوں میں | اور | جو کچھ |

راہ سے بھٹکا اور وہ خوب جانتا ہے اس کو جس نے ہدایت قبول کی۔ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے جو اور

فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْاَرْضِ | لِيَجْزِيَ | الَّذِيْنَ | اَسَاۗءُوْا | بِمَا | عَمِلُوْا | وَ | يَجْزِيَ |
| زمین میں ہے | تاکہ بدلہ دے | ان کو جو | برے ہیں | اس کا جو | انہوں نے کیا | اور | بدلہ دے |

کچھ زمین میں تاکہ برائی کرنے والوں کو ان کے کیے کا بدلہ دے اور نیکی کرنے والوں

الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۚ ﴿۳۱﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰۗىِٕرَ الْاِثْمِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اَحْسَنُوْا | بِالْحُسْنٰى | اَلَّذِيْنَ | يَجْتَنِبُوْنَ | كَبٰۗىِٕرَ | الْاِثْمِ |
| ان کو | جو نیک ہیں | اچھا بدلہ | وہ جو | بچتے ہیں | بڑے بڑے | گناہوں سے |

کو نہایت اچھا صلہ عطا فرمائے۔ وہ جو بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں

وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۚ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ

| وَالْفَوَاحِشَ | إِلَّا | اللَّمَمَ | إِنَّ | رَبَّكَ | وَاسِعُ | الْمَغْفِرَةِ | هُوَ | أَعْلَمُ | بِكُمْ | إِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بے حیائی سے | مگر | صغیرہ گناہ | بیشک | تمہارا رب | وسیع | بخشش والا ہے | وہ | خوب جانتا ہے | تم کو | جبکہ |

مگر اتنا کہ گناہ کے پاس گئے اور رک گئے بے شک تمہارے رب کی مغفرت وسیع ہے وہ تمہیں خوب جانتا ہے

أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ ۖ فَلَا

| أَنْشَأَكُمْ | مِنَ الْأَرْضِ | وَ | إِذْ | أَنْتُمْ | أَجِنَّةٌ | فِي بُطُونِ | أُمَّهَاتِكُمْ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا تم کو | زمین سے | اور | جبکہ | تم | بچے تھے | پیٹوں میں | اپنی ماؤں کے | تو نہ |

تمہیں مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں حمل کی صورت تھے تو پھر اپنے نفس کی پاکیزگی کے

ع ٧

تُزَكُّوا أَنْفُسَكُمْ ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَىٰ ﴿٣٢﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ ﴿٣٣﴾

| تُزَكُّوا | أَنْفُسَكُمْ | هُوَ | أَعْلَمُ | بِمَنِ | اتَّقَىٰ | أَفَرَأَيْتَ | الَّذِي | تَوَلَّىٰ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاک بتاؤ تم | اپنے آپ کو | وہ | خوب جانتا ہے | اس کو جو | پرہیزگار ہے | کیا تم نے دیکھا ہے | وہ جو | پھر گیا |

وعدے نہ کرو وہ خوب جانتا ہے جو پرہیزگار ہیں۔ کیا تم نے اسے دیکھا جس نے (حق سے) منہ موڑ لیا۔

وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ ﴿٣٤﴾ أَعِنْدَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ﴿٣٥﴾ أَمْ لَمْ

| وَ | أَعْطَىٰ | قَلِيلًا | وَ | أَكْدَىٰ | أَعِنْدَهُ | عِلْمُ | الْغَيْبِ | فَهُوَ | يَرَىٰ | أَمْ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دیا | تھوڑا سا | اور | روک لیا | کیا پاس اسکے ہے | علم | غیب | تو وہ | دیکھتا ہے | کیا | نہ |

اور اس نے تھوڑا سا (راہ حق میں) دیا اور پھر رک گیا؟ کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ دیکھ رہا ہے۔ کیا اسے اس چیز کی خبر

يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ مُوسَىٰ ﴿٣٦﴾ وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ ﴿٣٧﴾ أَلَّا تَزِرُ

| يُنَبَّأْ | بِمَا | فِي صُحُفِ | مُوسَىٰ | وَ | إِبْرَاهِيمَ | الَّذِي | وَفَّىٰ | أَلَّا | تَزِرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خبر دیا گیا | اسکی جو | صحیفوں میں ہے | موسیٰ کے | اور | ابراہیم کے | جس نے | پورا کیا | یہ کہ نہ | اٹھائے گی |

نہیں ملی جو موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں ہے۔ اور ابراہیم علیہ السلام کے (صحیفوں میں تھیں) جنہوں نے (اللہ کے ہر امر کو) اہتمام سے پورا کیا۔

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ﴿۳۸﴾ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعْيَهٗ

| وَازِرَةٌ | وِّزْرَ | اُخْرٰی | وَ | اَنْ | لَّيْسَ | لِلْاِنْسَانِ | اِلَّا | مَا | سَعٰی | وَ | اَنَّ | سَعْيَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی اٹھانیوالی | بوجھ | دوسرے کا | اور | یہ کہ | نہیں ہے | انسان کیلئے | مگر | جو | کوشش کی | اور | بیشک | اسکی کوشش |

کہ کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسری کا بوجھ نہیں اٹھائی۔ اور یہ کہ انسان کیلئے کچھ نہیں مگر جو کوشش اس نے کی۔ اور یہ کہ اس کی

سَوْفَ يُرٰی ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰی ﴿۴۱﴾ وَاَنَّ اِلٰی رَبِّكَ

| سَوْفَ | يُرٰی | ثُمَّ | يُجْزٰىهُ | الْجَزَآءَ | الْاَوْفٰی | وَ | اَنَّ | اِلٰی | رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی | دیکھی جائے گی | پھر | بدلہ دیا جائے گا اسکو | بدلہ | پورا پورا | اور | بیشک | طرف | تمہارے رب کی ہے |

کوشش پر غور کیا جائے گا۔ پھر اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ اور یہ کہ (بالآخر) آپکے رب ہی

الْمُنْتَهٰی ﴿۴۲﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰی ﴿۴۳﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾

| الْمُنْتَهٰی | وَ | اَنَّهٗ | هُوَ | اَضْحَكَ | وَ | اَبْكٰی | وَ | اَنَّهٗ | هُوَ | اَمَاتَ | وَ | اَحْيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انتہا | اور | بیشک وہ | وہی ہے | جس نے ہنسایا | اور | رلایا | اور | وہی ہے | جس نے | مارا | اور | جلایا |

کیطرف پہنچنا ہے۔ اور یہ کہ وہی ہے جس نے ہنسایا اور رولایا۔ اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے۔

وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰی ﴿۴۶﴾

| وَ | اَنَّهٗ | خَلَقَ | الزَّوْجَيْنِ | الذَّكَرَ | وَالْاُنْثٰی | مِنْ نُّطْفَةٍ | اِذَا | تُمْنٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسی نے | پیدا کئے | جوڑے | نر | اور مادہ | نطفہ سے | جب | ٹپکایا جاتا ہے |

اور یہ کہ وہی نر اور مادہ کی دو قسمیں بناتا ہے۔ نطفہ (ایک تولیدی قطرہ) سے جبکہ وہ (رحم مادر میں) ٹپکایا جاتا ہے۔

وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰی ﴿۴۷﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰی وَاَقْنٰی ﴿۴۸﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ

| وَ | اَنَّ | عَلَيْهِ | النَّشْاَةَ | الْاُخْرٰی | وَ | اَنَّهٗ | هُوَ | اَغْنٰی | وَ | اَقْنٰی | وَ | اَنَّهٗ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک | اسی پر ہے | پیدائش | دوسری | اور | بیشک | اسی نے | غنی کیا | اور | قناعت دی | اور | بیشک وہ | وہی |

اور یہ کہ اسی پر ہے دوسری زندگی عطا فرمانا۔ اور یہ کہ اسی نے غنی کیا اور دولت و ثروت عطا فرمائی۔ اور یہ کہ وہی

رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾ وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا ۨالْاُوْلٰى ﴿٥٠﴾ وَثَمُوْدَاۡ فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿٥١﴾

| رَبُّ | الشِّعْرٰى | وَ | اَنَّهٗ | اَهْلَكَ | عَادَا | الْاُوْلٰى | وَ | ثَمُوْدَا | فَمَاۤ | اَبْقٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رب | شعریٰ کا | اور | اسی نے | ہلاک کیا | عاد کو | پہلی کو | اور | ثمود کو | پھر نہ | باقی چھوڑا |

(ستارہ) شعریٰ کا رب ہے۔ اور یہ کہ اسی نے پہلے عاد کو ہلاک فرمایا۔ اور ثمود کو پھر ان میں سے کچھ باقی نہ چھوڑا۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿٥٢﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ

| وَ | قَوْمَ | نُوْحٍ | مِّنْ قَبْلُ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | هُمْ | اَظْلَمَ | وَ | اَطْغٰى | وَالْمُؤْتَفِكَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قوم | نوح کو | اس سے پہلے | بیشک وہ | تھے | وہ | بڑے ظالم | اور | بڑے سرکش | اور الٹائی گئی بستی کو |

اور اس سے پہلے قوم نوح کو بے شک وہی بڑے ظالم اور بڑے سرکش تھے۔ اور (منکرینِ لوط کی) الٹنے والی بستیوں کو (اوپر اٹھا کر)

اَهْوٰى ﴿٥٣﴾ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿٥٥﴾ هٰذَا

| اَهْوٰى | فَغَشّٰىهَا | مَا | غَشّٰى | فَبِاَيِّ | اٰلَآءِ | رَبِّكَ | تَتَمَارٰى | هٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گرایا | پھر چھا گیا اس پر | جو | چھایا | تو کون سی | نعمت کا | اپنے رب کی | تو شک کرے گا | یہ |

نیچے پھینک دیا۔ تو ان کو ڈھانپ لیا (پتھروں کی اس بارش نے) جس نے ڈھانپ لیا۔ تو اے سننے والے اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں میں شک کرے گا۔

نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿٥٦﴾ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| نَذِيْرٌ | مِّنَ النُّذُرِ | الْاُوْلٰى | اَزِفَتِ | الْاٰزِفَةُ | لَيْسَ | لَهَا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرانے والا ہے | ڈرانے والوں میں سے | پہلوں کے | قریب آئی | قریب آنے والی | نہیں | اس کو | سوائے | اللہ کے |

یہ ایک ڈر سنانے والے ہیں اگلے ڈرانے والوں کی طرح۔ آنے والی (قیامت کی گھڑی) قریب آ پہنچی۔ اللہ کے سوا کوئی اسے

كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُوْنَ

| كَاشِفَةٌ | اَفَمِنْ | هٰذَا | الْحَدِيْثِ | تَعْجَبُوْنَ | وَتَضْحَكُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| کوئی کھولنے والا | تو کیا | اس | بات سے | تعجب کرتے ہو | اور ہنستے ہو |

ظاہر کرنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس کلام میں تعجب کرتے ہو؟ اور تم ہنستے ہو

وَلَا تَبْكُونَ ۶۰ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۶۱ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۶۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا تَبْكُوْنَ | وَ | اَنْتُمْ | سٰمِدُوْنَ | فَاسْجُدُوْا | لِلّٰهِ | وَ | اعْبُدُوْا |
| اور | روتے نہیں | اور | تم | کھیلتے ہو | تو سجدہ کرو | اللہ کو | اور | عبادت کرو |

اور روتے نہیں۔ اور تم کھیل میں پڑے ہو۔ تو اللہ کیلئے سجدہ کرو اور اسی کی بندگی کرو۔

آیاتها ۵۵ ۵۴ سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ ۳۷ رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۱ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِقْتَرَبَتِ | السَّاعَةُ | وَ | انْشَقَّ | الْقَمَرُ | وَ | اِنْ | يَّرَوْا | اٰيَةً | يُّعْرِضُوْا | وَ | يَقُوْلُوْا |
| قریب آئی | قیامت | اور | پھٹ گیا | چاند | اور | اگر | دیکھیں | کوئی نشانی | تو منہ پھیریں | اور | کہیں |

قیامت پاس آئی اور رسالت مآب ﷺ کے اشارے سے چاند شق ہوگیا۔ اور اگر دیکھیں کوئی معجزہ تو منہ پھیرتے ہیں اور کہتے ہیں

سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۲ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۳

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِحْرٌ | مُّسْتَمِرٌّ | وَ | كَذَّبُوْا | وَاتَّبَعُوْا | اَهْوَآءَ | هُمْ | وَ | كُلُّ | اَمْرٍ | مُّسْتَقِرٌّ |
| جادو ہے | چلا آتا ہے | اور | انہوں نے جھٹلایا | اور پیروی کی انہوں نے | خواہشات | اپنی کی | اور | ہر | کام | قرار پا چکا ہے |

یہ تو ہمیشہ سے چلا آنے والا جادو ہے۔ اور انہوں نے جھٹلا دیا ہے اور اپنی خواہشوں کے پیچھے لگے ہیں، مگر ہر کام انجام کو پہنچنے والا ہے۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۴ حِكْمَةٌ ۢ بَالِغَةٌ فَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ | جَآءَهُمْ | مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ | مَا | فِيْهِ | مُزْدَجَرٌ | حِكْمَةٌ | بَالِغَةٌ | فَمَا |
| اور | بیشک | آئیں انکے پاس | خبریں | جو کچھ کہ | ان میں | تنبیہ تھی | حکمت تھی | انتہا درجہ کی | پھر نہیں |

اور ان کے پاس ایسی خبریں بھی آ چکی ہیں جن میں عبرت ہے۔ اعلیٰ درجہ کو پہنچنے والی حکمت (بھی) تو ڈرانے والی (نصیحتیں

وقف لازم

تُغْنِ النُّذُرُ ۝۵ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝۶

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُغْنِ | النُّذُرُ | فَتَوَلَّ | عَنْهُمْ | يَوْمَ | يَدْعُ | الدَّاعِ | إِلَىٰ | شَيْءٍ | نُّكُرٍ |
| فائدہ دیتے | ڈرانیوالے | تو منہ پھیرلو | ان سے | جس دن | پکارے گا | پکارنے والا | طرف | چیز | ناپہچان کی |

فائدہ نہیں دیتیں۔ تو آپ ان سے منہ پھیرلیں (ایک) بلانے والا (فرشتہ صور پھونک کر کہیں) جس روز سخت ناگوار چیز (میدانِ حشر) کی طرف بلائے گا۔

خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خُشَّعًا | أَبْصَارُهُمْ | يَخْرُجُونَ | مِنَ الْأَجْدَاثِ | كَأَنَّهُمْ | جَرَادٌ |
| جھکی ہوں گی | آنکھیں ان کی | نکلیں گے | قبروں سے | گویا کہ وہ | ٹڈی ہیں |

نیچے آنکھیں کیے ہوئے قبروں سے نکلیں گے گویا وہ ٹڈی ہیں

مُّنتَشِرٌ ۝۷ مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّنتَشِرٌ | مُّهْطِعِينَ | إِلَى | الدَّاعِ | يَقُولُ | الْكَافِرُونَ | هَٰذَا | يَوْمٌ |
| پھیلی ہوئی | دوڑتے ہوں گے | طرف | پکارنیوالے کی | کہیں گے | کافر | یہ | دن |

پھیلی ہوئی۔ بلانے والے کی طرف لپکتے ہوئے کافر کہیں گے یہ دن

عَسِرٌ ۝۸ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَسِرٌ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوحٍ | فَكَذَّبُوا | عَبْدَنَا | وَ | قَالُوا | مَجْنُونٌ |
| سخت ہے | جھٹلایا | ان سے پہلے | قوم | نوح نے | تو جھٹلایا انہوں نے | بندے ہمارے کو | اور | کہا | دیوانہ ہے |

سخت ہے۔ ان سے پہلے نوح علیہ السلام کی قوم نے جھٹلایا ہاں انہوں نے ہمارے بندے کو جھٹلایا اور کہا دیوانہ ہے

وَازْدُجِرَ ۝۹ فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانتَصِرْ ۝۱۰ فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَازْدُجِرَ | فَدَعَا | رَبَّهُ | أَنِّي | مَغْلُوبٌ | فَانتَصِرْ | فَفَتَحْنَا | أَبْوَابَ |
| اور جھڑک دیا | تو پکارا اس نے | اپنے رب کو | بیشک میں | مغلوب ہوں | سو تو بدلہ لے | تو ہم نے کھول دیئے | دروازے |

اور دھمکیاں دی گئیں۔ تب انہوں نے اپنے رب سے دُعا کی کہ میں عاجز آگیا ہوں پس تو انتقام لے۔ تو ہم نے موسلا دھار

السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى

| السَّمَآءِ | بِمَآءٍ | مُّنْهَمِرٍ | وَّ | فَجَّرْنَا | الْاَرْضَ | عُيُوْنًا | فَالْتَقَى | الْمَآءُ | عَلٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان کے | پانی سے | زور سے گرنیوالے | اور | پھاڑے ہم نے | زمین کے | چشمے | تو مل گیا | پانی | اوپر |

بارش سے آسمان کے دروازے کھول دیئے۔ اور ہم نے زمین سے چشمے جاری کر دیئے تو (زمین و آسمان کا) پانی (عذاب کے)

اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾ تَجْرِىْ

| اَمْرٍ | قَدْ | قُدِرَ | وَحَمَلْنٰهُ | عَلٰى | ذَاتِ اَلْوَاحٍ | وَّ | دُسُرٍ | تَجْرِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقدار کے | کہ جو | مقدر تھی | اور اٹھایا ہم نے اسکو | اوپر | تختوں والی | اور | میخوں والی کے (کشتی) | بہتی تھی |

اس اَمر پر جمع ہو گیا جو (ان کی ہلاکت کیلئے) مقدر ہو چکا تھا۔ اور ہم نے نوح علیہ السلام کو سوار کیا تختوں اور کیلوں والی کشتی پر۔ کہ ہماری

بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ

| بِاَعْيُنِنَا | جَزَآءً | لِّمَنْ | كَانَ كُفِرَ | وَ | لَقَدْ | تَّرَكْنٰهَآ | اٰيَةً | فَهَلْ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہماری نگاہ کے روبرو | بدلہ تھا | اس کا | کہ جس کا انکار کیا گیا | اور | بیشک | چھوڑا ہم نے اسکو | نشانی | تو کیا | ہے کوئی |

نگاہ کے روبرو بہتی تھی اس کے صلہ میں جس کے ساتھ کفر کیا گیا تھا۔ اور ہم نے اس (کشتی) کو ایک نشانی کے طور پر رہنے دیا، اب

مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

| مُّدَّكِرٍ | فَكَيْفَ | كَانَ | عَذَابِىْ | وَ | نُذُرِ | وَ | لَقَدْ | يَسَّرْنَا | الْقُرْاٰنَ | لِلذِّكْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھیان کرنے والا | تو کیسا ہوا | ہوا | میرا عذاب | اور | میرا ڈرانا | اور | بیشک | آسان فرمایا ہم نے | قرآن | یاد کرنے کیلئے |

ہے کوئی نصیحت لینے والا؟ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تھا۔ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب

فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾ اِنَّآ

| فَهَلْ | مِنْ | مُّدَّكِرٍ | كَذَّبَتْ | عَادٌ | فَكَيْفَ | كَانَ | عَذَابِىْ | وَ | نُذُرِ | اِنَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کیا | ہے کوئی | یاد کرنے والا | جھٹلایا | عاد نے | تو کیسا | ہوا | میرا عذاب | اور | میرا ڈرانا | بیشک ہم نے |

ہے کوئی نصیحت لینے والا۔ قوم عاد نے جھٹلایا تو کیسا ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا۔ بے شک

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾ تَنْزِعُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | رِيْحًا | صَرْصَرًا | فِيْ يَوْمِ | نَحْسٍ | مُّسْتَمِرٍّ | تَنْزِعُ |
| بھیجی ہے ہم نے | ان پر | آندھی | تیز | دن میں | منحوس | ہمیشہ کیلئے | اکھاڑتی تھی |

ہم نے ان پر ایک سخت آندھی بھیجی ایسے دن میں جس کی نحوست ان پر ہمیشہ کیلئے رہی۔ لوگوں کو یوں

النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسَ | كَاَنَّهُمْ | اَعْجَازُ | نَخْلٍ | مُّنْقَعِرٍ | فَكَيْفَ | كَانَ | عَذَابِيْ |
| لوگوں کو | گویا کہ وہ | تنے ہیں | کھجوروں کے | اکھڑے ہوئی | تو کیسا | ہوا | میرا عذاب |

اکھاڑتی تھی کہ گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں۔ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور

ع ۲۲ ۸ وَنُذُرِ ﴿٢١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٢٢﴾ ع كَذَّبَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَنُذُرِ | وَ | لَقَدْ | يَسَّرْنَا | الْقُرْاٰنَ | لِلذِّكْرِ | فَهَلْ | مِنْ | مُّدَّكِرٍ | كَذَّبَتْ |
| اور میرا ڈرانا | اور | بیشک | آسان کیا ہم نے | قرآن کو | یاد کرنے کیلئے | تو کیا ہے | کوئی | یاد کرنے والا | جھٹلایا |

میرے ڈرانا؟ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب ہے کوئی نصیحت لینے والا۔ (قوم) ثمود نے ڈرسنانے

ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿٢٣﴾ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَمُوْدُ | بِالنُّذُرِ | فَقَالُوْٓا | اَبَشَرًا | مِّنَّا | وَاحِدًا | نَّتَّبِعُهٗٓ | اِنَّآ | اِذًا | لَّفِيْ ضَلٰلٍ |
| ثمود نے | رسولوں کو | تو بولے | کیا ایک آدمی کی | جو ہم میں سے ہے | ایک | ہم اسکی پیروی کریں | بیشک ہم | اس وقت | ضرور گمراہ |

والے رسولوں کو جھٹلایا۔ تو کہنے لگے کیا ہم اپنے میں سے ایک بشر کی اتباع کریں تب تو ہم یقیناً ضرور گمراہی

وَّسُعُرٍ ﴿٢٤﴾ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿٢٥﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | سُعُرٍ | ءَاُلْقِيَ | الذِّكْرُ | عَلَيْهِ | مِنْۢ بَيْنِنَا | بَلْ | هُوَ | كَذَّابٌ | اَشِرٌ |
| اور | دیوانے ہیں | کیا ڈالا گیا | ذکر | اس پر | ہم میں سے | بلکہ | وہ | جھوٹا ہے | اترانیوالا |

اور عذاب میں ہیں۔ کیا ہم سب میں سے اس پر ذکر اتارا گیا بلکہ یہ سخت جھوٹا ہے اور بڑا بننے والا ہے۔

سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿٢٦﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

| سَيَعْلَمُوْنَ | غَدًا | مَّنِ | الْكَذَّابُ | الْاَشِرُ | اِنَّا | مُرْسِلُوا | النَّاقَةِ | فِتْنَةً | لَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی جان جائیں گے | کل | کون تھا | جھوٹا | اترانے والا | ہم | بھیجنے والے ہیں | اونٹنی | آزمائش ہے | ان کیلئے |

بہت جلد جان جائیں گے کون تھا بڑا جھوٹا اور خود پسند۔ ہم ان کی آزمائش کیلئے ایک اونٹنی بھیجنے لگے ہیں پس

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ

| فَارْتَقِبْهُمْ | وَاصْطَبِرْ | وَ | نَبِّئْهُمْ | اَنَّ | الْمَآءَ | قِسْمَةٌ | بَيْنَهُمْ | كُلُّ | شِرْبٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو انتظار کر ان کا | اور صبر کر | اور | خبر دے ان کو | بیشک | پانی | تقسیم کیا گیا ہے | انکے درمیان | ہر | حصہ پر |

اے صالح علیہ السلام! ان کے انجام کا انتظار کریں۔ اور انہیں بتائیں کہ پانی ان کے درمیان بانٹ دیا گیا ہے ہر ایک پینے کی

مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾ فَكَيْفَ كَانَ

| مُّحْتَضَرٌ | فَنَادَوْا | صَاحِبَهُمْ | فَتَعَاطٰى | فَعَقَرَ | فَكَيْفَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| باری والا حاضر ہو | تو انہوں آواز دی | اپنے ساتھی کو | تو اس نے پکڑا | اور کونچیں کاٹ دیں | تو کیسا | ہوا |

باری پر ہی آئے گا۔ تو انہوں نے اپنے ساتھی کو پکارا تو اس نے (اونٹنی کو) پکڑا اور اس کی کونچیں کاٹ دیں۔ تو کیسا ہوا میرا

عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا

| عَذَابِىْ | وَ | نُذُرِ | اِنَّآ | اَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | صَيْحَةً | وَّاحِدَةً | فَكَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرا عذاب | اور | میرا ڈرانا | بیشک | ہم نے بھیجی ہے | ان پر | چنگھاڑ | ایک | تو ہو گئے |

عذاب اور میرا ڈرانا۔ بے شک ہم نے ان پر ایک چنگھاڑ بھیجی تو وہ باڑے والے کی روندی ہوئی باڑھ کی

كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

| كَهَشِيْمِ | الْمُحْتَظِرِ | وَ | لَقَدْ | يَسَّرْنَا | الْقُرْاٰنَ | لِلذِّكْرِ | فَهَلْ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جیسے چورا چورا گھاس | سوکھی ہوئی | اور | بیشک | آسان کیا ہم نے | قرآن کو | یاد کرنے کیلئے | تو کیا ہے | کو |

طرح (بھس ہو کر) رہ گئے۔ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب

مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۢ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُدَّكِرٍ | كَذَّبَتْ | قَوْمُ | لُوْطٍ | بِالنُّذُرِ | اِنَّآ | اَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ |
| یاد کرنیوالا | جھٹلایا | قوم | لوط نے | رسولوں کو | بیشک ہم نے | بھیجا ہم نے | ان پر |

کوئی نصیحت لینے والا۔ لوط علیہ السلام کی قوم نے ڈرانے والے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ ہم نے ان پر

حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور طرف | اللہ کی | لوٹائے جاتے ہیں | سب کام | داخل کرتا ہے | رات کو | دن میں | اور | داخل کرتا ہے | دن کو |

اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔ (وہی) رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے

فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ ۶ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا

| فِي الَّيْلِ | وَ | هُوَ | عَلِيْمٌۢ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | اٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | وَ | اَنْفِقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رات میں | اور | وہ | جاننے والا ہے | دلوں کی باتیں | ایمان لاؤ | اللہ پر | اور | اسکے رسول پر | اور | خرچ کیا کرو |

اور وہ سینوں کی (چھپی ہوئی) ہر بات کو خوب جانتا ہے۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی راہ میں کچھ وہ خرچ کرو

مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ

| مِمَّا | جَعَلَكُمْ | مُّسْتَخْلَفِيْنَ | فِيْهِ | فَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مِنْكُمْ | وَاَنْفَقُوْا | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے کہ | بنایا تم کو | جانشین | اس میں | تو وہ جو | ایمان لائے | تم میں سے | اور خرچ کیا | ان کیلئے |

جس میں تمہیں اوروں کا جانشین کیا تو جو تم میں سے ایمان لائے اور جنہوں نے اس کی راہ میں خرچ کیا ان کیلئے

اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ ۷ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ

| اَجْرٌ | كَبِيْرٌ | وَ | مَا | لَكُمْ | لَا | تُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الرَّسُوْلُ | يَدْعُوْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثواب ہے | بہت بڑا | اور | کیا ہے | تم کو | نہیں | ایمان لاتے تم | ار. | اور | رسول پر | بلاتے ہیں تم کو |

بڑا ثواب ہے۔ اور تمہیں کیا ہے کہ اللہ پر ایمان نہ لاؤ حالانکہ یہ رسول تمہیں دعوت حق دے رہے ہیں

لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ ۸ هُوَ

| لِتُؤْمِنُوْا | بِرَبِّكُمْ | وَ | قَدْ | اَخَذَ | مِيْثَاقَكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ تم ایمان لاؤ | اپنے رب پر | اور | بیشک | لیا اس نے | تم سے عہد | اگر | ہو تم | ایمان والے | وہ اللہ |

کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ اور بے شک وہ تم سے پہلے عہد لے چکا ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو۔ وہی

الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰي عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

| الَّذِيْ | يُنَزِّلُ | عَلٰي عَبْدِهٖٓ | اٰيٰتٍۢ | بَيِّنٰتٍ | لِّيُخْرِجَكُمْ | مِّنَ الظُّلُمٰتِ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہے جس نے | اتاریں | اپنے بندے پر | آیتیں | روشن | تاکہ نکالے تم کو | اندھیروں سے | طرف |

اپنے (خاص) بندے پر واضح آیتیں نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جائے

النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النُّوْرِ | وَاِنَّ | اللّٰهَ | بِكُمْ | لَرَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | مَا | لَكُمْ | اَلَّا | تُنْفِقُوْا | فِيْ |
| روشنی کی | اور بیشک | اللہ | تم پر | البتہ مہربان | رحم والا ہے | اور | کیا ہے | تم کو | کہ نہ | خرچ کرو | میں |

اور بے شک اللہ تم پر مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | لِلّٰهِ | مِيْرَاثُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | لَا | يَسْتَوِيْ | مِنْكُمْ |
| راہ | اللہ | اور | اللہ ہی | وارث ہے | آسمانوں | اور | زمین کا | نہیں | برابر ہے | تم میں سے |

تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ آسمانوں اور زمین کا وارث اللہ ہی ہے تم میں کوئی اس کی

مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّنْ | اَنْفَقَ | مِنْ قَبْلِ | الْفَتْحِ | وَ | قٰتَلَ | اُولٰٓئِكَ | اَعْظَمُ | دَرَجَةً | مِّنَ الَّذِيْنَ |
| جس نے | خرچ کیا | پہلے | فتح سے | اور | لڑائی کی | یہ لوگ | بہت بڑے ہیں | درجے میں | ان سے |

برابری نہیں کر سکتا جس نے فتح مکہ سے پہلے مال خرچ کیا اور جنگ کی ان کا درجہ ان سے

اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفَقُوْا | مِنْۢ بَعْدُ | وَ | قٰتَلُوْا | وَكُلًّا | وَّعَدَ | اللّٰهُ | الْحُسْنٰى | وَاللّٰهُ | بِمَا |
| جنہوں نے خرچ کیا | بعد اس کے | اور | لڑائی کی | اور سب سے | وعدہ کیا | اللہ نے | جنت کا | اور اللہ | اسے جو |

جنہوں نے بعد میں خرچ کیا اور جنگ کی بہت بڑا ہے اور سب سے اللہ نے اچھا وعدہ کیا ہے

ع ١٠ ١٧ تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿١٠﴾ ع مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | مَنْ | ذَا الَّذِيْ | يُقْرِضُ | اللّٰهَ | قَرْضًا | حَسَنًا |
| تم عمل کرتے ہو | خبردار ہے | کون ہے | وہ جو | قرض دے | اللہ کو | قرض | اچھا |

اور اللہ تمہارے عملوں سے باخبر ہے۔ کوئی ہے جو اللہ کو قرض حسنہ کے طور پر دے تو اللہ اس کیلئے اسے

فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

| فَيُضٰعِفَهٗ | لَهٗ | وَلَهٗ | اَجْرٌ | كَرِيْمٌ | يَوْمَ | تَرَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر دگنا کرے اسکو | اس کیلئے | اور اس کیلئے | اجر ہے | بہت اچھا | جس دن | آپ دیکھیں گے | مومن مردوں کو | اور | مومن عورتوں کو |

بڑھاتا رہے اور اس کیلئے عزت کا اجر ہے۔ (اے محبوب ﷺ!) جس دن آپ ایمان والے مردوں اور ایمان

يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ

| يَسْعٰى | نُوْرُهُمْ | بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ | وَبِاَيْمَانِهِمْ | بُشْرٰىكُمُ | الْيَوْمَ | جَنّٰتٌ | تَجْرِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوڑتا ہوگا | نور ان کا | ان کے آگے | اور ان کے دائیں | تمہیں خوشخبری ہو | آج کے دن | جنت کی | بہتی ہیں |

والی عورتوں کو دیکھیں گے کہ ان کا نور ان کے آگے اور ان کی دائیں طرف دوڑتا ہوگا (اور ان سے کہا جائے گا کہ) آج تمہارے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ

| مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | ذٰلِكَ | هُوَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | يَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہیں | اس میں | یہی | وہ ہے | کامیابی | بڑی | جس دن |

لئے بڑی خوشی کی چیز جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ہمیشہ ان میں رہو گے، یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ جس دن

يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ

| يَقُوْلُ | الْمُنٰفِقُوْنَ | وَ | الْمُنٰفِقٰتُ | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | انْظُرُوْنَا | نَقْتَبِسْ | مِنْ نُّوْرِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہیں گے | منافق مرد | اور | منافق عورتیں | ان کو | جو مومن ہیں | دیکھو ہماری طرف | فائدہ اٹھائیں ہم | تمہارے نور سے |

منافق مرد اور منافق عورتیں مسلمانوں سے کہیں گے کہ ہمیں ایک نظر دیکھو کہ ہم تمہارے نور سے

قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ

| قِيْلَ | ارْجِعُوْا | وَرَآءَكُمْ | فَالْتَمِسُوْا | نُوْرًا | فَضُرِبَ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا جائے گا | لوٹو | پیچھے اپنے | تو ڈھونڈو | نور | تو کھڑی کی جائے گی | انکے درمیان |

کچھ حصہ لیں کہا جائے گا اپنے پیچھے لوٹو وہاں نور ڈھونڈو وہ لوٹیں گے جبھی ان کے

بِسُوۡرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيۡهِ الرَّحۡمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنۡ قِبَلِهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِسُوۡرٍ | لَّهٗ | بَابٌ | بَاطِنُهٗ | فِيۡهِ | الرَّحۡمَةُ | وَ | ظَاهِرُهٗ | مِنۡ قِبَلِهِ |
| ایک دیوار | اس کا | دروازہ ہوگا | اندر | اس کے | رحمت ہوگی | اور | باہر اس کے | اس طرف |

درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہے اس کے اندر رحمت اور اس کے باہر کی

الۡعَذَابُ ؕ ﴿۱۳﴾ يُنَادُوۡنَهُمۡ اَلَمۡ نَكُنۡ مَّعَكُمۡ ؕ قَالُوۡا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمۡ فَتَنۡتُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡعَذَابُ | يُنَادُوۡنَهُمۡ | اَلَمۡ | نَكُنۡ | مَّعَكُمۡ | قَالُوۡا | بَلٰى | وَلٰكِنَّكُمۡ | فَتَنۡتُمۡ |
| عذاب ہوگا | وہ انکو آوازیں دیں گے | کیا نہیں | تھے ہم | تمہارے ساتھ | کہیں گے | ہاں | اور لیکن تم نے | فتنہ میں ڈالا |

طرف عذاب ہے۔ منافق مسلمانوں کو پکاریں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے وہ کہیں گے کیوں نہیں مگر تم نے تو اپنی جانیں فتنہ

اَنۡفُسَكُمۡ وَتَرَبَّصۡتُمۡ وَارۡتَبۡتُمۡ وَغَرَّتۡكُمُ الۡاَمَانِىُّ حَتّٰى جَآءَ اَمۡرُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡفُسَكُمۡ | وَ | تَرَبَّصۡتُمۡ | وَارۡتَبۡتُمۡ | وَغَرَّتۡكُمُ | الۡاَمَانِىُّ | حَتّٰى | جَآءَ | اَمۡرُ |
| اپنی جانوں کو | اور | انتظار کیا | اور شک کیا | اور دھوکہ دیا تم کو | خواہشات نے | یہاں تک کہ | آگیا | حکم |

میں ڈالیں اور مسلمانوں کی برائی کے منتظر رہتے اور شک رکھتے اور باطل امیدوں نے تمہیں فریب دیا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ گیا

اللّٰهِ وَغَرَّكُمۡ بِاللّٰهِ الۡغَرُوۡرُ ﴿۱۴﴾ فَالۡيَوۡمَ لَا يُؤۡخَذُ مِنۡكُمۡ فِدۡيَةٌ وَّلَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ | غَرَّكُمۡ | بِاللّٰهِ | الۡغَرُوۡرُ | فَالۡيَوۡمَ | لَا | يُؤۡخَذُ | مِنۡكُمۡ | فِدۡيَةٌ | وَّ | لَا |
| اللہ کا | اور | دھوکہ دیا تم کو | اللہ کے متعلق | دھوکے باز نے | تو آج | نہ | لیا جائے گا | تم سے | فدیہ | اور | نہ |

اور تمہیں اللہ کے حکم پر اس بڑے فریبی نے مغرور رکھا۔ ہاں آج تم سے کوئی فدیہ نہیں لیا جائے گا اور نہ کافروں سے تمہارا گھر

مِنَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ؕ مَاۡوٰٮكُمُ النَّارُ ؕ هِىَ مَوۡلٰٮكُمۡ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | مَاۡوٰٮكُمُ | النَّارُ | هِىَ | مَوۡلٰٮكُمۡ | وَ | بِئۡسَ | الۡمَصِيۡرُ | اَلَمۡ |
| ان سے جو | کافر ہیں | تمہارا ٹھکانہ | آگ ہے | یہی | تمہاری رفیق ہے | اور | برا ہے | ٹھکانہ | کیا نہ |

آگ ہے وہی تمہاری رفیق ہے اور وہ کیا برا ٹھکانا ہے! کیا

يٰأَنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰأَنِ | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اَنْ | تَخْشَعَ | قُلُوْبُهُمْ | لِذِكْرِ | اللّٰهِ | وَ | مَا | نَزَلَ | مِنَ الْحَقِّ |
| وقت آیا | ان کیلئے جو | مومن ہیں | یہ کہ | جھک جائیں | ان کے دل | ذکر | الٰہی کیلئے | اور | جو | اترا | حق |

ایمان والوں کیلئے وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کی یاد اور اس حق کے سامنے

وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | يَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | مِنْ قَبْلُ | فَطَالَ | عَلَيْهِمُ |
| اور نہ | ہوجائیں | ان کی طرح جو | دیئے گئے | کتاب | پہلے | تو دراز ہوگئی | ان پر |

جو اللہ نے نازل کیا ہے جھک جائیں اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہوجائیں جنہیں (اس سے) پہلے کتاب دی گئی تھی پھر ان پر مدت

الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿١٦﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَمَدُ | فَقَسَتْ | قُلُوْبُهُمْ | وَ | كَثِيْرٌ | مِّنْهُمْ | فٰسِقُوْنَ | اِعْلَمُوْٓا | اَنَّ |
| مدت | تو سخت ہوگئے | ان کے دل | اور | بہت سے | ان میں سے | فاسق ہیں | جان لو | بیشک |

گزر گئی تو ان کے دل سخت ہو گئے ور ان میں بہت سے بدکار ہیں۔ (خوب) جان لو

اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يُحْيِ | الْاَرْضَ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | قَدْ | بَيَّنَّا | لَكُمُ | الْاٰيٰتِ | لَعَلَّكُمْ |
| اللہ | زندہ کرتا ہے | زمین کو | بعد | اسکی موت کے | بیشک | بیان کیں ہم نے | تمہارے لئے | نشانیاں | تاکہ تم |

بے شک اللہ ہی زمین کو اس کے مردہ ہو جانے کے بعد زندہ فرماتا ہے بے شک ہم نے تمہارے لئے نشانیاں بیان کردیں

تَعْقِلُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْقِلُوْنَ | اِنَّ | الْمُصَّدِّقِيْنَ | وَ | الْمُصَّدِّقٰتِ | وَ | اَقْرَضُوا | اللّٰهَ | قَرْضًا |
| سوچو | بیشک | صدقہ کرنیوالے مرد | اور | صدقہ کرنیوالی عورتیں | اور | جنہوں نے قرضہ دیا | اللہ کو | قرضہ |

تاکہ تم سمجھو۔ بیشک صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور اللہ کو قرض حسنہ دینے والے ان کیلئے

حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

| حَسَنًا | يُّضٰعَفُ | لَهُمْ | وَ | لَهُمْ | اَجْرٌ | كَرِيْمٌ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھا | دگنا کیا جائے گا | ان کیلئے | اور | ان کیلئے | اجر ہے | اچھا | اور | وہ جو | ایمان لائے | اللہ پر |

ان کی نیکیوں کو دوگنا کیا جائے گا اور ان کیلئے عزت کا اجر ہے۔ اور وہ جو اللہ اور اس کے سب رسولوں پر ایمان لائیں

وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ لَهُمْ

| وَ | رُسُلِهٖ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الصِّدِّيْقُوْنَ | وَ | الشُّهَدَآءُ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسکے رسولوں پر | یہی | لوگ ہیں | سچے | اور | گواہ | پاس | اپنے رب کے | ان کیلئے |

وہی ہیں کامل سچے اور اوروں پر گواہ ہیں اپنے رب کے یہاں ان کیلئے

اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

| اَجْرُهُمْ | وَنُوْرُهُمْ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَكَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَآ | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجر ان کا | اور نور ان کا | اور | وہ جو | کافر ہیں | اور جھٹلایا انہوں نے | ہماری آیات کو | یہی لوگ ہیں |

ان کا ثواب اور ان کا نور ہے اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں

ع ۲ ۹ ۱۸ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ ع اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ

| اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ | اِعْلَمُوْٓا | اَنَّمَا | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | لَعِبٌ | وَّلَهْوٌ | وَّ | زِيْنَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنم میں رہنے والے | جان لو | اسکے سوا نہیں کہ | زندگی | دنیا کی | کھیل | اور تماشہ ہے | اور | آرائش |

وہ دوزخی ہیں۔ جان لو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا ہے اور ظاہری آرائش ہے

وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ

| وَّ | تَفَاخُرٌ | بَيْنَكُمْ | وَتَكَاثُرٌ | فِي الْاَمْوَالِ | وَالْاَوْلَادِ | كَمَثَلِ | غَيْثٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | فخر ہے | تمہارے درمیان | اور زیادتی چاہنا | مال میں | اور اولاد میں | جیسے | بارش |

اور آپس میں فخر اور خود ستائی ہے اور ایک دوسرے پر مال و اولاد میں زیادتی کی طلب ہے اسکی مثال

# اَعۡجَبَ الۡکُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ یَهِیۡجُ فَتَرٰىهُ مُصۡفَرًّا ثُمَّ یَكُوۡنُ

| اَعۡجَبَ | الۡکُفَّارَ | نَبَاتُهٗ | ثُمَّ | یَهِیۡجُ | فَتَرٰىهُ | مُصۡفَرًّا | ثُمَّ | یَكُوۡنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پسند آتا ہے | کسانوں کو | اس کا سبزہ | پھر | سوکھتی ہے | پھر دیکھتا ہے تو اسکو | زرد | پھر | ہو جاتی ہے |

بارش کی سی ہے کہ جس کی پیداوار کسانوں کو بھلی لگتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے پھر تم اسے یک کر زرد ہوتا دیکھتے ہو پھر وہ ریزہ

# حُطٰمًا ؕ وَ فِی الۡاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِیۡدٌ ۙ وَّ مَغۡفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ

| حُطٰمًا | وَ | فِی الۡاٰخِرَةِ | عَذَابٌ | شَدِیۡدٌ | وَّ | مَغۡفِرَةٌ | مِّنَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چورا چورا | اور | آخرت میں | عذاب ہے | سخت | اور | بخشش | اللہ سے |

ریزہ ہو جاتی ہے، اور آخرت میں (نافرمانوں کے لئے) سخت عذاب ہے اور (فرمانبرداروں کے لئے) اللہ کی جانب سے

# وَ رِضۡوَانٌ ؕ وَ مَا الۡحَیٰوةُ الدُّنۡیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الۡغُرُوۡرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوۡۤا اِلٰی مَغۡفِرَةٍ

| وَ | رِضۡوَانٌ | وَ | مَا | الۡحَیٰوةُ | الدُّنۡیَاۤ | اِلَّا | مَتَاعُ | الۡغُرُوۡرِ | سَابِقُوۡۤا | اِلٰی | مَغۡفِرَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | رضا | اور | نہیں ہے | زندگی | دنیا کی | مگر | سامان | دھوکے کا | دوڑو | طرف | بخشش کی |

مغفرت اور عظیم خوشنودی ہے اور دنیا کی زندگی دھوکے کی پونجی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ بڑھو اپنے رب کی بخشش

# مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَ جَنَّةٍ عَرۡضُهَا كَعَرۡضِ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ ۙ اُعِدَّتۡ

| مِّنۡ رَّبِّكُمۡ | وَ | جَنَّةٍ | عَرۡضُهَا | كَعَرۡضِ | السَّمَآءِ | وَ | الۡاَرۡضِ | اُعِدَّتۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے رب کی | اور | جنت کی طرف | کہ اسکی چوڑائی ہے | جیسے چوڑائی | آسمان | اور | زمین کی | تیار کی گئی ہے |

اور اس جنت کی طرف جس کا پھیلاؤ آسمان اور زمین کے پھیلاؤ کی طرح ہے جو ان کیلئے تیار کی گئی ہے

# لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ یُؤۡتِیۡهِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ

| لِلَّذِیۡنَ | اٰمَنُوۡا | بِاللّٰهِ | وَ | رُسُلِهٖ | ذٰلِكَ | فَضۡلُ | اللّٰهِ | یُؤۡتِیۡهِ | مَنۡ | یَّشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کیلئے جو | ایمان لائے | اللہ | اور | اسکے رسولوں پر | یہ | فضل ہے | اللہ کا | دیتا ہے | جسے | چاہے |

جو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں! یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا

| وَاللّٰهُ | ذُو الْفَضْلِ | الْعَظِیْمِ | مَآ | اَصَابَ | مِنْ مُّصِیْبَةٍ | فِی الْاَرْضِ | وَ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | صاحب فضل | عظیم والا ہے | نہیں | پہنچتی | کوئی مصیبت | زمین میں | اور | نہ |

دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ کوئی مصیبت زمین پر نہیں آتی اور نہ خود

فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

| فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ | اِلَّا | فِیْ كِتٰبٍ | مِّنْ قَبْلِ | اَنْ | نَّبْرَاَهَا | اِنَّ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہاری جانوں میں | مگر | کتاب میں ہے | اس سے پہلے | یہ کہ | ہم پیدا کریں اسکو | بیشک | یہ | اوپر | اللہ کے |

تم پر مگر وہ اس سے پہلے کہ ہم اسے پیدا کریں کتاب میں ہوتی ہے یہ بات اللہ کیلئے

یَسِیْرٌ ﴿۲۲﴾ لِّكَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

| یَسِیْرٌ | لِّكَیْلَا | تَاْسَوْا | عَلٰى | مَا | فَاتَكُمْ | وَ | لَا | تَفْرَحُوْا | بِمَآ | اٰتٰىكُمْ | وَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسان ہے | تاکہ نہ | غم کھاؤ | اوپر | اسکے جو | فوت ہوجائے تم سے | اور | نہ | اتراؤ | اس پر | جو دے تم کو | اور | اللہ |

آسان ہے۔ یہ اس لئے کہ کوئی چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہے تو اس کا رنج نہ کیا کرو اور جو کچھ اللہ نے تمہیں دیا اس پر اترایا نہ

لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿۲۳﴾ لا الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَیَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

| لَا | یُحِبُّ | كُلَّ | مُخْتَالٍ | فَخُوْرِ | الَّذِیْنَ | یَبْخَلُوْنَ | وَ | یَاْمُرُوْنَ | النَّاسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | پسند کرتا | ہر ایک | اترانیوالے | فخر کرنیوالے کو | وہ جو | بخل کرتے ہیں | اور | حکم دیتے ہیں | لوگوں کو |

کرو اور اللہ کسی اترانے والے متکبر کو پسند نہیں کرتا۔ جو بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو (بھی) بخل پر آمادہ کرتے ہیں

بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

| بِالْبُخْلِ | وَ | مَنْ | یَّتَوَلَّ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْغَنِیُّ | الْحَمِیْدُ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخل کا | اور | جو | منہ پھیرے | تو بیشک | اللہ | وہ ہے | بے نیاز | تعریف کیا گیا | بیشک | بھیجا ہم نے |

اور جس نے روگردانی کی تو بے شک اللہ ہی بے نیاز سب خوبیوں والا ہے۔ بے شک ہم نے اپنے رسولوں

رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رُسُلَنَا | بِالْبَيِّنٰتِ | وَ | اَنْزَلْنَا | مَعَهُمُ | الْكِتٰبَ | وَالْمِيْزَانَ | لِيَقُوْمَ |
| رسولوں کو | کھلے دلائل دے کر | اور | اتاری ہم نے | ان کے ساتھ | کتاب | اور ترازو | تاکہ قائم ہوں |

کو دلیلوں کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور عدل کی ترازو اتاری کہ لوگ انصاف پر قائم ہوں

النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | بِالْقِسْطِ | وَ | اَنْزَلْنَا | الْحَدِيْدَ | فِيْهِ | بَاْسٌ | شَدِيْدٌ | وَّ |
| لوگ | انصاف پر | اور | اتارا ہم نے | لوہا | اس میں | آنچ ہے | سخت | اور |

اور ہم نے لوہا اتارا اس میں سخت آنچ اور لوگوں کے فائدے اور اس لئے کہ

مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنَافِعُ | لِلنَّاسِ | وَ | لِيَعْلَمَ | اللّٰهُ | مَنْ | يَّنْصُرُهٗ | وَرُسُلَهٗ | بِالْغَيْبِ |
| فائدے ہیں | لوگوں کیلئے | اور | تاکہ دیکھے | اللہ | کون | مدد کرتا ہے اسکی | اور اسکے رسولوں کی | بن دیکھے |

اللہ دیکھے اس کو جو بے دیکھے اس کی اور اس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ ۳ ع ۲ ۱۹

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | قَوِيٌّ | عَزِيْزٌ | وَلَقَدْ | اَرْسَلْنَا | نُوْحًا | وَّ | اِبْرٰهِيْمَ |
| بیشک | اللہ | قوت والا | غالب | اور بیشک | بھیجا ہم نے | نوح کو | اور | ابراہیم کو |

بے شک اللہ قوت والا غالب ہے۔ اور بے شک ہم نے نوح علیہ السلام اور ابراہیم علیہ السلام کو بھیجا

وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنَا | فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا | النُّبُوَّةَ | وَالْكِتٰبَ | فَمِنْهُمْ | مُّهْتَدٍ |
| اور | رکھی ہم نے | ان کی اولاد میں | نبوت | اور کتاب | تو کچھ ان میں سے | ہدایت والے ہیں |

اور ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی تو ان میں کوئی راہ پر آیا

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَثِيْرٌ | مِّنْهُمْ | فٰسِقُوْنَ | ثُمَّ | قَفَّيْنَا | عَلٰٓى | اٰثَارِهِمْ | بِرُسُلِنَا | وَ |
| اور | بہت سے | ان میں سے | فاسق ہیں | پھر | پیچھے بھیجے ہم نے | اوپر | نشانوں ان کے کے | اپنے رسول | اور |

اور ان میں اکثر فاسق ہیں۔ پھر ان کے نقشِ قدم پر پیچھے پیچھے ہم نے

قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَفَّيْنَا | بِعِيْسَى | ابْنِ | مَرْيَمَ | وَاٰتَيْنٰهُ | الْاِنْجِيْلَ | وَ | جَعَلْنَا |
| پیچھے بھیجا ہم نے | عیسیٰ کو | بیٹے | مریم کے | اور عطا فرمائی ہم نے اس کو | انجیل | اور | رکھی ہم نے |

اپنے رسول بھیجے اور پیچھے ہی عیسیٰ علیہ السلام ابنِ مریم کو بھیجا اور اسے انجیل دی اور جن لوگوں نے

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَ ۨ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ قُلُوْبِ | الَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْهُ | رَاْفَةً | وَّ | رَحْمَةً | وَ | رَهْبَانِيَّةَ | ابْتَدَعُوْهَا |
| دلوں میں | ان لوگوں کہ | پیروی کی اسکی | نرمی | اور | رحمت | اور | رہبانیت | خود بنایا انہوں نے اسکو |

ان کی پیروی کی ان کے دلوں میں ہم نے نرمی اور رحم ڈال دیا مگر گوشہ نشینی انہوں نے خود ایجاد کی

ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَتَبْنٰهَا | عَلَيْهِمْ | اِلَّا | ابْتِغَاۗءَ | رِضْوَانِ | اللّٰهِ | فَمَا | رَعَوْهَا | حَقَّ |
| نہ | لکھا ہم نے اسکو | ان پر | مگر | واسطے چاہنے | رضامندی | اللہ کی | پھر نہ | رعایت کی اسکی | حق |

ہم نے ان پر لازم نہیں کی سوائے اس کے کہ وہ اللہ کی خوشنودی حاصل کریں مگر وہ اسے

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِعَايَتِهَا | فَاٰتَيْنَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مِنْهُمْ | اَجْرَهُمْ | وَكَثِيْرٌ | مِّنْهُمْ |
| اسکی رعایت کا | تو دیا ہم نے | ان کو جو | ایمان لائے | ان میں سے | اجران کا | اور بہت سے | ان میں سے |

نبھا نہ سکے جیسا اس کے نبھانے کا حق تھا پھر ان میں ایمان والوں کو ہم نے ان کا اجر دے دیااور ان میں

وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا

| فٰسِقُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَاٰمِنُوْا | بِرَسُوْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فاسق ہیں | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | اور ایمان لاؤ | اسکے رسول پر |

بہت سے بدکار ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اوراس کے رسول پر ایمان رکھو وہ تمہیں

بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ

| يُؤْتِكُمْ | كِفْلَيْنِ | مِنْ رَّحْمَتِهٖ | وَ | يَجْعَلْ | لَّكُمْ | نُوْرًا | تَمْشُوْنَ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عطا فرمائے گا تم کو | دو حصے | اپنی رحمت کے | اور | بنائے گا | تمہارے لئے | نور | چلو گے تم | اسکے ساتھ |

اپنی رحمت کے دو حصے دے گا اور تمہارے لئے ایسا نور مقرر کرے گا جس کی مدد سے تم چلو گے

بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

| وَيَغْفِرْ | لَكُمْ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | لِّئَلَّا | يَعْلَمَ | اَهْلُ | الْكِتٰبِ | اَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بخشے گا | تم کو | اور | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | تاکہ | جان لیں | اہل | کتاب | کہ وہ نہیں |

اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ تاکہ اہلِ کتاب (کافر) جان لیں کہ اللہ کے

اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ

| يَقْدِرُوْنَ | عَلٰى | شَيْءٍ | مِّنْ فَضْلِ | اللّٰهِ | وَ | اَنَّ | الْفَضْلَ | بِيَدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اختیار رکھتے | اوپر | کسی چیز کے | فضل | خداوندی سے | اور | بیشک | فضل | ہاتھ میں |

فضل (میں) سے کسی چیز پر بھی وہ قدرت نہیں رکھتے اور یہ کہ (اللہ کا)

اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾ ع

| اللّٰهِ | يُؤْتِيْهِ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے ہے | دیتا ہے | جسے | چاہے | اور | اللہ | اللہ بڑے فضل والا ہے |

فضل اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے جسے چاہے عطا فرماتا ہے اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔

ایاتھا ۲۲ | ۵۸ سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۵ | رکوعاتھا ۳

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِىْ تُجَادِلُكَ فِىْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِىْٓ اِلَى اللّٰهِ

| قَدْ | سَمِعَ | اللّٰهُ | قَوْلَ | الَّتِىْ | تُجَادِلُكَ | فِىْ زَوْجِهَا | وَ | تَشْتَكِىْٓ | اِلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | سنی | اللہ نے | بات | اس کی | جو بحث کرتی تھی آپ سے | اپنے شوہر کے معاملے میں | اور | شکوہ کرتی تھی | طرف | اللہ کی |

بے شک اللہ نے سن لی اس عورت کی بات جو آپ سے اپنے شوہر کے معاملہ میں بحث کرتی ہے اور اللہ سے شکایت کرتی ہے

## وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ

| وَ | اللّٰهُ | يَسْمَعُ | تَحَاوُرَكُمَا | اِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | بَصِيْرٌ | اَلَّذِيْنَ | يُظٰهِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ | سنتا تھا | سوال جواب تمہارے | بیشک | اللہ | سننے والا | دیکھنے والا ہے | وہ جو | ماں کی جگہ کہہ دے |

اور اللہ آپ دونوں کی گفتگو سن رہا ہے بے شک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔ وہ جو تم میں اپنی بیوی کو

## مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰۗـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ

| مِنْكُمْ | مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ | مَّا | هُنَّ | اُمَّهٰتِهِمْ | اِنْ | اُمَّهٰتُهُمْ | اِلَّا | الّٰۗـِٔيْ | وَلَدْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | اپنی بیویوں کو | نہیں | وہ | ان کی مائیں | نہیں ہیں | ان کی مائیں | مگر | وہ جنہوں نے | ان کو جنا |

اپنی ماں کہہ بیٹھتے ہیں وہ ان کی مائیں نہیں ان کی مائیں تو وہی ہیں جن سے وہ پیدا ہوئے ہیں

## وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ②

| وَ | اِنَّهُمْ | لَيَقُوْلُوْنَ | مُنْكَرًا | مِّنَ الْقَوْلِ | وَزُوْرًا | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَعَفُوٌّ | غَفُوْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک وہ | کہتے ہیں | بری | بات | اور جھوٹ | اور | بیشک | اللہ | معاف کرنیوالا | بخشنے والاہے |

اور بے شک وہ بری اور جھوٹی بات کہتے ہیں اور بے شک اللہ ضرور معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

| وَ | الَّذِيْنَ | يُظٰهِرُوْنَ | مِنْ نِّسَآئِهِمْ | ثُمَّ | يَعُوْدُوْنَ | لِمَا | قَالُوْا | فَتَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ جو | ماں کی جگہ کہہ دے | اپنی بیویوں کو | پھر | لوٹیں | اس کیلئے جو | کہا | تو آزاد کرنا ہے | ایک غلام |

اور جو لوگ اپنی عورتوں کو ماں کہہ دیں پھر اپنے کہے سے رجوع کریں تو ایک غلام آزاد کیا جائے

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

| مِّنْ قَبْلِ | اَنْ | يَّتَمَآسَّا | ذٰلِكُمْ | تُوْعَظُوْنَ | بِهٖ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے | اس سے کہ | ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں | یہ | نصیحت دیے جاتے ہو | اس کی | اور | اللہ | اس سے جو | تم عمل کرتے ہو |

اس سے پہلے کہ وہ ایک دوسرے کو چھوئیں اس سے تمہیں نصیحت ہوگی اور اللہ تمہارے

خَبِيْرٌ ۝۳ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ

| خَبِيْرٌ | فَمَنْ | لَّمْ | يَجِدْ | فَصِيَامُ | شَهْرَيْنِ | مُتَتَابِعَيْنِ | مِنْ قَبْلِ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خبردار ہے | تو جو | نہ | پائے | تو روزے رکھے | دو مہینے کے | لگاتار | پہلے اس سے | یہ کہ |

عملوں سے باخبر ہے۔ پھر جو کوئی یہ نہ پائے وہ دو ماہ کے لگاتار روزے رکھے اس سے پہلے کہ وہ

يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا

| يَّتَمَآسَّا | فَمَنْ | لَّمْ | يَسْتَطِعْ | فَاِطْعَامُ | سِتِّيْنَ | مِسْكِيْنًا | ذٰلِكَ | لِتُؤْمِنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہاتھ لگائیں ایک دوسرے کو | تو جو | نہ | طاقت رکھے | تو کھانا کھلائیں | ساٹھ | مسکینوں کو | یہ اس لئے | کہ تم ایمان رکھو |

ایک دوسرے کو چھوئیں اور جو یہ نہ کر سکے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائیں یہ اس لئے تاکہ تم اللہ اور اس کے

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴

| بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | وَ | تِلْكَ | حُدُوْدُ | اللّٰهِ | وَ | لِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | اور | اسکے رسول پر | اور | یہ | حدیں ہیں | اللہ کی | اور | کافروں کیلئے | عذاب ہے | دردناک |

رسول پر ایمان رکھو اور یہ اللہ کی حدیں ہیں اور انکار کرنے والوں کو دردناک عذاب ہوگا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيْنَ | يُحَآدُّوْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | كُبِتُوْا | كَمَا | كُبِتَ | الَّذِيْنَ |
| بیشک | وہ جو | مخالفت کرتے ہیں | اللہ | اور | اسکے رسول کی | ذلیل کیے گئے | جیسے کہ | ذلیل کیے گئے | وہ |

بے شک جو لوگ عداوت رکھتے ہیں اللہ اور اس کے رسول سے وہ (یقینا) خوار کیے جائیں گے جیسے خوار کیے گئے

مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ يَوْمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | وَ | قَدْ | اَنْزَلْنَآ | اٰيٰتٍ | بَيِّنٰتٍ | وَ | لِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | يَوْمَ |
| جو ان سے پہلے تھے | اور | بیشک | اتاریں ہم نے | آیتیں | روشن | اور | کافروں کیلئے | عذاب ہے | ذلیل کرنیوالا | جس دن |

وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے اور بیشک ہم نے روشن آیتیں نازل فرمائیں اور کافروں کیلئے خواری کا عذاب ہے۔ جس دن

يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَبْعَثُهُمُ | اللّٰهُ | جَمِيْعًا | فَيُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | عَمِلُوْا | اَحْصٰىهُ | اللّٰهُ | وَ | نَسُوْهُ |
| اٹھائے گا انکو | اللہ | سب کو | تو بتائے گا ان کو | جو | کیا انہوں نے | گن رکھا ہے اسکو | اللہ نے | اور | بھول گئے وہ اسکو |

اللہ ان سب کو اٹھائے گا پھر انہیں خبر دے گا ان کے سب کاموں کی اللہ نے ان کے سب اعمال کو محفوظ فرما لیا ہے

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ ع ۲

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ شَيْءٍ | شَهِيْدٌ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ |
| اور | اللہ | اوپر | ہر شے کے | گواہ ہے | کیا نہ | دیکھا تو نے کہ | بیشک | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | آسمانوں میں ہے |

اور وہ انہیں بھول چکے ہیں اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ اے سننے والے! کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | فِي الْاَرْضِ | مَا | يَكُوْنُ | مِنْ | نَّجْوٰى | ثَلٰثَةٍ | اِلَّا | هُوَ | رَابِعُهُمْ |
| اور | جو کچھ | زمین میں ہے | نہیں | ہوتی | کوئی | سرگوشی | تین کی | مگر | وہ ہوتا ہے | ان میں چوتھا |

ہے اور جو کچھ زمین میں ہے جہاں کہیں تین شخصوں کی سرگوشی ہو تو چوتھا وہ موجود ہے

وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | خَمْسَةٍ | اِلَّا | هُوَ | سَادِسُهُمْ | وَ | لَآ | اَدْنٰى | مِنْ ذٰلِكَ | وَ | لَآ | اَكْثَرَ | اِلَّا | هُوَ |
| اور | نہ | پانچ کی | مگر | وہ ہوتا ہے | ان میں چھٹا | اور | نہ | کم | اس سے | اور | نہ | زیادہ | مگر | وہ ہے |

اور پانچ کی ہو تو چھٹا وہ اور نہ اس سے کم اور نہ اس سے زیادہ کی مگر یہ کہ وہ

مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَهُمْ | اَيْنَ مَا | كَانُوْا | ثُمَّ | يُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | عَمِلُوْا | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| انکے ساتھ | جہاں بھی وہ | ہوں | پھر | بتادے گا ان کو | جو | انہوں نے عمل کیے | دن | قیامت کے | بیشک | اللہ |

ان کے ساتھ ہے جہاں کہیں ہوں پھر انہیں قیامت کے دن بتا دے گا جو کچھ انہوں نے کیا

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | اَلَمْ | تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | نُهُوْا | عَنِ النَّجْوٰى | ثُمَّ |
| ہر | چیز کو | جانتا ہے | کیا نہ | دیکھا تم نے | طرف | ان کی جو | منع کیے گئے | سرگوشی سے | پھر |

بے شک اللہ سب کچھ جانتا ہے۔ کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشیوں سے منع کیا گیا تھا پھر وہ لوگ وہی کام

يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعُوْدُوْنَ | لِمَا | نُهُوْا | عَنْهُ | وَ | يَتَنٰجَوْنَ | بِالْاِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَمَعْصِيَتِ |
| وہی کرتے ہیں | جس سے | روکے گئے | اس سے | اور | سرگوشی کرتے ہیں | گناہ | اور | زیادتی کی | اور نافرمانی کی |

کرنے لگے جس سے روکے گئے تھے اور وہ گناہ اور سرکشی اور نافرمانی رسول (ﷺ) سے متعلق سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب آپ

الرَّسُوْلِ ۡ وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلِ | وَ | اِذَا | جَآءُوْكَ | حَيَّوْكَ | بِمَا | لَمْ | يُحَيِّكَ | بِهٖ | اللّٰهُ | وَ | يَقُوْلُوْنَ |
| رسول کی | اور | جب | آتے ہیں تمہارے پاس | سلام کہتے ہیں آپکو | جس طرح کہ | نہیں | سلام کہا | آپ کو | اللہ نے | اور | کہتے ہیں |

کے پاس حاضر ہوتے ہیں تو آپ کو اُن (نازیبا) کلمات کے ساتھ سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا اور اپنے

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ۭ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

| فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ | لَوْ | لَا | يُعَذِّبُنَا | اللّٰهُ | بِمَا | نَقُوْلُ | حَسْبُهُمْ | جَهَنَّمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے دلوں میں | کیوں | نہیں | سزا دیتا ہم کو | اللہ | اس کی جو | کہتے ہیں ہم | کافی ہے ان کو | جہنم |

دلوں میں کہتے ہیں کہ (اگر یہ رسول سچے ہیں تو) اللہ ہمیں ان (باتوں) پر عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؟ انہیں دوزخ (کا

يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا

| يَصْلَوْنَهَا | فَبِئْسَ | الْمَصِيْرُ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِذَا | تَنَاجَيْتُمْ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہوں گے اس میں | تو کیسا برا ہے | ٹھکانہ | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | تم سرگوشی کرو | تو نہ |

عذاب) ہی کافی ہے وہ اسی میں داخل ہوں گے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔ اے ایمان والو! جب تمہیں باہم سرگوشی کرنا ہو تو

تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ

| تَتَنَاجَوْا | بِالْاِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَ | مَعْصِيَتِ | الرَّسُوْلِ | وَ | تَنَاجَوْا | بِالْبِرِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرگوشی کرو | گناہ کی | اور | زیادتی | اور | نافرمانی کی | رسول کے | اور | مشورے کرو | نیکی |

گناہ دشمنی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشی نہ کرو مگر نیکی اور پرہیزگاری کی سرگوشی کر سکتے ہو

وَالتَّقْوٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا النَّجْوٰى

| وَ | التَّقْوٰى | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | الَّذِيْٓ | اِلَيْهِ | تُحْشَرُوْنَ | اِنَّمَا | النَّجْوٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پرہیزگاری کے | اور | ڈرو | اللہ سے | وہ اللہ ہے کہ | اسکی طرف | اٹھائے جاؤ گے | اسکے سوا نہیں کہ | سرگوشی |

اور اللہ سے ڈرو جس کے پاس تمہیں اکٹھا کیا جائے گا۔ سرگوشی کرنا تو شیطان کا کام ہے

مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَاۗرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ

| مِنَ الشَّيْطٰنِ | لِيَحْزُنَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | لَيْسَ | بِضَاۗرِّهِمْ | شَيْـًٔا | اِلَّا | بِاِذْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان سے ہے | تاکہ رنج دے | ان کو | جو مومن ہیں | اور | نہیں | تکلیف دینے والا انکو | کچھ بھی | مگر | حکم |

تاکہ وہ ایمان والوں کو رنجیدہ کرے اگرچہ وہ اللہ کی اجازت کے بغیر انہیں کچھ نقصان بھی نہیں

اللّٰہِ ط وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِیْلَ

| اللّٰہِ | وَ | عَلَی | اللّٰہِ | فَلْیَتَوَکَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | یٰۤاَیُّہَا | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِذَا | قِیْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٰہی سے | اور | اوپر | اللہ ہی کے | بھروسہ کریں | ایمان والے | اے | لوگو | جو مومن ہو | جب | کہا جائے |

پہنچا سکتا پس مؤمنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے۔ اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے کہ (اپنی) محفلوں میں

لَکُمْ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰہُ لَکُمْ ج وَاِذَا قِیْلَ

| لَکُمْ | تَفَسَّحُوْا | فِی الْمَجٰلِسِ | فَافْسَحُوْا | یَفْسَحِ | اللّٰہُ | لَکُمْ | وَ | اِذَا | قِیْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم سے | جگہ دو | مجلسوں میں | تو جگہ دو | جگہ دے گا | اللہ | تم کو | اور | جب | کہا جائے |

کشادہ ہو جاؤ تو کشادہ ہو جایا کرو اللہ تمہارے لئے کشادگی فرمائے گا اور جب تم سے کہا جائے کھڑے ہو جاؤ

انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا یَرْفَعِ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ لا وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

| انْشُزُوْا | فَانْشُزُوْا | یَرْفَعِ | اللّٰہُ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | مِنْکُمْ | وَالَّذِیْنَ | اُوْتُوا | الْعِلْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھ جاؤ | تو اٹھ جاؤ | بلند فرمائے گا | اللہ | ان کو جو | مومن ہیں | تم میں سے | اور ان کو جو | دیے گئے | علم |

تو کھڑے ہو جایا کرو تم میں سے جو کامل ایمان لائے اور جنہیں علم دیا گیا اللہ ان کے درجے بلند فرمائے گا

دَرَجٰتٍ ط وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿۱۱﴾ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا

| دَرَجٰتٍ | وَ | اللّٰہُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِیْرٌ | یٰۤاَیُّہَا | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درجوں میں | اور | اللہ | اس سے جو | تم کرتے ہو | خبردار ہے | اے | وہ جو | مومن ہو | جب |

اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب خبردار ہے۔ اے ایمان والو! جب تم

نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰىکُمْ صَدَقَةً ط ذٰلِکَ

| نَاجَیْتُمُ | الرَّسُوْلَ | فَقَدِّمُوْا | بَیْنَ یَدَیْ | نَجْوٰىکُمْ | صَدَقَةً | ذٰلِکَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تم عرض کرنا چاہو | رسول سے | تم دے دو | پہلے | اپنی عرض سے | کچھ صدقہ دو | یہ |

رسول ﷺ سے سرگوشی میں کچھ عرض کرنا چاہو تو اپنی بات عرض کرنے سے پہلے کچھ صدقہ دے دیا کرو یہ تمہارے

خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

| خَيْرٌ | لَّكُمْ | وَاَطْهَرُ | فَاِنْ | لَّمْ | تَجِدُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہے | تمہارے لئے | اور بہت ستھرا | پھر اگر | نہ | پاؤ | تو بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

لئے نہایت اچھا اور بہت پاکیزہ ہے تو اگر تم (کچھ) نہ پاؤ تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

| ءَاَشْفَقْتُمْ | اَنْ | تُقَدِّمُوْا | بَيْنَ يَدَيْ | نَجْوٰىكُمْ | صَدَقٰتٍ | فَاِذْ | لَمْ | تَفْعَلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیاتم ڈر گئے | یہ کہ | آگے بھیجو | پہلے | اپنے مشورے سے | صدقے | توجب | نہ | کیاتم نے |

کیا تم اس سے ڈر گئے کہ تم اپنی سر گوشی سے پہلے کچھ صدقے دو پھر جب تم نے یہ نہ کیا

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

| وَ | تَابَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمْ | فَاَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَ | اَطِيْعُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | رجوع فرمایا | اللہ نے | تم پر | تو قائم رکھو | نماز | اور دو | زکوۃ | اور | اطاعت کرو | اللہ کی |

اور اللہ نے اپنی رحمت سے تم پر رجوع فرمائی تو نماز قائم رکھو اور زکوۃ دو اور اللہ اور اس کے رسول

ع ۲ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا

| وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | اللّٰهُ | خَبِيْرٌ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | اَلَمْ | تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | تَوَلَّوْا | قَوْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسکے رسول کی | اور | اللہ | خبردار ہے | اس سے | جو تم کرتے ہو | کیا نہ | دیکھا تم نے | طرف | انکی جنہوں نے | دوستی کی | ان سے کہ |

کے فرمانبردار رہو اور اللہ تمہارے کاموں کو جانتا ہے۔ کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جو ایسوں کے

غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى

| غَضِبَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | مَا هُمْ | مِّنْكُمْ | وَ | لَا | مِنْهُمْ | وَ | يَحْلِفُوْنَ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غضب ہوا | اللہ کا | ان پر | نہیں ہیں وہ | تم میں سے | اور | نہ | ان میں سے | اور | قسمیں کھاتے ہیں | اوپر |

دوست ہوئے جن پر اللہ کا غضب ہے وہ نہ تم میں سے ہیں نہ ان میں سے ہیں

الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٤﴾ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۖ إِنَّهُمْ سَاءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكَذِبِ | وَهُمْ | يَعْلَمُونَ | أَعَدَّ | اللَّهُ | لَهُمْ | عَذَابًا | شَدِيدًا | إِنَّهُمْ | سَاءَ |
| جھوٹی | اور وہ | جانتے ہیں | تیار کیا | اللہ نے | ان کیلئے | عذاب | سخت | بیشک | برا ہے |

وہ دانستہ جھوٹی قسم کھاتے ہیں۔ اللہ نے ان کیلئے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے بے شک وہ برا

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوا يَعْمَلُونَ | اتَّخَذُوا | أَيْمَانَهُمْ | جُنَّةً | فَصَدُّوا | عَن سَبِيلِ اللَّهِ |
| جو | وہ کیا کرتے تھے | پکڑا انہوں نے | اپنی قسموں کو | ڈھال | تو روکا انہوں نے | اللہ کی راہ سے |

کام کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اور یوں اللہ کی راہ سے روکتے ہیں

فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٦﴾ لَّن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَهُمْ | عَذَابٌ | مُّهِينٌ | لَّن | تُغْنِيَ | عَنْهُمْ | أَمْوَالُهُمْ | وَ | لَا | أَوْلَادُهُم |
| تو ان کیلئے | عذاب ہے | رسوا کرنیوالا | ہرگز نہ | کام آئیں گے | ان کے | ان کے مال | اور | نہ | ان کی اولاد |

سو انہیں ذلت کا عذاب ہو گا۔ ان کے مال اور ان کی اولاد اللہ (کے عذاب) سے انہیں

مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١٧﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ اللَّهِ | شَيْئًا | أُولَٰئِكَ | أَصْحَابُ النَّارِ | هُمْ | فِيهَا | خَالِدُونَ |
| اللہ سے | کچھ بھی | یہ لوگ | آگ والے ہیں | وہ | اس میں | ہمیشہ رہیں گے |

ہرگز کچھ نہ بچا سکیں گے وہ دوزخی ہیں ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | يَبْعَثُهُمُ | اللَّهُ | جَمِيعًا | فَيَحْلِفُونَ | لَهُ | كَمَا | يَحْلِفُونَ | لَكُمْ |
| جس دن | اٹھائے گا ان کو | اللہ | سب کو | تو قسمیں کھائیں گے | اسکے سامنے | جیسے | قسمیں کھاتے ہیں | آپ کے سامنے |

جس دن اللہ ان سب کو اٹھائے گا تو اس کے سامنے (بھی) ایسی ہی قسمیں کھائیں گے جیسی آپ کے سامنے

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَیْءٍ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۸﴾

| وَ | يَحْسَبُوْنَ | اَنَّهُمْ | عَلٰى | شَیْءٍ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ | الْكٰذِبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ سمجھتے ہیں | یہ کہ وہ | اوپر | کسی چیز کے ہیں | سنتے ہو | بیشک وہ | وہی | جھوٹے ہیں |

قسمیں کھا رہے ہیں اور وہ گمان رکھتے ہیں کہ وہ کسی (اچھی) شے پر ہیں خبردار بے شک وہی جھوٹے ہیں۔

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ

| اِسْتَحْوَذَ | عَلَيْهِمُ | الشَّيْطٰنُ | فَاَنْسٰهُمْ | ذِكْرَ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | حِزْبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب آیا | ان پر | شیطان | تو بھلا دیا ان کو | ذکر | اللہ کا | یہ لوگ | گروہ ہیں |

ان پر شیطان غالب آ گیا تو انہیں اللہ کی یاد بھلا دی وہ شیطان کے گروہ ہیں

الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

| الشَّيْطٰنِ | اَلَآ | اِنَّ | حِزْبَ | الشَّيْطٰنِ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کے | سن لو | بیشک | گروہ | شیطان کا | وہی ہیں | گھاٹے والے | بیشک | وہ لوگ جو |

سن لو بے شک شیطانی گروہ کے لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔ بے شک وہ جو اللہ

يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰٓئِكَ فِى الْاَذَلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا

| يُحَآدُّوْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | اُولٰٓئِكَ | فِى الْاَذَلِّيْنَ | كَتَبَ | اللّٰهُ | لَاَغْلِبَنَّ | اَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مخالفت کرتے ہیں | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی | یہ لوگ ہیں | ذلیل لوگوں میں | لکھا | اللہ نے | ضرور غالب آؤں گا | میں |

اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ سب سے زیادہ ذلیلوں میں ہیں۔ اللہ نے لکھ دیا ہے کہ میں (اللہ)

وَرُسُلِىْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

| وَ | رُسُلِىْ | اِنَّ | اللّٰهَ | قَوِىٌّ | عَزِيْزٌ | لَا | تَجِدُ | قَوْمًا | يُّؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | میرے رسول | بیشک | اللہ | قوت والا ہے | عزت والا | نہ | پاؤ گے | کسی قوم کو جو | ایمان رکھتے ہوں | اللہ پر |

اور میرے رسول غالب آ کر رہیں گے اللہ قوت والا اور غالب ہے۔ آپ ان لوگوں کو جو اللہ اور روزِ آخرت پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | يُوَآدُّوْنَ | مَنْ | حَآدَّ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | لَوْ | كَانُوْٓا | اٰبَآءَهُمْ |
| اور | دن | پچھلے پر | دوستی رکھیں | اس سے جو | مخالفت کرے | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی | اور | اگرچہ | ہوں وہ | باپ ان کے |

ایمان رکھتے ہیں ان لوگوں سے محبت کرتے ہوئے نہیں پائیں گے جو اللہ اوراس کے رسول کے

اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | اَبْنَآءَهُمْ | اَوْ | اِخْوَانَهُمْ | اَوْ | عَشِيْرَتَهُمْ | اُولٰٓئِكَ | كَتَبَ | فِيْ قُلُوْبِهِمُ |
| یا | بیٹے ان کے | یا | بھائی ان کے | یا | کنبہ ان کا | یہی لوگ ہیں کہ | لکھا | ان کے دلوں میں |

خلاف کرتے ہیں اگرچہ وہ ان کے باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے والے

الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِيْمَانَ | وَ | اَيَّدَهُمْ | بِرُوْحٍ | مِّنْهُ | وَ | يُدْخِلُهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
| ایمان | اور | مدد کی ان کی | ساتھ روح کے | اپنی طرف سے | اور | داخل کرے گا ان کو | باغوں میں کہ | بہتی ہیں | اس کے نیچے |

اللہ نے ان کے دلوں پر ایمان نقش کر دیا ہے اور اپنی روح سے انہیں قوت دی ہے اورانہیں وہ

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | رَضِيَ | اللّٰهُ | عَنْهُمْ | وَ | رَضُوْا | عَنْهُ |
| نہریں | ہمیشہ رہیں | اس میں | راضی ہوا | اللہ | ان سے | اور | وہ راضی ہوئے | اس سے |

ان باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اللہ ان سے راضی ہے

اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٢٢﴾ ع ٣

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | حِزْبُ | اللّٰهِ | اَلَآ | اِنَّ | حِزْبَ | اللّٰهِ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ |
| یہ لوگ ہیں | جماعت | اللہ کی | خبردار | بیشک | جماعت | اللہ کی | وہی ہیں | کامیاب |

اور وہ اللہ سے راضی ہیں وہ اللہ کا گروہ ہیں سنو! اللہ کا گروہ ہی کامیاب ہونے والا ہے

ایاتہا ۲۴ | ۵۹ سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۱ | رکوعاتہا ۳

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١﴾

| سَبَّحَ | لِلّٰهِ | مَا | فِی السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِی الْاَرْضِ | وَ | هُوَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکی بولتاہے | اللہ کی | جو کچھ | آسمانوں میں ہے | اور | جو کچھ | زمین میں ہے | اور | وہ | عزت والا | حکمت والا ہے |

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں اور وہی عزت و حکمت والا ہے۔

## هُوَ الَّذِیْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ

| کہا | بتایا مجھ کو | جاننے والے | خبردار نے | اگر | توبہ کرو | طرف | اللہ کی | تو بیشک | مائل ہوگئے تھے | تمہارے دل |

افشاء کربیٹھی ہیں) تو وہ بولیں: آپ کو یہ کس نے بتادیا ہے؟ نبی (ﷺ) نے فرمایا کہ مجھے بڑے علم والے بڑی آگاہی والے (رب) نے بتادیا ہے۔ اگر تم

وَاِنۡ تَظٰهَرَا عَلَيۡهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوۡلٰٮهُ وَجِبۡرِيۡلُ وَصَالِحُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنۡ | تَظٰهَرَا | عَلَيۡهِ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | مَوۡلٰٮهُ | وَ | جِبۡرِيۡلُ | وَصَالِحُ | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ |
| اور اگر | غلبہ کرو | اس پر | تو بیشک | اللہ | وہ ہے | مددگار اس کا | اور | جبریل | اور نیک | مومن |

دونوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو (تو تمہارے لئے بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل (ایک ہی بات کی طرف) جھک گئے ہیں اگر تم دونوں نے اس بات پر ایک

وَالۡمَلٰٓئِكَةُ بَعۡدَ ذٰلِكَ ظَهِيۡرٌ ۝۴ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنۡ طَلَّقَكُنَّ اَنۡ يُّبۡدِلَهٗۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالۡمَلٰٓئِكَةُ | بَعۡدَ | ذٰلِكَ | ظَهِيۡرٌ | عَسٰى | رَبُّهٗۤ | اِنۡ | طَلَّقَكُنَّ | اَنۡ | يُّبۡدِلَهٗۤ |
| اور فرشتے بھی | بعد | اس کے | مددگار ہیں | قریب ہے | ان کا رب | اگر | وہ طلاق دے دیں تم کو | یہ کہ | بدل دے اسکو |

دوسرے کی اعانت کی (تو یہ نبی مکرم ﷺ کے لئے باعث رنج ہوسکتا ہے) سو بے شک اللہ ہی اُن کا دوست و مددگار ہے اور جبریل اور صالح مومنین بھی اور اس

أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ

| أَزْوَاجًا | خَيْرًا | مِّنكُنَّ | مُسْلِمَاتٍ | مُّؤْمِنَاتٍ | قَانِتَاتٍ | تَائِبَاتٍ | عَابِدَاتٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیویاں | بہتر | تم سے | مسلمان عورتیں | مومن | فرماں بردار | توبہ کرنیوالیاں | عبادت گزار |

کے بعد (سارے) فرشتے بھی (اُن کے) مددگار ہیں۔ اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو بعید نہیں کہ ان کا رب بدل دے ان کیلئے تم سے بہتر بیویاں فرمانبردار

سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا ﴿٥﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ

| سَائِحَاتٍ | ثَيِّبَاتٍ | وَ | أَبْكَارًا | يَا أَيُّهَا | الَّذِينَ | آمَنُوا | قُوا | أَنفُسَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روزے دار | بیاہیاں | اور | کنواریاں | اے | وہ جو | ایمان لائے ہو | بچاؤ | اپنی جانوں کو |

ایماندار باادب توبہ شعار عبادت گزار روزہ دار شوہر دیدہ اور (بعض) کنواری۔ اے ایمان والو! بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر

وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

| وَأَهْلِيكُمْ | نَارًا | وَقُودُهَا | النَّاسُ | وَالْحِجَارَةُ | عَلَيْهَا | مَلَائِكَةٌ | غِلَاظٌ | شِدَادٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اپنے گھروالوں کو | آگ سے | ایندھن اس کا | آدمی ہیں | اور پتھر | اس پر | فرشتے ہیں | سخت دل | طاقتور |

والوں کو اس آگ سے جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں جن پر تندخو طاقتور فرشتے (مقرر) ہیں

لَّا يَعْصُونَ اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ﴿٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

| لَا | يَعْصُونَ | اللَّهَ | مَا | أَمَرَهُمْ | وَيَفْعَلُونَ | مَا | يُؤْمَرُونَ | يَا أَيُّهَا | الَّذِينَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | نافرمانی کرتے | اللہ کی | جو | حکم دے ان کو | اور کرتے ہیں | جو | حکم کیے جاتے ہیں | اے | لوگو جو |

وہ اللہ کا کوئی حکم نہیں ٹالتے اور وہی کام کرتے ہیں جس کا انہیں حکم ہو۔ اے کافرو!

ع ۱۹ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٧﴾ ع يَا أَيُّهَا

| كَفَرُوا | لَا | تَعْتَذِرُوا | الْيَوْمَ | إِنَّمَا | تُجْزَوْنَ | مَا | كُنتُمْ تَعْمَلُونَ | يَا أَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر ہو | نہ | بہانے بناؤ | آج کے دن | اسکے سوا نہیں کہ | بدلہ دیے جاؤ گے | جو کچھ | تم کیا کرتے تھے | اے |

آج بہانے نہ بناؤ تمہیں وہی بدلا ملے گا جو تم کرتے تھے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ عَسٰى رَبُّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | تُوْبُوْٓا | اِلَى | اللّٰهِ | تَوْبَةً | نَّصُوْحًا | عَسٰى | رَبُّكُمْ |
| جولوگ | ایمان لائے ہو | توبہ کرو | طرف | اللہ کی | توبہ | خالص | قریب ہے | تمہارا رب |

ایمان والو! اللہ کی طرف ایسی توبہ کرو جو آگے کو نصیحت ہو جائے قریب ہے

اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّكَفِّرَ | عَنْكُمْ | سَيِّاٰتِكُمْ | وَيُدْخِلَكُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
| یہ کہ | دور کردے | تم سے | گناہ تمہارے | اور داخل کرے تم کو | باغوں میں | بہتی ہیں | ان کے نیچے |

تمہارا رب تمہاری برائیاں تم سے اتار دے اور تمہیں باغوں میں لے جائے جن کے

الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَنْهٰرُ | يَوْمَ | لَا | يُخْزِي | اللّٰهُ | النَّبِيَّ | وَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ |
| نہریں | جس دن | نہ | رسوا کرے گا | اللہ | نبی کو | اور ان کو جو | ایمان لائے | اسکے ساتھ |

نیچے نہریں بہیں جس دن اللہ رسوا نہ کرے گا نبی اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو

نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نُوْرُهُمْ | يَسْعٰى | بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ | وَبِاَيْمَانِهِمْ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَآ |
| نور ان کا | دوڑتا ہوگا | ان کے آگے | اور ان کے داہنے | عرض کریں گے | اے ہمارے رب |

اللہ کا نور دوڑتا ہو گا ان کے آگے اور ان کے داہنے عرض کریں گے اے ہمارے رب!

اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٨﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتْمِمْ | لَنَا | نُوْرَنَا | وَ | اغْفِرْلَنَا | اِنَّكَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ |
| پورا کر | ہمارے لئے | نور ہمارا | اور | بخش ہم کو | بیشک تو | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے |

ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر دے اور ہمیں بخش دے بے شک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا | النَّبِىُّ | جَاهِدِ | الْكُفَّارَ | وَالْمُنٰفِقِيْنَ | وَاغْلُظْ |
| اے | غیب بتانیوالے نبی | جہاد کرو | کافروں سے | اور منافقوں سے | اور سختی فرماؤ |

اے غیب بتانے والے نبی محتشم ﷺ! کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور ان پر سخت ہو جاؤ

عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۹﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | وَمَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | وَبِئْسَ | الْمَصِيْرُ | ضَرَبَ | اللّٰهُ |
| ان پر | اور ان کا ٹھکانہ | جہنم ہے | اور برا ہے | ٹھکانہ | بیان فرماتا ہے | اللہ |

اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔ اللہ کافروں کیلئے

مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَثَلًا | لِّلَّذِيْنَ | كَفَرُوا | امْرَاَتَ | نُوْحٍ | وَّ | امْرَاَتَ | لُوْطٍ | كَانَتَا |
| مثال | ان کیلئے جو | کافر ہیں | بیوی | نوح کی | اور | بیوی | لوط کی | تھیں دونوں |

نوح علیہ السلام کی بیوی اور لوط علیہ السلام کی بیوی کی مثال بیان کرتا ہے وہ ہمارے بندوں میں سے

تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْتَ | عَبْدَيْنِ | مِنْ عِبَادِنَا | صَالِحَيْنِ | فَخَانَتٰهُمَا | فَلَمْ | يُغْنِيَا |
| نکاح میں | ہمارے دو بندوں کے | بندوں سے | جو نیک تھے | تو خیانت کی انہوں نے | تو نہ | کفایت کیا |

دو نیک بندوں کے ماتحت تھیں پھر انہوں نے ان سے دغا کیا تو وہ اللہ کے مقابلے میں ان کے

عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿۱۰﴾ وَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمَا | مِنَ اللّٰهِ | شَيْئًا | وَّقِيْلَ | ادْخُلَا | النَّارَ | مَعَ | الدّٰخِلِيْنَ | وَ |
| ان سے | اللہ کے حضور | کچھ بھی | اور فرمایا گیا | داخل ہو جاؤ | آگ میں | ساتھ | داخل ہونیوالے کے | اور |

کچھ کام نہ آ سکے اور فرما دیا گیا داخل ہونے والوں کے ساتھ آگ میں داخل ہو جاؤ۔ اور

وقف لازم

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | لِّلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | امْرَاَتَ | فِرْعَوْنَ | اِذْ | قَالَتْ |
| بیان فرمائی | اللہ نے | مثال | ان کیلئے جو | ایمان لائے | عورت | فرعون کی | جب | کہا اس نے |

ایمان والوں کیلئے اللہ نے فرعون کی بیوی کی مثال بیان فرمائی جب اس نے عرض کی کہ اے میرے رب میرے لئے

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّ | ابْنِ | لِيْ | عِنْدَكَ | بَيْتًا | فِيْ | الْجَنَّةِ | وَنَجِّنِيْ | مِنْ فِرْعَوْنَ |
| اے رب | بنا | میرے لئے | پاس اپنے | گھر | میں | جنت | اور نجات دے مجھ کو | فرعون سے |

اپنے پاس جنت میں گھر بنا دے اور مجھے بچا لے فرعون سے اور اس کے عمل سے

وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١١﴾ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمَلِهٖ | وَنَجِّنِيْ | مِنَ الْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | مَرْيَمَ | ابْنَتَ |
| اور اسکے عمل سے | اور نجات دے مجھ کو | قوم | ظالم سے | اور | مریم | بیٹی |

اور مجھے نجات دے دے ظالم لوگوں سے۔ اور عمران کی بیٹی مریم (کی مثال بھی)

عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عِمْرٰنَ | الَّتِيْٓ | اَحْصَنَتْ | فَرْجَهَا | فَنَفَخْنَا | فِيْهِ | مِنْ رُّوْحِنَا |
| عمران کی | وہ جس نے | حفاظت کی | اپنی پارسائی کی | تو پھونکی ہم نے | اس میں | اپنی روح سے |

جس نے اپنی عفت کی (ہر طرح) حفاظت کی تو ہم نے اپنی طرف سے روح پھونک دی

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿١٢﴾ ع ٢

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَصَدَّقَتْ | بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا | وَ | كُتُبِهٖ | وَ | كَانَتْ | مِنَ الْقٰنِتِيْنَ |
| اور تصدیق کی اس نے | اپنے رب کی باتوں کی | اور | اس کی کتابوں کی | اور | تھی | فرماں برداروں سے |

اور اس نے اپنے رب کی باتوں اور اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ (باادب) اطاعت گزاروں میں سے تھی

ایاتھا ۳۰ | ۶۷ سورۃ الملک مکیۃ ۷۷ | رکوعاتھا ۲

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

**تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ (۱) الَّذِيْ**

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تبرک | الذی | بیدہ | الملک | و | ھو | علی | کل | شیء | قدیر | الذی |
| برکت والاہے | وہ جس کے | قبضہ میں | ملک ہے | اور | وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | جس نے |

بڑی برکت والا ہے وہ جس کے دست قدرت میں سارا ملک ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ وہ جس نے

**خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خلق | الموت | والحیوۃ | لیبلوکم | ایکم | احسن | عملا | و | ھو |
| پیدا کیا | موت کو | اور زندگی کو | تا کہ آزمائے تم کو کہ | کون تم میں سے | اچھا ہے | عمل | اور | وہی |

موت اور زندگی پیدا کی کہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون عمل کے لحاظ سے اچھا ہے اور وہی

**الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ (۲) الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| العزیز | الغفور | الذی | خلق | سبع | سموت | طباقا | ما | تری |
| عزت والا | بخشش ہے | جس نے | پیدا کیے | سات | آسمان | نیچے اوپر | نہیں | دیکھے گا تو |

عزت والا بخشش والا ہے۔ جس نے سات آسمان طبقوں میں بنائے تو

**فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ (۳)**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فی خلق الرحمن | من تفوت | فارجع | البصر | ھل | تری | من فطور |
| رحمن کے بنانے میں | کوئی فرق | تو لوٹاؤ | نگاہ کو | کیا | دیکھتا ہے تو | کوئی نقص |

رحمن کے نظام تخلیق میں کوئی بے ضابطگی نہیں دیکھو گے ہاں! اپنی نظر دوڑاؤ کیا تم اس میں کوئی خلل دیکھتے ہو۔

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | ارْجِعِ | الْبَصَرَ | كَرَّتَيْنِ | يَنْقَلِبْ | إِلَيْكَ | الْبَصَرُ | خَاسِئًا |
| پھر | لوٹا | نگاہ کو | دوبارہ | پلٹ آئے گی | تیری طرف | نظر | تھکی ہوئی |

پھر بار بار نگاہ دوڑاؤ تمہاری طرف ناکام پلٹ آئی گی اور

وَّهُوَ حَسِيرٌ ۝٤ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | هُوَ | حَسِيرٌ | وَ | لَقَدْ | زَيَّنَّا | السَّمَاءَ | الدُّنْيَا | بِمَصَابِيحَ | وَ | جَعَلْنَاهَا |
| اور | وہ ہوگی | تھکی ماندی | اور | بیشک | زینت دی ہم نے | آسمان | دنیا کو | چراغوں سے | اور | بنایا ہم نے اسکو |

وہ تھکی ہوئی ہوگی۔ اور بے شک ہم نے نزدیک کے آسمان کو چراغوں سے مزین فرمایا اور انہیں شیطانوں کیلئے

رُجُومًا لِلشَّيَاطِينِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ ۝٥ وَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رُجُومًا | لِلشَّيَاطِينِ | وَ | أَعْتَدْنَا | لَهُمْ | عَذَابَ | السَّعِيرِ | وَ |
| مار | شیطانوں کیلئے | اور | تیار کیا ہم نے | ان کیلئے | عذاب | بھڑکتی آگ کا | اور |

مار بھگانے کا ذریعہ (بھی) بنایا اور ان (شیطانوں) کیلئے دہکتی آگ کا عذاب تیار کیا۔ اور اپنے رب کے ساتھ

لِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝٦ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِينَ كَفَرُوا | بِرَبِّهِمْ | عَذَابُ | جَهَنَّمَ | وَ | بِئْسَ | الْمَصِيرُ | إِذَا | أُلْقُوا | فِيهَا |
| وہ جنہوں نے انکار کیا | اپنے رب کا | عذاب ہے | جہنم کا | اور | برا ہے | ٹھکانہ | جب | ڈالے جائینگے | اس میں |

کفر کرنے والوں کیلئے جہنم کا عذاب ہے اور وہ کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ جب اس میں ڈالے جائیں گے

سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ تَفُورُ ۝٧ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِعُوا | لَهَا | شَهِيقًا | وَ | هِيَ | تَفُورُ | تَكَادُ | تَمَيَّزُ | مِنَ الْغَيْظِ | كُلَّمَا |
| سنیں گے | اس کا | رینکنا | اور | وہ | جوش مارتی ہوگی | قریب ہے کہ | پھٹ جائے | غصے سے | جب بھی |

اس کی خوفناک آواز سنیں گے اور وہ آگ جوش مار رہی ہوگی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی شدت غضب میں پھٹ جائے گی جب

أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ﴿٨﴾ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُلْقِیَ | فِیْھَا | فَوْجٌ | سَاَلَھُمْ | خَزَنَتُھَا | اَلَمْ | یَاْتِکُمْ | نَذِیْرٌ | قَالُوْا | بَلٰی | قَدْ |
| ڈالی جائیگی | اس میں | کوئی فوج | پوچھیں گے ان سے | اسکے داروغے | کیا نہ | آیا تمہارے پاس | کوئی ڈرانیوالا | کہیں گے | کیوں نہیں | بیشک |

کوئی گروہ اس میں ڈالا جائے گا اس کے داروغہ ان سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہ آیا تھا۔ وہ کہیں گے

جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَنَا | نَذِیْرٌ | فَکَذَّبْنَا | وَ | قُلْنَا | مَا | نَزَّلَ | اللّٰہُ | مِنْ شَیْءٍ | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا |
| آئے ہمارے پاس | ڈرانیوالے | تو ہم نے جھٹلایا | اور | کہا ہم نے | نہیں | اتاری | اللہ نے | کوئی چیز | نہیں | تم | مگر |

کیوں نہیں! ہمارے پاس ڈرانے والا تو آئے تھے مگر ہم نے جھٹلا دیا اور کہا اللہ نے کچھ بھی نازل نہیں فرمایا تم تو محض ایک بڑی

فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِیْ | ضَلٰلٍ | کَبِیْرٍ | وَ | قَالُوْا | لَوْ | کُنَّا | نَسْمَعُ | اَوْ | نَعْقِلُ | مَا | کُنَّا |
| میں | گمراہی | بڑی | اور | کہیں گے | اگر | ہم ہوتے | سنتے | یا | سمجھتے | تو نہ | ہوتے ہم |

گمراہی میں مبتلا ہو۔ اور کہیں گے اگر ہم سنتے اور عقل کرتے تو بھڑکتی آگ کے رہنے

فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١١﴾

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِیْ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ | فَاعْتَرَفُوْا | بِذَنْۢبِھِمْ | فَسُحْقًا | لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ |
| دوزخ والوں میں سے | تو اقرار کریں گے | اپنے گناہوں کا | تو پھٹکار ہے | واسطے دوزخیوں کے |

والوں میں نہ ہوتے۔ پس اپنے گناہ کا وہ اقرار کریں گے تو دوری ہے (اللہ کی رحمت سے) دوزخیوں کیلئے۔

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١٢﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِیْنَ | یَخْشَوْنَ | رَبَّھُمْ | بِالْغَیْبِ | لَھُمْ | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | اَجْرٌ | کَبِیْرٌ |
| بیشک | وہ جو | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | بن دیکھے | ان کیلئے | بخشش ہے | اور | اجر ہے | بڑا |

بے شک جو لوگ بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کیلئے بخشش ہے اور بہت بڑا اجر۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِاجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَسِرُّوْا | قَوْلَكُمْ | اَوِاجْهَرُوْا | بِهٖ | اِنَّهٗ | عَلِيْمٌ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | اَلَا |
| اور | چھپاؤ | اپنی بات کو | یا ظاہر کرو | اس کو | بیشک وہ | جانتا ہے | دلوں کی باتیں | کیا نہ |

اور تم اپنی بات آہستہ کہو یا بلند آواز سے وہ تو دلوں تک کی جانتا ہے۔ بھلا وہ نہیں جانتا

يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾ ع هُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ ع ۱۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | مَنْ | خَلَقَ | وَهُوَ | اللَّطِيْفُ | الْخَبِيْرُ | هُوَ | الَّذِىْ | جَعَلَ | لَكُمُ |
| جانے | جس نے | پیدا کیا | اور وہ ہو | باریک بین | خبردار | وہ اللہ | وہ ہے جس نے | بنایا | تمہارے لیے |

جس نے پیدا کیا ہے حالانکہ وہ بڑا باریک بین خبردار ہے۔ اسی نے زمین کو تمہارے لیے

الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِىْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | ذَلُوْلًا | فَامْشُوْا | فِىْ مَنَاكِبِهَا | وَ | كُلُوْا | مِنْ رِّزْقِهٖ | وَ | اِلَيْهِ |
| زمین کو | نرم | تو چلو | اسکی راہوں میں | اور | کھاؤ | اس کا رزق | اور | اسی کی طرف |

مسخر کر دیا ہے کہ اس کے رستوں پر چلو اور اللہ کے دیئے میں سے کھاؤ اور اسی کی طرف مرنے کے بعد

النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِى السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النُّشُوْرُ | ءَاَمِنْتُمْ | مَّنْ | فِى السَّمَآءِ | اَنْ | يَّخْسِفَ | بِكُمُ | الْاَرْضَ | فَاِذَا |
| اٹھنا ہے | کیا تم نڈر ہوگئے | اس سے جو | آسمان میں ہے | یہ کہ | دھنسا دے | تم کو | زمین میں | تو اچانک |

اٹھ کر جانا ہے۔ کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے نڈر ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے اور وہ (اچانک)

هِىَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِى السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هِىَ | تَمُوْرُ | اَمْ | اَمِنْتُمْ | مَّنْ | فِى السَّمَآءِ | اَنْ | يُّرْسِلَ | عَلَيْكُمْ |
| وہ | کانپتی رہے | کیا | نڈر ہوگئے تم | اس سے جو | آسمانوں میں ہے | یہ کہ | بھیجے | تم پر |

کانپ رہی ہو؟ کیا تم آسمان والے (رب) سے بے خوف ہو گئے؟ کہ وہ تم پر پتھراؤ کرنے والی تیز ہوا بھیج دے

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

| حَاصِبًا | فَسَتَعْلَمُوْنَ | كَيْفَ | نَذِيْرِ | وَ | لَقَدْ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پتھروں کی بارش | تو جان لو گے | کیسا ہے | میرا ڈرانا | اور | بیشک | جھٹلایا | انہوں نے جو | ان سے پہلے تھے |

تو عنقریب تم جان لو گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہے۔ اور بے شک ان سے پہلے لوگوں نے جھٹلایا تو

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ

| فَكَيْفَ | كَانَ | نَكِيْرِ | اَوَلَمْ | يَرَوْا | اِلَى | الطَّيْرِ | فَوْقَهُمْ | صٰٓفّٰتٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کیسا | ہوا | میرا انکار | کیا نہ | دیکھا انہوں نے | طرف | پرندوں کی | اپنے اوپر | پر پھیلاتے |

میرا انکار کیسا (عبرتناک) ہوا۔ اور کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندے نہ دیکھے پر پھیلاتے

وَّيَقْبِضْنَ ؔؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ﴿۱۹﴾

| وَّ | يَقْبِضْنَ | مَا | يُمْسِكُهُنَّ | اِلَّا | الرَّحْمٰنُ | اِنَّهٗ | بِكُلِّ | شَيْءٍۭ | بَصِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سمیٹتے | نہیں | روک رکھتا ان کو | مگر | رحمٰن | بیشک وہ | ہر | چیز کو | دیکھتا ہے |

اور سمیٹتے انہیں کوئی (گرنے سے) نہیں روکتا سوائے رحمٰن کے بے شک وہ سب کچھ دیکھتا ہے۔

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ

| اَمَّنْ | هٰذَا | الَّذِيْ | هُوَ | جُنْدٌ لَّكُمْ | يَنْصُرُكُمْ | مِّنْ دُوْنِ | الرَّحْمٰنِ | اِنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا وہ کون سا ہے | ایسا ہے | جو کہ | وہ | لشکر تمہارے لیے | مدد کرے تمہاری | سوا | رحمٰن کے | نہیں |

یا وہ کون سا تمہارا لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابل تمہاری مدد کرے

الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾ ج اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ

| الْكٰفِرُوْنَ | اِلَّا | فِيْ غُرُوْرٍ | اَمَّنْ | هٰذَا | الَّذِيْ | يَرْزُقُكُمْ | اِنْ | اَمْسَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر | مگر | دھوکے میں | یا وہ کون سا ہے | وہ | جو کہ | روزی دے تم کو | اگر | روک لے اللہ |

کافر محض دھوکہ میں مبتلا ہیں۔ یا یہ کون ہے جو تمہیں رزق دے گا اگر اللہ اپنا رزق روک لے؟ نہیں

رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ

| رِزْقَهٗ | بَلْ | لَّجُّوْا | فِیْ عُتُوٍّ | وَّ | نُفُوْرٍ | اَفَمَنْ | یَّمْشِیْ | مُكِبًّا | عَلٰی | وَجْهِهٖۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکی روزی | بلکہ | اڑے ہوئے ہیں | سرکشی میں | اور | نفرت | تو کیا جو | چلتا ہے | اوندھا ہو کر | اوپر | اپنے منہ کے |

بلکہ وہ تو سرکشی اور نفرت پر اڑے ہوئے ہیں۔ کیا وہ شخص جو منہ کے بل اوندھا چل رہا ہے

اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ هُوَ

| اَهْدٰۤی | اَمَّنْ | یَّمْشِیْ | سَوِیًّا | عَلٰی | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِیْمٍ | قُلْ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت زیادہ ہدایت والا ہے | یا وہ جو | چلتا ہے | سیدھا | اوپر | راہ | سیدھی کے | فرمائیں | وہ اللہ |

زیادہ راہ راست پر ہے یا وہ شخص جو سیدھی حالت میں صحیح راہ پر گامزن ہے؟ آپ ﷺ فرما دیں

الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا

| الَّذِیْۤ | اَنْشَاَكُمْ | وَجَعَلَ | لَكُمُ | السَّمْعَ | وَ | الْاَبْصَارَ | وَ | الْاَفْـِٕدَةَ | قَلِیْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہے جس نے | پیدا کیا تم کو | اور بنائے | تمہارے لیے | کان | اور | آنکھیں | اور | دل | تھوڑا ہے |

وہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا اور تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم لوگ بہت کم

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ

| مَّا | تَشْكُرُوْنَ | قُلْ | هُوَ | الَّذِیْ | ذَرَاَكُمْ | فِی الْاَرْضِ | وَ | اِلَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | تم شکر کرتے ہو | فرمائیں | وہ اللہ | وہ ہے جس نے | پھیلایا تم کو | زمین میں | اور | اسی کی طرف |

شکر کرتے ہو۔ آپ ﷺ (ان لوگوں سے) فرما دیجئے وہی ہے جس نے تمہیں زمین پر پھیلا دیا اور اسی کی طرف

تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾

| تُحْشَرُوْنَ | وَ | یَقُوْلُوْنَ | مَتٰی | هٰذَا | الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکٹھے کیے جاؤ گے | اور | کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | ہو تم | سچے |

تم جمع کیے جاؤ گے۔ اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچے ہو۔

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنَّمَا | الْعِلْمُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | اِنَّمَآ | اَنَا | نَذِيْرٌ | مُّبِيْنٌ | فَلَمَّا | رَاَوْهُ | زُلْفَةً |
| فرمادو | اسکے سوا نہیں کہ | اس کا علم | پاس | اللہ کے ہے | اور | اسکے سوا نہیں | کہ میں | ڈرانیوالا ہوں | صاف | تو جب | دیکھیں گے اسکو | پاس |

فرما دیجئے یہ علم تو اللہ کے پاس ہے اور میں تو صرف صاف ڈر سنانے والا ہوں۔ ہاں جب وہ اسے قریب ہی دیکھیں گے

سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِيْٓـَٔتْ | وُجُوْهُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | قِيْلَ | هٰذَا | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | بِهٖ |
| تو بگڑ جائینگے | چہرے انکے | جو کہ | کافر ہیں | اور | فرمایا جائے گا | یہ ہے | وہ جو کہ | تھے تم | اس کو |

تو کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور کہا جائے گا یہ ہے وہ جسے

تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَدَّعُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | اَهْلَكَنِيَ | اللّٰهُ | وَ | مَنْ | مَّعِيَ | اَوْ | رَحِمَنَا |
| مانگتے | فرمادو | کیا دیکھا تم نے | اگر | ہلاک کردے مجھ کو | اللہ | اور | ان کو جو | میرے ساتھ ہیں | یا | رحم فرمائے ہم پر |

تم مانگا کرتے تھے۔ فرما دیجئے: بھلا یہ بتاؤ اگر اللہ مجھے موت سے ہمکنار کردے (جیسے تم خواہش کرتے ہو) اور جو میرے ساتھ ہیں (ان کو بھی) یا ہم

فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | يُّجِيْرُ | الْكٰفِرِيْنَ | مِنْ عَذَابٍ | اَلِيْمٍ | قُلْ | هُوَ | الرَّحْمٰنُ | اٰمَنَّا | بِهٖ |
| تو کون | پناہ دے گا | کافروں کو | عذاب سے | دردناک | فرمادیں | وہ | رحمٰن ہے | ہم ایمان لائے | اس پر |

پر رحم فرمائے (یعنی ہماری موت کو مؤخر کردے) تو (ان دونوں صورتوں میں) کون ہے کافروں کو دردناک عذاب سے پناہ دے گا؟ آپ فرما دیں وہی

وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْنَا | فَسَتَعْلَمُوْنَ | مَنْ | هُوَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | قُلْ |
| اور | اسی پر | بھروسا کیا ہم نے | تو جلدی جانو گے تم | کہ کون ہے | وہ جو | میں | گمراہی | کھلی ہے | فرمادیں |

رحمٰن ہے ہم اس پر ایمان لائے اور اسی پر ہم نے بھروسہ کیا تو عنقریب تم جان لو گے کون کھلی گمراہی میں ہے۔ فرما دیجئے

أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَأْتِيكُم بِمَآءٍ مَّعِينٍ ٣٠ ع

| أَرَءَيْتُمْ | إِنْ | أَصْبَحَ | مَآؤُكُمْ | غَوْرًا | فَمَنْ | يَأْتِيكُمْ | بِمَآءٍ | مَّعِينٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا دیکھا تم نے | اگر | صبح کو | پانی تمہارا | دھنس جائے | تو کون | لادے گا تم کو | پانی | بہتا |

بتاؤ تو سہی اگر صبح کو تمہارا پانی زمین کے نیچے سے اُتر جائے تو وہ کون ہے جو (زمین کے اوپر، سامنے) بہتا ہوا پانی تمہیں لادے۔

## ایاتها ٥٢ — ٦٨ سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ ٢ — رکوعاتها ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ١ مَآ أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ٢ ج

| نٓ | وَالْقَلَمِ | وَ | مَا | يَسْطُرُونَ | مَآ أَنتَ | بِنِعْمَةِ رَبِّكَ | بِمَجْنُونٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نٓ | قسم ہے قلم کی | اور | جو کچھ | لکھتے ہیں | آپ نہیں ہیں | اپنے رب کے فضل سے | مجنون |

قسم ہے قلم کی اور اس چیز کی جسے (فرشتے) لکھ رہے ہیں۔ آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں۔

وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ٣ وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ٤

| وَ | إِنَّ | لَكَ | لَأَجْرًا | غَيْرَ مَمْنُونٍ | وَ | إِنَّكَ | لَعَلَىٰ | خُلُقٍ | عَظِيمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک | تمہارے لیے | یقیناً اجر ہے | نہ ختم ہونے والا | اور | بیشک آپ | البتہ اوپر | اخلاق | بڑے کے ہیں |

بے شک آپ کے لیے ایسا اجر ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں ہے۔ بے شک آپ عظیم الشان اخلاق کے مالک ہیں۔

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ٥ بِأَييِّكُمُ الْمَفْتُونُ ٦ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ

| فَسَتُبْصِرُ | وَ | يُبْصِرُونَ | بِأَييِّكُمُ | الْمَفْتُونُ | إِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی دیکھو گے تم | اور | وہ بھی دیکھے گے | کہ کون سا تم میں سے | مجنون تھا | بیشک | تمہارا رب | وہ |

تو عنقریب آپ دیکھ لیں گے اور وہ (بھی) دیکھ لیں گے۔ کہ تم میں کون مجنون ہے۔ بے شک تمہارا رب خوب جانتا ہے

اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۠ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۞۷ فَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْلَمُ | بِمَنْ | ضَلَّ | عَنْ سَبِيْلِهٖ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِالْمُهْتَدِيْنَ | فَلَا |
| خوب جانتا ہے | اس کو جو | بہکا | اس کی راہ سے | اور | وہ | خوب جانتا ہے | ہدایت پانیوالوں کو | تو نہ |

اور جو اس کے راہ سے بہکے اور وہ خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں۔ آپ جھٹلانے والوں

تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۞۸ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۞۹ وَلَا تُطِعْ كُلَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُطِعِ | الْمُكَذِّبِيْنَ | وَدُّوْا | لَوْ تُدْهِنُ | فَيُدْهِنُوْنَ | وَ | لَا | تُطِعْ | كُلَّ |
| کہا ماننا | جھٹلانیوالوں کا | وہ چاہتے ہیں | کاش تم نرمی کرو | تو وہ بھی نرمی کریں | اور | نہ | کہا ماننا | ہر ایک |

کی بات نہ سننا۔ وہ تو چاہتے ہیں کہ (دین کے معاملے میں) آپ (بے جا) نرمی اختیار کریں تو وہ بھی نرم پڑ جائیں گے۔ اور آپ کسی ایسے شخص کی بات نہ

حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۞۱۰ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ۞۱۱ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَلَّافٍ | مَّهِيْنٍ | هَمَّازٍ | مَّشَّآءٍۭ | بِنَمِيْمٍ | مَّنَّاعٍ | لِّلْخَيْرِ | مُعْتَدٍ |
| قسمیں اٹھانیوالے | ذلیل | طعنہ دینے والے کا | چلنے والے | ساتھ چغلی کے | منع کرنے والا | بھلائی سے | حد سے بڑھنے والا |

مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا انتہائی ذلیل ہے۔ (جو) طعنہ زن عیب جو (ہے اور) لوگوں میں فساد انگیزی کیلئے چغل خوری کرتا پھرتا ہے۔ بھلائی سے بہت

اَثِيْمٍ ۞۱۲ عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ۞۱۳ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۞۱۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَثِيْمٍ | عُتُلٍّ | بَعْدَ | ذٰلِكَ | زَنِيْمٍ | اَنْ | كَانَ | ذَا مَالٍ | وَّ | بَنِيْنَ |
| گنہگار | درشت خو کا | بعد | اس کے | حرامزادہ ہے | یہ کہ | تھا | مال والا | اور | بیٹوں والا |

روکنے والا حد سے بڑھنے والا سخت گنہگار ہے۔ حد سے بڑھنے والا گناہ گار درشت خو۔ اس لئے (اس کی بات ہرگز نہ مانیں) کہ وہ مال اور صاحب اولاد ہے۔

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۞۱۵ سَنَسِمُهٗ عَلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِ | اٰيٰتُنَا | قَالَ | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | سَنَسِمُهٗ | عَلَى |
| جب | پڑھی جاتی ہیں | اس پر | ہماری آیتیں | کہتا ہے | کہانیاں ہیں | پہلوں کی | جلدی داغ دیں گے ہم اسکو | اوپر |

جب اسے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ ہم اس کے ناک پر

الْخُرْطُوْمِ ﴿١٦﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا

| الْخُرْطُوْمِ | اِنَّا | بَلَوْنٰهُمْ | كَمَا | بَلَوْنَآ | اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ | اِذْ | اَقْسَمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سور جیسی تھوتھنی کے | بیشک ہم نے | ان کو جانچا | جیسا کہ | آزمایا تھا ہم نے | باغ والوں کو | جبکہ | قسمیں کھائیں انہوں نے |

داغ لگا دیں گے۔ بے شک ہم نے ان (اہلِ مکہ) کو اسی طرح آزمائش میں ڈالا جیسے ان باغ والوں کو آزمائش میں ڈالا تھا جب

لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿١٧﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿١٨﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا

| لَيَصْرِمُنَّهَا | مُصْبِحِيْنَ | وَ | لَا يَسْتَثْنُوْنَ | فَطَافَ | عَلَيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|
| کہ ضرور کاٹیں گے ہم اسکو | صبح ہوتے ہی | اور | انشاء اللہ نہیں کہا | تو پھر گیا | اس پر |

انہوں نے قسم کھائی تھی کہ ہم ضرور صبح (جا کر) اس کے پھل توڑ لائیں گے۔ اور انہوں نے انشاء اللہ نہ کہا۔ تو اس پر تمہارے رب

طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿١٩﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿٢٠﴾

| طَآئِفٌ | مِّنْ رَّبِّكَ | وَ | هُمْ | نَآئِمُوْنَ | فَاَصْبَحَتْ | كَالصَّرِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک پھرنے والا | تیرے رب کی طرف سے | اور | وہ | سوئے ہوئے تھے | تو ہو گیا | کٹے پھل کی طرح |

کی طرف سے ایک پھرنے والا پھر گیا اور وہ سوئے ہوئے تھے۔ تو صبح کو کٹی ہوئی کھیتی کی طرح ہو گیا۔

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢١﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

| فَتَنَادَوْا | مُصْبِحِيْنَ | اَنِ | اغْدُوْا | عَلٰى | حَرْثِكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو پکارا انہوں نے آپس میں | صبح ہوتے ہی | یہ کہ | تڑکے چلو | اوپر | اپنی کھیتی کے | اگر | ہو تم |

ہاں صبح ہوتے ہی انہوں نے ایک دوسرے کو آواز دی۔ اگر پھل توڑنے ہیں تو اپنی کھیتی میں سویرے

صٰرِمِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ

| صٰرِمِيْنَ | فَانْطَلَقُوْا | وَ | هُمْ | يَتَخَافَتُوْنَ | اَنْ | لَا | يَدْخُلَنَّهَا | الْيَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارنے والے | تو چلے وہ | اور | وہ | آہستہ آہستہ بولتے تھے | یہ کہ | نہ | داخل ہو ہرگز باغ میں | آج |

ہی جا پہنچو۔ پھر وہ آپس میں چپکے چپکے کہتے چلے۔ کہ آج کوئی مسکین تمہارے باغ میں

عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿۲۴﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا

| عَلَيْكُمْ | مِّسْكِيْنٌ | وَّ | غَدَوْا | عَلٰى | حَرْدٍ | قٰدِرِيْنَ | فَلَمَّا | رَاَوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پر | کوئی مسکین | اور | تڑکے گئے | اوپر | ارادے کے | قدرت سمجھتے ہوئے | تو جب | دیکھا اس کو |

ہرگز آنے نہ پائے۔ اور اس بات پر قدرت رکھتے ہوئے صبح سویرے گئے۔ پھر جب اسے دیکھا

قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ اَوْسَطُهُمْ

| قَالُوْٓا | اِنَّا | لَضَآلُّوْنَ | بَلْ | نَحْنُ | مَحْرُوْمُوْنَ | قَالَ | اَوْسَطُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولے | ہم | رستہ بھول گئے ہیں | بلکہ | ہم | بے نصیب ہوگئے | کہا | ان کے بہتر نے |

بولے بے شک ہم راستہ بہک گئے۔ نہیں بلکہ ہم بے نصیب ہیں۔ ان میں جو سمجھ دار تھا وہ بولا کیا

اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا

| اَلَمْ | اَقُلْ | لَّكُمْ | لَوْ | لَا | تُسَبِّحُوْنَ | قَالُوْا | سُبْحٰنَ | رَبَّنَآ | اِنَّا | كُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | کہا تھا میں نے | تم سے | کیوں | نہیں | تسبیح کہتے تم | بولے | پاک ہے | رب ہمارا | بیشک | ہم ہی تھے |

میں نے تمہیں نہیں کہا تھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟ وہ کہنے لگے پاک ہے ہمارا رب بیشک

ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَالُوْا

| ظٰلِمِيْنَ | فَاَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | يَّتَلَاوَمُوْنَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالم | تو متوجہ ہوا | بعض ان کا | اوپر | بعض کے | ملامت کرتے ہوئے | بولے |

ہم ظالم تھے۔ پھر ایک دوسرے کی طرف ملامت کرتے ہوئے متوجہ ہوئے۔ بولے ہائے

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ

| يٰوَيْلَنَآ | اِنَّا | كُنَّا | طٰغِيْنَ | عَسٰى | رَبُّنَآ | اَنْ | يُّبْدِلَنَا | خَيْرًا | مِّنْهَآ | اِنَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہائے افسوس | بیشک | ہم ہی تھے | سرکش | امید ہے | رب ہمارا | یہ کہ | بدل دے ہم کو | بہتر | اس سے | بیشک ہم |

خرابی ہماری بے شک ہم سرکش تھے۔ اُمید ہے ہمیں ہمارا رب اس سے بہتر بدلہ دے ہم اپنے رب کی

اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ وقف لازم

| اِلٰى | رَبِّنَا | رٰغِبُوْنَ | كَذٰلِكَ | الْعَذَابُ | وَ | لَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ | اَكْبَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | اپنے رب کی | رغبت دلاتے ہیں | اسی طرح ہے | عذاب | اور | یقیناً عذاب | آخرت کا | بہت بڑا ہے |

طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ ایسا ہوتا ہے عذاب اور آخرت کا عذاب بہت ہی

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ ع اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ ع ۲۲ / ۲

| لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | اِنَّ | لِلْمُتَّقِيْنَ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | جَنّٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کاش | وہ ہوتے | جانتے | بیشک | پرہیزگاروں کیلئے | پاس | انکے رب کے | باغ ہیں |

بڑا ہو گا کاش! وہ جانتے۔ بے شک پرہیز گاروں کیلئے ان کے رب کے پاس نعمت بھرے باغ

النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ ؕ مَا لَكُمْ ۫ وقفة كَيْفَ

| النَّعِيْمِ | اَفَنَجْعَلُ | الْمُسْلِمِيْنَ | كَالْمُجْرِمِيْنَ | مَا لَكُمْ | كَيْفَ |
|---|---|---|---|---|---|
| نعمتوں والے | کیا ہم کر دیں گے | مسلمانوں کو | مجرموں کی طرح | کیا ہے تم کو | کیسے |

ہوں گے۔ کیا ہم فرمانبرداروں کو مجرموں جیسا کر دیں گے؟ تمہیں کیا ہوا تم کیسا

تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ ج اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾ لا اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا

| تَحْكُمُوْنَ | اَمْ | لَكُمْ | كِتٰبٌ | فِيْهِ | تَدْرُسُوْنَ | اِنَّ | لَكُمْ | فِيْهِ | لَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فیصلے کرتے ہو | کیا | تمہارے پاس | کتاب ہے کہ | اس میں | پڑھتے ہو | بیشک | تمہارے لیے | اس میں | جو کچھ |

فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تمہارے لئے کوئی کتاب ہے جس میں پڑھتے ہو۔ کہ تمہارے لئے اس میں وہ ہے

تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ ج اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ

| تَخَيَّرُوْنَ | اَمْ | لَكُمْ | اَيْمَانٌ | عَلَيْنَا | بَالِغَةٌ | اِلٰى | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | اِنَّ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم پسند کرو ہے | کیا | تمہارے لیے | قسمیں ہیں | ہم پر | پہنچنے والی | طرف | دن | قیامت کے | بیشک | تمہارے لیے |

جو تم پسند کرو۔ یا تمہارے لیے ہمارے ذمہ کچھ (ایسے) پختہ عہد و پیمان ہیں جو روز قیامت تک باقی رہیں (جن کے ذریعے ہم پابند ہوں) کہ تمہارے

۱۵ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٩﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿٤٠﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمَا | تَحْكُمُوْنَ | سَلْهُمْ | اَيُّهُمْ | بِذٰلِكَ | زَعِيْمٌ | اَمْ | لَهُمْ | شُرَكَآءُ |
| جو کچھ | تم فیصلہ کرو | پوچھو ان سے | کون ان میں سے | اس کا | ضامن ہے | کیا | ان کے | شریک ہیں |

لیے وہی کچھ ہوگا جس کا تم (اپنے حق میں) فیصلہ کرو گے۔ ان سے پوچھیے کہ ان میں کون اس بات کا ضامن بنتا ہے؟ یا پھر ان کے کچھ

فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٤١﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلْيَاْتُوْا | بِشُرَكَآئِهِمْ | اِنْ | كَانُوْا | صٰدِقِيْنَ | يَوْمَ | يُكْشَفُ | عَنْ سَاقٍ |
| پس لے آئیں | اپنے شریکوں کو | اگر | ہیں وہ | سچے | جس دن | کھولا جائے گا | ساق کو |

شریک ہیں تو انہیں چاہیے کہ وہ اپنے شریکوں کو لے آئیں اگر وہ سچے ہیں۔ جس دن ساق (کی تجلی) ظاہر کی جائے گی

وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٤٢﴾ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُدْعَوْنَ | اِلَى | السُّجُوْدِ | فَلَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | خَاشِعَةً | اَبْصَارُهُمْ |
| اور | بلائے جائیں گے | طرف | سجدے کی | تو نہ | طاقت رکھیں گے | نیچی ہوں گی | نگاہیں ان کی |

اور وہ (نافرمان) سجدہ کیلئے بلائے جائیں گے تو وہ سجدہ نہ کرسکیں گے۔ نیچی نگاہیں کیے ہوئے

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرْهَقُهُمْ | ذِلَّةٌ | وَ | قَدْ | كَانُوْا | يُدْعَوْنَ | اِلَى | السُّجُوْدِ | وَهُمْ | سٰلِمُوْنَ |
| ڈھانپے ہوگی انکو | ذلت | اور | بیشک | تھے وہ | بلائے جاتے | طرف | سجدے کی | اور وہ | تندرست تھے |

ان پر ذلت چھا رہی ہو گی اور بے شک دنیا میں سجدے کیلئے بلائے جاتے تھے جب تندرست تھے۔

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ؕ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَذَرْنِيْ | وَ | مَنْ | يُّكَذِّبُ | بِهٰذَا | الْحَدِيْثِ | سَنَسْتَدْرِجُهُمْ | مِّنْ حَيْثُ |
| تو چھوڑ دو مجھ کو | اور | اس کو | جو جھٹلاتا ہے | اس | بات کو | جلدی کھینچیں گے ہم ان کو | جہاں سے |

تو جو اس بات کو جھٹلاتا ہے اسے مجھ پر چھوڑ دو قریب ہے کہ ہم انہیں آہستہ آہستہ لے جائیں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۗ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿٤٥﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | اُمْلِيْ | لَهُمْ | اِنَّ | كَيْدِيْ | مَتِيْنٌ | اَمْ | تَسْـَٔلُهُمْ |
| نہیں | جانتے | اور | میں ڈھیل دیتا ہوں | ان کو | بیشک | میری تدبیر | مضبوط ہے | کیا | مانگتے ہیں آپ ان سے |

جہاں سے انہیں خبر نہ ہو گی۔ اور میں انہیں مہلت دے رہا ہوں بیشک میری تدبیر بہت مضبوط ہے۔ کیا آپ ان سے تبلیغ دین پر

اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٦﴾ ج اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْرًا | فَهُمْ | مِّنْ مَّغْرَمٍ | مُّثْقَلُوْنَ | اَمْ | عِنْدَهُمُ | الْغَيْبُ | فَهُمْ |
| اجرت | تو وہ | تاوان سے | بوجھل ہیں | کیا | پاس ان کے | غیب ہے | کہ وہ |

اُجرت مانگ رہے ہیں اور وہ تاوان کے بوجھ تلے دبے جا رہے ہیں؟ یا ان کے پاس غیب ہے کہ وہ (اس کی بنا پر فیصلے)

يَكْتُبُوْنَ ﴿٤٧﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْتُبُوْنَ | فَاصْبِرْ | لِحُكْمِ | رَبِّكَ | وَ | لَا | تَكُنْ | كَصَاحِبِ الْحُوْتِ | اِذْ |
| لکھتے ہیں | تو صبر کرو | واسطے حکم | اپنے رب کے | اور | نہ | ہو جانا | مچھلی والے کی طرح | جب |

لکھ رہے ہیں؟ تو آپ اپنے رب کے حکم کا انتظار فرمائیں اور مچھلی والے (پیغمبر یونس علیہ السلام) کی طرح نہ ہوں جب انہوں نے

نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿٤٨﴾ ؕ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَادٰى | وَ | هُوَ | مَكْظُوْمٌ | لَوْ | لَآ | اَنْ | تَدٰرَكَهٗ | نِعْمَةٌ | مِّنْ رَّبِّهٖ | لَنُبِذَ |
| پکارا اپنے | اور | وہ | غمگین تھے | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ | پالیا ان کو | نعمت | انکے رب کی نے | تو پھینک دیے جاتے |

(اپنے رب کو) اس حال میں پکارا کہ وہ غمگین تھے۔ اگر انکے رب کی نعمت انکی دستگیری نہ کرتی تو ضرور چٹیل میدان پر پھینک دیے

بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿٤٩﴾ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٥٠﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْعَرَآءِ | وَ | هُوَ | مَذْمُوْمٌ | فَاجْتَبٰهُ | رَبُّهٗ | فَجَعَلَهٗ | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ |
| میدان میں | اور | وہ ہوتا | الزام دیا ہوا | تو چن لیا اس کو | اسکے رب نے | تو بنایا اس کو | نیک لوگوں سے |

جاتے اور وہ ملامت زدہ ہوئے۔ تو اسے اس کے رب نے برگزیدہ کیا اور اپنے خاص قرب والوں میں سے کر

وقف لازم

وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا

| وَ | اِنْ | يَكَادُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَيُزْلِقُوْنَكَ | بِاَبْصَارِهِمْ | لَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک | قریب ہیں | وہ لوگ جو | کافر ہیں | ضرور گرا یا چاہتے ہیں آپ کو | اپنی بدنظروں کے سے | جبکہ |

اور قریب تھا کہ کافروں نے جب اس نصیحت کو سنا تو اپنی آنکھوں کے زور پر تمہیں (مقصد سے)

سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ ع

ع ۱۹
وقف لازم
الربع

| سَمِعُوْا | الذِّكْرَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | اِنَّهٗ | لَمَجْنُوْنٌ | وَ | مَا | هُوَ | اِلَّا | ذِكْرٌ | لِّلْعٰلَمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنی انہوں نے | نصیحت | اور | کہتے ہیں | بیشک وہ | دیوانہ ہے | اور | نہیں | وہ | مگر | نصیحت ہے | جہان والوں کیلئے |

پھسلا دیتے اور وہ کہتے ہیں یہ تو دیوانہ ہے۔ مگر یہ (قرآن) تو سارے جہان کیلئے صرف ایک نصیحت ہے۔

## ایاتها ۵۲ — ۶۹ سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ ۷۸ — رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَاقَّةُ ﴿۱﴾ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۲﴾ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْحَاقَّةُ ﴿۳﴾ كَذَّبَتْ

| اَلْحَاقَّةُ | مَا | الْحَاقَّةُ | وَ | مَآ | اَدْرٰىكَ | مَا | الْحَاقَّةُ | كَذَّبَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق ہونیوالی | کیا ہے | حق ہونیوالی | اور | کیا | جانا تم نے | کیا ہے | حق ہونیوالی | جھٹلایا |

یقیناً واقع ہونے والی گھڑی۔ کیا چیز ہے یقیناً واقع ہونے والی گھڑی۔ اور تم کو کس چیز نے خبردار کیا کہ یقیناً واقع ہونے والی (قیامت) کیسی ہے۔

ثَمُوْدُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ ﴿۴﴾ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ﴿۵﴾

| ثَمُوْدُ | وَ | عَادٌ | بِالْقَارِعَةِ | فَاَمَّا | ثَمُوْدُ | فَاُهْلِكُوْا | بِالطَّاغِيَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثمود نے | اور | عاد نے | صدمہ دینے والی کو | پھر | ثمود تو | ہلاک کیے گئے | چنگھاڑ سے |

ثمود اور عاد نے کھڑکھڑانے والے عذاب کو جھٹلایا۔ تو ثمود کے لوگ ایک سخت آواز سے ہلاک کر دیئے گئے۔

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ﴿٦﴾ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَمَّا | عَادٌ | فَاُهْلِكُوْا | بِرِيْحٍ | صَرْصَرٍ | عَاتِيَةٍ | سَخَّرَهَا | عَلَيْهِمْ |
| اور | رہے | عاد | تو وہ ہلاک کیے گئے | آندھی سے | تیز و تند | سخت گرجتی ہوئی | لگایا اس کو | ان پر |

اور رہے قوم عاد کے لوگ تو وہ ایک سخت گرجتی ہوئی نہایت تیز آندھی سے ہلاک کئے گئے۔ جو ان پر سات رات اور

سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبْعَ | لَيَالٍ | وَّ | ثَمٰنِيَةَ | اَيَّامٍ | حُسُوْمًا | فَتَرَى | الْقَوْمَ | فِيْهَا | صَرْعٰى |
| سات | راتیں | اور | آٹھ | دن | لگاتار | تو دیکھو گے | لوگوں کو | اس میں | گرے ہوئے |

آٹھ دن لگاتار چلتی رہی پس تو دیکھے گا کہ یہ لوگ زمین پر اس طرح گرے پڑے ہیں جیسے

كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿٧﴾ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ﴿٨﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَاَنَّهُمْ | اَعْجَازُ | نَخْلٍ | خَاوِيَةٍ | فَهَلْ | تَرٰى | لَهُمْ | مِّنْ | بَاقِيَةٍ |
| گویا کہ وہ ہیں | تنے | کھجور کے | گرے ہوئے | تو کیا | دیکھو ہو تم | ان میں سے | کوئی | باقی |

کھجور کے درختوں کے کھوکھلے تنے۔ تو کیا تم ان میں کسی کو بچا ہوا دیکھتے ہو۔

وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ﴿٩﴾ فَعَصَوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَآءَ | فِرْعَوْنُ | وَ | مَنْ | قَبْلَهٗ | وَ | الْمُؤْتَفِكٰتُ | بِالْخَاطِئَةِ | فَعَصَوْا |
| اور | آیا | فرعون | اور | جو | اس سے پہلے تھے | اور | الٹی بستیوں والے | گناہ لے کر | تو نافرمانی کی انہوں نے |

اور فرعون نے اور جو اس سے پہلے ہوئے اور اُلٹی ہوئی بستیوں نے خطائیں کیں۔ ہاں انہوں نے اپنے رب کے

رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ﴿١٠﴾ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلَ | رَبِّهِمْ | فَاَخَذَهُمْ | اَخْذَةً | رَّابِيَةً | اِنَّا | لَمَّا | طَغَا | الْمَآءُ |
| رسول کی | اپنے رب کی | تو پکڑا ان کو | پکڑنا | بڑا سخت | بیشک ہم نے | جب | سر اٹھایا | پانی نے |

رسول کی نافرمانی کی تو اس نے انہیں بڑی سخت پکڑ میں پکڑ لیا۔ بیشک جب (طوفان نوح کے وقت) پانی حد سے گزر گیا تو (اے

حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ﴿١١﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حَمَلْنٰكُمْ | فِي الْجَارِيَةِ | لِنَجْعَلَهَا | لَكُمْ | تَذْكِرَةً | وَّتَعِيَهَآ | اُذُنٌ |
| اٹھایا تم کو | کشتی میں | تا کہ کریں ہم اسکو | تمہارے لیے | نصیحت | اور یاد رکھیں اسے | کان |

(لوگو!) ہم نے (تمہارے آباء کے پشتوں میں) تمہیں کشتی میں اٹھالیا۔ تا کہ ہم اسے تمہارے لئے (محفوظ) نصیحت بنا دیں اور

وَّاعِيَةٌ ﴿١٢﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿١٣﴾ وَّ حُمِلَتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاعِيَةٌ | فَاِذَا | نُفِخَ | فِي الصُّوْرِ | نَفْخَةٌ | وَّاحِدَةٌ | وَّ | حُمِلَتِ |
| یاد رکھنے والے | پھر جب | پھونکا جائے گا | صور میں | پھونکا جانا | ایک ہی مرتبہ | اور | اٹھائی جائے گی |

محفوظ رکھنے والے کان اسے محفوظ رکھیں۔ پھر جب یکبارگی صور میں پھونک ماردی جائے گی۔ اور زمین

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿١٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضُ | وَ | الْجِبَالُ | فَدُكَّتَا | دَكَّةً | وَّاحِدَةً | فَيَوْمَئِذٍ | وَّقَعَتِ |
| زمین | اور | پہاڑ | تو چورا کیے جائیں گے | ایک ہی | مرتبہ | تو اس دن | واقع ہوگی |

اور پہاڑ (اپنی جگہوں سے) اٹھالیے جائیں گے، پھر وہ ایک ہی بار ٹکرا کر ریزہ ریزہ کردیے جائیں گے۔ اس دن واقع ہونے والی

الْوَاقِعَةُ ﴿١٥﴾ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿١٦﴾ وَّالْمَلَكُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوَاقِعَةُ | وَانْشَقَّتِ | السَّمَآءُ | فَهِيَ | يَوْمَئِذٍ | وَّاهِيَةٌ | وَّالْمَلَكُ |
| واقع ہونے والی | اور پھٹ جائے گا | آسمان | تو وہ | اس دن | کمزور ہوگا | اور فرشتے |

بات واقع ہو جائے گی۔ اور آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اس دن کمزور پڑ جائے گا۔ اور فرشتے

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۭ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰٓى | اَرْجَآئِهَا | وَ | يَحْمِلُ | عَرْشَ | رَبِّكَ | فَوْقَهُمْ | يَوْمَئِذٍ |
| اوپر | اسکے کناروں کے ہوں گے | اور | اٹھائیں گے | عرش | آپ کے رب کا | اپنے اوپر | اس دن |

اس کے کناروں پر (کھڑے) ہوں گے اور آپ کے رب کے عرش کو اس دن آٹھ فرشتے اپنے

ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ فَاَمَّا

| ثَمٰنِيَةٌ | يَوْمَئِذٍ | تُعْرَضُوْنَ | لَا | تَخْفٰى | مِنْكُمْ | خَافِيَةٌ | فَاَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آٹھ فرشتے | اس دن | پیش کیے جاؤ گے تم | نہیں | چھپے گی | تم سے | کوئی چھپنے والی | پھر |

اوپر اٹھائیں گے۔ اس دن تم سب (اپنے رب کے حضور) پیش کیے جاؤ گے تم میں سے کوئی چھپنے والا چھپ نہ سکے گا۔ تو وہ جسے

مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ اِنِّيْ

| مَنْ | اُوْتِيَ | كِتٰبَهٗ | بِيَمِيْنِهٖ | فَيَقُوْلُ | هَآؤُمُ | اقْرَءُوْا | كِتٰبِيَهْ | اِنِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کوئی | دیا گیا | اپنا نامۂ اعمال | دائیں ہاتھ میں | تو کہے گا | آؤ | پڑھو | میری کتاب | بیشک میں نے |

اس کا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا کہے گا لو میرا نامۂ اعمال پڑھو۔ مجھے یقین تھا

ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾

| ظَنَنْتُ | اَنِّيْ | مُلٰقٍ | حِسَابِيَهْ | فَهُوَ | فِيْ عِيْشَةٍ | رَّاضِيَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یقین کیا | بیشک میں | ملنے والا ہوں | اپنے حساب کو | تو وہ ہوگا | عیش میں | خوش |

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿۶﴾ فَاَمَّا مَنْ

| يٰۤاَيُّهَا | الْاِنْسَانُ | اِنَّكَ | كَادِحٌ | اِلٰى | رَبِّكَ | كَدْحًا | فَمُلٰقِيْهِ | فَاَمَّا | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | انسان | بیشک تو | دوڑنے والا ہے | طرف | اپنے رب کی | دوڑنا | پھر اس سے ملنا ہے | پھر | جو کوئی |

اے آدمی! بے شک تو اپنے رب تک پہنچنے میں بہت مشقتیں برداشت کررہا ہے تو اس سے (تجھے) ملنا ہے۔تو وہ جسے اس کا نامۂ

اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ﴿۷﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿۸﴾

| اُوْتِيَ | كِتٰبَهٗ | بِيَمِيْنِهٖ | فَسَوْفَ | يُحَاسَبُ | حِسَابًا | يَّسِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دیا گیا | اپنا نامہ اعمال | داہیں ہاتھ میں | تو جلدی | حساب لیا جائے گا | حساب | آسان |

اعمال داہنے ہاتھ میں دیا جائے۔ اس سے عنقریب آسان حساب لیا جائے گا۔

وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿۹﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ

| وَّ | يَنْقَلِبُ | اِلٰٓى اَهْلِهٖ | مَسْرُوْرًا | وَ | اَمَّا | مَنْ | اُوْتِيَ | كِتٰبَهٗ | وَرَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پلٹے گا | اپنے گھر والوں کی طرف | خوش ہو کر | اور | پھر | جو | دیا گیا | اپنا نامۂ اعمال | پیچھے |

اور وہ اپنے گھر والوں کی طرف خوش خوش پلٹ کر آئے گا۔ اور جسے اسکی کتاب اسکی پیٹھ کے

ظَهْرِهٖ ﴿۱۰﴾ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ

| ظَهْرِهٖ | فَسَوْفَ | يَدْعُوْا | ثُبُوْرًا | وَّ | يَصْلٰى | سَعِيْرًا | اِنَّهٗ | كَانَ | فِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکی پیٹھ کے | تو جلدی | پکارے گا | موت کو | اور | داخل ہوگا | دوزخ میں | بیشک وہ | تھا | میں |

پیچھے سے دی گئی۔ تو عنقریب وہ اپنی ہلاکت طلب کرے گا۔ اور بھڑکتی آگ میں جا پہنچے گا۔ بے شک وہ اپنے

اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿۱۴﴾ بَلٰٓى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ

| اَهْلِهٖ | مَسْرُوْرًا | اِنَّهٗ | ظَنَّ | اَنْ | لَّنْ | يَّحُوْرَ | بَلٰٓى | اِنَّ | رَبَّهٗ | كَانَ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے اہل کے | بڑا خوش | بیشک اس نے | خیال کیا | یہ کہ | ہرگز نہ | پلٹے گا | کیوں نہیں | بیشک | اس کا رب | تھا | اس کو |

گھر میں خوش تھا۔ یقیناً وہ سمجھا تھا کہ وہ ہرگز نہیں پلٹے گا۔ کیوں نہیں اس کا رب اسے

بَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿۱۷﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا

| بَصِيْرًا | فَلَآ اُقْسِمُ | بِالشَّفَقِ | وَ | الَّيْلِ | وَ | مَا | وَسَقَ | وَ | الْقَمَرِ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھنے والا | میں قسم کھاتا ہوں | شام کے اجالے کی | اور | رات کی | اور | اس کی جو | اس میں جمع ہو | اور | چاند کی | جب |

دیکھ رہا تھا۔ نہیں میں قسم کھاتا ہوں شفق شام کی سرخی کی۔ اور رات کی اور ان چیزوں کی جنہیں وہ (اپنے اندر) سمیٹ لے۔ اور

اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

| اتَّسَقَ | لَتَرْكَبُنَّ | طَبَقًا | عَنْ طَبَقٍ | فَمَا | لَهُمْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پورا ہو | تم ضرور چڑھو گے | منزل | بمنزل | تو کیا ہے | ان کو کہ | نہیں | ایمان لاتے |

چاند کی جب وہ پورا ہو جائے۔ ضرور تم منزل بہ منزل چڑھو گے۔ تو کیا ہوا انہیں ایمان نہیں لاتے۔

السجدة ۱۲

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ۩ (٢١) بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَإِذَا | قُرِئَ | عَلَيْهِمُ | الْقُرْآنُ | لَا | يَسْجُدُونَ | بَلِ | الَّذِينَ | كَفَرُوا |
| اور جب | پڑھا جاتا ہے | ان پر | قرآن | تو نہیں | سجدہ کرتے | بلکہ | وہ جو | کافر ہیں |

اور جب انہیں قرآن سنایا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے؟ نہیں بلکہ کافر

يُكَذِّبُونَ (٢٢) وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ (٢٣) فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (٢٤)

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُكَذِّبُونَ | وَاللَّهُ | أَعْلَمُ | بِمَا | يُوعُونَ | فَبَشِّرْهُم | بِعَذَابٍ | أَلِيمٍ |
| جھٹلاتے ہیں | اور اللہ | خوب جانتا ہے | جو وہ | دل میں رکھتے ہیں | تو بشارت دو ان کو | عذاب | دردناک کی |

جھٹلا رہے ہیں۔ اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ یہ (اپنے دلوں میں) جمع کر رہے ہیں۔ تو (اے محبوب ﷺ!) آپ انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے۔

ع

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (٢٥)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلَّا | الَّذِينَ | آمَنُوا | وَعَمِلُوا | الصَّالِحَاتِ | لَهُمْ | أَجْرٌ | غَيْرُ | مَمْنُونٍ |
| مگر | وہ جو | ایمان لائے | اور کام کیے | اچھے | ان کیلئے | اجر ہے | نہ | ختم ہونیوالا |

مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کیلئے وہ ثواب ہے جو کبھی ختم نہ ہو گا۔

ع ۱۰

آیاتها ٢٢ ﴿٨٥ سُورَةُ الْبُرُوجِ مَكِّيَّةٌ ٢٧﴾ رکوعها ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ (١) وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ (٢) وَشَاهِدٍ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالسَّمَاءِ | ذَاتِ الْبُرُوجِ | وَالْيَوْمِ | الْمَوْعُودِ | وَشَاهِدٍ |
| قسم ہے آسمان کی | برجوں والے | اور دن کی | وعدہ دیے گئے | اور حاضر ہونیوالے کی |

قسم آسمان کی جس میں بُرج ہیں۔ اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے۔ جو (اس دن) حاضر ہوگا اس کی قسم اور جو کچھ حاضر کیا

وَّمَشْهُوْدٍ ؕ﴿۳﴾ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ﴿۵﴾

| وَّ | مَشْهُوْدٍ | قُتِلَ | اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ | النَّارِ | ذَاتِ الْوَقُوْدِ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور | حاضر کیے گئے کی | لعنت ہو | کھائی والوں پر | آگ | بھڑکنے والی پر |

جائے گا اس کی قسم۔ غارت ہوں خندقوں والے۔ بھڑکتی ہوئی آگ والے۔

اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ﴿۶﴾ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

| اِذْ هُمْ | عَلَيْهَا | قُعُوْدٌ | وَّهُمْ | عَلٰى | مَا | يَفْعَلُوْنَ | بِالْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جبکہ وہ | اس پر | بیٹھے تھے | اور وہ | اوپر | جو کچھ | کرتے تھے | مومنوں کے ساتھ |

جب وہ اس (کے کنارے) پر بیٹھے تھے۔اور وہ جو اس پر گواہ ہیں جو کچھ مسلمانوں

شُهُوْدٌ ؕ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ

| شُهُوْدٌ | وَمَا | نَقَمُوْا | مِنْهُمْ | اِلَّاۤ | اَنْ | يُّؤْمِنُوْا | بِاللّٰهِ | الْعَزِيْزِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہ تھے | اور نہ | عیب پکڑا | ان سے | مگر | یہ کہ | وہ ایمان لائے | اللہ پر | غالب |

کے ساتھ تھے۔اور انہیں مسلمانوں کا کیا برا لگا یہی نہ کہ وہ ایمان لائے تھے۔ زبردست تعریفوں

الْحَمِيْدِ ۙ﴿۸﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

| الْحَمِيْدِ | الَّذِيْ | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سراہے گئے | وہ کہ | اسی کیلئے | ملک ہے | آسمانوں | اور | زمین کا | اور | اللہ | اوپر | ہر |

والے اللہ تعالیٰ پر۔ وہ جس کی آسمانوں اور زمین پر بادشاہت ہے۔ اور اللہ

شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ

| شَيْءٍ | شَهِيْدٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | فَتَنُوْا | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتِ | ثُمَّ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز کے | گواہ ہے | بیشک | وہ جنہوں نے | تکلیف دی | مومن مردوں کو | اور | مومن عورتوں کو | پھر | نہ |

ہر بات کو دیکھتا ہے۔ یقیناً جن لوگوں نے مومن مرد اور مومن عورتوں کو ستایا پھر اس سے

يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ﴿١٠﴾ اِنَّ

| يَتُوبُوا | فَلَهُمْ | عَذَابُ | جَهَنَّمَ | وَ | لَهُمْ | عَذَابُ | الْحَرِيقِ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توبہ کی | توان کیلئے | عذاب ہے | جہنم کا | اور | ان کے لیے | عذاب | جلنے کا | بیشک |

توبہ نہ کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے۔ اور ان کے لیے جلائے جانے کی سزا ہے۔ بے شک

الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

| الَّذِينَ | اٰمَنُوا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | جَنّٰتٌ | تَجْرِي | مِنْ تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لائے | اور | عمل کیے | اچھے | ان کیلئے | باغ ہیں | چلتی ہیں | ان کے نیچے |

جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ان کیلئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں

الْاَنْهٰرُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ﴿١١﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ﴿١٢﴾ اِنَّهٗ

| الْاَنْهٰرُ | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْكَبِيرُ | اِنَّ | بَطْشَ | رَبِّكَ | لَشَدِيدٌ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | یہ ہے | کامیابی | بڑی | بیشک | پکڑ | تمہارے رب کی | بڑی سخت ہے | بیشک |

جاری ہیں یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ بیشک آپ کے رب کی پکڑ ضرور بڑی سخت ہے۔ بے شک

هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ﴿١٤﴾ ذُو الْعَرْشِ

| هُوَ | يُبْدِئُ | وَيُعِيدُ | وَ | هُوَ | الْغَفُورُ | الْوَدُودُ | ذُو الْعَرْشِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی | پہلے کرے | اور پھر کرے | اور | وہی ہے | بخشنے والا | پیارا | عرش والا |

وہی آغاز کرتا ہے اور وہی لوٹاتا ہے۔ اور وہی بخشنے والا محبت کرنے والا ہے۔ صاحب عرش

الْمَجِيدُ ﴿١٥﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ﴿١٦﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ﴿١٧﴾

| الْمَجِيدُ | فَعَّالٌ | لِّمَا | يُرِيدُ | هَلْ | اَتٰىكَ | حَدِيثُ | الْجُنُودِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بزرگ | کرنے والا | جو | چاہے | کیا | آئی تمہارے پاس | بات | لشکروں کی |

شان والا ہے۔ جو چاہے کر گزرنے والا ہے۔ کیا تمہارے پاس لشکروں کی خبر آئی؟

آیۃ حمصیۃ ۱۲

فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

| فِرْعَوْنَ | وَ | ثَمُوْدَ | بَلِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فِيْ | تَكْذِيْبٍ | وَ | اللّٰهُ | مِنْ وَّرَآئِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون | اور | ثمود کی | بلکہ | وہ جو | کافر ہیں | بیچ | جھٹلانے کے ہیں | اور | اللہ | ان کو پیچھے سے |

فرعون اور ثمود (کے لشکروں) کی۔ بلکہ کافر جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں۔ حالانکہ اللہ انہیں ان کے آگے سے اور پیچھے سے

مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ ع ۲۲

| مُّحِيْطٌ | بَلْ | هُوَ | قُرْاٰنٌ | مَّجِيْدٌ | فِيْ لَوْحٍ | مَّحْفُوْظٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گھیرنے والا ہے | بلکہ | وہ | قرآن ہے | بزرگ | لوح محفوظ میں | محفوظ کے |

گھیرنے والا ہے۔ بلکہ وہ ایک شان والا قرآن ہے۔ جو لوحِ محفوظ میں ہے۔

## اٰیاتها ۱۷ — ۸۶ سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ ۳۶ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿۳﴾

| وَالسَّمَآءِ | وَالطَّارِقِ | وَمَآ اَدْرٰىكَ | مَا | الطَّارِقُ | النَّجْمُ | الثَّاقِبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے آسمان کی | اور رات کو آنیوالے کی | اور کچھ تم نے جانا | کیا ہے | رات کو آنے والا | تارا ہے | خوب چمکتا ہوا |

آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے کی۔ اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنے والا کیا ہے۔ وہ چمکنے والا ستارہ ہے۔

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾

| اِنْ | كُلُّ | نَفْسٍ | لَّمَّا | عَلَيْهَا | حَافِظٌ | فَلْيَنْظُرِ | الْاِنْسَانُ | مِمَّ | خُلِقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کوئی | جان | مگر | اس پر ہے | نگہبان | تو چاہیے دیکھے | انسان | کس چیز سے | پیدا کیا گیا |

کوئی جان ایسی نہیں جس پر نگہبان مقرر نہ ہو۔ تو آدمی کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا۔

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ اِنَّهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خُلِقَ | مِنْ مَّآءٍ | دَافِقٍ | يَّخْرُجُ | مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ | وَ | التَّرَآئِبِ | اِنَّهٗ |
| پیدا کیا گیا | پانی | اچھلنے والے سے | نکلتا ہے | پیٹھ کے درمیان سے | اور | سینے سے | بیشک وہ |

وہ بنایا گیا ہے اچھلتے پانی سے۔ جو نکلتا ہے پیٹھ اور سینوں کی ہڈیوں کے درمیان سے۔ بے شک

عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | رَجْعِهٖ | لَقَادِرٌ | يَوْمَ | تُبْلَى | السَّرَآئِرُ | فَمَا | لَهٗ | مِنْ قُوَّةٍ |
| اوپر | اسکے لوٹانے کے | ضرور قادر ہے | جس دن | جانچ ہو | پوشیدہ باتوں کی | تو نہیں | اس کیلئے | کوئی قوت |

اللہ اس کے واپس کر دینے پر قادر ہے۔ جس دن ہر بندے کی باتیں پرکھی جائیں گی۔ تو اس کے پاس کوئی زور نہ ہوگا

وَّلَا نَاصِرٍ ﴿۱۰﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿۱۱﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿۱۲﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَا | نَاصِرٍ | وَالسَّمَآءِ | ذَاتِ الرَّجْعِ | وَ | الْاَرْضِ | ذَاتِ الصَّدْعِ |
| اور نہ | مددگار | قسم ہے آسمان کی | بارش والے | // | زمین کی | پھٹنے والی |

اور نہ کوئی مددگار۔ اور قسم ہے بارش والے آسمان کی۔ اور (سبزہ اگتے وقت) پھٹ جانے والی زمین کی۔

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿۱۳﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿۱۴﴾ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ | لَقَوْلٌ | فَصْلٌ | وَ | مَا | هُوَ | بِالْهَزْلِ | اِنَّهُمْ | يَكِيْدُوْنَ | كَيْدًا |
| بیشک وہ | بات ہے | فیصلہ کن | اور | نہیں | وہ | مذاق | بیشک وہ | داؤ چلتے ہیں | اپنا داؤ |

بے شک قرآن ضرور فیصلہ کی بات ہے۔ اور کوئی ہنسی کی بات نہیں۔ ہاں وہ تدبیریں کر رہے ہیں۔

وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ ع ۱

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَكِيْدُ | كَيْدًا | فَمَهِّلِ | الْكٰفِرِيْنَ | اَمْهِلْهُمْ | رُوَيْدًا |
| اور | میں خفیہ تدبیر فرماتا ہوں | اپنی خفیہ تدبیر | تو ڈھیل دو | کافروں کو | مہلت دینا | تھوڑا سا |

اور میں بھی خفیہ تدبیر کر رہا ہوں۔ تو (اے حبیب ﷺ!) آپ کافروں کو (ان کے حال پر) چھوڑ دیں انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیں۔

ایاتھا ۱۹ | ۸۷ سورۃ الاعلیٰ مکیۃ ۸ | رکوعھا ۱

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿١﴾ الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٢﴾ وَالَّذِیْ

| سَبِّحِ | اسْمَ | رَبِّكَ | الْاَعْلَى | الَّذِیْ | خَلَقَ | فَسَوّٰى | وَالَّذِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکی بولو | نام کے | اپنے رب کی | جو سب سے بلند ہے | جس نے | بنا کر | ٹھیک کیا | اور وہ جس نے |

اپنے رب کے نام کی تسبیح بیان کرو جو سب سے بلند ہے۔ جس نے (کائنات کی ہر چیز کو) پیدا کیا پھر اسے (جملہ تقاضوں کی تکمیل کے ساتھ) درست توازن دیا۔

قَدَّرَ فَهَدٰى ﴿٣﴾ وَالَّذِیْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿٤﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً

| قَدَّرَ | فَهَدٰى | وَ | الَّذِیْٓ | اَخْرَجَ | الْمَرْعٰى | فَجَعَلَهٗ | غُثَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اندازہ کیا | پھر راہ دکھائی | اور | وہ جس نے | نکالا | چارہ | پھر کیا اس کو | چورا |

اور جس نے (ہر ہر چیز کیلئے) قانون مقرر کیا پھر راستہ بتایا۔ جس نے زمین سے چارا نکالا۔ پھر اسے سیاہی

اَحْوٰى ﴿٥﴾ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿٦﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ

| اَحْوٰى | سَنُقْرِئُكَ | فَلَا | تَنْسٰٓى | اِلَّا | مَا شَآءَ | اللّٰهُ | اِنَّهٗ | يَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیاہ | جلدی پڑھائینگے ہم آپ کو | تو نہ | بھولیں گے آپ | مگر | جو چاہے | اللہ | بیشک وہ | جانتا ہے |

مائل خشک کر دیا۔ اب ہم آپ کو قرآن پڑھائیں گے تو آپ نہ بھولیں گے۔ مگر جو اللہ چاہے بیشک وہ جہر اور خفی

الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ﴿٧﴾ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿٨﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ

| الْجَهْرَ | وَ | مَا | يَخْفٰى | وَ | نُيَسِّرُكَ | لِلْيُسْرٰى | فَذَكِّرْ | اِنْ | نَّفَعَتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر کو | اور | جو | چھپا ہو | اور | آسان کریں گے ہم آپ کیلئے | آسانی کو | تو نصیحت کر | اگر | نفع دے |

سب باتوں کو جانتا ہے۔ اور ہم تمہارے لئے آسانی کا سامان کر دیں گے۔ پس آپ نصیحت فرماتے رہیے بشرطیکہ نصیحت (سننے

الذِّكْرٰى ⑨ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ⑩ وَ يَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ⑪

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الذِّكْرٰى | سَيَذَّكَّرُ | مَنْ | يَّخْشٰى | وَ | يَتَجَنَّبُهَا | الْاَشْقَى |
| نصیحت کرنا | جلدی نصیحت لے گا | جو | ڈرتا ہے | اور | الگ رہے گا اس سے | بڑا بدبخت |

والوں کو) فائدہ دے۔ نصیحت وہی لے گا جو ڈرتا ہے۔ اور بڑا بدبخت اس سے دور رہے گا۔

الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ⑫ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ⑬

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِىْ | يَصْلَى | النَّارَ | الْكُبْرٰى | ثُمَّ | لَا | يَمُوْتُ | فِيْهَا | وَ | لَا | يَحْيٰى |
| وہ جو | داخل ہوگا | آگ | بڑی میں | پھر | نہ | مرے گا | اس میں | اور | نہ | جیے گا |

جو سب سے بڑی آگ میں داخل ہو گا۔ پھر نہ اس میں مرے گا اور نہ جیئے گا۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ⑭ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ⑮ بَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ | اَفْلَحَ | مَنْ | تَزَكّٰى | وَ | ذَكَرَ | اسْمَ | رَبِّهٖ | فَصَلّٰى | بَلْ |
| بیشک | کامیاب ہوا | جو | پاک ہوا | اور | یاد کیا | نام | اپنے رب کا | پھر نماز پڑھی | بلکہ |

بے شک مراد کو پہنچا جو (نفس کی آفتوں اور گناہ کی آلودگیوں سے) پاک ہوگیا۔ اور اپنے رب کا نام یاد کیا پھر نماز پڑھی۔ مگر

تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ⑯ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ⑰ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُؤْثِرُوْنَ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةُ | خَيْرٌ | وَّ | اَبْقٰى | اِنَّ | هٰذَا |
| پسند کرتے ہو تم | زندگی کو | دنیا کی | اور | آخرت | بہتر ہے | اور | باقی رہنے والی | بیشک | یہ |

تم دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔ حالانکہ آخرت (ہی کی زندگی) بہتر اور (ہمیشہ) باقی رہنے والی ہے۔ بے شک یہ (قرآنی

لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ⑱ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى ⑲ ع ۱۹ ۱۲

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَفِى | الصُّحُفِ | الْاُوْلٰى | صُحُفِ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | مُوْسٰى |
| بیچ | صحیفوں | پہلے میں ہے | صحیفوں | ابراہیم | اور | موسیٰ میں |

تعلیم) یقیناً پہلے صحیفوں میں موجود ہے۔ ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں۔

اٰیاتھا ۲۶ ۸۸ سُوْرَۃُ الْغَاشِیَۃِ مَکِّیَّۃٌ ۶۸ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۱ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۲

| هَلْ | اَتٰىكَ | حَدِيْثُ | الْغَاشِيَةِ | وُجُوْهٌ | يَّوْمَئِذٍ | خَاشِعَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً | آئی تمہارے پاس | بات | چھا جانے والی کی | کئی منہ | اس دن | جھکے ہوں گے |

بے شک تمہارے پاس اس مصیبت کی خبر آئی جو چھا جائے گی۔ کتنے ہی چہرے اس دن ذلیل ہوں گے۔

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۳ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۴ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۵

| عَامِلَةٌ | نَّاصِبَةٌ | تَصْلٰى | نَارًا حَامِيَةً | تُسْقٰى | مِنْ عَيْنٍ | اٰنِيَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کام کرنیوالے | مشقت والے | داخل ہوں گے | بھڑکتی آگ میں | پلائے جائیں گے | چشمہ | گرم سے |

مشقت کرنے والے، تھکے ہوئے۔ وہ دہکتی آگ میں جا ملیں گے۔ کھولتے پانی کے چشمے سے پلائے جائیں گے۔

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۶ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۷

| لَيْسَ | لَهُمْ | طَعَامٌ | اِلَّا | مِنْ ضَرِيْعٍ | لَا | يُسْمِنُ | وَ | لَا | يُغْنِيْ | مِنْ جُوْعٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں ہے | ان کیلئے | کھانا | مگر | آگ کے کانٹے | نہ | موٹا کرے | اور | نہ | کام دے | بھوک سے |

ان کیلئے کوئی کھانا نہ ہوگا بجز خاردار خشک زہریلے درخت کے۔ کہ نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک میں کام دیگا۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۸ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۹ فِيْ جَنَّةٍ

| وُجُوْهٌ | يَّوْمَئِذٍ | نَّاعِمَةٌ | لِّسَعْيِهَا | رَاضِيَةٌ | فِيْ جَنَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| کئی منہ | اس دن | تروتازہ ہوں گے | اپنی کوشش پر | خوش ہوں گے | جنت میں |

کتنے ہی چہرے اس دن تروتازہ ہوں گے۔ اپنی محنت پر خوش و خرم ہوں گے۔ ایک عالی شان

وقف لازم

عَالِيَةٍ ۝١٠ لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ۝١١ فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝١٢ فِيهَا سُرُرٌ

| عَالِيَةٍ | لَا | تَسْمَعُ | فِيهَا | لَاغِيَةً | فِيهَا | عَيْنٌ | جَارِيَةٌ | فِيهَا | سُرُرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بلند کے | نہ | سنیں گے | اس میں | کوئی بیہودہ | اس میں | چشمے ہیں | جاری | اس میں | تخت ہیں |

باغ میں ہوں گے۔ جس میں کوئی شخص کوئی بیہودہ بات نہ سنے گا۔ اس میں بہتے چشمے ہوں گے۔ اس میں بلند

مَّرْفُوعَةٌ ۝١٣ وَّأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ ۝١٤ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ ۝١٥

| مَّرْفُوعَةٌ | وَّ | أَكْوَابٌ | مَّوْضُوعَةٌ | وَّ | نَمَارِقُ | مَصْفُوفَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بلند | اور | آبخورے ہیں | چنے ہوئے | اور | قالین | صف بستہ |

تخت ہوں گے۔ اور جام رکھے ہوئے ہوں گے۔ اور صفوں میں لگے ہوئے تکیے۔

وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ ۝١٦ أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝١٧ وَقفة وَإِلَى

| وَّ | زَرَابِيُّ | مَبْثُوثَةٌ | أَفَلَا | يَنظُرُونَ | إِلَى | الْإِبِلِ | كَيْفَ | خُلِقَتْ | وَ | إِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چاندنیاں | بچھی ہوئی | کیا نہیں | دیکھتے | طرف | اونٹ کی | کیسے | پیدا کیا گیا | اور | طرف |

اور بچھے ہوئے غالیچے۔ کیا اونٹ کو نہیں دیکھتے کہ وہ کیسے بنایا گیا۔ اور آسمان

السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ۝١٨ وقفة وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۝١٩ وقفة وَإِلَى

| السَّمَاءِ | كَيْفَ | رُفِعَتْ | وَإِلَى | الْجِبَالِ | كَيْفَ | نُصِبَتْ | وَ | إِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان کی | کیسے | بلند کیا گیا | اور طرف | پہاڑوں کی | کیسے | گاڑے گئے | اور | طرف |

کو کہ وہ کس طرح بلند کیا گیا۔ اور پہاڑ کیسے قائم کیے گئے۔ اور زمین

الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ۝٢٠ وقفة فَذَكِّرْ قف إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ۝٢١ لَّسْتَ

| الْأَرْضِ | كَيْفَ | سُطِحَتْ | فَذَكِّرْ | إِنَّمَا | أَنتَ | مُذَكِّرٌ | لَّسْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کی | کیسے | بچھائی گئی | تو آپ نصیحت کریں | صرف | آپ | نصیحت کرنیوالے ہیں | نہیں ہیں آپ |

کیسے بچھائی گئی۔ پس آپ نصیحت فرماتے رہیے آپ صرف نصیحت ہی کرنے والے ہیں۔ ان

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿۲۳﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | بِمُصَيْطِرٍ | اِلَّا | مَنْ | تَوَلّٰى | وَ | كَفَرَ | فَيُعَذِّبُهُ | اللّٰهُ | الْعَذَابَ |
| ان پر | نگران | مگر | جس نے | منہ پھیرا | اور | کفر کیا | تو عذاب کرے گا اسکو | اللہ | عذاب |

کوئی داروغہ نہیں۔ مگر جو (حق سے) منہ موڑے اور کفر کرے۔ تو اللہ اسے سب سے بڑا

الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾ ع

ع ۱۴ النصف

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَكْبَرَ | اِنَّ | اِلَيْنَآ | اِيَابَهُمْ | ثُمَّ | اِنَّ | عَلَيْنَا | حِسَابَهُمْ |
| بہت بڑا | بیشک | ہماری طرف ہے | ان کا لوٹنا | پھر | بیشک | ہم پر ہے | ان سے حساب لینا |

عذاب دے گا۔ بے شک ہماری ہی طرف ان کا پھرنا ہے۔ پھر بے شک ہماری ہی طرف ان کا حساب ہے۔

اٰیاتھا ۳۰ ﴿۸۹﴾ سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ ﴿۱۰﴾ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالْفَجْرِ ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿۲﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ﴿۴﴾ هَلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْفَجْرِ | وَلَيَالٍ | عَشْرٍ | وَّالشَّفْعِ | وَالْوَتْرِ | وَالَّيْلِ | اِذَا | يَسْرِ | هَلْ |
| قسم ہے فجر کی | اور راتوں کی | دس | اور جفت | اور طاق کی | اور رات کی | جب | چلے | کیوں |

اس صبح کی قسم۔ اور دس (عظمت والی) راتوں کی قسم۔ اور جفت اور طاق کی قسم۔ اور رات کی جب وہ گزرنی ہے۔ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ﴿۵﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿۶﴾ اِرَمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ ذٰلِكَ | قَسَمٌ | لِّذِيْ حِجْرٍ | اَلَمْ | تَرَ | كَيْفَ | فَعَلَ | رَبُّكَ | بِعَادٍ | اِرَمَ |
| اس میں | قسم ہوئی | عقلمندوں کیلئے | کیا نہ | دیکھا تم نے | کیسے | کیا | تمہارے رب نے | عاد سے | ارم |

اس میں بہت بڑی قسم ہے عقل مند کیلئے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا آپ کے رب نے (قوم) عاد کے ساتھ کیسا (معاملہ) کیا۔ (جو اہل) ارم تھے (اور) بڑے

ذَاتِ الْعِمَادِ ۝۷ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ۝۸ وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَاتِ الْعِمَادِ | الَّتِیْ | لَمْ | یُخْلَقْ | مِثْلُهَا | فِیْ | الْبِلَادِ | وَ | ثَمُوْدَ | الَّذِیْنَ | جَابُوا |
| بڑے لمبے قد و قامت والے | وہ کہ | نہ | بنائی گئی | ان کی مثال | بیچ | شہروں کے | اور | ثمود | وہ جنہوں نے | پھاڑا |

بڑے ستونوں والے تھے۔ کہ ان جیسا اور شہروں میں پیدا نہیں ہوا۔ اور ثمود کا جو وادی

الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝۹ وَفِرْعَوْنَ ذِی الْاَوْتَادِ ۝۱۰ الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ ۝۱۱

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّخْرَ | بِالْوَادِ | وَ | فِرْعَوْنَ | ذِی الْاَوْتَادِ | الَّذِیْنَ | طَغَوْا | فِی الْبِلَادِ |
| پتھروں کو | وادی میں | اور | فرعون | چومیخا کرنیوالا | وہ جنہوں نے | سرکشی کی | شہروں میں |

میں چٹانیں تراشتے تھے۔ اور میخوں والے فرعون کا (جو میخوں سے سزا دیا کرتا تھا)۔ وہ لوگ جنہوں نے بڑی سرکشی کی شہروں میں۔

فَاَكْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ ۝۱۲ فَصَبَّ عَلَیْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝۱۳ اِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَكْثَرُوْا | فِیْهَا | الْفَسَادَ | فَصَبَّ | عَلَیْهِمْ | رَبُّكَ | سَوْطَ | عَذَابٍ | اِنَّ |
| تو زیادہ کیا انہوں نے | اس میں | فساد | تو گرایا | ان پر | تمہارے رب نے | کوڑا | عذاب کا | بیشک |

پھر ان (شہروں) میں بہت زیادہ خرابی پھیلائی۔ تو ان پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا برسایا۔ بے شک

رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝۱۴ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | لَبِالْمِرْصَادِ | فَاَمَّا | الْاِنْسَانُ | اِذَا | مَا ابْتَلٰىهُ | رَبُّهٗ | فَاَكْرَمَهٗ |
| تمہارے رب کی | نظر سے کچھ غائب نہیں | پھر | انسان | جب | کہ آزماتا ہے اس کو | اس کا رب | تو عزت دیتا ہے |

تمہارے رب کی نظر سے کچھ غائب نہیں۔ مگر انسان ایسا ہے کہ جب اس کا رب اسے آزماتا ہے اور اسے عزت اور نعمتیں دیتا ہے تو

وَنَعَّمَهٗ ۙ فَیَقُوْلُ رَبِّیْۤ اَكْرَمَنِ ۝۱۵ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَیْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَعَّمَهٗ | فَیَقُوْلُ | رَبِّیْۤ | اَكْرَمَنِ | وَ | اَمَّاۤ | اِذَا | مَا ابْتَلٰىهُ | فَقَدَرَ | عَلَیْهِ |
| اور | نعمت دیتا ہے اسکو | تو کہتا ہے | میرے رب نے | میری عزت کی | اور | پھر | جب | کہ اس کو آزماتا ہے | تو تنگ کرتا ہے | اس پر |

کہتا ہے، میرے رب نے مجھے عزت بخشی ہے۔ اور جب اسے آزماتا ہے اور اس پر اس کے رزق کو اندازے میں کر دیتا ہے تو کہتا

رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾ ج كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِزْقَهٗ | فَيَقُوْلُ | رَبِّيْٓ | اَهَانَنِ | كَلَّا | بَلْ | لَا | تُكْرِمُوْنَ | الْيَتِيْمَ |
| اس کا رزق | تو کہتا ہے | میرے رب نے | مجھے خوار کیا | ہرگز نہیں | بلکہ | نہیں | عزت کرتے تم | یتیم کی |

ہے میرے رب نے مجھے بے عزت کر دیا ہے۔ یہ بات نہیں بلکہ تم یتیم کا اکرام نہیں کرتے۔

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾ ۙ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَحٰٓضُّوْنَ | عَلٰى | طَعَامِ | الْمِسْكِيْنِ | وَ | تَاْكُلُوْنَ | التُّرَاثَ | اَكْلًا | لَّمًّا |
| اور | نہیں | رغبت دلاتے | اوپر | کھانے | مسکین کے | اور | کھاتے ہو تم | وراثت کو | کھانا | سارا |

اور تم ایک دوسرے کو مسکین کے کھلانے پر آمادہ نہیں کرتے۔ اور میراث کا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو۔

وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ ط كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ ۙ وَّجَآءَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تُحِبُّوْنَ | الْمَالَ | حُبًّا | جَمًّا | كَلَّا | اِذَا | دُكَّتِ | الْاَرْضُ | دَكًّا | دَكًّا | وَ | جَآءَ |
| اور | پسند کرتے ہو | مال کو | پسند کرنا | بہت زیادہ | ہرگز نہیں | جب | ریزہ ریزہ ہو جائے گی | زمین | بری | اچھی طرح | اور | آئے گا |

اور مال کی شدید محبت رکھتے ہو۔ جب زمین ریزہ ریزہ کر دی جائے گی۔ اور تمہارے

رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾ ج وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ۬ يَوْمَئِذٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكَ | وَ | الْمَلَكُ | صَفًّا | صَفًّا | وَجِايْٓءَ | يَوْمَئِذٍ | بِجَهَنَّمَ | يَوْمَئِذٍ |
| تمہارے رب کا حکم | اور | فرشتے | صف | در صف | اور لایا جائے گا | اس دن | دوزخ کو | اس دن |

رب جلوہ فرما ہوگا اور فرشتے قطار در قطار (اس کے حضور) حاضر ہوں گے۔ اور اس دن دوزخ (سامنے) لائی جائے گی اس دن

يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ ط يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَذَكَّرُ | الْاِنْسَانُ | وَاَنّٰى | لَهُ | الذِّكْرٰى | يَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِيْ | قَدَّمْتُ |
| سوچے گا | آدمی | اور کہاں ہوگا | اسے | سوچنے کا وقت | کہے گا | ہائے افسوس | میں آگے بھیجتا |

آدمی سوچے گا اور اس وقت اس کیلئے سوچنے کا موقع کہاں؟ کہے گا کاش میں نے (آخرت کیلئے) اپنی (دنیاوی) حیات میں کوئی

لِحَيَاتِيْ ج ﴿٢٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ لا ﴿٢٥﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِحَيَاتِيْ | فَيَوْمَئِذٍ | لَّا | يُعَذِّبُ | عَذَابَهٗٓ | اَحَدٌ | وَ | لَا | يُوْثِقُ | وَثَاقَهٗٓ |
| اپنی زندگی کیلئے | تو اس دن | نہ | عذاب کرے گا | اس جیسا عذاب | کوئی بھی | اور | نہ | قید کرے گا | اسکی قید جیسی |

نیکی آگے بھیجی ہوتی۔ تو اس دن اس کا سا عذاب کوئی نہیں کرسکتا۔ اور نہ اس کے جکڑنے کی طرح

اَحَدٌ ط ﴿٢٦﴾ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ صلے ﴿٢٧﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدٌ | يٰٓاَيَّتُهَا | النَّفْسُ | الْمُطْمَئِنَّةُ | ارْجِعِيْٓ | اِلٰى | رَبِّكِ | رَاضِيَةً |
| کوئی | اے | جان | اطمینان والی! | واپس ہو | طرف | اپنے رب کی | راضی ہوکر |

کوئی جکڑ سکے گا۔اے اطمینان پاجانے والے نفس! اپنے رب کی طرف خوش ہوتی اور خوش

مَّرْضِيَّةً ج ﴿٢٨﴾ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ لا ﴿٢٩﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿٣٠﴾ ع ۱۴

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَّرْضِيَّةً | فَادْخُلِيْ | فِيْ عِبٰدِيْ | وَادْخُلِيْ | جَنَّتِيْ |
| راضی کی ہوئی | سو داخل ہو | میرے بندوں میں | اور داخل ہو | میری جنت میں |

کرائی لوٹ چل۔ پھر میرے (خاص) بندوں میں شامل ہوجا۔ اور میری جنت میں داخل ہوجا۔

## ایاتہا ۲۰ — ۹۰ سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ ۳۵ — رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ لا ﴿١﴾ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ لا ﴿٢﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ لا ﴿٣﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَآ اُقْسِمُ | بِهٰذَا | الْبَلَدِ | وَ | اَنْتَ | حِلٌّ | بِهٰذَا | الْبَلَدِ | وَوَالِدٍ | وَّمَا | وَلَدَ |
| میں قسم کھاتا ہوں | اس | شہر کی | اور | آپ | تشریف فرمائیں | اس | شہر میں | اور قسم ہے باپ کی | اور جس کو | جنا |

مجھے اس شہر مکہ کی قسم۔کہ اے محبوب ﷺ! آپ اس شہر میں تشریف فرما ہیں۔(اے حبیب مکرم ﷺ! آپ کے) والد (آدم یا ابراہیم علیہ السلام) کی قسم اور (ان کی)

وقف لازم

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ﴿۴﴾ اَیَحْسَبُ اَنْ لَّنْ یَّقْدِرَ عَلَیْهِ اَحَدٌ ﴿۵﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدْ | خَلَقْنَا | الْاِنْسَانَ | فِیْ كَبَدٍ | اَیَحْسَبُ | اَنْ | لَّنْ | یَّقْدِرَ | عَلَیْهِ | اَحَدٌ |
| بیشک | پیدا کیا ہم نے | انسان کو | مشقت میں | کیا خیال کرتا ہے | یہ کہ | ہرگز نہ | قادر ہوگا | اس پر | کوئی بھی |

قسم جن کی ولادت ہوئی۔ ہم نے انسان کو مشقتوں میں رہنے کیلئے بنایا ہے۔ کیا وہ گمان کرتا ہے کہ ہرگز اس پر کوئی قابو نہ پا سکے گا۔

یَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿۶﴾ اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ﴿۷﴾ اَلَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَقُوْلُ | اَهْلَكْتُ | مَالًا | لُّبَدًا | اَیَحْسَبُ | اَنْ | لَّمْ | یَرَهٗۤ | اَحَدٌ | اَلَمْ |
| کہتا ہے | ہلاک کیا میں نے | مال | ڈھیروں | کیا سمجھتا ہے | یہ کہ | نہیں | دیکھا اس کو | کسی نے | کیا نہ |

وہ (تکبر سے) کہتا ہے میں نے اپنا کثیر مال خرچ کر دیا۔ کیا آدمی یہ سمجھتا ہے کہ اسے کسی نے نہیں دیکھا۔ کیا ہم نے

نَجْعَلْ لَّهٗ عَیْنَیْنِ ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّ شَفَتَیْنِ ﴿۹﴾ وَهَدَیْنٰهُ النَّجْدَیْنِ ﴿۱۰﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَجْعَلْ | لَّهٗ | عَیْنَیْنِ | وَلِسَانًا | وَّ | شَفَتَیْنِ | وَ | هَدَیْنٰهُ | النَّجْدَیْنِ |
| بنائیں ہم نے | اس کی | دو آنکھیں | اور زبان | اور | دو ہونٹ | اور | راہ دکھائی اسکو ہم نے | دو ابھری چیزوں کی |

اس کی دو آنکھیں نہیں بنائیں۔ اور زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے۔ اور ہم نے اسے (خیر و شر کے) دو نمایاں راستے (بھی) دکھا دیئے۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا | اقْتَحَمَ | الْعَقَبَةَ | وَ | مَاۤ | اَدْرٰىكَ | مَا | الْعَقَبَةُ | فَكُّ | رَقَبَةٍ | اَوْ |
| تو نہ | گھسا | گھاٹی میں | اور | کیا | تم کیا جانیں | کیا ہے | گھاٹی | آزاد کرنا ہے | گردن کا | یا |

وہ تو دشوار گزار گھاٹی میں داخل ہی نہیں ہوا۔ اور تم کیا سمجھے ہیں کہ گھاٹی کیا ہے۔ کسی بندے کی گردن کا آزاد کرانا ہے۔ یا

اِطْعٰمٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ یَّتِیْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ اَوْ مِسْكِیْنًا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِطْعٰمٌ | فِیْ یَوْمٍ | ذِیْ مَسْغَبَةٍ | یَّتِیْمًا | ذَا مَقْرَبَةٍ | اَوْ | مِسْكِیْنًا |
| کھانا کھلانا | دن میں | بھوک والے کے | یتیم کو | رشتہ دار | یا | مسکین کو |

بھوک کے دن کھانا کھلانا ہے۔ کسی قریبی یتیم کو۔ یا شدید غربت کے مارے ہوئے محتاج کو جو

ذَا مَتۡرَبَةٍ ﴿١٦﴾ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ

| بِالصَّبۡرِ | وَتَوَاصَوۡا | اٰمَنُوۡا | مِنَ الَّذِيۡنَ | كَانَ | ثُمَّ | ذَا مَتۡرَبَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صبر کی | اور وصیتیں کی آپس میں | ایمان لائے | ان سے جو | ہو | پھر | خاک نشین کو |

محض خاک نشین (اور بے گھر) ہے۔ پھر ان لوگوں میں (بھی) شامل ہو جو ایمان لائے اور انہوں نے ایک دوسرے کو صبر کی

وَتَوَاصَوۡا بِالۡمَرۡحَمَةِ ﴿١٧﴾ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡمَيۡمَنَةِ ﴿١٨﴾ وَالَّذِيۡنَ

| الَّذِيۡنَ | وَ | اَصۡحٰبُ الۡمَيۡمَنَةِ | اُولٰٓئِكَ | بِالۡمَرۡحَمَةِ | تَوَاصَوۡا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جنہوں نے | اور | دائیں جانب والے | یہ لوگ ہیں | مہربانی کی | وصیتیں کی آپس میں | اور |

نصیحتیں کیں اور ایک دوسرے کو رحم کی نصیحتیں کیں۔ وہ لوگ دائیں طرف والے (بابرکت) ہیں۔ اور جنہوں نے

كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِنَا هُمۡ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡئَمَةِ ﴿١٩﴾ عَلَيۡهِمۡ نَارٌ مُّؤۡصَدَةٌ ﴿٢٠﴾ ع ۱۵

| مُّؤۡصَدَةٌ | نَارٌ | عَلَيۡهِمۡ | اَصۡحٰبُ الۡمَشۡئَمَةِ | هُمۡ | بِاٰيٰتِنَا | كَفَرُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بند کی گئی | آگ ہے | ان پر | بائیں جانب والے | یہی ہیں | ہماری آیتوں کا | کفر کیا |

ہماری آیتوں سے کفر کیا وہ بائیں طرف والے ہیں۔ ان پر آگ ہے کہ اس میں ڈال کر اوپر سے بند کر دی گئی۔

اٰیاتها ۱۵ — ۹۱ سُوۡرَةُ الشَّمۡسِ مَكِّيَّةٌ ۲۶ — رکوعها ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالشَّمۡسِ وَضُحٰهَا ﴿١﴾ وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ﴿٢﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا

| اِذَا | النَّهَارِ | وَ | تَلٰهَا | اِذَا | الۡقَمَرِ | وَ | ضُحٰهَا | وَ | وَالشَّمۡسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | دن کی | اور | اس کے پیچھے آئے | جب | چاند کی | اور | اس کی روشنی کی | اور | قسم ہے سورج کی |

سورج اور اس کی روشنی کی قسم۔ اور چاند کی قسم جب اس کے پیچھے آئے۔ اور دن کی قسم

جَلّٰىهَا ۳ وَ الَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۴ وَ السَّمَآءِ وَ مَا بَنٰىهَا ۵

| جَلّٰىهَا | وَ | الَّيْلِ | اِذَا | يَغْشٰىهَا | وَ السَّمَآءِ | وَ | مَا | بَنٰىهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسے چمکائے | اور | رات کی | جب | اس کو ڈھانپے | اور آسمان کی | اور | جس نے | اس کو بنایا |

جب وہ اسے چمکاتا ہے۔ اور رات کی قسم جب وہ اسے ڈھانپ لیتی ہے۔ اور آسمان کی قسم اور اس کی جس نے اسے بنایا۔

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۶ وَ نَفْسٍ وَّ مَا سَوّٰىهَا ۷ فَاَلْهَمَهَا

| وَالْاَرْضِ | وَ | مَا | طَحٰىهَا | وَ | نَفْسٍ | وَّ | مَا | سَوّٰىهَا | فَاَلْهَمَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور زمین کی | اور | جس نے | اس کو بچھایا | اور | جان کی | اور | جس نے | اسے برابر کیا | پھر الہام کیا اسکو |

اور زمین کی قسم اور اس (قوت) کی جس نے اسے پھیلایا۔ اور جان کی قسم اور اس (قوت) کی جس نے اسے ٹھیک بنایا۔ پھر اس

فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۸ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ

| فُجُوْرَهَا | وَ | تَقْوٰىهَا | قَدْ | اَفْلَحَ | مَنْ | زَكّٰىهَا | وَ | قَدْ خَابَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ اس کا | اور | نیکی اس کی | بیشک | کامیاب ہوا | جس نے | اس کو پاک رکھا | اور | بیشک نامراد ہوا | جس نے |

نے اسے اس کی بدکاری اور پرہیزگاری (کی تمیز) سمجھا دی۔ بے شک وہ کامیاب ہوا جس نے اس (نفس) کو پاک کر لیا۔ اور وہ نامراد ہوا جس نے اسے

دَسّٰىهَا ۱۰ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۱۲

| دَسّٰىهَا | كَذَّبَتْ | ثَمُوْدُ | بِطَغْوٰىهَآ | اِذِ | انْۢبَعَثَ | اَشْقٰىهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسے گندا کردیا | جھٹلایا | ثمود نے | اپنی سرکشی سے | جبکہ | اٹھا | بڑا بدبخت اس کا |

خاک میں ملایا۔ ثمود نے اپنی سرکشی سے (اپنے رسول صالح علیہ السلام کو) جھٹلایا۔ جب اس (قوم) کا سب سے زیادہ بدبخت (تیزی سے) اُٹھا۔

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۱۳ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا

| فَقَالَ | لَهُمْ | رَسُوْلُ | اللّٰهِ | نَاقَةَ | اللّٰهِ | وَ | سُقْيٰهَا | فَكَذَّبُوْهُ | فَعَقَرُوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کہا | ان کو | رسول | خدا نے | بچو ناقہ | الٰہی سے | اور | اسکے پینے سے | تو جھٹلایا انہوں نے اسکو | تو کونچیں کاٹیں اسکی |

تو ان سے اللہ کے رسول نے فرمایا اللہ کے ناقہ اور اس کو پانی پلانے (کے دن) کی حفاظت کرنا۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا پھر ناقہ کی

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَدَمْدَمَ | عَلَيْهِمْ | رَبُّهُمْ | بِذَنْۢبِهِمْ | فَسَوّٰىهَا | وَ | لَا | يَخَافُ | عُقْبٰهَا |
| پھر تباہی مچادی | ان پر | انکے رب نے | انکے گناہ کے سبب | پھر برابر کیا اسکو | اور | نہ | ڈرا | انجام سے |

کوچیں کاٹ دیں تو ان پر ان کے رب نے ان کے گناہ کے سبب تباہی ڈال کر وہ تی برابر کر دی۔ اور وہ اپنے کسی کام کے انجام سے نہیں ڈرتا۔

## ایاتها ۲۱ — ۹۲ سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ ۹ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالَّيْلِ | اِذَا | يَغْشٰى | وَالنَّهَارِ | اِذَا | تَجَلّٰى | وَ | مَا | خَلَقَ | الذَّكَرَ |
| قسم ہے رات کی | جب | چھائے | اور دن کی | جب | چمکے | اور | اسکی جس نے | بنائے | نر |

اور رات کی قسم جب وہ چھائے۔ اور دن کی قسم جب وہ چمک اٹھے۔ اور اس ذات کی (قسم) جس نے (ہر چیز میں) نر اور مادہ کو

وَالْاُنْثٰٓى ﴿۳﴾ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ﴿۵﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاُنْثٰى | اِنَّ | سَعْيَكُمْ | لَشَتّٰى | فَاَمَّا | مَنْ | اَعْطٰى | وَاتَّقٰى |
| اور مادہ | بیشک | تمہاری کوشش | مختلف ہے | تو پھر | جس نے | دیا | اور پرہیزگاری کی |

پیدا فرمایا۔ تمہاری کوششیں یقیناً الگ الگ ہیں۔ تو جس نے (راہِ حق میں) دیا اور پرہیزگاری اختیار کی۔

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿۶﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | صَدَّقَ | بِالْحُسْنٰى | فَسَنُيَسِّرُهٗ | لِلْيُسْرٰى | وَ | اَمَّا | مَنْ | بَخِلَ |
| اور | سچ مانا | اچھی بات کو | تو ہم آسان کریں گے اسکیلئے | آسانی کو | اور | وہ | جس نے | بخل کیا |

اور اچھی بات کو سچ مانا۔ تو بہت ہی جلد ہم اسے آسانی مہیا کر دیں گے۔ اور جس نے بخل کیا

وَاسْتَغْنٰى ﴿٨﴾ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ﴿٩﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ﴿١٠﴾

| وَاسْتَغْنٰى | وَ | كَذَّبَ | بِالْحُسْنٰى | فَسَنُيَسِّرُهٗ | لِلْعُسْرٰى |
|---|---|---|---|---|---|
| اور بے پرواہ بنا | اور | جھٹلایا | اچھی بات کو | تو ہم آسان کریں گے اس کیلئے | تنگی کو |

اور بے پروا رہا۔ اور بھلائی کو جھٹلایا۔ اس کیلئے تنگی کو آسان کر دیں گے۔

وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ﴿١١﴾ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ﴿١٢﴾ وَاِنَّ لَنَا

| وَ | مَا | يُغْنِيْ | عَنْهُ | مَالُهٗ | اِذَا | تَرَدّٰى | اِنَّ | عَلَيْنَا | لَلْهُدٰى | وَ | اِنَّ | لَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | کام آئے گا | اس کو | اس کا مال | جب | گرے گا | بیشک | ہمارے ذمہ ہے | ہدایت دینا | اور | بیشک | ہمارے لیے |

اور اس کا مال اسے کچھ نفع نہ دے گا جب وہ ہلاکت کے گڑھے میں گرے گا۔ بے شک راہ دکھانا ضرور ہمارے ذمہ کرم پر ہے۔ اور

لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ﴿١٣﴾ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ﴿١٤﴾ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا

| لَلْاٰخِرَةَ | وَالْاُوْلٰى | فَاَنْذَرْتُكُمْ | نَارًا | تَلَظّٰى | لَا | يَصْلٰىهَآ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت | اور دنیا | تو ڈرایا میں نے تم کو | آگ | بھڑکتی ہے | نہ | داخل ہوگا اس میں | مگر |

بیشک آخرت اور دنیا دونوں کے ہم ہی مالک ہیں۔ تو میں تمہیں ڈراتا ہوں اس آگ سے جو بھڑک رہی ہے۔ اس میں صرف وہ بڑا

الْاَشْقَى ﴿١٥﴾ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿١٦﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿١٧﴾

| الْاَشْقَى | الَّذِيْ | كَذَّبَ | وَ | تَوَلّٰى | وَسَيُجَنَّبُهَا | الْاَتْقَى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا بدبخت | وہ جس نے | جھٹلایا | اور | منہ پھیرا | اور اسے الگ رکھا جائے گا | بڑا پرہیزگار |

بدبخت جا لے گا۔ جس نے جھٹلایا اور منہ موڑ لیا۔ اور اس سے (بہت) دور رکھا جائے گا سب سے بڑا پرہیزگار۔

الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ

| الَّذِيْ | يُؤْتِيْ | مَالَهٗ | يَتَزَكّٰى | وَمَا | لِاَحَدٍ | عِنْدَهٗ | مِنْ نِّعْمَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | دیتا ہے | اپنا مال | پاک ہونے کو | اور نہیں ہے | کسی کے لیے | پاس اس کے | کوئی احسان |

جو اپنا مال (اللہ کی راہ میں) دیتا ہے کہ (اعلیٰ درجہ کی) پاکیزگی حاصل کرے۔ اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں

تُجْزٰٓی ﴿١٩﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ﴿٢٠﴾ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ﴿٢١﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُجْزٰٓی | اِلَّا | ابْتِغَآءَ | وَجْهِ | رَبِّهِ | الْاَعْلٰی | وَ | لَسَوْفَ | یَرْضٰی |
| کہ بدلہ دیا جائے | مگر | چاہتا ہے | رضامندی | اپنے رب کی | بلند | اور | بیشک قریب ہے کہ | راضی ہوگا |

جس کا بدلا دیا جائے۔صرف اپنے رب کی رضا چاہنے کیلئے جو سب سے بلند ہے۔اور وہ جلدی ہی خوش ہو جائے گا۔

ایاتھا ١١ — ٩٣ سُوْرَةُ الضُّحٰی مَکِّیَّةٌ ١١ — رکوعھا ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالضُّحٰی ﴿١﴾ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ﴿٢﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ﴿٣﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالضُّحٰی | وَ | الَّیْلِ | اِذَا | سَجٰی | مَا | وَدَّعَكَ | رَبُّكَ | وَ | مَا | قَلٰی |
| قسم ہے چاشت کی | اور | رات کی | جب | پردہ ڈالے | نہ | چھوڑا آپ کو | آپ کے رب نے | اور | نہ | ناراض ہوا |

مجھے چاشت (کیطرح آپکے روشن چہرے) کی قسم۔اور رات کی (طرح تمہاری عنبریں زلفوں کی قسم) جب وہ (اندھیرے سے ہر چیز کو) ڈھانپ دے۔

وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ﴿٤﴾ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَلْاٰخِرَةُ | خَیْرٌ | لَّكَ | مِنَ الْاُوْلٰی | وَ | لَسَوْفَ | یُعْطِیْكَ | رَبُّكَ |
| اور | یقیناً آخرت | بہتر ہے | آپ کیلئے | پہلی سے | اور | بیشک قریب ہے کہ | دے گا آپ کو | آپ کا رب |

اے حبیب ﷺ آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ ہی بیزار ہوا۔اور یقیناً آپ کیلئے ہر آنے والی گھڑی ہر پہلی گھڑی سے ہر طرح بہتر ہے۔اور بے

فَتَرْضٰی ﴿٥﴾ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ﴿٦﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَرْضٰی | اَلَمْ | یَجِدْكَ | یَتِیْمًا | فَاٰوٰی | وَوَجَدَكَ | ضَآلًّا |
| آپ راضی ہو جائینگے | کیا نہ | پایا آپ کو | یتیم | تو جگہ دی | اور پایا آپ کو | محبت میں خود رفتہ |

شک عنقریب آپ کا رب آپ کو ضرور اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔کیا اس نے آپ کو یتیم نہ پایا پھر (ہر موقع عزت کی) جگہ دی۔ اور تمہیں اپنی

فَهَدٰى ﴿۷﴾ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿۸﴾ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾

| فَهَدٰى | وَ | وَجَدَكَ | عَآئِلًا | فَاَغْنٰى | فَاَمَّا | الْيَتِيْمَ | فَلَا | تَقْهَرْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو ہدایت دی | اور | پایا آپ کو | مفلس | تو غنی کر دیا | پھر | یتیم پر | نہ | دباؤ ڈال |

محبت میں خودرفتہ پایا تو (اپنے قرب کا) راستہ دکھایا۔ اور اس نے آپ کو (اپنے دیدار کا) حاجت مند پایا تو اس نے (اپنی لذت دید سے نواز کر) ہمیشہ کیلئے ہر

ع ۱۱/۱۹ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾ ع

| وَ | اَمَّا | السَّآئِلَ | فَلَا | تَنْهَرْ | وَ | اَمَّا | بِنِعْمَةِ | رَبِّكَ | فَحَدِّثْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پھر | منگتے کو | نہ | جھڑک | اور | پھر | نعمت کا | اپنے رب کی | چرچا کر |

طلب سے (بے نیاز کر دیا)۔ تو آپ کسی یتیم پر سختی نہ فرمائیں۔ اور مانگنے والے کو مایوس نہ ہونے دیجئے۔ اور اپنے رب کے (ہر) احسان وکرم کا خوب چرچا کیجئے۔

## ایاتھا ۸ ﴿۹۴﴾ سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ ۱۲ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

| اَلَمْ | نَشْرَحْ | لَكَ | صَدْرَكَ | وَ | وَضَعْنَا | عَنْكَ | وِزْرَكَ | الَّذِيْٓ | اَنْقَضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہ | کھولا ہم نے | تمہارے لیے | سینہ آپ کا | اور | اتارا ہم نے | آپ سے | بوجھ آپ کا | جس نے | توڑ دی تھی |

کیا ہم نے آپ کا سینہ (علم ومعرفت سے پر کرنے کیلئے) کشادہ نہ کیا۔ اور ہم نے آپ سے آپ کا بوجھ اتار لیا۔ جس نے آپ کی

ظَهْرَكَ ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ

| ظَهْرَكَ | وَ | رَفَعْنَا | لَكَ | ذِكْرَكَ | فَاِنَّ | مَعَ | الْعُسْرِ | يُسْرًا | اِنَّ | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیٹھ آپ کی | اور | بلند کیا ہم نے | آپ کیلئے | ذکر آپ کا | تو بیشک | ساتھ | تنگی کے | آسانی ہے | بیشک | ساتھ |

کمر توڑ رکھی تھی۔ اور ہم نے آپ کیلئے آپ کا ذکر (کائنات میں) بلند کیا (جہاں میرا ذکر ہوگا وہاں آپ کا ذکر ہوگا)۔ تو بیشک ہر دشواری کے ساتھ (عظیم)

الۡعُسۡرِ يُسۡرًا ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ﴿۷﴾ وَ اِلٰى رَبِّكَ فَارۡغَبۡ ﴿۸﴾ ع ۸/۱۹

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَارۡغَبۡ | رَبِّكَ | اِلٰى | وَ | فَانۡصَبۡ | فَرَغۡتَ | فَاِذَا | يُسۡرًا | الۡعُسۡرِ |
| رغبت کریں | اپنے رب کی | طرف | اور | تو محنت کریں | آپ فارغ ہوں | تو جب | آسانی ہے | تنگی کے |

آسانی ہے۔ یقیناً ہر دشواری کے ساتھ (بہت بڑی) آسانی ہے۔ تو جب نماز سے فارغ ہو تو دُعا میں محنت کرو۔ اور اپنے رب ہی کی طرف رغبت کرو۔

اٰیاتها ۸ ﴿۹۵﴾ سُوۡرَةُ التِّيۡنِ مَكِّيَّةٌ ﴿۲۸﴾ رکوعها ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالتِّيۡنِ وَ الزَّيۡتُوۡنِ ﴿۱﴾ وَ طُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ ﴿۲﴾ وَ هٰذَا الۡبَلَدِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡبَلَدِ | هٰذَا | وَ | طُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ | وَ | الزَّيۡتُوۡنِ | وَ | وَالتِّيۡنِ |
| شہر کی | اس | اور | طور سینا | اور | زیتون کی | اور | انجیر کی قسم |

انجیر کی قسم اور زیتون کی قسم۔ اور طورِ سینا کی قسم۔ اور اس اَمن والے

الۡاَمِيۡنِ ﴿۳﴾ لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِىۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ ﴿۴﴾

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِىۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ | الۡاِنۡسَانَ | خَلَقۡنَا | لَقَدۡ | الۡاَمِيۡنِ |
| اچھی صورت میں | انسان کو | پیدا کیا ہم نے | بیشک | امان والے کی |

